۱۱۱

ایڈیٹر
حبیب الرحمٰن چغتائی

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ

خدابخش لائبریری

جرنل پٹنہ

ایڈیٹر

حبیب الرحمٰن چغانی

خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

فہرست

حرف آغاز: سید شاہ عطاء الرحمن عطا کاکوی — حبیب الرحمن چغانی

خدابخش خطبات

عنوان	مصنف	صفحہ
• "علم واسم" کے رابطہ کی ضرورت وافادیت اور میری چند محسن کتابیں۔	مولانا ابوالحسن علی ندوی	۱
• شخصیات و واقعات جنھوں نے مجھے متاثر کیا۔	سید حامد	۱۷

اسلامی خطاطی

عنوان	مصنف	صفحہ
• خدابخش لائبریری میں خطاطی کے چند اہم اور خوبصورت نمونے	ڈاکٹر محمد عتیق الرحمن	۲۹

اقبالیات

عنوان	مصنف	صفحہ
• ملتان میں اقبال شناسی کی روایت	اسد فیض	۸۳
• پاکستان میں اقبال شناسی	ڈاکٹر محمد صدیق خاں شبلی	۹۱
• اقبال وآزاد کے مابین تفاوت رہ	پروفیسر سید حسن احمد	۱۰۱

جہان مصحفی

عنوان	مصنف	صفحہ
• مصحفی کا سال ولادت	ڈاکٹر حنیف نقوی	۱۲۹
• مصحفی کا سال ولادت	ڈاکٹر نورالحسن نقوی	۱۴۹
• مصحفی میری نظر میں	ڈاکٹر محمد حسن	۱۵۳
• مصحفی کا آٹھواں دیوان اور اس سے متعلق دو تحریریں ایک مختصر جائزہ تین	ڈاکٹر نسیم احمد	۱۶۱

تذکرہ مشاہیر بہار

• میرے دوست سہیل عظیم آبادی جو مجھ سے پہلے بلا لیے گئے	پروفیسر سید حسن عسکری	۱۹۷
• شاد عظیم آبادی چند مطالعہ ــــ ایک جائزہ	نقی احمد ارشاد	۲۰۵

اشاریہ

• "تحقیقات اسلامی" سہ ماہی کے سولہ سال	محمد رضی الاسلام ندوی	۲۲۹

مراسلات

• خدا بخش لائبریری جرنل ۱۰۹ کے بارے میں	ڈاکٹر آفتاب احمد خاں	۲۸۷
• خدا بخش لائبریری جرنل ۱۰۸ کے بارے میں	اقبال احمد خوشتر	۲۹۰

انگریزی حصہ

• سیرت فیروز شاہی ــــ ایک تعارف	پروفیسر سید حسن عسکری	۱
• سرکار شاہ آباد کے مالیاتی نظم ونسق کی ہیئت و ساخت ۱۷۶۵-۱۷۷۲ کے دوران: مخطوطہ "احوال نور الحسن خاں بلگرامی" پر مبنی ایک مطالعہ	ڈاکٹر ظہیر الدین ملک	۲۳

ہندومت

• اردو اور انگریزی میں گیتا کی تاریخ	ابو سعادت جلیلی	۴۷

تاریخ ــــ ایشیا

• ایشیا اور ایشیائی تاریخ کی روح	فالکس والی	۶۹

••

حرفِ آغاز

سید شاہ عطاءالرحمٰن عطا کاکوی

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ۔ اس جہانِ رنگ و بو کی ہر شے فانی ہے۔ یہاں جو بھی آتا ہے اسے جانا ہی پڑتا ہے۔ زندگی کا انجام موت ہے۔ كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ۔ یہی نظامِ قدرت ہے تو پھر یہ آہ و بکا اور نوحہ و شیون کیوں؟ یہ ایک فطری ردِّعمل ہے۔ اس دائمی مفارقت سے متعلقین کا متاثر ہونا لازمی ہے۔ مرنے والا غم دے جاتا ہے۔ غم پر تو بہرحال قابو پا لیا جاتا ہے۔ لیکن بعض ہستیوں کے رخصت ہونے سے ایک ایسا خلا پیدا ہو جاتا ہے جس کا پُر ہونا ممکن نہیں ہوتا۔ عطا کاکوی کا شمار بھی انھیں شخصیات میں ہوتا ہے۔ ان کے انتقال سے علمی و ادبی دنیا کو ایک ناقابلِ تلافی نقصان پہنچا ہے۔

ادھر کافی عرصے سے انھیں گردے کی شکایت تھی اور وہ صاحبِ فراش ہو کر رہ گئے تھے۔ مگر ان کے ہوش و حواس بجا تھے۔ حافظہ بھی ایک مخلص رفیق کی طرح ان کا ساتھ دے رہا تھا۔ ۱۸ر مارچ ۱۹۹۸ء مطابق ۱۸ر ذیقعدہ ۱۴۱۸ھ کو دوپہر کے وقت اپنے مکان 'عطا منزل'، سلطان گنج میں انھوں نے اس دارِ فانی سے کوچ کیا۔ اسی دن بعد نمازِ مغرب شاہ گنج قبرستان میں انھیں سپردِ خاک کر دیا گیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْن۔ اللہ انھیں غریقِ رحمت فرمائے۔

سید شاہ عطاءالرحمٰن عطا کاکوی نے ۹۴ سال کی عمر پائی۔ وہ اردو اور فارسی کے معتبر ترین نقاد، محقق، دانشور، شاعر اور مترجم تھے۔ شاعری تو ان کا اوڑھنا بچھونا تھی۔ ان کے والد سید شاہ غفورالرحمٰن حمد کاکوی ایک صاحبِ دیوان شاعر تھے۔ ان کے چچا سید عبدالرحمٰن عرف عبدو، عبد کاکوی بھی ایک اچھے شاعر تھے۔ ان کے دونوں بڑے بھائی سید شاہ ولی الرحمٰن ولی کاکوی اور سید شاہ منظورالرحمٰن اختر کاکوی بھی شاعر تھے۔ اور یہ سلسلہ یہاں ختم نہیں ہوا۔ ان کی اولاد بھی خود کو اس سے دور نہ رکھ سکی۔ ارشد کاکوی ایک اچھے شاعر کی حیثیت سے ابھرے۔ گویا پورا گھرانہ ہی شاعر تھا۔ یہ کہنا بجا ہوگا کہ شاعری ان کا خاندانی ورثہ اور وصف تھی۔ گھر میں ایک طرح سے مشاعرہ برپا رہتا تھا۔

انھوں نے لکھا بہت لکھا اور خوب لکھا۔ مختلف اصنافِ ادب میں اپنے آثار چھوڑے۔ تصانیف کی ایک طویل فہرست ان سے منسوب ہے۔ ستر سے اوپر ان کی تصانیف ہیں۔ ان کے کئی شعری مجموعے ساقی نامہ، نذرِ غالب، کاروانِ خیال، کمالِ غزل، جمالِ غزل اور گلہائے رنگ رنگ شائع ہو چکے ہیں۔ جب وہ بزمِ ادب، پٹنہ کے سکریٹری تھے تو اس کے سالانہ مشاعرے کے لیے پہلی بار ایک مکمل غزل کہی اور شادؔ عظیم آبادی سے اس پر اصلاح لی جو کلیاتِ شادؔ کی پہلی جلد میں شائع ہوئی ہے۔ یہ ۱۹۲۵ء کا واقعہ ہے۔ عطاؔ کاکوی کی یہ پہلی اور آخری غزل ہے جس پر شادؔ نے اصلاح کی ہے۔ شادؔ عظیم آبادی کا انتقال ۱۹۲۷ء میں ہو گیا تھا اور اصلاح کا یہ سلسلہ بھی ختم ہو گیا۔ اس طرح وہ شادؔ عظیم آبادی کے تلامذہ میں شامل ہو گئے۔

ان کے تحقیقی اور تنقیدی مجموعے ان کی ژرف نگاہی کا ثبوت دیتے ہیں۔ ادبی حلقوں میں ان کی خاطر خواہ پذیرائی ہوئی ہے۔ یہاں ان کے تحقیقی اور تنقیدی کارناموں کا جائزہ لینا ممکن نہیں۔ ان کی تصانیف کی مکمل فہرست بھی دینا ممکن ہے نہ مناسب۔ تاہم چند کا نام بتا دینا ہی کافی ہے۔ تنقیدی مطالعے، تحقیقی مطالعے، تقابلی مطالعے، مطالعۂ حسرتؔ، مطالعۂ شادؔ اور حیرت زار وغیرہ۔ مؤخر الذکر مرزا عبدالقادر بیدلؔ کی سوانح ہے۔ بیدلؔ کے فارسی کلام کا انھوں نے سلیس اردو میں ترجمہ کیا ہے جو حال ہی میں خدا بخش لائبریری جرنل کے شمارہ نمبر ۱۰ میں 'نکاتِ بیدلؔ' کے عنوان سے شایع ہو چکا ہے' جسے اہلِ علم نے کافی پسند کیا ہے۔ یہ کتابی شکل میں بھی خدا بخش لائبریری نے شایع کیا ہے اس میں بطور مقدمہ ان کا بیدلؔ پر ایک مطبوعہ مضمون بھی شامل ہے۔ خوشی کی بات ہے ان کی زندگی میں ہی یہ منظرِ عام پر آ چکا تھا۔

اردو اور فارسی زبانوں پر انھیں خاصا عبور تھا۔ یہی سبب ہے کہ جو بھی ترجمہ انھوں نے کیا وہ مقبولِ عام ہوا۔ غالبؔ کے فارسی کلام کا منظوم ترجمہ 'دو آتشہ' کے تحت "سفینہ" کے کئی شماروں میں شایع ہوتا رہا تھا اسے پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ زبان پر انھیں کس بلا کی قدرت تھی۔ غالبؔ کے فارسی اشعار کو جس حسن و خوبی سے اردو کے قالب میں ڈھالا ہے وہ واقعی داد کے مستحق ہیں۔

ترتیب و تدوین کا کام بھی انھوں نے بڑے اعلیٰ پلیے کا کیا ہے۔ شعرا کے بہت سے تذکروں کو انھوں نے مرتب کیا۔ بعض کا ترجمہ و تلخیص بھی کی۔ شاعروں کو سمجھنے میں یہ بنیادی مواد فراہم کرتے ہیں۔ ان میں سے چند یہ ہیں۔ سفینۂ خوش گو، سفینۂ ہندی، تذکرۂ طبقات الشعرا، تذکرۂ سخن شعرا، اور تذکرۂ گلشن

ہند وغیرہ۔ کہاں تک ان کے نام گنائے جائیں۔ انھوں نے جو کچھ لکھا وہ ان کے عمیق مطالعہ اور وسیع تجربے کا مظہر ہے۔ آوارہ گرد اشعار پر بھی ان کی بڑی گہری نظر تھی۔ اس سلسلے میں ان کے اکثر مضامین "نگار" میں شایع ہوتے رہے تھے۔

عطا کاکوی نے صحافت کے میدان میں بھی قدم رکھا اور ۱۹۸۲ء سے ایک دو ماہی رسالہ "سفینہ" نکالنا شروع کیا۔ جس کے ہر سال کا پہلا شمارہ خصوصی نمبر ہوا کرتا تھا۔ اس کے سات آٹھ خصوصی شمارے نکلے اور پھر یہ سفینہ کنارے سے جا لگا۔ عطا صاحب لکھتے ہیں: "ہر سفینے کی تمنا ہوتی ہے کہ وہ ساحل سے ہمکنار ہو جائے۔ اس ادبی سفینے کی آرزو جداگانہ ہے۔ خدا کرے یہ سفینہ ہمیشہ رواں رہے، موجوں سے کھیلے۔ گرداب سے نبرد آزما رہے، ساحل سے دور رہے کہ ساحل سے دور رہتے ہی اس کی سلامتی ہے۔

رہرو کے لیے چلتے رہنا ہی اس کی بقا کا ضامن ہے
منزل پہ پہنچنا مرگِ سفر ہے مرگ کا سودا کون کرے"

وہ ساحل سے تو ہمکنار نہیں ہوا ہاں مگر ڈوب گیا۔

زندگی بھر وہ پرورشِ لوح و قلم کرتے رہے۔ اپنے علمی اور تحقیقی کاموں میں اس حد تک ڈوب گئے تھے کہ انھیں کسی کا ہوش نہیں رہا تھا۔ وہ اپنی اولاد کی طرف سے بھی غفلت برتتے تھے جس التفات و محبت کی وہ سزاوار تھی اس سے محروم رہی۔ تصنیف و تالیف اور نشر و اشاعت میں ان کا انہماک اس حد تک بڑھ گیا تھا کہ دوسروں کی طرف توجہ دینے کا موقع ہی نہیں ملتا تھا۔ یہ بات بہت اہم ہے کہ ان کی ساری تصانیف اپنے ہی زرِ خاص سے اشاعت پذیر ہوئیں۔ یہی سبب ہے کہ ان کی کتابت، طباعت اور کاغذ بہتر نہیں ہے۔ انھوں نے کسی سے اعانت کی درخواست کی نہ خود کسی نے آگے بڑھ کر ان کی دستگیری کی۔

سید شاہ غفور الرحمٰن نے اپنے بچوں کی تعلیم کی طرف خصوصی توجہ دی۔ وہ کاکو کے پہلے زمیندار تھے جنھوں نے زمینیں فروخت کر کے ان کی تعلیم کو جاری رکھا۔ اکثر دوست احباب ان سے کہا کرتے کہ اراضیاں فروخت کر دو گے تو ان کو کیا ملے گا۔ ان کا جواب ہوتا کہ اگر یہ جاہل رہے تو یہ زمینیں ان کی کفالت نہ کر سکیں گی اور اگر تعلیم حاصل کر لی تو ان جیسی کئی جائیدادیں خرید لیں گے۔ لوگوں نے دیکھا کہ اپنے قول میں کس حد تک وہ صحیح ثابت ہوئے اور بعض نے اس پر عمل بھی کیا۔ ان کی دور اندیشی نے اولاد کا مستقبل سنوار دیا۔

سید شاہ غفور الرحمٰن خود کوئی خاص تعلیم حاصل نہ کرسکے۔ جو کچھ پڑھا وہ گھر ہی پر پڑھا۔ باقاعدہ حصول علم کا موقع نہیں ملا۔ قرآن شریف حفظ کرنا شروع کیا وہ بھی پورا نہ کرسکے۔ ہوسکتا ہے کہ اسی وجہ سے انھوں نے اپنی اولاد کی تعلیم و تربیت کا خاص خیال رکھا ہو۔ اپنی زمینداری کی بھی پٹانہ کی اور اسے فروخت کرڈالا۔ جس کا انجام خوش آیند ہوا۔ بڑے بیٹے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ بنے منجھلے ٹیچر اور سب سے چھوٹے یعنی عطا الرحمٰن پروفیسر ہوئے۔

ان کی پہلی بیوی سے پانچ اولادیں ہوئیں اور سب فوت ہوگئیں۔ بیوی بھی داغِ مفارقت دے گئیں۔ دوسری شادی کی اور پانچ بچے ہوئے۔ دو بیٹیاں انتقال کرگئیں اور یہ تین لڑکے زندہ رہے جنھوں نے اپنے والدین کا نام روشن کیا۔

عطا کاکوی ۷ار ستمبر ۱۹۰۴ر مطابق ۱ار رجب ۱۳۲۲ھ میں کاکو میں پیدا ہوئے۔ جب وہ ۴ر سال کے تھے تو ان کی بسم اللہ خوانی حضرت اکبر داناپوری سجادہ نشین خانقاہ سجادیہ ابوالعلائیہ کے مبارک ہاتھوں سے ہوئی۔ حسبِ روایت اردو فارسی کی ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی۔ پٹنہ سیٹی اسکول میں چھٹی جماعت میں داخلہ لیا۔ دو سال وہاں تعلیم حاصل کرنے بعد نیو کالج پٹنہ میں منتقل ہوگئے۔ ابھی ہائی اسکول میں تھے کہ ۱۹۲۰ر میں ترکِ موالات تحریک سے متاثر ہوئے اور تعلیم کا سلسلہ منقطع ہوگیا۔ بعد میں گیا اسکول میں داخلہ ہوا۔ ۱۹۲۴ر میں میٹرک پاس کیا اور پورے ضلع میں اوّل آئے۔ ۱۹۲۶ر میں نیو کالج پٹنہ سے۔ آئی۔ اے۔ کیا۔ پٹنہ کالج میں ۱۹۲۸ر میں بی۔ اے۔ کیا۔ ۱۹۳۰ر میں فارسی میں اور ۱۹۳۱ر میں اردو میں ایم۔ اے۔ پٹنہ یونی ورسٹی سے کیا اور اسی سال بی۔ اِل۔ کا امتحان بھی پاس کیا۔ کچھ عرصہ وکالت کی لیکن طبیعت ادھر مائل نہ ہوئی اور چھوڑ دی۔

۱۹۳۲ر میں خانقاہ ہائی انگلش اسکول، اسلام پور میں ہیڈ ماسٹر مقرر ہوئے۔ تقریباً پانچ سال وہاں رہنے کے بعد نیو کالج میں اردو اور فارسی کے لیکچرر کی حیثیت سے تقرر ہوا۔ ایک سال بعد مظفر پور گورنمنٹ کالج میں اردو اور فارسی کے لیکچرر ہوئے اور بیس سال تک اس ادارے کی خدمت انجام دیتے رہے۔ تصنیف و تالیف کا ابتدا ہی سے شوق تھا۔ مظفر پور میں اس کے مواقع کم تھے۔ پٹنہ آنا چاہتے تھے۔ لیکن بعض لوگ اس میں رکاوٹ بن گئے۔ کیونکہ عطا صاحب کی وجہ سے ان کی شہرت کا چراغ مدھم پڑسکتا تھا۔ بیس سال کی طویل مدت انھیں وہاں گزارنا پڑی۔ پھر انھیں پٹنہ آنے کا موقع مل ہی گیا۔

۱۹۰۷ء میں ادارۂ تحقیقات عربی و فارسی، پٹنہ میں بحیثیت پروفیسر مقرر ہوئے۔ ۱۹۵۸ء میں پٹنہ کالج کے شعبۂ فارسی کے صدر کے عہدے پر فائز ہوئے اور ۱۹۶۲ء تک وہاں کام کیا۔ ۱۹۶۳ء میں اس عہدے سے سبکدوش ہوگئے۔ ۱۹۶۴ء سے ۱۹۶۹ء تک ادارۂ تحقیقات عربی و فارسی کے ڈائرکٹر رہے اور اسی حیثیت سے خدا بخش لائبریری کے سکریٹری مقرر ہوئے۔

تقریباً چار سال ۱۹۶۵ء سے ۱۹۶۸ء تک خدا بخش لائبریری کی بحیثیت سکریٹری خدمت انجام دیتے رہے۔ اس دوران انھوں نے لائبریری کو بہت قریب سے دیکھا اور وہ اس کی ترویج و ترقی کے لیے حتی المقدور کوشش کرتے رہے۔ ۱۹۸۰ء کے عشرے میں لائبریری کے فارسی مخطوطات (حصۂ نظم) کی توضیحی فہرست سازی کی ذمہ داری قبول کی۔ وہ لائبریری کی Book Purchase Committee کے بھی رکن رہے۔ یہ سلسلہ جاری رہا تا آنکہ وہ بالکل صاحب فراش نہ ہوگئے۔ جب تک قویٰ نے ساتھ دیا وہ لائبریری آتے رہے۔ ان کے مشوروں سے اردو و فارسی کی مطبوعات اور مخطوطات میں اضافہ ہوتا رہا۔

ملازمت سے فارغ ہو کر یو۔جی۔سی۔ اسکالر کی حیثیت سے وہ ۱۹۶۹ء، ۱۹۷۵ء تک یونی ورسٹی میں علمی کاموں میں مصروف رہے۔ جبکہ ۱۹۷۶ء سے ۱۹۷۹ء تک ترقی اردو بورڈ (دہلی) کے جامع انگلش اردو ڈکشنری پروجیکٹ میں پروفیسر کلیم الدین کی معاونت کی جس کی اب تک تین جلدیں چھپ گئی ہیں۔ جب بہار اردو اکادمی نے انگریزی، اردو، ہندی لغت پروجیکٹ شروع کیا تو ۱۹۷۹ء، ۱۹۸۱ء تک پھر پروفیسر کلیم الدین احمد کے شریک کار رہے۔

آئی۔اے۔ پاس کرتے ہی ۱۹۲۶ء میں ان کی شادی کاکو کے ایک زمیندار گھرانے میں ہوگئی۔ ماشاءاللہ دس اولادیں ہوئیں، آٹھ لڑکے اور دو لڑکیاں۔ ان کے منجھلے بیٹے طرشید الرحمٰن ارشد کاکوی ۱۹۲۸ء میں پیدا ہوئے۔ پٹنہ سے بی۔اے۔ آنرس کرنے کے بعد ۱۹۴۹ء میں مغربی پاکستان ہجرت کر گئے۔ وہیں مزید تعلیم حاصل کی اور ملازمت شروع کر دی۔ خاصے ذہین و طباع تھے۔ عمر نے وفا نہ کی ورنہ پاکستانی افق پر وہ ایک بہت اہم شاعر کی حیثیت سے ابھرتے۔ ۱۹۶۳ء میں ان کا انتقال ہوا اور میت ڈھاکہ سے پٹنہ لائی گئی۔ جوان موت کا زخم اتنا کاری تھا کہ اس نے عطا کاکوی کو وقت سے پہلے بوڑھا کر دیا۔ اس جانکاہ صدمے سے ان کی آنکھیں یک بارگی چھلک پڑیں۔ انھوں نے 'غم فرزند' کے عنوان سے ایک مرثیہ سپرد قلم کیا جو 'سفینہ' میں شائع ہوا۔

یہ واقعہ ہے کہ ارشد کی موت سے اے دوست
کھلا دریچۂ غم، در ہوا خوشی کا بند

اس صدمے کو بھلانے کے لیے انھوں نے خود کو علمی سرگرمیوں میں غرق کر دیا۔ ان کا ایک اور بیٹا ذکی الرحمن ساتویں یا آٹھویں جماعت میں تھا ایسا غائب ہوا کہ پھر کبھی مل نہ سکا۔ ان کی آٹھ اولادیں ماشاءاللہ بقید حیات ہیں جن میں سے تین لڑکے پٹنہ میں ہیں۔

وہ ایک صوفی صافی قسم کے انسان تھے۔ نقیرانہ زندگی گزارنے کے عادی تھے۔ مزاج میں بلا کی سادگی اور عاجزی تھی۔ بے تکلف، بذلہ سنج اور حاضر جواب تھے۔ اشعار برمحل استعمال کرتے تھے چھوٹوں سے بہت التفات و محبت سے پیش آتے۔ دوسروں کو اس کا احساس نہیں ہونے دیتے کہ وہ کسی بزرگ اور دانشور سے ہمکلام ہیں۔ طبیعت میں ظرافت تھی۔ شاید اسی ظرافت کے پردے میں اپنا غم چھپا لیتے تھے۔

یہ میری کم نصیبی ہے کہ ان کی صحبت سے زیادہ فیضیاب نہیں ہوسکا۔ کئی بار انھوں نے مجھے گھر پر بلایا کہ تفصیلی گفتگو کریں لیکن میری معروفیت نے ایک مہربان شخص کی معیت سے محروم رکھا۔ جب بھی ان سے ملاقات ہوتی ان کا نقش گہرا ہوجاتا۔ وہ بڑے دلچسپ انسان تھے۔ ان کی باتوں میں بڑا لطف آتا تھا۔ ظرافت اور شعروں کا استعمال گفتگو کو مزید پُرلطف بنا دیتا تھا۔ ان کا حافظہ غضب کا تھا۔ زندگی کے آخری ایام میں بھی اگر کوئی مصرع ان کے سامنے پڑھا جاتا تو فوراً شعر مکمل کر دیتے۔ اپنا کام خود کرنا پسند کرتے اور اولاد سے بھی خدمت لینے سے گریز کرتے۔

ان کے علمی مشاغل نے کافی حد تک انھیں اولاد سے بے نیاز کر دیا تھا۔ ممکن ہے کثیرالاولاد ہونا بھی اس کا ایک سبب ہو۔ مادی خوشحالی پر کبھی توجہ نہیں دی۔ بچوں کی تعلیم و تربیت میں بھی ماں کا ہاتھ زیادہ تھا۔ ایک خاص اور معتبر روایت کے مطابق عطا کاکوی کی بیوی نے اپنے زیورات فروخت کر کے زمین خریدی تھی اور بعد میں اس پر انھیں کی کوشش سے عطا منزل تعمیر ہوئی۔ ایک طویل مدت تک انھوں نے شوہر کا ساتھ دیا۔ دو سال پہلے ۸۵ سال کی عمر میں انتقال کیا۔

بہار اردو اکادمی سے ان کا تعلق کئی سال رہا اسے چاہیے کہ ان کی کتابوں کے بہتر ایڈیشن شائع کرے۔ خدا بخش لائبریری اپنے اس فریضے سے غافل نہیں کہ اپنے محسنین کے شایان شان خراج عقیدت پیش کرے۔ ہمارا ارادہ ہے کہ دو تین سال کا ایک پروجیکٹ شروع کیا جائے تاکہ ان کی حیات و آثار پر تحقیقی کام ہوسکے۔ یہی ان کے لیے ہمارا نذرانۂ عقیدت ہوگا۔

❁

"علم و اسم" کے رابطہ کی ضرورت و افادیت

اور

میری چند محسن کتابیں

مولانا ابوالحسن علی ندوی معروف بہ مولانا علی میاں ہماری درخواست پر خدا بخش لائبریری میں ۹ اکتوبر ۱۹۹۷ء کو تشریف لائے اور نادر و نایاب مخطوطات ملاحظہ کیے۔ بعد میں "علم و اسم کے رابطہ کی ضرورت و افادیت" پر خدا بخش سالانہ خطبہ پیش کیا۔ اس کتابخانے میں ان کا یہ پہلا خطبہ ہے۔ کثیر تعداد میں سامعین نے اس کی پذیرائی کی۔ عنقریب یہ کتابی شکل میں بھی آرہا ہے۔ (ادارہ)

مولانا ابوالحسن علی ندوی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ، اَمَّا بَعْد:
فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ، اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ الخ

حضرات! یہ محض حسن اتفاق نہیں بلکہ توارد ہے اور ایک طرح سے اتفاقی چیز ہے کہ میں انھیں آیتوں سے اپنی تقریر شروع کرنے والا تھا، ہمارے محترم فاضل چغانی صاحب نے ان آیتوں کو پڑھا لیکن آپ سب حضرات جانتے ہیں کہ قرآن مجید سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب ہے اور اس میں مکرر کا معاملہ نہیں ہے کہ ابھی آپ نے جو پڑھا ہے، پھر پڑھ رہے ہیں یا دوسرا پڑھ رہا ہے، اس لیے اگر میں ان آیتوں کو دوبارہ پڑھتا ہوں اور ان پر روشنی ڈالتا ہوں تو یہ نہ کوئی بدعت ہے نہ کوئی معصیت ہے اور نہ کوئی جدت ہے اور نہ کوئی معذرت کے قابل چیز ہے۔

بہت سوچنے کی بات یہ ہے کہ وہ نبی جو قلم چلانے سے اور لکھنے پڑھنے سے بالکل معذور تھا، اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمتِ بالغہ سے (جس کا اندازہ پورے طور پر آج بھی نہیں کیا جاسکا) اس کو "امی" بنایا، یہ بات خود ایک کتب خانہ کی طالب ہے، یہ چیز کہ اللہ نے اپنے نبی کو امی کیوں بنایا اس پر بڑے بڑے فلاسفۂ تاریخ اور بڑے بڑے مفکرین مذاہب اور ناقدین روشنی ڈال سکتے ہیں، اگر ایک بڑے پڑھے لکھے فاضل کو اللہ تعالیٰ تمام دنیا کے لیے اپنا ترجمان بناتا اور ایمان لانے والا بناتا تو معلوم نہیں اس کے متعلق کیا کیا قیاسات ہوتے اور کہاں سے اس کا سرا ملایا جاتا کہ اس نے

فلاں کتاب پڑھی ہوگی تو یہ کہنے لگا، اس نے فلاں درس گاہ، فلاں دانش گاہ و دانش کدہ میں فلاں مکتب خیال (School of thought) میں یہ تعلیم پائی تو اس کا یہ اثر ہے، غرض کہ اس میں بہت بڑا راز ہے اور خدا کی بہت بڑی حکمت ہے کہ اس نے آخری دور کے لیے، قیامت تک کے زمانہ کے لیے جو علم اور تعلیم کا زمانہ ہوگا اور صرف تعلیم و تصنیف کا ہی نہیں بلکہ قیاسات کا اور ذہانتوں کا، بدگمانیوں کا اور شبہ انگیزیوں کا زمانہ ہوگا، اس میں اللہ تعالیٰ نے ایک ایسے نبی کا انتخاب کیا جو پڑھا ہوا نہیں تھا۔

میں آپ کے سامنے ایک طالب علم خاص طور سے بلاد عربیہ اور عالم عربی کے تاریخ کے طالب علم کی حیثیت سے یہ کہتا ہوں کہ یہ ایک بہت بڑا معمہ تھا اگر اس زمانہ کے فاضلوں کو دانشوروں کو جو اس زمانہ کا (Intellectual class) تھا اس کو جمع کیا جاتا اور کہا جاتا کہ آسمان کا زمین سے اور خالق کائنات کا تعلق کائنات سے وحی کے ذریعے سے پیغام کے ذریعہ سے پہلی مرتبہ صدیوں کے بعد قائم ہونے والا ہے تو بتلائیے کہ اس کی ابتدا کس چیز سے ہوگی؟ میں آپ کو تعین دلاتا ہوں کہ ایک بھی یہ نہیں کہہ سکتا تھا کہ اس کی ابتداء "اقراء" کے لفظ سے ہوگی، اس لیے کہ وہ جانتا تھا کہ جس پر یہ وحی نازل ہونے والی ہے اور اس کو نبوت ملنے والی ہے وہ پڑھا ہوا نہیں ہے Illiterate ہے، اُمّی ہے، اور جس ملک میں وحی نازل ہونے والی ہے، اس کے ذریعہ سے خدا کو دنیا کو ایک عالمگیر پیغام دینا ہے، زندگی کا پیغام دینا ہے، سعادت کا پیغام دینا ہے، اتحاد کا پیغام دینا ہے، مقصدیت کا پیغام دینا ہے، معرفتِ الٰہی کا اور مرتبۂ انسانی کا پیغام دینا ہے وہ ملک سَراسَر اَن پڑھ ہے، اُمّی ہے Illiterate ہے، تاریخ عرب اور تاریخ ادب کے ایک خصوصی طالب علم کی حیثیت سے کہتا ہوں کہ اگر مکۂ معظمہ میں تلاش کیا جاتا کہ قلم کہاں مل سکتا ہے تو شاید دو چار گھروں کے علاوہ کہیں قلم مل ہی نہیں سکتا تھا، وہاں صرف ورقہ بن نوفل ایک لکھنے والے تھے، کسی لال بجھکڑ یا کسی بڑے نکتہ داں سے پوچھا جاتا کہ یہ بتلائیے کہ دنیا میں جو فساد برپا ہے، جو جہالت پھیلی ہوئی ہے، بُت پرستی کا رواج ہے، انسان خدائی کے دعویدار بنے ہوئے ہیں، انسان کے غلط تصرفات کا زمانہ ہے اور ناخداشناسی کا دور ہے، اس زمانہ میں پہلا لفظ کیا ہوگا؟ پہلی وحی کیا ہوگی؟ بڑے سے بڑا دانشمند اور عقلمند یہ نہیں کہہ سکتا تھا کہ اس کی ابتداء "اقراء"

کے لفظ سے ہوگی، اس لیے خود عرب اپنے کو کہتے تھے "نَحنُ اُمَّةٌ اُمِّیُّوْنَ" ہم اَن پڑھ لوگ ہیں اور قرآن مجید نے خود ذکر کیا ہے یہود کی زبان سے کہ وہ کہتے تھے "لَیسَ عَلَینَا فِی الاُمِّیِّینَ سَبِیلٌ" ہم جو بھی کریں اس قوم کے ساتھ جو معاملہ کریں ہم سے کوئی مؤاخذہ نہ ہوگا، کوئی دارو گیر نہیں ہوگی، اس لیے کہ وہ جانوروں کی طرح ہیں وہ امیوں کو جانوروں کے ہم مرتبہ سمجھتے تھے، عربوں کے ساتھ اگر ہم زیادتی کرتے ہیں، کسی چیز پر قبضہ کر لیتے ہیں، زمین پر قبضہ کر لیتے ہیں، ملکیت پر قبضہ کر لیتے ہیں تو کوئی ہم سے دارو گیر نہیں ہوگی، یہ کوئی اخلاقی جرم نہیں ہے، کیونکہ یہ جاہل اَن پڑھ جانور لوگ ہیں، کوئی جانور کو اپنے گھر میں پالتا ہے، کوئی دوسرا کام لیتا ہے، کوئی سزا دیتا ہے، یہ کوئی جُرم نہیں، تو حیرت انگیز بات ہے کہ اس وقت اس وحی کا آغاز اِقرا سے ہوتا ہے، لیکن یہ ایک حقیقت ہے جس پر لوگوں نے بہت کم غور کیا ہے کہ ان آیات میں "علم" کو "اسم" سے ملایا گیا ہے، "اِقرَأ بِاسمِ رَبِّکَ" پڑھو لیکن یہ پڑھنا کافی نہیں، مفید نہیں ہے، وہ پڑھنا جو خالص پڑھنا ہو، جس سے معلومات میں محض اضافہ ہو، اور جس سے آدمی میں فخر کا شعور پیدا ہو کہ ہم بڑے پڑھے لکھے ہیں، بڑے Educated ہیں، بڑے انٹلکچول ہیں، دانشور ہیں، یہ کافی نہیں، اس عمیق نکتہ پر لوگوں نے غور نہیں کیا، یہ ایک انقلاب انگیز پیغام تھا اور انقلاب انگیز دعوت تھی اور ایک انقلاب انگیز انکشاف تھا "اِقرَأ بِاسمِ رَبِّکَ" پڑھو لیکن "علم" "اسم الٰہی" سے الگ نہ ہو، جب "علم" "اسم اللہ" سے الگ ہوگا تو پھر وہ جہالت بن جائے گا اور جہالت ہی نہیں بنے گا بلکہ جہالت خیز، جہالت ریز اور جہالت کا سرپرست، جہالت کی تائید کرنے والا اور جہالت کے لیے دلائل لانے والا اور جہالت کے لیے دنیا کے دانشوروں کو کنونس (Convi nce) کرنے والا بن جائے گا، اگر دیکھا جائے تو دنیا کا سب سے بڑا انقلاب وہ ہوا جو "علم" کے "اسم" سے جدا ہونے سے ہوا، تو اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں فرمایا "اِقرَأ" پڑھیے لیکن "بِاسمِ رَبِّکَ الَّذِی خَلَقَ" اس رب کے نام کے ساتھ اور ایمان کے ساتھ پڑھیے جس نے پیدا کیا، تو یہ ایک انقلاب انگیز اعلان تھا، ایک فکر انگیز اور شعور خیز اعلان تھا، لوگوں نے بہت کم اس پر غور کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اپنے نبی امی سے کہ آپ پڑھیے، لیکن اپنے اس رب کے نام سے پڑھیے جس نے پیدا کیا، سب سے پہلے اس کے جاننے کی ضرورت ہے کہ ہمیں پیدا کس نے کیا؟ کس لیے پیدا کیا؟ اور وہ پیدا کرنے والا ہم سے کیا چاہتا ہے، ہمیں کس طرح کی زندگی گزارنی چاہیے؟ یہ

ایک انقلاب انگیز انکشاف، ایک انقلاب انگیز دعوت تھی کہ اللہ تعالیٰ نے اس عہد کے لیے جو بعثتِ محمدی سے شروع ہونے والا ہے اور قیامت تک رہے گا، اس عہد کے لیے جو پچھلے عہدوں کی غلطیوں کو ختم کرنے والا، پچھلے عہدوں کے انحرافات کو اور ان کے غلو کو اور ان کے علم کے باوجود بے علمی کو اور دانائی کے باوجود نادانیوں کو اور ذہانت کے باوجود بلادت کا اور غباوت کو دور کرنے والا تھا اور اس دنیا میں جو فساد پیدا ہوا تھا علم کے اسم سے جدا ہو جانے کی وجہ سے اس کو مٹانے والا تھا اس کی ابتداء ان لفظوں سے کی اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ پڑھیے اپنے اس رب کے نام سے جس نے پیدا کیا۔

پھر اس میں ایک بات جس پر کم لوگوں نے غور کیا ہے کہ جس وقت یہ آیت نازل ہوئی اس آیت نے گویا اعلان کیا کہ نبی تو نبی اُمّی ہے لیکن اس نبی کی جو امّت پیدا ہوگی وہ حاملِ علم باسم ہوگی، وہ حاملِ انصاف ہوگی، حاملِ عدالت ہوگی حاملِ توازن ہوگی اور حامل ہمدردی و رحمت ہوگی، بتایا کہ وہ نبی امّی ہے لیکن اس نبیِ اُمّی کی دعوت سے جو امّت پیدا ہوگی وہ علم کی علَم بردار ہوگی، علم کی ناشر ہوگی، علم کی خادم ہوگی، علم میں اضافہ کرنے والی ہوگی، نئے نئے علمی میدان پیدا کرنے والی ہوگی، نئی نئی علمی پہیلیوں کو بجھانے والی اور سلجھانے والی ہوگی، اس وقت یقیناً ایسے دانا سر ہونگے جنھوں نے سمجھ لیا ہوگا کہ اب اس نبیِ اُمّی سے جس امّت کا ظہور ہونے والا ہے اس کی بعثت کے نتیجہ میں جو امّت آئے گی وہ حاملِ علم ہوگی اور وہ علم مفید ہوگا، وہ علم اثباتی ہوگا، ایجابی ہوگا، تعمیری ہوگا، انقلابی ہوگا، وہ علم ایسا نہیں ہوگا کہ وہ خدا سے ناآشنا کرے اور اپنی حقیقت سے بھی ناآشنا بنائے، اور دنیا کے مفاد سے دنیا کا جو حق ہے، جو مفاد ہے، اس سے غافل کرے، اور وہ علم صرف اپنی شہرت کے لیے رہ جائے یا محض پہیلیوں کو بجھانے کے لیے اور اپنی ذہانت کا سکہ جمانے کے لیے، اپنی تعریف کرانے کے لیے اور اس سے بھی زیادہ یہ کہ اپنا پیٹ بھرنے کے لیے، عزت حاصل کرنے کے لیے ہو، خدا بخش خاں کی لائبریری، اس کتابی ذخیرہ اور اس کتابی مرکز میں جس کی مثال عالم اسلامی میں بھی کم ملے گی میں اس بات کی شہادت دیتا ہوں کہ یہ آپ کے ہندوستان ہی کے لیے قابلِ فخر نہیں، عالم اسلام کے لیے، عالم علم کے لیے اور علمی دنیا کے لیے قابل فخر ہے اس میں ان آیات کا پڑھنا بڑا موزوں تھا اور میں اس کو توارُد سمجھتا ہوں، اتفاق سمجھتا ہوں کہ میں بھی

سوچ کر آیا تھا کہ ان آیتوں سے ابتدا کروں، چغانی صاحب نے یہی آیتیں پڑھیں۔

غور کرنے کی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس نبی کی نبوت سے جو امت پیدا کی وہ علم کی ایسی حامل ہوئی کہ اس نے علمی دنیا ہی میں نہیں بلکہ مذاہب کی دنیا میں، اخلاق کی دنیا میں، سیاسیات کی دنیا میں، انتظامات کی دنیا میں، معاملات کی دنیا میں اور زندگی کا کوئی شعبہ نہیں جس شعبہ میں انقلاب برپا نہ کیا ہو، جہاں تک کتابوں کے لکھنے کا تعلق ہے یہ کہا جاسکتا ہے کہ کسی مذہب کے حامل اور کسی نبی کی امت نے علم کی ایسی خدمت نہیں کی جو باختلافِ اقسام و انواع اور باختلافِ اثر و تاثیر اس امت نے کی ہے، آپ اگر اس کے ذخیرہ کو دیکھیں، اس کے کاموں کو دیکھیں تو آپ حیران رہ جائیں گے۔ خود یہ کتب خانہ اگر آپ نے اسے دیکھا ہو، آپ کے شہر ہی کے لیے نہیں پورے ملک کے لیے قابلِ فخر ہے، اسے آپ دیکھیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ یہ ایک حصہ ہے اس بڑے کام کا جو اس امت نے انجام دیا مختلف دوروں میں مختلف ملکوں میں اور مختلف زبانوں میں۔

انگریز مفکرین اور مصنفین نے بھی اس کا اعتراف کیا ہے کہ یورپ کی نشاۃ ثانیہ میں، یورپ کی نئی ترقی میں، سائنٹفک ترقی میں اور دانش کی ترقی میں، تجربات کی ترقی میں اسپین نے اثر ڈالا ہے، اور اسپین وہ ہے کہ جب وہاں کچھ نہیں تھا اور جب وہاں اسلام پہنچا تو اس کو اندلس بنا دیا اور اس نے اس کو ایسا مرکزِ علم بنا دیا، جو لوگ جانتے ہیں ان سے عرض کرتا ہوں کہ دو اصطلاحیں ہیں، ایک قیاس کی اصطلاح، قیاس یہ ہے کہ آدمی پہلے سے ایک بات طے کرے کہ یہ بات یوں ہے اور اس کے بعد قیاس کرتا چلا جائے، اور ایک استقراء یعنی مختلف چیزوں کو دیکھ کر تجربہ کرکے ایک نتیجہ نکالے اور پھر اس پر عمل کرے، یورپ کے ایک بڑے دانشور نے لکھا ہے کہ یورپ میں سائنس کی ترقی اس وقت سے شروع ہوئی جب اسپین سے یورپ نے استقراء کا خیال لیا، اور قیاس کو چھوڑا، قیاس سے ترقی نہیں ہوسکتی استقراء سے ترقی ہوسکتی ہے، جب آپ دس بیس چیزوں کو دیکھیں اور پھر دیکھیں کہ ان میں قدرِ مشترک (Common factor) کیا ہے تو پھر آپ ایک نتیجہ پر پہنچیں گے کہ یہ کام یوں ہونا چاہیے، اسی طرح اسپینی کتب خانوں کے متعلق ان سب لوگوں نے اعتراف کیا ہے کہ ان سے فائدہ اٹھایا گیا۔

تو ایک نبی اُمّی سے اللہ نے اپنا ایک معجزہ دکھایا اور معجزہ وہ ہوتا ہے جو بالکل عقل و دانش

سے بالا تر ہو، ایک بڑے پڑھے لکھے فاضل نبی کی بعثت سے ایک قوم اور ایک امت کے پیدا ہو جانے میں اعجاز کا وہ پہلو نہیں جو ایک نبیِ اُمّی کی بعثت سے ایک ایسی عالم بلکہ معلّم دانشور، مجتہد قسم کی امت پیدا ہو، اس میں جو اعجاز کا پہلو ہے وہ اس میں نہیں ہے کسی پڑھے لکھے نبی کی بعثت سے کوئی امت پیدا ہو، یہ بے شک اللہ کا فضل ہے، احسان ہے، ہم اس کے قائل ہیں، معتقد ہیں کہ نبیِ اُمّی کی تعلیم و دعوت سے ایک ایسی امت پیدا ہو جائے جس میں اتنے جلیل القدر مفکر پیدا ہوں، دانشور پیدا ہوں، مجتہد پیدا ہوں جو اجتہاد کریں اور پچھلے نظریات کو بدلیں اور دوسرے نظریات لائیں، اور ساری دنیا میں علم کا دریا بہا دیں، اب آپ دیکھ لیں کہاں یہ شہر جو ہندوستان کا بہر حال ایک حصہ ہے اور کہاں یہ عظیم کتب خانہ، آپ کسی اسلامی ملک میں جائیے تو آپ دیکھیں گے کہ وہاں ایک کتبخانہ موجود ہے۔ یورپی مورخین نے بعض خواتین کا ذکر کیا ہے کہ ان کے یہاں ایک ایک لاکھ کتابیں موجود تھیں، اور بڑے بڑے عالموں، ادیبوں کو کوئی بات سمجھنی ہوتی تھی، کوئی معمہ ہوتا تھا، کوئی ایسا مسئلہ جسے حل نہیں کر سکتے تھے تو مسلم خاتون توجہ کرتی تھیں، ان کے نام بھی کتابوں میں آتے ہیں۔

اب میں بجائے اس کے کہ ان کتابوں کا ذکر کروں جن سے معلومات حاصل ہوئی ہیں اور جن کا ممنونِ احسان ہوں اور جن کی وجہ سے محدود صلاحیت ہی سہی لیکن اس درجہ کی صلاحیت پیدا ہوئی کہ لکھ پڑھ سکتا ہوں، عربی میں بھی اور اردو میں بھی، ان کے بجائے ان کتابوں کا ذکر کرنا چاہتا ہوں جنھوں نے گہرا اثر ڈالا اور ایک انقلاب انگیزی کا کام کیا، لوگوں نے ایسی کتابیں تو لکھی ہیں جن میں کتابوں کی فہرست آ گئی ہے کہ کیا کیا پڑھا، لیکن ضرورت تھی کہ ان کتابوں کے نام لیے جاتے اور اچھے پڑھنے لکھنے والے دانشور ان کتابوں کا ذکر کرتے جن کتابوں کے مطالعہ سے ان میں انقلاب پیدا ہوا۔

میں ان چند کتابوں کا ذکر کرتا ہوں جنھوں نے میرے محدود رقبۂ علم میں، رقبۂ عمل میں، اور رقبۂ حیات میں، میرے دائرۂ فکر میں انقلاب برپا کیا شاید بعض لوگوں کو کچھ خیال پیدا ہو ان کے پڑھنے، ان کے دیکھنے کا، ورنہ کتابیں اپنی تعداد کے لحاظ سے، صفحات کے لحاظ سے، اپنی ضخامت کے لحاظ سے ناقابل شمار ہیں۔

سب سے پہلے مسدس حالی کا اثر پڑا، مسدس حالی میں حضورؐ کے بارے میں جو لکھا گیا ہے۔

وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا　　مرادیں غریبوں کی بر لانے والا
مصیبت میں غیروں کے کام آنے والا　　وہ اپنے پرائے کا غم کھانے والا
فقیروں کا ملجا ضعیفوں کا ماویٰ
یتیموں کا والی غلاموں کا مولیٰ

اس کے بعد صحابۂ کرام کی تعریف بھی انھوں نے بڑے دلکش و دلنشیں انداز میں کی ہے۔

میرا خاندان ایک علمی خاندان تھا، میرے والد محترم مولانا حکیم سید عبدالحئی صاحبؒ ہندوستان کے چیدہ ترین اور عظیم ترین مصنفین میں تھے جنھوں نے ایک کتاب آٹھ جلدوں میں نُزْهَةُ الْخَوَاطِرِ کے نام سے لکھی جس میں ساڑھے چار ہزار شخصیتوں کا حال ہے اور یہ بتا دوں کہ جتنی کتابیں لکھی گئیں وہ ایک ایک صدی پر لکھی گئیں ان کے نام بھی میں لیا کرتا ہوں۔

بڑے بڑے فضلائے عرب اور بڑے بڑے مؤرخین اور سوانح نگاروں نے ایک ایک صدی کا انتخاب کیا، لیکن ایک ایسی کتاب جو پہلی صدی سے لے کر آخری صدی تک کے لوگوں کا حال بیان کرے وہ خود بلادِ عربیہ میں نہیں لکھی گئی، چنانچہ خود ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب مرحوم جو صدر جمہوریہ تھے فرمایا کہ جب میں مصر کے دورہ پر گیا تو صرف آپ کے والد صاحب کی کتاب "نزهة الخواطر" لے گیا اور میں نے Desk پر رکھ دی، جب کوئی مصری اسکالر آتا یا کوئی اخبار کا بڑا نمائندہ یا کسی جامعہ کا پروفیسر، وہ کہتا کہ کیا ہندوستان میں علم ہے؟ ہندوستان میں لوگ عربی جانتے ہیں؟ ہندوستان میں کوئی بڑا کام ہوا، کوئی بڑی خدمت ہوئی؟ میں کہتا یہ کتاب دیکھ لیجیے۔ مصر بھی ایسی کتاب نہیں پیش کر سکتا، اور میں بتاتا ہوں عالم عربی کے ایک سیاح کی حیثیت سے بھی اور وہاں کی جامعات میں جانے والے اور وہاں خطاب کرنے والے کی حیثیت سے بھی کہ ایک کتاب بھی عالم عربی میں ایسی نہیں ملتی جو پہلی صدی سے چودھویں صدی پر محیط ہو، یا تو ایک صدی پر کتابیں ہیں یا پھر ایک ایک فن پر ہیں، مثلاً کوئی کتاب صرف و نحو پر ہے، کوئی شاعری پر ہے کوئی طب پر ہے، لیکن انھوں نے ہندوستان کی تاریخ لکھی پہلی صدی (جب سے یہاں عرب آئے اور اسلام آیا) اس وقت سے لیکر اپنی وفات تک کے ناموروں کا اس میں ذکر ہے۔

دوسری کتاب لکھی ہے جو ان کا بڑا کارنامہ ہے اور ہندوستان کے لیے ایک شاہکار چیز

ہے وہ ہے ہندوستان کے علماء کی تصنیفات کی ڈائرکٹری، پہلی صدی سے لے کر اس وقت تک کسی فن میں بھی کسی عالم نے کوئی کتاب لکھی ہے تو اس میں اس کا ذکر ہے، پوری ڈائرکٹری ہندوستان کے تیرہ سو[۱۳۰۰] برس چودہ سو[۱۴۰۰] برس کی جس میں سیکڑوں کتابوں کے نام ہیں، اس فن میں یہ کتاب ہے اس کی یہ خصوصیت ہے۔ عالم عربی کی سب سے بڑی اکیڈمی دمشق کی "المجمع العلمی العربی" جس کا نام تھا اب "مجمع اللغة العربية" ہوگیا ہے اس نے اس کو شائع کیا، دو ایڈیشن وہاں سے شائع ہوئے ہیں، ہندوستان میں اس کا ترجمہ ہوا اور "اسلامی علوم وفنون ہندوستان میں" کے نام سے دار المصنفین کی طرف سے شائع ہوا جو سب سے مقتدر ادارہ ہے۔ عام طور پر ہوا یہی ہے کہ لوگوں نے پورا احاطہ نہیں کیا، اب اس کی ضرورت ہے کہ ایسی کتابیں لکھی جائیں جن میں ان کتابوں کا تذکرہ ہو جو منفرد (Unique) ہیں ان کی مثال عالم اسلام اور عالم عربی میں نہیں ملتی اور ایسی بہت سی چیزیں ہیں، پھر اس کے بعد ضرورت ہے کہ جن چیزوں سے متاثر ہوئے اور انقلاب ہوا ان کا بھی ذکر ہونا چاہیے۔

تو سب سے پہلے جو مجھے یاد ہے میری زندگی پر اثر مسدس حالی کا پڑا، انھوں نے صحابہ کرام کا جہاں تذکرہ کیا ہے، پھر اسلام کی خدمت اور اس کی انقلاب انگیزی کا جہاں ذکر کیا ہے اس کا بڑا حصہ زبانی یاد تھا، اس زمانہ میں مسلمانوں کے اکثر گھروں میں مسدس حالی پڑھی جاتی تھی، اس کے بہت سے شعر خواتین، بچیوں اور لڑکیوں کی زبان پر بھی تھے۔

اس کے بعد پھر جس کتاب کا اثر پڑا وہ ہمارے خاندان کے ایک بزرگ سید عبدالرزاق صاحب کلامی کی کتاب "صمصام الاسلام" ہے، حضرت سید احمد شہیدؒ کم سے کم پٹنہ اور اس کے اطراف میں ضرور معروف ہیں اور محترم شخصیت ہیں، صادق پور ان کا پیرو تھا اور اس نے ہندوستان کی آزادی میں انگریزوں کے مقابلہ میں وہ کردار ادا کیا جو (میں ایک تاریخ داں کی حیثیت سے بھی اور ایک محب وطن کی حیثیت سے بھی کہتا ہوں) ہندوستان میں شاید کسی علاقہ نے اتنا بڑا حق ادا نہیں کیا، سید عبدالرزاق صاحب کلامی سید احمد شہیدؒ کے نواسہ ہوتے تھے اور میرے والد صاحب کے حقیقی پھوپھا تھے، انھوں نے "صمصام الاسلام" کے نام سے پچیس[۲۵] ہزار اشعار میں واقدی کی فتوح الشام کو منتقل کیا وہ شاعرانہ حیثیت سے بھی بڑی بلند کلام ہیں۔ اس کتاب میں پچیس[۲۵] ہزار اشعار ہیں،

خاندان میں یہ رواج تھا کہ جب کوئی حادثہ پیش آتا، کوئی غمی ہو جاتی تھی تو اس کے اثر کو کم کرنے کے لیے مستورات جمع ہوتی تھیں اور صمصام الاسلام پڑھی جاتی تھی، مجھے خوب یاد ہے میں اس میں شریک ہوتا تھا، اپنی کم سنی کے باوجود، کیونکہ میری خالہ صاحبہ یا میری ہمشیرہ وغیرہ پڑھتی تھیں تو حالت یہ ہوتی تھی، کہ آنسوؤں کی جھڑیاں لگ جاتی تھیں اور چہروں کا رنگ بدل جاتا تھا، اور بالکل معلوم ہوتا تھا کہ اپنا غم بھول گیا ہے، اور کسی کی شہادت کا ذکر آتا (خاص طور سے خواتین کی شہادت اور قربانیوں کا ذکر آتا) تو اپنا غم بھول جاتی تھیں، یہ بہت اچھا رواج تھا، اس وقت اس حادثہ کا اثر کم ہو جاتا تھا اور کسی کا کوئی وعظ یا تلقین یا کوئی اور کتاب اتنی مؤثر نہیں ہوتی تھی جتنی کہ صمصام الاسلام ہوتی تھی۔

پھر صمصام الاسلام کے بعد مجھے جس چیز نے متاثر کیا وہ اکبر الہ آبادی مرحوم کا کلام ہے، ملک میں مغربی تہذیب کا دور آیا اور میں چونکہ لکھنؤ شہر کا رہنے والا ہوں جو تحریک خلافت اور تحریک آزادی کا بڑا مرکز رہا ہے، لیکن اس وقت انگریزی تہذیب کا اور انگریزی دانش کا، مغربی ثقافت (Culture) کا اتنا اثر تھا کہ کوئی شخص اس سے بچا نہیں تھا، اس کے لیے اتنی بات کافی ہے کہ اس وقت ایک لفظ چلا ہوا تھا "ولایت" اسی سے آپ سمجھ جائیے کہ یہ کس ذہن کی غمازی کرتا ہے، جب کسی چیز کی بڑائی بیان کرنا چاہتے تھے تو کہتے تھے یہ ولایت سے آئی ہے، میں ولایت سے آیا ہوں، اس وقت دو چیزیں میرے بڑے کام آئیں ایک اکبر الہ آبادی کا کلام، اس نے اس طلسم کو توڑا اور اس کی اصل کمزوریوں کو دکھایا اور وہ کام کیا جو بڑے بڑے دانش کدوں نے بڑی بڑی علمی، دقیق اور عمیق اور بلند مرتبہ کتابوں نے کیا ہوگا، ان کا کلام جب پھیلا تو اس سے مغربی تہذیب کا تسلط، اس کی Sovereignty کم ہوئی، ان کے چند شعر پڑھتا ہوں، جن سے آپ سمجھ جائیں گے کہ کتنی بڑی حقیقت بیان کی ہے وہ کہتے ہیں ؎

لکھے گا کلک حسرت دنیا کی ہسٹری میں	اندھیر ہو رہا تھا بجلی کی روشنی میں
علوم مغربی کے بحر میں غوطہ لگانے سے	زباں گو صاف ہو جاتی ہے دل طاہر نہیں ہوتا
بے پردہ کل جو آئیں نظر چند بیبیاں	اکبر زمیں میں غیرتِ قومی سے گڑ گیا
پوچھا جو ان سے آپ کا پردہ وہ کیا ہوا	کہنے لگیں کہ عقل پہ مردوں کے پڑ گیا

اکبر الٰہ آبادی کا بہت اثر ہوا، ایک اعتراف بالحق کے طور پر یہ بھی کہہ دوں کہ مولانا عبدالماجد صاحب دریا بادی کا رسالہ "سچ" (جو بعد میں "صدق" کے نام سے نکلنے لگا) اکبر الٰہ آبادی کا بھی بڑا ترجمان تھا، میں جب تک رائے بریلی میں رہتا تھا وہاں بھی "سچ" کا پرچہ آتا تھا پھر وہ "صدق" کے نام سے نکلنے لگا اور میرا مولانا سے ذاتی تعلق اور رابطہ قائم ہوا، اس وقت لاہور سے "زمیندار" آتا تھا جس میں مولانا ظفر علی خاں کی نظمیں شائع ہوتی تھیں، وہ نظمیں ایسی زلزلہ انگیز ہوتی تھیں اور جذبات پر ایسی اثر انداز (زبان کے لحاظ سے بھی اور زور بیان کے لحاظ سے بھی) کہ اس کی مثال ملنی مشکل ہے۔

اس کے بعد اقبالؒ کے کلام نے دل و دماغ کو متاثر کیا، یہ عرض کر دوں کہ اقبال کے کلام میں "بانگِ درا" نے اتنا مجھ پر اثر نہیں ڈالا، اس وقت تو یہ چیز رائج تھی، اور آپ کو معلوم ہے اقبال کا کلام وقت کے فاصلہ سے شائع ہوتا رہتا تھا، مثلاً ابھی "بانگِ درا" آئی ہے، پھر "ضربِ کلیم" آئی ہے، "بالِ جبریل" آئی ہے اور دوسری کتابیں لیکن مجھ پر سب سے زیادہ اثر "بالِ جبریل" کا پڑا ہے، ان کے اشعار پڑھتا تھا اور لطف لیتا تھا، پھر خدا نے ایسی توفیق دی کہ میں نے انکا عالم عربی سے تعارف کرایا، میں جب مصر گیا ۱۹۵۱ء میں تو میں نے دیکھا کہ مصر میں بہت زیادہ غیر ممتاز شخصیتوں پر لکھا گیا ہے اور لوگ ان سے واقف ہیں، میں وہاں کے چوٹی کے لکھنے والوں سے ملا، جن میں ڈاکٹر احمد امین، عباس محمود العقاد، احمد حسن الزیات اور سید قطب وغیرہ تھے، لیکن میں نے دیکھا کہ سارا مصر اقبال سے نا آشنا ہے اور عالم عربی بھی نا آشنا ہے، تو میں نے وہاں سے آنے کے بعد اس کا بیڑا اٹھایا، ہمت کی کہ میں اقبال کو عربی میں پیش کروں، چنانچہ پہلے میں نے مضامین کی شکل میں یہ کام کیا، پھر پوری کتاب "روائع اقبال" کے نام سے لکھی اور مصریوں نہیں عالم عربی میں پہلی مرتبہ ان کا تعارف ہوا اور مجھے حیرت ہوئی کہ بعض بعض عرب ادیبوں، دانشوروں کو اس کے صفحے کے صفحے یاد ہیں، مجھے خوب یاد ہے کہ امیر حسن نے جو اردن کے ولی عہد ہیں وہاں "مؤسسۃ اہل البیت" کے نام سے ایک اکیڈمی ہے میں اس کا ممبر ہوں، انھوں نے ایک ڈنر کا انتظام کیا، اپنی طرف سے اعزاز کا، اس وقت میں تھا اور میرے بھانجے مولوی سید محمد واضح حسنی ندوی، اور ایک مفتی خلیلی صاحب تھے، جو مسقط کے بہت بڑے عالم، بڑے مفتی ہیں، تو مجھے حیرت ہوئی کہ انھوں نے "روائع اقبال" کے صفحے کے صفحے زبانی سنانا شروع کر دیئے اور پھر اس کے بعد وہاں بہت سے لوگوں کو اس

سے بڑی دلچسپی ہوئی اور اس کتاب کا بڑا اثر پڑا، اور اقبال سے لوگوں کا تعارف ہوا اور انھیں حیرت ہوئی کہ ایسے شاعر سے ہم ناواقف تھے جو اسلام کا صحیح ترجمان ہے' اور اس نے طاقت کا پیغام، خوداعتمادی کا پیغام، اور انقلاب انگیزی کا پیغام جو اب تک کسی شاعر نے نہیں دیا تھا، دنیائے اسلام کو دیا۔

پھر اس کے بعد سب سے زیادہ جس کا اثر مجھ پر پڑا وہ سید احمد شہیدؒ کی تحریک کا تھا' وہ ہمارے گھر کی چیز تھی، خاندان کی چیز تھی لیکن اس کا تذکرہ بہت کم ہو گیا تھا، کہیں کہیں جلسوں میں اس کا تذکرہ ہوتا تھا، لیکن اسی زمانہ میں مولوی محی الدین صاحب قصوری نے جو مولانا آزاد کے خاص لوگوں میں تھے امرتسر کے ایک پرچہ توحید میں جو مولانا داؤد صاحب غزنوی کی ادارت میں نکلتا تھا "عصرِ حاضر کا عظیم مجاہد سید احمد شہیدؒ" کے نام سے مقالہ لکھا، میرے بڑے بھائی ڈاکٹر سید عبدالعلی صاحب نے کہا کہ تم اس کا ترجمہ عربی میں کرو' اس وقت میری عمر ۱۶-۱۷ سال تھی، میں نے اس کا ترجمہ عربی میں کیا' اسی زمانہ میں عالم عرب کے بہت بڑے محقق ادیب اور نقاد استاد علامہ تقی الدین الہلالی مراکشی، جن کا حال یہ تھا کہ جب دو بڑے ادیبوں میں جو بڑے کہنہ مشق نامور لکھنے والوں میں تھے کسی لفظ کے بارے میں اختلاف ہوتا تھا کہ لفظ صحیح ہے یا نہیں تو ان کی طرف رجوع کرتے تھے، چنانچہ امیرالبیان امیر شکیب ارسلان جو "حاضر العالم الاسلامی" کی چار جلدوں کے مصنف ہیں اور علامہ سید رشید رضا میں جو شیخ محمد عبدہ کے شاگرد ہیں اور وہ جمال الدین افغانی کے شاگرد و ترجمان تھے جب ان کا آپس میں اختلاف ہوتا تھا تو ان کی طرف رجوع کرتے تھے اور وہ جو فیصلہ کرتے تھے مان لیا جاتا تھا، اس کے شواہد موجود ہیں' امیر شکیب ارسلان کی خود نوشت کتاب جس میں "السید رشید رضا أو إخاء أربعين سنة" میں لکھا ہے کہیں لفظ میں ہمارا اختلاف ہوا ہم نے شیخ تقی الدین کی طرف رجوع کیا انھوں نے یہ فیصلہ کیا' وہ لکھنؤ آئے تھے اور ندوۃ العلماء میں ان کو تعلیم کا عہدہ دیا جانے والا تھا، انھوں نے جو یہ مضمون دیکھا تو کہا کہ اگر تم کہو تو اسے علامہ سید رشید رضا کے پاس مصر بھیج دوں' اب خیال کیجیے ۱۶-۱۷ سال کا نوجوان اس کا مضمون علامہ سید رشید رضا جو شیخ محمد عبدہ کے شاگرد و ارشد ہیں وہ "المنار" نکالتے تھے، انھوں نے اس مضمون کو رسالہ میں شائع کیا اور اس کے بعد انھوں نے لکھا کہ اگر مضمون نگار چاہیں تو ہم اس کو الگ رسالہ کی شکل میں بھی

شائع کرسکتے ہیں، تو خدا کا شکر ادا کرنے کے سلسلہ میں کہتا ہوں کہ شاید ہندوستان میں یا بلادِ عجمیہ میں کم ایسا ہوا ہو کہ ۱۶۔۱۷ سال کے نوجوان کی کتاب مصر میں شائع ہوئی ہو اور مستند سمجھی گئی ہو، چنانچہ "الامام السید احمد شہیدؒ" کے نام سے وہ رسالہ وہاں شائع ہوا اور پھر ہندوستان میں بھی پھیلا۔

مجھ پر سب سے زیادہ جس کا اثر پڑا ہے وہ حضرت سید احمد شہیدؒ کے واقعات تھے، میں بلا کسی مبالغہ کے اور بغیر کسی خودستائی کے کہتا ہوں کہ کچھ خاندانی تعلق بھی ہے کہ میں جب ان کے حالات پڑھتا تھا، دارالعلوم ندوۃ العلماء کے ایک گوشہ میں (جس زمانہ میں وہاں بجلی بھی نہیں آئی تھی چراغ جلا کر، لالٹین جلا کر میں کتاب پڑھتا تھا) "وقائع احمدی" جو ان کے حالات میں لکھی گئی ہے یا دوسری کتاب "منظورۃ السعداء" جو فارسی میں ہے مولانا سید جعفر علی صاحب بستوی کی وہ جب پڑھتا تھا تو ایک دم سے مجھے معلوم ہوتا تھا کہ رحمت کی کوئی گھٹا آگئی ہے اور دعا کرنے کا وقت ہے اور آنسو جاری ہو جاتے اور دعا کرتا، ویسا اثر میں نے سیرت نبوی کے بعد کسی چیز میں نہیں دیکھا، مجھ پر سب سے زیادہ اثر پڑا ہے سید احمد شہیدؒ کا اور پھر اس کے بعد اس کے نتیجہ میں میں نے "سیرت سید احمد شہیدؒ" لکھی، پہلے ایک جلد تھی اس پر علامہ سید سلیمان ندوی نے مقدمہ لکھا، بڑا طاقتور مقدمہ ہے پھر دو جلدوں میں میں نے کتاب لکھی اور اس وقت تک بحمداللہ ۶۔۷ ایڈیشن نکل چکے ہوں گے اور پاکستان، ہندوستان میں بہت پھیلی، پھر اس کے بعد چودھری غلام رسول صاحب مہر (جو ایک بہت بڑے صحافی اور جرنلسٹ تھے) وہ کہتے تھے کہ میں تیرہ، چودہ سال سے یہی کام کر رہا ہوں اور کوئی دن ایسا نہیں گزرا کہ میں نے دو رکعت نماز پڑھ کر دعا نہ کی ہو، انھوں نے کتاب لکھی "سیرت احمد شہیدؒ" چار جلدوں میں ان کی کتاب کافی مقبول ہوئی، اس کتاب نے ہزاروں انسانوں پر اثر ڈالا، ان کے عقائد میں بھی اصلاح ہوئی ان کے جذبات میں بھی ایمانی طاقت پیدا ہوئی جو بہت کم چیزوں سے پیدا ہوتی ہے۔

ابھی تک بہت کم لوگوں نے اس پر کوئی کتاب لکھی ہے کہ کس کتاب نے ان کی زندگی میں انقلاب برپا کر دیا، اگر کسی کتاب کا ذکر آتا ہے تو وہ مثنوی مولانا رومؒ ہے خود اقبالؔ مرحوم اس سے بڑے متاثر ہیں وہ کہتے ہیں ؎

پیرِ رومی مرشدِ روشن ضمیر   کاروانِ عشق و مستی را امیر

اور اردو میں کہتے ہیں ؎

صحبت پیر روم سے مجھ پہ ہوا یہ نکتہ فاش
لاکھ حکیم سر بجیب ایک کلیم سر بکف

مولانا روم کے کلام کا بہت سے آدمیوں کے ذہنوں پر بڑا اثر پڑا ہے مگر ان لوگوں نے تحریری شکل میں کوئی شہادت نہیں دی، لیکن اگر پوچھا جائے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ پورے افغانستان میں اور پھر ایران میں سیکڑوں ہزاروں کی تعداد میں لوگ اس سے متاثر ہوئے ہیں، یہ تو عربی فارسی اردو کا ذکر کیا گیا۔

میں نے جب مغربی تہذیب کی تنقید کے مطالعہ کا ارادہ کیا، میرے بڑے بھائی صاحب نے (جو بڑے مبصر تھے مجھے انگریزی بھی پڑھوائی تھی) جہاں تک تاریخ، اخلاقیات اور دین کا تعلق ہے اس میں میں نے مسلمانوں کے انحطاط، مسلمانوں کے مسندِ قیادت سے دست کش ہو جانے یا پیچھے ہو جانے سے دنیا کو کیا نقصان پہنچا، اس کا میں نے بالکل ایک تاریخی، غیر جانبدارانہ، ایک مبصرانہ اور ناقدانہ تبصرہ کیا۔ جو عربی زبان میں "ماذا خسر العالم بانحطاط المسلمین" کے نام سے چھپا جس کا اردو ترجمہ "انسانی دنیا پر مسلمانوں کے عروج وزوال کا اثر" کے نام سے شائع ہوا، عالم عربی میں میری جو کتاب سب سے زیادہ پڑھی گئی اور مقبول ہوئی وہ یہی کتاب "ماذا خسر العالم بانحطاط المسلمین" تھی، اس کے تقریباً پچیس[۲۵] ایڈیشن نکل چکے ہیں، قاہرہ اور دمشق اور کویت میں اور مختلف جگہوں پر، اور اردو میں جس کے ترجمے بار بار شائع ہوئے ہیں، بعض ادیبوں نے اس کا ذکر کیا کہ جب مجھے کوئی زوردار چیز لکھنی پڑتی ہے اور خیال ہوتا ہے کہ تحریر میں جوش ہو تو پہلے "ماذا خسر العالم بانحطاط المسلمین" کے چند صفحے پڑھ لیتا ہوں پھر قلم اٹھاتا ہوں، یہ استاد انور الجندی کا مقولہ ہے جو اس وقت مصر کے اچھے نامور کاتب ہیں، تو اس وقت مجھے اس بات کی ضرورت ہوئی کہ غیر جانبدارانہ طریقہ پر اور غیر جذباتی طریقہ پر میں مغربی تہذیب کی کمزوریوں کو سمجھوں اور کیا اس کا Donation ہے، اس نے کیا دنیا کو عطا کیا اور کیا نقصان پہنچایا، اخلاقیات کے پہلو سے، دینیات کے پہلو سے، انسانیت کے پہلو سے، تو میں نے اس وقت انگریزی کتابوں کا مطالعہ شروع کیا، اس میں مجھے سب سے زیادہ ـــــ جن کتابوں سے فائدہ ہوا، ان میں ـــــ

Conflict Between Religion and Science ہے یہ ڈریپر کی کتاب ہے اسے میں نے غور سے پڑھا اور اس کے نوٹس لیے اس میں بتایا ہے کہ کلیسا اور دربار کی جو جنگ ہوئی، جو کشمکش اور تقابل ہوا، اس سے کیا فائدہ پہنچا کیا نقصان پہنچا اور اس نے کیا اثرات ڈالے، مغربی معاشرہ مغربی ذہن پر، پھر کتاب پڑھی History of European Morals اس سے مجھے معلوم ہوا کہ یونان کا کیا اثر پڑا ہے یورپ پر، یونان نے کیا دیا اور اس میں کیا افراط و تفریط تھی، ان کے دو بہت بڑے School of Thought تھے ایک جسے رواقی کہتے ہیں اور ایک لذّتی، بس جس میں آدمی کو مزا آئے وہی چیز لینی چاہیے، اسی کو اختیار کرنا چاہیے یہ لذّتی مکتبِ خیال ہے، مگر رواقی مکتبِ خیال میں ہے کہ نہیں عقل سے کام لینا چاہیے، اس کتاب میں اس نے ثابت کیا ہے کہ لذّتی اسکول نے یورپ پر زیادہ اثر ڈالا ہے، اس وقت یورپ فلسفۂ لذّتیت کا کاربند نہیں بلکہ پابند ہے۔

امام ابن تیمیہ کی کتاب میں نے پہلے پڑھی تھی، اس لیے بہت چیزوں کی مجھے تصدیق ہوئی، انھوں نے ایک بڑے کام کی بات کہی ہے، انھوں نے کہا ہے کہ ایک چیز ہے "نفی" اور ایک ہے "اثبات" امام ابن تیمیہ کہتے ہیں کہ یونان کی ایک بڑی کمزوری یہ تھی کہ ان کے یہاں نفی زیادہ ہے اثبات کم ہے، حالانکہ سارا عمل جوشِ عمل، طاقت اور انرجی ساری ذہنی و اعصابی محرکات اعصابیت پیدا ہوتی ہے اثبات سے نفی سے پیدا نہیں ہوئی، قرآن کیا کہتا ہے "لَیۡسَ کَمِثۡلِهٖ شَیۡءٌ وَهُوَ السَّمِیۡعُ الۡبَصِیۡرُ" اللہ تعالیٰ کی طرح کوئی چیز نہیں ہے اور وہ سمیع و بصیر ہے لیکن جب اس کی صفت بیان کرتا ہے تو کہتا ہے "هُوَ الۡخَالِقُ الۡبَارِئُ الۡمُصَوِّرُ لَهُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰی یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَهُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ" اور پھر اس سے پہلے کی جو آیتیں ہیں ۸۔ ۱۰ صفتیں بیان کی ہیں کہ اللہ یہ ہے، اللہ یہ ہے اور ان صفتوں کا تعلق انسانی زندگی سے بھی ہے اور کائنات سے بھی ہے، اس سے آدمی میں ایک جذبۂ عمل پیدا ہوتا ہے، جذبۂ دعا پیدا ہوتا ہے، جذبۂ عبادت بھی پیدا ہوتا ہے، ایک اطمینان اور سکونِ قلب پیدا ہوتا ہے کہ میں جس خدا کا پرستار ہوں وہ بڑا رحمان و رحیم ہے، وہ بڑا حکیم و بصیر ہے وہ خالق ہے کائنات کا اور قادر ہے ہر چیز پر۔

پھر جس سے فائدہ پہنچا وہ گبن کی مشہور کتاب ہے :

Decline And Fall of the Roman Empire

اس سے معلوم ہوا کہ رومۃ الکبریٰ کی سلطنت سے کیا غلطیاں ہوئیں، کیا اس میں ناہمواریاں پیش آئیں اور اس میں ضعف کے سرچشمے کیا تھے، کیوں اتنی بڑی رومۃ الکبریٰ جو دنیا کی سب سے بڑی شہنشاہی تھی اس کو زوال ہوا اور پھر ایک کتاب Making of Humanity پڑھی اس میں انسانیت کی تعمیر اور تخریب کی تاریخ پر بحث کی گئی۔

آخر میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اس وقت ضرورت اس کی ہے کہ لوگ ان کتابوں کی طرف توجہ کریں اور ان پر خامہ فرسائی کریں جنھوں نے ان کے اندر انقلاب کیا اور کس طرح سے انقلاب کیا؟ اور پھر ایسی منتخب اور مفید کتابوں کے پڑھنے کا مشورہ دیں، جہاں تک کتابوں کے ذخیرہ اور کتابوں کی کثرت کا تعلق ہے وہ قابل مبارک باد چیز ہے، ہر زمانہ میں قابل مبارک باد ہوگی اور خدا کا شکر ہے کہ دنیا میں اس کے بڑے بڑے ذخیرے موجود ہیں اور یہ حسن اتفاق ہی نہیں بلکہ تقدیری بات ہے کہ یہ بات اس کتب خانہ میں کہی جا رہی ہے جو ہندوستان کے لیے قابل فخر ہے، میں نے مصر کا بھی سب سے بڑا کتب خانہ دیکھا، کتب خانہ خدیویہ، دمشق کا کتب خانہ ظاہریہ بھی دیکھا، مدینہ طیبہ کا کتب خانہ شیخ الاسلام بھی دیکھا پھر برٹش میوزیم اور برطانیہ کے کتب خانے بھی دیکھے۔ میں اس بات کا اقرار ہی نہیں شہادت دیتا ہوں کہ خدا بخش خاں کی لائبریری صرف مسلمانوں ہی کے لیے نہیں، ہندوستان کے لیے، ایشیا کے لیے قابلِ فخر ہے اور آپ حضرات اہل پٹنہ قابلِ مبارکباد ہیں کہ ان کے شہر میں یہ کتب خانہ پایا جاتا ہے، اللہ اس کی حفاظت کرے اور اس میں اضافہ کرے اور اس سے فائدہ اٹھانے کی بھی توفیق دے۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

سید حامد

شخصیات و واقعات

جنھوں نے مجھے متاثر کیا

مجھ سے کہا گیا اپنے بارے میں کچھ لکھیے، کن شخصیات اور واقعات کا اثر آپ پر پڑا۔ میں نے حافظہ پر زور دیا، سنّاٹا ہی سنّاٹا تھا۔ ہر شخص کی زندگی میں اُتار چڑھاؤ آتے ہیں۔ اس کی اپنی ایک روداد ہوتی ہے۔ ظاہر ہے کہ وہ اس کے لیے بہت اہم ہے؛ لیکن یہ ضروری نہیں کہ اس میں سُننے والوں کو بھی دلچسپی ہو۔ اس لیے واجب تو یہ ہے کہ صرف ایسے افراد سے یہ فرمائش کی جائے جنھوں نے یا تو زندگی میں نمایاں امتیاز حاصل کیا ہے، یا جو زندگی کے ساغر کو تلچھٹ تک پی گئے ہیں، یا ان کی زندگی بڑے لوگوں کی صحبت میں گزری ہے۔ میں ان تین خانوں میں سے کسی میں نہیں آتا۔ کہوں تو کیا کہوں سوائے اس کے کہ آج سے ۷۰ سال پہلے وہاں آنکھیں کھولیں جہاں سے فی الحال ہمارا وطنِ عزیز جنوں کا اکتساب کر رہا ہے۔ آپ سمجھ گئے ہوں گے کہ میرا روئے سخن فیض آباد کی طرف ہے، اجودھیا کا حصّہ جس سے متصل ہے۔ مولد فیض آباد، وطن مرادآباد، اجداد کا وطن عظیم آباد۔ وطنِ ثانی لکھنؤ، حال ساکن دہلی۔ مدفن نامعلوم۔

آپ دریافت کریں گے کہ جب کچھ کہنے یا لکھنے کو نہیں ہے تو میں کہنے اور لکھنے کیوں بیٹھ گیا۔ اپنے متعلق بات کرنا کسے بُرا لگتا ہے۔ روزمرّہ کی گفتگو میں مَیں نے اپنے اوپر بندشیں لگا رکھی ہیں۔ واحد متکلم سے حتی الامکان حذر کرتا ہوں۔ لیکن قلم تو اس بندش سے آزاد ہے۔

شاید زیادہ ناروا بھی نہ ہو۔ واقعہ یہ ہے کہ انسان کے دل میں تا دمِ مرگ یہ خواہش کروٹ لیتی رہتی ہے کہ مجھے بھی لوگ جان جائیں۔ میں نہ رہوں تو بھی کبھی نہ کبھی میرا ذکر کسی محفل

میں، میرا خیال کسی دل میں آجائے۔ میں نے اپنی بساط کے مطابق بہت مجاہدہ کیا، نفس کو بہت مارا، بظاہر دولت اور اقتدار اور لذّت کی ہوس کو زیر کر لیا، اس طرح کہ ان تینوں میں سے بفضلہ اب کوئی سر نہیں اٹھاتا۔ میں سمجھتا تھا کہ شہرت اور ناموری کی خواہش کو بھی میں تہِ تیغ کر چکا ہوں۔ لیکن کبھی کبھی یہ احساس ہوتا ہے کہ شہرت کی پیاس اور اعتراف کی بھوک ابھی مٹی نہیں۔ بہرحال یہ لڑائی جاری ہے۔ غنیم کبھی چھپ جاتا ہے، کبھی شبخوں مارتا ہے۔ انجام کیا ہوگا کچھ پتہ نہیں۔ اب جو قلم لے کر بیٹھا ہوں تو سمجھ لیجیے کہ جیت اسی کی ہے۔ میں نے ہار مان لی۔ لیکن ہمیشہ کیلئے نہیں۔

بالعموم ماں باپ کے کردار اور شخصیت سے بچے سب سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ میں ابھی تک اپنے والد مرحوم حافظ سید مہدی حسن کا طواف کرتا رہتا ہوں۔ انھیں رخصت ہوئے تین کم پچاس سال ہو گئے۔ زندگی کی صالح اقدار اور اصولوں پر ان کی گرفت مضبوط تھی اور پر دادا مرحوم سید محب علی جونپورہ کے رہنے والے تھے۔ پہلی جنگِ آزادی کے لگ بھگ انھوں نے عظیم آباد چھوڑا اور مراد آباد کے ہو رہے۔ اس خاندان میں ایک دھاری کم آمیزی اور ثلثیت (اپنی بات پر اٹل رہنا) کی تھی، جسے دنیا نے مختلف ادوار میں کئی بار ضد پر محمول کیا۔ انسان کی عادات، اوصاف اور شمائل کا کچھ ٹھکانا نہیں۔ ذرا اِدھر ہو گئے تو اچھائی، ذرا اُدھر سرک گئے تو برائی۔ اپنی بات یا اپنے ارادے یا رائے پر جو لوگ اَڑے رہتے ہیں، ان کے اس وصف اُن کی اس خُو کو دنیا بیشتر ضد یا ہٹ سے منسوب کرتی ہے، اور کبھی کبھی ریڑھ کی ہڈی پر محمول۔ مجھ سے پوچھیے تو میں ضدی اور بُرا بھلا کہلانے کو تیار ہوں لیکن ریڑھ کی ہڈی کو چھوڑنے پر کسی حال میں راضی نہیں۔ حالانکہ یہ ہڈی زندگی کی راہ کو سنگلاخ بنا دیتی ہے۔ آسائش کے مزے کو یہ کرکرا کر دیتی ہے، جیسے کباب میں ہڈی۔

کوئی ایسا باحیثیت خاندان بھی نہ تھا؛ نہ متمول نہ تنگ دست، ان کے بین بین۔ اگر میں کہوں کہ خیر الامور اوسطہا تو مجھ پر خاندان ستائی کا الزام وارد ہوگا۔ وارد ہوتا رہے۔ میں اپنے محدود تجربے کی بنا پر اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ اللہ تعالےٰ اتنا دے کہ وہ ضروریات جو واقعی اہم ہیں کسی قدر تنگی کے ساتھ پوری ہو جائیں۔ اس سے زیادہ مل گیا تو فتنہ و فساد راہ پا جائیں گے اور اس سے زیادہ کم ہوا تو بھی اخلاقی خطرات سر اٹھائیں گے۔ اللہ اتنا نہ دے کہ آدمی

انسان کو انسان سمجھنے سے انکار کر دے۔ انسانیت کا جس نے سودا کیا وہ ٹوٹے میں رہا۔ انسانیت کیا ہے۔ انسان کو انسان سمجھنا۔

اس خاندان کے افراد نے غلط یا صحیح جو اصول بھی وضع یا اختیار کیے۔ ان کا عمر بھر ساتھ دینا ان پر فرض ہو گیا۔ پتھر کی لکیر والی بات دنیا میں زیادہ چلتی نہیں۔ اجتماعی اخلاق میں لچک جیوں جیوں بڑھتی جا رہی ہے اصول وبالِ جان اور ذریعۂ زیاں بنتے جا رہے ہیں۔ چنانچہ ہمارے لیے بھی بنے۔ خاندان کی اس اینڈی بینڈی چھاپ سے والد مرحوم کو اور ان کے تینوں بیٹوں کو ہر سیڑھی پر رکاوٹ کا سامنا کرنا پڑا لیکن ان میں سے کوئی اس بنا پر دیر تک کبیدہ خاطر کبھی نہیں ہوا۔ ایک ہم ہیں کہ ہوئے ایسے پشیماں کہ بس کی نوبت کبھی نہیں آئی۔ چار دن اسی ہٹ پر قائم رہے اور مطمئن۔

مقصد یہ سب کچھ کہنے سے صرف اتنا ہے کہ ہمارا خاندان باوجود ایک غیر معروف متوسط خاندان ہونے کے تھا کچھ انوکھا، رکھتا رہا کچھ انفرادیت اور اس انفرادیت کو سینہ سے لگائے رہا۔ اپنے خول سے نکلنے کی توفیق اسے کم ہوئی۔ اپنے گھر میں خوش، اپنی کھال میں مست، ذاتی مفادات سے دامن کش۔ یہ راہ زیاں کاری کی تھی لیکن ہم لوگ اسی پر چلتے رہے۔ انکسار کے ساتھ افتخار کو دست و گریباں دیکھتے ہوئے افتخار ہی تو غریبوں اور غیر معروف لوگوں کو زندہ اور سربلند رکھتا ہے ورنہ وہ پس کر رہ جائیں۔ ہم جو سرافرازی کی بات کر رہے ہیں بھول جاتے ہیں کہ حدِ نظر تک ہمارا خاندان سرکار کا ملازم تھا۔ پردادا مرحوم؛ سید محب علی ڈپٹی کلکٹر تھے؛ دادا مرحوم سید محمد صدیق رسالدار میجر اور والد مرحوم پولس میں کورٹ انسپکٹر۔ بڑے بھائی سید محمد صاحب نے باپ کی پیروی کی، منجھلے بھائی کرنل سید مصطفٰے نے دادا کی اور چھوٹے بھائی سید حامد نے پردادا کی۔ پہلے وہ یوپی پراونشیل سروس میں داخل ہوا اور چند سال بعد اس کا انتخاب آئی اے اس کے لیے ہو گیا۔ خاندانوں کا نامۂ اعمال بالعموم مخلوط رہتا ہے۔ ددھیال کی طرف سے دو گاؤں معافی میں تھے جن کے کچھ حصے ہم تک پہنچے یعنی ان پر مال گزاری نہیں دینا پڑتی تھی۔ مال گزاری کن خدمات کے عوض معاف کی گئی تھی اس کا ہمیں پتہ نہیں۔ یہ بات البتہ ہم نہیں بھولے کہ پرنانا نے پہلی جنگِ آزادی میں انگریزوں کے خلاف جہاد کیا، زندگی اور جائداد بحق سرکار ضبط کر لی گئی۔ ان کے پوتے

قاضی عبدالغفار مرحوم تھے جنھوں نے سرکشی کی روایت کا اتباع کرتے ہوئے بحیثیت صدر میونسپل بورڈ مراد آباد وہاں کے کلکٹر ٹیرف سے اس زمانہ میں ٹکر لی جب انگریزوں کے رعب اور اقبال کو گھن نہیں لگا تھا لیکن یہاں بھی وفا، رُفا کے قدم بہ قدم چل رہی تھی۔ سرنامۂ وفا قاضی صاحب کے ماموں زاد بھائی سر محمد یعقوب تھے۔ ان کے زمانہ میں مراد آباد City of Knights سا تولا کا نہیں نائٹوں کا شہر کہلاتا تھا۔ ان کے معاصر اعمالنامے والے سر رضا علی تھے اور سر شفاعت احمد خاں (الہ آباد یونی ورسٹی میں تاریخ کے پروفیسر) اور سر جگدیش پرشاد۔ سر محمدؐ شاید ریلوے ممبر بھی رہے تھے۔ ڈاکٹر ضیاء الدین کی طرح ان کی وجہ سے بھی بہتوں کو ریلوے میں ملازمت مل گئی۔ وہ اور قاضی عبدالغفار صاحب دونوں ہمارے ماموں ہوتے تھے لیکن ان سے اتنے قریب ہم نہیں رہے کہ شخصیت کی تشکیل میں ان کا اثر پڑتا۔

والدہ صاحبہ کے مزاج میں نرمی تھی اور حلم اور دلاسائی اور انسانیت اور رافت۔ گھر مردانے اور زنان خانے میں بٹا ہوا نہیں تھا۔ پھر بھی ماں قریب تھیں اور باپ سے فاصلہ تھا۔ باپ کا رعب داب، بے تکلفی اور بے خوفی کی راہ میں حایل ہوتا۔ ماں باپ کسے عزیز نہیں ہوتے۔ اب بھی جب کہ انھیں گئے ہوئے لگ بھگ ۴۵ سال ہو گئے ہیں ہم سب بہن بھائی ان کا ذکر تشکر اور فخر کے ساتھ کرتے ہیں۔ ہم نے کسی کے والدین پر کبھی رشک نہیں کیا۔ عام طور پر زندگی کی گاڑی کو شکر اور شکوہ مل کر کھینچتے ہیں، لیکن ہمارے والدین کا جہاں تک تعلق ہے ہمارے دل میں شکوہ کی جگہ خاموش فخر نے لے لی تھی۔ یہ تذکرہ البتہ ہم اکثر کرتے رہتے ہیں کہ ان کی تربیت نے ہمیں دنیا کے طور طریقوں سے بے آہنگ کر دیا، رفتارِ زمانہ سے دور ڈال دیا۔ لیکن اس نقصان کو ہم کسی فائدے سے بدلنے کو تیار نہیں ہیں۔ ان کے مزاج، افتادِ طبع اور تربیت کی ہم سب پر گہری چھاپ ہے۔ لیل و نہار اسے نہ مٹا سکے نہ ہلکا کر سکے۔ ایک وصف پر قدغن تھی، اس سے ہم آج بھی بھڑک اٹھتے ہیں ؛ چالاکی۔ مانا کہ آپ کو یہ وصف پسند نہیں لیکن اسے دیکھ کر اور اس کی پہلی آہٹ پاکر برہم ہونا طمانیت کھونا کیا ضرور۔ اعتدال کی سرحدوں کو ہم نے یہاں پیچھے چھوڑ دیا ہے۔

ہمارے باپ کو مطالعہ کا بہت شوق تھا۔ تینوں لڑکے علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی میں پڑھے ۱۹۲۸ء سے ۱۹۴۲ء تک۔ چھٹیوں میں گھر جاتے تو ان کے لیے لٹن لائبریری سے کتابیں ضرور لے جاتے۔

کہ یہی ایک ان کی فرمائش تھی۔ مراد آباد سے علیگڑھ کا فاصلہ زیادہ نہیں ہے لیکن ٹرین یہ سفر پانچ گھنٹے میں طے کیا کرتی تھی، ایک ٹرین براہِ راست جاتی تھی۔ دو ٹرینیں چندوسی میں بدلنی پڑتی تھیں۔ حیرت کی بات ہے ٹرینوں کے اوقات اور ان کی دھج اب بھی وہی ہے جو نصف صدی پیشتر تھی۔ بھیڑ البتہ بہت زیادہ ہوگئی ہے۔ برانچ لائنوں کے ساتھ جو سوتیلا برتاؤ پہلے تھا سو اب بھی ہے۔

والد مرحوم کی دلچسپی کے مضامین تاریخ اور اردو اور فارسی ادب تھے۔ پڑھنے کی رفتار تیز تھی لیکن چند صفحات یا ایک باب پڑھنے کے بعد وہ کتاب اُلٹ کر رکھ دیتے۔ دو چار منٹ توقف کرتے پھر آگے بڑھتے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ سمجھنے کا کہ مصنف کیا کہہ رہا ہے، ایک اچھا طریقہ تھا جو پڑھنے کو زیادہ معنی خیز اور اس کے اثرات کو زیادہ دیر پا بنا دیتا ہے۔ اس وقت میرے ذہن میں یہ بات نہ آئی ورنہ مطالعہ زیادہ فائدہ بخش ہو جاتا۔ ان کی ایک دوسری عادت تھی۔ بستر پر لیٹ کر مطالعہ کرنے کی۔ اس سے بڑی آسائش کوئی نہیں لیکن میں نے بارہا کوشش کی، کبھی لیٹ کر پڑھ نہ سکا۔ کتابیں انسان کو جگاتی ہیں، مجھے انھوں نے اکثر و بیشتر سُلایا۔ اور اسے میں ایک بڑی محرومی تصور کرتا ہوں۔ خوش قسمت ہیں وہ لوگ جنھوں نے سونے سے پہلے پڑھنے کی عادت ڈال لی ہے۔

والد مرحوم نے شاید خود کبھی منظم کھیلوں میں حصّہ نہ لیا ہو کہ انکے زمانہ میں شاید اس کا چلن بھی نہ تھا۔ کسرت البتہ کثرت کے ساتھ کیا کرتے تھے۔ ہمیں وہ دو چیزوں کی تاکید کیا کرتے تھے، نماز اور کھیل۔ یہ اجتماع انوکھا تھا؛ اسے ہم نے وصیت جانا اور حرزِ جاں بنالیا۔ بھائی صاحب کی صحت نازک تھی۔ اُن کے لیے استثنا کے ادوار طویل ہو گئے لیکن بھائی جان اور میں کھیل کے میدان میں اس طرح داخل ہوئے کہ پیچھے کی طرف مڑ کر نہیں دیکھا۔ بڑے بھائی اگر دو ہوں تو بڑے کو عام طور پر بھائی صاحب کہا جاتا ہے اور چھوٹے کو بھائی جان۔ ہمارے گھر میں نہ معلوم کس طرح یہ ترتیب اُلٹ گئی۔ اور یہ ان غلطیوں میں سے ہے جو ایک بار زبان پر چڑھ جائیں اور دل میں بیٹھ جائیں تو تصحیح اور مداوا قبول نہیں کرتیں۔ بھائی جان مجھے کھینچ کر مار پیٹ کر کھیل کے میدان میں لے آئے۔ چھ سات سال کی عمر ہوگی کہ ہاکی شروع کر دی اور پچاس سال کی عمر تک اس کا سلسلہ جاری رہا۔ اسی کے لگ بھگ نماز پڑھنا شروع کی کچھ عرصے تک باجماعت نماز۔ اس وقت یہ عالم کہ آنولہ میں بالائے قلعہ قبل فجر کے اندھیرے میں تنہا۔ تنہا ایسا راستہ طے کرتے ہوئے جو شاذ

ضحاک بنا ہوا تھا۔ مسجد جاتا ! کبھی کبھی وہاں جھاڑو دینے کا موقع بھی مل جاتا۔ ذرا آگے بڑھا تو نقشہ یہ تھا (نعوذاً نہ سہی) کہ بغل میں مصلّٰے، ایک ہاتھ میں ہاکی اسٹک، ایک میں کتاب اور کان میں قلم۔ ترجیحات میں ہاکی اسٹک سب سے اول تھی اور کہولت کے باوجود اور اللہ اللہ کرنے کے ایام میں بھی وہی ترجیح برقرار ہے۔ "قحبہ چوں پیر شود پیشہ کند دلالی"۔ اب ہاکی کا مشہور ٹورنامنٹ' جواہر لعل نہرو ٹورنامنٹ چلا رہا ہوں صدر کی حیثیت سے ـــــــــ ۲۳ سال کا ہوا تو ٹینس کا ریکٹ ہاکی اسٹک کا حریف بن گیا۔ ۳۰ سال تک دونوں نے ساتھ دیا۔ ۴۰ سال کی عمر تک ٹینس کھیلتا رہا۔ اس کے بعد کچھ عرصے گنڈے دار، پھر سانس پھولنے لگی اور ٹینس چھوڑنا پڑی۔ حالانکہ سوچتا تھا کہ یہ جبھی چھوٹے گی جب دم ٹوٹے گا۔ انسان جو آرزوئیں باندھتا ہے' وہ اس کے رجحانات کی خبر دیتی ہیں۔ ایک عرصہ تک جولانگہ دل میں دو تمنّائیں پہلو بہ پہلو چلتی رہیں۔ ٹینس کے کعبہ یعنی ومبلڈن کی زیارت اور حج بیت اللہ۔ ۶۰سال کے بعد یہ دونوں آرزوئیں پوری ہوئیں۔ گردش لیل و نہار نے ترتیب کو درست کر دیا۔ پہلے حج کی سعادت نصیب ہوئی پھر ومبلڈن کی زیارت۔ جو حضرات عبادت اور لہو و لعب کے ایک سانس میں ذکر کو معیوب سمجھیں وہ خدارا مجھے معاف کر دیں۔

کھیلوں کا ذکر ذرا تفصیل سے اس لیے کیا ہے کہ میرے اجزائے دل ان کے ساتھ شامل ہیں' اور میری شخصیت جو کچھ بھی ہے' بھلی بُری، اس کی تشکیل میں کھیل کو بڑا دخل رہا ہے۔ اس کا ایک فائدہ تو ظاہر ہے کھیل کی والہانہ پابندی نے صحت کو ٹھیک رکھنے میں مدد دی؛ اس نے جفاکشی کی عادت ڈالی، سرد و گرم کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت بخشی۔ کھیلوں نے یہ سبق دلنشیں کر دیا کہ زندگی میں دھوپ چھاؤں اور ہار جیت لگی رہتی ہے' اور کوئی عمل ایسا نہیں جو مکافات سے بری ہو۔ مخالف کے چوٹ لگاؤ گے تو خود بھی نہیں بچ پاؤ گے۔ ہارنے پر مغموم نہ ہو اور جیتنے پر بغلیں نہ بجاؤ۔ ہارنے پر منھ نہ لٹکاؤ، نہ کھسیاؤ، ہارنے پر مسکرانا سیکھو۔ محنت اور کوشش کبھی رائیگاں نہیں جاتی لیکن یہ ضروری نہیں کہ جتنی بار کوشش کرو گے اتنی بار کامیاب بھی ہو گے۔ قضا و قدر نے اپنے پاس بھی بہت کچھ رکھ چھوڑا ہے۔ کھیل نے یہ بھی سکھایا کہ انسان یکہ و تنہا رہ کر زیادہ کچھ نہیں کر سکتا۔ اس کی کامیابی کا راز مل کر کام کرنے میں ہے۔ وہ ٹیمیں جن میں انفرادی طور پر بہترین کھلاڑی شامل ہوں' لیکن جو مل کر نہ چل سکتے ہوں۔ اکثر ان ٹیموں سے ہاری ہیں

جن میں کھلاڑی زیادہ اچھے نہیں تھے لیکن وہ کھیل کے دوران اس طرح گتھم جاتے تھے جیسے ایک آدمی ہو اور ایک ہی مقصد۔ انگریزی میں ایک محاورہ ہے Fair play یعنی منصفانہ کھیل۔ مراد یہ ہے کہ مخالف کی جگہ خود کو رکھ کر دیکھو اس کے ساتھ ویسا ہی برتاؤ کرو جیسا تم اپنے لیے چاہتے ہو۔ کوئی ناروا حربہ، کوئی ناجائز ترکیب، کوئی بے جا رعایت کھیل کے دوران تمہارے ذہن اور ہاتھوں کو آلودہ نہ کر پائے۔

اگر یہاں آپ مجھے آگے کی بات کہنے کی اجازت دیں، زمان و مکان میں جست لگانے کی تو میں یہ عرض کروں کہ میری عمر کے پہلے ۶۰ سال ان پانچ سالوں کی تیاری کے بطور تھے جو کہ میں نے ۱۹۸۰ء سے لے کر ۱۹۸۵ء تک علی گڑھ میں گزارے۔ ڈیڑھ دو سال کا ایک دور وہاں ایسا گزرا جب موسم دن میں کئی کئی بار بدلتا تھا۔ سارا اہتمام اس کا تھا کہ چند روز میں پرزے اُڑ جائیں اور شخصیت ریزہ ریزہ ہو کر بکھر جائے۔ میرے ساتھ یہ سب کچھ نہیں ہوا۔ اتار چڑھاؤ، دھوپ چھاؤں، نشیب و فراز، اور مدّ و جزر اور وعید و نوید، باڑھ پر آئی ہوئی ندی کی طرح چٹان پر سے گزر گئے۔ افکار و حوادث کے تیر باراں کے خلاف میرے پاس دو ڈھالیں تھیں۔ نماز اور کھیل۔ ان سے جو کچھ جذب کیا تھا وہی آڑے وقت میں کام آیا۔ یعنی اپنے پیدا کرنے والے پہ بھروسہ اور ہار جیت سے مکمل استغنا۔

مشاہیر میں سے میں نے ابھی تک کسی کا ذکر نہیں کیا ہے۔ ابتدائی تعلیم اٹل بہاری پرائمری اسکول اناؤ میں حاصل کی، چٹائی پہ بیٹھ کر۔ تختی پوتی اور اس پہ نرکل کے قلم سے لکھا بھی، لیکن کم تختی اس طرح آئی (مولوی صاحب کی نہیں شاگرد کی) کہ تختی کی مشق در اصل نہیں کی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ جس گھر میں اور سب کے خط اچھے تھے میں بدخطی کے لیے بدنام ہو گیا۔ تیسری جماعت میں داخلہ گورنمنٹ ہائی اسکول اناؤ میں لیا۔ یہ ذکر ۱۹۲۷ء کا ہے۔ اسکول کے سالانہ جلسہ میں تقسیم انعامات کے لیے ضلع کے ڈپٹی کمشنر آئے تھے۔ مجھے بھی نہیں معلوم کیوں ایک کتاب انعام میں ملی، جو شاید چند روز کے بعد کھو گئی۔ یہ پیش رو تھی۔ ان بہت سی کتابوں اور کاغذوں اور مواقع کی، جو میں زندگی کے سفر میں قدم قدم پر کھوتا رہا ہوں۔ شعور ہوتا تو اس کتاب کو احتیاط کے ساتھ رکھتا۔ مجھے ۱۸ سال کے بعد ان سے بلند شہر میں ملاقات ہوئی تو میں نے انھیں یاد دلایا کہ میں ان کے دستِ مبارک سے انعام حاصل کر چکا ہوں۔ اثر صاحب

کا شمار اردو کے خوش گو شعرا میں ہوتا ہے۔ زبان و بیان پر قدرت ان سے منسوب کی جاتی ہے۔ نظم و نثر دونوں پر انھیں عبور تھا۔ لیکن یہ ساری صفات اس گرویدگی کی توجیہ نہیں کر سکتیں جو بعد میں میں نے ان کے لیے محسوس کی۔ میں نے اپنی زندگی میں کسی شخص کو اس قدر شیریں زبان نہیں پایا۔ شفاف چہرہ، شرافت سے درخشاں، میٹھی آواز، لہجہ میں نرمی، شفقت، محبت انسانیت، دردمندی اور صداقت۔ جملوں میں نگوں کی طرح ایک ایک لفظ جڑا ہوا۔ یوں تو زبان اہلِ لکھنؤ، خصوصاً شیعان لکھنؤ کی کنیز ہے۔ لیکن لکھنؤ والے زورِ بیان اور طغیانِ مروّت اور ہجومِ تکلف میں بعض اوقات حقیقت کو پیچھے چھوڑ جاتے ہیں۔ اثر صاحب نے اپنے تکلف کو تصنع کے آسیب سے بچا کر رکھا۔ وہ خوش بیان، خوش فکر اور نکو کردار انسان تھے۔ شیریں زبان انسان بسا اوقات کھرے انسان نہیں ہوتے، لیکن وہ تھے۔ میرا جیسا رو ہیلکھنڈی جو طبعاً اور علاقتہً کھرے پن کو حسنِ بیان پر ترجیح دیتا ہے۔ انھیں دیکھ کر بڑی دلنواز حیرت میں پڑ گیا۔ اثر صاحب بلند شہر کیوں آئے؟ اس وقت ڈاکٹر رام بابو صاحب سکسینہ مورخ ادبِ اردو وہاں کلکٹر تھے۔ ان کے ایما پر ہم نے ایک مشاعرہ اور ایک ادبی محفل ترتیب دی تھی۔ میں اس وقت انوپ شہر تحصیل کا ایس۔ ڈی۔ او تھا۔ شرکت کرنے والوں میں خاص طور پر قابلِ ذکر اثر صاحب اور سید محمد جعفری تھے، جو پیروڈی میں ابھی تک حرفِ اول اور حرفِ آخر ہیں جمیل الدین عالی کے علاوہ جن سے بوجوہ قرب تھا، کنور مہندر سنگھ بیدی شمع خراماں کی طرح دلّی سے اپنے پروانوں کو ساتھ لے کر آئے جن میں فیض جھنجھانوی، آغا شاعر قزلباش اور نہ جانے کون کون شامل تھے۔ اثر صاحب کی کوثر میں دھلی ہوئی شائستگی اور شرافت نے مجھے بہت متاثر کیا۔ افسوس اس کا ہے کہ ان سے ایک بات جو سیکھنے کی تھی میں نے نہیں سیکھی۔ وقت کے تلوں سے سارا تیل نچوڑ لینے کی عادت، زندگی کو سانچے میں ڈھالنے کا ہنر، اوقات کی بار آور تقسیم، وقت نکال کر بلاناغہ روز چند گھنٹے جم کر لکھنے کا معمول۔ لکھنے پڑھنے کے بارے میں جو خواب میں نے دیکھے تھے وہ شرمندۂ تعبیر ہو ہی نہیں پائے۔ جو لوگ کام سازگار ماحول یا فرصت کے لیے اٹھا کر رکھتے ہیں۔ ان سے کبھی وہ کام انجام کو نہیں پہنچتا۔ ان لوگوں کو یہ موٹی سی بات بھی نہیں معلوم کہ "فوری" سب سے بڑا دشمن ہے "اہم" کا۔ وہ لوگ جو ایسی ملازمتوں پر مامور ہیں جہاں کاموں کی نوعیت متفرق ہے وہاں فوری نوعیت کے کاموں کا تانتا بندھا رہتا ہے۔

چنانچہ ایسے کام جو دراصل ضروری اور اہم ہیں، ان کی پکڑ میں آ ہی نہیں پاتے۔ اثر صاحب کے علاوہ دوسری مثال باقاعدگی سے تصنیف و تالیف کا کام کرنے کی ڈاکٹر رام بابو سکسینہ کی میرے سامنے تھی جنھوں نے سرکاری مصروفیات اور کلب کے مشاغل کے باوجود تاریخ ادب اردو لکھ ڈالی، اور ایک اور مبسوط کتاب "اردو کے یوروپین اور اینگلو یوروپین شاعر" قلمبند کی۔ اور یہ اس صورت میں کہ خود ان کی گرفت اردو پر مضبوط نہیں تھی۔ انھوں نے جو کچھ لکھا انگریزی میں لکھا۔ تاریخ ادب اردو کا ترجمہ شاید اصل سے بڑھ گیا۔ رام بابو صاحب سکسینہ نے عروج کے بعد زوال دیکھا۔ تومیں تو جزر و مد کو برداشت کر جاتی ہیں، افراد ٹوٹ جاتے ہیں۔ خدا کسی کو عروج کے بعد زوال، اقبال کے بعد ادبار نہ دکھائے۔ سکسینہ صاحب بھاری بھرکم، قوی الجثہ اور زوردار آدمی تھے۔ شان و شوکت اور آن بان کے ساتھ رہتے تھے۔ ٹینس اچھی کھیلتے تھے۔ شام کو اسی طرح روز ساتھ ہو جاتا تھا۔ مجھ پر شفقت کرتے تھے۔ مسز رام بابو سکسینہ اللہ والی خاتون تھیں۔ ہم اب بھی ان کی خدمت میں حاضری کو سرمایۂ سعادت جانتے ہیں۔ ماں آنند مئی سے انھیں قرب رہا ہے۔ کنور مہندر سنگھ صاحب سے بھی کچھ سیکھا جا سکتا تھا۔ انھوں نے ایک پُرآشوب دور میں اردو شعرا کی ڈھارس باندھی۔ منصب کو انھوں نے خدمت اور امدادِ خلق کا ذریعہ بنایا۔

بلند شہر کے دور (۴۷-۱۹۴۴ء) میں نواب احمد سعید خاں صاحب نواب چھتاری سے روشناس ہوا۔ اُن کی زندگی سے انضباط، باقاعدگی، مداومت، آشتی اور حسن تدبیر کا سبق لیا جا سکتا تھا۔ انھیں اللہ تعالیٰ نے بہت کچھ دیا تھا۔ دولت، وجاہت، وقار، اقتدار، سوجھ بوجھ، حکمتِ عملی، حفظِ مراتب۔ انعامات اور اکتسابات کے لیے وہ بہت وسیع ظرف لے کر آئے تھے۔ جس وقت گورنر تھے اس وقت بھی اپنے حلقہ کے ادنیٰ سے ادنیٰ آدمی کا احترام کرنے میں ان سے کبھی کوئی فروگذاشت نہیں ہوئی۔

تاریخی ترتیب کو بحال کرتے ہوئے ہم علی گڑھ پہنچتے ہیں۔ جہاں میں نے پہلا پنج سالہ دور ۱۹۳۷ء سے ۴۲ء تک گذارا۔ واقعات تیزی کے ساتھ آگے بڑھ رہے تھے۔ سیاست کی بساط پر چالیں چلی جا رہی تھیں۔ ملک آزاد ہوا چاہتا تھا، دو ٹکڑے ہو کر۔ یونیورسٹی اکابرین سیاست کی گزرگاہ بنی ہوئی تھی۔ مسلم لیگ کا اثر بڑھتا جا رہا تھا۔ اس میں بڑا دخل محمد علی جناح کی مقناطیسی شخصیت کا تھا۔ اکثریت

سے لیگ کے رہنماؤں کی آتش بیانیاں اس پر مستزاد۔ اس زمانہ میں اچھے اردو مقررین کی ایک کھیپ کی کھیپ تیار ہوگئی تھی۔ یونین ہال میں آئے دن اور اسٹریچی ہال میں کبھی کبھی یہ لوگ دادِ طلاقت گفتار دیا کرتے تھے۔ فرنگی محل کے جمال میاں کی تقریر سُنی۔ انھوں نے قائد اعظم جناح صاحب کے لیے فرمایا۔

"ہے دل پوشیدہ اور کافر کھلا" ― تقریر میں تاثیر اور شگفتہ بیانی دست و گریباں تھے۔ مولانا عبدالحامد بدایونی بھی دم گفتار سحر کرتے تھے لیکن اردو کے ایک اور مقرر کو بھی سننے کا موقع ملا جس کا شاید کوئی حریف نہ تھا۔ نصف صدی کے قریب گزر چکی ہے، نہ کوئی جملہ یاد رہا، نہ زنجیرِ استدلال۔ لیکن دل و دماغ جو ایمان لے آئے تھے، اب بھی منکر نہیں ہیں۔ زمانہ اس تأثر کو دھندلا نہ پایا۔ یہ بزرگ تھے نواب بہادر یار جنگ۔ اردو میں اس سے بہتر تقریر میں نے آج تک نہیں سُنی اور میرا گمان یہ ہے کہ اردو زبان میں ایسا مقرر پیدا ہی نہیں ہوا۔ ہمارے زمانے میں ایک اور بڑے مقرر تھے۔ میری حسرت رہ گئی میں نے ان کو سُنا نہیں۔ ان کا نام تھا عطاء اللہ شاہ بخاری اور ان کا یہ عالم تھا کہ جسٹس شیونا تھ کاٹجو نے جو الٰہ آباد میں جج تھے ایک صحبت میں بتایا کہ مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری آئے ہوئے تھے الٰہ آباد میں۔ دیکھا کہ گھنگھور گھٹا چھا گئی ہے رات کا وقت تھا تو لوگ کسمسانے لگے کسی نے کہا کہ اندر چلیں تو مولانا نے کہا آپ بیٹھے رہیے میری تقریر شروع ہو جانے دیجیے اس کے بعد موسلا دھار بارش بھی ہو جانے دیجیے اگر آپ میں سے ایک شخص اپنی جگہ سے ہٹا تو میں مقرروں کی فہرست سے اپنا نام خارج کر دوں گا چنانچہ یہی ہوا۔ جسٹس کاٹجو بتلاتے ہیں کہ صبح چار بجے تک موسلا دھار بارش ہوتی رہی اور ان کی سحر بیانی سے جو لوگ متاثر تھے وہ اپنی جگہ سے نہیں ہلے۔ ان کے یہاں جہاں تک کہ میں نے سُنا ہے زورِ بیان کے ساتھ جوش بھی تھا۔ بس میں یہ سمجھتا ہوں کہ بہادر یار جنگ کی تقریر میں استدلال اور استدلال اس انداز کا اور اس روانی کے ساتھ جو شاید اردو کے کسی مقرر کو بھی نصیب نہیں ہوا۔ یہ میرا قیاس ہے میں یقین کیساتھ نہیں کہہ سکتا ہوں۔ پہلی بار اندازہ ہوا کہ بولی ہوئی اردو میں غیر معمولی صلاحیت ہے مطالب کا اظہار کرنے اور دلائل اور شواہد لانے کی، دل کو تسخیر کرنے اور ذہن پر چھا جانے کی۔ جہاں تک یاد پڑتا ہے مقرر نے نہ مبالغہ کیا، نہ پروازِ تخیل کے جوہر دکھائے، نہ ذہنوں کو بھڑکایا، نہ دل کو برمایا۔

تسلسل مطالب کا ایک دریا تھا جو بہا چلا جا رہا تھا، مضمرات کی پرتوں کی پرتیں منکشف ہوتی چلی جا رہی تھیں۔ زبان نہ تھی کشافِ حقیقت بن گئی تھی۔ آج تو نطق کی بن آئی تھی، اصلی اور مستعار دونوں مفاہیم میں فکر اگر مرتّب ہو' اور دلایل بہ تدریج جلوہ نمائی کریں اور جو بات کہی جا رہی ہو وہ کہنے لائق ہو' اور کہنے والا اس بات میں یقین رکھتا ہو' اور یقین بھی ایمان کے درجۂ حرارت والا' تو تقریر شعلۂ جوّالہ بن جاتی ہے۔ وہ شعلہ جو گرد و پیش کو بقعۂ نور بنا دیتا ہے جو دل کو گرمی اور ذہن کو روشنی بخشتا ہے۔ ہمارے آج کے اردو مقررین کو آپ دیکھیے کہ تسلسل اور استدلال اور تعقل اور ترتیب مضامین کا کوئی ذکر ہی نہیں وہاں تو جذبات کی سوداگری ہے اور وہ جذبات میں سارے حاضرین کو بہلے جاتے ہیں۔

انگریزی زبان میں بھی ایک اچھی تقریر سننے کو ملی۔ مقرر کا نام سید حسین تھا۔ ان کی ناکام محبت کی داستان زبانوں پر تھی۔ اس وقت جب وہ ولایت سے کچھ دنوں کے لیے آئے تھے۔ ہم اربابِ اصول کی مصلحت شناسی پر حیران تھے۔ تقریر کا حُسن بھی اب تک یاد ہے اور تاثیر بھی۔ مقرر خود صاحبِ جمال تھا۔ انگریزی میں اس سے بہتر تقریر صرف میں نے ایک سُنی ہے وہ بعد میں اور وہ ڈاکٹر رادھا کرشنن جی کی، یہ دونوں تقریریں ایسا محسوس ہوتا تھا کہ ادب پارے ہیں اور یہ مقرر ہیں۔ انگریزی زبان پر غیر معمولی قدرت رکھتے ہیں اہلِ زبان جیسی۔

محمد علی جناح کو دو بار قریب سے دیکھا، وہ بھی اچھلتے ہوئے انداز میں۔ سن چالیس یا اکتالیس کی بات ہوگی۔ وہ ٹرین سے اترے؛ ایک جمِ غفیر اسٹیشن پر انھیں لینے کے لیے موجود تھا۔ جلوس یونی ورسٹی کی طرف جادہ پیما ہوا۔ تل دھرنے کی واقعی جگہ نہ تھی۔ اسٹیشن روڈ پر توانسانوں اور اینٹوں کی دیواروں کے بیچ کچلے جانے کا اندیشہ لاحق ہوگیا تھا۔ ظہور گیٹ کے پاس جلوس سانس لینے کے لیے رُکا۔ ایک بڑے میاں جو بہت دیر سے اسی آرزو کو دل میں لیے ہم جلوسوں کے دھکّے کھاتے ہوئے چلے آ رہے تھے، اشتیاق اور عقیدت سے اپنے قائد کی طرف مصافحہ کرنے کے لیے بڑھے۔ انھوں نے صاف انکار کر دیا۔ مجھے یہ بات کچھ ناگوار ہوئی؛ میں نے سوچا' جناح صاحب نے ایسا کیوں کیا۔ بعد میں یہ بات سمجھ میں آئی کہ وہ ایسا نہ کرتے تو کتنے دن جی پاتے اور وقتِ عزیز پرستاروں کی نذر کر دیتے تو غور و فکر کس وقت کرتے، لائحۂ عمل کیوں کر بناتے۔ جناح

صاحب کی آنکھوں میں بلا کی چمک، چہرہ پر غیر معمولی ذہانت تھی۔ لوگوں نے ان کے ساتھ گھمنڈ منسوب کیا ہے۔ مجھے اس تابناک چہرہ پر باوجود ان تمام باتوں کے جو تقسیم ملک کی بنا پر ہوئیں مجھے ان کے چہرہ پر شرافت اور انسانیت کے نقوش بہت گہرے نظر آئے۔ وہ مدبّر مشہور تھے، انھوں نے ہمارے بڑے بڑوں کو، مسلمانوں کے بڑے بڑے رہنماؤں کو جوتے کی نوک پر رکھا۔ صاحبیت تو ان میں تھی ہی۔ لیکن ایسا لگتا ہے کہ یہ دوری، یہ سرفرازی، یہ غرور اور بظاہر دوسروں کی تحقیر ایک سوچے سمجھے منصوبہ کے تحت تھی۔ انھیں شاید ڈر تھا کہ اگر اپنے رفقاء کو انھوں نے ذرا بھی ڈھیل دی تو وہ سر پر چڑھ جائیں گے؛ انھیں بیچ کھائیں گے، یا خانہ جنگی کا معروف کھیل کھیلنے لگیں گے۔ رنگ ماسٹر کی طرح انھوں نے سب کو قابو میں رکھا؛ اشاروں پر چلایا۔ ایسا نہ کرتے تو پاکستان بننے کے چند سال بعد جو کچھ ہوا وہ اس کے بننے سے پہلے ہی ہو چکا ہوتا؛ اور پھر وہ بنتا کیسے؟ دوسری بار میں نے سوئمنگ پول کے سبزہ زار پر خود کو ان کے روبرو پایا۔ یہ شاید فروری ۴۲ء کی بات ہے۔ یونی ورسٹی گیمس کلب کا سالانہ جلسہ تھا۔ مجھے یونی ورسٹی ہاکی ٹیم میں امتیاز حاصل کرنے کی بنا پر یونی ورسٹی کا کلر جناح صاحب نے دیا اور کلر کے ساتھ کلر کا ہمرنگ ایک گلدستہ۔ ۸ سال بعد مجھے بھائی جان سے ملنے پاکستان جانے کا اتفاق ہوا۔ میں نے عقیدت کے ساتھ اسے ان کی خدمت میں پیش کر دیا۔ حق بہ حقدار رسید۔ بھائی کی بدولت کھیلوں سے میری یاد اللہ ہوئی۔ میری شخصیت (جیسی کچھ بھی ہے) کی تشکیل میں بھائی جان کی مثال، ہدایت اور راہنمائی کو بڑا دخل ہے۔ مجھے صرف ہاکی میں یونی ورسٹی ہاکی کلر ملا۔ بھائی جان کو مجھ سے پہلے یہ امتیاز ہاکی اور فٹ بال دونوں میں مل چکا تھا۔ کھیلوں نے میری خانہ نشینی کم آمیزی اور جھجک میں دراڑ ڈالی ورنہ میں کتاب کا کیڑا بنا رہتا۔ دیارِ غیر میں بھائی جان کو اپنی راست روی اور مضبوطی کی سزا ملی۔ لیکن وہ اپنی جگہ پر اٹل رہے۔ یہاں سے گئے تو وقار کے ساتھ؛ چوری چھپے نہیں، باقاعدہ استعفیٰ دے کر۔ اور وہاں پہنچ کر انتہائی تکلیف اور بے سروسامانی کے عالم میں انھوں نے کسی سے مدد طلب نہیں کی؛ اور ہمارا سر فخر سے بلند کر دیا۔

جناح صاحب کا شمار بہت اچھے مقررین میں ہوتا تھا۔ ان کی انگریزی تقریر سننے کا ایک بار اتفاق ہوا۔ زبان پر قدرت کا تو ذکر ہی بے کار ہے۔ اس آتار چڑھاؤ کی بات نہیں لیجیے جو ان کے لب و لہجہ کو ممتاز اور دلیل کو پُر تاثیر بنا دیتا تھا۔ یہ انداز عدالت میں بحث کرنے کا نیا تھا۔ ہر

نقطہ، ہر اشارہ، آواز کا ہر مد و جزر مقصود کی طرف رواں دواں لے جا رہا تھا۔ مقصد تھا قایل کرنا، مایل کرنا، متاثر کرنا اور زورِ استدلال سے موقف کو تسلیم کرانا، بات کو منوالینا۔ دلائل کی تان جہاں ٹوٹتی تھی وہیں آواز اپنے نقطۂ عروج پر پہنچ جاتی۔ گویا اب ہم مقرر کی گرفت میں ہیں۔ یہاں سے پیچھے لوٹ کر نہیں جا سکتے۔ بات کو ماننے کے علاوہ اب کوئی چارہ نہیں ہے۔ عجیب منظر تھا، ایک ہی تقریر میں سامعین سو سُنار کی، اور ایک لوہار کی، دونوں کا تجربہ کر لیتے تھے۔

میں یہاں ان الزامات سے بحث نہیں کرونگا۔ (۱) محمد علی جناح کی ضد اور نخوت نے ہندستان کے دو ٹکڑے کر دیئے۔ (۲) ملک کا بٹوارہ بربادی کا پیش خیمہ بن گیا۔ (۳) پاکستان کا آگے چل کر جو حشر ہوا اور اس کا جو نقشہ آج ہے، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ بنیاد ہی اس دیار کی کج پڑی۔" پاکستان کے اربابِ اختیار اور وہاں کے بااثر طبقات، اگر اندیشہ سے زیادہ نااہل، خود غرض، زر پرست، بے تہے اور کھو کھلے ثابت ہوئے تو اس میں قصور جناح صاحب کا نہیں تھا۔ پاکستان کے تصور کا جہاں تک تعلق ہے اس میں کسے شک ہوگا کہ غیر منقسم ہندوستان کو تقسیم سے زبردست جراحت پہنچی جس کے اندمال کے ابھی تک کوئی آثار نہیں ہیں۔ لیکن اس کی ذمہ داری ایک فردِ واحد پر ڈال دینا تاریخ کے عوامل اور موضوع کی پیچیدگی سے آنکھیں مُوند لینا ہے۔ میں نے اپنے بعض ہندو دوستوں سے یہ بات کہی ہے کہ سید احمد خاں سے لے کر مولانا محمد علی، محمد علی جناح اور حسرت موہانی تک مسلمانوں کے بڑے بڑے رہناؤں کی زندگی کو دیکھو۔ ان میں سے ہر ایک نے اپنی سیاسی زندگی اور نظامِ فکر کی بنیاد جوش و خروش اور شدت کے ساتھ وطن پرستی پر رکھی۔ پھر کیا وجہ ہے کہ آہستہ آہستہ وہ سب کے سب اس روش سے ہٹ گئے، اور انھوں نے اپنی توجہات کو مسلمانوں تک محدود کر دیا۔ یہ سمجھنا کہ وہ سب مغرور یا خود غرض یا انگریز دوست، یا فرقہ پرست یا کج فکر تھے قرینِ قیاس نہیں معلوم ہوتا۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ ہندوؤں سے بھی کوئی سہو ہوا ہو، کہیں ایسا تو نہیں کہ انھوں نے اقلیت کے نقطۂ نظر کو سمجھنے اور اس کے جذبات کا احترام کرنے کو لائقِ اعتنا ہی نہ سمجھا ہو۔" مسلمان ان لوگوں میں ہیں ہی نہیں جنھیں تصویر بنانا آتی ہو۔ مُو قلم دوسرے چابک دستوں کے ہاتھ میں ہے۔ وہ مسلمانوں کی جیسی بھی تصویر چاہتے ہیں بنا دیتے ہیں، جادو سر پر چڑھ کر بولتا ہے اور مسلمان بھی اسے باور کرنے لگتے ہیں، دوسروں کے آئینہ میں اپنا عکسِ جمیل دیکھ کر انھیں اپنی بدشکلی اور بدہیئتی پر اعتبار

آجاتا ہے۔ لیکن تقسیم کے لیے مسلمانوں کی سولہ آنہ ذمہ داری کا طلسم بالآخر ٹوٹ کر رہا۔ طلسم کو توڑنے میں ہمارا کوئی دخل نہیں ہے۔ انڈیا آفس کے کاغذات پردۂ خفا سے نکلے تو نقشہ بدلنے لگا۔ تقسیم کی ذمہ داری کا بار منتقل ہونے لگا۔ ملک کے بانٹنے کی ذمہ داری بھی بنٹنے لگی۔ یہ بات اب پایۂ ثبوت کو پہنچ چلی ہے کہ قصور صرف ان کا نہیں ہے جنھوں نے بٹوارہ کا نعرہ بلند کیا، ان کا بھی ہے جو اپنے طرزِ عمل سے اس نعرہ کے محرک ہوئے۔ خطا ان ہی کی نہیں ہے جنھوں نے اسے اپنا سیاسی موقف بنا لیا بلکہ انکی بھی جنھوں نے مصالحت کے امکانات کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ بہرحال ہندستان کی یہ بہت بڑی بدقسمتی ہے کہ ملک کے ٹکڑے کر دیئے گئے۔ لیکن کیک کو کاٹنے والی چھری کئی ہاتھوں کی گرفت میں تھی۔ یہ بات بھی واضح ہوتی چلی جارہی ہے کہ مستقبل میں تینوں ملکوں کے درمیان ایک آسودہ اور سہل گیر وفاق کے علاوہ کوئی چارہ کار رہے گا ہی نہیں۔

لیکن میں اپنے موضوع سے ہٹ گیا ہوں۔ میرا موضوع یوں بھی سیاست کبھی نہیں رہا۔ جلسوں اور تقریروں میں جانے کی نہ میرے پاس فرصت تھی، نہ خواہش۔ ہاکی پیک اپ (پریکٹس) سے لوٹتا، سردیوں میں بھی پسینہ سے شرابور۔ نماز پڑھتا کھانا کھاتا۔ کرسی پر پڑھنے بیٹھتا۔ نیند آجاتی۔ یوں ہی بیٹھا سوتا رہتا۔ گردن جھٹکے کے ساتھ ایک طرف کو جھک جاتی تو کرسی سے بستر میں منتقل ہو جاتا۔ انگلستان کے اعلیٰ اسکولوں کے نظام زندگی پر نادانستہ عمل ہو رہا تھا۔ پڑھا پڑھا کر اور کھیل کے میدان میں کھلا کھلا کر ہر طالب علم کو اس قدر ہلکان کر دو، تھکا دو اور نڈھال کر دو کہ ان میں کسی قسم کی شرارت کرنے کا نہ حوصلہ باقی رہے، نہ توانائی۔ کھیل کے علاوہ سید حامد کے شانوں پر نماز کا بوجھ بھی لگا ہوا تھا؛ اور وہ توقعات بھی پاؤں پکڑے لیتی تھیں جن کا اظہار اس کی طرف سے اس کے باپ نے کیا تھا۔ لہٰذا ہاکی کے علاوہ کسی دوسری غیر نصابی دلچسپی کی گنجائش ہی نہیں تھی۔

علی گڑھ کے اکابرین کا تذکرہ تفصیل سے کرنا چاہیے تھا؛ افسوس کہ وقت نہیں ملے گا۔ سرِفہرست سر شاہ سلیمان تھے۔ ایسی دوسری پاکیزہ شخصیت نے شاید شیخ جامعہ کی کرسی کو زینت نہیں بخشی۔ چہرہ شرافت اور ذہانت سے رخشندہ۔ شخصیت بے لوث اور کھری اور راست رو اور درد مند اور ہمہ وقت متحرک۔ ادب، سائنس اور ریاضی میں نہ صرف دخل بلکہ استادی مہارت اور انجذاب۔ عدلیہ کے لیے نشانِ امتیاز۔ عنفوان عروج میں وہ ہم سے چھن گئے۔ ۵۱ سال کی عمر ہی کیا ہوتی ہے۔

ان کی کثیر جہت اٹھان کو موت کے ظالم ہاتھوں نے کچل دیا۔

پروفیسر محمد حبیب کا شمار تاریخ اور پولیٹیکل سائنس کے نوابغ میں ہوتا تھا۔ لیکن امتیاز کا بوجھ ان کے شانوں اور علوم کا بار ان کے دماغ نے کبھی محسوس نہیں کیا۔ عجیب سادگی اور بے نفسی تھی جسے فقر سے علیحدہ کرنا دشوار تھا۔ عقاید میں آشنا دمش نہ ہوتے تو دنیا انھیں ولی سمجھتی۔ ان کے بارے میں جو کچھ کہہ رہا ہوں ایک حد تک یہ سُنی سُنائی باتوں پر مبنی ہے۔ بھائی جان چھٹیوں میں گھر آتے تو پروفیسر حبیب کی محیر دردمندی اور طلبہ دوستی کا ذکر عقیدتمندانہ کرتے۔ میں پہنچا تو بھی ہر طرف اسی کے چرچے تھے۔ بی۔ اے میں تاریخ پڑھی لیکن حبیب صاحب کا ایک لیکچر بھی میسّر نہیں آیا۔ شیخ عبدالرشید سے تاریخ ضرور پڑھی۔ ان کے لیکچر میں بھی ہم سب کو دم بخود پاتے تھے — حبیب صاحب شعبہ میں آتے جاتے نظر آجاتے تھے۔ ایک دن ڈاکٹر ہادی حسن ہمیں (اختر محمود خان کو جو کو بلا اور کوسنگی شہرت والے اور علامہ مشرقی کے داماد اختر حمید خاں کے منجھلے بھائی تھے' اور مجھے اور کسی ایک اور طالب علم کو) حبیب صاحب کے یہاں لے گئے۔ شانِ نزول یہ تھی کہ ہم لوگوں نے آئی۔ سی۔ ایس کی تیاری شروع کی تھی۔ ہمارے مدار المہام ہادی حسن صاحب تھے۔ انھوں نے طے کیا کہ ہماری معلوماتِ عامہ پر حبیب صاحب سے صیقل کرادیں۔ دو یا تین بار جانے کا اتفاق ہوا۔ فائدہ کچھ نہ کچھ ضرور ہوا۔ لیکن آنکھیں خیرہ ہوگئیں۔ دنیا کا کون سا موضوع تھا جس پر حبیب صاحب ذہن نشیں انداز میں اعتماد اور روانی کے ساتھ گفتگو نہ کرسکتے ہوں۔

پروفیسر رشید احمد صدیقی کو علی گڑھ کے تصور سے جُدا کرنا گوشت کو ناخن سے جُدا کرنا ہے۔ علی گڑھ کو آج تک نہ ایسا بلند پایہ پرستار ملا، نہ شارح نہ ترجمان۔ اردو میں نے پارٹ ون میں پڑھی۔ اس لیے رشید صاحب سے زیادہ بہرہ یاب نہ ہوسکا۔ لیکن ان کی کشش کا جادو تھا کہ جھجک کو جھٹک کر چار چھ بار ان کے گھر پہ حاضری دی اور دو چار مرتبہ باریاب بھی ہوا۔ ان پہ بہت کچھ لکھا گیا ہے اور بہت کچھ لکھنے کو باقی ہے۔ ذاکر صاحب کی ذہانت کے بارے میں رشید صاحب نے جو کچھ لکھا ہے وہ اپنے وزن کے ساتھ ان پر صادق آتا ہے۔ میں نے اکثر انھیں لیٹن لائبریری میں بشیر الدین صاحب کے پاس دیکھا۔ بشیر صاحب بھی ہمارے لیے سرمایۂ افتخار تھے۔ ان کا شمار ملک کے بلند قامت لائبریریوں میں ہوتا تھا۔ کتابوں کے ساتھ ان کا تعلق مار بر سرِ گنج کا سا نہیں تھا، خزینہ

برابر ان کے صرف میں آتا۔ بہت پڑھے لکھے اور باخبر انسان تھے۔ شاید ان ہی سے رشید صاحب کتابوں کے بارے میں معلومات حاصل کرتے ان کا انتخاب کرتے اپنے علم کو تازہ کرتے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے دوسرے جس مسافت کو مہینوں میں طے کریں رشید صاحب اس کو گھنٹوں میں نبٹا دیتے تھے۔ یعنی تیز ورق گردانی اور پڑھنے میں تیز رفتاری کا ایک بڑا فائدہ یہ ہے کہ انسان اپنا وقت پڑے گننے میں ضائع نہیں کرتا۔ جنگل کی ساخت، شکل اور نشیب و فراز اور انبوہ اشجار ایک نظر میں اس کی گرفت میں آجاتے ہیں۔ وہ چھلکوں سے الجھے بغیر مغز تک پہنچ جاتا ہے۔ یہاں وسعتِ نظر اور دقتِ نگاہ دونوں بیک وقت اپنا عمل شروع کر دیتی ہیں۔

خواجہ منظور حسین کے شاگرد؛ زباں پہ بارِ خدایا یہ کس کا نام آیا، ان کی پرستش کرتے تھے۔ کل ہی "نقد و نظر" کا تازہ شمارہ پڑھ رہا تھا۔ پروفیسر اسلوب احمد انصاری نے خواجہ صاحب کا ذکر جس والہانہ انداز میں کیا ہے اسے پڑھ کر لطف آگیا۔ یہ سطور انھوں نے خواجہ صاحب پر میرے ایک ہم جماعت انعام الحق کے مضمون کی تمہید میں لکھیں۔ اسلوب صاحب از خود اپنا کا شاگردِ رشید سمجھنا چاہیے۔ ہم خواجہ صاحب کا پروانہ وار طواف کرتے تھے؛ ان کے اطوار اور انداز اور لب و لہجہ پر ہم سب فریفتہ تھے۔ حسبِ مقدور ان کی نقل بھی کرتے تھے۔ ایسی کون سی خوبی تھی ان میں جس نے ان کے شاگردوں کو ان کا شیدا بنا دیا تھا۔ ایک خوبی ہوتی تو یہ تاثیر کہاں سے آتی۔ خوبیوں کی کہکشاں تھی ان کی ذات۔ انگریزی ادب پر ان کی غیر معمولی قدرت؛ فارسی زبان اور اردو ادب کا نہایت نکھرا ہوا ذوق۔ شرافت، لیاقت کے شانہ بہ شانہ چلتی ہوئی، اس پر مستزاد ان کی سانچے میں ڈھلی ہوئی شخصیت' ان کی وجاہت اور جمال؛ اور پرکشش اور دیدہ زیب اطوار، جامہ زیبی اور خوش لباسی اور حیا اور نفاست اور بانکپن۔ اتنی اچھی اردو بولتے ہوئے میں نے کسی کو نہیں سنا۔ انگریزی کا لہجہ ایسا کہ بے اختیار جی یہ اتارنے کو جی چاہے۔

پروفیسر فیلڈین شعبہ کے صدر تھے، کیمبرج یونی ورسٹی سے سینٹ جونس کالج آگرہ آئے' وہاں سے علی گڑھ۔ قدیم انگریزی پر سند کی حیثیت رکھتے تھے۔ آئی۔ سی۔ ایس کی تیاری کے دوران چند مضمون لکھ کر انھیں دکھائے۔ باکمال اساتذہ بھی شعرا کو کیا اصلاح دیتے ہوں گے جیسی اصلاح ان کے لال روشنائی والے قلم سے ٹپکتی تھی۔ ان کے قلم کی سرخ روشنائی نے سرخروئی کے ابواب کھول

دیئے۔ چند معنی خیز ترمیموں سے مضمون کی سطح کتنی اونچی ہو جاتی۔ اس وسیع القلب اور نیک نہاد انگریز کے لیے اب بھی دل سے دعائیں نکلتی ہیں۔ رواں رواں اس کا ممنونِ احسان ہے۔ مسز فیلڈین کا بھی جو ہمیں باقاعدہ چائے پر بلاتی تھیں۔ ہمارے ساتھ بیڈ منٹن کھیلا کرتی تھیں اور ہمیں بیڈ منٹن کھلاتی تھیں۔ انسانیت اور ہمدردی ان کا طرۂ امتیاز تھی۔ نہ معلوم کتنے غریب طالب علموں کی مدد اپنی تنخواہ سے کیا کرتے تھے۔

ڈاکٹر ہادی حسن کا ذکر ابھی کر چکا ہوں۔ یونی ورسٹی میں چار سو ان کا ڈنکا بجتا تھا۔ انتہائی حسین اور جامہ زیب انسان تھے کہ حسن دونوں کے درمیان قدرے مشترک تھا۔ لیکن خواجہ صاحب کا قد بوٹا سا تھا اور ڈاکٹر ہادی حسن کشیدہ قامت تھے۔ ذہانت ان کی کنیز تھی اور علم ان کی قلمرو۔ ایرانی النسل تھے، غالباً حیدر آباد میں پلے بڑھے۔ ولایت سے باٹنی کے منتہی ہو کر آئے۔ علی گڑھ میں آکر فارسی پڑھانے لگے۔ لب و لہجہ اہلِ زبان کا تھا۔ ان کی فارسی کی دھوم مچ گئی۔ میرے بعد کی بات ہے۔ شاہ ایران علیگڑھ آئے۔ پذیرائی میں تقریر ڈاکٹر ہادی حسن نے کی۔ شاہ انگشت بدنداں رہ گئے۔ ڈاکٹر ہادی حسن کے حُسن اور قادر الکلامی نے معزز مہمان کو ماند کر دیا تھا۔ داد دیئے بغیر نہ رہ پائے۔ جوش ملیح آبادی کے بارے میں روایت ہے کہ وہ تشبیہات کے بادشاہ تھے۔ ان کے ایک اشارہ پر تشبیہات صف بستہ سامنے چلی آتی تھیں۔ ہادی صاحب اسی طرح مترادفات کے بادشاہ تھے۔ ان کی دل پذیر تقاریر میں زورِ بیان کا ایک وسیلہ مترادفات کا ہجوم بھی تھا۔ جب تک کہ آٹھ دس مترادفات کو تحتِ زبان نہ لے آئیں انھیں تقریر کرنے میں لطف نہ آتا، اور نہ سامعین کو سننے میں۔ فارسی ڈپارٹمنٹ شاید سید محمود ہوسٹل سے تراش کر بنا تھا۔ اس کے سامنے لان پر ٹہلتے ہوئے بھی اکثر نظر آتے۔ لیکن کبھی تنہا نہیں۔ کسی طالب علم کی گردن میں ہاتھ ڈال کر خود بھی ٹہلتے اسے بھی ٹہلاتے۔ ضابطہ، رُعب اور فاصلہ کی فکر سے بے نیاز۔ ان کی مسکراہٹ قیامت خیز شرارت سے بھری ہوئی تھی۔ ان کے گرویدہ شاگردوں کے لیے یہ اندازہ لگانا دشوار تھا کہ شرارت نے ذہن سے زبان کی طرف کس وقت کوچ شروع کر دیا ہے۔ موریر کی کتاب حاجی بابا کا فارسی ترجمہ حظ کے ساتھ پڑھاتے تھے۔ شرافت سے ان کی آنکھیں جگمگانے لگتیں۔ "واللہ اگر ہائے مرگ درمان نہ بود، ایرانیان خیلی جنگ آوری بودند۔ واللہ اگر موت کا اندیشہ نہ ہوتا تو اہلِ ایران خوب دادِ شجاعت دیتے۔" سوچنے کی بات ہے آیت اللہ خمینی نے اپنے لائے ہوئے

انقلاب سے نہ صرف ملک کو بلکہ اہلِ ایران کے مزاج کو بدل ڈالا۔ یہ حضرات فارسی اور اردو ادب کے ایسے مشاہیر ہیں کہ جن کو دیو قامت کہا جاتا ہے اور یہ اجتماع اس وقت یونی ورسٹی میں تھا۔ ان سے بہت مختلف شخصیت ان کے رفیق کار مولانا ضیا احمد بدایونی کی تھی۔ لگتا تھا کہ قرون اولیٰ کے انسان ہیں۔ سادگی، سچائی، شفقت، استغنا، کلاسیکل فارسی پر اس قدر عبور شاید کم لوگوں کو میسر ہوا ہو۔ ان کے گھر کا دروازہ شاگردوں کے لیے کھلا ہوا تھا۔ خاقانی کے قصاید کو وہ پانی کر دیتے تھے۔ اب دنیا میں شاید ایران میں بھی کوئی نہ ہوگا جو خاقانی کے قصائد کو سمجھ سکتا ہو۔ جانتے ضرور ہوں گے کہ فارسی دانی میں ان کا کیا مقام ہے لیکن ابرو پر لیاقت کے بل کبھی نہیں پڑنے دیئے۔ ہیچمداں اور تنک مایہ شاگردوں کے وقار کو ہمیشہ برقرار رکھا۔ طہارت کا بڑا اہتمام تھا اس لیے سفر سے عذر کرتے تھے۔ ہم لوگوں نے بجنور میں بڑے پیمانے پر ایک مشاعرہ اور ایک ادبی کانفرنس کی یہ جنوری ۱۹۴۴ء کی بات ہے۔ میری درخواست پر تکلیف اٹھا کر اور چھینٹیں پڑ جانے کا اندیشہ ساتھ لے کر تشریف لے آئے۔ مشاعرہ غالباً جنوری ۱۹۴۴ء میں ہوا تھا۔ جہاں تک یاد آتا ہے شرکت کرنے والوں میں جگر مرادآبادی، مجروح سلطانپوری، نخشب جارچوی، روش صدیقی، احسان دانش، وحشی کانپوری، خمار بارہ بنکوی، سیماب اکبرآبادی وغیرہ۔ بیشتر نام اب حافظہ سے محو ہو گئے ہیں۔ صدارت سر رضا علی نے کی تھی جن کی برجستہ خیالی اور حاضر جوابی کے آگے نازک مزاج شاعر بھی دم بخود رہتے تھے۔ ملازمت سے ہٹ کر کوئی تنظیمی کام کرنے کا یہ میرا پہلا تجربہ تھا۔ شعراء سے تعارف کا موقع بھی ہاتھ آگیا۔

ڈاکٹر سر ضیاءالدین کا ذکر کیے بغیر علی گڑھ کی روداد مکمل نہیں ہوتی، سر شاہ کے بعد وہ دوبارہ وائس چانسلر ہوئے۔ یہ کہنا تو شاید مشکل ہو کہ وہ دودھ کے دُھلے ہوئے تھے۔ لیکن ایسا کہنے کی خواہش بھی کیوں ہوئی ضرورت بھی کیوں پڑی کیا یہ کہنا کافی نہ ہوگا کہ علیگڑھ کے لیے جو کچھ انھوں نے کیا وہ کسی دوسرے وائس چانسلر کے لیے ممکن نہ ہو سکا اور نہ علی گڑھ کے ساتھ کسی دوسرے وائس چانسلر کو ایسی والہانہ وابستگی رہی ہے۔ ان کا کعبہ مقصود علی گڑھ ہی تھا، بس نہیں چلتا تھا کہ آسمان سے ستارے توڑ لائیں اور یونی ورسٹی کی قبا میں ٹانک دیں۔ میں نے کہیں اور ڈاکٹر ضیاءالدین سے متعلق اپنے تاثرات قلبند کیے ہیں۔ لہٰذا یہاں اختصار سے کام لوں گا۔ ان کا اصول تھا کہ وسائل کی فکر نہ کرو۔ جو

کام کرنے کا ہے وہ کر ڈالو، جو عمارت کھڑی کرنی ہے اس کی نیو ڈال دو۔ اس کا اطمینان رکھو کہ وہ ادھوری کبھی نہیں رہے گی۔ قوم جیسی کچھ بھی ہے بڑھ کر اسے سنبھال لے گی چاہے شروع میں اس کا رنگ دلشکن رہا ہو، کام کرنے والوں کے لیے اپنی مثال سے ڈاکٹر ضیاء الدین نسخۂ کیمیا چھوڑ گئے۔ انجینیرنگ کالج کی بنا انھوں نے اسی انداز سے ڈالی، ایک چھوٹی سی دوکان میں انھوں نے اس کالج کا آغاز کیا۔ اس دکان کا نام انھوں نے اس کو وزن دینے کے لیے ورکشاپ رکھ دیا تھا جو اس وقت ایک زبردست انجینیرنگ کالج ہے۔ میڈیکل کالج کی مہم انھوں نے اسی عنوان سے شروع کی۔ معلوم نہیں علی گڑھ والوں سے کیوں روٹھ گیا۔ ورنہ ان دونوں کالجوں میں سے ایک کو تو ان کے نام کا شرف حاصل ہوتا، اور تو اور کوئی ہال بھی ان کے نام کا نہ تھا۔ ایک چھوٹے سے ہاسٹل کو ان کے نام سے منسوب کر رکھا تھا، راقم السطور کو خوشی ہے کہ اس نا انصافی کا ازالہ اس کے ہاتھوں سے کسی قدر ہو پایا اور اس کے دور میں ایک ہال آف ریزیڈنس ان کے نام سے منسوب ہو گیا، گویا ڈاکٹر ضیاء الدین کی بازیابی اور بحالی میں اس کا بھی قدرے دخل ہے۔ اسے یہ بات سمجھ میں نہیں آئی کہ آخر علی گڑھ نے یہ سلوک ان کے ساتھ کیوں کیا۔ انکو سرسید کے قریب لٹا کر کیا علی گڑھ مطمئن ہو گیا کہ ایک محسن کا حق ادا ہو گیا؟ (اور یہ بھی طالبعلموں نے ہنگامہ برپا کر کے کرا دیا۔ انھیں تلافی کرنی تھی کہ انھوں نے آخری ایام میں اپنے وائس چانسلر کے ساتھ سخت بے تمیزی کی تھی، ان کا دل دکھایا تھا)۔ انگلستان گئے ہوئے تھے ڈاکٹر ضیاء الدین، ان کی وہاں سے میت لائی گئی تھی اور یونی ورسٹی نے طے کیا کہ ان کو یونی ورسٹی کے جو عام قبرستان ہیں اس میں دفن کریں۔ لڑکے بھڑک اٹھے انھوں نے کہا کہ ان کو سرسید کے پہلو میں دفن کریں گے اور لڑکوں کی بات بالآخر مان لی گئی۔

۱۹۲۱ء میں تو ڈاکٹر ضیاء الدین کانگریس اور خلافت کی باڑھ سے بچا لے گئے تھے۔ ۴۷-۱۹۴۶ء میں مسلم لیگ کے سیلاب کو وہ روک نہ سکے۔ اور اس سیلاب نے یونی ورسٹی کے معیار اور وہاں کی قدروں کو بڑی جراحت پہنچائی۔

ڈاکٹر ضیاء الدین معیار پر مقدار یا تعداد کو ترجیح دیتے تھے۔ انھوں نے سوچا ہوگا کہ پہلے مسلمان معقول تعداد میں پڑھ لکھ تو جائیں، امتیاز حاصل کرنے کا دور بعد میں آئے گا۔ لیکن پھر وہ دور کم ہی آ پاتا ہے؛ بنیاد کج رکھ دی جائے تو دیوار سیدھی ہونے کا نام ہی نہیں لیتی۔ آج کل بھی مسلمان تعلیم کے

میدان میں اسی تنگ معیاری کا شکار ہیں۔ اسی موہوم امید پر جی رہے ہیں کہ آگے چل کر معیار کو بھی دیکھ لیا جائے گا۔

ڈاکٹر ضیاءالدین کی غایب دماغی یا بدحواسی کی داستانیں ہمیشہ یونی ورسٹی میں گشت کرتی رہیں۔ ایک توجیہ تو یہ ہے کہ اسے انھوں نے اپنا سپر بنا رکھا تھا۔ ڈھال بنا رکھا تھا۔ سفارش گروں یا سفارش خواہوں کو دور رکھنے میں اس سے بڑی مدد ملتی تھی۔ اگر کسی کی بات سننا نہیں چاہتے تھے تو اس کو پہچاننے سے انکار کر دیتے تھے اور لوگ اس کو بدحواسی یا غائب دماغی میں شمار کرتے تھے۔ آپ کتنا ہی یاد دلائیں کہ صاحب میں تو حاضر رہا ہوں، آپ کی خدمت میں اتنے عرصہ لیکن وہ بالکل ہی پہچانتے نہیں۔ دوسری تعبیر یہ بھی ہو سکتی ہے کہ وہ اس طرح ستاتے تھے، اپنے دماغ کو آرام دے دیتے تھے۔ اس عنوان دم لے کر آگے بڑھتے تھے۔ یونی ورسٹی ان کے دماغ میں بے حساب گردش کرتی رہتی تھی۔ ایسا کسی شخص کے ساتھ سرسید کے بعد نہیں ہوا۔ ایک دفعہ Demonetization ہوا ہزار روپے کے نوٹوں کا تو بیٹھے تھے اپنے دفتر میں وائس چانسلر صاحب۔ انھوں نے کہا کہ کلکتہ جا رہا ہوں، سیدھے اسٹیشن گئے کلکتہ کی ٹرین پکڑی لوگوں نے کہا کیا بات ہے تو وہاں وہ گئے اور کئی بورے ہزار روپے نوٹوں کے ساتھ لے آئے۔ انھوں نے لوگوں سے کہا کہ تمہارے لیے بیکار ہے تم داخل کروگے تو پکڑے جاؤگے تم ہمیں دے دو ہم یونی ورسٹی میں کام لے آئیں گے۔ لاکھوں قیمت ہوگی اس کی وہ لے آئے میں نے ایک مثال دی کہ ان کا یہ انداز تھا یونی ورسٹی میں انھوں نے اتنا اپنے آپ کو فنا کر رکھا تھا۔ اس حکایت کی دلکشی ابھی تک باقی ہے کہ خود کو کمرے کے کونے میں کھڑا کر کے اپنی چھڑی کو انھوں نے بستر پر لٹا دیا۔

ایک بار دلی تک سفر میں ساتھ ہو گیا۔ مجھے شاید کوئی کام تھا۔ کسی نے سمجھایا ہوگا کہ تفصیل سے بات کرنا چاہتے ہو تو سفر میں ساتھ چلے جاؤ۔ کیا دیکھتا ہوں کہ فائل دیکھتے دیکھتے برتھ پر لیٹ گئے۔ رضائی تان لی، لیٹنے اور نیند آنے میں کوئی وقفہ نہیں تھا۔ ٹھیک دس منٹ کے بعد اٹھے اور فائلوں میں منہمک ہو گئے۔ بیداری اور خواب، خوش حواسی اور بدحواسی پر انھیں پورا قابو تھا۔ بٹن دبایا، حسب ضرورت سو گئے یا حواس کھو بیٹھے، بٹن اٹھایا خود اٹھ بیٹھے یا ہوش و حواس کو معرض عمل میں لے آئے۔ مجھے سو جانے پر اتنا ہی قابو ہے جتنا میرے وائس چانسلر کو تھا۔ لیکن دو سے تیسرے پر میرا بس

نہیں چلتا۔ سو کر اٹھ جانا کارے دارد۔ یہ وصف مردان کار کے ہی حصّہ میں آتا ہے۔ جیسے دماغ میں گھڑی لگی ہو۔

مختار حامد علی صاحب کا ذکر نہ کیا جائے تو زیادتی ہوگی۔ انگریزی ادب کے ذوق میں خواجہ صاحب کے بعد وہی گنے جاتے تھے۔ ان کے لیکچر کا انتظار رہتا تھا۔ تکرار، بازگشت یا توقف کا گزر نہ تھا۔ ہارڈی کے دلدادہ اور ہم خیال تھے قنوطیت پسند ہارڈی کا ۔۔۔۔ انھوں نے قدرت سے نہ کبھی رحم منسوب کیا نہ ہوش و گوش، نہ برجا حواسی۔ طنز میں بلا کی کاٹ تھی۔ کچھ لڑکے گئے تھے ملنے، کہنے لگے کہاں سے آرہے ہو، کہا صاحب پکچر دیکھنے گئے تھے، کون سی پکچر، بتایا کہ صاحب فلاں پکچر، کہا کہ کیسی واہیات پکچر تھی، کہنے لگے میں نے تو جب ہی اندازہ لگا لیا تھا جب بیگم سے ساری اسپیچ سنی۔

ہاکی کے مفصل تذکرے سے حذر کر رہا ہوں۔ اس میں کسے دلچسپی ہوگی؛ میرا بس چلتا تو ان صفحات کو ہاکی کے ذکرِ جمیل سے بھر دیتا۔ کھلاڑی بہت کم ایسا ہوتا ہے کہ بے چہرہ ہو۔ زندگی میں اور لوگ اکثر بے چہرہ ملیں گے۔ کوئی کھلاڑی آپ کو بے چہرہ نہیں ملے گا اس کے اپنے خدوخال، ہمیشہ اس کی اپنی ایک تراش ہوتی ہے۔ ایک نوک پلک ہوتی ہے اپنے زاویے سے کھلاڑی کبھی بے چہرہ نہیں ہوتا۔ وہ شخصیت رکھتے ہیں۔ آب و رنگ والی شخصیت۔ شکور ہماری ٹیم کے سنٹر فارورڈ تھے۔ مبصروں کا خیال ہے کہ مصوّر موئے قلم سے کیا ویسی نقاشی کرے گا جیسی شکور ہاکی اسٹک سے مخمل کے اس فرش پر کرتے تھے جسے یونی ورسٹی نے ہاکی گراؤنڈ کا نام دیا تھا۔ خوبصورت، کشیدہ قامت، ملیح، چھریرے بدن والا یہ بھوپالی کھلاڑی طلسم طراز اور سحر ساز تھا۔ نازک لمحات اور سنگین اوقات میں حسن تسکین اور اعتماد و استقلال کی تصویر۔ ٹیم میں اگر ایک کھلاڑی بہت اچھا ہو تو اس کا ایک فائدہ نہیں ہوتا اس کے دو فائدے ہوتے ہیں ایک فائدہ تو یہ ہوتا ہے کہ اچھا کھلاڑی ہے دوسروں پر رعب پڑتا ہے۔ اس سے امید ہوتی ہے کہ گول کرے گا یا گول کرا دے گا۔ دوسرا بڑا فائدہ اس سے یہ ہوتا ہے کہ ٹیم کے باقی دس کھلاڑی کا حوصلہ بہت بڑھ جاتا ہے وہ سمجھتے ہیں کہ یہ ہمارے ساتھ ہیں۔ ہاکی میں دو شخصیتیں ایک شکور اور ایک دھیان چند اور یہ دونوں شرافت کا نمونہ تھے۔ ہاکی میں دھیان چند جیسا کھلاڑی پیدا نہیں ہوا۔ میرا بس چلا ئے بس اتنا چلا۔ ایک زمانہ میں جب دھیان چند بہت بیمار تھے تو نہرو ٹورنامنٹ سے ہم نے ان کی خدمت میں نذرانہ پیش کیا تھا علاج کے لیے لیکن بعد میں جو میرا بس چلا، علیگڑھ جو میں گیا تو

میں نے علیگڑھ کے ایک ہاسٹل کا نام دھیان چند ہاسٹل رکھا۔ اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر میں نے کچھ کام اچھے کیے ہیں تو اس میں ایک کام یہ رہا۔ بہت اچھا ' عدیم المثال کھلاڑی اگر میسر ہو جائے تو ٹیم کی دو طرح سے پوبارہ ہوتی ہے۔ اول خود اس کا کھیل جو فضیلت اور فتح کا ضامن ہوتا ہے، دوئم وہ اعتماد جو ٹیم اس کو موجود پاکر محسوس کرتی ہے ٹیم کا حوصلہ بڑھ جاتا ہے اور کھیل دوگنا ہو جاتا ہے۔

لیکن علیگڑھ کی ہاکی میں، جس پر اسے سدا ناز رہا ہے اہم ترین شخصیت نہ اسد کی تھی (یہ Twenties میں وہاں کا سب سے بڑا کھلاڑی تھا ہندوستان کے بڑے فارورڈس میں آتا تھا اور Thirties Forties میں شکور)، نہ مسعود زیدی کی، نہ شکور نہ علی سعید۔ علی سعید نے تو بعد میں ہندوستان کی نمائندگی کی ٹوکیو میں ۱۹۶۴ء میں جو اولمپک گیمس ہوئے اس میں علی سعید نے کام کیا۔ نہ انعام الرحمٰن، نہ گووندا کی۔ گووندا بھی کپتان تھا، نہ ظفر اقبال جو ابھی حال میں کپتان تھے۔ سب سے اہم شخصیت فقیرے خاں کی تھی جو بیک وقت ہاکی کلب کے ملازم، خانساماں، مشیر، راہنما اور حافظ تھے۔ وہ تیس بتیس سال تک یونی ورسٹی کی ہاکی پر چھائے رہے۔ اور یہ علی گڑھ کا مزاج ہے کہ وہاں نوکر اور کھلاڑی اور استاد کا امتیاز مٹ جاتا ہے وہاں بالکل یہ امتیاز کہ کسی کو نوکر سمجھیں اور سرسید سے حاصل ہوئی یہ بات۔ سرسید نے ایک دفعہ جیسا کہ آپ کو علم ہو گا۔ سرسید جب اپنے گھر پہ تھے تو ایک دفعہ انھوں نے امتیاز خاں' اپنے ایک نوکر کو تھپڑ لگا دیا تو ماں نے انکو کھڑے کھڑے گھر سے نکال دیا کہ تو اس گھر میں رہنے کے لائق نہیں ہے یہ شریفوں کے اطوار نہیں ہیں، پھر وہ اپنی خالہ کے یہاں گئے دو دن باہر رہے' انھوں نے منت سماجت کی تو ماں نے کہا میں معاف اس کو کر دوں گی پہلے یہ نوکر سے معافی مانگے۔ وہی روش اب بھی گئی گزری حالت میں علیگڑھ میں ہے۔ چنانچہ میں نے جو یہ عرض کیا ہاکی کی دنیا میں علیگڑھ میں سب سے اہم شخصیت ان بڑے بڑے کھلاڑیوں کی نہیں تھی بلکہ فقیرے خاں کی تھی جو گیمز کلب کے صدر تھے۔ معرکے کے جتنے میچ اس دوران علی گڑھ نے کھیلے، سب کی داستان انھیں ازبر تھی۔ حکایت لذیذ ہے، جی چاہتا ہے دراز کر کے کہوں لیکن تناسب کا احساس اور آپ کی اکتاہٹ کا خوف روکتا ہے۔

مولانا سلیمان اشرف اور مولانا ابوبکر شیث کا ذکر سننا ہے تو رشید صاحب کی زبانی سنیے۔ اول الذکر دینی علوم کے بحر ذخار تھے، تنک مزاج تھے اور زبان دھاردار رکھتے تھے۔ جس لڑکے نے اعتدال سے تجاوز کیا وہی طنز کا ہدف بنا۔ بڑی آن بان سے رہتے تھے۔ فقر کی جھلاہی کا سماں دیکھنے کو مل جاتا تھا۔ مولانا ابوبکر شیث کو دیکھتے ہی محبت آمیز احترام موجیں مارنے لگتا تھا۔ خیر مجسم کی جیتی جاگتی مثال تھے۔ (خدا بخش توسیعی خطبہ) ●●

ڈاکٹر محمد عتیق الرحمٰن

خدابخش لائبریری میں
خطاطی کے چند اہم اور خوبصورت نمونے

(۲)

نستعلیق

خدابخش لائبریری میں خطاطی کے جو نمونے محفوظ ہیں وہ مختلف اقسام کے ہیں۔ لیکن سب سے زیادہ خط نستعلیق اور نسخ کے نمونے ملتے ہیں۔ یہ تمام نمونے چونکہ دنیائے خطاطی کے نامور، باکمال، اور مستند اساتذۂ فن کے ہاتھ کے لکھے ہوئے ہیں۔ اس لیے فنی اور خطاطی کے لحاظ سے نہایت اہم اور قابل قدر ہیں۔ ضرورت ہے کہ ان تمام نمونوں پر گفتگو کی جائے اور ان کے لکھنے والوں کے حالات اور ان کے فنی مقام بھی پیش کیے جائیں تاکہ ان نمونوں کا علمی و فنی مقام واضح ہو سکے اور اور ان کی دلکشی و رعنائی اہل علم کے سامنے عیاں ہو سکے۔

درج ذیل سطور میں ہم پہلے ان نمونوں پر گفتگو کریں گے جن کے عکسی نمونے اخیر میں پیش کیے جا رہے ہیں۔ اس کے بعد ان نمونوں پر بات کریں گے جن کے عکسی نمونے گرچہ پیش نہیں کیے جا رہے ہیں، لیکن وہ خدابخش لائبریری میں محفوظ ہیں اور اس کے اہم ذخائر میں شمار ہوتے ہیں۔ ان نمونوں کو دیکھ کر آپ کو بخوبی اندازہ ہو جائے گا کہ خطاطی کا کتنا شاندار اور اہم ذخیرہ اس لائبریری میں محفوظ ہے۔

اس وقت صرف خط نستعلیق کا ذخیرہ پیش کیا جا رہا ہے۔ عکسی نمونے ملاحظہ ہوں:

عکس نمبر ۱ : یہ محمد حسین کشمیری کا لکھا ہوا نمونۂ خطاطی ہے جو اکبری عہد کا مشہور ترین خطاط اور فن کار ہے۔ یہ عکس دراصل ایک قلمی کتاب بیاض محمد حسین کشمیری کا ایک صفحہ ہے۔ بیاض محمد حسین کشمیری خدابخش لائبریری کے اہم ترین نسخوں میں شمار ہوتا ہے۔ جو حقیقت میں خوبصورت فارسی اشعار اور نثر کا بہترین انتخاب ہے۔ اس بیاض میں محمد حسین کشمیری کی کتابت کے علاوہ دربار اکبری کے

مشہور اور مایہ ناز مصور فرخ اور شنکر کے ہاتھ کی بنائی ہوئی دو تصویریں بھی ملتی ہیں، جو ورق نمبر ۱۵ اور ۱۶ پر واقع ہیں۔ اس کے علاوہ اس میں ایرانی اسکول کی بنائی ڈیڑھ اہم تصویریں بھی ملتی ہیں۔

یہ نسخہ ۵۲ اوراق پر مشتمل ہے۔ ۱۰۰۰ھ کا مکتوبہ ہے۔ اس کا نمبر ۱۰۸ اور سائز ۱/۲ ۶ × ۱۱ ہے۔ یہ نسخہ بڑے خوبصورت اور پاکیزہ خط میں لکھا ہوا ہے۔

محمد حسین کشمیری کی خطاطی کا ایک اور نمونہ خدا بخش لائبریری میں محفوظ ہے، جو دیوان خواجہ امیر حسن دہلوی کے نام سے ہے۔ یہ پورا دیوان انہیں کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔ یہ نہایت نفیس اور خوبصورت نسخہ ہے جو دراصل نواب شیخ فرید بخاری اکبر شاہی کے کتابخانے کے لیے لکھا گیا تھا۔ یہ ۳۰۰ اوراق پر مشتمل ہے اور ۱۰۱۰ھ کی کتابت ہے۔ اس کا سائز ۱/۲ ۱۵ × ۱/۲ ۲۲ سنٹی میٹر ہے۔ محمد حسین کاشمیری کے ہاتھ کا لکھا ہوا تیسرا نسخہ "خسرو شیریں" (جعفر بیگ آصف جاہ) کا ہے جو نہایت خوبصورت اور دلکش ہے۔ ۶۲ اوراق پر مشتمل ہے۔ ۱۱ویں صدی کی کتابت ہے۔ اس کا سائز ۱۵ × ۱/۲ ۲۲ سنٹی میٹر ہے۔ شروع اور آخر کے کچھ اوراق دوسرے کاتب کے لکھے ہیں۔

محمد حسین کشمیری ہندوستان کے معروف ترین خطاط تھے جو اکبر بادشاہ کے مقربین میں شامل تھے۔ مشہور زمانہ خطاط مولانا عبدالعزیز کے شاگرد تھے۔ اکبر بادشاہ نے ان کی مہارت فن سے خوش ہو کر انہیں "زریں رقم" کا خطاب دیا تھا۔ یہ مختلف شہزادوں کے استاد بھی تھے۔ ابوالفضل علامی نے ان کو "جادو رقم" لکھا ہے۔ یہ جہانگیر کے عہد تک دربار کے میر کاتب تھے۔ جہانگیر بھی ان کا بہت احترام کرتا تھا اور قدر کی نگاہ سے دیکھتا تھا۔ اسی بنا پر وہ اپنے نام کے ساتھ کبھی کبھی جہانگیر شاہی بھی لکھتے تھے۔ بعض اہل علم کا خیال ہے کہ وہ اپنے استاد عبدالعزیز سے بھی آگے بڑھ گئے تھے۔ اس کے علاوہ انہیں مولانا میر علی کا ہم پلہ بھی سمجھا جاتا ہے۔ ان کی وفات ۱۰۲۰ھ میں ہوئی۔ ان کا ایک اہم کارنامہ "آئین اکبری" کا نسخہ ہے جس کو انہوں نے اکبر بادشاہ کے حکم سے لکھا تھا۔ یہ پورا نسخہ نہایت نفیس اور خوبصورت ہے۔ جس میں دربار اکبری کے معروف مصوروں کی بنائی ہوئی تصویریں بھی ملتی ہیں۔ اس نسخے کی تیاری میں اس زمانے میں تین لاکھ روپے خرچ ہوئے تھے۔

یہ نسخہ اوجین سے دس ہزار روپے میں فروخت ہو کر لندن میوزیم میں چلا گیا۔ ان کے ہاتھ کا لکھا ہوا ایک نسخہ شعبۂ مخطوطات آزاد لائبریری مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں محفوظ ہے جو ہفت بند کاشی

کا نمونہ ہے۔ یہ بہترین گل کاری سے آراستہ اور مطلا ہے۔ مہدی بیانی نے لکھا ہے کہ محمد حسین کشمیری کی خطاطی
کے نمونے کتاب خانہ سلطنت تہران، کتاب خانہ ملی تہران، آستانۂ رضوی مشہد اور دہلی میوزیم میں محفوظ ہیں۔

عکس نمبر ۱۲: یہ میر عماد حسنی کی خطاطی کا نمونہ ہے جو ایران کے معروف ترین خطاط ہیں۔ یہ
قزوین میں پیدا ہوئے۔ علوم و فنون کی تحصیل کے بعد خوش نویسی کی طرف متوجہ ہوئے۔ پہلے عیسی رنگ
نگار سے اصلاح لی۔ پھر مالک دیلمی کے شاگرد ہوئے اور ان سے اصلاح لی۔ وہاں سے تبریز پہنچے۔ جہاں
ملا محمد حسین جیسے بلند پایہ اور مشہور خطاط موجود تھے۔ ان سے بھی فیض یاب ہوئے۔ رفتہ رفتہ ایک اچھے
خطاط کی حیثیت سے مشہور ہوئے۔ یہاں تک کہ تھوڑے دنوں بعد اپنے استاد ملا محمد حسین سے بھی بلند
ہو گئے جس کا اعتراف خود ان کے استاد ملا محمد حسین نے اور دوسرے خطاطوں نے کیا ہے۔

میر عماد کی روش خطاطی ملا میر علی تبریزی کے طرز پر تھی۔ تاہم مشق کی کثرت اور فن کتابت سے
غایت انہماک کی بنا پر ان کی کتابت خوبصورتی اور دلکشی میں ملا میر علی تبریزی سے بھی بڑھ گئی تھی۔ اس بنا پر
انہیں شہرۂ آفاق خطاط تسلیم کیا گیا ہے۔ اور ماہرین کا فیصلہ ہے کہ ان کے زمانہ میں ان سے بہتر لکھنے والا
ایران میں پیدا نہیں ہوا۔

میر عماد کے اہل خاندان گرچہ شاہان وقت کے ساتھ وابستہ رہے۔ لیکن میر عماد نے درویشانہ
طبیعت پائی تھی۔ وہ دنیاوی جاہ و جلال اور شان و شوکت سے ہمیشہ کنارہ کش رہے اور توکل کی زندگی
گذارتے رہے۔ تاہم ان کے فن کی شہرت عوام و خواص ہر جگہ پہنچ چکی تھی۔ اور ہر آدمی ان کی خطاطی کا
دلدادہ اور فریفتہ تھا۔ ان کی خطاطی کی شہرت ایران سے گذر کر ہندوستان اور ترکستان تک پہنچ
گئی تھی۔ شاہ جہاں بادشاہ ان کی خطاطی کا اس قدر دلدادہ تھا کہ جب کوئی شخص میر عماد کی کوئی وصلی اس
کی خدمت میں پیش کرتا تو وہ اس کو یک صدی کا منصب عطا کرتا تھا۔

میر عماد اخیر دور میں اصفہان پہنچے جہاں ان کے فن کی شہرت پھیل چکی تھی۔ یہ زمانہ ۱۰۰۸ھ / ۱۵۹۹ء
کا تھا۔ رفتہ رفتہ ان کی رسائی شاہ عباس صفوی کے یہاں ہوئی۔ اس نے ان کی بہت ہی قدر دانی کی یہاں تک
کہ تھوڑے دنوں میں اسکے دربار کے مقربین میں شامل ہو گئے، بادشاہ نے انہیں مختلف الطاف و اعزازات
سے نوازا۔ یہاں تک کہ میر عماد خوش حال اور متمول زندگی گذارنے لگے۔ دربار میں بھی ایک اہم اور اونچا
مقام حاصل کر لیا۔ تقریباً نو دس برس خوش حالی اور عزت کی زندگی گذاری۔ لیکن افسوس ہے کہ ان

کے معاصرین کی نظر بد ان پر لگ گئی۔ کہا جاتا ہے کہ شاہ عباس صفوی کے دربار کا ایک معروف خطاط رضا علی عباسی تھا۔ جسے یہ بات پسند نہ آئی کہ اس کی موجودگی میں میر عماد کا چراغ روشن ہو اور وہ دربار میں اونچا مقام حاصل کرے۔ چنانچہ اس نے میر عماد کے خلاف سازش کرنی شروع کر دی اور بادشاہ کو اسکے خلاف بھڑکانا شروع کیا۔ بادشاہ بالآخر بدظن ہو گیا۔ اور اس کی طرف سے نظریں پھیر لیں۔ اس زمانے میں ایک اور واقعہ سامنے آیا وہ یہ کہ بادشاہ نے میر عماد کے یہاں ستّر اشرفیاں ایک قاصد کے ذریعہ بھیجیں اور حکم دیا کہ اس کے عوض میں پورا شاہنامہ لکھ کر بادشاہ کی خدمت میں پیش کرے۔ اس کی ہدایت پر میر عماد نے کام شروع کر دیا۔ ایک سال گذر گیا تو بادشاہ نے پھر قاصد بھیجا کہ اگر میر عماد نے شاہ نامہ لکھ دیا ہو تو اس نسخے کو اس کے حوالے کر دے، لیکن یہ بات میر عماد کو ناگوار گذری اور قاصد جب اس کے یہاں پہنچا تو اس نے فی اشرفی ایک صفحہ کے حساب سے صرف ستّر صفحات اس کے حوالے کر دئے اور یہ کہہ کر اس کو واپس بھیج دیا کہ جتنی رقم ملی تھی اس کے مطابق کام کر کے صفحات دئے جا رہے ہیں۔ یہ صفحات لیکر جب قاصد شاہ عباس صفوی کے دربار میں پہنچا اور بادشاہ کی خدمت میں پیش کیا تو بادشاہ آگ بگولہ ہو گیا اور سخت برہمی کا اظہار کیا۔ اس کے بعد کہا کہ یہ صفحات واپس کر دئے جائیں اور اس کی عنایت کردہ اشرفیاں میر عماد سے واپس لائی جائیں۔ جب قاصد ان صفحات کو لیکر میر عماد کے یہاں گیا تو میر عماد مفلوک الحالی کی زندگی بسر کر رہا تھا۔ اشرفیاں ختم ہو چکی تھیں۔ اس کے پاس اتنے پیسے نہ تھے کہ بادشاہ کو اشرفیاں واپس کرتا۔ پھر فن کی بھی آزمائش تھی۔ ایک صحیح فنکار حکمران وقت کے سامنے سرنگوں کیسے ہو سکتا تھا۔ اس نے اشرفیاں حاصل کرنے کی صورت یہ نکالی کہ ایک ایک صفحہ اپنے شاگردوں کے درمیان تقسیم کر دیا۔ ہر شاگرد نے ایک صفحہ کے عوض میں ایک اشرفی عنایت کر دی۔ اس طرح ستّر اشرفیاں حاصل کر کے بادشاہ کی رقم واپس کر دی۔ بادشاہ کے یہاں جب قاصد واپس پہنچا اور رقم واپس کی تو بادشاہ سخت برہم ہوا۔ اور برہمی کے عالم میں حکم دیا کہ میر عماد کا سر قلم کر دیا جائے۔ چنانچہ منصور نامی شخص نے اس حکم کی تعمیل میں ۱۰۲۴ھ میں انہیں تلوار سے قتل کر دیا۔ اور اس طرح خطاطی کی دنیا کا عظیم فن کار دنیا سے ہمیشہ کے لیے رخصت ہو گیا۔

ہندوستان میں جب شاہجہاں بادشاہ کے یہاں میر عماد کے قتل کی خبر پہنچی تو نہایت پریشان ہوا۔ اظہار افسوس کیا اور کہا کہ کاش اس کو میرے پاس بھیجدیا جاتا۔

یہاں میر عماد کی تحریر کا جو عکس پیش کیا گیا ہے۔ وہ دراصل نمونۂ خطاطی قلمی نمبر ۴/۱۰۷ میں محفوظ ہے۔ یہ حقیقت میں دو نمونۂ خطاطی ہیں جو ۱۱ویں صدی ہجری کے کتابت شدہ ہیں اور جن کا سائز ½۵ × ۱۲ سنٹی میٹر اور ½۹ × ۱۲ سنٹی میٹر ہے۔ اسی صفحہ پر اس کی خطاطی کا تیسرا نمونہ بھی ملتا ہے جس میں دو شعر لکھے گئے ہیں اور وہ یہ ہیں: ؎

خطت کہ سبزہ ز گلبرگ تر بر آوردہ ہزار فتنہ بدور قمر بر آوردہ

چو باز کردہ از خواب ناز چشم سیاہ چو فتنہا کہ ز ہر گوشہ سر بر آوردہ

العبد الفقیر عماد الحسنی غفرلہٗ

یہ بھی ۱۱ویں صدی ہجری کی کتابت ہے اور اس کا سائز ½۹ × ½۹ ہے۔ اس کے علاوہ اس کا یہاں ایک اور نمونۂ خطاطی ملتا ہے جو نمونۂ خطاطی قلمی نمبر ۱۴۶۸ میں موجود ہے۔ کتابت ۱۱ویں صدی ہجری کی ہے۔

مہدی بیانی نے لکھا ہے کہ میر عماد کی خطاطی کے نمونے کتابخانۂ سلطنت تہران، کتاب خانہ مجلس شورای تہران، رضا لائبریری رام پور، کتاب خانہ ملی پیرس، کتاب خانہ دانش گاہ استنبول، کتاب خانہ آستان رضوی مشہد، کابل میوزیم، دہلی میوزیم، کتابخانہ 'خزینہ اوقاف استنبول وغیرہ میں محفوظ ہیں۔ جن میں اس کے ہاتھ کی لکھی ہوئی بعض کتابیں؛ بعض رسائل اور بعض رقعات ہیں۔

کتابخانۂ سلطنت تہران میں اس کے ہاتھ کا لکھا ہوا تحفۃ الاحرار (جامی) کا جو ایک نسخہ محفوظ ہے۔ اور جس کے آخر میں ترقیمہ موجود ہے۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ یہ ۱۰۱۶ھ میں اصفہان میں لکھا گیا۔ ترقیمہ کی عبارت ملاحظہ ہو:

"کتبہ العبد الراجی الی رحمۃ اللہ الغنی عماد الحسنی بدار الامان الاصفہان فی شہور سنہ ۱۰۱۶ الھجریہ"

عکس نمبر ۱۳: یہ حاجی محمد الحسینی کی خطاطی کا نمونہ ہے۔ جو گیارھویں صدی ہجری میں ہندوستان کے معروف خطاط تھے۔ تذکروں میں ان کے مفصل حالات نہ مل سکے اور نہ صحیح سال پیدائش و وفات معلوم ہو سکا۔ تاہم ان کی دو تحریروں سے منکشف ہوتا ہے کہ وہ شاہجہاں بادشاہ کے دور کے معروف کاتب تھے۔ ایک تحریر تو وہ ہے جو بقول مہدی بیانی آقا مجید موقر گلشن تہران میں محفوظ ہے۔ اس کے آخر میں ترقیمہ کی عبارت ملتی ہے جس میں سال کتابت ۱۰۴۶ھ درج ہے۔ دوسری تحریر وہ ہے جس کا عکس یہاں بطور نمونہ پیش کیا گیا ہے۔ اس نمونے کے آخر میں سال کتابت ۱۰۶۲ھ درج ہے۔

ان دونوں تحریروں سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ وہ دورِ شاہجہانی میں موجود تھے کیوں کہ شاہجہاں کا دورِ حکومت ۱۰۳۷ - ۱۰۶۸ھ ہے۔ مہدی بیانی نے ان کے مزید تین نمونۂ خطاطی کا ذکر کیا ہے۔ ایک تو آغا مجید موقری کے گلشن میں ہے۔ جو مذکورہ تحریر کے علاوہ ہے۔ اس کے علاوہ دو نمونوں کا مزید ذکر کیا ہے۔ ایک آغا ناصری گلشن تہران میں ہے دوسرے کتاب خانہ کتاب فروش تہران میں محفوظ ہے۔ خدا بخش لائبریری کا جو نمونہ پیش کیا گیا ہے وہ قلمی کتاب نمبر ۴۰۷۱ میں محفوظ ہے۔ اس کا سائز ۱/۲ ۷ × ۱/۲ ۱۵ سنٹی میٹر ہے۔ کتابت ۱۱ویں صدی ہجری کی ہے۔

عکس نمبر ۱۴: یہ محمد باقر الحسینی کی خطاطی کا خوبصورت نمونہ ہے۔ یہ نمونہ دراصل نمونۂ خطاطی قلمی نمبر ۴۰۷۱ میں محفوظ ہے۔ ۱۱ویں صدی ہجری کی کتابت ہے۔ اس کا سائز ۸ × ۱۷ سنٹی میٹر ہے۔ اسی صفحے پر ان کی خطاطی کا دوسرا نمونہ بھی موجود ہے جس کی کتابت ۱۰۸۶ھ کی ہے۔ محمد باقر حسینی خط نستعلیق کے معروف خطاط تھے۔ جیسا کہ اعجاز راہی نے لکھا ہے۔ یہ دربار جہاں گیری میں بڑے احترام اور عزت و وقار کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔ کئی مغل شہزادوں اور شہزادیوں کے استاد بھی تھے۔ جہاں گیر ان کی خطاطی کی بہت تعریف کیا کرتا تھا۔ انہیں تمام خطوط پر عبور حاصل تھا۔ مگر تعلیق اور نستعلیق میں یکتائے روزگار تھے۔

عکس نمبر ۱۵: یہ حافظ نوراللہ کی خطاطی کا دلکش نمونہ ہے۔ حافظ نوراللہ بارہویں صدی کے اواخر اور تیرہویں صدی ہجری کے اوائل کے مشہور خطاط ہیں جنھوں نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ لکھنؤ کے نواب آصف الدولہ (۱۲۲۲ - ۱۲۸۸ھ) کی خدمت میں گذارا اور ان کے دربار سے منسلک رہ کر خطاطی کے بیش بہا نمونے تحریر کیے۔ غلام محمد ہفت قلمی نے انہیں دیکھا تھا۔ وہ فرماتے ہیں کہ وہ ایک صاحب کمال، متواضع، خلیق اور حق پسند آدمی تھے۔ عبدالرشید دیلمی کے طرز پر نستعلیق بہت اچھا لکھتے تھے۔ یہ عبدالرشید دیلمی کے خطوط کے عاشقوں میں تھے۔ اسی بنا پر انہوں نے ان کے ہاتھ کے لکھے ہوئے بہت سارے نمونۂ خطاطی اپنے پاس جمع کر رکھا تھا۔ غلام محمد ہفت قلمی نے مزید لکھا ہے کہ انہوں نے ہفت بند کاشی کا ایک بڑا خوبصورت نسخہ دیکھا تھا جو عبدالرشید دیلمی کے طرز پر لکھا ہوا تھا۔ درحقیقت یہ حافظ نوراللہ ہی کا لکھا ہوا تھا۔ بقول مصنف "تحقیقات ماہر" حافظ نوراللہ دفترانشا کے افسر تھے ان کی خطاطی کی قدر و قیمت کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ ان کی زندگی میں ایک ایک وصلی ایک

ایک اشرفی میں فروخت ہوتی تھی۔ بقول مولانا شرر ان کی وصلیاں موتیوں کے مول بکتی تھیں اور ایک حرف ایک روپیہ کے حساب سے فروخت ہوتا تھا۔ ان کے علم وفن سے بہت سارے اہل علم نے استفادہ کیا۔ لیکن ان میں لالہ سرب سکھ دیوانہ، میاں وجیہ الدین، محمد عباس اور ان کے صاحبزادے حافظ ابراہیم بہت مشہور ہوئے جنھوں نے آگے چل کر فن خطاطی میں بڑا نام پیدا کیا۔

مہدی بیانی کے قول کے مطابق ان کی خطاطی کے نمونے کتابخانہ سلطنت تہران، دہلی میوزیم اور پروفیسر محمد شفیع لاہور کے گلشن میں محفوظ ہیں۔ کتابخانہ سلطنت تہران میں جو نمونہ خطاطی موجود ہے اس کے آخر میں تاریخ کتابت درج ہے اور وہ یہ ہے "فقیر نوراللہ عفی عنہ ۱۱۵۷ھ"۔

خدابخش لائبریری کی جس خطاطی کا نمونہ پیش کیا گیا ہے وہ نمونۂ خطاطی قلمی نمبر ۱۰۷۴ میں موجود ہے۔ ۱۲ ویں صدی کا مکتوبہ ہے۔ اس کا سائز ۱۰×۱۸ سنٹی میٹر ہے۔ اس نمبر میں حافظ نوراللہ کے مزید تین نمونے ملتے ہیں۔ ایک نمونے پر سال کتابت ۱۱۸۵ درج ہے۔

ان نمونوں کے علاوہ خدابخش لائبریری میں ان کے چار مزید نمونے محفوظ ہیں جو مندرجہ ذیل قلمی نسخوں میں ملتے ہیں۔

۱۔ کتاب نمبر ۲۶۷۲۔ اس کی کتابت ۱۲ ویں صدی کی ہے۔

۲۔ " " ۱۰۶۹۔ " " " "

۳۔ " " ۳۳۳۰۔ " " " "

۴۔ " " ۲۸۶۵۔ اس میں سال کتابت ۱۲۲۹ھ درج ہے۔

عکس نمبر ۱۶: یہ عہد عالمگیری کے معروف خطاط ہدایت اللہ زریں رقم کی خطاطی کا دلکش اور دل آویز نمونہ ہے۔ یہ نمونہ قلمی کتاب نمبر ۱۰۷۴ میں محفوظ ہے۔ جس کی کتابت ۱۰۹۲ ہجری کی ہے اور جس کا سائز ½۸ × ½۲۵ سنٹی میٹر ہے۔

ہدایت اللہ کتابخانہ اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ (۱۰۶۸-۱۱۱۹ھ) کے کتابدار تھے۔ اور کام بخش اور دوسرے شاہزادوں کے استاد تھے۔ پہلے محمد حسین کشمیری کے طرز پر مشق کرتے رہے۔ پھر سید علی خاں تبریزی جواہر رقم کی روش پر لکھنے لگے۔ رفتہ رفتہ باکمال اور فن کار اساتذہ میں شمار ہونے لگے۔ اورنگ زیب عالمگیر کے حکم سے "دیوان حافظ" کے کئی نسخے تیار کئے۔ غلام محمد ہفت

قلمی نے ان کے خط کو سید علی خاں جواہر رقم کے خط سے زیادہ اچھا مانا ہے۔ ان کی وفات احمد نگر میں ۱۱۱۸ھ میں ہوئی۔ ہدایت اللہ کی مہارت فن کی وجہ سے انہیں زریں رقم کا خطاب دیا گیا۔

مہدی بیانی نے لکھا ہے کہ ان کی خطاطی کے نمونے کتابخانہ مرکزی دانشگاہ تہران، آقا مہدوی گلکشن تہران، دہلی میوزیم میں محفوظ ہیں۔ دہلی میوزیم کے نمونے پر تاریخ کتابت ۱۱۱۲ھ درج ہے۔ ترقیمہ کی عبارت یوں ہے۔ کتبہ الفقیر المذنب ہدایت اللہ زریں رقم سنہ ۱۱۱۲ھ۔

خدا بخش لائبریری میں ہدایت اللہ کے مذکورہ نمونۂ خطاطی کے علاوہ مندرجہ ذیل قلمی نسخوں میں ان کے مزید دو نمونے موجود ہیں۔

۱۔ نمونہ ہای خطی قلمی نمبر ۱۰۶۸ کتابت ۱۲ ویں صدی ہجری۔

۲۔ " " " نمبر ۱۰۷۰ کتابت ۱۲ ویں صدی ہجری۔

ان کی خطاطی کا ایک اور نمونہ گلستاں کا نسخہ ہے جو ۱۱۱۵ھ کا مکتوبہ ہے اور نہایت خوبصورت ہے۔ اس کا نمبر ۹۲۹ ہے۔

عکس نمبر ۱۷: یہ رام پور کے ایک معروف خطاط الٰہی بخش کا خطی نمونہ ہے جو تیرہویں صدی ہجری کے اساتذۂ خطاطی میں شمار ہوتے تھے۔ الٰہی بخش میر عوض علی کے شاگرد رشید تھے جو رام پور کے بڑے اہم خطاط تسلیم کیے جاتے تھے۔ الٰہی بخش نے میر عوض علی سے خطاطی کا فن پورے طور پر حاصل کیا۔ یہاں تک کہ کاملان رام پور میں شامل ہو گئے۔ میر عوض علی کا انتقال ۱۲۹۸ھ میں ہوا۔ اس لیے الٰہی بخش اسی دور کے یعنی ۱۳ ویں صدی ہجری کے ملنے جائیں گے۔ الٰہی بخش خوش نویسی کے علاوہ اردو فارسی کے اچھے شاعر بھی تھے۔ چنانچہ انہوں نے اپنے استاد (میر عوض علی) کے انتقال پر فارسی میں مندرجہ ذیل قطعہ تاریخ کہا ہے جو تذکرہ کاملان رام پور مصنفہ حافظ احمد علی خاں شوق کے صفحہ ۲۸۰ پر درج ہے۔ قطعہ ملاحظہ ہو۔

آہ رقم چاہ کنم وصف جناب اوستاد	ہر صفت از صفا ہتا فزو بلند است جفت
بود بذات پاک شاں ہر کہ دمہر وفیضیاب	سال وفات ہاتفم چشمۂ فیض گم گفت

خدا بخش لائبریری کے جس نمونۂ خطاطی کا عکس پیش کیا گیا ہے۔ وہ نمونہ خطاطی قلمی نمبر ۱۰۷۴ میں موجود ہے۔ اس کی کتابت ۱۳ ویں صدی کی ہے۔ سائز ۱۳ × ۲۴ سنٹی میٹر ہے۔ اس نسخے میں

الہٰی بخش کے مزید ۲۲ نمونے پائے جاتے ہیں۔ ایک نمونے پر سال کتابت ۱۲۵۶ھ درج ہے۔

ان نمونوں کے علاوہ خدا بخش لائبریری میں الہٰی بخش کے مزید تین نمونے محفوظ ہیں جو مندرجہ ذیل قلمی نسخوں میں ہیں۔

۱۔ نمونہ ہای خطی قلمی نمبر ۱۰۷۵۔ اس کی کتابت ۱۲ ویں صدی ہجری کی ہے

۲۔ " " نمبر ۲۸۶۴۔ " " " "

۳۔ " " نمبر ۳۰۲۱۔ " " " "

عکس نمبر ۱۸: ہندوستان کے مشہور خطاط صفدر حسین کی خطاطی کا خوبصورت نمونہ ہے۔ صفدر حسین کے حالات تذکروں میں دستیاب نہیں ہوئے۔ تاہم انہوں نے مذکورہ نمونہ خطاطی میں اپنے نام سے اوپر یہ جملہ لکھا ہے۔ "برای نذر حضرت استاذی اعنی جناب نواب یوسف علی خان صاحب قبلہ دام فیوضہ"۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ نواب یوسف علی خاں والی ریاست رام پور کے زمانے میں وہ حیات سے تھے۔ نواب یوسف علی خاں ۱۳ ویں صدی ہجری کے معروف نواب تھے اور علم و فن سے خصوصی شغف رکھتے تھے۔ مذکورہ عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ نمونہ خطاطی دراصل انہیں کی خدمت میں پیش کرنے کے لیے لکھا گیا تھا جو بڑے خوبصورت اور دلکش انداز میں لکھا گیا ہے۔ اس اعتبار سے صفدر حسین ۱۳ ویں صدی ہجری کے اہم خطاط کہے جا سکتے ہیں۔

یہ نمونہ خدا بخش لائبریری کے نمونہ خطاطی نمبر ۱۰۷۴ میں موجود ہے جس کی کتابت ۱۲ ویں صدی کی ہے۔ اس کا سائز ۱۸×۱۱ سنٹی میٹر ہے۔ اس نمبر والے نسخے میں صفدر حسین کا ایک اور نمونہ ملتا ہے جس کا سال کتابت ۱۳۰۴ھ ہے۔

اب ہم ایسے خطاط کے نام اور حالات تحریر کریں گے جن کی خطاطی کے نمونے گرچہ ہم عکس کی شکل میں پیش نہیں کر سکے ہیں لیکن ان کی خطاطی کے نمونے خدا بخش لائبریری میں محفوظ ہیں اور فنی حسن و پاکیزگی کے لحاظ سے نہایت اہم اور قابل قدر ہیں اس لیے ضروری ہے کہ ایسے اہم نوادرات کا تعارف بھی پیش کر دیا جائے تاکہ اہل علم حضرات کے سامنے خطاطی کے پورے ذخیرے سامنے آ سکیں اور انہیں ان کی اہمیت اور قدر و قیمت معلوم ہو سکے۔

ابوالبقا الحسینی

یہ شاہ ابوالعلی بن شاہ ابوالفتح کے صاحبزادے ہیں۔ سادات خاندان سے تعلق رکھتے ہیں اسی بناپردہ اپنے آپ کو کبھی موسوی اور کبھی حسینی لکھتے ہیں۔ اصفہان کے باشندے تھے۔ طبعاً غنی تھے اور دنیاوی اسباب کی قید سے آزاد تھے یہاں تک کہ جب ان کا انتقال ہوگیا تو تقرب خاں نے ان کے لڑکے مرزا محمد تقی کو اپنے گھر بلالیا جہاں وہ سکونت پذیر ہوگئے۔ اس کے بعد تقرب خاں کی مسجد کے حجرے میں مستقل قیام پذیر ہوگئے۔

مرزا سنگلاخ نے ابوالبقا حسینی کو محمد امین مشہدی کا شاگرد مانا ہے اور لکھا ہے کہ وہ دربار شاہجہانی کے ایک اہم خطاط تھے۔ ہندوستان سے واپسی پر اصفہان میں شاہ عباس کے دربار میں رہے۔ شاہ عباس نے انہیں رستم الخطاطین کا خطاب دیا۔ یہ میر عماد، عبدالرشید دیلمی اور ابو تراب کے ہم پلہ خطاط مانے جاتے ہیں۔ انہوں نے نستعلیق کی خطاطی میں نہایت اونچا مقام حاصل کیا۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کے تین نمونے محفوظ ہیں۔ جو مندرجہ ذیل قلمی نسخوں میں پائے جاتے ہیں۔

۱۔ نمونۂ خطاطی قلمی نمبر ۱۰۶۹۔ اس کی کتابت ۱۱ویں صدی کی ہے۔
۲۔ " " نمبر ۱۰۷۰۔ " " " "
۳۔ " " نمبر ۱۰۷۱۔ " " " "

ابوالمعالی حسینی

عام تذکروں میں ان کے حالات نہیں ملتے تاہم کہیں کہیں ان کا ذکر مل جاتا ہے۔ یہ ۱۲ویں صدی کے خطاط تھے۔ ان کے ہاتھ کے لکھے ہوئے خطاطی کے جو نمونے ملتے ہیں وہ عام طور پر شکستہ اور نستعلیق پر مبنی ہیں۔ یہ ایک اچھے کتبہ نویس بھی تھے۔ چنانچہ اصفہان کے جامع مسجد میں ایک کتبہ ملتا ہے جو انہیں کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔ اس پر یہ عبارت درج ہے۔

"کتبہ المذنب ابوالمعالی النقیب الحسینی ۱۱۱۲"

ان کے ہاتھ کا لکھا ہوا ایک قلمی نسخہ (نثر اللآلی) کتابخانہ سلطنت ایران میں محفوظ ہے۔ اس کے اخیر میں جو سال کتابت درج ہے وہ یہ ہے:

"فی غرۃ شہر صفر من سنۃ الف وماۃ واربع وعشرین۔"

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ محفوظ ہے جو نمونۂ خطاطی قلمی نمبر ۱۰۷ کے تحت پایا جاتا ہے۔ کتابت ۱۲ ویں صدی ہجری کی ہے۔

احمد علی

بقول صاحب ریاض الشعرا یہ نواب سعادت خاں بہادر کے بھانجے تھے۔ اچھے اخلاق کے آدمی تھے۔ عزت تخلص کرتے تھے۔ اچھا شعر بھی کہہ لیتے تھے خط نستعلیق اور شکستہ کے اچھے خطاط اور ماہر استاد تھے۔ ریاض الشعرا کی تالیف کے وقت جو تقریباً ۱۱۶۰ ہجری کا زمانہ تھا جوان تھے۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کے دو نمونے موجود ہیں، وہ یہ ہیں:

۱۔ نمونۂ خطاطی قلمی نمبر ۲۸۶۴۔ اس کی کتابت ۱۲ ویں صدی کی ہے۔

۲۔ " " نمبر ۲۸۶۵۔ " " ۱۲۳۹ ہجری کی ہے۔

احمد الوقار: یہ مرزا احمد وقار شیرازی کے نام سے جانے جاتے ہیں جو مرزا کوچک وصال کے بیٹے تھے۔ ۱۲۳۲ ہجری میں شیراز میں پیدا ہوئے، اسی جگہ ابتدائی علوم کی تحصیل کی پھر علوم اسلامیہ اور دیگر علوم متداول میں تبحر حاصل کیا۔ مرزا احمد وقار اپنے والد کے انتقال کے بعد اپنے بڑے بھائی مرزا محمود حکیم کوچک کے ساتھ ہندوستان آئے۔ بمبئی میں قیام پذیر ہوئے اور مثنوی مولانا روم کی کتابت کی جو بمبئی سے شائع ہوئی۔ وہاں سے ایران کے فرمانروا فیروز مرزا نصرت الدولہ نے احمد وقار کو ایران بلا لیا جس کے بنا پر وہ ۱۲۷۴ھ میں تہران چلے گئے۔ اس کے بعد شیراز واپس آگئے۔ ۱۲۹۸ھ میں اسی جگہ ان کا انتقال ہوا۔ یہ نستعلیق کے اچھے استاد تھے۔ اس کے علاوہ نسخ، رقاع، شکستہ میں بھی استادانہ حیثیت کے مالک تھے۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ قلمی کتاب نمبر ۲۷۹ میں محفوظ ہے جس کی کتابت ۱۲۲۰ ہجری کی ہے۔

اعجاز رقم: یہ سید اعجاز رقم کے نام سے معروف ہیں۔ لکھنؤ کے باشندہ تھے۔ ۱۳ ویں صدی کے اچھے خطاط میں ان کا شمار ہوتا ہے۔ عبدالرشید دیلمی کے طرز پر بہترین نستعلیق خط میں لکھتے تھے۔ ان کا خط شیریں اور دلچسپ ہوتا تھا۔ غلام محمد ہفت قلمی نے ان سے ملاقات کی تھی اور ان کے

خطوط کے مجموعہ کو بذات خود دیکھا تھا۔ تذکرۂ خوش نویساں از غلام محمد ہفت قلمی کی تصنیف کے وقت (۱۲۲۹ھ) انتقال کر چکے تھے۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ موجود ہے جو نمونۂ خطاطی قلمی نمبر ۰۷ ۱ میں موجود ہے۔ کتابت ۱۲۴۲ھ کی ہے۔

افضل الحسینی: یہ حسینی سادات سے تھے۔ محمد شاہ کے زمانہ کے معروف خطاط تھے اور اعتماد الدولہ قمر الدین خاں کے صاحبزادے کے استاد تھے۔ خط نستعلیق میں انہیں اچھی مہارت حاصل تھی۔ ان کی ایک وصلی بخط نستعلیق دہلی میوزیم میں محفوظ ہے۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ کتاب نمبر ۱۰۶۹ میں محفوظ ہے جو ۱۲ ویں صدی کی ہے۔

جعفر حسن: یہ جعفر حسینی شیرازی کے نام سے جانے جاتے ہیں۔ ان کی زندگی کے حالات ہمیں تذکروں میں نہیں ملتے تاہم ان کی خطاطی کے جو نمونے ملتے ہیں ان سے ان کے عہد کا تعین ہوتا ہے اور ان کی تبحر علمی اور فن خطاطی میں پوری مہارت کی جھلک ہمیں دکھائی دیتی ہے۔ مہدی بیانی نے احوال و آثار خوش نویساں میں ان کے مختلف خطی نمونوں کا ذکر کیا ہے جن میں ایک نسخہ گلستاں کا ہے جو کتاب خانہ سلطنت تہران میں محفوظ ہے۔ اس کے اخیر میں تاریخ کتابت اس طرح درج ہے (تحریراً فی سنۃ ۹۹۴ کتبہ جعفر الحسینی) اس کے علاوہ کئی اور خطی نمونوں کا ذکر کیا ہے جو ان کی خوبصورت خطاطی کا بہترین ثبوت پیش کرتے ہیں۔ کتابت ۱۱ ویں صدی کی ہے۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ موجود ہے جو نمونہ خطاطی نمبر ۰۷ ۵۔ ا میں ملتا ہے۔ کتابت ۱۱ ویں صدی کی ہے۔

جواہر رقم: یہ سید علی خاں جواہر رقم الحسینی ہیں جو تبریز کے رہنے والے تھے۔ ان کے والد کا نام آقا مقیم تھا جو اپنے وقت کے معروف خطاط تھے۔ یہ عالمگیر کے عہد میں ہندوستان آئے اور بڑے مشہور کاتب ہوئے۔ عالمگیر نے ان کو شاہزادوں کی تعلیم کے لیے بحال کر لیا۔ پوری عمر اورنگ زیب کے ساتھ کشمیر اور دکن میں رہے۔ یہ میر عماد کے طرز پر کتابت کرتے تھے۔ کبھی کبھی عبد الرشید دیلمی کے خط کی بھی پیروی کرتے تھے۔ انتہائی منکسر المزاج اور اخلاق مند آدمی تھے۔

کہا جاتا ہے کہ جنون کی بیماری میں دکن میں ان کا انتقال ہوا اور ان کی نعش کو دکن سے لاکر دہلی میں دفن کیا گیا۔

خدابخش لائبریری میں ان کے ہاتھ کا لکھا ہوا خطاطی کا ایک نمونہ محفوظ ہے جو نمونۂ خطاطی نمبر ۱۰۷ میں پایا جاتا ہے۔ کتابت ۱۱ ویں صدی کی ہے۔

حاجی نامدار: یہ مشہور خوشنویسوں میں ہیں۔ فرخ سیر (۱۱۲۴–۱۱۳۱ھ) کے زمانہ میں تھے۔ مغل شاہزادگان کی اصلاح بھی کرتے تھے۔ اور اسی بنا پر ایک اچھے استاد کی حیثیت سے مشہور ہوئے۔ خط بڑا پاکیزہ اور شائستہ ہوتا تھا۔ خط خفی میں خاص طور سے لکھتے تھے۔ خط نستعلیق کے مشاق خطاط تھے۔ آقا رشید کے طرز پر خوب اچھا لکھتے تھے۔

خدابخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ ملتا ہے جو نمونۂ خطاطی نمبر ۱۰۷ میں محفوظ ہے۔ اور جس کی کتابت ۱۲ ویں صدی کی ہے۔

حامد علی: یہ منشی ہادی علی کے شاگرد تھے۔ لکھنؤ کے باشندہ تھے۔ یہ ۱۳ ویں صدی ہجری کے گمنام خوشنویسوں میں ہیں جن کے حالات تذکروں میں نہیں ملتے۔ ان کی خطاطی کا ایک نمونہ دہلی میوزیم میں محفوظ ہے۔

خدابخش لائبریری میں ان کی خطاطی کے دو نمونے محفوظ ہیں جو قلمی کتاب نمبر ۲۸۶۴ اور نمبر ۲۸۶۵ میں ملتے ہیں۔ ان دونوں پر سال کتابت تو درج نہیں ہے لیکن ان دونوں نمونوں پر غور کرنے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ یہ ۱۳ ویں صدی کے ہوں گے۔

حسن رضا: سید حسن رضا نام ولد سید حسن شاہ یہ رام پور کے باشندہ تھے۔ انگریزی حکومت میں سررشتہ داری سے ترقی پاکر کلکٹر ہو گئے تھے۔ تحصیل دار بھی تھے۔ خط نستعلیق اچھا لکھتے تھے۔ ۱۸۸۰ء میں رام پور میں انتقال ہوا۔

خدابخش لائبریری میں حسن رضا کی خطاطی کے دو نمونے ملتے ہیں۔ ایک نمونہ قلمی کتاب نمبر ۱۰۷۴ میں موجود ہے جبکہ دوسرا نمونہ کتاب نمبر ۲۸۶۴ میں پایا جاتا ہے۔ اول الذکر نسخے میں سال کتابت درج نہیں ہے لیکن ثانی الذکر نسخے میں سال کتابت ۱۲۶۷ھ درج ہے۔ اس بنیاد پر حسن رضا ۱۳ ویں صدی ہجری کے خطاط ضرور کہے جا سکتے ہیں۔

خدایار: ان کا خدایار نام اور مستعمل رقم خطاب تھا۔ یہ محمد شاہی عہد کے معروف خوش نویس ہیں۔ یہ ۱۲ ویں صدی کے گمنام خوش نویس ہیں جن کی خطاطی کا ایک نمونہ بوڈلین لائبریری (انگلستان) میں محفوظ ہے۔ اس نمونہ کے اخیر میں ترقیمے کی عبارت ملتی ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ یہ نمونہ ۱۱۶۳ھ کا لکھا ہوا ہے۔ ترقیمے کی عبارت ملاحظہ ہو۔ کتبہ اضعف العباد خدایار سنہ ۱۱۶۳

خدا بخش لائبریری میں خدایار کی خطاطی کا ایک نمونہ موجود ہے جو نمونۂ خطاطی نمبر ۱۰۷ میں ملتا ہے۔ سال کتابت ۱۲ ویں صدی ہے۔

خورشید: ان کا حافظ خورشید نام اور وطن لکھنؤ تھا۔ ہندوستان کے مشہور کاتب حافظ نوراللہ کے بھائی اور شاگرد تھے۔ میر عماد کے طرز پر نستعلیق نہایت عمدہ لکھتے تھے۔ غلام محمد ہفت قلمی نے لکھا ہے کہ ان سے ان کی لکھنؤ میں ملاقات ہوئی تھی اور اچھے اخلاق کے آدمی تھے۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا دو نمونے محفوظ ہیں جو نمونۂ خطاطی نمبر ۱۰۷۴ اور ۲۶۷۲ پائے جاتے ہیں۔ ان کا سال کتابت ۱۲ ویں صدی ہجری ہے۔

رحمت اللہ: سید رحمت اللہ سید القاسم بیگ کے صاحبزادے تھے۔ ان کا وطن سندھ تھا۔ نستعلیق کے بہترین خوش تھے۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ کتاب نمبر ۱۰۷ کے تحت ملتا ہے۔

سلطان علی مشہدی: یہ دسویں صدی ہجری میں خط نستعلیق کے معروف خطاط تھے۔ ابوالفضل نے انہیں سلطان علی شیر مشہدی لکھا ہے۔ مشہدی تعلیمی خدمات میں مشغول تھے۔ عابد و زاہد تھے۔ شعر و شاعری سے بھی دلچسپی تھی اور اچھے اشعار کہہ لیتے تھے۔ ۹۱۹ھ میں انتقال کیا۔ ان کے ہاتھ کا لکھا ہوا دیوان حافظ کا ایک نسخہ شعبۂ مخطوطات آزاد لائبریری علیگڑھ میں محفوظ ہے۔

خدا بخش لائبریری میں سلطان علی مشہدی کی خطاطی کا ایک نمونہ قلمی کتاب نمبر ۲۸۶۴ میں محفوظ ہے جس کی کتابت ۱۰ ویں صدی ہجری کی ہے۔

سید علی (میر سید علی تبریزی): یہ مشہور خطاط ہیں جن کے لکھے ہوئے قطعات خوش نویسوں کے لیے حجت ہیں۔ یہ ملا میر علی کے طرز پر خط شکستہ لکھتے تھے۔ وہ اس میدان میں درجۂ کمال کے اس مقام تک پہنچ چکے تھے جہاں ہندوستان یا ایران کا خطاط عام طور پر پہنچتا ہوا نظر نہیں آتا۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ قلمی کتاب ۱۰۷۵ میں محفوظ ہے۔

عبداللہ: حافظ عبداللہ عہد شاہجہانی کے عمدہ خوش نویسوں میں شمار ہوتے تھے۔ اس دور کے معروف خطاط شکراللہ اور مقصود علی کے معاصر تھے۔ نستعلیق اور شکستہ کے بہترین استاد تھے۔

خدابخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا دو نمونے قلمی کتاب نمبر ۱۰۶۶، ۲۸۶۵ میں محفوظ ہیں جو ۱۱ویں صدی کے لکھے ہوئے ہیں۔

عبداللہ مشکیں قلم الحسینی: یہ اکبری عہد کے مشہور خطاط تھے۔ شاہ نعمت اللہ ولی کے خاندان سے ان کا تعلق تھا۔ وطن ترمذ تھا۔ وصفی تخلص کرتے تھے۔ اکبر بادشاہ نے انہیں "مشکیں قلم" کے خطاب سے سرفراز کیا تھا۔ یہ ایک شاعر تھے۔ ان کی پانچ مثنویاں اور ایک دیوان بطور یادگار ہیں ملتے ہیں۔ ۱۰۲۵ ہجری میں ان کا انتقال ہوا۔ ان کے حالات منتخب التواریخ (بدایونی) میں بھی ملتے ہیں۔

خدابخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ قلمی کتاب نمبر ۱۰۷۰ میں موجود ہے جو ۱۱ویں صدی کا لکھا ہوا ہے۔

عبدالستار سندیلوی: یہ اودھ کے نواب آصف الدولہ کے دور کے بہترین خوش نویس تھے۔

خدابخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ ملتا ہے جو قلمی کتاب نمبر ۲۶۷۲ میں موجود ہے۔ جو ۱۲ویں صدی اس کی کتابت ہے۔

عبدالعزیز: غلام محمد ہفت قلمی کے قول کے مطابق یہ محمد حسین کشمیری کے استاد ہیں جیساکہ مہدی بیانی نے لکھا ہے کہ ۱۰ویں صدی ہجری کے اواخر کا کتابت کردہ ایک نمونہ ملتا ہے جو عبدالعزیز کا ہے۔

خدابخش لائبریری میں بھی ان کی خطاطی کا ایک نمونہ محفوظ ہے جو قلمی کتاب نمبر ۲۸۶۴ میں ملتا ہے۔ اس کی کتابت دسویں صدی ہجری کی ہے۔

عصمت اللہ: یہ محمد عارف یاقوت رقم خاں کے بھتیجے اور شاگرد تھے۔ یہ شاہ عالم کے دور کے ایک نامور خطاط تھے۔ انہیں نسخے پر دسترس حاصل تھا۔ تاہم نستعلیق کے نمونے بھی مل جاتے ہیں جو دیکھنے میں خوبصورت نظر آتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ قرآن مجید کو خط نستعلیق میں لکھنے میں ان کا کوئی مقابل نہیں تھا۔

خدابخش لائبریری میں عصمت اللہ کے جو نمونے محفوظ ہیں وہ قلمی کتاب نمبر ۲۲۲ اور ۱۰۷۱ میں پائے جاتے ہیں۔ یہ دونوں نمونے ۱۲ویں صدی کے ہیں اور خط نستعلیق میں ہیں جو نہایت

خوبصورت اور جاذب نظر ہیں۔

غلام محمد: یہ ہندوستان کے مشہور خطاط ہیں۔ ہندوستان میں یہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے خطاطی کے علاوہ خوش نویسوں کا تذکرہ پہلی مرتبہ فارسی زبان میں لکھا جو تذکرۂ خوش نویساں کے نام سے جانا جاتا ہے۔ دہلی وطن تھا لیکن ترک وطن کر کے لکھنؤ گئے تھے۔ عربی فارسی کی تعلیم حکیم قدرت اللہ خاں سے حاصل کی۔ یہ فارسی اردو میں شعر بھی کہتے تھے۔ راقم تخلص تھا۔ خوش نویسی میں محمد حفیظ خاں کے شاگرد تھے۔ نستعلیق اور دوسرے خط کے نہایت اچھے خطاط تھے۔ اس لیے ہفت قلمی کہلاتے تھے۔ ۱۲۳۹ھ/۱۸۲۳ء میں لکھنؤ میں انتقال کیا۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ محفوظ ہے جو رسالہ خوش نویسی کے نام سے ہے جس کا نمبر ۱۰۶۷ ہے۔ یہ ۱۵۸ اوراق پر مشتمل ہے اور ۱۳ ویں صدی کا مکتوبہ ہے۔ مہدی بیانی نے ان کے تذکرے کا حوالہ جا بجا اپنی تصنیف "احوال و آثار خوش نویساں" میں دیا ہے اور ان کی تحقیق اور خوش نویسی کی تعریف کی ہے۔

کریم اللہ خاں: مولوی کریم اللہ خاں امیر خاں کے صاحبزادے تھے۔ وطن رام پور تھا۔ خط نستعلیق میر عوض علی سے حاصل کیا۔ نواب حامد علی خاں والی رام پور کے استاد تھے۔ ۲۲ ذیقعدہ ۱۳۲۴ھ میں رام پور میں انتقال کیا۔ فارسی زبان میں دفتر خطاط کے نام سے ان کی تصنیف ہے جو چھپ چکی ہے۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا نمونہ قلمی کتاب نمبر ۲۸۶۴ میں ملتا ہے جو خط نستعلیق میں ۱۴ ویں صدی ہجری کا کتابت کردہ ہے۔

لطف علی خاں عظیم آبادی (مرزا): یہ تیرہویں صدی ہجری میں عظیم آباد کے معروف خطاط تھے جو نستعلیق اور دوسرے خط میں بڑے خوبصورت انداز سے لکھتے تھے۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خوبصورت خطاطی کے بتیس[۳۲] نمونے محفوظ ہیں جو قلمی کتاب نمبر ۲۸۶۵ میں ملتے ہیں۔ اس قلمی نسخے میں پانچ نمونوں کے آخر میں نام کے ساتھ عظیم آبادی لکھا ہے، جس سے واضح ہوتا ہے کہ یہ عظیم آباد کے باشندہ تھے۔ اس کے علاوہ اس نسخے کے سات نمونوں پر سال کتابت درج ہے۔ قدیم ترین تاریخ ۱۲۰۲ھ ہے اور سب سے آخری تاریخ ۱۲۱۸ھ ہے۔

محمد ابراہیم خاں: صحیفۂ خوش نویساں میں لکھا ہے کہ یہ سید یوسف علی خوش نویس کے شاگرد تھے۔ الور کے باشندہ تھے اور مطبع یوسفی الور میں کتابت کرتے تھے۔ خط نستعلیق، نسخ اور خط شکستہ کے اچھے خطاط تھے۔ ۱۸۸۶ء تک زندہ رہے۔ اس لحاظ سے یہ ۱۳ویں صدی ہجری کے خطاط کہے جا سکتے ہیں۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کے نو نمونے موجود ہیں جو مندرجہ ذیل قلمی کتابوں میں محفوظ ہیں۔

۱۔ کتاب نمبر ۲۶۹ ۲۔ کتاب نمبر ۱۰۷۱ ۳۔ کتاب نمبر ۱۰۷۵ اس کی کتابت ۱۲ویں صدی ہجری میں ہوئی۔

۴۔ کتاب نمبر ۲۸۶۵۔ اس میں نستعلیق کے دو نمونے ملتے ہیں۔ کتابت ۱۲ویں صدی ہجری کی ہے۔

۵۔ کتاب نمبر ۲۳۳۰۔ اس میں نستعلیق کا ایک نمونہ ملتا ہے جو ۱۲ویں صدی کا مکتوبہ ہے۔

۶۔ کتاب نمبر ۲۸۶۴۔ اس میں نستعلیق کے دو نمونے ملتے ہیں۔ دونوں ۱۲ویں صدی کی کتابت کردہ ہے۔

۷۔ کتاب نمبر ۱۸۷۰ (ایکیشن) اس میں بھی نستعلیق کے دو نمونے ملتے ہیں جو ۱۲ویں صدی کے لکھے ہوئے ہیں۔

محمد ابراہیم شیرازی: یہ حاجی آقا اولیا سمیع کے نام سے معروف ہیں۔ ان کے دادا سمیع خاں تھے جو اہل اللہ میں شمار ہوتے تھے اور اسی بنا پر ان کا پورا خاندان اسی نام سے معروف ہے۔ ان کے والد کا نام محمد حسین اولیا سمیع شیرازی تھا۔ محمد ابراہیم دراصل شیراز کے باشندہ تھے جو نستعلیق کے اچھے خوشنویس تھے۔ عربی علوم و فنون اور فارسی گوئی میں کمال رکھتے تھے۔ سلطان مراد مرزا کی خدمت میں رہ کر تعلیم و تربیت حاصل کی تھی۔ شیراز سے ہندوستان آئے اور سالہا سال تک بمبئی میں مقیم رہے۔ وہاں وہ تجارت کرتے تھے۔ بمبئی سے حیدرآباد گئے وہاں فارسی زبان و ادب کی تدریس میں ایک عرصے تک مشغول رہے۔ آخر عمر میں ایران چلے گئے۔ کچھ دنوں تک مشہد میں قیام کیا اور پھر اپنی جائے پیدائش شیراز میں واپس چلے گئے۔ ۱۳۰۱ھ میں شیراز ہی میں انتقال کیا۔ انہوں نے بہت ساری کتابوں کی کتابت کی ہے جو چھپ چکی ہیں۔ مثال کے طور پر "انوار سہیلی" جو ۱۲۷۰ھ میں ہندوستان میں چھپی ان ہی کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ہے۔ "تاریخ وصاف" جو ۱۲۶۹ھ میں بمبئی سے چھپی ان ہی کی کتابت کردہ

ہے۔اس کے علاوہ "اخلاق ناصری"، "کنز المصائب" اور "مثنوی مولانا روم" بھی ان کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ہیں اور چھپ چکی ہیں۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا نمونہ موجود ہے ایک جو قلمی کتاب نمبر ۱۹۹ میں محفوظ ہے اور ۱۲۶۰ھ کی کتابت کی ہوئی ہے۔ یہ دراصل فارسی اشعار کی ایک بیاض ہے جو "بیان محمود" کے نام سے موسوم ہے اور مرزا محمد محمود بن فتح علی شاہ قاچار کی تصنیف ہے۔ یہ ۱۲۲ اوراق پر مشتمل ہے اور خط نستعلیق میں ہے۔

محمد اشرف: صحیفۂ خوش نویساں میں لکھا ہے کہ یہ قاضی نعمت اللہ لاہوری کے فرزند اور شاگرد تھے۔ لکھنؤ کے اچھے خوش نویسوں میں ان کا شمار ہوتا تھا۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ محفوظ ہے جو ۱۲ ویں صدی ہجری کا مکتوبہ ہے اور خط نستعلیق میں ہے۔

محمد افضل (امیر): غلام محمد ہفت قلمی نے لکھا ہے کہ یہ محمد شاہ کے وزیر قمر الدین خاں اعتماد الدولہ کے دربار میں تھے اور جواہر رقم اور ہدایت اللہ زریں رقم کی روش میں لکھتے تھے۔ مہدی بیانی نے اپنی تصنیف احوال و آثار خوش نویساں میں ان کے ایک نمونۂ خطاطی کا ذکر کیا ہے جس کے آخر میں ترقیمے کی یہ عبارت ملتی ہے۔

"میر محمد افضل علوی مشق کرد فی شہر محرم الحرام ۱۱۰۲ھ بدار الملک شاہجہاں آباد"

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ کتاب نمبر ۱۰۶۹ میں موجود ہے جو خط نستعلیق میں ہے اور ۱۲ ویں صدی کا مکتوبہ ہے۔

محمد امین مشہدی: یہ اورنگ زیب عالمگیر کے دور کے نہایت عمدہ خطاط تھے۔ مہدی بیانی نے محمد امین مشہدی کے نام سے تین خطاط کا ذکر کیا ہے۔

- ایک وہ ہیں جو شاہ محمد مشہدی کے شاگرد تھے جو خراسان سے ہندوستان آئے اور یہیں رہ گئے ان کی وفات ۹۷۸ھ میں ہوئی۔ ان کے ہاتھ کا لکھا ہوا ایک مرقع کتاب خانہ سلطنت ایران میں محفوظ ہے۔

دوسرے وہ ہیں جنہوں نے ہندوستان کا سفر کیا اور جو "مراۃ العالم" کی تصنیف کے وقت (۱۰۷۸ھ) زندہ تھے۔ ان کا نمونۂ خطاطی بیاض بختاور خاں میں ملتا ہے جس کو مہدی بیانی نے خود دیکھا ہے۔ اس کا

ترقیمہ یوں ہے۔

"لکاتبہ محمد امین المشہدی ۱۰۸۲ھ"

تیسرے وہ ہیں جو سید علی خاں جواہر رقم کے معاصر تھے جس کا ذکر محمد صالح اصفہانی نے اپنے تذکرے میں کیا ہے۔

خدا بخش لائبریری میں محمد امین مشہدی کی خطاطی کا ایک نمونہ ملتا ہے جو قلمی کتاب نمبر ۲۸۶۴ میں پایا جاتا ہے۔ گیارہویں صدی ہجری کا مکتوبہ ہے۔

محمد حسین: یہ ۱۰ ویں صدی کے ایک معروف خطاط ہیں جن کی خطاطی کا ایک نمونہ کتاب خانہ مجلس شوری ملی تہران میں محفوظ ہے اس پر تاریخ کتابت یوں درج ہے۔

"تحریراً فی شہر جمادی الاول سنۃ ...... حررہ العبد محمد حسین"

خدا بخش لائبریری میں محمد حسین کی خطاطی کے تین نمونے پائے جاتے ہیں جو مندرجہ ذیل قلمی نسخوں میں ہیں۔

۱۔ نمونۂ خطاطی نمبر ۱۰۷۱ ۲۔ نمونۂ خطاطی نمبر ۱۰۷۲

۳۔ نمونۂ خطاطی نمبر ۲۸۶۴

محمد حسین تہرانی: یہ بقول مہدی بیانی محمد شاہ اور ناصر الدین شاہ قاچار کے دربار کے خطاط تھے۔ اپنے وقت کے نہایت عمدہ خطاط تھے۔ اسی بنا پر مہدی بیانی نے انہیں "کاتب السلطان" لکھا ہے۔ یہ گرچہ نسخ، نستعلیق اور شکستہ کے اچھے کاتب تھے تاہم نستعلیق کے لیے خاص طور پر معروف تھے۔ احوال و آثار خوش نویساں میں ان کے مختلف خطی نمونوں کا ذکر ملتا ہے۔

خدا بخش لائبریری میں ان کا ایک خطی نمونہ ملتا ہے جو قلمی کتاب نمبر ۲۷۹۲ میں محفوظ ہے۔ ۱۲۸۲ھ کا مکتوبہ ہے۔

محمد حسین الحسینی: بقول غلام محمد ہفت قلمی یہ نہایت خوش گفتار اور متواضع شخص تھے۔ نستعلیق کی تعلیم خلیفہ سلطان سے حاصل کی اور اس کے بعد عبدالرشید دیلمی کی خدمت میں رہ کر اس کی مشق کی۔ عبدالرشید کے نمونۂ خطاطی سے انہیں اس قدر دلچسپی تھی کہ ان کے بہت سارے خطوط کو اپنے پاس جمع کیا تھا۔ خط نسخ میں عصمت اللہ خاں کے شاگرد تھے۔ یہی وجہ ہے کہ پورا قرآن انہوں نے اسی خط میں لکھا۔ موسیقی اور شاعری

سے بھی دلچسپی رکھتے تھے۔ وہ مولانا فخرالدین کے معتقدوں میں تھے۔ ۱۱۹۹ھ میں وفات پائی۔

خدابخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ موجود ہے جو نمونۂ خطاطی نمبر ۱۰۷۲ میں ملتا ہے۔ ۱۲ویں صدی کی کتابت ہے۔

محمد حسین عطا خاں مرصع رقم: یہ محمد باقر خاں شوق طغریٰ نویس کے فرزند تھے۔ اٹاوہ کے رہنے والے تھے۔ خطاطی کے علاوہ شعر و شاعری سے بھی دلچسپی رکھتے تھے۔ تحسین تخلص کرتے تھے۔ پہلے جنرل اسمتھ کے میر منشی تھے پھر نواب شجاع الدولہ کے دربار سے منسلک ہوئے۔ چوں کہ اچھے خطاط تھے اس لیے مرصع رقم کے خطاب سے نوازے گئے۔ نسخ، نستعلیق اور شفیعہ بہت اچھا لکھتے تھے۔ ان کی ایک وصلی دہلی میوزیم میں محفوظ ہے۔

خدابخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ قلمی کتاب ۱۰۷۰ میں محفوظ ہے جو ۱۳ویں صدی کا مکتوبہ ہے۔

محمد خلیل: یہ ۱۱ویں صدی کے ایک معروف کاتب تھے جو آقا عبدالرشید دیلمی کے طرز پر نستعلیق لکھتے تھے

خدابخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ ملتا ہے جو قلمی کتاب نمبر ۲۸۶۴ میں موجود ہے۔ اس کی کتابت ۱۰۲۹ھ کی ہے۔

محمد رضا: مہدی بیانی نے احوال و آثار خوش نویساں میں پندرہ سے زاید محمد رضا نامی اشخاص کے حالات لکھے ہیں جو ۱۱ویں، ۱۲ویں اور ۱۳ویں صدی ہجری کے ہیں۔

خدابخش لائبریری میں محمد رضا کی خطاطی کا جو نمونہ ملتا ہے وہ ۱۲۶۷ کا مکتوبہ ہے لیکن یہ کہنا مشکل ہے کہ یہ نمونۂ خطاطی کسی محمد رضا کا ہے۔ اس کا نمبر ۲۸۶۴ ہے۔

محمد سعدالدین: احوال و آثار خوش نویساں میں روز روشن کے حوالے سے لکھا ہے کہ محمد سعدالدین لکھنؤ کے باشندہ تھے اور حافظ محمد ابراہیم کے صاحبزادے تھے۔ خط نسخ اور نستعلیق کے اچھے خطاط تھے۔ شعر بھی کہتے تھے۔

خدابخش لائبریری میں ان کی خطاطی کے دو نمونے ملتے ہیں۔ ایک نمونہ قلمی کتاب نمبر ۱۰۷۰ میں ہے اور دوسرا قلمی کتاب نمبر ۲۸۶۴ میں ہے۔

محمد شریف: یہ میر عبداللہ خوش نویس کے بھانجے تھے۔ شاہ جہاں بادشاہ نے ان کو کاتب السلطان کا خطاب دیا تھا۔ جس سے ان کی فن مہارت اور مقبولیت کا اندازہ ہوتا ہے صاحب مرآۃ الصالح نے لکھا ہے کہ میر عبداللہ نے ان کو اپنے بچے کی تربیت کے لیے مقرر کیا تھا۔ اور اپنے انتقال کے وقت اپنا جانشیں مقرر کیا تھا۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کے دو نمونے ملتے ہیں جو مندرجہ ذیل قلمی نسخوں میں محفوظ ہیں۔

۱۔ کتاب نمبر ۴۰۱۰۴۔ کتابت ۱۱ ویں صدی ہجری کی ہے۔

۲۔ کتاب نمبر ۱۰۷۵۔ کتابت ۱۱ ویں صدی ہجری کی ہے۔

محمد صادق: یہ دربار عالمگیری کے اہم خوش نویسوں میں تھے۔ ان کی خطاطی کا ایک نمونہ بیاض بختاور خاں میں موجود ہے جو دہلی میوزیم میں ہے۔ ایک دوسرا نمونہ بوڈلین لائبریری (انگلستان) میں پایا جاتا ہے۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کے دو نمونے ملتے ہیں جو مندرجہ ذیل قلمی نسخوں میں ہیں۔

۱۔ قلمی کتاب نمبر ۱۰۷۴۔ اس کی کتابت ۱۳ ویں صدی ہجری کی ہے۔

۲۔ قلمی کتاب نمبر ۲۶۷۲۔ اس کی کتابت ۱۲۸۰ھ کی ہے۔

محمد عالم: یہ شیخ محمد پناہ خوش نویس کے صاحبزادے تھے جو سندھ کے باشندہ تھے۔ محمد عالم ہندوستان میں بارہویں صدی کے گمنام خوش نویسوں میں شمار ہوتے ہیں۔ ان کی خوشنویسی کا ایک نمونہ بوڈلین لائبریری (انگلستان) میں محفوظ ہے۔

خدا بخش لائبریری میں ان کا ایک نمونۂ خطاطی محفوظ ہے جو قلمی کتاب نمبر ۲۶۷۲ موجود ہے۔ کتابت ۱۹۰۲ء کی ہے۔

محمد عباس: یہ لکھنؤ کے باشندہ اور حافظ نوراللہ کے شاگرد تھے۔ خط نستعلیق کے نامور اور مسلم الثبوت استاد تھے۔ یہ بارہویں صدی کے معروف خطاط تھے ان کے خط کا ایک نمونہ دہلی میوزیم میں محفوظ ہے۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کے دو نمونے ملتے ہیں۔ ایک نمونہ قلمی کتاب نمبر ۱۰۶۹ میں ہے۔ جس کی کتابت ۱۲ ویں صدی ہجری کی ہے۔ دوسرا نمونہ قلمی کتاب نمبر ۱۰۰۰ میں ہے جس کی

کتابت بھی اس صدی کی ہے۔ تیسرا نمونہ قلمی کتاب نمبر ۱۰۸۷ ایکسیشن میں ہے یہ بھی ۱۲ویں صدی ہجری کا ہے۔

محمد علی: یہ تیرہویں صدی ہجری کے معروف خطاط ہیں جو مشہور خطاط ہدایت اللہ زریں رقم کے فرزند اور شاگرد تھے۔ انہوں نے نستعلیق عبدالرشید دیلمی کے طرز پر لکھا۔ خط نسخ میں بھی مہارت رکھتے تھے۔ مرزا جوان بخت (جو شاہ عالم ثانی کے شہزادے تھے) کے استاد تھے۔ ان کی خطاطی کا ایک نمونہ دہلی میوزیم میں موجود ہے۔ اس کے آخر میں ترقیمہ کی عبارت ملتی ہے جو اس طرح ہے۔

" حافظ محمد علی بن زریں رقم ۱۲۰۲ھ"

ان کی خطاطی کا ایک اور نمونہ کتابخانہ سید نصراللہ تہران میں ملتا ہے جس کی کتابت ۱۲۸۰ھ کی ہے۔ یہ بات یہاں قابل ذکر ہے کہ محمد علی، حافظ محمد علی اور محمد علی بن زریں قلم تین طرح کے نام ملتے ہیں حالانکہ تینوں ایک ہیں۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کے چار نمونے ملتے ہیں جو مندرجہ ذیل قلمی کتابوں میں محفوظ ہیں۔

۱۔ قلمی کتاب نمبر ۱۰۷۴۔ کتابت ۱۳ویں صدی ہجری کی ہے۔
۲۔ " " نمبر ۲۸۶۴۔ کتابت ۱۱۹۸ھ ہجری کی ہے۔
۳۔ " " نمبر ۲۸۶۵۔ کتابت ۱۳ صدی ہجری کی ہے۔
۴۔ " " نمبر ۲۸۰۶۔ کتابت ۱۳ ویں صدی ہجری کی ہے۔

محمد فاضل: مہدی بیانی نے لکھا ہے کہ یہ گیارہویں اور بارہویں صدی ہجری کے خطاط ہیں۔ ان کی خطاطی کے نمونے کتابخانہ سلطنت تہران اور دہلی میوزیم میں ہیں۔ دہلی میوزیم والے نسخے کے آخر میں ترقیمہ ہے جو اس طرح ہے۔

" العبد الفقیر.... محمد فاضل غفراللہ ذنوبہ۔ ۱۱۰۱ھ"

خدا بخش لائبریری میں ان کی کتابت کا ایک نمونہ محفوظ ہے جو قلمی کتاب نمبر ۱۰۷۵ میں ملتا ہے۔ کتابت ۱۲ ویں صدی ہجری کی ہے۔

محمد کاظم: یہ جواہر رقم خاں کے صاحبزادے ہیں۔ تہران کے باشندہ تھے اور شاہجہانی عہد کے بہترین خطاط تھے۔ سید علی کے طرز پر کتابت کرتے تھے۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ ملتا ہے جو قلمی کتاب نمبر ۲۸۶۵ میں ہے۔

اور جس کی کتابت ۱۲۳۹ھ کی ہے۔ یہ خط نستعلیق میں ہے۔

محمد مرزا (سید): محمد مرزا آقا چار کیومرث مرزا ملک آرا کے لڑکے تھے۔ نستعلیق بڑے خوبصورت اور اچھے انداز میں لکھتے تھے۔ ۱۲۹۰ھ میں انتقال ہوا۔ ان کی خطاطی کا ایک نمونہ کتاب خانہ سلطنت تہران میں موجود ہے، جس کے آخر میں یہ عبارت درج ہے:

"محمد مرزا ۱۲۸۰ھ"

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ ملتا ہے جو قلمی کتاب نمبر ۱۰۷۳ میں پایا جاتا ہے۔ کتابت ۱۲ویں صدی کی ہے۔ نستعلیق کا دلچسپ اور خوبصورت نمونہ ہے۔

محمد مقیم: یہ میر شاہ میر کے صاحبزادے تھے۔ اصلاً تبریز کے باشندہ تھے لیکن عباس آباد اصفہان میں مقیم تھے۔ محمد مقیم اپنے بیٹے سید علی خاں جواہر رقم کے ساتھ ہندوستان آئے۔ یہ شاہجہاں کا دور تھا اس دور میں انہوں نے کافی شہرت حاصل کی۔ یہ میر عماد کے شاگردوں میں تھے۔ کالی مسجد دہلی میں سکونت پذیر تھے۔ مراۃ العالم میں لکھا ہے کہ ان کے اکثر شاگرد ہندوستان کے معروف خطاط تھے۔ خط شفیعہ میں ان کے ہاتھ کا لکھا ہوا ایک نسخہ سید نصر اللہ تقوی کے کتب خانہ میں محفوظ ہے جس میں سال کتابت ۱۰۶۴ درج ہے۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ ملتا ہے جو قلمی کتاب نمبر ۱۰۷۱ میں ہے۔ کتابت ۱۱ویں صدی کی ہے۔

محمد مومن حسینی عرشی: محمد مومن اکبر آبادی بھی کہے جاتے ہیں۔ یہ میر عبداللہ مشکیں رقم کے صاحبزادے ہیں داراشکوہ نے اپنے صاحبزادے سلمان شکوہ کی خطاطی کی تعلیم کے لیے انہیں مقرر کیا تھا۔ کچھ دنوں کے بعد وہ اس خدمت سے سبکدوش ہو گئے اور گوشہ گیر ہو گئے۔ یہاں تک کہ ۹۰ سال کی عمر میں ۱۰۹۱ھ میں وفات پا گئے۔ "صبح گلشن" میں لکھا ہے کہ وہ شعر کہتے تھے اور عرشی تخلص کرتے تھے۔ ان کی خطاطی کا ایک نمونہ فرانس کی نیشنل لائبریری پیرس میں محفوظ ہے۔ اس کے آخر میں ترقیمہ کی عبارت اس طرح ہے: "الفقیر الحقیر محمد مؤمن الحسینی غفر ذنوبہ و ستر عیوبہ ۱۰۷۳ھ"

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ محفوظ ہے جو قلمی کتاب نمبر ۱۰۶۹ میں ملتا ہے۔ اس کی کتابت ۱۱ویں صدی کی ہے۔

محمد نعیم: یہ محمد نعیم اصفہانی ہیں جو اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ (۱۰۶۴-۱۱۱۹ھ) کے دربار کے خطاط تھے۔ ان کے خط کا ایک نمونہ بیاض بختاور خاں میں موجود ہے جس کا نسخہ دہلی میوزیم میں پایا جاتا ہے۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کے دو نمونے ملتے ہیں جو اس طرح ہیں:

۱۔ قلمی کتاب نمبر ۱۰۰۷ اس کی کتابت ۱۱ ویں صدی ہجری کی ہے۔ خط نستعلیق کا خوبصورت نمونہ ہے۔

۲۔ قلمی کتاب نمبر ۲۸۶۴ اس کی کتابت ۱۱ ویں صدی ہجری کی ہے۔ خط نستعلیق میں ہے اور جاذب نظر ہے۔

محمد ہادی: مرزا سنگلاخ فرماتے ہیں کہ محمد ہادی عبدالرشید دیلمی اور امین خلیل ہروی کے شاگرد تھے۔ قطعہ نگاری میں میر عماد کے پیروکار تھے۔ کثیر المشق تھے۔ اچھے شاعر بھی تھے۔ ۱۰۸۲ھ میں انتقال کیا۔ ان کی خطاطی کا ایک نمونہ کتاب خانۂ سلطنت تہران میں ملتا ہے جو عالم آرا عباسی کا نسخہ ہے۔ ۱۱ ویں صدی کا مکتوبہ ہے۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کے دو نمونے ملتے ہیں۔ پہلا نمونہ قلمی کتاب نمبر ۱۰۷۰ میں ہے کتابت ۱۱ ویں صدی کی ہے۔ دوسرا نمونہ قلمی کتاب نمبر ۲۶۷۲ میں ملتا ہے۔ یہ بھی ۱۱ ویں صدی کا لکھا ہوا نسخہ ہے۔

مرید خاں: نواب مرید خاں کا اصل نام محمد صادق طباطبائی ہے مگر نواب مرید خاں زیادہ تر مرید خاں کے نام سے مشہور ہیں۔ محمد شاہ بادشاہ دہلی کے امرا میں شامل تھے۔ تعلیق، ثلث، ریحان، نسخ اور نستعلیق کے معروف خطاط تھے مگر شکستہ بڑا پختہ تھا اور اس کے استاد بھی تھے۔ طلاکاری بھی خوب کرتے تھے یہ ۱۲ ویں صدی ہجری کے معروف خوش نویس ہیں۔ ان کے خط کا ایک نمونہ دہلی میوزیم میں محفوظ ہے۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ ملتا ہے جو قلمی کتاب نمبر ۲۰۰۶ میں موجود ہے۔ کتابت ۱۲ ویں صدی کی ہے۔

مہدی قلی: یہ دسویں صدی کے معروف کاتب ہیں۔ صاحب مناقب ہنروران نے مہدی قلی کو میر معز کاشانی کے شاگردوں میں شمار کیا ہے ان کی خطاطی کے دو نمونے کتاب خانۂ خزینہ اوقاف استنبول میں محفوظ ہے۔ ایک نمونہ جو دراصل ایک مرقع میں موجود ہے۔ اس کے اخیر میں ترقیمے کی

عبارت ملتی ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ یہ نمونہ ۹۷۷ ہجری میں لکھا گیا ہے۔ ترقیمہ ملاحظہ ہو۔

"کتبہ المذنب الفقیر مہدی قلی غفر ذنوبہ وستر عیوبہ فی شہور سنۃ ۹۷۷ھ"

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ ملتا ہے جو قلمی کتاب نمبر ۱۰۶۹ میں محفوظ ہے۔ کتابت ۱۰ ویں صدی ہجری کی ہے۔

میر حاجی: یہ عبدالرشید دیلمی کے شاگرد تھے۔ کثرت مشق سے خطاطی میں اپنے استاد کی شان پیدا کر لی تھی۔ خاص طور پر نستعلیق میں اپنے استاد کے نمائندہ خطاط تھے۔

خدا بخش لائبریری میں انکی خطاطی کا ایک نمونہ قلمی کتاب ۱۰۷۲ میں ملتا ہے۔ ۱۱ ویں صدی ہجری کی کتابت ہے۔

نعمت اللہ: یہ گیارہویں صدی ہجری کے اچھے خطاط تھے۔ آقا عبدالرشید کے شاگرد تھے۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ محفوظ ہے جو ۱۰۲۶ھ کا مکتوبہ ہے اور خط نستعلیق میں ہے۔ یہ قلمی کتاب نمبر ۲۶۷۲ میں پایا جاتا ہے۔

وجیہ الدین: یہ حافظ نور اللہ کے شاگرد تھے۔ اور خط نستعلیق کے معروف خطاط تھے۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ محفوظ ہے جو نمونۂ خطاطی نمبر ۱۰۱۷ میں ملتا ہے۔ اس کی کتابت ۱۲ ویں صدی کی ہے اور نستعلیق کا خوبصورت نمونہ ہے۔

سید ہادی علی: یہ بنارس کے باشندہ تھے، لیکن بعد میں لکھنؤ چلے گئے اور وہاں حافظ نور اللہ کے شاگرد ہو گئے۔ خط نستعلیق کے اچھے خطاط تھے۔ نسخ بھی خوبصورت لکھ لیتے تھے۔ نسخ یاقوت مستعصمی کے طرز پر اس قدر خوبصورت لکھتے تھے کہ اصل و نقل میں تمیز کرنا مشکل ہو جاتا تھا۔ طغریٰ نویسی میں بھی کمال رکھتے تھے۔ آخر عمر میں نابینا ہو گئے تھے۔

خدا بخش لائبریری میں ان کی خطاطی کا ایک نمونہ محفوظ ہے جو خط نستعلیق میں ہے اور ۱۲ ویں صدی ہجری کی کتابت ہے۔ یہ قلمی کتاب نمبر ۲۳۳۰ میں موجود ہے۔

یوسف علی: ان کا اصل وطن قصبہ بادل تھا۔ میر مدد علی خوشنویس کے شاگرد اور فرزند تھے۔ خط نستعلیق کے معروف استاد اور فن کار تھے۔ الور میں "مطبع یوسفی" کے نام سے پریس قائم کیا تھا۔ بیسویں صدی عیسوی کے اوائل میں انتقال کیا۔

خدا بخش لائبریری میں ان کا ایک نمونۂ خطاطی محفوظ ہے۔ جو قلمی کتاب نمبر ۲۸۶۵ میں ملتا

ہے۔ سال کتابت ۱۲۳۹ھ ہے اور دوسرا نمونہ ۱۸۷۰ (ایکسیشن) میں ملتا ہے جو خط نستعلیق میں ہے۔ اور ۱۲ ویں صدی کی کتابت ہے۔

خدابخش لائبریری میں مذکورہ خوش نویسوں کے علاوہ مندرجہ ذیل خوش نویسوں کی خطاطی کے نمونے ملتے ہیں، جو اپنی خوبصورتی، دلکشی اور فنکاری کے لحاظ سے نہایت اہم ہیں۔ ان میں بعض خطاطوں کے نام کے ساتھ "روشن قلم" "جواہر رقم" اور "عطارد رقم" کے القاب استعمال کیے گئے ہیں۔ جس سے واضح ہوتا ہے کہ یہ لوگ اپنے وقت کے مایہ ناز خطاط تھے، جنہیں کسی بادشاہ یا نواب کی طرف سے ان کی فنی خوبی اور مہارت کی بنا پر اتنے اہم القاب سے نوازہ گیا تھا۔

ان خوش نویسوں کے حالات قلم بند کرنے سے گرچہ تذکرے کی کتابیں خاموش ہیں لیکن ان کی خوبصورت اور جاذب نظر خطاطی خود بخود بول اٹھتی ہے کہ یہ کسی بڑے اور نامور خطاط کی خطاطی کے نمونے ہیں۔ آیئے ذرا ایک نظر ہم ایسے خطاط اور ان کے خطی نمونوں پر بھی ڈالیں۔

نام	خط	سال کتابت	نمبر کتاب
آغا علی خاں	نستعلیق	۱۳ ویں صدی ہجری	1069 HL
اختر طہرانی	"	" "	1870 Acc
امیر علی (سید)	"	۱۲ ویں صدی ہجری	2864
پریم سکھ	"	۱۳ ویں صدی ہجری	3330
حسین بن علی	نستعلیق	۱۲۹۶ھ	3807
سعادت علی خاں	نستعلیق	۱۳ ویں صدی ہجری	2864
سید امداد العلی	"	۱۳۲۲ھ	1124 Acc
سید محمد	"	۱۳ ویں صدی ہجری	2864
شاہ محمود	"	" "	2672
صفدر	"	" "	2913
عبداللہ	"	" "	2865

نام	خط	سال کتابت	نمبر کتاب
عبداللہ قادری	نستعلیق	۱۳ویں صدی ہجری	1075 HL
عبدالحیٔ	"	" "	1074 HL
"	"	" "	
خواجہ عبدالحسین	"	۱۲۳۹ھ	2865
عبدالرحیم روشن قلم	"	۱۰۲۹ھ	2864
عبدالستار سندیلی	"	۱۳ویں صدی ہجری	2672
عبدالعزیز	"	۱۳ویں صدی ہجری	2864
عطاءاللہ الحسینی	"	" "	2864
مرزا عبدالوہاب الحسینی	"	۱۲ویں صدی ہجری	1069 HL
علی الحسینی	"	۱۳ " "	1071
۱۔ عنایت احمد عطارد رقم	"	۱۳ویں صدی ہجری	2865
۲۔ " "	"	" "	1074 HL اس میں چودہ نمونے ہیں۔ ایک نمونے پر سال کتابت ۱۲۵۶ھ درج ہے۔
عنایت حسین	"	۱۳ویں صدی ہجری	3330
قیصر قمی	"	۱۱۸۷ھ	2864
"	"	۱۲ویں صدی ہجری	
کفایت علی	"	۱۲۶۶ فصلی	1075 HL
محمد امیر	"	۱۳ویں صدی ہجری	1870 Acc.
حاجی محمد الحسینی			1074 HL

نام	خط	سال کتابت	نمبر کتاب
محمد خان	نستعلیق	۱۳۲۴ھ	1870 Acc
حافظ محمد خورشید			1069 HL
محمد مہدی	"	" "	1870 Acc.
مرشد الکاتب الشیرازی	"	۹۴۷ھ	60 HL
" "	"	۹۴۲ھ	358 HL
منسارام	"	۱۲ویں صدی ہجری	3330
میر حسین الحسینی	"	۱۳ویں صدی ہجری	1075 HL
میر حمزہ علی	"	۱۲۸۴ھ	1870 Acc.
میر علی	"	۱۳ویں صدی ہجری	1071
میر علی شیر	"	۱۲۹۰	3330
ناصر الدین محمد الکاتب	"	۱۳ویں صدی ہجری	2864
وصی الدین احمد مبتلا	"	۱۳۱۳ھ	2672
" "	"		

مصادر و مراجع

اس مضمون کے سلسلے میں جن کتابوں سے استفادہ کیا گیا ہے، وہ یہ ہیں:

۱۔ "احوال و آثار خوش نویساں" (فارسی) جلد ۱-۳۔ مہدی بیانی، دانش گاہ تہران، تہران

۲۔ "پاک و ہند میں اسلامی خطاطی" (اردو)، ڈاکٹر عبداللہ چغتائی، کتب خانہ نورس، لاہور

۳۔ "تاریخ خطاطی" (اردو)، اعجاز راہی، ادارہ ثقافت پاکستان، راولپنڈی، ۱۹۸۶ء

۴۔ "تذکرۂ خوش نویساں" (فارسی)، غلام محمد ہفت قلمی دہلوی، ایشیاٹک سوسائٹی، کلکتہ ۱۹۱۰ء

۵۔ "صحیفۂ خوش نویساں" (اردو)، احترام الدین احمد شاغل، ترقی اردو بیورو، نئی دہلی ۱۹۸۷ء

۶۔ "نمونہ ہای خط" (فارسی) محمد علی عطار

عکس نمبر ۱۱

اکبری عہد کے معروف خطاط محمد حسین کشمیری (م ۱۰۲۰ھ) کا خوبصورت نمونۂ خطاطی

عکس نمبر ۱۲

ایران کے مشہور خطاط میر عماد (م ۱۰۲۴ھ) کی خطاطی کا دلکش نمونہ

عکس نمبر ۱۳

شاہجہانی دور کے مشہور خطاط حاجی محمد الحسینی کی خطاطی کا خوبصورت نمونہ

عکس نمبر ۱۴

دربار جہانگیری کے مشہور خطاط محمد باقر الحسینی کی خطاطی کا دلچسپ نمونہ

عکس نمبر ۱۵

نواب آصف الدولہ (۱۲۲۲ - ۱۲۸۸ھ) کے دربار کے معروف خطاط
حافظ نوراللہ کی خطاطی کا خوبصورت نمونہ

عکس نمبر ۱۶

عہدِ عالمگیری کے مشہور خطاط ہدایت اللہ زریں رقم کی خطاطی کا یادگار نمونہ

ص نمبر ۱۷

رام پور کے مشہور خطاط الٰہی بخش کے خطاطی کا ایک دلکش نمونہ

تصویر نمبر ۱۸

رام پور کے معروف خطاط صفدر حسین کی خطاطی کا دلچسپ نمونہ

اسد فیض

ملتان میں اقبال شناسی کی روایت

ملتان کی تاریخ ہزاروں برس پر محیط ہے۔ یہ شہر ہر دور میں اہمیت کا حامل رہا ہے قدیم سنسکرت کتابوں میں ملتان کا ذکر قدامت تک ہی محدود نہیں بلکہ مذہبی لحاظ سے بھی اس شہر کو بڑی عظمت بخشی گئی ہے۔ ہندو یہ کہتے ہیں کہ ملتان وشنو دیوتا کا تیرتھ ہے اور ملتان کے راجہ نے مہابھارت کی جنگ میں حصّہ لیا تھا۔ اسلامی تاریخ میں البلاذری کی کتاب "فتوح البلدان" کے مطابق یہ مسلمانوں کا اولین معسکر اور اولین گہوارہ علم تھا۔ ملتان وسط ایشیاء اور ہند کے درمیان ایک ایسا مقام اتصال رہا جس سے تاریخ کے بہت سے قافلے گذرے۔ اس شہر میں علم و عرفان کی لاتعداد شمعیں روشن ہوئیں۔ حضرت بہاءالدین زکریاؒ اور فخرالدین عراقی نے اپنے بصائر و حکم سے اس ریگزار کو شاداب کیا۔ اولیائے کرام کا مسکن ہونے کے سبب اس شہر کو مدینۃ الاولیاء بھی کہا گیا۔ تاریخ اسلام کے مشہور فاتحین محمد بن قاسم اور محمود غزنوی بھی اس سرزمین پر کچھ عرصہ مقیم رہے۔ مسلمانوں کی فتح سندھ کے بعد ملتان اور اوچ شریف کو ایک نمایاں مقام حاصل ہوا۔ ملتان کے علمی و تہذیبی، مذہبی و دینی کردار سے متعلق سب سے پہلے جو اقامتی درسگاہ کا تصور ملتا ہے۔ وہ شیخ بہاءالدین زکریاؒ کی خانقاہ ہے۔ جو برصغیر میں سلسلہ عالیہ سہروردیہ کے موسس اعلیٰ ہیں۔

بہاءالدین زکریاؒ ایک تارک الدنیا صوفی نہیں تھے۔ ان کے مال خانے اور گودام اجناس سے بھرے رہتے تھے۔ پھر بھی وہ ایک کامل صوفی تھے۔ انہوں نے دُنیا کو مسخر کر لیا تھا۔ یہ وہ نکتہ ہے جو بعد میں علامہ اقبال کی شاعری میں ملتا ہے۔ صوفی اگر اسی راہ پر گامزن رہتا تو وہ اپنے گرد و پیش کو بھی سمجھتا اور عرفان ذات اور عرفان خدا تک پہنچتا تو کبھی بھی تصوف پر اقبال کی تنقید کی زد میں نہیں آتا۔ علامہ اقبال اور حضرت بہاءالدین زکریاؒ کے سلسلے میں ایک اور چیز بھی اشتراک پیدا

کرتی ہے وہ ہیں امیر سادات حسینی جو کہ حضرت بہاء الدین زکریاؒ کے مرید تھے۔ انہیں کے سوالوں کو محمود شبستری نے اپنی مثنوی "گلشن راز" میں موضوع بنایا ہے۔ علامہ اقبال نے اُسی کے انداز میں فارسی مثنوی "گلشن راز جدید" لکھی۔ تصوف کی دنیا میں سینکڑوں برس قبل حضرت بہاء الدین زکریاؒ کے شاگرد نے جو سوالات اٹھائے تھے۔ علامہ اقبال نے بیسویں صدی میں انہیں کے جوابات لکھے۔ یوں علم و حکمت کے حوالے سے اقبالؒ اور ملتان کا ایک تعلق بن جاتا ہے۔ ۶۰۲ ھ میں ناصر الدین قباچہ ملتان اور سندھ کا گورنر تھا۔ یہ وہ دور ہے جب ملتان میں علم و ادب کے قدیم نسخوں کا سراغ ملتا ہے۔ کرم الٰہی بدر اپنی کتاب "تاریخ ملتان" میں اس شہر کی علمی و ادبی اہمیت کے حوالے سے لکھتے ہیں:

> "فارسی شعراء کا پہلا تذکرہ اسی دور میں سدید الدین محمد عوفی نے ملتان میں لکھا۔ ملتان ہی میں سندھ کی پہلی مستند تاریخ "چچ نامہ" بھی قدیم عربی سے فارسی میں ترجمہ ہوئی۔ اسی ملتان میں حضرت امیر خسرو پانچ سال تک شاہزادہ محمد کے دربار سے منسلک رہے"[۱۵]

ملتان میں اردو شاعری سے قبل شعراء عربی، فارسی اور ملتانی زبان میں شعر کہتے تھے۔ ملتانی شاعری کا نمونہ سب سے پہلے "نور نامہ" کی شکل میں ملتا ہے جسے حافظ محمود شیرانی ۱۵۵۴ء کی تصنیف قرار دیتے ہیں۔ ملتان کے ایک قصبہ کھوتووال کے ایک بزرگ جنھوں نے ملتان میں تعلیم پائی۔ پھر حضرت خواجہ بختیار کاکیؒ کی نظر کیمیا ساز نے اُنھیں بھرپور کر دیا اور وہ دنیا میں حضرت بابا فرید الدین گنج شکرؒ کے نام سے مشہور ہوئے۔ بابا فرید گنج شکرؒ وہ پہلی شخصیت ہیں۔ جنھوں نے فارسی کے ساتھ ساتھ اردو زبان کو بھی اپنے اشعار کے اظہار کا ذریعہ بنایا۔ ان کے اشلوک اُردو کے اولین نمونوں میں شمار ہوتے ہیں۔ یوں برصغیر میں اردو زبان کی ترویج و ترقی میں ملتان کی سرزمین نے اہم کردار ادا کیا۔ خطۂ ملتان کے ایک اور عظیم صوفی بزرگ و شاعر خواجہ غلام فرید ہیں۔ اُن کی ذات اس خطّہ میں ایک ادارے کی حیثیت رکھتی ہے۔ اُن کی مسحور کن نواؤں نے ملتان اور اس کے نواح کی فضاؤں میں گنگناہٹ کا رس گھول دیا۔ ان کی شاعری میں ہجر و فراق اور اس کے کرب کی دردناک فضا پائی جاتی ہے ان کے نزدیک فرد واحد کا روحانی کمال یہ نہیں کہ وہ اپنی ہستی کو ہستی مطلق میں ضم کر دے بلکہ

وہ ذات کی انفرادیت اور اس کے عرفان کا درس دیتے ہیں۔ چنانچہ خودی، فراق اور عشق کے سلسلے میں علامہ اقبال کا خواجہ غلام فرید کی شاعری کے بارے میں کہنا ہے:

"افسوس کہ خواجہ صاحب کی شاعری ایک علاقے تک محدود ہو کر رہ گئی۔ ان کا کلام ایک گہرے مطالعے کا محتاج ہے۔ مجھے تو اس میں بین الاقوامی حیثیت کے عناصر نظر آتے ہیں"۔

خواجہ غلام فرید ۱۹۰۱ء میں وفات پا گئے۔ یہ وہ دور[۲] تھا۔ جب علامہ اقبال کا شاعری کے حوالے سے اتنا شہرہ نہ تھا اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ علامہ اقبال نے خواجہ غلام فریدؒ سے بھی اکتساب فیض کیا۔ علامہ اقبال کے اس خطہ کے علمی سرچشموں سے استفادہ سے ہٹ کر جب ملتان کی قدیم علمی و ادبی سرگرمیوں کا جائزہ لیا جاتا ہے تو یہ ناقابل تردید حقیقت بھی سامنے آتی ہے کہ یہاں کے ادب و شعر پر بھی اقبالؒ کے گہرے نقش ثبت ہوئے ہیں اس کا آغاز ۱۹۱۶ء سے ہوتا ہے۔ یہ علامہ اقبال کی زندگی کا وہ دور ہے جب اقبال بھی اقبال سے آگاہ نہ تھا۔

اس دور میں ملتان کے ایک ہندو وکیل لالہ بال کشن بترہ ابر نے ملتان میں بزم اقبال قائم کی۔ جس کے زیر اہتمام ملتان میں ادبی تقریبات و مشاعرے منعقد کیے جاتے تھے۔ لالہ بال کشن بترا ابر ۱۹۱۲ سے ۱۹۱۶ء تک لاہور میں بسلسلہ تعلیم مقیم رہے۔ ان کے طویل قیام لاہور اور شعر و ادب سے دلچسپی اور وابستگی سے یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اس دوران انھیں لاہور میں علامہ اقبال کی صحبتوں سے فیض یاب ہونے کے مواقع میسر آئے ہوں گے جیسا کہ راقم کے نام بیرسٹر جگدیش چندر بترہ مقیم دہلی نے اپنے مکتوب میں لکھا ہے کہ:

"لالہ بال کشن بترہ ابر کی لاہور میں علامہ اقبال سے ملاقاتیں بھی رہیں اور ان کے مابین خط و کتابت بھی تھی"[۳]

اس لحاظ سے ملتان میں ۱۹۱۶ء میں قائم ہونے والی "بزم اقبال" پورے برصغیر میں قائم ہونے والی پہلی بزم اقبال قرار پاتی ہے۔ لالہ بال کشن بترہ ابر کی اقبالیات میں دوسری بڑی کاوش جنوری ۱۹۲۰ء میں ملتان سے ہفت روزہ اقبال کا اجراء ہے جو باقاعدگی سے قیام پاکستان سے کچھ عرصہ قبل تک شائع ہوتا رہا۔ ہفت روزہ اقبال ملتان ۱۶×۲۲ سائز کے سولہ صفحات پر شائع ہوتا تھا۔ اس کا سالانہ

چندہ ایک روپیہ آٹھ آنے اور قیمت فی پرچہ ایک آنہ تھی۔ اس میں علمی وادبی مضامین کے علاوہ کتابوں پر تبصرے اور اہم خبریں اور واقعات شائع ہوتے تھے۔

یہ برصغیر پاک و ہند میں علامہ اقبال کے نام سے شائع ہونے والا پہلا ہفت روزہ اخبار ہے لالہ بال کشن بترا ابر نے علامہ اقبال کے رنگ میں شاعری بھی کی۔ علامہ اقبال کے بارے میں اپنے ایک شعر میں کہتے ہیں :

آہ اے اقبال ہاں اے شاعرِ جادو بیاں
مر کے بھی تو زندہ ہے قائم ہے جب تک آسماں [۳۰]

خطۂ ملتان میں لکھی جانے والی شاعری پر نظر دوڑائی جائے تو یہ حقیقت واضح ہوتی ہے کہ علامہ اقبال کی شاعری کے تمام اجزاء مرتسم طور پر یہاں کی شاعری میں رچے بسے نظر آتے ہیں اور یہ پہلو خطۂ ملتان کی شاعری پر اتنا حاوی ہے کہ اگر یہ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا کہ علامہ اقبال کے بعد ٹھیٹھ دبستانِ اقبال خطۂ ملتان میں پیدا ہوا۔ یہاں ایسے شعراء نے جنم لیا۔ جنھوں نے خالصتاً اقبالؒ کے رنگ میں شاعری کی ان میں نمایاں نام اسد ملتانی (۱۹۰۲ء ـــ ۱۹۵۹ء) کا ہے جن کو علامہ اقبال کی تائید اور تحسین بھی حاصل تھی اور انھوں نے عمر بھر اپنی شاعری میں یہ ثابت کر دکھایا کہ انھوں نے صحیح معنوں میں اقبالؒ کی پیروی کی اور خطۂ ملتان میں اقبالیات کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا۔ [۳۱]

ملتان میں علامہ اقبال کے بارے میں لکھی جانے والی پہلی منظوم تخلیق اسد ملتانی کی ایک نظم ہے جو فارسی زبان میں لکھی گئی ہے اور فروری ۱۹۲۰ء میں مجلہ "معارف" اعظم گڑھ میں شائع ہوئی ہے۔ نظم کا عنوان ہے "سوال بہ اقبال" اس میں علامہ اقبال کی فارسی مثنوی "اسرارِ خودی" کو پڑھ کر جو سوالات اُن کے ذہن میں آئے انھیں اسد ملتانی نے فارسی زبان میں منظوم صورت میں قلم بند کیا ہے۔

ملتان کے دیگر شعراء میں ارشد ملتانی، جابر علی سید، حسین سحر، عاصی کرنالی، اسلم انصاری اور فخرالدین بلے نے بھی اپنے اشعار میں علامہ اقبال کو خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ جبکہ ملتان کے قدیم شعراء لالہ بال کشن بترا ابر، کشفی ملتانی، بیم سین ظفر ادیب، راجہ عبداللہ نیاز، اکبر میرزا اور عبداللطیف تپش کے کلام میں پیرویِ اقبال کا رنگ نمایاں ہے۔

خطۂ ملتان میں علامہ اقبال پر لکھی جانے والی پہلی نثری تحریر محمد اکرم خان کا " ملت اور وطن" کے نام سے مارچ ۱۹۳۸ء میں شائع ہونے والا کتابچہ ہے۔ جس میں مولانا حسین احمد مدنی اور علامہ اقبالؒ کے مابین ملت اور وطنیت کے موضوع پر جنم لینے والے ادبی معرکہ کی تفصیلات دی گئی ہیں۔ اس کے بعد ملتان میں اقبالیات کے حوالے سے شائع ہونے والی پہلی کتاب منشی عبدالرحمٰن کی " اقبال اور مسٹر ہے جو ۱۹۵۵ء میں شائع ہوئی۔ یہ کتاب خلیفہ عبدالحکیم کی کتاب " اقبال اور مُلا" کے جواب میں لکھی گئی۔ فروری ۱۹۷۷ء میں پروفیسر افتخار حسین شاہ کی ایک تنقیدی کتاب " اقبال اور پیروی شبلی" طبع ہو کر منظر عام پر آئی۔ یہ ان کے اقبالیات کے مختلف موضوعات پر تیرہ گراں قدر تنقیدی مضامین کا مجموعہ ہے۔ ۱۹۷۷ء ہی میں ڈاکٹر طاہر تونسوی کی مرتب کردہ تین کتب بہ عنوان " اقبال اور پاکستانی ادب" " حیات اقبال" اور " اقبال اور سید سلیمان ندوی" شائع ہوئیں۔ اس کے بعد ڈاکٹر طاہر تونسوی کی اقبالیات کے سلسلے میں درج ذیل کتب شائع ہو چکی ہیں۔ " اقبال اور مشاہیر" (۱۹۷۸ء) " اقبال اور عظیم شخصیات" (۱۹۸۹ء) " اقبال شناسی اور نخلستان" (۱۹۸۸ء)، " اقبال شناسی اور النخیل" (۱۹۸۹ء)، " اقبال شناسی اور نیرنگ خیال" (۱۹۹۱ء)۔ ان کتب میں ڈاکٹر طاہر تونسوی نے معروف ناقدین کے اقبالیات کے حوالے سے مضامین مختلف عنوانات کے تحت یکجا کر دیئے ہیں جبکہ ملتان کی دو تعلیمی درسگاہوں اور ایک ادبی جریدہ کے اقبالیات پر مضامین کا اشاریہ اور انتخاب بھی مرتب کیا ہے۔ ملتان یونیورسٹی کے زیر اہتمام علامہ اقبال پر دو کتب ۱۹۷۸ء اور ۱۹۸۰ء میں شائع ہوئیں۔ پہلی کتاب بہ عنوان " اقبال اور قائد اعظم" میں ملتان یونیورسٹی کے زیر اہتمام دسمبر ۱۹۷۷ء میں منعقد ہونے والے اقبال اور قائد اعظم سیمینار کے اردو انگریزی مقالات کو جمع کیا گیا ہے۔ دوسری کتاب " لیکچرز آن علامہ اقبال" ڈاکٹر این میری شمل کے انگریزی خطبات پر مشتمل ہے جو انہوں نے ملتان یونیورسٹی میں دیئے اس کتاب کو ڈاکٹر اے۔ بی۔ اشرف نے مرتب کیا ہے۔

ملتان کے ایک ممتاز نقاد اور محقق پروفیسر جابر علی سید کی علامہ اقبال کے فکر و فن پر دو کتب بالترتیب ۱۹۷۸ء اور ۱۹۸۵ء میں شائع ہوئیں۔ پہلا مجموعہ " اقبال کا فنی ارتقاء" ۱۹۷۸ء میں اور دوسرا مجموعہ مقالات بہ عنوان " اقبال ایک مطالعہ" ۱۹۸۵ء میں طبع ہوا۔ یہ دونوں مجموعے اقبالیاتی تنقید میں بلند تر اہمیت کے حامل ہیں۔

۱۹۸۵ء میں ڈاکٹر ایس۔ ایم منہاج الدین کی پہلی کتاب " افکار و تصورات اقبال" منظر عام

پر آئی۔ ڈاکٹر منہاج الدین کی اقبالیات کے موضوع پر دو مزید کتب ۱۹۸۹ء میں شائع ہوئیں۔ پہلی کتاب "افکار اقبال" ہے اس میں علامہ اقبال کی طویل اور مختصر نظموں کا فکری و فنی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ ۱۹۸۹ء میں ہی شائع ہونے والی دوسری کتاب "تصورات اقبال" میں مختلف عنوانات کے تحت علامہ اقبال کے افکار و نظریات سہل اور تشریحی انداز میں لکھے گئے ہیں۔ ۱۹۸۶ء میں پروفیسر حمید رضا صدیقی اور پروفیسر اجمل صدیقی کی باہمی کوششوں سے ایک کتاب "اقبال اور جدوجہد آزادی" کے نام سے قارئین کی توجہ کا مرکز بنی۔ اس میں علامہ اقبال کے تحریک پاکستان میں کردار کو موضوع بحث بنایا گیا ہے۔

۱۹۸۷ء میں پروفیسر اسلم انصاری کی ایک کتاب "اقبال عہد آفریں" شائع ہوئی۔ اس مجموعہ مقالات میں اسلم انصاری کے اقبالیات کے متنوع موضوعات پر سولہ مقالات شامل اشاعت ہیں۔ اسلم انصاری نے تاریخ، فلسفہ اور اقبالیات کے گہرے فنی شعور کے ساتھ ان موضوعات کو نئی معنویت عطا کی ہے۔

۱۹۸۸ء میں ڈاکٹر اے۔ بی اشرف کی دو کتب اقبالیات کے حوالے سے شائع ہوئیں پہلی کتاب "غالب اور اقبال" ہے جس میں غالب اور اقبال کے فکر و فن پر مضامین شامل اشاعت ہیں۔ دوسری کتاب "میر، غالب اور اقبال" میں غالب، میر اور اقبال کی شاعری کا تقابلی موازنہ کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر اے۔ بی۔ اشرف کے یہ مضامین سیاسی سماجی، نفسیاتی تقاضوں سے باخبر نقاد کے عمیق مطالعہ کے مظہر ہیں۔ ۱۹۸۹ء میں مولانا انور احمد فریدی کا تحریر کردہ ایک کتابچہ "صوفیانہ افکار و نظریات میں علامہ اقبال کے مجددانہ تصرفات" شائع ہوا۔ بیس صفحات کے اس کتابچہ میں مولانا انور احمد فریدی نے مختلف بزرگان دین کے افکار و نظریات کا تذکرہ کرتے ہوئے علامہ اقبال کے دینی نظریات پر بحث کی ہے۔ ۱۹۹۳ء میں ڈاکٹر عبدالرؤف شیخ کی ایک کتاب "اقبال شناسی اور عابد" شائع ہوئی جس میں "شعر اقبال" کے مصنف عابد علی عابد کی علامہ اقبال کے بارے میں تخلیقات کو موضوع بنایا گیا ہے۔ ۱۹۹۳ء ہی میں ڈاکٹر انوار احمد کی کتاب "تحریک پاکستان میں علامہ اقبال کا کردار" منظر عام پر آئی۔ جس میں تحریک پاکستان میں علامہ اقبال کے عظیم تر کردار کو واضح کیا گیا ہے۔

۱۹۹۴ء میں عبدالمجید ساجد کی علامہ اقبال کے حیات و فلسفہ پر ایک کتاب "اقبال حیات عصر" شائع ہوئی۔ اپنے موضوعات اور مواد کے لحاظ سے اس کا شمار علامہ اقبال پر لکھی گئی چند اہم سوانح عمریوں

میں ہوتا ہے۔ جس میں اب تک لکھی گئی علامہ اقبال کی سوانح عمریوں کی غلطیوں کی نشان دہی اور ان کا ازالہ کیا گیا ہے۔ خطۂ ملتان میں اُردو کے علاوہ علاقائی زبانوں میں بھی علامہ اقبال پر کتب طبع ہوئی ہیں۔ ان میں پہلی کتاب ڈاکٹر مہر عبدالحق کی جاوید نامہ اقبال ہے۔ یہ علامہ اقبال کی فارسی تصنیف 'جاوید نامہ' کا منظوم سرائیکی ترجمہ ہے۔

۱۹۸۲ء میں عبدالمجید ساجد کی کتاب 'اقبال دی حیاتی' شائع ہوئی۔ یہ پنجابی زبان میں لکھی گئی علامہ اقبال کی پہلی سوانح عمری ہے۔ ۱۹۸۴ء میں عبدالمجید ساجد کی دوسری کتاب 'ولاں دا چانن' شائع ہوئی۔ اس میں عبدالمجید ساجد نے علامہ اقبال کی دس مشہور نظموں کا پنجابی میں منظوم ترجمہ کیا ہے۔ ملتان میں اقبالیات کے حوالے سے طبع ہونے والی پہلی کتاب مطبوعہ ۱۹۳۸ء سے تاحال ۱۹۹۷ء تک بے شمار کتب شائع ہو چکی ہیں۔ یہ کتب معلومات و مواد کے لحاظ سے اعلیٰ معیار کی حامل ہیں۔ ان کے علاوہ ملتان کے اخبارات و جرائد میں شائع ہونے والے مضامین کو بھی جمع کیا جائے تو یہ ایک ایسا خزانہ ہے جو اقبالیاتی ادب میں قابلِ قدر اضافہ ہے۔ اس لحاظ سے علامہ اقبال پر تحقیق کرنے والوں کے لیے اقبالیاتی ادب کے ارتقا میں ملتان کو نظرانداز کرنا ممکن نہیں بلکہ یہ لازوال ذخیرہ اقبالیاتی ادب میں دبستان ملتان کے حوالے سے اپنی الگ شناخت کا بھی حامل ہے۔ ملتان شہر میں قائم مختلف ادبی و ثقافتی تنظیموں نے بھی اقبالیات کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ان میں ریڈیو پاکستان ملتان کا نام بے حد نمایاں ہے ملتان میں ریڈیو پاکستان کا قیام ۱۹۷۵ء میں عمل میں آیا۔ قیام سے اب تک اس ادارے نے اس خطۂ میں علم و ادب کے فروغ میں نمایاں حصّہ لیا ہے۔ اقبالیات کے فروغ میں بھی ریڈیو پاکستان ملتان کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ ریڈیو پاکستان ملتان نے علامہ اقبال کے ایک شعر کی تشریح سے لے کر علامہ اقبال کے کلام کو مختلف گلوکاروں کی آواز میں ریکارڈ کر کے نشر کیا اور مختلف مواقع پر اقبال فہم اور اقبال شناس شخصیات کے انٹرویوز اور مذاکرے بھی نشر کیے۔ طلبا اور خصوصاً نوجوانوں میں علامہ اقبال کی فکر کے فروغ کے لیے کوئز پروگرام اور اقبال سیمینار بھی منعقد کرائے گئے۔ ملتان کی جن علمی و ادبی شخصیات نے علامہ اقبال سے ملاقات کا شرف حاصل کیا اور انھیں علامہ اقبال سے ربط و تعلق کا اعزاز بھی حاصل رہا۔ ان میں اسد ملتانی، پروفیسر اکبر منیر، سید عطاء اللہ شاہ بخاری، ڈاکٹر مہر عبدالحق اور مولانا نور احمد فریدی کے نام شامل ہیں۔

ملتان میں اقبالیات کے سلسلے میں یہاں کے ادیبوں اور دانشوروں کے تنقیدی و تحقیقی کام کا ایک بڑا حصّہ ابھی تک غیر مطبوعہ ہے ان میں علامہ عتیق فکری کے اقبالیات کے حوالے سے تین مسودات، پروفیسر اسلم انصاری کا "خطبات اقبال کا سرائیکی ترجمہ اور مثنوی" فرح نامہ" عبدالمجید ساجد کی کتاب "عقیدہ اقبال" اختر علی خاں کا "فلسفۂ عجم" کا سرائیکی ترجمہ نہایت اہمیت کی حامل کتب ہیں۔ ملتان میں لکھی جانے والی کتب اور تحریروں کا ایک خاص پہلو جو ملتان کو اقبالیاتی ادب میں یکتا اور منفرد بنا دیتا ہے وہ علامہ اقبال کے فکر و فلسفہ کے حق میں ایک قلمی محاذ کا قیام ہے۔ ۱۹۵۵ء میں شائع ہونے والی منشی عبدالرحمٰن کی کتاب "اقبال اور مسٹر" سے لے کر ۱۹۹۴ء میں شائع ہونے والی عبدالمجید ساجد کی کتاب "اقبال ــــ حیات عصر" تک میں ملتان کے ادیبوں اور دانشوروں نے علامہ اقبال کے خلاف معاندانہ تحریروں اور ہرزہ سرائی کرنے والوں کا منہ توڑ جواب دیا ہے۔ اور مستند حوالوں سے الزامات کا موثر جواب تحریر کیا ہے۔ علامہ اقبال کے حق میں مختلف معرکوں میں ملتان کی شخصیات کو علامہ اقبال کی معاونت کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ مولانا حسین احمد مدنی کے ساتھ ملّت اور وطنیت کے موضوع پر معرکہ میں ملتان کے عبدالرشید نسیم طالوت نے تصفیہ کرانے میں اہم کردار ادا کیا۔ نصف صدی سے زائد عرصے پر محیط ملتان میں اقبال شناسی کی یہ کاوشیں ملکی سطح پر اقبالیات کا قابل فخر سرمایہ ہیں۔ فکرِ اقبال ایک روشن آفتاب کی مانند ہے اور اس کی ضوفشانی سے پوری اسلامی تہذیب کے خدوخال اُجاگر ہو کر ہمارے شعور کو روشن کر دیتے ہیں۔ اکیسویں صدی کو اس حوالے سے بجا طور پر اقبالؒ سے معنون کیا جا سکتا ہے کہ اقبال کا فکر و فلسفہ ہی آنے والے زمانوں میں ہماری نجات، ترقی اور خوشحالی کا باعث ہوگا۔ یہ شعور خطۂ ملتان کے ادیبوں اور دانشوروں کی سوچ اور تحریروں میں رچا بسا نظر آتا ہے۔

حوالہ جات

۱۔ کرم الٰہی، بدر، "تاریخ ملتان" رہبر ایجنسی لاہور، ۱۹۷۸ء، ص ۱۴۰

۲۔ ڈاکٹر مہر عبدالحق، "پیام فرید" سرائیکی ادبی بورڈ ملتان، ۱۹۸۷ء ص ۳

۳۔ راقم کے نام بیرسٹر جگدیش چندر بترہ مقیم دہلی کا مکتوب مورخہ ۱۴ر جون ۱۹۹۴ء

۴۔ بال کشن بترہ ابر کا ایک غیر مطبوعہ مکتوب "میری کہانی میری زبانی، مورخہ ۲۹ر اگست ۱۹۶۷ء

۵۔ اسد ملتانی کے بارے میں مزید تفصیلات کے لیے دیکھیے "اقبالیات اسد ملتانی" مرتب جعفر بلوچ، اقبال اکادمی پاکستان، لاہور، ۱۹۸۵ء۔

ڈاکٹر محمد صدیق خاں شبلی

پاکستان میں اقبال شناسی

اقبال شناسی" اردو دانشوری "کا ایک ایسا شعبہ ہے جسے پاکستان میں بہت فروغ حاصل ہوا۔ علامہ اقبال کے احوال و آثار اور فکر و فن پر ہزاروں مقالے اور سینکڑوں کتابیں لکھی جا چکی ہیں اور یہ سلسلہ جاری و ساری ہے پاکستانی دانشوروں نے اپنی فکری توانائیوں سے اس شعبے کو تقویت بخشی ہے اور اس سے اردو ادب کے سرمایے میں مفید اضافہ ہوا ہے یہ شعبہ بجائے خود اتنی وسعت پیدا کر چکا ہے کہ اس کی تمام تفصیلات کو ایک مقالے میں سمیٹنا ممکن نہیں البتہ اس کے کچھ نمایاں پہلوؤں پر بات کی جا سکتی ہے۔

اقبال ان خوش قسمت شاعروں اور مفکروں میں شامل ہیں جو اپنی زندگی ہی میں مرکز توجہ بن جاتے ہیں اقبال پر لکھنے لکھانے کا سلسلہ بھی ان کی زندگی ہی میں شروع ہو گیا تھا۔ اسرار خودی ۱۹۱۵ء میں شائع ہوئی اس پر بہت سے تبصرے لکھے گئے۔ ملک کے اندر اسرار خودی کے بعض مباحث کی وجہ سے اقبال کے حامیوں اور مخالفین

میں ایک علمی معرکہ بھی برپا ہوا۔ ۱۹۱۹ء میں اسرار خودی کے انگریزی ترجمے کی اشاعت پر انگلستان میں اقبال پر مخالفانہ وموافقانہ مضامین لکھے گئے، اس طرح ان کی شہرت مغرب میں بھی پہنچ گئی۔ ۱۹۲۶ء میں مولوی احمد دین نے اقبال کے نام سے اردو میں اقبال پر پہلی کتاب لکھی ۱۹۳۲ء میں نیرنگ خیال کا اقبال نمبر شائع ہوا۔ ۱۹۳۸ء میں علامہ کی زندگی ہی میں یوم اقبال منایا گیا۔ ان کی وفات کے بعد کئی رسالوں کے اقبال نمبر منظر عام پر آئے۔

۱۹۳۹ء میں طاہر فاروقی کی سیرت اقبال اور ۱۹۴۲ء میں ڈاکٹر یوسف حسن خان کی روح اقبال شائقین اقبال تک پہنچیں۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ قیام پاکستان سے قبل اقبالیات کا کچھ ذخیرہ ضرور فراہم ہوگیا تھا لیکن اس بات سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ اقبال شناسی کو علم وادب کے ایک باضابطہ شعبے کی حیثیت قیام پاکستان کے بعد ہی نصیب ہوئی۔ اقبال شناسی کا یہ دور صرف پاکستان ہی میں شروع نہیں ہوا بلکہ دنیا کے بیشتر ممالک میں علامہ کی طرف زیادہ توجہ ۱۹۴۷ء کے بعد ہی دی گئی۔ اس کی ایک وجہ تو زمانی بھی ہو سکتی ہے۔ ۱۹۴۷ء میں علامہ اقبال کی وفات کو صرف ۹ سال ہوئے تھے اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ان کی شہرت میں اضافہ ہوتا چلا گیا اور پاکستان اور پاکستان سے باہر کے اہل علم نے انھیں اپنا موضوع بنایا۔ اس کی دوسری بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ ۱۹۴۷ء کے بعد اقبال دنیا میں پاکستان کے قومی شاعر کی حیثیت سے متعارف ہوئے۔ عالم اسلام میں اقبال کے ساتھ دلچسپی عام ہوئی۔ ان کی مفکرانہ حیثیت پر زیادہ توجہ دی گئی دنیائے اسلام میں ان کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کے پیش نظر اسلام پر لکھنے والے علمائے مغرب کے لیے اقبال کا مطالعہ ناگزیر ہوگیا۔ اقبال نے اسلام کے حوالے سے بڑی ترقی پسندانہ باتیں کیں اس وجہ سے اشتراکی بلاک نے بھی اقبال کو قابل توجہ سمجھا اور وہاں بھی اقبال پر کافی کام ہوا لیکن ان سب ممالک میں بھی اقبال شناسی کا آغاز ۱۹۴۷ء کے بعد ہوا۔

اقبالیات کے سرمائے میں عقیدت وارادت کا پہلو شروع ہی سے غالب رہا ہے۔ اس لیے لکھنے والوں نے توصیفی وتعریفی تحریریں زیادہ لکھیں اس کا رد عمل بھی ہوا۔ اہل علم نے اقبالیات کے اس ذخیرے کا جائزہ لے کر اس کی کوتاہیوں کی طرف توجہ دلائی اور اس کی نئی جہتوں کی نشاندہی کی۔ ۱۹۵۶ء میں قاضی احمد میاں اختر جوناگڑھی نے اقبالیات کے تنقیدی جائزے اور مشفق خواجہ نے اپنے ایک مقالے "اقبال پرستی سے اقبال شناسی تک" میں انھیں امور کی طرف متوجہ کیا۔

۱۹۷۷ء میں اقبال کا صد سالہ جشن پیدائش منایا گیا تو اس موضوع پر بے شمار کتابیں اور مقالات شائع ہوئے اور اہل قلم نے اقبال شناسی کے شعبے کے علمی تقاضوں کو حتی الامکان پورا کرنے کی کوشش کی۔

اب اقبال کے احوال و آثار اور فکر و فن کا کوئی پہلو ایسا نہیں بچا جس کو اقبال شناسوں نے موضوع نہ بنایا ہو۔ علمی تحقیق کے لیے جس قسم کے اشاریوں اور ماخذوں کی ضرورت ہوتی ہے وہ بھی مرتب و مہیا ہو گئے ہیں یا ہو رہے ہیں اس طرح پاکستان میں اقبال شناسی کی علمی بنیاد بھی مضبوط ہو گئی ہے۔

علامہ کے ساتھ پاکستان اور اہل پاکستان کی نظریاتی وابستگی کے باعث یہاں مطالعہ پاکستان کو پہلے سے کہیں زیادہ اہمیت ملی۔ سرکاری اور غیر سرکاری دونوں سطحوں پر افکار اقبال کی اشاعت کا اہتمام کیا گیا۔ پاکستان کا شاید ہی کوئی شہر ہو جہاں اقبال کے نام سے کوئی انجمن موجود نہ ہو۔ وزارت اطلاعات کے قومی مراکز بھی پورے ملک میں موجود ہیں۔ ان انجمنوں مرکزوں اور بیشتر تعلیمی اداروں میں ہر سال یوم اقبال کی تقریبات دھوم دھام سے منائی جاتی ہیں۔ اخبارات و رسائل اس موقع کی مناسبت سے خصوصی نمبر نکالتے ہیں۔ اقبال پر تحقیق کے لیے صوبائی اور قومی سطح پر دو ادارے بزم اقبال اور اقبال اکیڈمی لاہور میں کام کر رہے ہیں۔ ملک کی دو یونیورسٹیوں میں کرسئ اقبال قائم کی گئی ہیں۔ ملک کی واحد اوپن یونیورسٹی اور لاہور کا ایک میڈیکل کالج علامہ اقبال کے نام سے منسوب کیا گیا ہے اسی طرح ہر بڑے شہر میں ایک اقبال ہال بھی موجود ہے، ان باتوں سے اہل پاکستان کی اقبال کے ساتھ ارادت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

قیام پاکستان کے بعد نصاب تعلیم میں علامہ اقبال کے کلام اور افکار کو وسیع جگہ دی گئی اور فارسی کے نصاب میں اقبال کی زیادہ سے زیادہ نظمیں شامل کی گئیں۔ ایم۔ اے کی سطح پر اردو، فارسی، فلسفہ، سیاسیات، اسلامیات، تاریخ، تعلیم اور مطالعہ پاکستان کے مضامین میں اقبال کو ایک خصوصی موضوع کی حیثیت سے شامل کیا گیا ہے۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں انٹرمیڈیٹ اور بی اے کی سطح پر اقبالیات کے کورس شروع کیے گئے ہیں۔ ایم فل اور پی ایچ۔ ڈی کے شروع کیے جا رہے ہیں۔ پرانے زمانے میں شعر اور مدرسہ کے روابط کو شاید اچھی نظر سے نہیں دیکھا جاتا تھا لیکن موجودہ دور میں یہ صورت حال بڑی حد تک تبدیل ہو گئی ہے۔ اقبال کے شامل درس ہونے سے اقبال شناسی کو ایک علمی وقار نصیب ہوا اور اس کے اعتبار میں اضافہ ہوا۔

اقبال شناسی کے سرمائے میں تعلیمی اداروں ہی کا حصہ سب سے زیادہ ہے۔ اقبال شناسوں کی ایک بہت بڑی تعداد تعلیم و تعلم ہی سے وابستہ ہے۔ اساتذہ نے بیشتر اپنے طالب علموں ہی کے لیے لکھا اسلیے بعض اوقات اقبال شناسی کے اس درسیاتی سرمائے میں بلند معیار کی تحریریں نظر نہیں آتیں کیونکہ ان کا مقصد ہی ایک خاص سطح کے طلبہ و طالبات کی تعلیمی ضرورتوں کو پورا کرنا ہوتا ہے۔ اقبال پر درسیاتی مواد کو مندرجہ ذیل اقسام میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

(۱) درسی کتب (۲) کلام اقبال کی شرحیں (۳) تشریحی کتب (۴) فرہنگیں وغیرہ۔

رشید فاضل صاحب نے درسیات اقبال کے نام ۷۴-۱۹۷۲ء میں ایک سلسلہ کتب شروع کیا تھا۔ اس کی تین کتابیں شائع بھی ہوئی یہ کتابیں عام شائقین اقبال کے لیے شائع کی گئی ہیں اور ان میں اقبال کے افکار کو بہت سہل طریقے سے سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں ۱۹۷۷ء میں اقبالیات کا شعبہ قائم ہوا۔ اس شعبے نے خود آموزی کے طریقے پر اور رفاصلاتی نظام کے ذریعے انٹرمیڈیٹ اور بی اے کی سطح پر کورس شروع کیے یہ کورس علامہ کی نظم ونثر کے حوالے سے ان کے افکار کی تشریح پر مشتمل ہیں اقبال کو اس سطح پر پڑھائے جانے کی یہ اولین کوشش ہے اور اب تک ۱۲۰،۰۰۰ طلبہ وطالبات نے ان کورسوں میں داخلہ لیا ہے۔

فکر اقبال کی گہرائی وگیرائی کے پیش نظر کلام اقبال کی شرح کی ضرورت کو شدت سے محسوس کیا گیا لیکن طلب کے مقابلے میں رسد کی صورت حال تسلی بخش نہیں رہی یوں تو بہت سے شارحین نے اس میدان میں قدم رکھا لیکن اکثر نے اس بھاری پتھر کو چوم کر رکھ دیا اور اس علمی ذمہ داری سے عہدہ برا نہ ہوسکے۔ اقبال کے جملہ پاکستانی شارحین میں صرف دو ہی قابل ذکر ہیں۔ ایک پروفیسر یوسف سلیم چشتی اور دوسرے مولانا غلام رسول مہر۔ یوسف سلیم چشتی صاحب کا امتیاز یہ ہے کہ انھوں نے اقبال کی اردو فارسی کی تمام منظوم تصانیف کی شرحیں لکھیں۔ وہ اس کام کی اہلیت بھی رکھتے تھے۔ ہندو، مغربی اور اسلامی فلسفے پر عبور رکھتے تھے۔ عربی، فارسی، اردو، انگریزی پر ماہرانہ دسترس رکھتے تھے سنسکرت بھی جانتے تھے کچھ عرصہ علامہ کی صحبت سے فیض بھی اٹھایا تھا، اس کے باوجود وہ اپنی شرحوں میں اقبال سے انصاف نہیں کرسکے۔ مفکر اقبال کا حق تو انھوں نے کچھ نہ کچھ ادا کیا لیکن ان شرحوں میں شاعر اقبال ابھر نہیں سکا پھر کہیں کہیں وہ شارح کے حدود سے تجاوز کرکے ایک مبلغ کا روپ دھار لیتے ہیں اور اپنے نظریات کی تبلیغ شروع کردیتے ہیں جن کا فکر اقبال سے براہ راست کوئی تعلق نہیں اگرچہ اپنی جگہ ان شرحوں کا علمی پایہ بہت بلند ہے لیکن اکثر مقامات پر یہ اپنے مقصد سے ہٹی ہوئی نظر آتی ہیں۔ مولانا غلام رسول مہر نے مطالب اسرار ورموز، مطالب بانگ درا اور مطالب بال جبریل، مطالب ضرب کلیم تحریر کیں۔ مولانا مہر بلند پایہ عالم تھے۔ علامہ کے ساتھ ربط ضبط بھی رکھتے تھے لیکن شاید شرح نویسی ان کا میدان نہیں تھا ویسے انھوں نے اپنی کتابوں کو شرح کی بجائے مطالب کا نام دیا ہے۔ مگر مہر کے مطالب میں مفکر اقبال کا پتہ چلتا ہے نہ شاعر اقبال کا۔ بعض نظموں کے تاریخی پس منظر کے بارے میں مفید نکات البتہ ملتے ہیں۔ سید رشید فاضل صاحب

نے بال جبریل کی جو شرح لکھی ہے وہ یوسف سلیم چشتی اور مولانا غلام رسول کی شرحوں کے بین بین ہے اس لیے کچھ غنیمت معلوم ہوتی ہے۔ نشتر جالندھری صاحب نے بھی بال جبریل کی شرح لکھی ہے۔ لیکن ان کی توجہ قافیہ و عروض کی غلطیوں کی طرف زیادہ رہی ہے۔ صوفی غلام مصطفی تبسم نے بھی اقبال کے سو شعروں کی شرح لکھی ہے یہ بھی اقبال کے اچھے شارح ہو سکتے تھے لیکن وہ اس طرف زیادہ توجہ نہ دے سکے۔ مولانا صلاح الدین نے اقبال کے صرف دس شعروں کی تشریح لکھی ہے اور قابل تعریف ہے۔ اقبال کی منظوم تصانیف کی جزوی شرحیں کافی لکھی گئی ہیں یہ زیادہ تر نصابی ضرورتوں کے تحت لکھی گئی ہیں اور صرف نصاب تک ہی محدود رہیں۔ اقبال کے شارحین کی کاوشوں کو دیکھ کر یہ کہنا پڑتا ہے کہ اقبال کا کوئی محقق اور بڑا شارح ابھی تک سامنے نہیں آیا۔

بعض اہل علم نے افکار اقبال کو موضوع بنا کر جو کتب تصنیف کی ہیں وہ اصطلاحاً شرحوں کے ذیل میں تو نہیں آتیں لیکن ان کا انداز تشریحی ہے انھیں ایک طرح کی بے قاعدہ شرحیں کہا جا سکتا ہے۔ ڈاکٹر سید عبداللہ، پروفیسر محمد منور، پروفیسر محمد عثمان کے بعض اور عبدالرحمن طارق کے اکثر مقالات اسی نوعیت کے حامل ہیں۔ پروفیسر محمد عثمان نے اقبال کا فلسفۂ خودی (۱۹۷۱ء) میں علامہ اقبال کے فلسفۂ خودی و بیخودی کو بہت آسان طریقے سے سمجھانے کی کوشش ہے۔ وہ اپنی کوشش میں کامیاب رہے ہیں۔ سید عبداللہ کی سہل اقبال، عبدالرحمن طارق کی پیام اقبال، جہان اقبال، جوہر اقبال، اور معارف اقبال . . . میں بھی افکار اقبال کی سادہ اور آسان تشریح ملتی ہے۔ منظور احسن عباسی کی تفسیر خودی بھی اسی قسم کی ایک عمدہ کوشش ہے۔

کلام اقبال میں مختلف علمی و فنی اصطلاحات آئی ہیں ان کے یہاں مخصوص تلمیحات و اشارات ملتے ہیں۔ بہت سی شخصیات اور مقامات کا ذکر آیا ہے۔ ان سب کو سمجھے بغیر کلام اقبال کا سمجھنا مشکل ہے۔ اس کے لیے ایسی فرہنگوں کی ضرورت ہے جو اسی مقصد کے لیے مرتب کی گئی ہوں پاکستان میں اس قسم کی کئی فرہنگیں بھی لکھی گئی ہیں۔ جن میں سید عابد علی عابد کی تلمیحات اقبال، فضل الٰہی عارف کی تلمیحات اقبال، عبدالرحمن طارق کی اشارات اقبال، مقبول انور داؤدی کی مطالب اقبال، اور نسیم امروہی کی لغات اقبال قابل ذکر ہیں۔ ملک حسن اختر نے دائرۃ المعارف اقبال مرتب کیا ہے۔ اس قسم کا ایک اور تفصیلی کام زیر ترتیب ہے۔

پاکستان کی یونیورسٹیوں میں بہت سے مضامین میں اقبال کا خصوصی مطالعہ شامل نصاب ہے۔ ان یونیورسٹیوں میں طلبہ و طالبات نے اقبال پر تحقیقی مقالات تحریر کیے۔ ان کی تعداد تقریباً سوا سو کے قریب پہنچتی ہے۔ ان مقالات میں ایم اے، ایم فل اور پی ایچ ڈی کے مقالات شامل ہیں۔ ان میں ایم اے میں بہت

زیادہ مقالات لکھے گئے۔ ایم۔ اے اردو تعداد کے اعتبار سے سرفہرست ہے۔ اردو کے علاوہ یہ مقالے فلسفہ، فارسی، سیاسیات، اسلامیات، معاشیات، عربی، کتاب داری، تاریخ اور تعلیم میں لکھے گئے۔ ایم اے کی سطح کا معیار کچھ بہت زیادہ بلند نہیں۔

یونیورسٹی کی اس سطح پر اقبال کے شامل نصاب ہونے سے تحقیقی و مطالعاتی مقاصد سے بہت سی چیزیں لازم ہو جاتی ہیں۔ اس سلسلے میں سب سے پہلے اقبال کی اپنی تصنیف آتی ہیں۔ علامہ اقبال کی جملہ منظوم تصانیف بڑی احتیاط سے چھاپی جاتی رہی ہیں اور ۱۹۷۳ء میں الگ الگ تصانیف کلیات اقبال کی شکل میں شائع ہوئیں لیکن بعض محققین کے نزدیک کلیات اقبال میں ایک تو پرانی غلطیوں کی اصلاح نہیں کی گئی دوسرے کچھ نئی غلطیاں بھی راہ پاگئی ہیں اس کے باوجود علامہ کے کلیات میں صحت کا معیار نسبتاً بہتر ہے کلیات کے علاوہ ان کے ردکردہ کلام کے مجموعے بھی شائع ہو چکے ہیں۔ ان میں پاکستان میں شائع ہونے والے مجموعوں میں باقیات اقبال مرتبہ سید عبدالواحد معینی (۱۹۵۴ء) سرود رفتہ مرتبہ غلام رسول مہر، صادق علی دلاوری (۱۹۵۹ء) روایات اقبال ۱۹۷۷ء، نوادر اقبال مرتبہ عبدالغفار شکیل، رخت سفر (۱۹۵۲ء) مرتبہ انور حارث قابل ذکر ہیں۔ کلام اقبال کے سلسلے میں دو کام ابھی باقی ہیں ایک تو ان کی تاریخی ترتیب کا مسئلہ ہے اور دوسرا ان کے محشی ایڈیشنوں کی اشاعت ہے۔

علامہ اقبال کے خطوط کے بھی تقریباً دس مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔ اب تک شائع ہونے والے خطوط کی تعداد پونے چودہ سو بتائی جاتی ہے لیکن ابھی اقبال کے کچھ خطوط غیر مطبوعہ بھی ہیں۔ محمد عبداللہ قریشی نے مختلف مجموعوں سے انتخاب کر کے روح مکاتیب اقبال (۱۹۷۷ء) مرتب کی ہے یہ کتاب بھی محققین کیلئے بے حد مفید ہے۔ نثر میں جو کچھ اقبال نے لکھا ہے وہ بھی کئی کتابوں کی صورت میں شائع ہو چکا ہے۔ ان میں ان کی پہلی تصنیف علم الاقتصاد کے علاوہ ان کے مضامین کے مجموعے، مقالات اقبال مرتبہ سید عبدالواحد (۱۹۶۳ء) گفتار اقبال مرتبہ ڈاکٹر رفیق افضل (۱۹۶۹ء) اوراق گم گشتہ مرتبہ رحیم بخش شاہین (۱۹۷۵ء) شامل ہیں۔

محققین اقبال کے ساتھ ساتھ علامہ اقبال کے عام شائقین بھی ایک مدت سے علامہ کی ایک مبسوط اور مستند سوانح عمری کی ضرورت محسوس کر رہے تھے پاکستان میں اس موضوع پر بھی کافی کام ہوا ہے۔ مولانا عبدالمجید سالک نے ذکر اقبال کے نام سے ۱۹۵۵ء میں ایک کتاب لکھی۔ سالک نے حیات اقبال سے متعلق بہت سا نیا مواد فراہم کیا لیکن یہ سوانح عمری مبسوط ہے نہ مستند۔ ڈاکٹر عبدالسلام خورشید کی سرگذشت اقبال (۱۹۷۷ء) بھی لوگوں کی توقعات پر پوری نہیں اتری۔ ڈاکٹر جاوید اقبال نے زندہ رود کے عنوان سے تین جلدوں میں علامہ کی زندگی کے تشکیلی، وسطی اور اختتامی دور کے بارے میں ایک اعلیٰ درجہ کی سوانح عمری لکھی ہے۔ اس میں علامہ

اقبالؔ کے فکری و فنی ارتقا کو اس عہد کے سیاسی و عمرانی پس منظر میں دکھایا گیا ہے۔ اس طرح یہ کتاب اس عہد کی سیاسی، ادبی و عمرانی تاریخ بھی بن گئی ہے، یہ کتاب محنت سے لکھی گئی ہے۔ سید نذیر نیازی کی کتاب دانائے راز (۱۹۷۷ء) اقبالؔ کی ایک نامکمل سوانح عمری ہے اگر نیازی صاحب کو موقع ملتا وہ بھی ایک یادگار چھوڑ جاتے۔ ڈاکٹر عبداللہ چغتائی کی اقبالؔ کی صحبت میں (۱۹۷۷ء) اور روایاتِ اقبالؔ (۱۹۷۱ء) میں بھی اقبالؔ کی مکمل تصویر بنانے کے لیے کافی مواد موجود ہے۔ علامہ اقبالؔ کے قیامِ یورپ کے بارے میں بہت سے مغالطے جو عطیہ بیگم کی کتاب سے پیدا ہوئے تھے وہ ڈاکٹر سعید اختر درانی کی کتاب (۱۹۸۴ء) اقبالؔ یورپ میں ۔ ۔ ۔ سے رفع ہو گئے اور انھوں نے بہت سے انکشافات بھی کیے ہیں۔ فقیر سید وحید الدین کی روزگارِ فقیر اول دوم (۱۹۶۴ء، ۱۹۵۰ء) عبداللہ قریشی کی حیاتِ اقبالؔ کی گمشدہ کڑیاں (۱۹۸۲ء) دقار عظیم کی اقبالؔ معاصرین کی نظر میں (۱۹۷۳ء)، نظر حیدرآبادی کی اقبالؔ اور حیدرآباد دکن (۱۹۶۱ء) صہبا لکھنوی کی اقبالؔ، حمزہ فاروقی کی سفرنامہ اقبالؔ (۱۹۷۳ء) اور حق نواز کی سیاحت اقبالؔ (۱۹۷۰ء) سید نذیر غازی پوری کی اقبالؔ کے حضور، سوانح اقبالؔ کے نقطہ نظر سے مفید کتابیں ہیں۔

اشاریہ بھی ایک علمی ضرورت ہے اور اس کی کئی قسمیں ہیں علامہ اقبالؔ کے بارے میں بھی اردو میں کئی قسم کے اشاریے مرتب کیے گئے ہیں۔ پہلی قسم کے اشاریے وہ ہیں جن سے اقبال کے اشعار تلاش کرنے میں مدد ملتی ہے منصور بی اے کی کلیدِ اقبالؔ (۱۹۵۰ء) لفظیاتِ اقبالؔ کا اشاریہ ہے۔ اشاریہ حائی آثار منظوم اقبالؔ (۱۹۷۵ء) ڈاکٹر محمد باقر کا مرتبہ ہے۔ صدیق شبلی کا اشاریہ کلامِ اقبالؔ (۱۹۷۹ء) اردو کلام سے تعلق رکھتا ہے اس میں ہر شعر کے مصرعہ اول کے چند ابتدائی الفاظ دیئے گئے ہیں جن کی مدد سے شعر تلاش کیا جا سکتا ہے اسی قسم کا ایک کشف الابیاتِ اقبالؔ (۱۹۷۷ء) میں صدیق شبلی اور محمد ریاض نے ترتیب دیا۔ داؤد عسکر کی جوئے شیر (۱۹۷۹) اقبالؔ کے اردو کلام کا بڑا جامع اشاریہ ہے۔ صابر کلوروی نے اقبالؔ کے اردو مکاتیب کا اشاریہ (۱۹۸۴ء) مرتب کیا۔ کتابیاتِ اقبالؔ (۱۹۷۷ء) ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی کی تصنیف ہے عبدالجبار شاکر کی قاموس الاقبالؔ (۱۹۸۱ء) کا تعلق بھی کتابیاتِ اقبالؔ سے ہے۔ جامعات میں اقبالؔ کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ (۱۹۷۷) ڈاکٹر سید معین الرحمٰن کی کاوش ہے۔ علامہ اقبالؔ اوپن یونیورسٹی کے محمود الحسن اور زمرد محمود اقبالؔ کا ایک موضوعاتی اشاریہ کئی جلدوں میں ترتیب دے رہے ہیں اس کی پہلی جلد اسی سال متوقع ہے۔ اسی طرح اقبالؔ کے بارے میں کئی قسم کے اشاریے زیرِ ترتیب ہیں بیشتر اشاریے سالِ اقبالؔ ہی میں ترتیب دیئے گئے ہیں۔ سالِ اقبالؔ ۱۹۷۷ء اقبالیات کے لیے بڑا ہی نیک سال تھا۔ اس سال اقبالؔ پر بڑا کام ہوا۔

اقبال اکادمی پاکستان نے ایک منصوبے کے تحت بہت سی کتابیں معروف اقبال شناسوں سے لکھوا کر طبع کرائیں۔ اس سال اقبال کے بارے میں پرانی اور نایاب تحریروں کو جمع کرنے کا منصوبہ کام بھی کیا گیا ہے۔ یہ کام بہت سے اہل علم نے کیا لیکن ڈاکٹر سلیم اختر اور حنیف شاہد کی کاوشیں قابل داد ہیں انہوں نے اس قسم کی تحریروں کے کئی مجموعے مرتب کئے۔ اسی طرح بھارت میں اقبال پر چھپنے والی بیشتر کتب بھی پاکستان میں شائع ہوئیں۔ آل احمد سرور صاحب کے اقبال پر مقالات دو مختلف ناموں سے شائع ہوئے اس قسم کی کوششوں کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوا کہ اقبال کے بارے میں تمام نایاب تحریریں محفوظ ہو گئیں۔

پاکستان میں اقبال کی اس اہمیت و مقبولیت کی وجہ سے جہاں اقبال شناسی کو فروغ حاصل ہوا وہیں اقبال فروشی کو بھی بڑھاوا ملا۔ اقبال پر ایمان افروز قسم کی تحریریں زیادہ لکھی گئیں کیونکہ اس قسم کی تحریریں لکھنا نسبتاً آسان بھی ہے اقبال کے ساتھ عقیدت کا اظہار اتنا مشکل نہیں جتنا اقبال کے ساتھ انصاف کرنا ہے۔ اس کے باوجود پاکستان میں اقبال کے فکر و فن پر کچھ ایسی کتابیں ضرور لکھی گئی ہیں جن سے اقبال شناسی کی آبرو قائم ہے۔

خلیفہ عبدالحکیم کی فکر اقبال (۱۹۵۷ء) ایسی ہی بلند پایہ کتاب ہے۔ سید عبداللہ نے بھی اقبال پر جو کچھ لکھا اس کی علمی سطح کافی بلند ہے۔ مقامات اقبال (۱۹۷۲ء) مسائل اقبال (۱۹۷۴ء) متعلقات خطبات اقبال (۱۹۷۷ء) مقاصد اقبال (۱۹۸۳ء) مطالعہ اقبال کے چند نئے رخ (۱۹۸۵ء) ان کی معروف کتب ہیں۔ سید صاحب اقبال سے عقیدت ضرور رکھتے ہیں لیکن وہ اپنی تحریروں میں عقیدت کو تحقیق پر غالب نہیں آنے دیتے۔ اختلاف کا اظہار بڑے ادب سے کرتے ہیں۔ لیکن جہاں ضروری ہو کرتے ضرور ہیں۔

عابد علی عابد کی شعر اقبال (۱۹۶۴ء) اقبال کے شعور تخلیق کا عالمانہ جائزہ پیش کرتی ہے۔ پروفیسر محمد منور کو اقبال سے گہری عقیدت ہے اور وہ اقبال و اطراف اقبال کا ٹھوس مطالعہ بھی رکھتے ہیں۔ اقبال پر ان کی تحریریں عقیدت و علمیت کا ایک معتدل امتزاج ہیں۔ بنیادی طور پر اچھے مقرر ہیں اس لیے ان کی تحریر میں بھی تقریر کا لطف ملتا ہے۔ ان کی کتاب میزان اقبال (۱۹۷۲ء) اقبال کے فنی اور ایقان اقبال (۱۹۷۷ء) فکری پہلوؤں کو پیش کرتی ہے۔ علامہ اقبال کی فارسی غزل (۱۹۷۷ء) میں اقبال کا فارسی کے ممتاز غزل گو شعرا سے موازنہ کرکے ان کا مقام و اسلوب متعین کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ پروفیسر محمد عثمان، ڈاکٹر محمد ریاض اور رفیع الدین ہاشمی کا شمار بھی پاکستان کے ممتاز اقبال شناسوں میں ہوتا ہے۔ پروفیسر عثمان نے خطبات اقبال پر مفید توضیحی مقالات لکھے ہیں۔

اقبال پر مندرجہ ذیل کتابیں بھی قابل ذکر ہیں۔

۱۔ غلام احمد پرویز ـــــــ اقبال اور قرآن ۱۹۵۵ء
۲۔ ڈاکٹر ابو سعید نورالدین ـــــــ اسلامی تصوف اور اقبال ۱۹۵۹ء
۳۔ محمد احمد خان ـــــــ اقبال کا سیاسی کارنامہ ۱۹۷۷ء
۴۔ خواجہ منظور حسین ـــــــ اقبال اور بعض دوسرے شعرا ۱۹۷۷ء
۵۔ سید وزیر الحسن عابدی ـــــــ اقبال کے شعری ماخذ ۱۹۷۷ء
۶۔ ڈاکٹر رضی الدین صدیقی ـــــــ اقبال کا تصور زمان و مکان اور دوسرے مضامین ۱۹۷۳ء
۷۔ ڈاکٹر وحید قریشی ـــــــ اقبال اور پاکستانی قومیت ۱۹۷۷ء
۸۔ ڈاکٹر وزیر آغا ـــــــ تصورات عشق و خرد اقبال کی نظر میں ۱۹۷۷ء
۹۔ ڈاکٹر خالد مسعود ـــــــ اقبال کا تصور اجتہاد ۱۹۸۵ء
۱۰۔ ڈاکٹر محمد ریاض ـــــــ اقبال اور فارسی شعرا ۱۹۷۷ء

اقبال نے تحریک پاکستان کو ایک فکری بنیاد فراہم کی اور پاکستان کے مستقبل کی تعمیر بھی جن خطوط پر ہو رہی ہے وہ بھی اقبال ہی کے تجویز کردہ ہیں اس لیے اقبال پر پاکستان میں جو کچھ لکھا گیا اس پر ایک خاص نقطۂ نظر غالب رہا ہے اور اقبال کی توضیح و تشریح زیادہ تر اسی حوالے سے کی گئی ہے اور پاکستانی اہل قلم اس بات میں کوئی عار محسوس نہیں کرتے اس کے باوجود اقبال پر کچھ ایسی کتابیں بھی پاکستان میں شائع ہوئی ہیں جو اس نقطۂ نظر سے مطابقت نہیں رکھتیں۔ عزیز احمد کی کتاب "اقبال نئی تشکیل" کو پاکستان میں بڑی پذیرائی حاصل ہوئی حالانکہ اس میں اقبال کی اسلامی اشتراکیت پر بھی زور دیا گیا ہے۔ علی عباس جلال پوری اقبال کے علم کلام میں اقبال کو فلسفی نہیں مانتے زیادہ سے زیادہ انھیں ایک متکلم ماننے کو تیار ہیں۔ میکش اکبر آبادی کی نقد اقبال (۱۹۷۰ء) پاکستان میں شائع ہوئی بعض ترقی پسندوں نے اقبال کے بارے میں اپنے نظریے کے حوالے سے لکھا۔ عسکری کا اسکول نے اقبال کی عظمت کو کبھی تسلیم نہیں کیا۔ سلیم احمد کی "اقبال ایک شاعر" اسی طرز فکر کی نمائندگی کرتی ہے۔ سلیم احمد نے اس کتاب میں علامہ کے بطون ذات میں جھانک کر دیکھنے کی کوشش کی ہے اور خوف مرگ کو علامہ کی شاعری کا محرک قرار دیا ہے۔ ایسی مثالیں اور بھی مل جاتی ہیں۔ اقبال شناسی کے اس جائزے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اہل پاکستان اپنے ایک محسن مفکر کی احسان شناسی

میں پیچھے نہیں رہے۔ عزیز احمد نے اقبال کے بارے میں لکھا تھا:

"اقبال کا پورا کلام پڑھنے کے بعد اقبال کے اطراف میں بہت کچھ پڑھنا پڑتا ہے۔ رومی، نطشے، برگساں، جیلی، یونانی فلسفہ، اسلامی فلسفہ، قدیم ہندو فلسفہ، جرمن، اطالوی، انگریزی شاعری، فارسی غزل، اردو غزل اور سب کچھ پڑھنے کے بعد اقبال کو پڑھئے تو ضرورت محسوس ہوتی ہے کہ ابھی اور بہت کچھ باقی ہے۔"

پروفیسر محمد منور نے عزیز احمد کی ان سطور پر اضافہ کرتے ہوئے لکھا ہے:

"اس بہت کچھ میں عربی ادب بھی ایک بڑے اہم عنصر کی حیثیت رکھتا ہے۔"

اقبال شناسی سے اردو کی ثروت مندی میں اضافہ ہوا۔ عزیز احمد اور پروفیسر محمد منور نے مندرجہ بالا سطور میں جو کچھ گنوایا اس کو پڑھے بغیر اقبال کے پس منظر کو نہیں سمجھا جا سکتا اور اقبال شناسوں کی بدولت یہ سارے مباحث اردو میں آگئے ہیں اسی طرح بہت سے تحقیقی لوازم کا اردو میں اقبال شناسی کی وجہ سے رواج ہوا۔

□□

پروفیسر سید حسن احمد

خدا رحمت کند: اقبال و آزاد کے مابین تفاوت رہ

علامہ اقبال ۱۹۳۸ء میں رخصت ہوئے، مولانا آزاد ۱۹۵۸ء میں۔ ان بیس برسوں کے دوران برصغیر ہندستان کے حالات تہ و بالا ہو گئے۔ سیاسی نقشہ بدل گیا۔ ہندستان میں حکومتی نظام دوسرا لایا گیا۔ نئے سرکاری عہدیدار کرسیوں پر بیٹھے۔ اقتصادیات نے کروٹ لی۔ شمالی ہند میں زمین داریاں ختم کی گئیں۔ معیشت و معاشرت و تہذیب نے نئے رنگ ڈھنگ اختیار کیے۔ زور آور کمزور، مسکین ہوئے۔ اور پستہ قد بلند و زبردست۔ کیسے کیسے ایسے ویسے ہو گئے۔ ایسے ویسے کیسے کیسے ہو گئے۔

آج آغاز ۱۹۹۰ء میں شاعر مشرق کو گئے ۵۹ اور قائد مشرق کو جدا ہوئے ۳۹ سال گزر گئے۔ ہندستان کو آزادی ملے اور پاکستان کو بنے بھی کوئی ۵۰ سال ہو چکے ہیں۔

اتنا عرصہ گزرنے کے بعد ہند میں اردو داں طبقے کے نظریات اور افکار میں کیا تبدیلی آئی ہے؟ ۴۰، ۵۰ سال پہلے اردو والے لوگ اقبال اور آزاد پر ایک ساتھ گفتگو نہیں کرتے تھے۔ دونوں مفکروں کے نظریے مختلف ہیں۔ مگر آج یہ ممکن نظر آتا ہے کہ اقبال اور آزاد دونوں پر گفتگو ان کے ماحولیاتی پس منظر میں ایک ساتھ کی جائے۔ ہم ابھی تک ان میں صرف متضاد افکار دیکھنے کے عادی رہے ہیں۔ مگر ممکن ہے کہ دونوں ممتاز شخصیتوں میں مشترک مقاصد و عناصر پائے جائیں۔

موجودہ اور آنے والی ۲۱ ویں صدی میں ان بزرگوں کی اہمیت برقرار و مسلم نظر آتی ہے۔ نصف صدی گزرنے

کے بعد تک شاعر کی اور سیاسی قائد کی نظریاتی گرفت اردو دانوں پر ڈھیلی نہیں پڑی ہے۔ البتہ یہ ممکن ہے کہ تلخ و خونیں تاریخی تجربات کے زیر اثر اس جمعیت کے فکری آفاق میں وسعت آئی ہو اور ہر دو مفکروں کے مثبت اور نافع اجزائے افکار داد تحسین پا سکیں۔ ساتھ ساتھ ان عظیم بنیادی سیاسی و سماجی ناکامیوں، نقصانات اور تباہیوں کے خد و خال بھی نمایاں ہو سکیں جو اردو داں آبادیوں کے حصے میں آئی ہیں۔ ان واقعات کے لیے اقبال و آزاد ذمہ دار تو نہیں تھے مگر ان سے بے تعلق بھی نہ کہے جا سکتے۔ اس لیے ان دونوں کو ایک ساتھ ایک پس منظر (Frame Work.) میں سمجھنے کی کوشش کی باہمی فصل، نفاق و عداوت دور کرنے میں مددگار ہو سکتی ہے۔

ہر دو مفکر اُن شخصیتوں میں سے ہیں جن کے سلسلے میں موضوع مذاکرہ اگر مخصوصاً سیاسی نہ بھی طے پایا ہو پھر بھی گفتگو پانی کی طرح پھیل کر اکثر سیاست تک آجاتی ہے۔ دائرہ بحث، ادبی و لسانی ہو یا ثقافتی اور جمالیاتی، شاعرانہ رموز و نکات ہوں یا نثری محاسن، دین و شریعت و مذاہب کے سوالات ہوں یا نفسیات کی پیچیدگیاں سیاست کی روشنی اور سیاست کے اندھیرے دونوں ہی شریک مجلس ہو جاتے ہیں۔ پھر باتوں میں ایک تیکھا پن، الفاظ میں نیش اور جملوں میں تیزی آنے میں کتنی دیر لگتی ہے؟ جو مسئلہ سیاسی نہ ہو اس پر بھی سیاسی انداز فکر و طرز تکلم کے سرد گرم چھینٹے پڑتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ موجودہ صنعتی صدی میں سیاست و حکومت کی معاشرے اور افراد پر گرفت سخت اور وسیع تر ہوتی گئی ہے۔ اہل علم بھی اس گھیرے سے باہر نہیں ہیں۔ اور سیاست بجائے خود جہاں ایک طرف انفرادی و اجتماعی حرمت و عزت، جان و مال و ثقافت، دین و مذہب کی مدافعت کا اہم ذریعہ ہے، وہاں دوسری طرف غاصبانہ دست درازیوں، جارحانہ دارو گیر، طاقت و استبداد و مال و دولت، آرائش و آسائش، جاہ و حشم کی شاہراہ بھی ہے۔ اقبال اور آزاد، دونوں بزرگوں نے دوسری نہیں بلکہ اولین وجوہ سے سیاست سے رشتہ قائم کیا۔ پھر وہ سیاست کی راہ پر کم و بیش چلے بھی اور لوگوں کو چلایا بھی۔

جب ان دو مفکروں کے سیاسی افکار پر غور کیا جائے تو یہ ضروری نہیں کہ مطالعہ انھیں دونوں کے فکری سانچوں میں محدود رہے۔ ان دونوں کے اپنے اپنے فکری سانچے تھے جن کی تشکیل انواع و اقسام کے اجزا سے ہوئی تھی مگر اب ضروری ہے کہ گفتگو کی حدیں پرانے چوکھٹوں سے باہر نکالی جائیں۔ سیاسی افکار کے مطالعے کے لیے ضروری ہے کہ مفکروں کی تحریروں اور تقاریر کے ساتھ ساتھ ان کے سیاسی، معاشی و ثقافتی ماحول کو بھی زیر غور لایا جائے جن میں سیاسی افکار کی نشو و نما ہوئی۔

علاوہ ازیں، مفکر (برخلاف ہادیان دین) بذات خود اپنے افکار کی میزان نہیں بن سکتا۔ اس کے سیاسی نقد کے لیے ایک جداگانہ تقابلی میزان فراہم کرنا ہوگا۔ زیر مطالعہ مفکروں کے اپنے اور دیگر ممالک کے سیاسی مفکرین کے

خیالات و نظریات اور ان کے سیاسی پس منظر کی تفصیلات کا موازنہ کرنا ہوگا۔ ان مفکرین کا سلسلہ زمانہ قدیم سے شروع کرکے، عہد وسطیٰ کے جدید اور ہم عصر سیاسی مفکروں تک چلا آتا ہے۔ مطالعے اور بحث کا محور اگر صرف اقبال اور آزاد کی آراہوں گی، تو میزان نقد کی کمی برقرار رہے گی۔

اقبال اور آزاد دونوں درد مند دل سینوں میں رکھتے تھے جو مسلمان قوم کا دنیا میں خاصہ رہا ہے۔ تواریخی محرومیوں کا احساس مشترک تھا اور امت اسلامیہ کی غم خواری بھی۔ ۱۷۵۷ء میں پلاسی کی لڑائی کے بعد بنگال کا سورج ڈوب چکا تھا۔ میر قاسم بکسر میں ۱۷۶۴ء میں اور ٹیپو سلطان سرنگاپٹنم میں ۱۷۹۹ء میں آزادی کے لیے لڑتے ہوئے مارے جا چکے تھے۔ شاعر مشرق اور قائد مشرق دونوں ۱۸۵۷ء کی شکست عظیم سے پہلے اور بعد کی بہت سی شکستوں کے غموں کے وارث تھے۔ طرابلس کی ۱۹۱۲ء کی جنگ میں زخمیوں کو پانی پلاتے ہوئے شہید ہونے والی فاطمہ آبروئے امت مرحوم تھی تو الہلال کے صفحے کے صفحے یورپ اور ترکی علاقوں میں مسلم آبادیوں کے کشت و خون کی خبروں سے رنگین رہتے تھے۔

دونوں کا نصب العین مشترک تھا۔ یعنی آزادی و وقار، فلاح و خوش حالیِ مسلمانانِ ہند مع دیگر باشندگانِ ملک۔ البتہ اس مقصد عالی کی تفصیلات، اجزاء کی تقابلی اہمیت، اور طریقۂ حصولِ مقصد میں فرق تھا۔ انگریزی حکومت سے دونوں بیزار و نالاں تھے۔ گرچہ مخالفت کی نوعیت میں کتنا فرق تھا؟ ایک خطاب یافتہ تھے دوسرے سزا یافتہ۔ ہر دو مسلمان و مومن، دین کا علم رکھنے والے، عربی و فارسی کے خزانوں کے فیوض و برکات سے سرشار و سرخوش و غالب و کار آفریں۔ مسلمانوں کی طویل سبق آموز تاریخ سے باخبر۔ یعنی دین بھی ایک تھا اور بنیادی اجزائے تعلیم بھی، سوائے اس کے اقبال یورپی تعلیم اور نظریات کے زیر اثر کئی پہلوؤں سے تھے، کہیں صحیح اور کہیں غیر صحیح طور پر بہر حال دونوں کا تخاطب ہندستانی مسلمانوں سے خصوصاً تھا اور ان کی حریت و مالی و معاشی خوش حالی اور ترقی چاہتے تھے۔

مگر دین و مذہب ایک ہوتے ہوئے، تہذیب و ثقافت، زمانہ و زمین، تاریخی حالات و سیاسی مشکلات، فرنگی کا سا گرگ باراں دیدہ مدمقابل مشترک ہونے کے باوجود علامہ اقبال اور مولانا آزاد کے سیاسی نظریات، فکر و پیغام اور سیاسی نسخے مختلف تھے۔ اس کی کیا وجہ تھی؟ ابتداً اگرچہ ان کے راستے صرف دو مختلف سیاسی راستے رہے ہوں گے مگر اخیر میں متضاد کیوں ہو گئے تھے؟ کس کی کیا اور کتنی غلطی یا کمی تھی یہ بات زیر غور نہیں۔ سوال یہ ہے کہ جب منزل ایک تھی تو راستے متضاد کیوں تھے؟

تو اِدھر اُدھر کی نہ بات کر یہ بتا کہ قافلہ کیوں لٹا
مجھے راہزن سے غرض نہیں تری رہبری کا سوال ہے

یہ تفاوت رہ گئی باتوں کا نتیجہ تھا۔ اوّل تو یہ کہ اقبال طبعاً شاعر تھے، احساسات کی عمیق گہرائیوں اور تصورات کے بے کنار آسمانوں کی تنہا سیر کرنے والے۔ ان کی آہ و فغانِ صبح گاہی خیالات کی بلندیوں پر ہوتی تھی۔ معمولی اگر عیار آدمیوں کی لذت کام و دہن سے وابستہ سیاست سے قربت کے تجربات نے ان میں جلد ہی بیزاری اور تنفر کے خیالات بیدار کر دیے۔ پنجاب قانون ساز کونسل کے ممبر ۱۹۳۰ء تک رہے۔ متعدد اہم مسائل پر اعداد و شمار کے ساتھ عملی بحث کی اور نوک جھونک میں بھی حصہ لیا اسی لیے انھوں نے ۱۹۳۱ء، ۱۹۳۲ء کی لندن گول میز کانفرنسوں سے واپسی کے بعد ایڈورڈ جون ٹامس کو مورخہ ۲۰ جون ۱۹۳۲ء کے خط میں لکھا:

"آپ یقین کریں، میری دلچسپی سیاست میں فی نفسہٖ نہیں ہے۔ میری دلچسپی اسلام میں بطور اخلاقی ریاست، Moral Polity ہے جو مجھے کھینچ کر سیاست میں لے گئی۔"[۱۸]

مکتوب الیہ کو دوسرے خط مورخہ ۲۶ جولائی ۱۹۳۲ء میں لکھا:

"(مسلمانوں) کے رہنما زیادہ تر محض معمولی ہیں ... ان کا طرز فکر صرف ذاتی وجوہ پر مبنی ہوتا ہے ... اگر میں ان دو گول میز کانفرنسوں کے اپنے تاثرات نقل کروں تو مجھے کچھ بہت ناپسندیدہ باتیں اپنے ہم وطنوں اور ہم مذہبوں (اور آپ کے ہم وطنوں) کے بارے میں کہنی پڑیں گی۔"[۱۹]

آزادی کے لیے عملی سیاست کی تگ و دو، عرق ریزی اور خطرات سے وہ دور رہے۔[۲۰] اس چداں بے تعلق نے سیاست کے تلخ حقائق اور اہم نتائج والے میدان عمل سے دور رکھا اور انھیں رہنماؤں کی سطحی اور کج رو سیاست کے سنگین نتائج کا پورا اندازہ نہیں ہوا۔

دوئم یہ کہ اقبال دنیا میں سیاسی افکار، اعمال اور اداروں کے تاریخی نشوونما سے کماحقہ واقف نہ تھے ان کے شعری اور نثری ادب میں بنیادی سیاسی مفکروں کا ذکر نہیں ملتا۔ خصوصاً یونانی، انگریزی، فرانسیسی اور امریکن مفکر جنھوں نے دنیا کے مختلف حصوں میں معتدل اور پائیدار سیاسی نظام کی تعمیر و تشکیل میں بنیادی حصہ لیا۔ اپنے مضمون اسلامی خلافت اور مدراس کے خطبات میں اقبال نے انتخاب کو تشکیل حکومت کا صحیح ذریعہ بتایا ہے۔ وہ یہاں تک کہتے ہیں کہ قرآن بنیادی اصول کی حیثیت سے انتخاب کے اصول کا ہی حکم دیتا ہے۔ مسلم معاشرے میں عوام الناس حکمراں کو منتخب کرتے ہیں اور مشروط معاہدے کے طور پر حکومت کی امانت اس کے حوالے کرتے ہیں ضامن عوام ہیں نہ کہ کوئی ایک فرد۔ اس لیے جمہوریت اور مطلق العنان بادشاہت یا آمریت کے نظام ایک ساتھ قائم نہیں رہ سکتے۔[۲۱] اقبال کے ان خیالات کا ماخذ اسلامی اصول مسلمانوں کی تاریخ اور الماوردی اور دوسروں کی تصنیفات ہیں۔

حکومت کی نوعیت اور طریقے کے بارے میں اتنے صاف اور بنیادی بیانات کے ساتھ ساتھ اقبال اپنی نظم اور نثر میں متعدد جگہ جمہوریت کے مخالف نظر آتے ہیں۔ ایڈورڈ ٹامسن صاحب کو ایک خط میں کہتے ہیں :

" جمہوریت میں میرا اعتقاد نہیں ہے۔"[۵]

دراصل ان کا جمہوریت کی اصطلاح کا استعمال تشریح طلب ہے۔ اس سے ان کی مراد انگریزی یا مغربی جمہوریت تھی جسے وہ ہندستان کے حالات میں نافذ کرنے کو مناسب نہیں سمجھتے تھے۔

بہرحال اگر جمہوریت میں اعتقاد نہیں تھا تو اس کی جگہ کیا حکومتی یا سیاسی نظام ہو؟ اس کی وضاحت اقبال نے نہیں کی۔ ان کے زمانے میں تو "بلند بام خواجہ" اور "زیر دام بندے" کا سیدھا سیدھا نظام موجود تھا۔ تفصیلات پیش کرنا اگر ان کا کام نہیں تھا تب بھی کسی نئی اسلامی یا مثالی یا مجوزہ ریاست کے سیاسی اجزا کے ڈھانچے، فرد اور انجمنوں کی آزادی اور حقوق، عوام اور حکومت کے رشتے، سیاسی اداروں کی تشکیل، تقسیم اختیارات و اقتدار، حکومت کے دائرۂ اختیارات کی حدیں، عدالتوں کا درجہ، انتخابی ادارے اور دوسرے ضروری سیاسی اقتصادی اجزا، ان کے باہمی تعلق اور طریقۂ کار سے متعلق ہدایات ان کے یہاں نہیں ملتی ہیں۔ بلکہ شمالی مغرب کے مسلم اکثریت والے صوبوں کے بارے میں اپنے ۱۹۳۰ء کے خطاب میں وہ مغربی سیاسی اصطلاح ریاست (:State) ہی کی زبان میں اپنی بات کہتے ہیں اس طرح کسی جدید جمہوری سیاسی نظام یا جدید اسلامی سیاسی نظام کا مربوط واضح نقشہ اقبال کے یہاں نہیں ملتا ہے۔ اقبال نے ایک حساس، ذہین و ذی حیثیت انسان کی طرح متفرق سیاسی مسائل پر متفرق باتیں کہیں۔ ان سے قاری اتفاق کر سکتا ہے یا اختلاف۔ مگر ان کے اوپر سیاست داں یا علم سیاست کی مہارت رکھنے والا قائد ہونے کی ذمہ داری نہیں ڈالنی چاہیئے۔ ان کی نظر کو قدرت نے بصیرت عطا فرمائی تھی۔ ان کے اشعار اور جملے بڑے وقیع ہوتے ہیں مگر وہ منظم سیاسی منشور کا بدل نہیں۔

سوئم وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ شاعر مشرق کے سیاسی افکار و نظریات کی تشکیل پر ان کے اپنے محدود ماحول کا بنیادی اثر پڑا۔ اس ماحول میں سیاسی جغرافیہ یعنی آبادیوں کا مذہبی تناسب، معاشرہ و معیشت اور سیاسی ثقافت (Political Culture) شامل ہیں۔ یقیناً ماحولی حقیقتوں کا شعور اور ان کو افکار میں مناسب وزن دینا سیاسی نسخوں اور لائحہ عمل کی صحت کی نشانی ہو سکتا ہے اگرچہ خارجی ماحول کی خصوصیات یا تنگ نائی سے کلی یا جزوی طور پر نظریوں میں تنگی پیدا ہونے کا احتمال رہتا ہے جیسا کہ متعدد سیاسی مفکروں کے ساتھ ہو چکا ہے۔

علامہ اقبال نے دسمبر ۱۹۳۰ء میں الہ آباد کے صدارتی خطبے میں کہا کہ :

"اگر ہم چاہتے ہیں کہ اسلام اس ملک میں بطور ایک ثقافتی طاقت (Cultural Force.) قائم رہے تو یہ ضروری ہے کہ مخصوص علاقے میں اسے مرکزیت حاصل ہو۔"

اقبال نے شریعت کا نام نہیں لیا نہ تقویٰ کا لیا۔ ثقافت کن اجزاء کا مرکب ہوتی ہے؟ اسلامی ثقافت اور شریعت میں کیا فرق ہے؟ شریعت کہاں ختم ہوتی ہے اور ثقافت کہاں شروع ہوتی ہے؟ چین، ملیشیا، بنگلہ دیش، افغانستان، عراق، عمان، لیبیا، انگلستان میں اگر ثقافت الگ الگ ہے تو کیا ان جگہوں میں شریعت میں اس سے لازمی تخفیف ہوتی ہے؟ علاوہ ازیں، ہندستان کے مخصوص علاقے یعنی مسلم اکثریت کے صوبوں میں کیا شے اسلام کی مرکزیت اور ثقافتی طاقت کے قائم رکھنے میں حائل تھی؟ تعلیم کا فقدان، جاگیردارانہ نظام، سیاسی نظام یا کچھ اور؟

جناح صاحب کے نام مئی ۱۹۳۷ء کے خط میں علامہ اقبال نے خاص طور پر مسلمانوں کا افلاس دور کرنے کا سوال اُٹھایا۔ جواباً انھوں نے خود لکھا کہ مسئلہ کا حل (سوشلزم میں نہیں بلکہ) اسلامی قوانین کے نفاذ میں ہے مگر بغیر آزاد اسلامی ریاست یا ریاستوں کے اسلامی قوانین کا نفاذ ممکن نہیں اور یہی مسلمانوں کے افلاس کا علاج ہے۔[۴] افلاس دور کرنے کی اہمیت و ضرورت مسلّم ہے مگر اسلامی قوانین کے نفاذ کا اعلیٰ ترین مقصد تقویٰ ہی ہو سکتا ہے۔ افلاس میں اور دین و فلسفۂ حیات، اقتصادی و سیاسی نظام، پست ہمتی و جہل و بداعمالی، انفرادی و اجتماعی عمل صالح میں تعلق اس دارالاسباب میں موجود ہے اور علامہ اقبال نے نفاذ شریعت کی بات بجا طور پر کی ہے۔ البتہ خود ان کے زمانے میں بھی کتنی آزاد مسلم ریاستوں میں افلاس موجود تھا۔ جب کہ دوسری طرف ایک سوشلسٹ ملک نے بیس برسوں میں افلاس کم کر کے دکھایا تھا۔ اس لیے مسلم اکثریت کے علاقوں میں بھی افلاس دور کرنے کے لیے بیک وقت ایک سے زیادہ محاذوں پر معرکہ آرائی لازمی تھی۔

علاوہ ازیں افلاس سے چھٹکارا ضروری ہو سکتا ہے مگر ایک ذریعے کی حیثیت، منتہائے کار کی حیثیت سے نہیں مفلس مسلمان فوراً متقی و صالح ہوئے ہیں۔ اس کے برخلاف تعدادی اکثریت رکھنے والی مسلم آبادیاں مال کچر اور سیاسی آزادی رکھتے ہوئے بھی تقویٰ اور عمل صالح سے دو رپائی گئی ہیں۔ بقول اقبال ؎

جا کے ہوتے ہیں مساجد میں صف آرا تو غریب　　　نام لیتا ہے زمانے میں ہمارا تو غریب

بربنائے دین ہو تو صحیح ہے، مگر جداگانہ از دین "کلچر" کو ضرورت سے زیادہ اہمیت دینے میں ایک حد تک علاقائی اور مغربی اثر شامل ہے۔

پنجاب میں اقبال پلے بڑھے، تعلیم پائی۔ تعداد کے لحاظ سے وہاں مسلمان اکثریت میں تھے مگر

تعلیم و تمدن، معاشی حالت میں پس ماندہ۔ پنجاب قانون ساز کونسل میں اقبال نے دردمندی کے ساتھ کسانوں کی قرض کے دلدل میں گرفتار زندگیوں کے بارے میں اعداد و شمار پیش کیے۔ مگر وزیر اعظم، انگریزی خطاب یافتہ سکندر حیات خاں نے مثبت و کاری قدم زرعی اصلاح کی طرف نہیں اٹھایا۔ اسی زمانے میں یوپی اور بہار میں یہاں کے سیاسی رہنما کسانوں کی مضبوط تنظیمیں بنا کر اپنے حقوق کے لیے کسانوں کو خود جد و جہد کرنے کی تربیت دے رہے تھے۔

اقبال کے خیال میں جہاں مسلمان تعداد میں زیادہ تھے وہاں "مسلم کلچر" قائم ہو سکتا تھا مگر دلی، یوپی، بہار، حیدر آباد میں "مسلم کلچر" انفرادی اور اجتماعی طور پر پنجاب یا سندھ سے نسبتاً کم نہیں تھا۔ انگریز حاکم نہ ایک طرف دلی، یوپی، بہار میں نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج سے روکتے تھے نہ دوسری طرف وہ پنجاب میں امداد باہمی، تعلیم اور معاشی ترقی کو منع کرتے تھے۔ سخت قانونی رکاوٹیں نہ وہاں تھیں نہ یہاں۔ جو کچھ کیا دھرا تھا وہ اپنا ہی تھا۔ انگریزی حکومت نے نوشیرواں جی جمشید جی ٹاٹا کو لوہے و اسپات کا کارخانہ لگانے سے نہیں روکا نہ انھوں نے ایشور چندر ودیا ساگر کو بنگال میں سنسکرت اور انگریزی کے اسکولوں کا باغ لگانے سے روکا۔ تعمیر کرنے والوں نے ملک میں جگہ جگہ ڈی اے۔ وی کالج کھولے۔ جن لوگوں نے جہاں جہاں اصلاح پر سیاست کو فوقیت دی وہاں وہ سیاسی اقتدار حاصل کرنے کے بعد بھی معاشی تعلیمی، تمدنی فلاح حاصل نہیں کر سکے۔ فکر و عمل کی اسی محدود آزادی کا فائدہ طبیب مشرق سید احمد خاں دہلوی نے میدان عمل میں اور میدان تعلیم میں اٹھایا تھا۔ اس لیے نفاذ شریعت اور دنیاوی معاشی ترقی دونوں معاملات میں ہندی مسلمانوں کی اکثریتی اور اقلیتی علاقوں کے مطابق تخصیص ایک معنیٰ خیز و نفع بخش سیاسی تصور نظر نہیں آتا ہے۔

یہ نہیں کہا جا سکتا کہ جن صوبوں میں مسلمان اقلیت میں تھے وہاں وہ ارکان اسلام کی پابندی نہیں کرتے تھے یا کر نہیں سکتے تھے۔ دوسری طرف مسلم اکثریتی صوبوں و علاقوں میں بھی جہالت، پیر پرستی اور دوسری برائیاں عام تھیں۔ متعدد دیسی ریاستوں میں تعلیم اور آزادئ اظہار رائے پر سخت پابندی تھی۔ مسلمانوں کے لیے اقلیتی صوبوں میں شریعت کا نفاذ انفرادی یا اجتماعی طور پر مشکل تو ضرور تھا مگر ممکن تھا۔ اس لیے یہ کہنا کہ یہ نصب العین ۱۹۳۰ء میں اس قابل نہیں تھا کہ اس کے لیے سیاسی جد و جہد کی جاتی سود مند نظر نہیں آتا ہے اور یہ نتیجہ کہ اقلیتی صوبوں کے کثیر تعداد مسلمان اس لائق تھے کہ سیاسی طور پر انھیں غیر محفوظ و کمزور تر چھوڑ دیا جائے ظلم کے دائرے میں آ جاتا ہے۔ ببیں تفاوت رہ از کجا ست تا بہ کجا۔

یعنی "ہر ملک ملک ما است کہ ملک خدائے ما است" کے بجائے یہ صورت حال کہ ع
"تو ہی ناداں چند کلیوں پر قناعت کر گیا"

اپنا تمدن کسے پسند نہیں؟ مگر یہ سوال پوچھنا ضروری ہے کہ "اسلامی کلچر" میں شریعت اسلام کی پابندی کے بعد اور کون سے اجزا ثانوی حیثیت سے ضروری ہیں؟ مسلم آبادیوں کی پہچان تو افلاس اور اس کے لوازمات بن چکے تھے۔ اسلامی تشخص کے لیے اگر افلاس کا نہیں ہونا ضروری تھا تو دلی، یوپی، بہار وغیرہ میں مسلمانوں کا افلاس پنجاب، سندھ و بنگال کے مسلمانوں سے کم نہیں تھا اور اس لیے ان کے حالات میں انھیں سیاسی مدد کی ضرورت کچھ زیادہ ہی تھی۔ مزید یہ کہ ہندوستان کے باہر اسلامی ریاستوں میں صدیوں سے افلاس اور جہل کی حکمرانی کا تجربہ بتانے کے لیے کافی تھا کہ اسلامی سیاسی نظام کے لیے مسلم اکثریت، آزادی اور کلچر کے علاوہ کچھ اور شے بھی درکار تھی۔ یہ شے یا خاصیت کس حد تک ذہنوں کی نئی تربیت اور ساخت تھی اور کس حد تک نیا اقتصادی نظام یہ بات بحث طلب ہے۔ مگر علامہ اقبال کے یہاں ان سوالات کا سیاسی جواب نہیں ملتا ہے۔ اس سوال کو اور اس سے متعلق دوسرے سوالات کو اٹھانا اور ان پر وسیع پیمانے پر سنجیدہ بحث ہونا ضروری تھا تاکہ صائب سیاسی افکار و نظریات و لائحہ عمل کی تشکیل ہو سکتی۔

اسلام کی ضمانت تعداد میں نہیں بلکہ ایمان میں یا نفس مومن میں ہے۔ اس لیے سیاسی نظریات کی تشکیل اور مطالبات طے کرنے کے لیے صرف تعداد کو بنیاد بنانا کافی نہیں تھا۔ ہندوستان کے مسلمان کے نزدیک اولین اہمیت "کلچر" اور اکثریت نواز سیاست کی نہیں تھی بلکہ حفظ اقلیت سیاست کی تھی۔ انفرادی اور اجتماعی طور پر عمل صالح اور قیادت صالح کی تھی۔ شریعت کے دائرے میں عمل کرنے کے معنی بہت وسیع ہیں۔ مختلف الاقسام سیاسی صورتحال میں دین کے اصولوں سے گریز کیے بغیر اس وسیع ترین دائرۂ عمل میں دفاعی جدال و قتال بھی ہیں اور صلح جوئی، معاہدہ اور امن و سلامتی کے ہر نوع مختلف طریقے بھی۔ اکثریتی اور اقلیتی دونوں حصوں کے مسلمانوں کے حقوق کے لیے متحدہ سیاسی تحریک چلانے میں یا اس کی حمایت کرنے میں اقبال جیسے مسلم مفکر کو کیا شے مانع تھی۔ جن کے لیے چین و عرب اور سارا جہاں ان کا وطن تھا۔ علامہ اقبال نے ۲۱ جون ۱۹۳۷ء کے خط میں جناح صاحب کو لکھا:

"میری ذاتی رائے ہے کہ شمالی مغربی ہندوستان اور بنگال کے مسلمانوں کو۔۔۔ مسلم اقلیتی صوبوں کو نظر انداز کر دینا چاہیے اس راہ عمل کے ذریعے مسلم اکثریتی اور مسلم اقلیتی صوبوں کے بہترین مفادات کی پوری ضمانت ہو گی۔"[۱۱]

اس رائے کی یا تبدیلی رائے کی وجہ نہیں بتائی گئی کہ دونوں طرح کے علاقوں کی حفاظت کس طرح ہو گی۔ "شوخ کرن" نے "ہند کی تاریک فضا" کو چھوڑ کر اس کے ایک چھوٹے حصے میں سمٹنا منظور کیا تھا۔ وہ بھی مسلم اکثریتی صوبوں کے میدان عمل میں قربانیاں دیئے بغیر، میز کرسیوں پر بیٹھ کر۔

اسلام کے اصول مانع نہیں تھے کہ کمزور حصوں کو زیادہ مضبوط کیجئے۔ تب مسلم سیاسی رہنماؤں کے بارے میں انفرادی نہیں بلکہ مجموعی حیثیت سے یہ سوال پوچھا جا سکتا ہے کہ اقلیتی صوبوں کے مسلمانوں کی سیاسی اعانت سے دست بردار ہونے کی کیا وجہیں تھیں؟ دنیوی فوائد و نعمتوں کے حصول کے لیے سیاست دوراں کے تقاضے اور مصلحتیں؟ یا یہ کہ برطانوی حاکم کی طاقت اور اس کا ثبات، دین و حق و انصاف کے اصولوں کی قوت سے بڑھ کر تھا؟ علامہ اقبال کے بارے میں یہ سوال شایان شان نہیں ہے۔ مگر حکیم مشرق کے پاس کیا صرف اکثریتی علاقوں کے مسلمانوں کے لیے سیاسی نسخہ تھا؟ کیا وہ اکثریتی اور اقلیتی دونوں علاقوں کے مسلمانوں کی سیاسی کامیابی و معاشی ترقی کے لیے سیاسی فلسفہ پیش نہیں کر سکتے تھے؟ ایسا ان کے شاعرانہ پیغام کے مطابق و موافق بھی ہوتا۔ ۲۰ مارچ ۱۹۲۷ء کی دلّی مسلم کانفرنس میں پاس شدہ تجاویز پر ثابت قدم رہ سکتے تھے ان کو آگے بڑھا سکتے تھے۔ ان میں دونوں طرح کے صوبوں میں مسلمانوں کے سیاسی تحفظ کی پکّی بات تھی۔ جس تنظیم کے صدر وہ تھے وہ غالب و کارآفریں ہو کر باطل کے لیے سیاسی نشتر کا کام کرتی۔

اسلامی سیاست کے اصولوں کے مطابق ہر صحیح سیاسی رائے اور فیصلے کی شرعی بنیاد ہونی ضروری ہے اقلیتی مسلمانوں کو، ۱۸۵۷ء کے بعد اہم ترین سیاسی جنگ کے درمیان غیر محفوظ چھوڑ کر ہٹ جانے کا شرعی جواز کیا تھا ؟ اقلیت والوں کو تو نسبتاً زیادہ سیاسی اعانت و حفاظت و طاقت کی ضرورت تھی۔ ہندستان کے بڑے حصے میں بسے اتنے سارے مسلمان اور اُن کے مذہبی و تعلیمی ادارے کیا ایسے کم قیمت تھے کہ انھیں اتنا ارزاں فروخت کر دیا جاتا؟ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ناحق مارے جانے کی خبر مشہور ہونے پر بیعت رضوان کی تھی۔ صلح حدیبیہ سے پہلے حضرت عثمانؓ کو سفیر بنا کر قریش کے پاس بھیجا گیا تھا۔ ان کے قتل کی خبر شائع ہونے پر آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ اگر ایسا ہے تو جب تک ان کے خون کا بدلہ نہ لے لیں یہاں سے نہیں جائیں گے۔ وہ ایک درخت کے نیچے بیٹھ گئے اور تقریباً ڈیڑھ ہزار صحابہ سے جاں نثاری کی بیعت لی لیکن خبر غلط نکلی۔

گر علامہ اقبال نے اپنے بارے میں ٹھیک کہا تھا۔ وہ دراصل سیاسی میدان کے آدمی نہیں تھے۔ نہ انھیں ہندستانی سیاست کی مفاد پرستی اور چالبازی بھاتی تھی۔ سیاست میں انھوں نے حصہ لیا تو اعلیٰ طریقے سے ملت کے لیے سیاسی کام بھی کیے۔ مگر وہ زیادہ تصورات کے آسمانوں کے شاہین تھے۔ عظیم شاعر گرچہ ٹومس آرنلڈ کی رائے سے ہی اس راہ پر گامزن ہوئے تھے، دین دار، درویش منش، علم کے جویا، دبیز فلسفیانہ پردوں کو اٹھانے والے اسرارِ تصوف کے "دانائے راز"۔ البتہ تاریخ فلسفۂ علم سیاست پر ان کی نظر تھی، نہ وہ مختلف سیاسی نظاموں کی ارتقا

کی تاریخ سے واقف تھے۔ انھیں تجربہ زیادہ تر پنجاب کی سیاست کا تھا جس سے وہ جا بجا طور پر نالاں تھے۔ ان کی نظر خصوصاً صرف برطانوی راج کے مسلم اکثریت کے صوبوں پر تھی اور بالآخر ان کی سیاسی فکر بھی انھیں صوبوں تک محدود رہی۔

دنیا سے رخصت ہوتے وقت قدرت نے انھیں ایک بڑے صدمے سے بچا لیا۔ انھیں یہ سننے کے لیے زندہ نہیں رکھا کہ کل ہند سیاست والوں نے پنجاب مسلم لیگ کے مخالفوں سے سمجھوتہ کر کے ان کے جیسے پر خلوص کارکنوں کو باہر کر دیا ہے۔ مسلمان رہنماؤں سے وہ عموماً "ناخوش و بیزار" تھے۔ ۱۹۲۷ء میں جناح لیگ کو بھی ناپسند کیا تھا۔ مگر ۱۹۳۴ء میں لندن واپسی کے بعد جناح صاحب لاہور علامہ اقبال کے گھر پر آکر ان سے ملے اور مدد کی درخواست کی۔ آخری چند سالوں میں ان کا عمل اور قربانی کا جذبہ فزوں تر ہو بھی گیا تھا۔ دلی فیاضی، ہمدردی اور عالی حوصلگی سے علامہ اقبال نے سیاسی ذمہ داری اٹھانے کی حامی بھر لی۔ اس کے بعد گرم جوشی اور محنت سے پنجاب میں مسلم لیگ کے کام کو آگے بڑھایا جس کی درپردہ اور اعلانیہ مخالفت سکندر حیات خاں اور نواب ممدوٹ کرتے رہتے۔ کلکتہ میں اپریل ۱۹۳۸ء میں کل ہند مسلم لیگ کا اجلاس ہوا۔ نئی ورکنگ کمیٹی میں مسلم لیگ کے اداروں کے نام بھی انگریزی ہوا کرتے تھے) کی فہرست دیکھ کر پنجاب مسلم لیگ کے لوگ حیرت میں رہ گئے۔ فضل حسین اور سکندر حیات خاں کے آدمی فہرست میں شامل کر لیے گئے تھے جو یونینسٹ پارٹی کے تھے اور مسلم لیگ کی بیخ کنی اور اس کے خلاف کام کرتے تھے۔ علامہ اقبال، صدر مسلم لیگ پنجاب کے خاص معتمد آدمی یعنی نائب صدر ملک برکت علی اور سکریٹری غلام رسول خاں اور عاشق حسین بٹالوی میں سے ایک کو بھی ورکنگ کمیٹی میں نہیں رکھا گیا۔ جب ملک برکت علی نے بولنا چاہا تو جناح صاحب اور لیاقت علی خاں نے ان لوگوں کی فریاد نہیں سنی اور انھیں سختی سے بٹھا دیا۔ جب یہ خبر لے کر تینوں حضرات لاہور اسٹیشن پر اترے تو وہاں اس سے بھی زیادہ صدمے کی خبر سنی کہ علامہ اقبال انتقال کر گئے۔[۵۴]

مولانا آزاد کی نشوونما مختلف ماحول میں ہوئی۔ دس سال کی عمر میں کلکتہ آگئے جو انواع و اقسام کے ملکی و غیر ملکی قوموں اور فرقوں سے آباد صنعتی شہر تھا۔ پنجاب کی صورت دوسری تھی۔ زرعی علاقہ ہونے کی وجہ سے یہاں کا معاشرہ نسبتاً ساکت تھا مگر کلکتہ مختلف زبانوں، تہذیبوں اور سیاسی تحریکوں کی ایک متحرک دنیا تھی۔ نتیجتاً یہاں سیاسی کام یا جرنلزم کے لیے دوسرے مذاہب اور دوسرے نظریوں اور خیال والوں کے ساتھ مل کر کام کرنا ضروری تھا۔ یہ آزاد نے کم عمری میں دیکھا۔ تاریخ اسلام میں بھی غیر مسلموں کے ساتھ مل کر مفید کام کرنے اور ان سے سمجھوتہ کرنے کی سند اور اس کا سبق موجود تھا۔[۵۵] ۱۵ سے ۱۸ سال کی عمر تک آزاد کلکتہ کے علاوہ شاہجہاں پور، لکھنؤ اور امرتسر شہر میں اخبار و رسائل کی ادارت کے ذریعے وہ ایسے شہروں میں کام کرنے کا تجربہ حاصل کر چکے تھے جہاں مسلمان لازماً اکثریت میں نہیں تھے۔

الہلال اور البلاغ میں بھی جہاں انھوں نے مسلمانوں کی دینی غیرت کو آواز دی، انھوں نے مسلم اکثریتی اور

اقلیتی صوبوں و علاقوں کی تفریق نہیں کی۔ کانپور کی شہید مسجد ہو یا ترکی و مشرق وسطیٰ کے علاقے جہاں یورپی و برطانوی سامراجی مسلمان بستیوں پر مظالم ڈھا رہے تھے، تمام مسلمانوں کے مسائل ایک ہی جیسے تھے۔ بہت سے علاقے رسماً سیاسی طور پر آزاد تھے اور مسلم اکثریت والے بھی تھے مگر اس کے باوجود وہ فوجی شکست و قتل و غارت گری، غربت اور جہالت کی وجہ سے سیاسی طور پر ذلیل و خوار و درماندہ تھے۔ جمال الدین افغانی اسد آبادی کو ہند، افغانستان، ترکی، مصر کہیں بھی انگریزوں نے چین سے بیٹھنے نہیں دیا۔ شریف مکہ نے مولانا محمود حسن اور مولانا حسین احمد مدنی کو گرفتار کر کے اپنے آقائے بزرگ انگریز کے حوالے کر دیا۔ یعنی دین اور دنیاوی فلاح کی ضامن صرف تعدادی اکثریت نہیں تھی۔

دین کے وسیع اصول ہر طرح کی جگہوں کے لیے برحق و کارآمد تھے مگر مولانا آزاد کی فعّال طبیعت نے جس جغرافیائی ماحول (Human Geography) میں نشو و نما پائی اس کے مطابق ان کی نظر ہندستان کے مسلم اکثریت اور اقلیت والے دونوں طرح کے صوبوں اور علاقوں پر تھی۔ ان کے نظریے کے مطابق ہندستان کے جملہ مسلمانوں کے دینی اور دنیوی مقاصد اور سیاسی حالات ایک دوسرے سے وابستہ، واحد اور ناقابل علیحدگی تھے۔ اس لیے ان کے سیاسی مقاصد اور راستے بھی واحد تھے۔ اکثریتی اور اقلیتی دونوں طرح کی آبادیوں کو ایک دوسرے کی مدد سے باہم سیاسی فائدہ پہنچانا سیاسی تحریک کی خصوصی اور ناقابل تبدیل شرط ہونا لازمی تھا۔ نہ یہ کہ صرف کثرت تعداد کو میزان بنا کر ایک طرح کی آبادی جو پہلے ہی محفوظ تھی اسے سیاسی نفع ملے۔ ۱۹۲۷ء میں دلی کی مسلم کانفرنس میں، جس کی صدارت جناح صاحب نے کی تھی، دونوں طرح کی مسلم آبادیوں کا ایک ساتھ خیال رکھا گیا تھا۔ ایک دوسرے سے پیوستہ رہ کر دونوں کو زیادہ سے زیادہ سیاسی تحفظ اور نفع مل سکتا تھا۔[۵]

مولانا آزاد نے ۱۹۱۲ء میں الہلال کے سرورق پر "الامر بالمعروف والنہی عن المنکر" لکھا اور اس قرآنی حکم کی روشنی میں اپنے سیاسی عمل کے مقاصد، اس کی راہیں اور طریقے وضع کیے۔ آزادی حاصل کرنے کے لیے ہندستان سے برطانوی حکومت کا خاتمہ کرنا اور اس کام کے لیے ہندوؤں کے ساتھ مل کر سیاسی جدوجہد کرنا ان کی رائے میں مسلمانوں کے جملہ حقوق کی حفاظت کا کارگر ترین طریقۂ عمل تھا۔ اس راہ پر وہ ۱۹۵۸ء تک ثابت قدم رہے۔ یہ رائے ۱۸۸۸ء کے نصرت الابرار نامی فتوے کے مطابق تھی جس میں مسلمانوں کی انڈین نیشنل کانگریس میں شرکت کو جائز قرار دیا گیا تھا۔ یہی رائے مولانا محمد علی اور مولانا حسرت موہانی کی طویل عرصے تک رہی۔ مشکل یہ تھی کہ ایک طرف انگریزی حکومت سے مقابلہ اور دوسری طرف کانگریس کے اندر اپنے تھوڑے ہندو رہنماؤں سے جدوجہد جو انگریزی حکومت کے مخالف کم اور مسلمانوں اور ان کے حقوق کے مخالف زیادہ تھے۔ اس کام کے لیے بڑے عزم و استقلال و صبر کی ضرورت تھی یعنی آزادی بھی حاصل ہو اور

اس کے ساتھ تجویز نہیں بلکہ کل مسلمانان ہند کے مذہبی اور دنیاوی حقوق کی حفاظت میں کمزوری بھی نہ آنے پائے۔
اس عظیم کام کی سعی کے لیے ایسے آدمی کی ضرورت تھی جو بقول سید سلیمان ندوی "اسوۂ یوسفی" رکھتا ہو۔

۴۳ سال گزرنے کے بعد اب یہ پوچھا جائے کہ اگر اقبال اور آزاد دونوں کی سیاسی آرزوئیں صحت مندانہ اور صحیح تھیں تو یہ کیسے ممکن ہوا کہ دونوں کے سیاسی نسخے ایک دوسرے کی ضد بن کر لکھے گئے؟ کیا ایک وسیع تر سیاسی نظریہ ایسا نہیں بن سکتا تھا جس میں دونوں طرح کے نسخے سما جاتے اور باہم معاون ثابت ہوتے؟ مگر راز یہ ہے کہ صحیح سیاسی فلسفہ یا نظریہ صحیح سیاسی عمل سے پیدا ہوتا ہے۔ مسلمانوں میں سیاسی عمل کیسا تھا؟ بیسویں صدی میں ایشیا میں بھی انیسویں صدی کے مقابلے میں معاشرتی بنیادیں بدل چکی تھیں۔ سائنس، ٹیکنولوجی، ذرائع ابلاغ، خواندگی اور اخبارات میں انقلاب آچکا تھا۔ جن کو دو دنیاوی جنگوں نے پورا کر دیا تھا۔ اس انقلاب کی وجہ سے ملکی و ملی ترقی کا ذریعہ اب عوامی سیاست ہو گیا تھا بجائے خواص کی سیاست کے یعنی عوام کی سیاسی تعلیم و تربیت اور ان کی عظیم اجتماعی طاقت کا استعمال قوم و ملت کی رہنمائی اور کامیابی کے لیے ضروری ہو گیا تھا۔ صرف خواص کی گفتگو اور اس کے فیصلے کمزور سیاسی قیادت کا طریقہ بن چکی تھیں۔ ہندستان میں مسلم عوامی اصلاح یا غیر جذباتی سیاسی تحریک کا فقدان رہا تھا۔ ملک گیر مسلم سیاسی مہم تحریک خلافت کے علاوہ اور نہیں چلائی گئی۔ بیسویں اور تیسویں دہائیوں میں مسلمانوں کے بنیادی مسائل مثلاً بیروزگاری، افلاس اور جہل کو دور کرنے کے لیے کون سی ہندستان گیر سیاسی مہم چلائی گئی؟ کتنی تنظیمیں بنیں؟ چالیسویں دہائی میں ایسی تحریکوں کے لیے بہت دیر ہو چکی تھی۔ پہلے جنگ کے شعلے بھڑک اٹھے اور حکومت نے گرفت بہت سخت کر دی۔ اسی دوران کانگریس کی ۱۹۴۲ء کی ہندستان چھوڑو تحریک دبادی گئی مگر وہ نتیجہ خیز ثابت ہوئی کیونکہ عوام کی تربیت ہوئی اور حکومت پر اس کی طاقت کا اثر ہے۔ ۱۹۴۶ء میں ہولڈ ڈائرکٹ ایکشن نام کے عمل سے گویا ہجوم کو سڑکوں پر چھوڑ دیا گیا جس کے پاس نہ کوئی رہ نما تھا، نہ تربیت، نہ ضابطہ، نہ ہدایات عمل۔ پھر برطانوی حکومت نے فیلڈ مارشل ویول جیسے متین، ہمدرد اور نیک ارادوں والے وائسرائے کو واپس بلا لیا اور ان کی جگہ موئنٹ بیٹن جیسا عیار، عجلت پسند، ناتجربہ کار اور بے درد حاکم آگیا۔

دوئم یہ کہ ایک عمل جو دینی اعتبار سے سیاست میں بھی لازم ہے، وہ بھی ناپید رہا۔ یعنی اہل الرائے کے درمیان باہم مشورہ۔ مشورہ کی شرعی تاکید کے مطابق علامہ اقبال اور مولانا آزاد حسن سلوک اختیار کر کے اگر آپس میں مسلسل مشورے کرتے تو دونوں بزرگوں کے اخلاص نیت کی روشنی میں یہ بات ناممکن نہیں بلکہ عین ممکن تھی کہ ان میں آپس میں اتفاق رائے یا سمجھوتہ سیاسی سوالات اور لائحہ عمل کے بارے میں ہو جاتا مثلاً دلی تجاویز سے مماثل۔ مگر یہ ہندستان کے مسلمانوں کی

ی اور بدنصیبی تھی کہ اقلیتی حصوں مثلاً دیوبند، ندوہ، دلی، پٹنہ میں زندہ و پائندہ ادارے مثلاً جمعیۃ العلماء، امارت شرعیہ اور
نی حصے پنجاب میں بذات خود علامہ اقبال اور انجمن حمایت الاسلام جیسے اداروں کے درمیان مسلمانان ہند کے
رک اور متفرق سیاسی و دیگر مسائل کے بارے میں باہم مشورے کا مستقل نظام قائم نہیں ہوا۔ صرف چند بار مشورہ
نی نہیں تھا، بلکہ ایک مجلس شوریٰ کے قوانین اور اس کی تنظیم کے بغیر سعد و بابرکت نتیجے کیسے برآمد ہوتے؟

بہرکیف، مسلمانان ہند دونوں مفکروں کے فکر و پیغام سے پوری طرح مستفیض نہیں ہو سکے۔ سیاسی کامیابی
نی اگر مانے جائیں، باشندوں کی آزادی، عزت و جان و مال کی سلامتی، امن، معاشی خوش حالی، تعلیمی و ثقافتی یعنی
و شہری بے کھٹکے ایمان دارانہ کام کرے اور رات کو اپنے آسودہ کنبے کے ساتھ چین کی نیند سوئے تو مسلمانوں کو
دیں سیاسی کامیابی کہاں ملی؟ ہندوستان میں مسلمان نہ اپنی عزت نہ جان و مال پوری طرح محفوظ رکھ سکے، نہ مساجد
دسرے مذہبی مقامات۔ نہ وہ شرعی اور ملی حقوق انھیں واپس ملے جو انگریزوں نے چھین لیے تھے۔ مثلاً دارالقضا
رالافتاء کا نظام۔ پاکستان نام کا جو ملک بنا وہاں بھی اصولوں پر عمل درآمد نہیں ہوا یعنی معاشی و معاشرتی
ن اور باہمی اتفاق کا قیام۔ بلکہ ملک ہی بیچ سے ٹوٹ کر دو ہو گیا۔ نفرت و کشت و خون و غارت گری کا بازار گرم رہا
تے بنے۔ دور افتادہ اور بیگانہ۔ دونوں جگہ اوپری سطح کے اندر افلاس و جہالت و عصبیت و تشدد کا دور دورہ رہا۔

ہندی مسلمان، اقبال اور آزاد کے سیاسی خیالات سے مستفیض کیوں نہیں ہو سکے؟ ایسے خیالات جو اعلیٰ
اقدار پر مبنی تھے اور تشفی بخش سیاسی زندگی قائم کرنے میں مددگار ہوتے۔ اس ناصبوری کے پس پردہ وابستہ
ت کا ایک سلسلہ تھا۔ فیض اس لیے حاصل نہیں کر سکے چونکہ سیاسی طور پر خام تھے۔ سیاسی خامی کی وجہ یہ
معاشرتی اور تعلیمی اصلاح کا عمل نہیں کیا گیا تھا۔ یعنی اصلاحی عمل جڑ کے مانند تھا تو سیاسی کامیابی کا پھل اسکے
ے ملتا۔ گرچہ یہ ثمر جلد نہیں آتا ہے۔ صحت مند جڑ کے بغیر سیاست کا خوف زدہ جذباتی اور نقصان دہ ہوناگزیر ہے

سیاسی ثقافت خام ہونے کا مطلب یہ ہے کہ سیاست اور حکومت کی طرف ان کا نظریہ مثبت نہ تھا بلکہ منفی
بت نہیں ہونے کی وجہ سے متوازن نہ تھا بلکہ اس پر مایوسی، بیگانگی، خوف اور نفرت کے عناصر کا غلبہ تھا جبکہ
نظریے میں امید و یقین، سیاست و حکومت سے واقفیت و تعلق اور اس میں حصہ لینے اور اس پر اثر انداز ہونے
غالب رہتا ہے۔ یہی فرق امریکہ میں گورے اور کالے لوگوں کے سیاست و حکومت کی طرف نظریوں میں پایا گیا
باتیں Political Orientation اور Political Culture کے زمرے میں آتی ہیں
کا نتیجہ بھی ہوتی ہیں اور شدید سیاسی سبب بھی بن جاتی ہیں۔

مزید برآں جدید دور میں مسلمان سیاسی طریقہائے کار۔ (Political Process) اسے دور وناآشنا رکھے گئے۔ ۱۸۵۷ء کی ناکامی اور اس کے بعد انگریزی حکومت کے استبداد، پھانسی اور قید نے یہ سکھا دیا تھا کہ علیحدہ علیحدہ انفرادی طور سے ہمارے سامنے درخواست پیش کرسکتے ہو۔ ہم تمھاری اور تمھارے خاندان کی وفاداری دیکھ کر مرحمت فرمائیں گے مگر اجتماعی طور پر مطالبہ اٹھانا تمھارے حق میں اچھا نہ ہوگا۔ سوال روزگار کا ہو یا تعلیم کا۔ زمینی اور دوسرے اصلاحات اور سیاسی نمائندگی کے سوالات تو اٹھائے ہی نہیں جاسکتے تھے۔ یہ کسی قوم و معاشرے کو پسماندہ رکھنے کا موثر طریقہ تھا۔ انجام کار حکومت کی طرف مسلمانوں کا رویہ حاجت مندوں والا، فدویانہ رہا۔ کاسہ لیسی پر مجبور کردیے گئے۔ یا پھر تھوڑے سے لوگوں کا مخاصمانہ رویہ رہا۔[11] اس کے برخلاف انقلاب فرانس ۱۷۸۹ء اور آزادی ریاست ہائے متحدہ امریکہ ۱۷۷۶ء کے بعد عوامی تحریکیں ہی سیاسی مقاصد حاصل کرنے کا کامیاب ذریعہ بنتی جارہی تھیں۔ رزم میں بھی اور بزم میں بھی۔ یعنی کثیر تعداد میں مختلف النوع انجمنیں۔ (Associations) اور تنظیمیں (Organiza-tions.) بناکر بطور Interest Group یا Pressure Group۔ کام کرنا اور آگے جاکر ضرورت اور حالات کے مطابق انھیں سیاسی پارٹیوں یا تنظیموں میں تبدیل کرنا۔

جدید جمہوری سیاسی طریقۂ کار (Political Process.) کا ایک خاکہ اس طرح پیش کیا جاسکتا ہے:

اوّل۔ آزادیِ اظہار خیال ورائے ـــــــ انتخابات ـــــــ تنظیم وقائدین ـــــــ آزادانہ
وکمل مباحثہ ومشورہ ـــــــ فیصلہ ـــــــ عمل ـــــــ آزاد عوامی آراء ـــــــ انتخابات۔

یہ عمل اختیار نہیں کرنے کی وجہ سے مسلم آبادیاں، معاشرے پس ماندہ بھی رہے۔ سیاسی انتشار زیادہ رہا اور تفرقے بھی۔ تعلقدار، زمین دار، حکومتی ملازم، کارخانہ دار، کھیت مزدور، قلی اور دوسرے مزدوری پیشہ طبقوں کے درمیان سیاسی پل نہیں بن پائے۔ گرچہ طبقاتی فرق کے باوجود عزت وجان ومال کی حفاظت جیسی باتوں میں انکا نفع ونقصان بڑی حد تک مشترک تھا۔ پھر بھی بندی مسلمانوں کے متمول اور مفلس حصے ایک دوسرے سے بیگانہ ہی رہے۔ اسی بات کو محسوس کرکے علامہ اقبال نے مئی ۱۹۳۷ء کے ایک خط میں جناح صاحب کو لکھا کہ مسلم لیگ کو مقبول عام بنانے کے لیے مفلس مسلمانوں کے مصائب کی طرف توجہ دینی چاہیئے۔[12] مگر کہاں تاریخ کا ایک کوہ گراں بار اور کہاں تیشۂ فرہاد کی ایک ہلکی سی ضرب۔

مسلمانوں کے سیاسی شعور خام ہونے کی وجہ سے ہی ۱۸۵۷ء کے بعد سے ۱۹۴۰ء تک ملک کے لیے ایک مکمل و مربوط ہمہ گیر سیاسی دستور کا خاکہ پیش نہیں ہوسکا کہ کیسی حکومت بنائی جائے؟ اس کی قسم، اس کے مقاصد و اختیارات،

اس کا ڈھانچہ کیا ہو؛ تنظیم کیا ہو اور کسے کیا حصہ ملے؛ زمین داری رہے یا ختم کی جائے؛ کارخانے داروں پر کتنا ٹیکس لگے؛ ٹریڈ یونین کے حقوق کیا ہوں؟ جب سیاسی مطالبات پیش کیے جانے لگے تو وہ اکثر کانگریس کی تجاویز کے ردعمل کے طور پر یا پھر اس میں ترمیم کی غرض سے۔ یعنی سیاست مقصدی اور مثبت عمل کی نہیں بلکہ ردعمل کی رہی۔ مسلمانوں کے رہنما ایک مستحکم سیاسی دستور جو صرف ایک ملک کے لیے ہوتا یا متفرق ممالک کے لیے باوثوق طور سے پیش نہیں کر سکے۔ ۱۹۴۰ کے بعد بھی سیاسی مطالبات بلند کیے جاتے رہے۔ مگر ایک سیاسی نظام اور اس کے دستور کے بنیادی اصول اور اس کے اجزا کی ضروری تفصیلات مرتب نہیں کی گئیں نہ ان کی وضاحت کی گئی۔ بلکہ اس بنیادی فکری اور نظریاتی عمل کی اساسی اہمیت کا احساس پیدا نہیں ہوا تھا۔[11] ۱۹۴۷ء میں بنے نئے ملک کو ایک دو نسلیں گزرنے کے بعد بھی اپنے بنائے ہوئے دستور اور اس پر عمل درآمد ہونے (یعنی قانون کی حکومت یا Constitutionalism) کی نعمت نصیب نہیں ہوئی۔

سیاسی شعور خام ہونے کی ایک علامت یہ تھی کہ انگریزی حکومت جو ان کے لیے غاصب و جابر تھی، جو انھیں آئندہ بھی دھوکہ دینے والی تھی۔ اس حکومت کو سیاسی طور پر انھوں نے قابل بھروسہ سمجھ لیا۔ مثلاً ۱۹۰۵ء کے تقسیم بنگال کو، جس کا مقصد اوّل انگریزی حکومت کا استحکام تھا، اس کی مسلمان رہنماؤں نے عام طور پر حمایت کی۔ حالانکہ وہ مشروط طور پر اس کی مخالفت کر سکتے تھے۔ اس طرح وہ ہندو رہنماؤں کے ساتھ سمجھوتہ کرکے سیاسی طور پر نفع میں رہ سکتے تھے۔ اس صورت میں ان کے مطالبات کی منظوری کی سمت پیش رفت کی کارگر کوشش ہو سکتی تھی۔ کیوں کہ بصورت دیگر انگریز حکومت نے بالآخر ہندوؤں کی عوامی تحریک کے دباؤ میں آکر تقسیم منسوخ کر دی۔

تحریک خلافت برطانوی شہنشاہیت کی مخالفت میں عوامی بیداری لانے کے نقطۂ نظر سے مفید تھی مگر اس بڑی سیاسی تحریک کے جلوس میں چلنے کے لیے مسلمانوں کی تعلیمی، دینی، معاشی اور معاشرتی اصلاح و فلاح کی چھوٹی چھوٹی علاقائی تنظیمیں کافی تعداد میں پیدا نہیں ہوئیں۔ نتیجہ یہ ہوا کہ جب یہ سیاسی علم زمین بوس ہو گیا تو مایوسی، بے مقصدی اور باہمی تفریق و نزاع کے سوا کچھ نہ بچا۔ انگریزی صوبوں میں تو کانگریس نے زور پکڑا ہی تھا مگر اس کے رہنماؤں نے دیسی ریاستوں میں بھی آزادی اور آئینی اصلاح کی تحریک لے جانے کی کوشش کی مگر مسلم لیگ یا دوسری مسلم سیاسی تنظیموں کی طرف سے مسلم دیسی ریاستوں میں تعلیمی و اقتصادی اصلاح و ترقی اور مطلق العنان حکومت میں آئینی ترمیم کرنے کے لیے کوئی تحریک نظر نہیں آتی ہے۔[12]

اوپر کے صفحات میں سیاسی ثقافت اور سیاست کی کمزوری کے تعلق کا ذکر ہو چکا ہے۔ دونوں ایک دوسرے کا نتیجہ ہونے کے ساتھ ساتھ ایک دوسرے کے لیے سبب بھی بن جاتے ہیں۔ اس طرح آبادی گویا ایک بھنور Vicious

Circle. میں گرفتار ہو جاتی ہے۔ ثقافتی کمزوری کی وجہ یہاں یہ تھی کہ ہندستانی مسلمانوں کو جمہوریت کا تجربہ نہیں تھا۔ وہ جمہوریت نہیں جسے اقبال شاعرانہ اور فلسفیانہ نقطۂ نظر سے ازمغز دو صد خر بھو میٹھے تھے۔ بلکہ وہ جسے زمانہ قدیم سے مسلسل عملی تجربے کی بنا پر مضبوط اور پائیدار نظام حکومت مانا گیا، جس کے ثبات کی، نسبتاً پرامن ثبات کی پیمائش سالوں میں نہیں بلکہ صدیاں میں ہو سکتی ہے۔ جیسے سوئزرلینڈ، انگلستان اور امریکہ۔ یہ جمہوریت بے لگام نہیں بنائی جاتی اور اس میں خواص Aristocracy کے اجزا معتدل تناسب سے ملائے جاتے ہیں۔ مگر مسلمانوں کو نہ ہندستان میں نہ عرب، ایران و افغانستان میں، نہ ترکی کی سلطنت میں جمہوریت ورثے میں ملی۔

بار دیگر عرض ہے کہ اس سیاسی خامی کا نتیجہ بھی اور سبب بھی معاشرتی پس ماندگی تھی۔ جس کے پیچھے تعلیم کی کمی، معاشی بے اصولی اور بدنظمی اور افلاس کی زیادتی کارفرما تھی۔ یہ حالت قائم ہی رہی۔ چونکہ اس کے بدلنے کا ایک ہی راستہ تھا جس کا ذکر اوپر آچکا ہے۔ یہ راستہ تھا اصلاح کا جو پوری طرح کھولا نہیں گیا۔ سیاست میں بالغ نظری اور مضبوطی اسی وقت آسکتی ہے جب معاشرے میں بالغ نظری اور مضبوطی ہو۔ معاشرہ اس وقت صحت مند و توانا ہوتا ہے جب اصلاحی تحریکوں کی وجہ سے اس کی رگوں میں خون زندگی دوڑتا رہتا ہے۔ ہندستانی معاشرہ جو طویل عرصے سے زوال پذیر تھا۔ اس کی ترقی پذیری کی رفتار اور معیار کا اندازہ اصلاحی تحریکوں کی صحت و توانائی اور ان کی تعداد و وسعت کے تناسب سے ہی لگایا جا سکتا ہے۔ مسلمانوں کے یہاں اصلاحی تحریکیں تھیں اور کم و بیش ہر زمانے میں رہیں۔ افراد نے انفرادی کوشش کیں اور پھر اہل خیر اولوالعزم حضرات نے ادارے قائم کیے۔ دیوبند، ندوہ، پٹن، علی گڑھ، سہارن پور، کلکتہ، پٹنہ، حیدرآباد اور دوسرے شہروں میں تعلیمی ادارے قائم کر کے ہی دینی تعلیم کو مٹنے سے بچا لیا گیا۔ ان اداروں میں علم و فضل کی شمع تیز یا مدھم جلتی رہی۔ امارت شرعیہ بہار و اڑیسہ، انجمن مفید الاسلام، انجمن حمایت الاسلام اور دوسرے فلاحی ادارے بنے اور فلاحی کام کرتے رہے۔ علاوہ ازیں پرخلوص، لائق و فائق، اعلیٰ افراد موجود رہے ایسے اشخاص تھے جنھوں نے معاشرے کی خدمت کے لیے اپنے کو وقف کر دیا، جو آزادی کی لڑائی کا بلاوا سن کر نکلے اور جان پر کھیل گئے۔ شروع میں خفیہ تنظیمیں بنائیں، لوگوں کو سپاہی بنایا اور جنگیں لڑیں جیل میں اور تختۂ دار پر حق کا کلمہ بلند کیا۔ پھر پریس، کتب خانہ نیلام کروا دیا، چکی کی مشقت ہنس کر اٹھائی۔ پھر نظمیں کہیں، کتابیں لکھیں، اپنا گنگا کنارے کا محل پٹنہ انجینئرنگ کالج کھولنے کے لیے دے دیا۔

مگر انفرادی اولوالعزمی اجتماعی حمیت و فعالی کی کمی پوری نہیں کر سکی۔ آبادی کے تناسب اور ضرورت کے لحاظ سے امداد باہمی کی بنیاد پر اصلاحی اور فلاحی انجمنوں کی کمی رہی۔ اصلاحی تحریکیں ضرورت کے حساب کم اور کمزور تھیں اور زیادہ تر شہروں تک محدود۔ سید احمد خاں دہلوی کے بعد دوسری سائنٹفک سوسائٹی قائم نہیں ہوئی۔ ایجوکیشنل سوسائٹی

نے نئے اسکول کھولنا بند کر دیے۔ کسانوں کی مالی حالت سدھارنے کے لیے کسی مسلمان قائد کا نام ملک یا علاقائی سطح پر بلند نہیں ہوا۔[۲۲] ٹریڈ یونین کے کام میں بہار کے عبد الباری صاحب کی طرح علاقائی شہرت رکھنے والے دوسرے مسلمان قائد دکھائی نہیں دیے۔ ہندستانی چیمبر آف کامرس اور انڈسٹری میں مسلمانوں کا حصہ ان کی تعدادی اور سیاسی اہمیت کے حساب سے بہت کم تھا۔ اصلاح کا رستہ پوری طرح نہیں کھولا گیا۔ فلاح کی شاہراہ نہیں بن پائی۔ نظام نہیں بدلا۔ نہ معاشرتی اور اقتصادی نظام، نہ اس سے بڑھکر سیاسی نظام۔ جب کبھی سیاسی حاکم بدلے تب بھی مسلم سیاست کا فلسفۂ طریقِ کار اور نظام نہیں بدلا۔[۲۳]

اس لیے مسلم معاشرے کا عام مزاج آسائش پسندی و آرائش و آرام طلبی کا ہی رہا۔ طبیعت نمائشی ہو گئی تھی لہو ولعب فزوں تر تھا۔ مثلاً شادیوں میں اسراف بیجا، روشنی، ناچ، مجرا۔ اہتمام جتنا زیادہ ہوتا اتنی ہی زیادہ تعریف ہوتی۔ لذتیت، معاشرے پر حاوی تھی۔ جذباتیت لذت کوشی کا آسان ذریعہ تھا۔ تحقیقی مقالے پیش کرنے کے لیے خود مختار انجمنیں قائم نہیں ہوئیں۔ اس کے برخلاف مشاعرے بہ استثنائے خاص سنجیدگی و متانت کی جگہ جذباتیت کی پرورش کرتے تھے۔ لذت زخم سوزن کا آئینہ دار ہمارے افسانی ادب اور شاعری کا بڑا حصہ تھا۔ یا پھر جھوٹے خوابوں کی سیاست جس میں محمود غزنوی کا انتظار تھا۔[۲۴]

مدعا کہنے کا یہ ہے کہ اولیائے کرام اور علمائے دین کے علاوہ دوسرے مصلح سیاسی کارکن، مدرس، اور اہل قلم (مثلاً مولانا محمود حسن، مولانا قاسم نانوتوی، مولانا سجاد صاحب، مولانا حسین احمد، حالی، شبلی، راشد الخیری، مولانا محمد علی) نے معاشرت میں دین و دنیا کی رہبری کے لیے جا بجا چراغوں کو روشن رکھا۔ ان اکابر نے عوام کے لیے زندگی کی دشوار گزار راہوں کو ہموار کرنے میں مدد دی۔ مگر بار دیگر می گویم، نظام بنیادی طور پر نہیں بدلا۔ اقتصادیات کی بے انصافانہ ساخت وہی رہی۔ سیاست کا اندھیرا دور نہیں ہوا۔ بندۂ مزدور کے اوقات تنگ رہے۔ خواجہ بلند بام اور بندہ زیر دام رہا۔ اس طرح دیکھا جائے تو سید احمد شہید، برطانوی نظام کے چوکھٹے سے آزاد، تحریک آزادی کا سپاہیانہ نقطۂ عروج تھے اور سید احمد خاں علوی مصالحانہ اصلاحی تحریک کی انتہا۔ اُن کے بعد کوئی ان دونوں کو مناسب انداز سے ملاکر ان پر عوام سے عمل نہیں کروا سکا۔ جام و سندان سے کھیلنے والے تو آئے مگر سماج کی جڑوں کی آبیاری نہیں ہوئی۔ حکومت سے رشتہ اپنا حق حاصل کرنے والا نہیں بلکہ انفرادی اعزازی نامزدگی دینے اور مہربانی اور فیاضی کی درخواست تک محدود رہا۔ سیاست سے توقعات نہیں تھیں کیوں کہ اس کے نئے طریقہائے کار سے ناواقف تھے بڑے مسلمان مختلف معاشی و معاشرتی خانوں اور جغرافیائی علاقوں میں بٹے ہوئے تھے۔ ان کے اجتماعی مفاد کی جدوجہد لازماً ہندوؤں کے اجتماعی مفاد کی ضد نہیں بنتی تھی، اگر وہ کمزور نہ ہوتے بلکہ اجتماعی

طور سے مسلمانوں کی سیاسی جدوجہد کے سنجیدہ اور صبر آزما سفر کا نقشہ بن بن کر بگڑا۔

اس کے برخلاف بساطِ سیاست پر چالیں چلنے والے دوسرے، یعنی انگریز اور ہم وطن ہندو سیاسی طور باشعور اور پختہ کار تھے۔ ان کے تصرف میں سائنس اور ٹکنولوجی تھی، فوجی طاقت تھی اور تعداد تھی۔ ان چیزوں کے ساتھ ساتھ ان کے پاس جمہوریت نام کا سیاسی نظام بھی تھا جس کے نمائندہ اداروں کی تشکیل میں بڑا حساب کتاب اور داؤ پیچ تھا۔ بیں پردہ ایسی گرہیں ڈال دیتے تھے جن کا کھلنا آسان نہیں تھا۔ جن کے کھولنے کے لیے جوڑنے گھٹانے کے علاوہ بڑی سیاسی طاقت درکار تھی۔ مزید یہ کہ سرکار برطانیہ کو ملکی اور بین الاقوامی سیاست میں کارگر ہونے کا طویل تجربہ تھا کہتے تھے کہ ان کی سلطنت میں سورج غروب نہیں ہوتا ہے۔ صنعتی ہند کی سیاست انگلستان، فرانس و امریکہ میں ۱۹ ویں ۲۰ ویں صدیوں میں پروان چڑھ کر بالغ اور کارفرما ہو چکی تھی۔ یہ صنعتی، تعلیمی اور عوامی سیاست ہندو رہنماؤں نے ۱۹ ویں صدی کے اخیر میں اختیار کر لی تھی۔ مسلمانوں میں عام طور پر ایسی سیاست سے بیگانگی رہی۔

ہندوؤں میں سیاسی ترقی کے پہلے ان کے یہاں معاشرتی اصلاح اور ترقی مختلف سماجی، مذہبی اور تعلیمی تحریکوں کے ذریعے ہو چکی تھی۔ مثلاً بنگال میں راجہ رام موہن رائے کے قائم کردہ برہمو سماج نے ۱۹ ویں صدی میں دور رس نظریاتی اور معاشرتی تبدیلیاں سماج میں لائیں۔ پنڈت ایشور چندر ودیا ساگر نے زبردست اصلاحی کام کیے اور ان کے علاوہ بنگال میں سنسکرت اور انگریزی تعلیم عام کرنے کے لیے اسکولوں کا چمن لگا دیا۔ رام کرشنا پرم ہنس کے بعد ان بنیادی کاموں کو سوامی ویویکانند، کیشب چندر سین، دیویندر ناتھ ٹیگور، آسوتوش مکرجی اور دوسروں نے آگے بڑھایا۔ رام کرشنا مشن آج بھی دور دور کے علاقوں میں تبلیغی، امدادی، تعلیمی اور نشر و اشاعت کے کام کر رہا ہے۔ ایک نتیجہ یہ نکلا کہ جلد ہی جگدیش بوس جیسے بین الاقوامی شہرت کے سائنس داں پیدا ہوئے۔ مہاراشٹر میں گوپال ہری دیش مکھ، بھنڈارکر، مہادیو گووند راناڈے اور دوسرے مصلح اٹھے جنھوں نے تنظیمیں بنائیں۔ ۱۸۴۰ء میں پرم ہنس منڈل اور بعد میں پرارتھنا سماج نے اپنے لوگوں کی مذہبی سماجی اور ثقافتی اصلاح و ترقی کے لیے مستقل کام کیے۔ اسی طرح پنجاب میں ۱۸۷۵ء میں آریہ سماج قائم ہونے کے بعد لالہ ہنس راج اور دوسروں نے ہندوؤں کی ترقی کے لیے شمالی ہند میں انگریزی اسکولوں اور ڈی۔ اے۔ وی کالجوں کا سلسلہ قائم کر دیا۔ اس کے ساتھ ساتھ گروکل اور ودیا پیٹھ روایتی تعلیم و تربیت کے لیے قائم کیے گئے۔ جنوبی ہند میں وسوسواریا نے انجینیر ہو کر بڑے اصلاحی کام کیے۔ ان رہنماؤں نے ذات کی اونچ نیچ اور عورتوں کی تعلیم و ترقی کے لیے بھی جدوجہد کی اور اقدام اٹھائے اس زوردار اور مستقل عمل کا نتیجہ یہ ہوا کہ سو سال سے کم کے عرصے میں پسماندہ ہندو آبادی جدید دنیا میں اپنے پاؤں پر خود مضبوطی سے کھڑی ہو گئی۔ پنڈت نہرو کے زمانے میں ہندو کوڈ بل اور دوسری اصطلاحات آئیں۔

ہندستانی کانگریس میں مسلمان بھی شریک رہے اور باہر بھی یہی بات ہندوؤں کے ساتھ تھی۔ مگر اخیر میں ہندوؤں نے کانگریس کی سیاسی طاقت سے فائدہ حاصل کیا جب کہ مسلمان کانگریس کے ذریعے سیاسی نفع حاصل کرنے میں ناکام رہے۔ کانگریس کی ترقی میں ہندستانی مسلمانوں کا زبردست ہاتھ مصروف کار رہا۔ اس کی نظریاتی وسعت وہمہ گیری اس کے تنظیمی استحکام اور شہروں اور دیہاتوں میں اس کی جڑیں پھیلانے میں مسلمان کسی سے پیچھے نہیں رہے اگر مسلمان علما آزادی کی جدوجہد کی صف اولین میں کھڑے نہیں ہوتے تو کانگریس کا مشہور نظریاتی ستون جسے سیکولرزم کہا گیا ہے، نہیں تعمیر ہوتا اور نہ اتنی مضبوطی کے ساتھ قریب سو برسوں تک نصب رہتا۔ کیونکہ ہندوؤں کی غیر کانگریسی "قومی" تحریکیں، مثلاً بنگال، بمبئی مہاراشٹر اور پنجاب میں نہ صرف مذہبی جامہ اوڑھے ہوئے تھیں بلکہ مسلم مخالف بھی تھیں۔ ان کا اولین مقصد انگریزی حکومت سے لڑنا نہیں بلکہ انگریزی عمل داری میں اپنے لیے سیاسی اور دوسرے فائدے حاصل کرنا تھا جس کی ایک مثال بنکم چندر کا ناول آنند مٹھ تھا۔ مگر کانگریس کی تشکیل و تکمیل میں، اس کی ساخت وپرداخت میں ہندو رہنماؤں کے ساتھ ساتھ مسلمان رہنماؤں نے بنیادی طور سے حصہ لیا۔

ہندستانی کانگریس نے اپنے سیاسی نظام کا ایک نقشہ رفتہ رفتہ تیار کر لیا۔ اس میں بنیادی حقوق، حکومتی ڈھانچہ، انتخابات، حکومت کے لیے ہدایتی اصول، منصوبہ بندی، زمینی اصلاحات، زرعی اصلاحات، ملکی صنعت و حرفت، مزدور تنظیموں کے اصول، بچوں کے لیے بنیادی تعلیم، پنچایت راج، اخبارات کی آزادی، سائنسی ترقی، آزاد بین الاقوامی پالیسی وغیرہ شامل تھیں۔ ان امور میں اور دوسری باتوں کے بارے میں مثلاً نوآبادیات کی آزادی اور فلسطینیوں کے حقوق کے بارے میں فیصلے، عملی تجربے، تحقیق، آزادانہ اظہار رائے اور طویل بحث کی بنیاد پر لیے جاتے تھے۔ اسی بنیاد نے آنے والے وقتوں میں اسے پائیداری دی۔ انگلستان کی کنزرویٹو، لبرل اور لیبر پارٹیوں کی تاریخ سے انھوں نے سبق سیکھے تھے۔ یہاں یہ بات زیر بحث نہیں کہ کانگریس کے فیصلے صحیح ہوتے تھے یا غلط، بلکہ صرف کانگریس کی سیاسی پختگی کی علامت کے طور پر اس کے ضابطۂ فکر اور دائرۂ فکر کا ذکر ہے۔ بالآخر کانگریس نے متعدد مسلم مخالف ہندو رہنماؤں کے زیر اثر مسلمانوں کو باہر نکالنے کے حالات پیدا کر دیے۔ موتی لال نہرو رپورٹ پر مسلم رہنماؤں کی ترمیموں کو نظر انداز کیا گیا۔ اس طرح کچھ تو کانگریس نے مسلمانوں کو باہر نکالا اور کچھ خود باہر نکل گئے۔ بہر کیف اخیر میں ہندوؤں نے کانگریس کی طاقت سے فائدہ اٹھایا، جب کہ مسلمانوں کا اثر کانگریس پر کم ہوتا گیا اور وہ اس تنظیم کے ذریعے سیاسی نفع حاصل نہیں کر سکے۔ ان کے پاس ہندستان میں بہت کچھ باقی تھا۔ وقار، عزت، اثر۔ اسمیں بہت کچھ ضائع ہوا۔

اقبال اور آزاد دونوں ہمارے درمیان رہے اور ابر گہربار کی طرح اپنے فیض کی بارش کرتے رہے۔ مگر

دونوں میں سے کسی کا اثر معاشرہ صحیح طور پر قبول نہیں کر پایا" چمن خوش است و لے درخور نوایم نیست "جب اقبال نے کہا کہ : "ترے صوفے ہیں افرنگی ترے قالین ایرانی"

یا کہ : سا ماں کی محبت میں مضمر ہے تن آسانی ـــــ مقصود ہے گر منزل غارت گر ساماں ہو"

تو سیاسی رہنماؤں نے اپنی روایتی تن آسانی و آرام پسندی میں اور سیاسی مقاصد و عمل میں تعلق کا جو رانہ ہے اس کی طرف توجہ نہیں کی۔ کاخ امراء کے درو دیوار ہلانے کو یا سلطانی جمہور کے اشارے کو در خور اعتنا نہ جانا۔ البتہ جب شاعر نے کہا کہ: جمہوریت وہ طرز حکومت ہے کہ جس میں ـــــ بندوں کو گنا کرتے ہیں تولا نہیں کرتے

تو رہنما اس سے خوش ہو گئے اور اسے قبول کر لیا۔ یہ نہ سوچا کہ جمہوریت اور ہجوم کی حکومت میں فرق ہے۔ کامیاب جمہوریت میں بندوں کو گنتے بھی ہیں اور تولتے بھی ہیں۔ ان کے اوزان اور طریقے وضع کیے گئے ہیں۔ یا یہ کہ

چین و عرب ہمارا ہندوستاں ہمارا ـــــ مسلم ہیں ہم وطن ہے سارا جہاں ہمارا

یہ ایک آفاقی، ملی، ہم رنگی و آہنگی کی علامت ہو سکتا ہے، مگر ایک سیاسی حقیقت نہیں۔

بہرکیف شاعر مشرق نے جذبات کے تاروں کو چھیڑا تھا اس لیے زیادہ مقبول عام ہوئے۔ مظلوموں کی تمناؤں کے کتنے محل تخیل کے آسمان کے بنے۔ قائد مشرق نے عقل و دور اندیشی کو دعوت دی اس لیے لوگ تھوڑی دور چلے پھر ان کا ساتھ چھوڑ دیا۔ یہی ٹھہری جو شرط وصل لیلیٰ ـــــ تو میرا استعفا با حسرت و یاس

ہندستانی مسلم سیاسی ثقافت ... Political Culture کو دیکھتے ہوئے یہ کیا تعجب کی بات تھی کہ وہ دراں عوام نے مولانا آزاد کے سیاسی پیغام کی بہ نسبت علامہ اقبال کی شاعرانہ نواؤں کی طرف زیادہ توجہ دی۔ البتہ بعد کے ایسی استحصال ولاقانونیت و کشت و خون نے یہ دکھایا کہ جن اعلیٰ قدروں سے اقبال کے جذبات مرکب تھے، جن میں ان کی جگر کا لہو تھا، ان سے وہ مسلم اکثریت کی آبادیاں بھی مستفیض نہیں ہو سکیں جن سے ان کے دردآشنا دل نے اپنی تقریروں اور خطوط میں سیاسی امیدیں وابستہ کر رکھی تھیں "ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے" پڑھنے والے رہنماؤں نے نہ اتنی حیثیت پیدا کی نہ ایسی طاقت کہ فلسطین کے باشندوں کی جان و مال و عزت اور قبلۂ اول کی حرمت کی حفاظت کے لیے سپاہ بھیج سکیں یا رضاکار دستے۔ ۱۴۹۲ء میں اسپین میں غرناطہ کا آخری بادشاہ بے یار و مددگار نکالا گیا۔ ترکی، روم و مصر کہیں سے مدد کی درخواستوں کا جواب نہیں آیا۔ ٹیپو سلطان کی تنہا جدوجہد کی مثال سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ وہ تنگ ملی اخوت اور باہمی مدد کا نام و نشان نہیں تھا۔ مگر ماضی قریب میں ہی ۱۹۳۶ء میں اسپین میں جمہوری حکومت کی مدد کرنے اور فرینکو کی فوجوں سے لڑنے کے لیے انگلستان، فرانس اور دوسرے ملکوں سے رضاکار روانہ ہو گئے۔ ۱۹۵۰ء میں شمالی

کوریا میں چین کے رضاکار امنڈ آئے اور بعد میں فوجیں دوسری جنگ عظیم کے بعد زمانہ حال میں بھی امریکہ، روس، فرانس ہندستان، ویت نام اور اسرائیل نے اپنے اپنے فیصلے کے مطابق دوسرے ملکوں کے اندر فوجیں بھیجنے میں زیادہ قانونی تکلف نہیں کیا۔ یہ تو خیر دنیا میں طاقت ور ملکوں کی بات تھی۔ مذکورہ مسلم اکثریتی علاقے آزادی کے بعد تاریخی وجوہ سے معاشرتی، معاشی اور سیاسی پسماندگی کے دائروں میں ہی گھومتے رہے۔ انگلستان اور فرانس کی قوموں کی ذہنی تعمیر اور ان کے سیاسی نشوونما میں صرف ایک نے نہیں بلکہ بہت سے مفکروں نے حصہ لیا تھا۔ مثلاً ارسطو، جون لوک، ڈی ٹوک ویل، والٹیر، روسو، بنتھم اور جون اسٹورٹ مِل۔ اقبال تنہا فکر کے ان عظیم سلسلوں کا بدل نہیں تھے۔ وہ خود سیاسی مفکر کلیتہً نہیں تھے۔ مگر ان کا سیاسی اثر بہت رہا۔ اور ان کی فکر کے بنیادی اجزا میں انصاف اور حریت کے جو اصول مرکزی حیثیت کے تھے، معاشرہ ان اصولوں پر بھی عمل نہیں کر سکا۔

ان سطور کا مطلب یہ نہیں ہے کہ جو فرد یا گروہ یا قوم یا ملت جذباتی ہو اس کے سیاسی مطالبات یا منشور لازمی طور پر غیر حقیقی ہوں گے۔ یا یہ کہ جو صرف عقل و منطق و دلائل کے حساب سے سیاست میں کاربند ہے وہ یقیناً صحیح ہی ہوگا۔ البتہ اتنا یقینی ہے کہ صرف جذبات سے مغلوب سیاست میں اپنا نقصان ہونے کا احتمال زیادہ ہے، اور کامیابی کا امکان بہت کم۔ اور جب جذباتیت جہل و افلاس و محرومی کے بطن سے نکلتی ہے تو جنون مہلک ہوتا ہے۔

مولانا آزاد کا سیاسی پیغام دینی احکام، عمل پیہم اور عقلی دلائل پر قائم تھا۔ اس میں نقص نکالنا مشکل ہے گرچہ تفصیلات و جزئیات میں اختلاف رائے ہی کیوں نہ ہو مگر جائز و صحیح ہوتے ہوئے بھی ان کے فکر کی فی الفور عدم کامیابی کی کیا وجہیں تھیں؟ دیگر وجوہ کے علاوہ جن کا اوپر ذکر ہوا ہے، دو یہاں درج کی جا سکتی ہیں۔ ۱۔ قائد اور عوام کے درمیان بُعدِ ذہنی کی وجہ سے مثبت ربط باہم (Feed Back) قائم نہیں رہ سکا۔ عوام کے علاوہ، آزاد کے مسلمان رفیقانِ کار اور پیروں میں کوئی ان کے ہم پلہ و ہم مشرب نہیں تھا جو ان سے سیاسی سوالات پر اپنی مخالف رائے کا اظہار کرتا۔ اسی کے ساتھ ساتھ ان کے مخالف مسلمان قائدین نے ان کی تنقید برائے خیر (Constructive Criticism) نہیں کی بلکہ جلد ہی ذاتیات اور بدگوئی پر اتر آئے۔ ۲۔ مزید یہ کہ مسلمانوں کا کھاتا پیتا طبقہ، جو سیاسی جدوجہد اور قربانی سے گریزاں تھا، اس نے مولانا آزاد کا ساتھ چھوڑ دیا۔ وہ ایک شاندار قائد تھے مگر ہندو رہنماؤں کے مقابلے میں وہ ایسی ٹیم کے کپتان تھے جو کمزور تھی۔ یعنی:

تو اور آرائشِ خمِ کاکل   میں اور اندیشہ ہائے دور و دراز

البتہ مونٹ بیٹن پلان کو منظور کرنے سے پہلے تک کانگریسی رہنماؤں نے متحدہ قومیت کے تصور اور اس کی تحریک کے

زیر اثر مولانا آزاد کو ہندستان کے اعلیٰ ترین قائد کا عہدہ اور وقار دیا۔

علا مولانا آزاد کے سیاسی فلسفے اور پیغام کی سچائی کو قبول کرنے کے لیے وقت درکار تھا۔ مگر ان کے سیاسی پروگرام کی فوری ناکامی کی دوسری وجہ یہ نظر آتی ہے کہ مولانا آزاد نے مسلمانوں کے مسائل کے باب میں دوسرے مسلم رہنماؤں کی آرا پر اتنی توجہ نہیں دی جتنی کہ وہ مستحق تھیں۔ مثلاً رائے دہندگی کے اصولوں اور قانون ساز مجالس میں تناسب کے سوالوں پر ۳۰ فیصد اور ۳۳ فیصد کے جھگڑے میں ۳۰ فیصد پر سمجھوتے کی بات نہیں نکلی۔ ہندو رہنماؤں کو مسلمانوں پر بھروسہ نہیں تھا اور مسلم رہنماؤں کو اپنی طاقت پر بھروسہ نہیں تھا۔ ان حالات میں مولانا آزاد نے کانگریس کے ہندو رہنماؤں کی رائے پر زیادہ توجہ دی۔ موتی لال نہرو رپورٹ کے تنازعہ کے بعد ان کے اور مولانا محمد علی، حسرت موہانی، جناح صاحب وغیرہ کے خیالات میں بڑا فاصلہ بڑھ گیا۔ گاندھی جی، موتی لال نہرو اور پنڈت نہرو ہمدرد ہوتے ہوئے بھی مسلمانوں کے مسائل کو (جیسے صرف Communal Question کہا گیا) فی نفسہ اس طرح نہیں سمجھ سکتے تھے جس طرح خود مسلمان رہنما سمجھ سکتے تھے، جو اپنی جگہ خود اپنے پرانے مستند کانگریسی تھے۔ ایسا نظر آتا ہے کہ ماؤنٹ بیٹن کی قیادت عملاً مان لینے کے بعد کانگریس کے اونچے رہنماؤں نے مولانا آزاد کو اطلاع، مشورہ اور فیصلے کے دائرے سے علیحدہ کر دیا تھا۔ یہ کہا جاسکتا ہے کہ ان آخری مہینوں میں تقسیم ہند کے سلسلہ میں کانگریس کے چند رہنماؤں کے فیصلوں کے بارے میں مولانا آزاد نے شاید تکلف سے کام لیا اور اعلانیہ مخالفت نہیں کی۔ دوسری طرف یہ خیال ظاہر کیا جاسکتا ہے کہ اگر اس زمانے میں وہ کانگریس کو چھوڑ کر گھر بیٹھ جاتے تو مسلمانوں کے مفادات کی اتنی حفاظت نہ کر سکتے نہ ان کو اتنا فائدہ پہنچا سکتے جتنا انھوں نے کانگریس کے اندر رہ کر کیا۔ یہ بات صاف اور یقینی ہے کہ انھوں نے اقلیتی مسلمانوں کی حفاظت اور بہبودی کے لیے کوشش کرنے میں اپنی طرف سے کوئی کسر نہیں چھوڑی اور یہ کہنا بہت مشکل ہے کہ اگر مولانا آزاد اپنا فیصلہ بدل کر صرف ایک مسلم جماعت میں آگئے ہوتے تو اقلیتی مسلمانوں کی خوں ریزی اور تباہی کم ہوتی یا اور زیادہ ہوتی۔ ان کے صدق نیت اور وزیر بننے کے بعد دستوری حقوق، مسلم یونیورسٹی اور اردو کی مدد کے لیے کام کو دیکھتے ہوئے یہ کہا جاسکتا ہے کہ انھوں نے مسلمانوں کی خواری و پستی رفع کرنے اور انھیں اصلاح و ترقی کی راہ پر چلانے کے لیے اپنی اعلیٰ رہنمائی کی باقی ماندہ طاقت لگا دی [۵۹]۔

غور سے دیکھا جائے تو علامہ اقبال اور مولانا آزاد کے سیاسی نسخوں میں کم از کم ۱۹۴۳ء تک کوئی بنیادی تضاد نہیں تھا بلکہ بنیادی فرق بھی نہیں تھا۔ ایک ہندستان کے لیے وفاقی نقشہ دونوں کے ذہنوں میں تھا۔ علامہ اقبال نے اپنی ۱۹۳۰ء کی الہ آباد تجاویز کا اعادہ اور "پاکستان اسکیم" کا رد ایڈورڈ ٹامسن کے نام مارچ ۱۹۳۴ء کے خط میں کیا [۶۰]۔ کیبنٹ مشن پلان؟ جسے کانگریس نے اور جناح صاحب نے اولاً منظور کیا اور جس کی تشکیل اور جسے بچانے کے لیے مولانا آزاد نے

انتہائی کوشش کی، ایک منصفانہ سمجھوتے اور اقلیتی اور اکثریتی آبادیوں کے لیے امن و سلامتی کی دستاویز بن سکتا تھا۔ مگر نوشتہ۔

۱۹۴۷ء میں زمین تقسیم ہوئی، آزادی آئی۔ کسی کو حکومت کی کرسی ملی، کوئی خاک و خون میں لوٹا۔ نئے حکمرانوں کے محل سجائے جانے لگے۔ زینت و آرائش روشنی کرنے کے لیے۔ مگر کتنے گھر اندھیرے ہو گئے۔ زندگیاں تباہ ہو گئیں، عورتیں بچے، مرد، گھروں میں، راستوں میں، ریلوں میں مارے گئے، لوٹے گئے، جلائے گئے۔ کتنے برباد ہو گئے۔ کون کہہ سکتا ہے؟ خوشحال، ہنستے گھروں کی عورتیں نہ جانے کہاں غائب ہو گئیں۔ اگر زخمی ہو کر رفیوجی کیمپ میں پہنچ سکیں تو چند ماہ بعد وہاں سے نکل کر گھریلو ملازمہ بنیں اور زندگی کے باقی دن گزارے۔ جو دلی اور کراچی میں راج سنگھاسنوں پر بیٹھے انھوں نے اب کیبنٹ مشن پلان کو ناقص و ناکافی و ناروا گردانا۔ مگر جنھوں نے ۱۹۴۶ء۔ ۱۹۴۷ء کے سیاسی کھیل کا مہیب چہرہ دیکھا تھا ان کے واسطے وہی سمجھوتہ ہندستانی سیاست کے جھگڑوں کا شریفانہ اور ہر علاقے کے عوام کے لیے مفید حل تھا۔ جو ہوا اس کے لیے کسی ایک فرد کو، یا ایک فرقے یا ایک سیاسی جماعت کو ذمہ دار نہیں کہا جا سکتا۔ قصور دراصل سبھوں کا تھا۔ انگریزی حکومت سے کیا شکایت کرنا ہے۔ "ہوئے تم دوست جس کے اس کا دشمن آسماں کیوں ہو" البتہ کانگریس سب سے بڑی جماعت تھی اس لیے اس کی ذمہ داری زیادہ تھی۔ دوسری جماعتیں چھوٹی تھیں اس لیے ان کی ذمہ داری کم تھی۔ مگر ذمہ دار سبھی تھے کیونکہ انگریزی حکومت کے آخری دور میں افراد، فرقے اور سیاسی جماعتیں بڑی حد تک اپنے اپنے قول و فعل میں آزاد تھیں۔

مسلم اقلیتیں کمزور سے کمزور تر ہو گئیں۔ ان کی عزت و جان و مال، ان کے دین و مذہب، ان کی تہذیب و ثقافت ان کے تشخص کی بقا، ان کی روزی روٹی پر یلغار کے راستے کھل گئے۔ ذمہ دار نہ صرف علامہ اقبال تھے نہ مولانا آزاد۔ بلکہ یہ اجتماعی ذمہ داری تھی۔ مسلم معاشرہ اجتماعی پسماندگی، تفرقہ اور جہالت میں گرفتار تھا۔ سید احمد خاں دہلوی کی دوررس نگاہوں نے یہی دیکھا تھا اور اس کے نتائج بھی۔ انھوں نے اور رفقا نے اسے دور کرنے کا عمل شروع کر دیا تھا مگر اس کام کو ان کے بعد ملک کے پیمانے پر بڑھایا نہیں گیا۔ نہ نئے مدرسوں اور اسکولوں کے ذریعے عوام کی نئی نسل کو نئے زمانے کے سخت حالات کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار کیا گیا۔ رہنماؤں نے اصلاح کو پیچھے رکھا اور سیاست کو آگے۔ علامہ اقبال اور مولانا آزاد کے بیچ تفاوت رہ کی وجہ بنیادی نہیں ثانوی تھی۔ یعنی اکثریتی و اقلیتی صوبوں کی جغرافیائی و ثقافتی دوری اور ان جگہوں میں سیاسی حالات و تقاضوں کا بہت مختلف ہونا۔ مگر یہ دوری ایسی نہ تھی جو قربت اور یک جہتی میں بدل نہیں سکتی۔ ۱۸۸۶ء کے نصرت الابرار فتوی کا اور ۱۹۴۲ء کی دلی مسلم کانفرنس میں بیک زبان منظور شدہ تجاویز کا رستہ مسلمانوں نے کوتاہ ذہنی کی وجہ سے چھوڑ دیا باہم صلاح و مشورے کا اور مشترک عمل کا خود کار مستقل نظام قائم نہیں ہو سکا۔ ۱۹۴۷ء کے بعد جب سلسلۂ روز و شب آگے چلا تو پھر اقلیتوں کو زندہ رہنے کے لیے اور اپنے حقوق کے لیے جد و جہد کرنے کے لیے بخشنے والے نے نئی طاقت بخشی۔ وہاں سے افتاں و خیزاں سفر کا نیا باب شروع ہوا۔

حواشی وحوالہ جات

۱ فلسفۂ خودی میں بندے کو اتنا بڑھایا کہ عبدیت کی حد سے باہر نکل گئے "خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے"۔ برطانوی شہنشاہیت کی طرف ایسے خوددارانہ رخ کا سیاسی جواز نکل سکتا ہے مگر رب العالمین کی جانب ایسا خیال اس حدیث کے برخلاف ہے جو آنحضرتؐ نے تبوک کے وعظ میں فرمائی تھی: "ومن یتالیٰ علی اللہ یکذبہ" جو خدا سے استغنا کرتا ہے خدا اسے جھٹلاتا ہے۔ بیہقی فی الدلائل وحاکم من حدیث عقبہ بن عامر منقول از زاد المعاد، محمد سلیمان منصورپوری، رحمت اللعالمین، مکتبہ جامعہ، دہلی، ۱۹۳۹ء، ص ۱۷۱۔

۲ مثلاً:

قوت مغرب نہ از چنگ و رباب — نے ز رقص دختران بے حجاب

محکمی او را نہ از لا دینی است — نے فروغش از خط لاطینی است

قوت افرنگ از علم و فن است — از ہمیں آتش چراغش روشن است

اندر ایں رہ جز نگہ مطلوب نیست — ایں کلہ یا آں کلہ مطلوب نیست

علم و فن را اے جوان شوخ و شنگ — مغز می باید نہ ملبوس فرنگ

اقبال، تقلید مغرب۔ شیخ محمد اکرام، ارمغان پاک، لاہور

۳ مثلاً مدراس کے خطبات میں علامہ اقبال فرماتے ہیں: مغرب میں گرجا church اور ریاست state کی تفریق کار نہیں بلکہ روح اور مادے کی دوئی کے ماورائی نظریے کی بنیاد پر کی گئی تھی۔ یہ دوئی مذہب اور سیاست میں علیحدگی کے مغربی نظریے کی بنیاد تھی۔ علامہ اقبال کا یہ بیان عہد وسطیٰ کے مختلف عیسائی نظریات اور ان کے سیاسی خیالات کی صحیح اور مکمل ترجمانی نہیں کرتا۔ نہ یورپی تاریخ کے بعض پہلوؤں کی پوری توجیہہ کرتا ہے۔ اسی طرح ان کی مسولینی کی تعریف اور لیگ اوف نیشنز کی مذمت کی نظموں میں شاید نادانستہ طور پر بین الاقوامی سیاست کی حقیقتیں اور پیچیدگیاں نظر انداز ہو جاتی ہیں۔ جب کہ چند نکات شاعرانہ انداز سے اجاگر ہو جاتے ہیں۔

۴ سید حسن احمد Iqbal : His Political Ideas at Crossroads, Print well Pub., Aligarh - 1979 ص ۲

۵ ایضاً، ص ۵

۶ یہاں تک کہ مولانا محمد علی نے مضمون شمع اور شاعر لکھ دیا۔ ہمدرد

۷ اقبال، خلافت اسلامیہ۔ فکر اقبال۔ مرتبہ۔ غلام رشید۔ نفیس اکیڈمی، حیدرآباد دکن ۱۹۴۴ء، ص ۴۴

۸ حسن احمد۔ ایضاً۔ ص ۷

۹ اس خطاب کا موازنہ جناح صاحب کے پاکستان مجلس قانون ساز سے خطاب سے کیا جا سکتا ہے۔

۱۰ شیخ عطا اللہ۔ مرتبہ۔ اقبال نامہ، لاہور، ۱۹۴۵ء

۱۱ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے اسٹریچی ہال کے بارے میں تھیوڈور بیک پرنسپل اور پروفیسر مارلیس کا ایڈریس بتاریخ ۴ مارچ ۱۸۹۳ء اخبار مسلم برادرہڈ کھلا موجود ہے۔ اور باتوں کے ساتھ ساتھ کہتے ہیں: "پس ہندوستان کے مسلمانوں کی حالت ویسی ہو جاوے گی جیسی کہ روس کے مسلمانوں کی ... ایک منتشر گروہ جو نہایت درجہ حقیر سمجھا جاتا ہے ... ذلیل کاشتکار ... وہ قوم تاتار جس کے باجگزار روس کے شہنشاہ اور بادشاہ رہ چکے تھے ... اس قوم کے لوگ اس کو خوش نصیبی سمجھتے ہیں کہ جو بچا کچھا ملے کر پیٹ بھر لیں۔ اور روزی کے لیے پھٹے پرانے کپڑے گلی گلی بیچتے پھریں۔ جو تمہاری حالت ہے ... کہ ... تم ذاتی خیالات کو قومی فلاح کے خیالات کا مطیع نہیں کرتے۔"

۱۲ شیخ عطا اللہ۔ اقبال نامہ۔ ص ۲۱-۲۲

۱۳ مولانا اسلم جیراجپوری سیرۃ الرسول، مکتبہ جامعہ اسلامیہ، دہلی ۱۳۴۰ھ ص ۱۳۴

۱۴ خط بنام نامس، حسن احمد۔ ایضاً ص ۵۰۲

۱۵ عاشق حسین بٹالوی۔ اقبال کے آخری دو سال، لندن ۱۹۵۱ء

۱۶ رسول اللہ صلعم نے بعثت سے پہلے قبیلوں کے سرداروں اور سمجھدار لوگوں کو ساتھ لیکر قیام امن و نگرانی حقوق کی انجمن قائم کی۔ نبوت کے زمانے میں بھی فرمایا کرتے تھے کہ کوئی اس انجمن کے نام سے کسی کو مدد کے لیے بلائے تو میں سب سے پہلے اس کی امداد کو تیار پایا جاؤں گا۔ مولانا محمد سلیمان منصورپوری، رحمۃ العالمین، جید برقی پریس دہلی ۱۹۲۹ء ص ۵۲۔ نبی صلعم نے ہجرت کے پہلے ہی سال مدینہ اور گرد و نواح کے مختلف نسلوں اور مذاہب کے قبائل کے ساتھ استحکام امن کے لیے معاہدہ کیا۔ یہودیوں کے متعدد قبیلے خصوصاً بہت طاقتور تھے۔ اس معاہدے کے شروع کے چند فقرات کا ترجمہ مولانا محمد سلیمان نے اس طرح کیا ہے (۱) یہ تحریر ہے محمد النبی کی جانب سے مسلمانوں کے درمیان جو قریشی یا یثرب کے باشندے ہیں اور ان لوگوں کے ساتھ جو مسلمانوں کے ساتھ ملے ہوئے اور کاروبار میں انکے ساتھ شامل ہیں۔ (۲) یہ سب لوگ ایک ہی قوم سمجھے جائیں گے (انھم امۃ واحدۃ)۔ (۳) بنی عوف کے یہودی مسلمانوں کے ساتھ ایک قوم ہیں (۹) جو کوئی اس معاہدہ کرنے والی قوموں کے ساتھ جنگ کرے گا تو اس کے برخلاف سب کے سب مل کر کام کریں گے۔ سیرت ابن ہشام منقول در مولانا سلیمان، رحمۃ العالمین۔ ایضاً ص ۱۵۵-۱۵۶۔

صوفیائے کرام نے بھی ہندوستان میں دوسرے مذاہب اور فرقے کے لوگوں کے ساتھ آشتی کے ساتھ رہنے کا نمونہ پیش کیا۔ البتہ سیاست کی تاریخ دکھاتی ہے کہ کمزور کو امن صرف مانگنے سے نہیں ملتا ہے۔

۱۷ دہلی مسلم کانفرنس کی تجاویز یہ تھیں! ہند کے مسلمان مرکز اور صوبوں میں مشترک رائے شماری کو مان لیں گے بشرطیکہ (۱) سندھ کو

علیحدہ صوبہ بنایا جائے ، ۲۔ صوبہ سرحد میں آئینی اصلاحات کی جائیں، ۳۔ مرکزی اسمبلی میں مسلمانوں کی نمائندگی ۱/۳ سے کم نہ ہو، ۴۔ پنجاب اور بنگال کی قانون ساز مجالس میں مسلمانوں کی نمائندگی ان کی آبادی کے تناسب سے مقرر کی جائے۔ ۵۔ اقلیتی صوبوں میں مسلمانوں کی دستیاب شدہ فنان ——— قائم رکھے جائیں۔ ان تجاویز کو آل انڈیا کانگریس کمیٹی نے مئی ۱۹۲۷ء میں بغیر تبدیلی کے منظور کیا۔ سری نواس آئنگر اور سروجنی نائیڈو نے اسے فرقہ وارانہ مسئلے کا حل بتایا۔ مگر ۱۹۲۸ء میں کلکتہ میں موتی لال نہرو رپورٹ پر مسلمان رہنماؤں کی تجاویز پر مناسب توجہ نہیں دینے کی وجہ سے مسئلہ حل نہیں ہوا۔

۱۵ آج بھی مسلم محلوں، قصبوں، بستیوں میں کتنے کتب خانے، ورزش گاہیں، مدرسے اور کھیل کے میدان ہوتے ہیں، کتنی کانیں کتابوں کی، سائنس کے آلات و کیمیاوی سامان کی، ٹریکٹروں اور زرعی آلات کی اور کھیل کے سامان کی نظر آتی ہیں؟ بلکہ اس کے برخلاف مسلم محلے اور بازاروں کی افلاس زدگی اور گندگی ان کی پہچان بن گئی ہے۔

تیرہویں صدی کے وسط تک بغداد، دمشق، موصل، ہرات، نیشاپور، یروشلم، بلخ، بخارا، سمرقند اور دوسرے شہروں میں بےشمار تعلیمی مراکز، اعلیٰ مدرسے، کتب خانے، اسپتال، مسکینوں کے گھر، باغات اور نہریں تھیں۔ مدرسوں میں ادب، جغرافیہ، قانون، حساب، سائنس، ڈاکٹری اور دوسرے علوم پڑھائے جاتے تھے۔ ان مدرسوں میں تعلیم حاصل کرنے ساری دنیا سے طلبا آتے تھے۔ خلیفہ مامون کے زمانے میں علمی و ادبی انجمنیں قائم ہو گئی تھیں۔ جہاں علما مذاکرے اور بحث کے لیے جمع ہوتے تھے۔ شہسواری تیر اندازی اور دوسرے فنون اور کھیلوں کے مقابلے ہوتے تھے۔ سید امیر علی

۱۶ علامہ مشرقی کی خاکسار تحریک میں مخاصمت کے ساتھ ضروری لچکیلے پن کی آمیزش نہیں تھی۔ تربیت و تنظیم مخلص قربانیوں کے باوجود انگریزی حکومت اسے توڑنے میں کامیاب رہی۔ حیدرآباد کے رضاکار رہنما قاسم رضوی نے بجائے ذمہ دارانہ اور سنجیدہ گفتگو کرنے کے لال قلعہ پر جھنڈا لہرانے کی بات کہی اور خود ظلم کے یلغار اور حادثات کے وقت موجود نہیں رہے۔

۱۷ شیخ عطا اللہ، اقبال نامہ ایضاً

۱۸ خاکسار تحریک، مولانا مودودی کا سیاسی نظریہ، چودھری رحمت علی کی اسکیم جزوی طور پر سیاسی مسائل سے نپٹنے کی کوششیں تھیں۔ ۱۹۴۶ء میں بہار فسادات کے بعد بیرسٹر عبدالعزیز صاحب، پٹنہ نے ایک سیاسی نقشہ پیش کیا تھا مگر وہ صدا بہ صحرا ثابت ہوا۔

۱۹ علامہ اقبال بھی مہاراجہ کشن پرشاد شاد، وزیر اعظم ریاست حیدرآباد کو اپنے خطوط میں سرکار، سرکار عالا اور حضور ہی لکھتے ہیں

شاعر، اقبال نمبر ۱۹۸۸ء، مدیر افتخار امام صدیقی، مکتبہ قصر الادب، بمبئی ۱۹۸۸ء

۲۰ البتہ بنگال کے وزیر اعظم فضل الحق نے اہم زرعی اصلاحات کی ابتدا کی تھی۔

۲۱ مولانا حالی نے اپنے ایک باریک بین مضمون میں کئی شہروں کے اصحاب کی گفتگو کے موضوع سخن کا تجزیہ کیا ہے۔ انتخاب حالی از مولانا عبدالحق۔

۱۵؎ ۱۹۳۶ء کے ایک رسالے کی اوّل نظم میں پھر کسی سومنات کو کسی غزنوی کا انتظار تھا۔

۱۶؎ مولانا آزاد، مولانا حسرت موہانی اور دوسرے پیش روؤں نے جدید سیاسی طریقے یعنی اخبارات کا استعمال اختیار کیا مگر ناخواندہ عوام الناس کو زیادہ جذبی خوراک اور طویل عرصے تک دوا کی ضرورت تھی۔

۱۷؎ مثلاً ۱۹۲۷ء کی مسلم پارٹیوں کی تجاویز کو کانگریس نے نظر انداز کیا جبکہ انکی بنیاد پر متحدہ ہندوستان آزاد و آباد ہو سکتا تھا۔ نہرو رپورٹ پر پرانے کانگریسی رہنما جناح صاحب کو کلکتہ میں بولنے نہیں دیا گیا۔ ۱۹۳۷ء میں مسلم لیگ کے ممبروں کو کانگریس وزارت میں آنے نہیں دیا گیا۔

۱۸؎ جناح صاحب نے اپنی عمر اور رتبے کا لحاظ نہ کرکے حریف کو اوچھے الفاظ سے مخاطب کیا۔ ان کا Show boy کا فقرہ چھوٹے قائدوں نے دہرایا جس کی تقلید عوام نے کی۔

اس راہ میں جو سب پہ گزرتی ہے وہ گزری　　　تنہا پس زنداں کبھی رسوا سر بازار

۱۹؎ ۱۹۴۷ء کے بعد کے ہندوستان میں مسلمانوں کو دستور میں مساوی حقوق اور تعلیمی رعایتیں دی گئیں۔ یہ ثمر شیریں تھا ۱۹۱۰ء، ۱۹۲۰ء اور ۱۹۳۰ء کی دہائیوں میں مسلمان بزرگوں کا ہندوؤں کے شانہ بشانہ آزادی کی لڑائی لڑنے کا۔ عملاً ۱۹۴۷ء کی سیاسی تبدیلیاں ہندوستانی مسلمانوں کے لیے مہیب روز و شب و دشوار گزار عرصے لے کر آئیں۔ وہ عام طور پر حکومتی ملازمتوں سے باہر رکھے گئے۔ مگر اس کے باوجود ملک کے دستور اور روایتی ملکی سیاست کی وجہ سے امداد باہمی اور ترقی کے دروازے ان کے لیے پوری طرح بند نہیں کیے گئے۔

یہ بزم مے ہے یاں کوتاہ دستی میں ہے محرومی　　　جو بڑھ کر خود اٹھا لے ہاتھ میں مینا اسی کا ہے

۲۰؎ سید حسن احمد Iqbal : His Political Ideas at Crossroads ایضاً ص ۳

۲۱؎ کانگریس نے اپنے اختیار اور خوشی سے برطانیہ سے سمجھوتہ کیا اور مونٹ بیٹن کے پاکستان کے نقشے کو منظور کیا۔ جو مسلم لیگ کے نقشے سے مختلف تھا۔ مگر کسی بھی سیاسی جماعت نے ہندو اور مسلم عوام کی حفاظت و سلامتی، آرام و عافیت کو سیاسی لین دین میں شرط اولین نہیں بنایا۔ فرقے اور قوم کی آزادی کے نام پر فرد کے انسانی حقوق پس پشت ڈال دیا گیا۔

۲۲؎ دینی دارالعلوم، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور دوسرے مدارس کا قیام مستثنیات میں تھا۔ مولانا آزاد نے رانچی میں نظر بندی کے دوران تعلیمی کام کا نقشہ بنایا تھا مگر گرفتاری اور سیاست کی مشغولیتوں کی وجہ سے اس پر عمل نہیں ہو سکا۔

تازہ مطبوعات خدا بخش لائبریری، پٹنہ

اردو

اسلام اور ہندستانی ثقافت / بی۔ان پانڈے / ترجمہ تقی رحیم	۱۹۹۸	ص ۷۶	۳۰/-
اسلامی ہند میں علوم عقلیہ / شبیر احمد خاں غوری	۱۹۹۷	ص ۲۵۶	۲۵/-
اسلامی ہند میں کلام وفلسفہ / شبیر احمد خاں غوری	۱۹۹۷	ص ۳۹۸	۱۵۰/-
نکاتِ بیدل / ترجمہ پروفیسر عطا الرحمٰن عطا کاکوی	۱۹۹۸	ص ۱۳۰	۵۰/-

فارسی

دیوانِ مظہر: ترتیب وتصحیح ڈاکٹر عبدالرزاق	۱۹۹۸	ص ۳۸۰	۱۷۵/-
فرہنگِ زفان گویا / بدر ابراہیم تصحیح وتعلیق وترتیب: پروفیسر نذیر احمد۔ ج ۲	۱۹۹۷	ص ۲۶۶	۱۲۵/-

عربی

اختیار الرفیق لطلاب الطریق: آٹھویں صدی ہجری تک کے صوفیا کا تذکرہ / احمد بن سلامۃ المقدسی تحقیق ڈاکٹر محمد ذاکر حسین	۱۹۹۸	ص ۲۸۲	۱۵۰/-

English :

- Down Trodden Muslims : Brief of Communalism & Glimpses of Freedom Struggle of India / Mohd.Rasheed, 1997, 62p. Rs. 25.00

- Muslims Religious Trends in Kashmir in Modern Times / Mushtaq Ahmad Wani, 1997, 98p. Rs. 40.00

ڈاکٹر حنیف نقوی

مصحفی کا سالِ ولادت

مصحفی کے سالِ ولادت کے سلسلے میں کافی اختلاف رائے پایا جاتا ہے۔ خود مصحفی نے "ریاض الفصحا" میں جس کا سنہ تکمیل ۱۲۳۶ھ (۲۱-۱۸۲۰ء) ہے، اپنی عمر "قریب ہشتاد سال" بتائی ہے[۱] اس اعتبار سے ان کی پیدائش ۱۱۵۶ھ (۱۷۴۳ء) کے دو ایک سال بعد کا واقعہ قرار پاتی ہے۔ دیوانِ ششم میں جس کا سالِ ترتیب عام طور پر ۱۲۲۴ھ (۱۸۰۹ء) بتایا جاتا ہے، وہ اپنا سن ساٹھ سے متجاوز بتاتے ہیں[۲]۔ اس حساب سے سالِ ولادت ۱۱۶۴ھ (۱۷۵۱ء) سے ایک دو برس قبل متعین ہوتا ہے۔ "مجمع الفوائد" میں لکھتے ہیں کہ تیس سال سے کچھ زیادہ عرصہ گزرا کہ لکھنؤ میں مقیم ہوں اور اس وقت میری عمر ساٹھ سے متجاوز ہے[۳]۔ لکھنؤ میں مصحفی کی آمد اور مستقل قیام ۱۱۹۸ھ (۱۷۸۴ء) کا واقعہ ہے[۴]۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ "مجمع الفوائد" کی تصنیف ۱۲۲۸ھ (۱۸۱۳ء) کے بعد ہوئی ہے۔ چونکہ اسوقت مصنف کی عمر ساٹھ سال سے متجاوز تھی اس لیے ان کا سنہ پیدائش ۱۱۶۸ھ (۱۷۵۵ء) کے قریب طے پاتا ہے۔ گویا اپنے ایک بیان کے مطابق مصحفی ۱۱۵۶ھ (۱۷۴۳ء) کے ایک دو سال بعد، دوسرے کے بموجب ۱۱۶۴ھ (۱۷۵۱ء) سے دو ایک برس پہلے اور تیسرے بیان کی رو سے ۱۱۶۸ھ (۱۷۵۵ء) سے ایک دو سال قبل پیدا ہوئے ہونگے۔ دیوانِ ششم کے دیباچے میں عمر کی صراحت سے قبل یہ بیان بھی موجود ہے کہ "تولد من در احمد شاہی است"۔ اس بیان سے جناب امیر احمد علوی نے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ مصحفی احمد شاہ کے دورِ حکومت (۲ رجمادی الاولیٰ ۱۱۶۱ھ مطابق ۱۹ راپریل ۱۷۴۸ء تا ۱۰ رشعبان ۱۱۶۷ھ مطابق ۲ رجون ۱۷۵۴ء) میں پیدا ہوئے[۵]۔ اس کے بعد انھوں نے "ریاض الفصحا" اور دیوانِ ششم کے دیباچے کی مختلف فیہ روایتوں میں مطابقت کی غرض سے یہ فیصلہ کیا ہے کہ "سالِ ولادت ۱۱۶۱ھ کے قریب سمجھنا چاہیئے"۔ یہ استدلال اس لحاظ سے تو قابل قبول

معلوم ہوتا ہے کہ اس کی رو سے ۱۲۲۴ھ (۱۸۰۹ء) میں دیوانِ ششم کی ترتیب کے وقت ان کی عمر چونسٹھ سال کے قریب یعنی ساٹھ سے متجاوز اور ۱۲۳۶ھ (۲۱-۱۸۲۰ء) میں ریاض الفصحاء کی تکمیل کے زمانے میں چہتر سال یعنی اسّی برس کے قریب قرار پاتی ہے لیکن 'مجمع الفوائد' پر اس کا انطباق نہیں ہوتا کیونکہ اگر ۱۱۶۱ھ (۴۸-۱۷۴۷ء) کو سالِ ولادت مان لیا جائے تو لکھنؤ میں آمد کے وقت ان کی عمر اڑتیس[۳۵] سال اور وہاں رہتے ہوئے تیس سال سے زائد مدت گزر جانے کے بعد 'مجمع الفوائد' کی تصنیف کے وقت ستر سال کے قریب ہوگی۔ اگر اس وقت مصحفی کی عمر واقعی ستر سال کے قریب ہوتی تو وہ اس کتاب میں یہ لکھنے کی بجائے کہ 'حالا سنِ عمر از شصت متجاوز است'۔ یقیناً لکھتے کہ 'حالا سنِ عمر قریب بہفتاد رسیدہ است'۔

اس صورتِ حال کے پیشِ نظر مصحفی کے تمام بیانات پر از سرِ نو غور کیا جائے تو فوراً یہ بات ذہن میں آتی ہے کہ 'احمد شاہی' سے مصحفی نے احمد شاہ بادشاہ کے دورِ حکومت کی بجائے غالباً احمد شاہ ابدالی کے کے حملے کا زمانہ مراد لیا ہے۔ اس قسم کی مثالیں بعض دوسرے مصنفین کے یہاں بھی موجود ہیں مثلاً میر غلام حسین شورش عظیم آبادی اپنے تذکرے میں نادر شاہ کے حملے کے بعد کے زمانے کو 'بعد نادر شاہی' سے تعبیر کرتے ہیں[۳۶]۔ دہلی پر احمد شاہ ابدالی کے پہلے حملے کی تاریخ ۲۸ جنوری ۱۷۵۷ء (۷ جمادی الاولیٰ ۱۱۷۰ھ) ہے اسی حملے کے دوران ۲ مارچ ۱۷۵۷ء (۱۰ جمادی الاخریٰ ۱۱۷۰ھ) کو اس نے نواحِ دہلی میں بلبھ گڑھ کا قلعہ فتح کیا تھا[۳۷]۔ اور مولوی عبد القادر چیف رام پوری کے روزنامچے کے واسطے سے مصحفی کا یہ بیان ہمارے سامنے آ چکا ہے کہ ان کی ولادت دہلی کے قریب بلبھ گڑھ میں ہوئی تھی[۳۸]۔ اس لیے اندازہ یہ ہے کہ وہ جمادی الاخریٰ ۱۱۷۰ھ کے دوسرے ہفتے اور مارچ ۱۷۵۷ء کے عشرۂ اول میں پیدا ہوئے ہوں گے۔

اس قیاس کی روشنی میں جب ہم مصحفی کے دوسرے بیانات پر غور کرتے ہیں تو مسئلہ بڑی حد تک سلجھتا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ 'مجمع الفوائد' میں انھوں نے اپنی عمر ساٹھ سے متجاوز اور لکھنؤ میں قیام کی مدت تیس برس سے کچھ زیادہ بتائی ہے۔ گویا ۱۱۹۸ھ (۸۴-۱۷۸۳ء) میں جب وہ لکھنؤ آئے تو ان کی عمر تیس سال کے قریب تھی۔ ۱۱۷۰ھ (۱۷۵۷ء) کو سالِ ولادت تسلیم کر لینے کی صورت میں اس زمانے میں ان کی عمر اٹھائیس سال کے لگ بھگ قرار پاتی ہے جو ان کے منقولۂ بالا بیان کے عین مطابق ہے۔ لکھنؤ میں آمد کے وقت عمر کے اس تخمینے کی تائید ان کے اس بیان سے بھی ہوتی ہے کہ فارسی نثر و نظم میں میں نے دہلی میں تیس سال کی عمر میں درجۂ کمال حاصل کر لیا تھا۔ اس کے بعد جب لکھنؤ آیا تو یہاں مولوی مستقیم گویاموی اور مولوی

مظہر علی سے علوم عربیہ کی تحصیل کی۔[۹]

اس تصنیف کے بعد دیوانِ ششم کے دیباچے اور "ریاض الفصحا" میں بیان کردہ عمر کے اندازوں کی صحت اور تصدیق کا سوال باقی رہ جاتا ہے۔ اس سلسلے میں ہمارا خیال یہ ہے کہ ۱۲۲۴ھ، ۱۲۳۴ھ کی اور "قریب ہشتاد" "قریب ہفتاد" کی تصحیف ہے۔ اگر کتابت کی ان ممکنہ غلطیوں کو قبول کر لیا جائے تو دیوانِ ششم کی ترتیب کے وقت ان کی عمر یقیناً ساٹھ سے متجاوز یعنی چونسٹھ سال اور "ریاض الفصحا" کی تکمیل کے زمانے میں چھیاسٹھ برس رہی ہوگی۔ دیوان کے دیباچے میں کتابت کی غلطی کا امکان اس لحاظ سے بھی قوی معلوم ہوتا ہے کہ ۱۲۲۴ھ سے صرف تین سال قبل حکیم قدرت اللہ قاسم پورے وثوق کے ساتھ ان کے کل تین اردو دواوین کا ذکر کرتے ہیں۔[۱۰] اور تین سال کے مختصر عرصے میں مزید تین دیوانوں کا مرتب ہو جانا بظاہر بعید از قیاس ہے۔ ۱۲۲۴ھ کی بجائے ۱۲۳۴ھ میں دیوان کی ترتیب سے متعلق ہمارے قیاس کی تائید کا ایک قرینہ یہ بھی ہے کہ مصحفی کی اردو شاعری کا کل سرمایہ سات دیوانوں پر مشتمل ہے۔ اگر چھٹے دیوان کی ترتیب کا زمانہ ۱۲۲۴ھ تسلیم کیا جائے تو دیوانِ ہفتم کو ۱۲۲۴ھ (۱۸۰۹ء) کے بعد سے ۱۲۴۰ھ (۱۸۲۴ء) میں وفات کے زمانے تک کی تمام تخلیقات کا مجموعہ ماننا ہوگا۔ ایسی صورت میں یہ بات بہت عجیب معلوم ہوگی کہ تین سال (۱۲۲۱ھ/ ۱۸۰۶ء تا ۱۲۲۴ھ/ ۱۸۰۹ء) کے مختصر عرصے میں تو تین دیوان مرتب ہو گئے لیکن سولہ سال کی شعری کاوشیں ایک دیوان سے زیادہ کی متحمل نہ ہو سکیں۔

اسی طرح "ریاض الفصحا" میں بھی چونکہ مصحفی نے تیس سال کی عمر میں دہلی سے ہجرت کا ذکر کرنے کے بعد عمر کا تعین کیا ہے اور اس وقت ان کے اپنے بیان کیے ہوئے سنہ ورود کی روشنی میں انہیں لکھنؤ آئے ہوئے اڑتیس سال ہوئے تھے، اس لیے یہ بات بھی قرینِ قیاس نہیں کہ ان سے قیام کی اس مدت کا اندازہ کرنے میں پورے دس سال کا سہو ہوا ہو۔

سنہ ولادت کی اس بحث کے سلسلے میں تاریخِ وفات کے ایک قطعے کا ذکر بھی ضروری معلوم ہوتا ہے۔ یہ قطعہ ایک غیر معروف شاعر صاحب رام کی تصنیف ہے اور مصحفی کے شاگرد غلام اشرف 'اشرف' آفر نے اپنے ایک دیوان میں نقل کیا ہے۔ قطعہ یہ ہے ؎

مصحفی چوں از جہاں رحلت نمود	بستہ نقشِ جلدِ ہفتم بر وہم
گفت صاحب رام تاریخِ وفات	مصحفِ معنی زدنیا گشت گم

امیر احمد علوی نے اپنے مضمون "حیاتِ مصحفی" میں اس قطعے کے مصرعِ ثانی کو نشان زد کر کے حاشیے میں لکھا ہے کہ "یہ تلمیح سمجھ میں نہیں آتی"۔ واقعی مضمون پیچیدہ ہے اور بظاہر اسے معنی پہنانے کی کوئی صورت نظر نہیں آتی لیکن اگر ۱۱۶۰ھ کو سالِ ولادت مان لیا جائے تو اس کی تشریح اس طرح کی جا سکتی ہے کہ شاعر نے مرنے والے کی عمر کے ہر دس برس کو کتابِ زندگی کی ایک جلد سے تعبیر کیا ہے اور مصحفی ۱۲۴۰ھ میں اپنی وفات کے وقت تک یکے بعد دیگرے اس قسم کی سات جلدیں مرتب کر چکے تھے یعنی ان کی عمر ستر سال ہو چکی تھی۔

(۲)

مصحفی کے سالِ ولادت سے متعلق راقم السطور کی یہ تحریر ہفت روزہ "ہماری زبان" علی گڑھ کے ۸ اپریل ۱۹۶۶ء کے شمارے میں شائع ہوئی تھی جہاں سے اسے ماہنامہ "نگارِ پاکستان" کراچی کے مئی ۱۹۶۶ء کے شمارے میں نقل کیا گیا۔ اس کے کچھ دنوں کے بعد "ہماری زبان" کے ۲۲ نومبر ۱۹۶۶ء کے شمارے میں جناب انصار اللہ نظر کا ایک مراسلہ شائع ہوا جس میں نہ صرف اس مسئلے سے متعلق راقم السطور کے اخذ کردہ نتائج سے اختلاف کیا گیا تھا بلکہ اس قسم کی کوششوں کو "تحقیق میں قیاس کے دخل" اور "اپنے کسی خیال کو صحیح ثابت کرنے کے لیے واقعات کو توڑ مروڑ کر پیش کرنے" کے عمل سے تعبیر کرتے ہوئے ان کی حوصلہ شکنی بھی کی گئی تھی۔ اس مراسلے کے خاص خاص نکتہ ہائے اعتراض مراسلہ نگار ہی کے الفاظ میں سطورِ ذیل میں پیش کیے جاتے ہیں:

> "شیخ غلام ہمدانی مصحفی اردو کے ممتاز شاعر اور تذکرہ نویس ہوئے۔ انھوں نے اُردو شاعری کے کئی دور دیکھے تھے..... ان کی ولادت کے سال کی جستجو میں محمد حنیف نقوی صاحب نے بڑی کاوش کی اور بالآخر اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ: اندازہ ہے کہ وہ جمادی الثانی ۱۱۶۰ھ کے دوسرے ہفتے اور مارچ ۱۷۵۸ء کے عشرۂ اوّل میں پیدا ہوئے ہوں گے"۔

مصحفی کا انتقال ۱۲۴۰ھ میں ہوا۔ گویا بوقتِ وفات ان کی عمر ستر برس کے قریب ہوگی۔ "ریاض الفصحا" میں مصحفی نے خود اپنی عمر قریب بہ ہشتاد لکھی ہے۔ جو ۱۲۳۶ھ میں مکمل ہو گیا تھا۔ اس کا مطلب یقینی طور پر یہ ہے کہ کم از کم بوقتِ وفات وہ اسّی برس کے ہو گئے تھے۔ دس سال کے اس فرق کی طرف

موصوف نے خیال نہ کیا۔"

"مصحفی نے اپنے حالات میں اس کی صراحت کی ہے کہ 'تولدِ من در احمد شاہی است' اور احمد شاہ بادشاہِ دہلی کا زمانہ ۱۱۶۱ھ سے ۱۱۶۷ھ تک کا ہے۔ دیوانِ ششم مرتبہ ۱۲۲۴ھ میں وہ اپنی عمر ساٹھ سال سے متجاوز بتاتے ہیں گویا سال ولادت قبل ۱۱۶۴ھ ہوا۔ 'ریاض الفصحا' (تکمیل ۱۲۳۶ھ) میں 'عمر قریب بہ ہشتاد سال' لکھی ہے۔ یوں ۱۱۵۶ھ کے بعد پیدا ہوئے (یہ وقت بڑھاپے کا تھا ایک آدھ سال کا مبالغہ بھی بعید از قیاس نہیں تھا)۔ ان دونوں کو مطابق کریں تو ان کی ولادت ۱۱۶۱ھ میں معلوم ہوتی ہے۔ اس میں حنیف نقوی کو جو قباحت محسوس ہوئی، یہ ہے:

"مجمع الفوائد کی روایت پر اس کا انطباق نہیں ہوتا کیونکہ ۔۔۔۔ مجمع الفوائد کی تصنیف کے وقت ستر سال کے قریب (عمر) ہو گی۔"

"مجمع الفوائد" کی روایت یہ ہے:

"تیس سال سے کچھ زیادہ عرصہ گزرا کہ لکھنؤ میں مقیم ہوں اور اس وقت میری عمر ساٹھ سے متجاوز ہے۔"

وقت دراصل یہ پیش آئی کہ موصوف نے مصحفی کی لکھنؤ میں آمد ۱۱۹۸ھ میں خیال کی۔ یہ صحیح ہے کہ اس سال بھی مصحفی لکھنؤ گئے تھے لیکن لکھنؤ کا پہلا سفر انھوں نے ۱۱۸۵ھ میں اختیار کیا تھا۔ (دستور الفصاحت، ماخذ ۶۸) اور زیادہ امکان اسی کا ہے کہ انھوں نے اسی وقت سے لکھنؤ میں اپنے قیام کی مدت شمار کی ہو۔ یوں "مجمع الفوائد" ۱۲۱۵ھ کے بعد لکھی گئی۔ اگر یہ واقعہ ۱۲۲۱ھ کے کچھ بعد کا بھی ہو تو ۱۱۶۱ھ کو مصحفی کا سالِ ولادت تسلیم کرنے میں قباحت واقع نہیں ہوتی۔

امیر احمد علوی نے بھی ۱۱۶۱ھ ہی کو مصحفی کا سال ولادت قرار دیا ہے اور یہی صحیح معلوم ہوتا ہے۔ ڈاکٹر صابر علی خان نے بغیر کسی حوالے کے ۱۱۴۴ھ میں مصحفی کی ولادت لکھی ہے۔ (سعادت یار خان رنگین ص ۲۵) لیکن یہ سنہ بھی مصحفی کے مختلف بیانات کے مطابق نہیں۔"

۱۹۷۵ء میں مکتبہ نیا دور کراچی (پاکستان) نے جناب افسر صدیقی امروہوی کی گراں قدر تصنیف "مصحفی ـــ حیات و کلام" شائع کی ہے۔ اس کتاب میں بھی مصحفی کے "سنِ پیدائش" سے متعلق باب میں راقم السطور کے منقولۂ صدر مضمون کو موضوعِ بحث بنایا گیا ہے۔ فاضل مصنف اس مسئلہ خاص کے بارے

میں مختلف "اربابِ تحقیق" کے بیانات کا تجزیہ کرنے کے بعد رقم طراز ہیں :

ایک اور صاحب نے بھی جن کا نامِ نامی و اسمِ گرامی حنیف نقوی ہے، مصحفی کے سنہ ولادت کے تعین میں حصّہ لیا ہے اور ایک اچھا مضمون سپردِ قلم کیا ہے .... موصوف نے ریاض الفصحا کے حساب سے مصحفی کا سنہ پیدائش ۱۱۵۶ھ (اور) دیوانِ ششم کے مطابق ۱۱۶۴ھ متعین کرنے کے بعد ایک نیا حوالہ مجمع الفوائد کا دیا ہے۔ ان کا بیان ہے کہ مصحفی نے مجمع الفوائد میں اپنی عمر ساٹھ سال سے کچھ متجاوز بتائی ہے اور لکھنؤ کے قیام کا زمانہ تیس سال سے کسی قدر زیادہ لکھا ہے۔ مصحفی ۱۱۹۸ھ میں لکھنؤ آئے تھے اس لیے ۱۱۹۸ھ + ۳۰ = ۱۲۲۸ھ مجمع الفوائد کا سالِ تصنیف ہوا اور اس میں سے ۶۰ منہا کر دیے جائیں تو سنہ پیدائش ۱۱۶۸ھ بنتا ہے۔ ہماری دانست میں مجمع الفوائد کا سال تصنیف ۱۲۲۸ھ صحیح نہیں ہے کیونکہ مصحفی نے دیوانِ ششم کے دیباچے میں بھی جو ۱۲۲۴ھ میں مکمل ہوا اپنی عمر کو ساٹھ سال سے متجاوز بتایا ہے تو یہ کس طرح ممکن ہے کہ اس کے چار سال بعد بھی ساٹھ سال سے کچھ متجاوز ہوں۔ بظاہر یہ بات قرینِ صحت نہیں ہو سکتی۔

حنیف نقوی صاحب رقمطراز ہیں :

جب ہم مصحفی کے دوسرے بیانات پر غور کرتے ہیں تو مسئلہ کافی حد تک سلجھتا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ مجمع الفوائد میں انہوں نے اپنی عمر ساٹھ سال سے متجاوز اور لکھنؤ میں قیام کی مدّت تیس برس سے زیادہ بتائی ہے گویا ۱۱۹۸ھ میں جب وہ لکھنؤ آئے تو ان کی عمر تیس کے قریب تھی۔ ۱۱۷۰ھ کو سالِ ولادت تسلیم کرنے کی صورت میں (موصوف نے احمد شاہی سے مراد احمد شاہ ابدالی کا حملہ ۱۱۷۰ھ مراد لی ہے)۔ اس زمانے میں ان کی عمر تیس[۲۹] سال کے لگ بھگ قرار پاتی ہے جو ان کے اس بیان کے عین مطابق ہے۔ لکھنؤ میں آمد کے وقت عمر کے زیرِ نظر اندازے کی تائید ان کے اس بیان سے بھی ہوتی ہے کہ فارسی نظم و نثر میں انہوں نے دہلی میں تیس سال کی عمر میں درجۂ کمال حاصل کر لیا تھا۔ اس کے بعد جب لکھنؤ آیا تو یہاں مولوی مستقیم اور مولوی منظہر علی سے علوم عربیہ کی تحصیل کی۔

اس تصفیے کے بعد دیباچۂ دیوانِ ششم اور ریاض الفصحا میں بیان کیے ہوئے عمروں کے اندازوں کی صحت و تصدیق کا سوال باقی رہتا ہے۔ اس سلسلے میں ہمارا خیال یہ ہے کہ

۱۲۲۴ھ، ۱۲۳۴ھ کی اور قریب ہشتاد، قریب ہفتاد کی تصحیف ہے"۔

اس غلطی کے امکان کے بعد انھوں نے مصحفی کی بتائی ہوئی تمام عمروں کی مطابقت کرکے ان کو صحت کے قریب قرار دیا ہے۔

حنیف صاحب نے اپنے خیال میں بات تو اچھی پیدا کی ہے لیکن ہم اس سے متفق نہیں۔ اس کی وجہ اول تو یہ ہے کہ مصحفی نے مجمع الفوائد میں تیس سال لکھنؤ میں قیام کے نہیں بتائے بلکہ اپنی شادی اور ایک بچی کے پیدا ہو کر مر جانے کے قضایا کے بتائے ہیں۔ اس لیے مجمع الفوائد کے سنِ تصنیف کے لیے ۱۱۹۸ھ میں تیس جمع کرنا خود بخود غلط ہو جاتا ہے۔ دوسرے یہ کہ انھوں نے مجمع الفوائد کی تصنیف کے وقت دو جگہ اپنی عمر ۴۰ سے زیادہ بتائی ہے۔ عربی عبارت میں بھی اور فارسی عبارت میں بھی اس لیے اس کا سنہ ۱۲۲۸ھ نہیں بلکہ ۱۲۲۴ھ کے قریب ہو سکتا ہے کیونکہ دیوانِ ششم میں بھی یہی عمر ہے۔ اگر حنیف صاحب کے متعین کیے ہوئے سنِ ولادت ۱۱۷۰ھ کو صحیح تصور کر لیا جائے تو اس کا کیا علاج ہے کہ مصحفی کے تیس سال کی عمر میں زبانِ فارسی کی تکمیل پورے ۱۲۰۰ھ میں ہوتی ہے۔ جب کہ وہ دہلی میں نہیں لکھنؤ میں تھے اور ۱۱۸۴ھ میں بعمر ۱۴ سال نواب محمد یار خان کے دربار میں قیام الدین قائم کے ساتھ قیام اور ۱۱۸۵ھ میں لکھنؤ میں بعمر ۱۵ سال مرزا سودا کے ساتھ ان کی ملاقات بہت تعجب خیز ہو جاتی ہے۔ پھر سب سے بڑی خرابی یہ ہے کہ وفات کے وقت مصحفی کی عمر صرف ستر سال رہ جاتی ہے حالانکہ وہ ایک قطعہ میں جو تذکرۂ ریاض الفصحاء کے بعد لکھا گیا، اپنی عمر اسّی سال بتاتے ہیں۔ قطعہ یہ ہے:

قریبِ ساحل آ پہنچی ہے کشتی	غنیمت ہے کوئی دم زندگانی
ہمیں اے مصحفی اسّی برس میں	نہیں اب اعتمادِ زندگانی

یہ قطعہ ہم نے مصحفی کے اس منتخب کلام سے بجنسہٖ نقل کیا ہے جو رسالہ تحریر دہلی کے ایک نمبر میں شائع ہوا تھا۔ مصحفی جیسے باکمال شاعر اور استاد الاساتذہ سے یہ توقع نہیں ہو سکتی کہ قطعہ کے دونوں شعروں میں ایک ہی قافیہ نظم کریں۔ یہ سہوِ کتابت معلوم ہوتا ہے۔ شاید چوتھے مصرع میں "زندگانی" کی جگہ "عمرِ فانی" ہوگا۔

اس بحث سے یہ نتیجہ نکلا کہ سنہ پیدائشِ مصحفی کے بارے میں اوپر بیان کیے ہوئے تمام نظریے غور و تامل کے بعد غلط ثابت ہوتے ہیں، اس لیے ہمیں اب پھر دیوانِ ششم کے دیباچے کی طرف رجوع کرنا چاہیے جس میں مصحفی نے بتایا ہے کہ "تولدِ من در احمد شاہی است"۔ ہمارے خیال میں، احمد شاہ سے مراد

"آغازِ سلطنتِ احمد شاہ" ہے اور "تولدِ من در احمد شاہی است" کو "تولدِ من در آغازِ احمد شاہی" تصور کرنا چاہیے اگر ہم اس مفہوم کو تسلیم کریں تو۔

۱۔ ۲۲/۲۴ سال کی عمر میں ٹانڈہ میں دربارِ امیر کی حاضری درست بیٹھتی ہے۔

۲۔ ۲۴/۲۵ سال کی عمر میں لکھنؤ میں مرزا سودا سے ملاقات صحیح سمجھی جا سکتی ہے۔

۳۔ ۱۲۲۴ھ میں دیوانِ ششم کی تکمیل کے وقت عمر ۶۴ سال کو متجاوز از شصت لکھنا قابلِ تردید قرار پاتا ہے۔

۴۔ ۱۲۳۶ھ میں جبکہ عمر کا بہترواں سال شروع ہو چکا ہو قریب بہ ہشتاد لکھنا قطعی قابلِ تسلیم ہو جاتا ہے۔

اس لیے سن (۱۱۶۱ھ) کو مصحفی کا سالِ ولادت قرار دینا چاہیے۔ دیوانِ سوم کے دو شعروں سے بھی جو ۱۲۱۱ھ میں مکمل ہوا، ان کے سنہ پیدائش ۱۱۶۱ھ ہی کی تصدیق ہوتی ہے۔ وہ شعر یہ ہیں:

اے مرگ! طئے منزلِ خمسین بھی ہو چکا	اب تو مجھے عذابِ سفر سے نکالیے
ہر چند سال عمر بہ خمسیں قریں ہوئے	جھگڑا نہ زندگی کا چکا مصحفی ہنوز

اس سے قبل وہ ۱۲۰۱ھ کے ایک قطعہ میں اپنی عمر چالیس سال بتا چکے ہیں۔ قطعہ یہ ہے:

جب خاک میں مل گئی جوانی کی بہار	بیٹھا سرِ رو یہ آ کے پیری کا غبار
چالیس برس تو خوابِ غفلت میں کٹے	اے مصحفی اب تو ٹک کہیں ہو بیدار

یہ مزید ثبوت اس بات کا ہے کہ وہ (۱۲۰۱ - ۴۰) ۱۱۶۱ھ میں پیدا ہوئے تھے۔[۱۱]

(۳)

ان دونوں تحریروں پر ان کے مختلف نکات کی روشنی میں علیحدہ علیحدہ بحث کرنے کی بجائے یہ زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مجموعی طور پر ان دلائل و شواہد کا سلسلہ وار تجزیہ کر لیا جائے جن پر فاضل محققین نے اپنے اعتراضات کی بنیاد رکھی ہے اور راقم السطور کے معروضات کے برعکس نتائج اخذ کیے ہیں۔

(الف) جناب انصار اللہ نظر نے "تولدِ من در احمد شاہی است" کے حوالے سے اس عام خیال کا اعادہ فرمایا ہے کہ مصحفی احمد شاہ بادشاہ دہلی کے دورِ حکمرانی میں یعنی ۱۱۶۱ھ/۴۸-۱۷۴۷ء سے ۱۱۶۷ھ/۱۷۵۴ء کے درمیان پیدا ہوئے تھے۔ جناب افسر صدیقی نے ایک قدم اور آگے بڑھ کر "احمد شاہی"

کو آغازِ سلطنت احمد شاہ تک محدود کر دیا ہے۔ جب کہ زیر بحث بیان میں اس کا کوئی قرینہ موجود نہیں۔ راقم السطور کا یہ خیال کہ اس عبارت میں "احمد شاہی" سے احمد شاہ ابدالی کے حملے کا زمانہ مراد ہے، ان دونوں حضرات کے نزدیک کسی درجے میں بھی قابلِ اعتنا نہیں۔ حالانکہ قرائن واضح طور پر اس کی تائید کرتے ہیں چونکہ مصحفی کا یہ بیان ان کے سالِ ولادت کے سلسلے میں بنیادی اہمیت کا حامل ہے، اس لیے اس کے کسی پہلو یا تعبیر کو اس طرح آسانی سے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ مصحفی کے معاصرین میں جن لوگوں نے نادر شاہ کے عملِ ترکتاز کو نادر شاہی سے موسوم کیا ہے، ان میں سے شاہ حاتم اور غلام حسین شورش عظیم آبادی کے یہ بیانات قابلِ غور ہیں:

(۱) "فقیر دیوانِ قدیم پیش از نادر شاہی در بلادِ ہند مشہور دارد" (دیباچۂ دیوان زادہ حاتم)

(۲) "بعد نادر شاہی میر باقر۔۔۔ (حزیں) از شاہجہان آباد تشریف بعظیم آباد آوردند۔" (تذکرۂ شورش بتقدمہ منف)

(۳) "پیش از نادر شاہی (بعظیم آباد) تشریف آوردہ۔" (تذکرۂ شورش ذکر منشی بساون لعل بیدار)

(۴) "بعد نادر شاہی میر باقر موصوف غفرلہ از شاہجہان آباد بہ عظیم آباد تشریف آوردہ۔" (تذکرۂ شورش۔ ذکر ہیبت قلی خان حسرت)

اگر ان بیانات میں "نادر شاہی" سے صرف اور صرف نادر شاہ کی تاخت و تاراج کا زمانہ مراد لیا گیا ہے تو "احمد شاہی" سے احمد شاہ ابدالی کے حملے کا زمانہ مراد لینے میں کیا قباحت ہے؟ جب تک اس سوال کا کوئی اطمینان بخش جواب نہیں دے دیا جاتا، راقم السطور کے قیاس کی تردید ممکن نہیں۔ "نادر شاہی" کے علاوہ تاناشاہی، افسر شاہی، نوکر شاہی اور لال فیتا شاہی جیسی کثیر الاستعمال ترکیبیں بھی اس مفہوم کی تائید میں نظیر کے طور پر پیش کی جا سکتی ہیں۔ ان تمام ترکیبوں کے مفاہیم و مطالب میں ظلم و تعدی اور انتشار و ابتری کے عناصر قدرِ مشترک کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اگر ان مثالوں کے پیش نظر "احمد شاہی" سے احمد شاہ ابدالی کے حملے کا زمانہ مراد لینا درست ہے تو ہمیں لازماً یہ بھی تسلیم کرنا ہوگا کہ مصحفی جمادی الثانی ۱۱۷۰ھ کے دوسرے ہفتے میں پیدا ہوئے تھے کیونکہ بقول خود ان کی ولادت بلبھ گڑھ میں ہوئی تھی اور ابدالی نے بلبھ گڑھ کا قلعہ ۱۰ جمادی الثانی ۱۱۷۰ھ / ۲ مارچ ۱۷۵۷ء کو فتح کیا تھا۔

(ب) مجمع الفوائد میں مصحفی کے اس بیان کے بارے میں کہ "عرصۂ سی سال بلکہ زیادہ می گذرد کہ بہ لکھنؤ قیام دارم"، انصار اللہ صاحب کا یہ خیال ہے کہ چونکہ مصحفی نے لکھنؤ کا پہلا سفر ۱۱۸۵ھ (۷۲-۱۷۷۱ء) میں اختیار کیا تھا، زیادہ امکان اس کا ہے کہ انھوں نے اسی وقت سے لکھنؤ میں اپنے قیام کی مدت شمار کی ہوگی۔

یہ استدلال کسی وجہ سے بھی قابل قبول نہیں۔ مصحفی پہلی بار ایک سال کے قریب لکھنؤ میں رہنے کے بعد دہلی چلے گئے تھے اور وہاں مسلسل بارہ سال قیام کرنے کے بعد دوبارہ ۱۱۹۸ھ/۱۷۸۴ء میں لکھنؤ آئے تھے اس کے بعد وہ اپنی وفات تک وہیں مقیم رہے، اس لیے ان کے قیام لکھنؤ کی مدت کا آغاز ۱۱۹۸ھ/۱۷۸۴ء ہی سے کرنا درست ہوگا۔ فارسی کے دوسرے دیوان (در جواب نظیری) کے مقدمے میں بھی مصحفی نے لکھنؤ میں اپنے قیام کی مدت کا شمار اسی سال سے کیا ہے۔

جناب افسر صدیقی نے اس سلسلے میں ایک بالکل مختلف رخ اختیار کیا ہے۔ ان کا ارشاد ہے کہ مصحفی نے مجمع الفوائد میں تیس سال لکھنؤ کے قیام کے نہیں بتائے بلکہ اپنی شادی اور ایک بچی کے پیدا ہو کر مرجانے کے قضایا کے بتائے ہیں۔ اس اعتراض میں کتنا وزن ہے، اس کی وضاحت کے لیے ہم مصحفی کا بیان انہی کے الفاظ میں سطور ذیل میں نقل کرتے ہیں:

"از من بعد نکاح شرعی دخترے پیدا شدہ بود در ہماں سال کہ من کتخدا شدہ بودم۔ چوں مادرش بعد زائیدن مرد، بعد یک ماہ او ہم بکنار مادر خوابید۔ بعد این قضایا عرصۂ سی سال بلکہ زیادہ می گذرد کہ بہ لکھنؤ قیام دارم۔"[۲۱]

مصحفی اپنے چار بھائیوں میں سب سے چھوٹے تھے۔ انہوں نے اپنے بڑے بھائیوں کے ازدواج اور ان کی اولاد و اعقاب کا ذکر کرنے کے بعد آخر میں اپنی ازدواجی زندگی کی تفصیل بیان کی ہے لیکن یہ نہیں بتایا کہ ان کی شادی کب اور کہاں ہوئی تھی۔ ہمارا خیال یہ ہے کہ وہ دہلی کے زمانۂ قیام ہی میں رشتۂ ازدواج میں منسلک ہو چکے ہوں گے کیونکہ ہماری دریافت کردہ تاریخ ولادت کے مطابق دہلی سے ترک سکونت کے وقت وہ اٹھائیس برس کے ہو چکے تھے جبکہ انصار اللہ صاحب اور افسر صدیقی صاحب کے مبینہ سال ولادت (۱۱۶۱ھ) کی رو سے اس وقت ان کی عمر اڑتیس سال قرار پاتی ہے۔ ظاہر ہے کہ اڑتیس سال تک غیر شادی شدہ رہنا اور لکھنؤ آنے کے بعد شادی کرنا اس وقت تک قابل قبول نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس کا کوئی قطعی ثبوت موجود نہ ہو اور ایسا کوئی ثبوت یقیناً موجود نہیں۔ بظاہر حال مصحفی اپنی اہلیہ اور بچی کی وفات کے بعد ۱۱۹۸ھ/۸۴-۱۷۸۳ء میں تن تنہا لکھنؤ آئے تھے۔ عین ممکن ہے کہ انہوں نے دہلی کی سکونت اپنی اس خانہ ویرانی کا غم غلط کرنے کے لیے ہی ترک کی ہو۔ اس لیے لکھنؤ میں قیام کی زیر بحث مدت کا حساب کرنے کے لیے متذکرہ واقعات کی بجائے ۱۱۹۸ھ ہی کو نقطۂ آغاز قرار

دینا ہوگا۔ اس صورت میں اس کے علاوہ کوئی چارہ کار نہیں رہتا کہ "مجمع الفوائد" کو ۱۲۲۸ھ/۱۸۱۳ء یا اس کے دو چار سال بعد کی تصنیف تسلیم کر لیا جائے۔ اس کے برخلاف اگر افسر صدیقی صاحب کے استدلال کو صحیح مانتے ہوئے شادی اور بیوی اور بچی کے انتقال کے حادثات کو لکھنؤ کے زمانۂ قیام کے واقعات میں شمار کر کے اس کے بعد سے تیس برس کی مدت کا حساب کیا جائے تو "مجمع الفوائد" کے سالِ تصنیف کو ۱۲۲۸ھ/۱۸۱۳ء سے مزید کچھ آگے بڑھانا ہوگا اور اس کے نتیجے میں صدیقی صاحب کا موقف اور بھی کمزور ہو جائے گا۔

(ج) دیوانِ ششم کے سلسلے میں یہ بات ایک مسلّمہ حقیقت کے طور پر تسلیم کر لی گئی ہے کہ یہ ۱۲۲۴ھ/۱۸۰۹ء میں مرتب ہوا ہے۔ اس کے اوّلین راوی صفیر بلگرامی ہیں جنھوں نے اپنے تذکرے "جلوۂ خضر" کی دوسری جلد میں اس دیوان کا وہ پورا دیباچہ نقل کر دیا ہے جس کے آخر میں ۱۲۲۴ھ کا حوالہ موجود ہے، اور مصحفی نے اپنی عمر کا "متجاوز از شصت" ہونا بتایا ہے[۲۲]۔ اس روایت کو مصحفی کے تمام سوانح نگار اور ناقدین بغیر کسی رد و قدح کے قبول کرتے چلے آئے ہیں۔ جب کہ فی الواقع اس کی صحت کئی اعتبار سے مشکوک ہے۔ اس میں شاید کسی کو شبہ نہ ہو کہ صفیر بلگرامی بحیثیت راوی ثقہ نہیں۔ یہ معلوم نہیں ہوتا کہ انھوں نے یہ دیباچہ مصحفی کے دیوان کے جس نسخے سے نقل کیا ہے وہ کس سنہ میں لکھا گیا تھا، کس شخص یا کتب خانے کی ملکیت تھا اور اب کہاں ہے؟ کیوں کہ اس دیوان کے جتنے قلمی نسخے راقم السطور کی نظر سے گزرے ہیں یا اس کے علم میں آئے ہیں، ان میں سے کوئی ان کے نقل کردہ سنہ کی تائید نہیں کرتا۔ وضاحت کے لیے ان نسخوں کی تفصیل درج کر دینا مناسب معلوم ہوتا ہے:

(۱) نسخۂ رضا لائبریری رام پور: یہ نسخہ دیباچے سے محروم ہے۔
(۲) نسخۂ ٹیگور لائبریری لکھنؤ یونیورسٹی لکھنؤ: اس نسخے میں بھی دیباچہ موجود نہیں۔
(۳) نسخۂ ادارۂ ادبیاتِ اردو، حیدر آباد: اس نسخے میں بھی دیباچہ شامل نہیں۔
(۴) نسخہ کتب خانۂ بنارس ہندو یونیورسٹی بنارس: دیباچہ ندارد
(۵) نسخہ نمبر ۱۰۹، خدا بخش لائبریری پٹنہ: دیباچہ موجود نہیں
(۶) نسخہ نمبر ۱۱۰، خدا بخش لائبریری پٹنہ: اس نسخے کے شروع میں دیباچہ موجود ہے لیکن اس کے آخری حصے کی زیرِ بحث عبارت میں صرف لفظ "سنہ" لکھ کر اعداد کی جگہ خالی

چھوڑ دی گئی ہے۔

(۷) نسخۂ کتب خانۂ محمود آباد: اس نسخے کے شروع میں دیباچہ بھی موجود ہے اور اسکے زیر بحث جملے میں سنہ بھی درج ہے لیکن یہ ۱۲۲۴ھ نہیں ۱۲۴۴ھ ہے۔ اس نسخے کی کتابت بتاریخ "بست و ہفتم صفر المظفر ۱۲۳۱ھ یوم یکشنبہ" (۲۸ جنوری ۱۸۱۶ء) مکمل ہوئی ہے۔ ایک عام قاری کو کتابت کے اس سنہ کے پیش نظر بجا طور پر یہ قیاس کرنا چاہئیے کہ شروع میں غلطی سے ۱۲۲۴ھ کی بجائے ۱۲۴۴ھ لکھ دیا گیا ہے۔ اور بہ گمانِ غالب یہی قیاس ہی کیا گیا ہے۔ حد یہ ہے کہ ڈاکٹر اکبر حیدری نے بھی جنھوں نے اپنے مجموعۂ مضامین "تحقیقی نوادر" میں اس صفحے کا عکس شامل کیا ہے[۵۸]، اس فرق کی جانب توجہ نہیں دی ہے۔

آخر الذکر نسخے کی تاریخ کتابت کے علاوہ ایک اور دلیل جو ۱۲۲۴ھ کے حق میں دی جا سکتی ہے یہ ہے کہ مصحفی نے اس دیباچے کی بالکل ابتدائی سطور میں میر تقی میر کا ذکر "سلّمہٗ ربّہٗ" کے دعائیہ کلمے کے ساتھ کیا ہے۔ چونکہ میر کا انتقال ۱۲۲۵ھ/۱۸۱۰ء میں ہوا ہے اس لیے کہا جا سکتا ہے کہ یہ دیباچہ اس سے پہلے لکھا جا چکا تھا۔ راقم السطور اس دلیل اور اس پر مبنی نتائج سے اتفاق کے باوجود دیباچے کے آخر میں درج مبینہ سنہ (۱۲۲۴ھ) کی صحت سے مطمئن نہیں۔ وجوہات درج ذیل ہیں:

(۱)۔ اس دیوان کی ابتدا ۱۲۲۴ھ/۱۸۰۹ء میں یا اس سے پہلے ہو چکی تھی لیکن تکمیل ۱۲۲۵ھ/۱۸۱۰ء میں یا اس کے بعد ہوئی چنانچہ جہاں دیباچے میں میر کو بقید حیات دکھایا گیا ہے وہیں اس کے آخری صفحات میں ان کی وفات کا قطعۂ تاریخ بھی موجود ہے۔ یہ بالیقین ۱۲۲۵ھ/۱۸۱۰ء میں یا اس کے بعد دیوان کے مکمل ہونے کا بیّن ثبوت ہے۔

(۲)۔ دیباچے کا اختتام ان جملوں پر ہوتا ہے:

"اگرچہ عاصی ہم از گروہِ سادہ گویاں بود لیکن بفیض صحبتِ بزرگاں در فنِ فارسی مہارتِ کلّی داشت بلکہ ریختۂ خود را ہمان طفیلیٔ فارسی می دانست۔ در مجلس ہائے مشاعرہ از روئے ایں صاحبانِ (ناسخ، آتش، طالب علی عیشی) کہ اقرارِ استادیٔ من بنفس الامر دارند، خجالتے نہ کشید بلکہ غزلیاتِ ایں دیوانِ ششم را اکثرے بروئے ایشاں گفتہ۔ از حسنِ قبول محروم مباد۔ تولّدِ من در احمد شاہیست۔ تا الیوم عمرم از شست متجاوز

خواہد بود۔ ۱۲۴۳ء ہجری نبوی در بلدہ لکھنؤ تحریر پذیر رفت۔

بہ نظرِ غائر دیکھا جائے تو اصل دیباچہ "از حسنِ قبول محروم مباد" کے دعائیہ جملے پر ختم ہو جاتا ہے۔ اگلے جملے عبارت ماسبق کے ساتھ مربوط نہیں اس لیے بہ گمان غالب بعد میں کسی وقت اضافہ کیے گئے ہیں۔ یہ اضافہ دیوان کے سالِ کتابت ۱۲۳۱ھ/۱۸۱۶ء کے بعد کا بھی ہو سکتا ہے کیونکہ یہ بھی ممکن ہے کہ اس نسخے میں یا نسخۂ منقول عنہٗ میں جو ۱۲۲۳ھ کا مکتوبہ ہو، یہ دیباچہ اصل دیوان کی کتابت کے بعد کسی وقت نقل کیا گیا ہو۔

(۳) دیباچے کا مندرجہ بالا اقتباس جن الفاظ پر ختم ہوا ہے، عام طور پر خیال یہ کیا جاتا ہے کہ یہ اس کے آخری الفاظ ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس کے بعد ایک اور جملہ اور اس کے آگے کچھ اور تفصیلات بھی ہیں جو تعینِ زمانہ کے نقطۂ نظر سے خاص اہمیت رکھتی ہیں۔ اگلا جملہ یہ ہے:

"و تعداد تصنیفات و تالیفاتِ من اینست۔"

اس جملے کے بعد بہ تفصیل ذیل انیس کتابوں کی فہرست پیش کی گئی ہے:

دیوان اول ہندی	دیوان دوم ہندی	دیوان سیم ہندی	دیوان چہارم ہندی	دیوانِ پنجم ہندی
دیوان ششم ہندی	دیوانِ ہفتم ہندی	قصایدیک جلد ہندی	دیوان سادہ فارسی	دیوان جواب نظیری
دیوان سیم فارسی	مثنوی ماد بونل	تذکرۂ فارسی	تذکرہ ہندی	تذکرہ دوم ہندی و فارسی آمیختہ
آب رسیدہ	کشکول حکمت	مثنوی مختصر کشمیری و فرنگن	مثنوی جوہری بچہ	

اس فہرست میں "دیوان ششم ہندی" کے بعد "دیوانِ ہفتم ہندی" کا اندراج یہ ثابت کرنے کے لیے کافی ہے کہ یہ فہرست دیوانِ ششم کی ترتیب کے زمانے کی مرتبہ نہیں بلکہ دیوان ہفتم کی تکمیل کے بعد ترتیب دی گئی ہے۔ "تذکرۂ دوم ہندی و فارسی آمیختہ" یعنی ریاض الفصحا کا سالِ تکمیل بھی ۱۲۳۶ھ/۲۱-۱۸۲۰ء ہے لیکن اسکے بارے میں یہ تاویل کی جا سکتی ہے کہ اس کا نقش اول ۱۲۲۱ھ/۷-۱۸۰۶ء میں تیار ہو چکا تھا۔ دیوان ہفتم کے سلسلے میں اس قسم کی کوئی تاویل ممکن نہیں۔ اس لیے یہ بات پورے وثوق کے ساتھ کہی جا سکتی ہے کہ اس دیباچے میں "از حسن قبول محروم باد" کے بعد کے اندراجات اس دیوان کی ترتیب کے کئی برس بعد اضافہ کیے گئے ہیں۔ ہمارے قیاس کے مطابق اس اضافے کا سنہ ۱۲۴۴ھ ہو سکتا ہے۔

(د)۔ افسر صدیقی صاحب کا خیال ہے کہ مصحفی کا دیوانِ سوم ۱۲۱۱ھ میں مکمل ہوا۔ چونکہ اس دیوان کے ایک شعر میں مصحفی نے سالِ عمر کے "قریب بہ خمسین" ہونے اور ایک اور شعر میں "منزل خمسین" کے

طے ہو چکنے کی طرف اشارہ کیا ہے، اس لیے ان اشعار سے بھی ان کے سنہ پیدائش ۱۱۹۱ھ ہی کی تصدیق ہوتی ہے۔ اس قسم کے کچھ اور اشعار جن میں مصحفی نے اپنے سن عمر کی نشان دہی کی ہے، دیوانِ سوم کے بعد کے دیوانوں میں بھی موجود ہیں۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس دلیل پر گفتگو کرنے سے پہلے یہ اشعار بھی ہدیۂ ناظرین کر دیے جائیں۔ ملاحظہ ہوں ؎

کھایا ہے جوشِ شہد بلاغت میں شست سال — معجونِ عقل آئی ہے جب تک قوام پہ (دیوانِ پنجم)

جستجو سے اس نے پایا مجھ کو بعد از شست سال — ناوکِ بیدادِ گردوں کا ہدف پیدا ہوا (دیوانِ ششم)

مصحفی ساٹھ برس تک یہی پاپڑ بیلے — ہم نے بھی دیکھے زمانے کے چلن کیا کیا کچھ (دیوانِ ششم)

عمر نے جب عشرۂ ہشتم میں رکھا ہو قدم — مصحفی کیا ہو سکے مجھ ناتوان و زار سے (دیوانِ ہفتم)

اس اعتراف کے باوجود کہ یہ تمام اشعار جناب افسر صدیقی کے قیاس کی تائید کرتے ہیں اور دیوانِ سوم کا ایک ایسا نسخہ بھی رضا لائبریری رام پور میں موجود ہے، جس کی کتابت ۱۲۱۱ھ ہی میں "بتاریخ بست و نہم رجب المرجب، بروزِ یک شنبہ" مکمل ہوئی ہے، ہمیں اس دلیل کے مسکت ہونے سے اتفاق نہیں، کیونکہ اشعار میں کبھی بر بنائے مبالغہ اور کبھی ضرورتِ شعری کے تحت حقیقتِ حال سے انحراف یا تجاوز کی گنجائش بہرحال موجود رہتی ہے۔ علاوہ بریں جہاں تک کلیات و دواوین کا تعلق ہے، نہ تو کسی خارجی شہادت کی بنیاد پر ان کی ایک ایک غزل یا شعر کی تصنیف کا زمانہ قطعیت کے ساتھ متعین کیا جا سکتا ہے اور نہ دو چار داخلی شہادتوں کی روشنی میں ایک دیوان یا مجموعۂ کلام کی تمام تخلیقات کو کسی خاص زمانے سے منسوب کر دینا مناسب ہے۔ اپنی بات کی وضاحت کے لیے ہم یہاں مصحفی ہی کے کلام سے چند مثالیں پیش کرتے ہیں:

صدیقی صاحب کے بقول مصحفی کا تیسرا دیوان ۱۲۱۱ھ (۹۷-۱۷۹۶ء) میں مکمل ہوا تھا اور وہ اس سے برسوں پہلے ۱۱۹۸ھ (۸۴-۱۷۸۳ء) میں لکھنؤ آ کر وہاں مستقل سکونت اختیار کر چکے تھے۔ اس کے بعد ان کا دلی جانا کسی معتبر ذریعے سے ثابت نہیں۔ اس کے باوجود دیوانِ چہارم میں جو بالیقین ۱۲۱۱ھ (۹۷-۱۷۹۶ء) کے بعد مرتب ہوا ہوگا، یہ دو اشعار موجود ہیں ؎

دن پھرے اس کے کہ پھر دلی میں آیا مصحفی — ایک مدت کا یہ اپنے شہر سے آوارہ تھا

بدرپور تک مصحفی تو آن پہنچا ہے تو کیا — بیٹھ مت رہیو ابھی اے یار دلی دور ہے

بظاہر یہ دونوں غزلیں یا ان کے زیادہ تر اشعار ۱۱۸۶ھ (۷۳-۱۷۷۲ء) میں لکھنؤ سے دلی کی

طرفِ مراجعت کے زمانے میں کہے گئے ہوں گے۔ لیکن کسی مجبوری یا سہو کی بنا پر دیوانِ اول یا دیوان دوم میں جگہ نہیں پا سکے اب اگر ان غزلوں یا اشعار کی بنیاد پر دیوانِ چہارم کے زمانۂ ترتیب کا تعین کیا جائے تو یہ کسی طرح درست نہ ہوگا۔

دیوانِ ششم روایتِ عام کے بموجب ۱۲۲۴ھ (۱۸۰۹ء) میں مرتب ہوا ہے۔ اس کی ایک غزل کے مندرجہ ذیل مقطع سے بھی یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس کی تصنیف کے وقت مصحفی دلّی میں موجود تھے

میاں مصحفی کیا خاک لگے دلّی میں اب دل　　　یہ بستی گئی کچھ اجڑ ایسی کہ نہ پوچھو

ہمارے استدلال کے برخلاف ان داخلی شہادتوں کی روشنی میں یہ رائے بھی قائم کی جا سکتی ہے کہ ۱۱۹۸ھ/۸۴-۸۳ ۱۷ء میں لکھنؤ میں مستقل سکونت اختیار کر لینے کے باوجود مصحفی نے دلّی سے یکسر قطعِ تعلق نہیں کیا تھا اور وہ کبھی کبھی وہاں جاتے رہتے تھے۔ یہ الگ بات ہے کہ خارجی شواہد موجود نہ ہونے کی وجہ سے ہم اُن کے ان اسفار سے باخبر نہیں۔ لیکن مندرجہ ذیل مقطع کے معاملے میں اس قسم کے کسی اختلاف کی گنجائش نظر نہیں آتی ؂

مصحفی دلّی کو لکھ بھیجی تھی میں نے یہ غزل　　　سچ بتا سن کر اسے دردؔ و اثرؔ نے کیا کہا

یہ مقطع دیوانِ پنجم کی ایک غزل سے منقول ہے۔ سرسری اندازے کے مطابق یہ دیوان ۱۲۲۰ھ/۱۸۰۵ء کے آس پاس مرتب ہوا ہوگا۔ لیکن اس مقطع میں جن دو بزرگ شعرا کا ذکر آیا ہے ان میں سے خواجہ میر دردؔ جمعہ، ۲۴ صفر ۱۱۹۹ھ (۷ جنوری ۱۷۸۵ء) کو رحلت فرما چکے تھے۔ جبکہ خواجہ میر اثرؔ کی وفات صفر ۱۲۰۹ھ (ستمبر ۱۷۹۴ء) کا واقعہ ہے۔ گویا یہ غزل ماہ صفر ۱۱۹۹ھ/جنوری ۱۷۸۵ء سے قبل کہی جا چکی تھی اس اعتبار سے اسے دیوانِ دوم یا زیادہ سے زیادہ دیوان سوم میں شامل ہونا چاہئے تھا۔ ان مثالوں سے یہ ظاہر کرنا مقصود ہے کہ زمانے کے تعین کے سلسلے میں اشعار پر پوری طرح انحصار گمراہ کن ثابت ہو سکتا ہے۔

اشعار میں مبالغے کی گنجائش اور حقیقت سے تجاوز کے امکان سے قطعِ نظر یہ بات بھی ذہن نشیں رکھنا ضروری ہے کہ مصحفی عمر کے تخمینے اور دوسرے زمانی فاصلوں کے تعین میں حسبِ ضرورت احتیاط اور توجہ سے کام لینے کے عادی نہیں۔ اس قسم کے معاملات میں ان سے جابجا جو غلطیاں سرزد ہوئی ہیں وہ بھی اس بات کی اجازت نہیں دیتیں کہ ان کی ہر یادداشت یا اندازے پر آنکھ بند کر کے اعتبار کر لیا جائے۔ خود جناب افسر صدیقی کو اس بات کا اعتراف ہے کہ "مصحفی عمر کا اندازہ کرنے میں کچھ زیادہ محتاط نہیں تھے"۔ اس سلسلے میں

موصوف نے شاہ حاتم کے بارے میں ان کے بیان کا حوالہ بھی دیا ہے جسے ہم کسی قدر تفصیل کے ساتھ یہاں پیش کرتے ہیں۔

"عقد ثریا" میں جو شعرائے فارسی کا تذکرہ ہے، مصحفی نے لکھا ہے کہ حاتم کی تاریخ تولد خود ان کے قول کے مطابق لفظ "ظہور" سے نکلتی ہے۔ اسی تذکرے سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ وہ ماہ رمضان المبارک ۱۱۹۷ھ (اگست ۱۷۸۳ء) میں فوت ہوئے۔[۱۱] لفظ "ظہور" سے ۱۱۱۱ھ (۱۶۹۹ - ۱۷۰۰ء) برآمد ہوتا ہے۔ اس اعتبار سے ان کی عمر تخمیناً چھیاسی برس ہوئی لیکن "تذکرۂ ہندی" میں انھی حاتم کے بارے میں ان کا بیان ہے کہ انتقال کے وقت ان کی عمر "قریب بہ صد پنج رسیدہ بود" گویا مصحفی کے نزدیک چھیاسی، ستاسی برس اور "قریب بہ صد" میں کوئی زیادہ فرق نہیں تھا۔[۱۲]

دیوانِ ششم کے دیباچے میں مصحفی نے جن تین شاعروں کے رویۂ شعری کے اتباع کا اعتراف کیا ہے، ان میں طالب علی عیشی بھی شامل ہیں۔ عیشی نے ۱۲۳۲ھ میں اپنے کلیات فارسی کے دیباچے میں لکھا ہے کہ اس وقت میری عمر ۳۵ سال ہو چکی ہے۔[۱۳] اس حساب سے ان کا سالِ ولادت ۱۱۹۷ھ قرار پائے گا مصحفی نے "ریاض الفصحا" میں ان کے بارے میں لکھا ہے کہ "عمرش تخمیناً از سی متجاوز خواہد بود" (ص ۲۱۴) اصولاً اسے تذکرے کے نقش اول کی تیاری کے زمانے یعنی ۱۲۲۱ھ یا اس سے پہلے کی تحریر ہونا چاہیے۔ اس وقت عیشی کی عمر چوبیس[۱۴] سال سے زیادہ نہ ہوگی جسے "متجاوز از سی" کہا گیا ہے۔ اس کے برعکس اگر اسے نظر ثانی کے وقت یعنی ۱۲۳۶ھ کی تحریر مانا جائے تو اس وقت عیشی انتالیس سال کے ہو چکے ہوں گے۔ دونوں صورتوں میں مصحفی کا اندازہ درست نہیں۔

"تذکرۂ ہندی" میں میر کا حال اس کی تکمیل کے وقت یعنی ۱۲۰۹ھ میں لکھا گیا ہے۔ یہاں ان کی عمر کے متعلق مصحفی کا بیان ہے کہ "تخمیناً قریب ہشتاد است"۔ (ص ۲۰۴) چونکہ دستیاب معلومات کے مطابق میر کی ولادت ۱۱۳۵ھ کے اواخر میں ہوئی تھی[۱۵] اس لیے اس وقت ان کی عمر چوہتر سال سے زیادہ نہ ہوگی۔

مصحفی نے فارسی کے دوسرے دیوان (در جواب نظیری) کی ابتدا زمانۂ قیام دہلی میں کی تھی۔ اس کی تکمیل لکھنؤ آنے کے بعد ۱۲۱۱ھ میں "عہد سلطنت شاہ عالم" اور "اوانِ دولت آصف الدولہ بہادر" میں ہوئی۔ یہ ان کی لکھنؤ میں آمد کا تیرہواں سال تھا لیکن اس دیوان کے دیباچے میں خود مصحفی کا بیان ہے کہ

"ایں دفتر دریں مدتِ پانزدہ سال یعنی قیامِ لکھنؤ بر طاقِ نسیاں افتادہ بود"[۲۳]

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ تیرہ سال کو پندرہ سال کہہ دینا مصحفی کے نزدیک کوئی غیر معمولی بات نہیں تھی۔

(۵)۔ افسر صدیقی صاحب کا ایک اعتراض یہ بھی ہے کہ "سن ولادت ۱۱۷۰ھ کو صحیح تسلیم کر لیا جائے تو اس کا کیا علاج ہے کہ مصحفی کے تیس سال کی عمر میں زبانِ فارسی کی تکمیل پورے ۱۲۰۰ھ میں ہوگی جب کہ وہ دہلی میں نہیں لکھنؤ میں تھے" ہمارے حساب کے مطابق مصحفی جس وقت لکھنؤ آئے ہیں وہ عمر کی اٹھائیس منزلیں طے کر چکے تھے۔ سطور بالا میں ان کے بیانات سے جو مثالیں پیش کی گئی ہیں ان کی روشنی میں دو سال کے اس فرق کی کوئی اہمیت باقی نہیں رہتی۔ یعنی اٹھائیس سال کو تیس سال لکھ دینا کوئی ایسی بات نہیں جس کی بنیاد پر کسی اہم فیصلے کو شک و شبہ کی نگاہ سے دیکھا جائے اور اس میں تبدیلی کی ضرورت محسوس ہو۔

(۶) ۱۱۷۰ھ کو سالِ ولادت مان لینے کی صورت میں صدیقی صاحب کے نزدیک "۱۱۸۴ھ میں بعمر ۱۴ سال نواب محمد یار خاں کے دربار میں قیام الدین قائم کے ساتھ (مصحفی کا) قیام اور ۱۱۸۵ھ میں لکھنؤ میں بعمر ۱۵ سال مرزا سودا کے ساتھ ان کی ملاقات بہت تعجب خیز ہو جاتی ہے"۔

مصحفی بقولِ خود جنگ سکرتال میں ضابطہ خاں کی شکست واقعہ یکم شوال ۱۱۸۵ھ (۷ جنوری ۱۷۷۲ء) کے بعد ٹانڈہ (ضلع رامپور) سے لکھنؤ روانہ ہوئے تھے[۵۰]۔ ٹانڈہ میں نواب محمد یار خاں امیر کے دربار میں انھوں نے اور قائم نے صرف تین ماہ کی مدت ایک ساتھ گذاری تھی[۵۱]۔ اندازہ یہ ہے کہ وہ امیر کے حضور میں ماہِ رجب ۱۱۸۵ھ (اکتوبر ۱۷۷۱ء) میں باریاب ہوئے ہوں گے۔ ہماری دریافت کردہ تاریخ ولادت کی رو سے اس وقت مصحفی کی عمر پندرہ سال تین ماہ ہوگی۔ اسے چودہ سال قرار دینا درست نہیں اسی طرح اس سے اگلے سال قیامِ لکھنؤ کے دوران سودا کی خدمت میں حاضری کے وقت وہ عمر کی سولہویں یا سترہویں منزل میں ہوں گے۔ مصحفی کے اپنے بیانات سے ثابت ہے کہ ایام مکتب نشینی ہی میں ان کے "شوقِ موزونی" کی ابتدا ہو چکی تھی، اس لیے پندرہ سال کی عمر میں شاعر کی حیثیت سے نواب محمد یار خاں امیر کی سرکار میں ان کی رسائی پر تعجب نہیں ہونا چاہیے۔ ان کی اس کم عمری کے باوجود قائم کا امیر کی غزلیں اصلاح کی غرض سے ان کے حوالے کر دینا بھی کوئی حیرت کی بات نہیں کیونکہ والیانِ ملک اور امراء و رؤسا جس طرح اور جس قسم کی شاعری کرتے رہے ہیں، وہ اہلِ علم سے پوشیدہ نہیں۔ جہاں تک سودا سے

ملاقات کا تعلق ہے، یہ کوئی دوستانہ یا مساویانہ نوعیت کی ملاقات نہیں تھی۔ مصحفی نے خود لکھا ہے کہ "فقیر .... روزے برائے دیدنِ این بزرگ بحد متش رسیدہ بود"۔

اس سلسلے میں یہ امر بھی قابلِ غور ہے کہ اگر مصحفی کے بعد کے دور میں مرزا غالب کا دس گیارہ برس کی عمر میں شعر کہنے لگنا اور بروایتِ عام تیرہ برس کی عمر میں شادی کے بندھن میں بندھ جانا، مشہور عالم مولانا احمد رضا خاں بریلوی کا چودہ سال کی عمر میں تعلیم سے فراغت کے بعد افتا کی ذمہ داریاں سنبھال لینا اور مولانا ابوالکلام آزاد کا گیارہ برس کی عمر میں "نیرنگِ عالم" کے نام سے ایک گلدستے کا جاری کرنا اور پندرہ سال کے سن میں پہلے "احسن الاخبار" کے ادارۂ تحریر میں شریک ہونا، بعدازاں ماہنامہ "خدنگ نظر" کی ترتیب میں شریک مدیر کی حیثیت سے نوبت رائے نظر کا ہاتھ بٹانا ممکن ہے تو مصحفی کا پندرہ سال کی عمر میں شعر و ادب کے کسی قدر شناس رئیس کی ملازمت حاصل کر لینا اور اس کے کلام پر اصلاح دینا کیونکر تعجب خیز ہو سکتا ہے۔

اس گفتگو کا ماحصل یہ ہے کہ مصحفی کے سالِ ولادت کے تعین کے سلسلے میں ہمیں ان کے اُن بیانات کو زیادہ اہمیت دینا چاہیئے جن میں اندازے کی کسی غلطی کی وجہ سے یا محض بربنائے سہو حقیقتِ حال سے انحراف کا کوئی امکان نظر نہیں آتا۔ اس لحاظ سے ان کے وہ اقوال جن سے ان کا "احمد شاہی" کے دوران اور بلبھ گڑھ میں پیدا ہونا معلوم ہوتا ہے، بنیادی حیثیت حاصل کر لیتے ہیں اور اسطرح اس حقیقت تک پہنچنے کا راستہ صاف ہو جاتا ہے کہ ان کی ولادت بلبھ گڑھ پر احمد شاہ ابدالی کے حملے کے زمانے میں یعنی ماہ جمادی الاخریٰ ۱۱۷۰ھ کے دوسرے ہفتے میں ہوئی ہو گی۔ اس فیصلے کی روشنی میں ۱۱۹۸ھ/ ۸۴ - ۱۷۸۳ء میں دہلی سے لکھنؤ میں ورود کے وقت ان کی عمر اٹھائیس سال قرار پائے گی جسے انھوں نے اندازے کے معاملے میں اپنی غیر محتاط روش کے عین مطابق تیس سال کہا ہے۔ اسی طرح دیوانِ ششم کے آخر میں زمانۂ تولد اور سنِ عمر سے متعلق اندراجات اور فہرستِ تصانیف کے اضافے کو اگر نسخۂ محمود آبادی کی کتابت یعنی صفر ۱۲۳۱ھ/ جنوری ۱۸۱۶ء سے عین قبل کی تحریر مان لیا جائے تو اس کے انطباق کے سلسلے میں بھی کوئی خلط مبحث پیدا نہ ہو گا۔ "مجمع الفوائد" کا نام چونکہ دیوان ششم کے دیباچے کے آخر میں درج متذکرہ فہرست تصانیف میں شامل نہیں، اس لیے بحالتِ موجودہ اسے صفر ۱۲۳۱ھ/ جنوری ۱۸۱۶ء کے بعد کی تصنیف قرار دینا ہو گا۔ اس صورت میں "عرصۂ سی سال بلکہ زیادہ می گذرد کہ

بہ لکھنؤ قیام دارم" اور "سنہ عمر از شصت متجاوز است" کی تعبیر زیادہ بہتر طور پر کی جاسکے گی۔ رہا "ریاض الفصحا" میں سنِ عمر کے "قریب ہشتاد" ہونے کا معاملہ تو اگر اسے "قریب ہفتاد" کی تصحیف تسلیم نہ کیا جائے تب بھی اس کی یہ توجیہ کی جاسکتی ہے کہ ایک ایسے شخص کا جو چھیاسی یا ستاسی برس کی معلوم مدت کو "قریب بہ صد" کہہ سکتا ہے، چھیاسٹھ سال کو "قریب ہشتاد" لکھ دینا بعید از امکان اور باعث حیرت نہیں۔ علاوہ بریں اگر انتقال کے وقت مصحفی کی عمر ستر سال نہیں تھی تو صاحب رام کے قطعۂ تاریخ کا دوسرا مصرع بالکل بے معنی ٹھہرے گا کیونکہ ہم نے اس بحث کے آغاز میں اس کا جو مفہوم بیان کیا ہے، بظاہر اُس کے علاوہ اس کی کوئی اور تعبیر ممکن نہیں ہے۔ دونوں فاضل محققین جنھوں نے ہمارے معروضات سے اختلاف کیا ہے، اس پہلو کو یکسر نظر انداز کر گئے ہیں۔

حواشی

۱۔ ریاض الفصحا، مطبوعہ ۱۹۳۴ء ص ۲۸۸ (سنہ عمرم تا الی الیوم قریب ہشتاد رسیدہ باشد)

۲۔ بحوالہ ماہنامہ "نگار" "مصحفی نمبر (طبع ثانی، مطبوعہ کراچی) ص ۳۹

۳۔ مجمع الفوائد مخزونہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری لاہور، بحوالہ "تحقیقی مطالعے" از عطاء الرحمٰن عطا کاکوی حصہ اول، مطبوعہ پٹنہ، ستمبر ۱۹۶۵ء، ص ۶۷ و ۶۸

۴۔ عقد ثریا، مطبوعہ ۱۹۳۴ء ص ۱۳ و ۱۴ (فقیر ہمراہِ غلام علی خاں ولد بھکاری خاں ..... در سنہ یک ہزار و یک صد و نود و ہشت صعوبتِ سفر کشیدہ از شاہجہان آباد در لکھنؤ رسیدہ)

۵۔ نگار۔ مصحفی نمبر، طبع ثانی ص ۶

۶۔ دیباچۂ تذکرۂ شورش نسخۂ جون پور، بحوالہ "بازیافت" از ڈاکٹر محمود الٰہی و "دو تذکرے" مرتبہ کلیم الدین احمد جلد اول مطبوعہ پٹنہ، ۱۹۵۹ء ص ۱۲۱۔

۷۔ بحوالہ "میر کی آپ بیتی" مترجمہ نثار احمد فاروقی شائع کردہ مکتبۂ برہان دہلی، نومبر ۱۹۵۷ء، حاشیہ ص ۱۱۲ و ۱۱۳۔

۸ مولوی عبدالقادر خان نے ۱۲۳۰ھ/ ۱۸۱۵ء سے قبل مصحفی سے ان کے گھر پر "تفصیلی ملاقات" کی تھی۔ اسی ملاقات کے بیان میں انھوں نے لکھا ہے: "می گفت کہ مولدش ہم گرہ است کہ متصل شاہجہان آباد است۔" بحوالہ "دستور الفصاحت" مرتبہ مولانا امتیاز علی عرشی حاشیہ ص ۹۲۔

۹ ریاض الفصحا ص ۲۸۷ (تکمیل فارسی و نظم و نثر اس بہ شاہجہان آباد در سی سالگی بخوبی میسر آمدہ بود)

۱۰ مجموعہ نغز، مرتبہ پروفیسر محمود شیرانی، مطبوعہ لاہور، ۱۹۳۳ء جلد دوم ص ۱۸۹۔

۱۱ نگار، مصحفی نمبر، حاشیہ ص ۴۴۔

۱۲ مصحفی ـــ حیات و کلام، شائع کردہ مکتبہ نیا دور کراچی ص ۳۴ تا ص ۳۸

۱۳ بحوالہ "تحقیقی مطالعے" حصہ اول ص ۶۷۔

۱۴ جلوۂ خضر، جلد دوم، مطبوعہ مطبع نور الانوار آرہ، ۱۸۸۵ء، ص ۳۷

۱۵ تحقیقی نوادر، شائع کردہ اردو پبلیشرز، لکھنؤ، ستمبر ۱۹۷۴ء، مقابل ص ۱۶۰

۱۶ ایضاً عکس مشمولہ "تحقیقی نوادر" مقابل ص ۱۶۰

۱۷ بحوالہ "نگار" مصحفی نمبر ص ۴۵

۱۸ مصحفی ـــ حیات و کلام ص ۳۰

۱۹ عقد ثریا ص ۲۳

۲۰ تذکرہ ہندی ص ۸۱ (عمرش قریب بہ صد رسیدہ بود)

۲۱ دیباچۂ کلیات عیشی مخزونہ بنارس ہندو یونیورسٹی لائبریری وارانسی

۲۲ دلی کالج میگزین میر نمبر مطبوعہ ۱۹۶۲ء ص ۲۸

۲۳ بحوالہ سہ ماہی "اردو" کراچی شمارہ اپریل ۱۹۶۷ء ص ۶۰

۲۴ تذکرہ ہندی ص ۱۴

۲۵ ایضاً تذکرہ ہندی ص ۱۷۹ ، ۲۶ ایضاً تذکرہ ہندی ص ۱۲۵ و ۱۲۶

۲۷ اس سلسلے میں جناب امیر احمد علوی کا ارشاد ہے: خیال ہوتا ہے کہ "دہم" غلطی کتابت ہے، "ششم" چاہئے۔ شاید مصحفی کی حیات میں چھ ہی دیوان مرتب ہوئے تھے اور ساتویں کی ترتیب بعد وفات ہوئی۔ یہ تاویل خلاف واقعہ بھی ہے اور دور از قیاس بھی۔

●●

ڈاکٹر نور الحسن نقوی

مصحفی کا سال ولادت

مصحفی کے سال ولادت کے سلسلے میں محققین نے مختلف اندازے لگائے ہیں اور وثوق کے ساتھ کسی ایک سال کا تعین کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ تصانیف کی ایک بڑی تعداد مصحفی سے یادگار ہے مگر کسی سے بھی ان کی زندگی کے اہم واقعات پر خاطر خواہ روشنی نہیں پڑتی۔ ایک درجن اردو اور فارسی دواوین کے علاوہ اردو اور فارسی شعرا کے تین تذکرے بھی انھوں نے ترتیب دیے۔ جب تک مجمع الفوائد کا نسخہ دستیاب نہیں ہوا تھا اور ان کا صرف یہ بیان پیش نظر تھا کہ میرے حسب و نسب کا حال مجمع الفوائد سے معلوم ہوگا۔ (ریاض الفصحا/۳۰۰) تو یہ امید تھی کہ جس دن اس تصنیف تک رسائی ہوگی اس دن سارے عقدے حل ہو جائیں گے مگر اس کے دستیاب ہونے کے بعد مکمل مایوسی ہوگئی۔ جو شواہد موجود ہیں ناچار انھی کی روشنی میں حیاتِ مصحفی سے متعلق جملہ امور کا فیصلہ کرنا پڑتا ہے۔

مصحفی کہیں بھی بہ صراحت اپنا سنہ ولادت تحریر نہیں کرتے اور لطف کی بات یہ ہے کہ نثر و نظم دونوں میں جا بجا اپنی عمر بتاتے چلتے ہیں لیکن ان بیانات میں اتنا تضاد ہے کہ کوئی صحیح نتیجہ نکالنا ممکن نہیں۔ مثلاً "ساٹھ سے زیادہ"، "اسّی کے قریب"، "ستّر سے کم" وغیرہ۔ اس طرح کے غیر محتاط بیانات مسئلے کو سلجھانے کے بجائے اور الجھا دیتے ہیں۔ بے شک وہ ایک معتبر تذکرہ نگار ہیں لیکن زمانے کے تعین میں بیحد غیر محتاط۔ دیوانِ فارسی (در جواب نظیری) کے دیباچے مکتوبہ ۱۲۱۱ھ میں اطلاع دیتے ہیں کہ پندرہ سال سے لکھنؤ میں مقیم ہوں حالانکہ اس وقت لکھنؤ آئے ہوئے تیرہ برس ہوئے تھے۔ جانتے تھے کہ شاہ حاتم کا تاریخی نام "ظہور" تھا اور ۱۱۹۷ھ میں انھوں نے وفات پائی لیکن لکھتے ہیں کہ وفات کے وقت ان کی عمر سو کے لگ بھگ تھی۔ وفات کے وقت حاتم کی عمر چھیاسی ہوتی ہے۔ جس کا تاریخی نام معلوم ہو اور سالِ وفات بھی اس کی عمر کا تعین دشوار نہیں مگر مصحفی اس طرف توجہ ہی نہیں کرتے اور دس پندرہ برس کے فرق کو غیر اہم خیال

کرتے ہیں۔ بہر حال مصحفی کی اس افتادِ طبع کو ملحوظ رکھتے ہوئے ان کے بیانات پر غور کرنا اور صحیح نہیں تو تقریباً صحیح نتیجے پر پہنچنا ہوگا۔

اپنی عمر کے سلسلے میں مصحفی کا سب سے واضح بیان دیوانِ ششم کے دیباچے میں موجود ہے۔ خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ کے نسخے میں دیباچہ شامل ہے۔ اس میں لکھا ہے —— "سنہ ہجری نبوی در بلدۂ لکھنؤ تحریر یافت" لیکن افسوس سال درج نہیں۔ اس دیوان کا ایک نسخہ راجا صاحب محمود آباد کے کتب خانے میں محفوظ ہے۔ اس میں سنہ تصنیف ۱۲۲۴ھ درج ہے۔ ڈاکٹر اکبر حیدری کشمیری نے اپنی کتاب "تحقیقی نوادر" میں اس کا تفصیلی تعارف کرایا ہے اور آخری صفحے کا عکس بھی کتاب میں شامل کیا ہے۔ ہندسے صاف نہیں پڑھے جاتے لیکن ڈاکٹر حیدری نے اصل نسخے کو دیکھ کر سنہ لکھا ہے۔ داخلی شواہد سے بھی اس سنہ کی تصدیق ہوتی ہے۔ اس دیوان میں جرأت کی تاریخ وفات "ہوگئی کیا بلبلِ نالاں خموش" شامل ہے۔ اس مصرعے سے ۱۲۲۴ اس طرح برآمد ہوتے ہیں کہ ہوگئی میں "ی" کے عدد دو بار جوڑے جائیں۔ میر کا قطعۂ وفات بھی اس دیوان میں موجود ہے۔ تاریخ اس طرح نکالی گئی ہے۔

از سرِ درد مصحفی نے کہا — حق میں اس کے موا نظیری آج

۱۲۲۵ = ۱۲۲۱ + ۴

قیاس ہے کہ یہ قطعہ دیباچہ تحریر کرنے کے بعد کہا گیا اور اگلے دیوان یعنی دیوان ہفتم کا ہنوز وجود نہیں تھا، اس لیے دیوان ششم میں شامل کر دیا گیا۔

دیوان ششم کے دیباچے میں مصحفی اپنی ولادت اور عمر کے بارے میں لکھتے ہیں ——

"تولّد من در احمد شاہی است۔ تا الیوم عمرم از شصت متجاوز خواہد بود"

احمد شاہ ۲ / ربیع الاول ۱۱۶۱ھ (۱۹ / اپریل ۱۷۴۸ء) کو تخت نشین ہوا اور ۱۰ / شعبان ۱۱۶۷ھ (۲ / جون ۱۷۵۴ء) کو اس کا دورِ حکومت ختم ہوا۔ اس طرح اس کا عہد چھ سال کو محیط ہے۔ یہ فرض کرنا شاید درست نہیں کہ ان چھ برسوں میں سے کسی ایک برس ان کی ولادت ہوئی۔ کون سا واقعہ کب پیش آیا اسے یاد رکھنے کی قدیم اور کارگر تدبیر یہ ہے کہ اسے کسی اہم واقعے سے جوڑ دیتے ہیں۔ ۱۸۵۷ء ہمارے ملک کی تاریخ میں ایک یادگار سال ہے۔ بیشمار واقعات ہیں جن کا ذکر کتابوں میں اس طرح ملتا ہے کہ یہ ۱۸۵۷ء سے سال بھر پہلے کی بات ہے یا دو سال بعد کی بات ہے۔ خود مصحفی کے وطن امروہہ میں ایک ٹرین کے

غرقاب ہونے کا حادثہ پیش آیا تھا۔ اس کے نصف صدی بعد تک اس بستی کے لوگ اس حادثے کے حوالے سے واقعات کا تعین کرتے رہے۔

مصحفی نے اپنے بزرگوں سے سنا ہوگا کہ جس سال احمد شاہ تخت نشین ہوا اسی سال ان کی ولادت ہوئی۔ یہ بات ایسی تھی کہ بہ آسانی ان کے ذہن میں محفوظ رہ گئی اور انھوں نے دہرا دی۔ گویا مصحفی کا سال ولادت ۱۱۶۱ ہجری ہے اور اغلباً ۱۲؍جمادی الاول کے بعد۔ سنہ عیسوی کے حساب سے ۱۹؍اپریل ۱۷۴۸ء یا اس کے چند ماہ بعد۔

یہ تو ہوئی ۱۱۶۱ھ/۱۷۴۸ء کو سال ولادت قرار دینے کی بنیادی وجہ۔ اب یہ دیکھنا چاہیے کہ ان کے دوسرے بیانات سے اس تاریخ کی کس حد تک تائید یا تردید ہوتی ہے۔ تاوقتیکہ کئی بیانات اس کی تکذیب نہ کردیں کوئی وجہ نہیں کہ اسے درست نہ مانا جائے۔

——— دیوان ششم کے دیباچے کی تصنیف کے وقت یعنی ۱۲۲۴ھ میں وہ اپنی عمر ساٹھ سے متجاوز بتاتے ہیں۔ ۱۱۶۱ھ کو سالِ ولادت ماننے کی صورت میں اُس وقت ان کی عمر ترسٹھ برس یعنی ساٹھ سے کچھ زیادہ ہوتی ہے۔

——— ۱۲۰۱ھ کے مندرجہ ذیل قطعے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت ان کی عمر چالیس تھی۔

جب خاک میں مل گئی جوانی کی بہار ۔۔۔ بیٹھا سر و رو پہ آکے پیری کا غبار
چالیس برس تو خوابِ غفلت میں کٹے ۔۔۔ اے مصحفی اب تو ٹک کہیں ہو بیدار

۱۱۶۱ھ کو سنہ ولادت تسلیم کرنے کی صورت میں ۱۲۰۱ھ میں ان کی عمر پورے چالیس سال ہوجاتی ہے۔

——— دیوانِ سوم کے ترقیمے سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۲۱۱ھ میں اس کی کتابت ہوئی۔ دیوان کے آخر میں نواب رام پور کی فتح پر کہا گیا ایک قطعہ ہے جس کے اس مصرعے سے

"فتح آصف کی ہوئی دشمنِ بے دیں بھاگا"

۱۲۰۹ھ ہاتھ آتے ہیں۔ مطلب یہ کہ اس سال یا اس کے ایک دو سال بعد یہ دیوان مکمل ہوا۔ اس دیوان کے دو شعروں میں اپنی عمر پچاس کے آس پاس بتاتے ہیں۔

اے مرگ طے منزل خمسین بھی ہو چکا ۔۔۔ اب تو مجھے عذابِ سفر سے نکالیے

(دیوان سوم، غزل ۲۲۴، شعر ۵)

ہر چند سال عمر پہ خمسیں قریں ہوئے　　جھگڑا نہ زندگی کا چکا مصحفی ہنوز
(دیوان سوم، غزل ۲۸۰، شعر ۱۲)

۱۲۱۱ سے ۵۰ منہا کیے جائیں تو ۱۱۶۱ بچتے ہیں۔

——— ۱۲۱۱ھ میں دیوان سوم کی تکمیل کے بعد مصحفی دیوان چہارم کی طرف متوجہ ہوئے۔ اس دیوان میں آصف الدولہ کی وفات کا ذکر کرتے ہیں۔

رونق تھی لکھنؤ میں تو آصف سے مصحفی　　اب کیا کرے گا رہ کے کوئی اس دیار میں

آصف الدولہ کا انتقال ۲۸ ربیع الاول ۱۲۱۲ھ/ ۲۰ ستمبر ۱۷۹۷ء کو ہوا۔ اسی دیوان میں مصحفی کی خادمہ بی بولن کی دختر گنّو کی موت پر کہا گیا قطعۂ تاریخ وفات شامل ہے۔ "داغ کیسا یہ دے گئی گنّو" سے ۱۲۲۱ برآمد ہوتے ہیں۔ گویا دیوان پنجم اس کے بعد تصنیف ہوا۔ دیوان پنجم کے ایک شعر میں اپنی عمر ساٹھ سال بتاتے ہیں۔ شعر یہ ہے ———

ہوئی بہ رنج و محن میری شصت سال کی عمر　　لگے نہ تیر سی کیوں دل میں اس کمال کی عمر

۱۲۲۱ میں سے ۶۰ منہا کر دیے جائیں تو ۱۱۶۱ بچتے ہیں۔ یہی مصحفی کا سنہ پیدائش ہے۔ شعر ۱۲۲۱ کے دو ایک سال بعد کہا گیا ہو تو بھی زیادہ فرق نہیں پڑتا۔

——— تذکرہ ریاض الفصحا کی تکمیل ۱۲۳۶ھ میں ہوئی۔ قرین قیاس یہی ہے کہ کتاب مکمل ہو جانے پر ہی انھوں نے اپنا حال لکھا ہوگا یا پہلے لکھا ہوگا تو تکمیل کے بعد اس پر نظر ثانی تو ضرور کی ہوگی۔ اس وقت ان کی عمر چھہتر[۷۶] سال کے قریب ہوتی ہے۔ وہ خود اس کے قریب بتاتے ہیں جو غلط نہیں۔

——— مجمع الفوائد میں بتاتے ہیں کہ لکھنؤ آئے ہوئے تیس برس سے زیادہ گزرے۔ دوسری بار لکھنؤ ۱۱۹۸ھ میں پہنچے۔ اس طرح مجمع الفوائد کا زمانۂ تصنیف ۱۲۲۸ یا اس کے کچھ بعد قرار پاتا ہے۔ ۱۱۶۱ھ سال ولادت مان لیا جائے تو اس وقت ان کی عمر سٹسٹھ[۶۷] برس کی ہوتی ہے۔ وہ خود ساٹھ سے زیادہ بتاتے ہیں۔ یہ ہم دیکھ ہی چکے کہ پانچ سات برس کی کمی و بیشی کو وہ خاطر میں نہیں لاتے۔

اتنی شہادتوں کے بعد یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ وہ ۱۱۶۱ ہجری میں پیدا ہوئے اور غالباً اوائل جمادی الاولیٰ کے بعد یعنی ۱۹ اپریل ۱۷۴۸ء کو یا اس کے کچھ بعد۔ ۱۲۴۰ھ/ ۱۸۲۴ء میں انھوں نے وفات پائی۔ اس وقت ان کی عمر ایک کم اسی برس تھی۔ ہماری رائے کی تائید میں آخری دلیل یہ ہے کہ اپنے آٹھویں ناتمام دیوان میں وہ اپنی عمر اسی بتاتے ہیں۔

قریب ساحل آ پہنچی ہے کشتی　　غنیمت ہے کوئی دم زندگانی
ہیں اے مصحفی اسی برس میں　　نہیں اب اعتماد عمر فانی
(دیوان ہشتم، غزل ۱۲۲، شعر ۱۵، ۱۶)

●●

ڈاکٹر محمد حسن

مصحفی میری نظر میں

سب سے پہلا کام مصحفی کو محمد حسین آزاد کی آبِ حیات سے آزاد کرانے کا ہے اس کے بغیر مصحفی کا مطالعہ بے معنی ہے۔ غلطی کچھ تو محمد حسین آزاد کی ہے کچھ خود ہماری کہ ہم نے آبِ حیات کو اردو شاعری کی تاریخ کی حیثیت سے پڑھنا اور سمجھنا شروع کر دیا۔ حالانکہ خود آزاد نے اس تصنیف کو بزرگ اہلِ قلم کی زندگی کی بولتی چالتی چلتی پھرتی تصویروں کو سامنے "لاکھڑی کرنے ہی کا وسیلہ جانا تھا گویا یہ تاریخ ادب کی صنف سے زیادہ قلمی چہرے یا ادبی مرقع ہے۔ پھر ہوا یوں کہ مصحفی کے بارے میں چٹخارے دار قصے جو آبِ حیات میں محمد حسین آزاد کے جادو نگار قلم سے ایسے رواج پذیر ہوئے کہ مصحفی کی شاعری سے زیادہ مصحفی کی شخصیت اور انشا سے ان کے درباری اور مجلسی جھگڑے زیادہ مقبول ہو گئے اور جب طنز و تضحیک یا ادبی معرکہ آرائی اور تماشا ہی کی اہمیت ہو جائے تو کلام کو کون پوچھے گا اور شاعری کا مرتبہ کون آنکے گا؟! لہٰذا مدتوں مصحفی کے دیوان منہ پھوڑائے کونے کھدرے میں پڑے رہے۔

مدتوں بعد حسرت موہانی نے انتخاب سخن میں ان کا انتخاب شائع کیا پھر فراق نے غالباً اِدھر اُدھر کی چند غزلوں پر اپنی دیدہ وری سے مضمون لکھ ڈالا کہ اس کا مقصد مصحفی کو جانچنا تو تھا نہیں بلکہ مصحفی سے خود بحیثیت شاعر فیض اٹھانے کی راہ تلاش کرنی تھی پھر یونیورسٹیوں میں ادبی تحقیق کی روش چل نکلی تو ڈاکٹر نورالحسن نقوی نے ان کی کلیات شائع کی یہ مصحفی شناسی کی دورِ حاضر میں ابتدا تھی۔

مگر سچ یہ ہے کہ کسی نہ کسی طور محمد حسین آزاد کی آبِ حیات کی رائے زنی کا پرتو ان سب پر کسی نہ کسی زاویے سے قائم رہا۔ یعنی مصحفی امروہہ کے ایک ایسے شاعر ہی رہے جو اپنے دور کے ادبی ذوق میں تو گھلے ملے تھے (اتنے اور ایسے کہ ان کی الگ پہچان بھی دشوار تھی) اور کچھ انفرادیت حاصل تھی تو ان کے تین تذکروں اور شاگردوں کی تعداد کی بنا پر تھی۔ ایسے شاعر تھے جو دہلی کے رنگ میں رنگے گئے اور وہاں سے لکھنؤ کے نئے شعری کلچر میں ڈھلنے کی یا اس شعری کلچر کی بنیادیں استوار کرنے کی کوشش میں لگے رہے اور اسی دوران انشا جیسے چالاک اور منہ زور کے رعب میں آگئے۔ یہ سب تو ہوا مگر اس سب سے الگ کر کے یہ کسی نے نہ دیکھا (یا بہت کم لوگوں نے دیکھا) کہ آخر مصحفی کی شاعری کیا کہتی ہے۔ اس میں کوئی انوکھا پن کوئی سریلا بول کوئی رنگ سخن کوئی نرالا نغمہ ہے بھی یا محض روایتی مزاج ہے۔

اب اس قصّے کو لے کر بیٹھیں تو مصحفی پر کم سے کم ایک طویل مقالہ بلکہ ایک پوری کتاب مکمل ہو جائے گی۔ یہ مصحفی کا حق بھی ہے کہ آبِ حیات کی رایوں کو نظرانداز کر کے کوئی آج کا لکھنے والا خود مصحفی کی شاعری کو پرکھے اور اس کی بھلائی برائی کو جانچے۔ اور اس جانبداری کے ساتھ ان کی شان میں اور ان کی شاعری کی مدح میں قصیدہ نہ پڑھے جو ہمارے یہاں عام دستور رہا ہے۔ مصحفی کے کلام کو خود ان کا یعنی مصحفی کا کلام ہی سمجھ کر پڑھے اور سمجھے اور ان کے دور کے سیاق و سباق میں سمجھے پھر اسے اپنی سمجھ بوجھ سے اپنے دور کے مزاج اور اس کے آئین و اسلوب پر پرکھنے کی کوشش کرے کہ اب یہ اشعار محض دفترِ پارینہ ہو چکے ہیں یا ابھی دلوں کو چھوتے ہیں۔

اوروں کی بات نہیں کرتا خود اپنی حالت یہ ہے کہ مصحفی کے بعض اشعار میں ایسی کیفیت ضرور پاتا ہوں جو ہے اختیار کرتی ہے شاعری کا کمال یہ ہے کہ وہ بعض خیال کی ندرت ہی سے دلوں پر حکمرانی نہیں کرتی بلکہ اس خیال کی ادائگی ایسی تصویروں اور تاثر پاروں کے ذریعے کرتی ہے (اور یہ تصویریں اور تاثر پارے محض لفظوں سے بناتی ہے) کہ خیال خود ایک زندہ پیکر بن جاتا ہے اور تصور اور خیال ہی

نہیں ان کے ساتھ متعلقہ تصاویر بھی شعور کا حصہ بن جاتی ہیں اور مدتوں تڑپاتی ہیں۔

مدتیں ہوئیں عابد علی عابد نے ایک ناول کا غالباً ترجمہ شائع کیا تھا نام تھا لیلیٰ۔ اس کا ایک باب مصحفی کے دو اشعار سے شروع ہوتا تھا اور ان دو اشعار میں وہ کیفیت تھی جو آج بھی پوری فضا میرے لیے پھر سے زندہ کر دیتی ہے۔

کسی کو شوخیٔ انداز سے اپنی لگا رکھا | کسی کو منہ چھپا کر غمزۂ آواز سے مارا
غزل سنتے ہی میری یہ مغنی کی ہوئی حالت | کہ اس نے ساز مارا سر سے اور سر ساز سے مارا

ان اشعار کے پیچھے جو مجلسی رنگ ہے وہ مصحفی کے روایتی تصور سے مختلف ہے۔ یہاں کوئی درویش منش صوفی مشرب صلح پسند خلوتی نہیں ہے بلکہ زندگی کی رنگینیوں اور سرمستیوں سے بیخود و سرشار ہونے والے انسان کی کیفیت کا ذکر ہے۔ بقول احتشام الایمان ''جسے حسن سے بھی لگاؤ ہے جسے زندگی بھی عزیز ہے''۔ پھر وہ تھوڑا سا پیچ دار شعر:

چلی بھی جا جرس غنچہ کی صدا پہ نسیم | کہیں تو قافلۂ نو بہار ٹھہرے گا

اس شعر پر لکھنؤ یونیورسٹی کے اردو اساتذہ میں ایک بار خاصی بحث چلی تھی۔ بعض نے اسے گنجلک بتایا۔ بعض نے مہمل بعض نے اس کے معنی نکالے اور اسکی پہلو داری پر زور دیا۔ مگر اس شعر کی فضا آفرینی اس کی تازگی اور اس کی بلیغ اشاریت۔ خود ایسی جمالیاتی کیفیت پیدا کرتی ہے کہ پڑھنے والا اس طلسمات کے مزے لیتا رہے۔ قافلۂ نوبہار کے ساتھ جرس غنچہ کی صدا پر نسیم کا مسلسل سفر۔ اور کبھی نہ کبھی اور کہیں نہ کہیں ٹھہرنے کی امید پر خود یہ سفر بے سنگ و میل کے ساتھ افسوں ساز استعارہ ہے!

اور پھر معاملات حسن و عشق کے وہ دو بے محابا اشعار جنھیں جب بھی پڑھئے ایک نئی کیفیت پائیے۔

تنہا نہ وہ ہاتھوں کی حنا لے گئی جی کو | مکھڑے کو چھپانے کی ادا لے گئی جی کو
یاں لعل فسوں ساز نے باتوں میں لگایا | دے پیچ ادھر زلف اڑا لے گئی جی کو

مگر اس غزل کے دو شعر ہی کیوں (گو ان کی فضا اور لہجہ زیادہ بے اختیارانہ ہے) اسی غزل کے آگے کے دو شعر بھی اسی رنگ کے ہیں:

جاتے تو گئے سوئے چمن اس کی گلی سے | پر جاتے ہوئے باد صبا لے گئی جی کو
شب مصحفی میں رقص کی محفل میں گیا تھا | اک شوخ کی واں جنبش پا لے گئی جی کو

متقطع کی بیان واقعہ والی کیفیت سے قطع نظر یہ پوری غزل لکھنؤ میں مصحفی کی زندگی کی آئینہ داری بھی کرتی ہے مگر اس کی اہمیت محض واقعاتی نہیں ہے یہاں نشاط کی وہ ابدی تلاش اور اس کی وہ مرئی تصویریں نظر آتی ہیں جو زندگی کو کیفیت نشاط بخشتی ہیں۔ اور ایسے بھرپور اور نشاط زیست سے معمور اشعار ہمارے سرمائے میں کتنے ہیں!!

ایسے ہی چند اور اشعار — اور یہاں ہیں مصحفی۔ جو شاعر میر کے دور میں خود میر کی طرح ان میں غزلیں لکھنے کی جرأت کر سکتا ہو اور زبان کی سادگی، بطانت اور سرمستی کو اپنا سکتا ہو وہ یقیناً ہمارے ماضی ہی کا زندہ اور تابندہ حصہ نہیں آج بھی ہمارے دل کی دھڑکن قرار دیا جا سکتا ہے۔

روایت تمام و کمال اپنائی نہیں جا سکتی ہمیشہ سے ہوتا آیا ہے کہ ماضی کا کچھ حصہ ہی آگے چلتا ہے۔ باقی ماضی ہی میں دفن ہو کر رہ جاتا ہے لیکن اگر آج بھی مصحفی کے چند اشعار ہمارے دلوں کی دھڑکن بننے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور انھیں ہم خلوت میں گنگنانے اور جلوت میں دہرانے کی جرأت اور جسارت ہی نہیں ضرورت محسوس کرتے ہیں تو مصحفی کی قدر و منزلت متعین کرنے کے لیے کافی ہے۔

میر کی شاعری کی نرمی، ٹھنڈک اور مٹھاس جن وسیلوں سے ہم تک پہنچی ہے ان میں یقیناً مصحفی اہم وسیلہ ہیں یہ اور بات ہے کہ اس وسیلے پر میر ہی کی نہیں خود مصحفی کی ذات کی کامرانی اور نارسائی دونوں کی مہریں لگی ہیں کہ انہی مہروں سے مصحفی کی پہچان ہوتی ہے۔

O

مصحفی دہلی سے لکھنؤ گئے تھے دہلی میں میر اور سودا کے رنگ سخن کا چرچا تھا بلکہ یہی رنگ دراصل شاعری کا روپ رنگ سمجھا جاتا تھا۔ یہی نہیں شاعروں کی کچھ اور بھی خصوصیات تھیں مثلاً شاگرد بننا اور شاگرد بنانا۔ مشاعرے پڑھنا اور اپنی شہرت کا اس منزل تک پہنچنا کہ بر سر مشاعرہ کوئی ان کو ٹوک نہ سکے ان کا کلام اور ان کی زبان مستند سمجھی جائے ان کا الگ اور منفرد لہجہ اور اسلوب ہو۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ ان کی واقفیت ایسی جامع ہو کہ وہ اپنے سبھی ہمعصروں اور متقدمین کا تذکرہ بھی مرتب کر سکیں۔ چنانچہ کہا جاتا ہے کہ سودا نے بھی شعرا کا ایک تذکرہ مرتب کیا تھا جو ضائع ہو گیا۔ میر کا نکات الشعرا اور تذکرہ میر حسن تو مشہور اور معروف ہیں ہی مگر اس دور کے متعدد اہم شاعروں نے تذکرے

مرتب کیے تھے۔

مصحفی نے ان سب روایتوں کو اپنایا۔ مشاعرے پڑھے، شاگردوں کی ایک فوج تیار کرلی۔ اردو اور فارسی شاعروں کے تذکرے لکھے غرض کہ اپنے زمانے کے رنگ ڈھنگ کے سانچے میں ڈھل گئے شاعری کے لیے ایک طرف تو ایسی کھلا وٹ والی زبان استعمال کی کہ اس پر میر اور سودا کی زبان کا شبہ ہو اور دوسری طرف وہ رنگینی اور کیفیت پیدا کرنے کی کوشش کی جو اس دور کا مزاج تھی۔

مگر ستم یہ ہوا کہ بے رحم زمانے نے ورق ہی پلٹ دیا اور ان سب خصوصیات کے ساتھ دلی چھوڑ کر لکھنؤ کا رخ کرنا پڑا یہ کام کچھ مصحفی نے انوکھا نہیں کیا تھا ان سے پہلے خود میر اور سودا دلی چھوڑ کر لکھنؤ آ بسے تھے۔ میر جعفر علی حسرت اور میاں قلندر بخش جرأت نے یہیں پڑاؤ ڈال لیا تھا مگر میر اور سودا اپنی نبٹر کر آئے تھے اور اپنے نام اور کام کے لیے معروف ہو چکے تھے اتنے اور ایسے کہ کسی کو ان کے فضل و کمال پر حرف گیری کرنے کی جرأت نہ ہوتی تھی اور جو جرأت کرتا بھی تھا وہ منہ کی کھاتا تھا۔ سودا نے میر محمد تقی اور میاں فدوی سے پہلے بھی ٹکر لی تھی اور میر نے تو اپنے چھٹ بھئے معاصروں کو اژدر نامہ لکھ کر ہی ختم کر دیا تھا۔

سچ یہ ہے کہ میر اور سودا نے اپنے سانچے میں اودھ کو ڈھال لیا۔ خود اس کے سانچے میں نہ ڈھلے۔ حد یہ ہوئی کہ وہ کبھی کسی دربار سے باقاعدہ منسلک بھی نہیں ہوئے اور کبھی ان معاصرانہ چشمکوں میں بھی نہیں پڑے جو کسی ایک امیر کے دربار سے وابستہ مختلف شاعروں میں ہوا کرتی تھیں۔ مگر مصحفی تک پہنچتے پہنچتے یہ فضا بدل چکی تھی اب تو فضل و کمال کا معیار ہی یہ رہ گیا تھا کہ حریف کو آپ کے فضل و کمال کے سامنے کچھ بولنے کی ہمت نہ ہو۔ گویا شاعرانہ کمال آپ کی عظمت کا پیمانہ بن گیا۔ آپ چاہیں تو دریوزہ عظمت کر لیں اور وہ بھی کسی سرکار دربار سے وابستہ ہو کر۔

مصحفی کے حالات زندگی بہت کم ہم تک پہنچے ہیں جو پہنچے ہیں ان میں نہ میر کے ذکر میر کی سی نجی کیفیت ہے نہ سودا کی سی وجاہت قیاس یہی کہتا ہے کہ دہلی میں مروجہ رنگ سخن میں کمال حاصل کرنے کی تگ و دو میں لگے رہے اور پھر لکھنؤ میں اسی رنگ سخن کو نکھارنے اور سنوارنے میں مصروف ہو گئے۔ زمانہ کی تبدیلیوں پر سے نگاہ ہٹ گئی شاید ضرورت نہ سمجھی یا مزاج بن چکا تھا کہ آسانی سے تبدیل کرنا ممکن نہ تھا بارے جب انشا کے مقابل ہوئے تو یہ فرق سامنے آیا۔ یہ پرانے اور نئے دور کے مزاج

کا فرق تھا۔ اور ظاہر ہے کہ وقتی طور پر اسی سے فتح نئے دور ہی کی ہوئی۔

پرانے رنگ شاعری میں بھی مصحفی کی کامیابی بے داغ اور بے مثال نہیں تھی۔ ان کے مصرعوں کی تراش خراش تو ایسی ہے جس پر جہاں تہاں میر کا گمان ہوتا ہے مگر جب دوسرا مصرعہ لگاتے ہیں تو یہ طلسم سنبھالے نہیں سنبھلتا اور نقل اور اصل کا فرق واضح ہو جاتا ہے۔ مصحفی کا المیہ یہی ہے کہ وہ بدلتے ہوئے موسموں کے درمیان رہے ہیں۔ مزاج کی مطابقت تھی تو پرانے طرز سے کی تھی کہ شاعری خود ذریعہ کمال سمجھی جاتی تھی اور اسی کمال کے طفیل نواب زادے اور امیر زادے خود ارمان کرتے تھے کہ ایسے صاحبان کمال ان کے در دولت سے وابستہ ہوں اور اس کے مقابلے میں طرز تمدن ایسا ملا جسے اب شاعرانہ کمال میں ایسے جوہر پیدا کرنے کی فکر تھی جو امیر زادوں اور نواب زادوں کے درباروں اور ان کے ارد گرد پھیلے ہوئے علما و فضلا سے داد پا سکیں گویا اب سند ہو گئی علما و فضلا کی داد و ستایش اور علما و فضلا میں اکثر ایسے تھے جن کی دسترس واردات قلبی کے بے ساختہ پن تک نہ تھی صرف لفظی بازیگری کے کمال تک تھی۔ یہی وجہ ہے کہ مصحفی اعلیٰ مصرعوں کے شاعر ہیں بلند پایہ اشعار کے نہیں!

مثالیں کثرت سے دی جا سکتی ہیں پہلا مصرعہ اتنا بلند ہے کہ دوسرا مصرعہ اس کی گرد تک بھی نہیں پہنچتا یا پھر دوسرا مصرعہ اتنا بلند ہے کہ پہلا مصرعہ اس کی گرد تک نہیں پاتا یہ "شتر گربگی" یہ ناہموار مصرعہ اس دور کی ادبی تہذیبی اور فکری کشمکش کے آئینہ دار ہیں۔ گویا مصحفی اور ان کے دور کا ذوق ایک دوسرے سے دست و گریباں ہیں جہاں دونوں میں مفاہمت کی کوئی صورت پیدا ہو جاتی ہے، وہاں شعر کو بلندی اور بقول فراق، 'چھیلا پن' حاصل ہو جاتا ہے جہاں بات نہیں بنتی وہاں مصرعے تو بلند پایہ ہو جاتے ہیں مگر قدرت بیان کے باوجود دونوں مل کر شعر نہیں بن پاتے۔ زمانے کو اتنی فرصت کہاں کہ اس ناہمواری کا سبب دریافت کرے وہ تو صرف ایک ہی لفظ جانتا ہے جسے کامیابی کہا جاتا ہے ذرائع اور وسائل سے اسے کیا بحث! لفظوں کے پیچھے کارفرما ہمواریوں کا پتہ لگانے کی اسے کہاں فرصت!!

ستم یہ ہوا کہ جب اس زمانے کا ورق بھی پلٹا گیا تو بھی مصحفی کی اس ریزہ ریزہ شخصیت کو کوئی بہم کرنے والا نہ ملا۔ حد یہ ہے کہ ان سے کہیں زیادہ اس رنگ میں اکو وہ میاں آتش تک کی قدردانی ہوئی اور مصحفی کا صرف تماشا ہی لوگوں کو یاد رہا۔ لڑتے ہوئے آئے ہیں مصحفی اور مصحفن۔ اور اس کے

پیچھے جو شخصیت کی شکست وریخت کی پوری داستان تھی جس نے مصحفی ہی کو نہیں اس دور کے شعری ذوق کو ایسا پست کرایا کہ شاعرانہ کیفیت صرف مثنوی اور مرثیے تک محدود رہ گئی۔ ان کی طرف کسی کی نظر بھی نہیں گئی۔ ان کے اپنے دور ہی میں نہیں بعد کے ادوار میں بھی۔

دراصل مصحفی بدلتے ہوئے دور میں پرانے دور کے ادبی اقدار کے پاسدار تھے یہ اور بات ہے کہ انھیں بھی روٹی روزی کمانے کے لیے اپنے زمانے ہی کے طور طریقے اختیار کرنے پڑتے تھے جن پر زمانہ نہ جانے کب حرف آخر لکھ چکا تھا۔ متاع رفتہ، کے تصور کو سینے سے لگائے وہ نئے دور میں زندہ تھے اور پارینہ روایات کی پیروی اور نئے ذوق سخن کے تقاضوں کے درمیان مصحفی اپنے فن کمال کے ذریعہ زندہ رہنے کی کوشش کر رہے تھے۔ صورت حال کچھ وہی تھا جسے اکبر الہ آبادی نے اپنے طور پر اس طرح نظم کیا ہے ؎

سید اٹھے جو گزٹ لے کے تو لاکھوں لائے　　شیخ قرآن دکھاتے پھرے پیسہ نہ ملا

اپنی طبیعت کا عام انداز اور زمانے کی خوش طبعی اور بھکڑپن میں جو فرق تھا اس کے پیش نظر مصحفی نے مصالحت پیدا کرنے کی کوشش کی۔ کہیں بات بنی کہیں نہیں۔ اس میں ان کا اپنا رنگ سخن کہیں مجروح ہوا کہیں مضمون میں پستی آئی کہیں انداز بیان میں گنجلگ۔ مگر زمانے کا پست و بلند کب کسی کی سنتا ہے۔

آج ان کے کلام پر نظر کریں تو پھولوں کے ساتھ کانٹے بھی ہیں۔ مصحفی کے اپنے رنگ سخن کے ساتھ ساتھ زمانے کے چلن کی نشانیاں بھی ہیں کہیں زور طبیعت ہے تو کہیں دل لگی۔ اور کہیں کہیں دل کی لگی بھی نظم ہو گئی ہے۔ آج ان کے کلام پر محاکمے کا تقاضا ہے کہ اس دور کو پیش نظر رکھیں اور دلی اور لکھنؤ کی اجڑتی صحبتوں اور ابھرتی محفلوں کے بنتے بگڑتے مزاج کو بھی سامنے رکھیں کہ انھوں نے مصحفی کے کلام کو اپنے سانچے میں ڈھالا ہے۔

مصحفی کی عمر لگ بھگ ۸۰ برس ہوئی۔ اس طویل مدت میں جو مختلف زمانے آئے ان سب کا عکس ان کے کلام میں جلوہ گر ہے۔ بدلتے ہوئے ذوق سخن کی مہریں بھی جابجا لگی ہیں مگر اس سب کے باوجود مصحفی کی استادی اور ان کی قدرت الکلامی پر تو کوئی حرف نہیں آتا البتہ اس ردوبدل نے مصحفی کے کلام میں جو پست و بلند پیدا کیا ہے اس کا عکس ضرور سامنے آتا ہے۔ آج

مصحفی کو پڑھیں تو اس مصحفی کا بھی خیال رکھیں جو ان اشعار کے پیچھے مذاق عام کی تبدیلی کے باعث بے آواز رہ گیا اور پست و بلند کی اس بھول بھلیاں میں ایسا کھویا کہ آج اس کو بازیافت کی ضرورت محسوس ہونے لگی ہے کہ وہ ہمارے تہذیبی اور ادبی تسلسل کی ایک اہم کڑی ہے۔ ان کا یہ شعر ان کے مزاج ہی کا آئینہ دار نہیں ہے دلّی کے مہاجر شعراء کی آپ بیتی بھی ہے۔

ابر کی طرح سے کر دیویں گے عالم کو نہال
ہم جدھر جاویں گے یہ دیدۂ گریاں لے کر

••

ڈاکٹر نسیم احمد

مصحفی کا آٹھواں دیوان

اور اس سے متعلق دو تحریریں — ایک مختصر جائزہ

غلام ہمدانی مصحفی (متوفی ۱۲۴۰ھ/۲۵-۱۸۲۴ء) کے دیوان ہشتم کا مخطوطہ، مملوکہ خدابخش لائبریری، پٹنہ، منحصر بہ فرد ہونے کی بنا پر خصوصی اہمیت کا حامل ہے۔ چوں کہ دیوان کے مندرجات کا تعلق شاعر کے آخری زمانے سے ہے اس لیے اس کی لسانی اور تاریخی حیثیت مسلّم ہے۔ مخطوطے کے اسی امتیاز و اختصاص کے پیش نظر ڈاکٹر عابد رضا بیدار، سابق ڈائرکٹر کتب خانہ مذکور نے اوّلاً اسے عکسی صورت میں اور بعد میں "آج کی کتابت" میں شائع کیا۔ دیوان کا عکسی ایڈیشن پاکیزہ آفسٹ پریس پٹنہ میں طبع ہو کر خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ ہی سے ۱۹۹۵ء میں شائع ہوا۔ اس ایڈیشن میں فہرست غزلیات اور لفظیات مصحفی کے علاوہ پیش گفتار اور پس گفتار کے عنوان سے عابد رضا بیدار کے دو مضامین بھی شامل ہیں۔ ان دونوں ایڈیشنوں میں مرتب کی حیثیت سے کسی کا نام مرقوم نہیں ہے تاہم طبع اوّل کی پیش گفتار کے بیانات سے واضح ہو جاتا ہے کہ یہ دیوان قاضی صاحب مرحوم کی تحریک پر ڈاکٹر عابد رضا بیدار نے مرتب کیا ہے۔ آئندہ صفحات میں دیوان کے دوسرے ایڈیشن پر تبصرہ مقصود ہے۔ حوالے کے لیے حسب ضرورت طبع اوّل کو عکسی ایڈیشن اور طبع ثانی کو مطبوعہ ایڈیشن لکھا جائے گا۔

دیوان کا دوسرا ایڈیشن، جیسا کہ سطور بالا میں مذکور ہوا ہے "آج کی کتابت" بلکہ بیسویں صدی کی کتابت میں شائع کیا گیا ہے اور اس پر سال اشاعت ۱۹۹۵ء ہی درج ہے لیکن مرتب کے "اعتذار" اور "حرفے چند" کے مندرجات سے معلوم ہوتا ہے کہ عکسی ایڈیشن کی اشاعت مطبوعہ

سے پہلے ہوئی ہے۔ بیدار صاحب "اعتذار" کے تحت لکھتے ہیں :-

"مصحفی کے آٹھویں دیوان ... کو عکسی طور سے شائع کر دیا گیا،
تاہم جدید کتابت میں اس کی اشاعت ضروری تھی سو اس ضرورت کی تکمیل
زیرِ نظر اشاعت سے کی جا رہی ہے ... "

اور "حرفے چند" کے ذیل میں رقمطراز ہیں :-

"دیوانِ مصحفی جلد ہشتم جس کی اشاعت الگ سے ہوئی ہے، جو نوابانِ
لکھنؤ کے عہد کی کتابت میں ہے، اسے بیسویں صدی کی آخری دہائی کی کتابت میں
بھی پیش کر دینا مناسب خیال کیا گیا۔ سو، پیشِ خدمت ہے۔"

زیرِ تبصرہ مطبوعہ ایڈیشن عکسی ایڈیشن کے برخلاف "صاف اور پڑھی جانے والی شکل" نیز "بیسویں صدی کی آخری دہائی کی کتابت" میں پیش کرنے کے دعوے کے ساتھ شایع کیا گیا ہے لیکن مرتب "اعتذار" میں یہ اعتراف کرتا ہے کہ :-

"... وقت نہ ہونے کے سبب اس کے اشعار کی قرارت اطمینان بخش
نہ ہو سکی (جو اگلے ایڈیشن تک ملتوی ہے) صرف قارئین کے ذوق پر بھروسہ کر کے
اسے شائع کیا جا رہا ہے کہ جہاں جہاں کمی / زیادتی / اغلاط پائیں خود ہی درست
فرمالیں، ہمیں بھی اطلاع دے دیں تو بہتر ہوگا۔"

اگر صحیح قرارت کو قاری کی صوابدید ہی پر چھوڑنا تھا تو آج کی کتابت (مرتب کے لفظوں میں بیسویں صدی کی آخری دہائی کی کتابت) میں شائع کرنے کے کیا معنی؟ اس سے بہتر تو عکسی ایڈیشن ہی ہے۔ صاف ستھرا نستعلیق۔

طباعت و کتابت کی خامیوں کے علاوہ اس ایڈیشن کے صفحات بھی بے ترتیب ہیں جس کی وجہ سے قاری کو بے حد الجھنوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ صفحات کی ترتیب یہ ہے :- ۱ تا ۲۲، ۳۳، ۳۴، ۲۵ تا ۳۲، ۲۳، ۲۴، ۲۵ تا ۸۰۔

نمبر شمار کی یہ بے ترتیبی جہاں طباعت کے سلسلے میں برتی گئی بدسلیقگی کا پتا دیتی ہے وہیں اس سے مرتب کی غیر ذمہ دارانہ روش کا بھی اندازہ ہوتا ہے علاوہ اس کے، ایک اور قابلِ اعتراض پہلو یہ

بھی ہے کہ عام لوگوں کے استفادے کے لیے شائع شدہ یہ ایڈیشن اپنے عکسی ایڈیشن کے برعکس فہرستِ غزلیات، لفظیاتِ مصحفی اور پیش گفتار سے خالی ہے۔ البتہ مذکورہ عکسی ایڈیشن کی پس گفتار کو اس ایڈیشن کا مقدمہ بنا دیا گیا ہے۔ ظاہر ہے ایک مختلف ایڈیشن کی پس گفتار کسی دوسرے ایڈیشن کی پیش گفتار (مقدمہ) نہیں ہو سکتی۔ دراصل یہ عجلت پسندی اور سہل انگاری کا نتیجہ ہے۔ ساتھ ہی تدوین متن کے تعلق سے مرتب کی حد درجہ بے پروائی کا مظہر بھی۔ قاضی صاحب مرحوم اس روش کے سخت مخالف تھے۔ تحقیق کے معیار پر تبصرہ کرتے ہوئے ایک جگہ انھوں نے لکھا ہے: "کسی ملک کے باشندوں کا معیارِ اخلاق پست ہو اور وہ کام سے جی چُراتے ہوں تو وہاں بالعموم تحقیق کا معیار پست ہوگا۔"[1]

سطورِ ذیل میں پیشِ نظر مطبوعہ ایڈیشن کے اسقام و اغلاط کی تفصیلات پیش کی جاتی ہیں۔

۱۔ شعرا کے کلام کی تدوین میں بنیادی اور اہم مسئلہ املا اور متن کی صحیح قرارت کا ہوتا ہے۔ مرتب پر سب سے بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ متن کو سہویات و اغلاط سے پاک کر کے، صحیح املا میں پیش کرے۔ فاضل مرتب نے متن کو قاری کے "ذوق" کے حوالے کرنے کے باوجود بعض مقامات پر غلطیوں کی تصحیح بھی کی ہے، حالاں کہ ایسے مقامات معدودے چند ہیں: مثلاً:۔

متنِ مخطوطہ / عکسی ایڈیشن	اصلاح شدہ صورت
۱۔ ع آنسو نہیں گرتے ہیں مری چشم سے لبنے ص ۲	لیے ص ۵
۲۔ ع پانی نہ حوض میں نہ کسی شہر میں ملا ص ۸	نہر میں ص ۸
۳۔ ع جس دن سے چت چڑھی میری میری زنجیر یار زلف ص ۸	چڑھی مری[2] زنجیر ص ۸
۴۔ ع ایسے کامل سے اماں کیونکے نہ مانگے عاشق ص ۱۲	قاتل ص ۱۱
۵۔ ع سو بار مہنہ پہ لینا دن رات میں دوپٹہ ص ۱۲	منہ[3] میں ص ۱۲
۶۔ ع جامہ زندگی کی کہن سا لگا ص ۱۵	جامۂ زندگی کہن ص ۱۳

---

[1] سہ ماہی ساغر پٹنہ جولائی ۱۹۶۴ء بحوالہ "تحقیق کا فن" از ڈاکٹر گیان چند جین ص ۳۹۔

[2] "مری" کی بجائے "مرے" ہونا چاہیے۔

[3] "مہنہ" کی اصلاح "مُنہ" درست ہے لیکن "پہ" کی جگہ "میں" لکھنا تحریف ہے۔

۷۔ ع قتل گاہِ ناز میں تو اتنی رخصت بھی نہیں ص ۱۹	قتل گاہِ ناز	ص ۱۲
۸۔ ع بسکہ تھی تیغ وشرا حشر کے ہنگامہ میں ص ۲۹	بیع وشرا	ص ۲۲
۹۔ ع طالع میں نکلی اپنی بھی صحرا نوردیاں ص ۳۹	نکلیں[1]	ص ۲۹
۱۰۔ ع پانی بھرنے جاتنی جب شام کو پنگھٹ گئیں ص ۶۷	جاتنیں	ص ۴۸
۱۱۔ ع سبحن میں کامرانی کر رہا ہوں ص ۶۹	صحن میں	ص ۴۸
۱۲۔ ع مجنوں کو دیکھو اس کے پری پشت ودست کھائے ص ۸۰	پشتِ دست	ص ۵۷
۱۳۔ ع ساغر ہوے جب سے تازہ پیدا ص ۸۸	شاعر	ص ۶۲

علاوہ ازیں کچھ اصلاحات بیسویں صدی کی کتابت کے نام پر کی گئی ہیں مثلاً 'ذرا' اور 'منہ' کو مخطوطے کا کاتب تواتر کے ساتھ 'زرا' اور 'مہنہ' لکھتا ہے۔ زیرِ نظر اشاعت میں ان دونوں لفظوں کو ہر جگہ 'ذرا' اور 'منہ/منھ' بنا دیا گیا ہے۔ لیکن مخطوطے کے متعدد تسامحات، فروگذاشتیں اور غلطیاں جوں کی توں اس مطبوعہ نسخے میں منتقل ہو گئی ہیں۔ مزید برآں کاتب کی جلد بازی اور مرتب کی بے توجہی بھی اس نسخے میں مختلف النوع اغلاط کے در آنے کا سبب بنی ہے۔ غلطی کے اس تنوع اور افراط کا اندازہ آئندہ سطور میں پیش کردہ تفصیلات سے کیا جا سکتا ہے۔

اغلاطِ متن :۔ دیوانِ زیرِ بحث کا اصل مخطوطہ خوش خط اور دیدہ زیب ہے' البتہ املا اور کتابت کی غلطیاں اس میں جا بجا موجود ہیں۔ منحصر بہ فرد ہونے کی بنا پر یہ نسخہ خاص توجہ کا مستحق تھا، مرتب کو اسے منشائے مصنف کا لحاظ رکھتے ہوئے تدوین کے جدید طریقۂ کار کے مطابق 'آج کی کتابت' میں پیش کرنا چاہیے تھا، افسوس کہ وہ ایسا نہیں کر سکے۔ مندرجہ ذیل مثالوں سے اس کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

۱۔ اِملا کی غلطیاں :۔

(الف) اختیار کردہ اِملا	جدید اِملا/آج کی کتابت
۱۔ مدفوں ہے جو کنارہ پہ رستے سے انکی خاک ص ۸	۔۔۔ کنارے پہ رستے سے اُن کی۔۔۔

[1] اصلاح نامکمل ہے "نکلیں اپنے بھی" ہونا چاہیے۔

۱۔	ہم بھی تو تمہارے تھے ہم جلسہ کنھیں روزوں ص ۱۱	کنھی
۲۔	یار دھرا تماں کا پیار کے ساتھ ص ۱۳	دھرا تھا
۴۔	دل رہا مشتاق ہی اس شوخ کماں کی تیر کا ص ۱۶	کے
۵۔	بھلانا دم ہو جی میں کہتا ہے ص ۲۰	بہلہ
۶۔	ہوا ہے ڈوروں پہ فندق کی دل جو ڈور مرا ص ۲۱	کے
۷۔	جو نخود دار دل جمع رکھیں تھے ان کو چرخ کی چکی نے دانہ کی طرح دل ڈالا ص ۲۳	دار دل جمع رکھے دانے کی طرح
۸۔	دل ترے ابروئے خمدار پہ دار اپنا ص ۲۴	ابروے خم دار
۹۔	کیا زندگی پیر کا دنیا میں بھروسہ ص ۲۵	بھروسا
۱۰۔	کتنا ہے یار شرمگیں نمونہاں ص ۲۶	نمنہا
۱۱۔	نامہ پرزے ہوا سرنامہ کی تحریر سمیت ص ۲۷	سرنامے
۱۲۔	وصف اس کی کیا کہے یہ ناطقہ ص ۲۸	کے
۱۳	جیسے ہوتا ہے خود فدا شطرنج ص ۲۹	جی سے
۱۴۔	سمجھیں ہیں مغتنم تجھے اہل سخن کے بیچ ص ۲۹	سمجھے ہیں
۱۵۔	شب فراق دعا ایک اثر نہیں کرتی ص ۳۰	اِک
۱۶۔	قبا کی کھولدے اپنی وہ یار جانی بند ص ۳۱	کے کھول دے اپنی
۱۷۔	دھوڑی پہ نہ تا صورت درباں ہو مکرر ص ۳۱	ڈیوڑھی
۱۸۔	گر ایک آوے ہے تو ایک یہاں سے جاوے ہے ص ۳۱	یہاں
۱۹۔	کبھی تو ہم تھے تمہارے بھی آشنا آخر ص ۳۲	تمہارے
۲۰۔	جوں جوں انہیں چاہا یہ ہوے برسرکیں اور ص ۳۲	انھیں۔ ہوئے
۲۱۔	گھرے سے میرے دوست نہ گھبرائیں تو بہتر ص ۳۲	مرے
۲۲۔	کوچے میں ترے گرچہ ہوئے کشتوں کے پشتے ص ۳۳	ہوے
۲۳۔	ہے مصحفی اس کوے میں جو رہنے کی مناہی ص ۳۳	اُس کو، میں

نمبر	مصرع	درست
۲۴۔	آفتاب حشر نے کھائیں ہیں از بس سیلیاں ص ۳۴	کھائی ہیں
۲۵۔	ہاتھ رکھ لیتا ہے وہ لیجا کے مژگاں کی طرف ص ۳۴	لے جا
۲۶۔	عشق سادہ کو جلاتا ہے ولیکن بدرنگ ص ۳۴	بہ دو رنگ
۲۷۔	وہ وحشی ہوں کہ بیخوف ادھر جاتا ہوں ص ۳۵	بے خوف اُدھر
۲۸۔	جب تلک ہووے نہ طالع آفتاب روی یار ص ۴۳	بروے یار
۲۹۔	رات بھر سینہ میں اس نے کتنی جائیں بدلیاں ص ۴۴	سینے میں اُس
۳۰۔	بعالم دو دلی ہم نے وہ نہیں دیکھے ص ۴۵	بہ عالم
۳۱۔	مجھ مسافر کے کسی نے بھرگز ص ۵۰	ہرگز
۳۲۔	اے مصحفی تو لے نہ زنہار اس کا بطفلی ص ۵۱	اُس کا بہ طفلی
۳۳۔	کیوں نہ اس ہاتھ کی مہدی پہ سیاہی آوے ص ۶۰	مہندی
۳۴۔	ہیں زور پر چڑھیں ہوئیں اس سال بلبلیں ص ۶۱	چڑھی ہوئی
۳۵۔	تمہاری آرسی ہی دوست ٹھہری / ہمیں کو منع ہے صورت دکھانی } ص ۶۶	تمھاری ـــ ٹھہری / ہمی
۳۶۔	چاہنے سے رخ نیکو کے نہ کچھ کام رکھے ص ۶۸	کے
۳۷۔	بجلی کی کوند سے مری چوندھا گئی ہے آنکھ ص ۷۷	چندھیا
۳۸۔	کہنے لگا یہ خط کی تمہارے رسید ہے ص ۷۷	تمھارے

(ب) مستقل بالذات لفظوں کو علاحدہ علاحدہ لکھنے کی بجائے زیر تبصرہ مطبوعہ دیوان میں جا بجا ملا کر لکھا گیا ہے۔ اس غلط انداز نگارش کو کلیتاً کاتب کی کم سوادی یا بے پروائی پر محمول نہیں کیا جا سکتا۔ الفاظ کو املا کے تمام ضابطوں کی پابندی کے ساتھ متن میں داخل کرنا مرتب کی ذمہ داری ہے، چناں چہ یہ بات بھی اس کے فرائض میں شامل ہے کہ وہ حتی الامکان کاتب سے ان ضوابط کی پابندی کرائے۔ آج کے اِملا میں پیش کیے گئے اس ایڈیشن کو دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ اس کی کتابت کے وقت اس طرف مطلقاً کوئی توجہ ہی نہیں دی گئی ہے چناں چہ اس کے صفحات میں خلاف قاعدہ ملا کر لکھے ہوئے الفاظ کی اچھی خاصی تعداد

موجود ہے مثلاً :-

(۱) دو لفظوں کو ملا کر لکھنے کی مثالیں :-

مطبوعہ صورت	صحیح صورت	مطبوعہ صورت	صحیح صورت
۱۔ لیجاے ص ۷	لے جاے	۱۹۔ اسمیں ص ۳۴	اس میں
۲۔ گلپوش ص ۸	گل پوش	۲۰۔ رکھدیوے ص ۴۰	رکھ دیوے
۳۔ ایکدم ص ۱۰	ایک دم	۲۱۔ دوستدار ص ۴۲	دوست دار
۴۔ پردونمیں ص ۱۰	پردوں میں	۲۲۔ جبتک ص ۴۶	جب تک
۵۔ آنکھونمیں ص ۱۱	آنکھوں میں	۲۳۔ یکبار ص ۴۸	یک بار
۶۔ طرفداری ص ۱۱	طرف داری	۲۴۔ اسوقت ص ۵۰	اس وقت
۷۔ پیچتاب ص ۱۲	پیچ تاب	۲۵۔ سرگذشتگانمیں ص ۵۱	سرگذشتگاں میں
۸۔ انروزوں ص ۱۴، ۱۹، ۴۰	ان روزوں	۲۶۔ کہدو ص ۵۹	کہہ دو
۹۔ گلبدن ص ۱۶	گل بدن	۲۷۔ خوشقداں ص ۶۴	خوش قداں
۱۰۔ اکدن ص ۱۶	اک دن	۲۸۔ دانشمند ص ۶۷	دانشمند
۱۱۔ آغشتۂ بخونکو ص ۱۶	آغشتہ بہ خوں کو	۲۹۔ ابتوہے ص ۶۷	اب، تو ہے
۱۲۔ بیخواست ص ۱۷	بے خواست	۳۰۔ خونریزی ص ۶۹	خوں ریزی
۱۳۔ جیسے ص ۲۱، ۲۹	جی سے	۳۱۔ کسطرح ص ۷۲	کس طرح
۱۴۔ ملدل ص ۲۳	مل دل	۳۲۔ گلبرگ ص ۷۳	گل برگ
۱۵۔ کیطرح ص ۲۲، ۴۰، ۶۵	کی طرح	۳۳۔ ابتک ص ۷۶	اب تک
۱۶۔ ابروے خمدار ص ۲۴	ابروے خم دار	۳۴۔ دلمیں ص ۷۶	دل میں
۱۷۔ زخمدار ص ۲۴	زخم دار	۳۵۔ بیجاں ص ۷۹	بے جاں
۱۸۔ کھولدے ص ۳۱	کھول دے	۳۶۔ جسدم ص ۸۰	جس دم

(۲) کو، کی، کے، کہ، کر، گا اور گی وغیرہ کو جدید املا کے برخلاف اِن کے ماقبل لفظوں سے ملا کر لکھا گیا ہے۔ ذیل میں مشتے نمونہ از خروارے کے مصداق چند نمائندہ مثالیں پیش کی جاتی ہیں:-

مطبوعہ صورت	صحیح صورت
۱۔ کیونکہ ص ۵	کیوں کہ
۲۔ اسکی ص ۵	اس کی
۳۔ مجھکو ص ۵	مجھ کو
۴۔ غیرونکی ص ۶	غیروں کو
۵۔ تجھکو ص ۷	تجھ کو
۶۔ اسکو ص ۷	اس کو
۷۔ اسکے ص ۷	اس کے
۸۔ بنکے ص ۹	بن کے
۹۔ انکو ص ۹	ان کو
۱۰۔ فقیہونکو ص ۱۵	فقیہوں کو
۱۱۔ خوبانکی ص ۱۶	خوباں کی
۱۲۔ ہمکو ص ۱۶	ہم کو
۱۳۔ سن سنکے ص ۱۸	سن سن کے
۱۴۔ ہوویگا ص ۱۸	ہووے گا
۱۵۔ کھینچکر ص ۲۷	کھینچ کر
۱۶۔ کسکے ص ۳۵	کس کے
۱۷۔ جاویگی ص ۳۶	جاوے گی
۱۸۔ جنکے ۳۸	جن کے
۱۹۔ لے سکیگا ص ۴۱	لے سکے گا
۲۰۔ دلکے ص ۴۲	دل کے
۲۱۔ بھادونکی ص ۴۲	بھادوں کی
۲۲۔ آویگی ص ۵۹	آوے گی
۲۳۔ سبکے ص ۷۱	سب کے
۲۴۔ جبکہ ص ۷۳	جب کہ
۲۵۔ انکے ص ۷۷	ان کے

(۱۱۱) قدیم طرز تحریر میں جہاں دو یا دو سے زائد لفظوں کو ملا کر لکھنے کا چلن تھا، وہیں ایک ہی لفظ کو دو ٹکڑوں میں تقسیم کر دینا بھی کتابت کی عام روش تھی۔ دیوانِ مصحفی، جلد ششم (مخطوطہ) کے کاتب نے بھی اس روشِ عام کی پیروی کی ہے۔ اور وہیں سے اس نوع کی بعض غلطیاں منتقل ہو کر پیشِ نظر ایڈیشن میں بھی آگئی ہیں۔ مثلاً :۔

۱۔ سٹ پٹاتا ہوا آنکلے ہے کسے کرکے تو ذبح ص ۲۷

۲۔ لٹ پٹی دستار میں رکھنے لگے بیلے کے پھول ص ۶۴
تم ہماری جان کو اب ایسے ال بیلے ہوئے

(۱۷) املا کی فاش غلطیاں :۔ پیشِ نظر مطبوعہ ایڈیشن میں متن اور املا کی فاش غلطیاں موجود ہیں۔ ان میں سے بعض اصل مخطوطے سے منتقل ہوئی ہیں اور بعض کاتب کی کم سوادی یا مرتب

کی بے توجہی کے باعث وقوع پذیر ہوئی ہیں۔ مثلاً :۔

مطبوعہ صورت	صحیح صورت
۱۔ تارے غریباں ص ۲۷	۱۔ تار گریباں
۲۔ تنا بیں ص ۴۸	۲۔ طنابیں
۳۔ عن الناس ص ۶۳ (ایک پھل کا نام)	۳۔ انناس
۴۔ کسرت ص ۷۲	۴۔ کثرت

۵۔ ع ہیں تو دور خوش آتا ہی[1] نہیں ایاغوں کا ص ۱۹ مصرع ناموزوں

۶۔ ع روح یاں تک ہوئی خوش کہ مری[2] تربت میں صنم ص ۵۹ مصرع ناموزوں

۷۔ ع قلم نے ھاتھ میں شوخی نہ مانی ص ۶۵ مصرع بے معنی

املا کی چند اور بے احتیاطیاں :۔

(الف) ڈھونڈھ، ہونٹھ، جھوٹھ اور بھوکھ :۔ ہندی کے یہ الفاظ قدما کے یہاں اپنی اصل کے مطابق استعمال ہوئے ہیں۔ چنانچہ پیشِ نظر دیوان کے عکسی ایڈیشن میں بھی یہ تمام اپنی اصل حالت یعنی آخر میں دو چشمی ہے (ھ) کے ساتھ موجود ہیں۔ جدید املا میں ان لفظوں سے آخری حرف دو چشمی ھ حذف کر کے انھیں ڈھونڈ، ہونٹ، جھوٹ اور بھوک میں بدل دیا گیا ہے۔ اب اس کے خلاف لکھنا خلافِ اصول بلکہ غلط سمجھا جاتا ہے لیکن جہاں تک قدما کی تحریروں کا تعلق ہے، ان کے دور کے تلفظ کا لحاظ رکھتے ہوئے قدیم املا کی پابندی ضروری خیال کی جاتی ہے۔ زیرِ تبصرہ ایڈیشن کے مرتب نے اس قسم کے الفاظ کے معاملے میں کسی قاعدے کی پابندی نہیں کی ہے مثلاً ڈھونڈھ (ص ۳۹) پر قدیم املا کے ساتھ موجود ہے۔ اس کے علاوہ باقی جگہوں پر اسے جدید املا میں 'ڈھونڈ' کر دیا گیا ہے۔ برعکس اس کے جھوٹھ اور ہونٹھ کو بالترتیب ص۱۷ اور ص۲۲ پر ایک ایک جگہ جدید املا میں

---

[1] اگر "ہی تھیں" پڑھیں تو مصرع موزوں ہوگا۔

[2] ع روح یہاں تک ہوئی خوش مری کہ تربت میں صنم (مخطوطہ ص ۸۳) اصل میں مصرع موزوں ہے۔

جھوٹ [1]، ہونٹوں[1]، لکھا گیا ہے اور بقیہ تمام مقامات پر ــــــــــــــ ان کی قدیم صورت جھوٹھ اور ہونٹھ برقرار رکھی گئی ہے۔ چوتھا لفظ پورے دیوان میں دو بار آیا ہے، عکسی ایڈیشن میں ص۹۵ اور ص۱۱۰ پر بالترتیب بھوکی (بھوکے) اور بھوکا[2] (بھوکا) لکھا ہوا ملتا ہے۔ پیش نظر ایڈیشن میں اسے جدید املا کے مطابق بھوکے ص۴۳ اور بھوکا ص۵۸ بنا دیا گیا ہے۔

(ب) مسوڑا/مسوڑھا :- یہ لفظ بھی اصلاً ہندی کا ہے اور پورے دیوان میں صرف ایک بار ص۷۰ پر آیا ہے۔ آصفیہ، فیلن اور ڈنکن میں محض پہلی صورت درج ہے، نور اللغات، پلیٹس اور فیروز اللغات میں دونوں صورتیں ملتی ہیں۔ پلیٹس نے دوسری صورت کو عوامی بتایا ہے۔ عکسی ایڈیشن میں پہلی صورت یعنی بغیر دوچشمی ھ کے "مسوڑوں" لکھا ہوا ہے۔ یہی عہد مصحفی کا املا معلوم ہوتا ہے لیکن مرتب نے دوسری صورت کو مرجح قرار دیا ہے۔

ع زاہد کے مسوڑھوں کا کوئی رنگ نہ پوچھو (ص۷۰)

(ج) پودھا (پودا)، کولا (کولھا) :- پہلا لفظ پورے دیوان میں صرف ایک جگہ ص۳۲ پر استعمال ہوا ہے۔ اس کی قدیم صورت عکسی ایڈیشن (ص ۴۵) کے عین مطابق "پودھا" (پودا) برقرار رکھی گئی ہے۔ اس کے برخلاف "کولا" بغیر دوچشمی ھ کے عکسی ایڈیشن میں دو بار آیا ہے (ص ۹، ۶۳) آصفیہ، نور اللغات، فیلن اور ڈنکن میں بھی اسی املا کے ساتھ منقول ہے۔ البتہ پلیٹس نے دوسری صورت بھی درج کی ہے۔ پیش نظر مطبوعہ ایڈیشن میں ایک جگہ کولھوں (ص۱۰) اور دوسری جگہ کولا (ص ۴۵) لکھا گیا ہے، ظاہر ہے یہاں بھی کسی اصول کی پابندی ملحوظ نہیں رکھی گئی ہے۔

(۱) ع ترازو ہو رہا ہے بوجھ ان کولھوں پہ ہیکل کا ص ۱۰

(۲) ع کولا کہیں کو جاوے ہے اس کا کمر کہیں ص ۴۵

(د) تڑپھ :- تڑپ کا قدیم املا ہائے مخلوط کے ساتھ "تڑپھ" ہی ہے۔ غالب کے زمانے تک

---

[1] مخطوطے / عکسی ایڈیشن میں بھی اسی طرح ہے۔ اسے سہوِ کتابت پر محمول کیا جا سکتا ہے۔

[2] یہ بھی سہوِ کاتب معلوم ہوتا ہے۔

اسی طرح لکھا اور پڑھا جاتا تھا، چناں چہ غالب کا ارشاد ہے :۔ "تڑپھنا، ترجمۂ تپیدن کا اِملا یوں ہے نہ تڑپنا۔ بائے فارسی اور نون کے درمیان ہائے مخلوط التلفظ ضرور ہے۔"[1] چوں کہ یہ لفظ ایک خاص عہد کے تلفظ کی نمائندگی کرتا ہے لہٰذا اصولِ تدوین کے بموجب اس میں تبدیلی مناسب نہیں۔ عکسی ایڈیشن میں یہ لفظ جہاں بھی ہے اپنی قدیم صورت ہی میں ہے لیکن زیرِ بحث اشاعت کے فاضل مرتب نے اسے آج کی کتابت کے نام پر جدید اِملا کے مطابق "تڑپ" بنا دیا ہے۔ یہاں صرف دو مثال پر اکتفا کی جاتی ہے۔

(۱) آج تک ایک بھی بسمل جو نہ تڑپا اچھلا ص ۱۹

(۲) پروانہ رہ گیا جو تڑپ کر لگن کے بیچ ص ۲۹

(۵) جھنجھلانا (جھنجلانا) / جھجلانا (جھنجلانا) :۔

اس لفظ کی منقولہ بالا دونوں صورتیں لغات میں ملتی ہیں۔ دیوانِ زیرِ بحث میں یہ صرف دو بار آیا ہے۔ عکسی ایڈیشن میں ان دونوں مقامات (ص ۱۱ و ص ۴۵) پر اس کا اِملا مختلف ہے۔ مطبوعہ ایڈیشن میں بغیر کسی توجیہ کے پہلی صورت جھنجھلانا کو دونوں مقامات پر راجح قرار دیا گیا ہے۔ اصولی طور پر ترجیح کی وجہ بیان کرنا ضروری تھا۔

(۱) جھنجھلا کے میں بھی بوسہ دلیرانہ لے لیا ص ۱۱

(۲) اس نے جھنجھلا کے وہیں پھینک دیا ہار کو توڑ ص ۴۳

(۶) سبزہ، مزہ :۔ یہ دونوں لفظ فارسی الاصل ہیں، ان کے آخر میں ہائے ملفوظ لازمی طور پر لکھی جائے گی بجز ان مقامات کے جہاں شاعر نے قافیے کی رعایت سے انھیں الف کے ساتھ برتا ہے۔ پیشِ نظر دیوان میں لفظ "سبزہ" مفرد صورت میں تین جگہ آیا ہے (ص ۲۷، ۴۰، ۶۶) فاضل مرتب نے ان تینوں جگہوں پر "سبزا" لکھا ہے۔ ایک جگہ اس کی املے کی صورت "سبزے" بھی ملتی ہے۔ (ص ۸) لیکن مرکبات کی صورت میں اصل املا برقرار رکھا گیا ہے مثلاً سبزۂ رنگ، سبزۂ صحرائی (ص ۶) سبزۂ رخسار (ص ۱۲) سبزۂ نوخیز (ص ۲۶) سبزۂ چاہی (ص ۵۳) جب کہ لفظ "مزہ" کو

---

[1] خطوطِ غالب۔

من ملنے ڈھنگ سے کبھی 'مزہ' اور کبھی 'مزا' لکھا گیا ہے۔ یہ دو عملی صریحاً اصولِ تدوین کی خلاف ورزی ہے۔

(ز) پیش نظر ایڈیشن میں ص۲۰ و ص۲۱ پر مندرج دو غزلوں کے علاوہ چند دوسرے اشعار میں بھی ایسے الفاظ بہ طور قافیہ استعمال ہوئے ہیں جن میں سے بعض اپنی اصل کے اعتبار سے ہائے مختفی پر ختم ہوتے ہیں اور بعض الف پر۔ اصولی طور پر ان تمام قوافی کو الف سے لکھا جانا چاہیے۔ عکسی ایڈیشن/مخطوطہ میں انھیں اسی طرح لکھا بھی گیا ہے لیکن زیرِ تبصرہ ایڈیشن میں کچھ الفاظ الف سے ہیں اور کچھ ہ سے ہیں۔ مثالیں درج ذیل ہیں:

۱۔ ہو گیا مائل بہ سُرخی اس کا چہرہ دھوپ میں — ہم نے گورے حسن کا دیکھا تماشا دھوپ میں
۲۔ تربیت کا باغ عالم کی ہے مالک آفتاب — ہر شجر کا اس سے ہی پکتا ہے میوہ دھوپ میں
۳۔ شاہ سرمد کی طرح ہوں میں بھی سرسبز ازل — نت ہرا رہتا ہے یاں تربت کا سبزہ دھوپ میں
۴۔ کل جو آیا رکھے وہ چہرے پہ پنکھا دھوپ میں — اس کی پیشانی سے ٹپکے تھا پسینہ دھوپ میں
۵۔ اس کے عارض سے ٹپکتا تھا پسینہ دھوپ میں — ہے تعجب کی جگہ مینہ کا برسنا دھوپ میں

(ح) کیوں کے/کیوں کہ :- یہ دونوں لفظ املا کے جزوی اختلاف سے قطع نظر بہ اعتبارِ معنی بھی ایک دوسرے سے الگ ہیں۔ قدما کے یہاں، خاص طور پر شاعری میں 'کیوں کہ' کی جگہ 'کیوں کے' کا استعمال کثرت سے ہوا ہے۔ اس دیوان کے عکسی ایڈیشن میں بھی 'کیونکے' / 'کیونکی' ہی ملتا ہے۔ اس کے باوجود مرتب نے کیوں کہ/کیونکہ کو ترجیح دی ہے۔ اختصار ملحوظ رکھتے ہوئے سطورِ ذیل میں صرف دو مثالیں درج کی جاتی ہیں:-

متنِ مخطوطہ	متنِ مطبوعہ
۱۔ ہے جلائے رشک یار و یہ ظلم کیوں کے دیکھوں ص۱۲	۱۔ ہے جلائے ... ... کیونکہ دیکھوں ص۱۲
۲۔ قلم نہ کیوں کے بنے نیشکر کی پور مرا ص۲۶	۲۔ قلم نہ کیوں کہ ... ... مرا ص۲۱

اصولِ تدوین سے مرتب کا یہ انحراف صحیح نہیں۔

(ط) گزرنا اور گزارنا :- اردو املا میں ذ اور ز کا مسئلہ عرصے تک موضوع بحث رہا ہے۔ غالب تو فارسی میں ذ کے وجود ہی کے سرے سے منکر تھے اور فارسی مصادر گذشتن، گذاشتن اور

پذیرفتن وغیرہ کو ان کے مشتقات کے ساتھ بالالتزام 'ز' سے لکھتے تھے۔ عبدالستار صدیقی مرحوم نے ان کی اس روش کو لاعلمی اور ہٹ دھرمی پر محمول کیا ہے[1]۔ بہرحال ہمیں[2] اردو میں گزشتہ، پذیرائی، دل پذیر اور اثر پذیر وغیرہ کا غلط العام رواج پذیر ہوا۔ اسے محض ایجاد بندہ قسم کی روایت سے تعبیر کیا جاسکتا ہے۔ اصلاً اردو کی قدیم کتابت میں ان دو مستقل حروف کے درمیان تفریق کا کوئی متعین قاعدہ موجود نہ تھا یا کم از کم کاتبوں کے پیش نظر نہیں ہوتا تھا۔ چنانچہ پرانی تحریروں میں 'ذ' کی جگہ 'ز' اور اس کے برعکس لکھا جانا معمولات کتابت میں داخل تھا۔ دیوان مصحفی جلد ہشتم (مخطوطہ) کے کاتب نے بھی 'ذرا' کو 'زرا' اور 'غذا' کو 'غزا' لکھا ہے۔ پیش نظر مطبوعہ ایڈیشن میں ان کی اصلاح کر دی گئی ہے لیکن اردو کے خالص مصادر گزرنا اور گزارنا کے مشتقات کو تواتر کے ساتھ 'ذ' سے لکھا گیا ہے اصولی طور پر ان کی بھی اصلاح کی جانی چاہیے تھی، مثلاً:۔

۱۔ آنکھوں سے بہاریں گذریں کیا کیا ص ۲۰
۲۔ چرا کے آنکھ جو گذرے ہے سامنے سے مرا
۳۔ فرشتہ کا گذر اس تک نہیں ہے ص ۴۹
۴۔ زمین جلد سے گذری ہیں ناخنوں کی خراش مری[3]
۵۔ گذار نکہت گل اپنی بزم میں کیا ہو ص ۶۴
۶۔ جو دل پہ گذرتی ہے مرے ہجر میں اسکی ص ۹۷

(ی)

(الف) جونہی، یونہی:۔ اِن الفاظ کو عموماً چار طرح سے لکھا جاتا ہے: جو ہیں، جونہیں، جونہی، جوں ہی ــــ یوہیں، یونہیں، یونہی، یوں ہی ــــ در اصل یہ دو لفظوں 'جوں' اور 'ہی' اور 'یوں' اور 'ہی' کے مجموعے ہیں، لہٰذا انھیں اسی طرح الگ الگ لکھا جانا چاہیے۔

(ب) اِنھی، کنھی:۔ اِن الفاظ کی مروّج صورتیں حسب ذیل ہیں:۔

اِنھی، انہی، انھیں، انہیں ــــ کنھی، کنہی، کنہیں، کنھیں ــــ اصولی طور پر اِنھیں اِنھی اور کنھی لکھنا چاہیے۔ ہاں شاعری میں شعری ضرورت کا لحاظ ضروری ہے۔

---

[1] صدیقی صاحب مرحوم کے الفاظ ہیں: "پہلے نادانی سے اور پھر سینہ زوری سے" بحوالہ "اردو املا" از رشید حسن خاں ص ۱۵۱
[2] ملاحظہ ہو "اردو املا" ص ۱۵۷۔
[3] "گزرے ہیں ناخنوں کے" ہونا چاہیے۔

(ج) ہم ہی / ہمی، آپ ہی / آپی :- ان دونوں لفظوں کو عام حالات میں ہم ہی اور آپ ہی لکھا جاتا ہے لیکن ضرورتِ شعری کی بنا پر 'ہمی' اور 'آپی' بھی لکھا جا سکتا ہے۔

مذکورہ بالا الفاظ پیش نظر دیوان میں متعدد بار آئے ہیں ان میں سے صرف "یونہی" کو ایک جگہ ص ۴۹ پر "یوں ہی" لکھا گیا ہے۔ باقی تمام جگہوں پر اس قبیل کے دوسرے لفظوں کی غلط اندازِ نگارش کو برقرار رکھا گیا ہے۔ مثلاً: جونہیں (ص ۱۰، ۲۷، ۲۹، ۴۰، ۴۹) ہمیں (ص ۶۶) کہیں (ص ۱۰) وغیرہ۔

متن کی غلط قرأت :-

متن کو اس کی صحیح قرأت کے ساتھ پیش کرنا مرتب کی اہم ترین ذمہ داری ہے۔ نسخۂ اساسی (اصل مخطوطہ) کو صحیح طور پر نہ پڑھ سکنے کی بنا پر قرأت کی مختلف النوع غلطیاں پیشِ نظر مطبوعہ ایڈیشن میں در آئی ہیں مثلاً :-

(الف) ی اور ے کے درمیان عدم امتیاز :- قدیم طرزِ تحریر میں لفظ کے آخر میں آنے والی یائے معروف (ی) اور یائے مجہول (ے) کے درمیان فرق ملحوظ نہیں رکھا جاتا تھا۔ ظاہر ہے کہ یہ اردو رسم خط کی غیر ترقی یافتہ شکل تھی۔ حرف "یے" کی ان دو مختلف اور مستقل بالذات علامتوں کے درمیان عدمِ امتیاز کی بنا پر متن کو غلط پڑھا جانا معمولاتِ قرأت میں شامل ہے، اس کی وجہ سے لفظوں کی تذکیر و تانیث کے تعین میں دشواری پیش آتی ہے۔ آج یائے معروف کی جگہ یائے مجہول یا اس کے برعکس لکھنا اصولی طور پر غلط قرار پاچکا ہے لہٰذا کسی قلمی نسخے میں موجود دیگر اغلاطِ کتابت و املا کی تصحیح کے ساتھ یائے معروف اور یائے مجہول کا تعین بھی مرتبِ متن پر لازم آتا ہے۔ پیشِ نظر ایڈیشن میں اس نوع کی متعدد فروگذاشتیں موجود ہیں، سطورِ ذیل میں اس کی مثالیں درج کی جاتی ہیں :-

		ہونا چاہیے
۱۔ ع انگشت بھی رکھتا ہے وہ سوزن سے مژہ کا ص ۸	۱۔ سی	
۲۔ ع جس دن سے چت چڑھی مری زنجیر بار زلف ص ۸	۲۔ مرے	" "
۳۔ ع منبت ہو گیا خورشیدِ تاباں اس پری روکی ص ۱۱	۳۔ رُو کی	" "
۴۔ ع چمن دہر نہ تھا جای اقامت اس سے ص ۱۳	۴۔ جاے	" "
۵۔ ع جب چھوڑے ہے پہچانہ یہ آثار محبت ص ۱۴	۵۔ ہی	" "

غلط	صحیح	
۶۔ ع کوچے میں ترے بارشِ پیکانِ بلا تھے ص ۱۴	۶۔ تھی	ہونا چاہیے
۷۔ ع سخن سے تیرے بوے بادہ آئے مصحفیؔ ہمکو ص ۱۵	۷۔ آئی مصحفیؔ ہم کو	″ ″
۸۔ ع ہوں میں اس چاہت بھرے خوبانکی مجلس کا جلیس ص ۱۶	۸۔ بھری خوباں کی	″ ″
۹۔ ع دامن انداز سے ٹھوکر کی جو اس کا اچھلا ص ۱۹	۹۔ کے	″ ″
۱۰۔ ع پتے اچھلے کبھی اس کے کبھی سودا اچھلا ص ۱۹	۱۰۔ پتی اچھلی	″ ″
۱۱۔ ع تیغ ابرو کا ترے جس نے لیا تھا بوسہ ص ۲۲	۱۱۔ تری	″ ″
۱۲۔ ع چینِ ابرو نے طرف مانگ کے جلنے نہ دیا ص ۲۲	۱۲۔ مانگ کی	″ ″
۱۳۔ ع بے زری میں مرے قبضہ سے گئے وہ ابرو ص ۲۲	۱۳۔ گئی	″ ″
۱۴۔ ع کوتاہی بخت اپنے سے معشوق نہ آیا	۱۴۔ اپنی	″ ″
گر ہاتھ لگے ہم کو فراغِ شبِ مہتاب } ص ۲۴	لگی	″ ″
۱۵۔ ع شرابِ وصل کا کس کے پیا ہے یہ ساغر ص ۲۵	۱۵۔ کی	″ ″
۱۶۔ ع حضرت آدم کے تو ماں تھے نہ باپ ص ۲۵	۱۶۔ تھی	″ ″
۱۷۔ ع اس کے جلتے ہی گئے آنکھوں تلے سرسوں سے پھول ص ۲۶	۱۷۔ گئی سرسوں سی	″ ″
۱۸۔ ع ہم نے دیکھے نہ یہ پری کی گات ص ۲۶	۱۸۔ دیکھی	″ ″
۱۹۔ ع شبِ مہتاب میں افشاں کا ترے عالم دیکھ ص ۲۷	۱۹۔ تری	″ ″
۲۰۔ ع کرم پیلی کی غذا ہے برگِ توت ص ۲۸	۲۰۔ کرم پیلے	″ ″
۲۱۔ ع بُرد کرلے تو جیت کون سی ہے ص ۲۹	۲۱۔ کرلی	″ ″
۲۲۔ طالع میں نکلیں اپنی بھی صحرا نوردیاں	۲۲۔ اپنے	″ ″
کھولے جو فالِ وصل کبھی ڈل دہن کے بیچ } ص ۲۹	کھولی	″ ″
۲۳۔ ع ہوئے تھی روزِ ازل کیا گلاب سے پیوند ص ۳۰	۲۳۔ ہوئی	″ ″
۲۴۔ ع ہے چوڑیوں کا ترے یہ جو آسمانی بند ص ۳۰	۲۴۔ تری	″ ″
۲۵۔ ع قبا کے کھول دے اپنی وہ یار جانی بند ص ۳۱	۲۵۔ کے کھول دے اپنی	″ ″
۲۶۔ ع پھر دستِ حنائی تو اسے اپنی دکھا دے ص ۳۱	۲۶۔ اپنے	″ ″

۲۷۔ ع پہنی ہے جو پوشاک تو اے خانہ نشیں سبز ص ۳۲	۲۷۔ پہنے	ہونا چاہیے
۲۸۔ ع خانہ سوزی کا مرے پوچھو نہ باعث کوئی ص ۳۵	۲۸۔ مری	" "
۲۹۔ ع شبنم اس رشک سے فی الفور گئے خاک میں مل ص ۳۵	۲۹۔ گئی	" "
۳۰۔ اتنا لحاظ کر کہ ترے وقت غیظ و خشم کتے کی طرح منہ سے نہ آوے زباں نکل } ص ۳۶	۳۰۔ تری	" "
	————	
۳۱۔ ع کم تپنچے سے نہیں ہے یہ ترے بوق کا نال ص ۳۸	۳۱۔ تری	" "
۳۲۔ جسکے بوسے کے تصور سے چھلے گال کی کھال تاب کیا لاوے عرق پونچھتی رومال کی کھال } ص ۳۸	۳۲۔ جس کی پونچھتے	" " " "
۳۳۔ ع یہ تو نکلے عجب اک وضع کے جنجال کی کھال ص ۳۸	۳۳۔ نکلی	" "
۳۴۔ ع داغ دل چھن گیا یوں سوزن مژگاں سے ترے ص ۳۸	۳۴۔ تری	" "
۳۵۔ ناف کے گرداب میں ڈوبی ہے کشتی عقل کی پارہ پارہ یہ نہیں ہرگز ہوے طوفان میں } ص ۴۰	۳۵۔ ———— ہوئی	" "
۳۶۔ ع مصحفی تب ابر رحمت کو مرے پہنچی خبر ص ۴۰	۳۶۔ مری	" "
۳۷۔ ع نرمادہ موتی کس کی میں رویا ہوں کر کے یاد ص ۴۱	۳۷۔ کس کے	" "
۳۸۔ تری خال زنخداں کا تصور ساتھ ہے دل کے یہی اک حب افیون اپنے ہم معتاد کرتے ہیں } ص ۴۲	۳۸۔ ترے اپنی	" " " "
۳۹۔ ع روزنوں سے تری جالی کی لڑائیں آنکھیں ص ۴۳	۳۹۔ کے	" "
۴۰۔ ع اب پلک سے جو پلک اٹھتے نہیں اک ساعت ص ۴۳	۴۰۔ اٹھتی	" "
۴۱۔ ع مصحفی دل میں مرے پھونکے جو غم نے آتش ص ۴۳	۴۱۔ پھونکی	" "
۴۲۔ ع بعد مردن کے بھی تدبیر کیے جاتا ہوں ص ۴۴	۴۲۔ بعد مردن کی بھی	" "
۴۳۔ ع آخر ملے ہے بزم حسیناں میں جا مجھے ص ۴۸	۴۳۔ ملے ہیں	" "
۴۴۔ ع اڑ گئی ہیں دھجیاں ہو کر گریباں سیکڑوں ص ۴۹	۴۴۔ اڑ گئے ہیں	" "
۴۵۔ ع جب جذبۂ مجنوں کی پڑے پاؤں میں بیڑی ص ۵۰	۴۵۔ کے پڑی	" "

متن	غلط	صحیح
۴۶۔ ۶۔ چاہوں ہوں کہ طوطی کے مرے منہ میں زباں ہو ص ۵۰	۴۶۔ کی	ہونا چاہیے
۴۷۔ ۶۔ وصفِ مئے انگوری جو لکھی ہے تو ساقی ص ۵۱	۴۷۔ لکھے ہے	" "
۴۸۔ دام پر دوش ہے مخلوق کیا خالق نے / طاقت اڑنے کی نہ دی جوں پہ ماہی ہم کو } ص ۵۲	۴۸۔ دام بر دوش ہی	" "
	نہ دی	" "
۴۹۔ پھر خالصی لگی کہ پڑے پاؤں کاٹھوں میں[1] / چوری کریں گے اس کی شبِ تار ہو سو ہو } ص ۵۴	۴۹۔ خالصے لگے/لگیں	" "
۵۰۔ ۶۔ لینے متاعِ حسن ہیں، اس میں تاجرو ص ۵۴	۵۰۔ لینی	" "
۵۱۔ یارے گرچہ شب و روز بغل میں میرے / چھوڑتی تو بھی نہیں حسرت و حرماں مجھکو } ص ۵۵	۵۱۔ میری	" "
	چھوڑتے	" "
۵۲۔ جب رقص کو اٹھا ہے وہ مجلس میں کر بناؤ / حورِ بہشت پا کی خجالت گئی ہے بیٹھ } ص ۵۶	۵۲۔ ———	
	کے	" "
۵۳۔ چاہا ہے یوں تو ہم نے ہزاروں کو پر ترے / دل میں ہزار طرح کی چاہت گئی ہے بیٹھ } ص ۵۶	۵۳۔ تری	" "
۵۴۔ ۶۔ بعد مردن رکھیو تم میری کفن میں آئنہ ص ۵۶	۵۴۔ میرے	" "
۵۵۔ ۶۔ مہر کا ہی تا کفِ چرخِ کہن میں آئنہ ص ۵۶	۵۵۔ کا ہے	" "
۵۶۔ ۶۔ فکر کنک میں اس صنم دلفریب کے ص ۵۶	۵۶۔ کی	" "
۵۷۔ ۶۔ شہد و شکر زباں پہ نہ رکھی بہ آرزو ص ۵۷	۵۷۔ رکھے	" "
۵۸۔ ۶۔ اے کاش کوئی شمع کے لیجا کے مجھے پاس / یہ بات کہی اس سے کہ پروانہ ہے یہ بھی } ص ۵۸	۵۸۔ ———	
	کہے	" "
۵۹۔ ۶۔ رفتنی تھی نفس چند جو سینہ میں مرے ص ۶۰	۵۹۔ تھے	" "
۶۰۔ معشوق نوجواں کو لازم ہے سرکشی ص ۶۰	۶۰۔ ———	

---

[1] متن کی تصحیح نہیں کی گئی ہے، صحیح صورت یہ ہے "ع پھر خالصے لگیں کہ پڑیں پاؤں کاٹھوں میں"۔

راکب سے تھم سکی نہ عناں اسپ خام کی ص ۶۰	سکے	ہونا چاہیے
۶۱۔ ۶ زمین جلد سے گذری ہیں ناخنوں کی خراش ص ۶۱	۶۱۔ گزرے ۔۔ کے	" "
۶۲۔ ۶ سرکشی ہی کی سبب خوشہ تہ قدِ اس آوے ص ۶۳	۶۲۔ ہی کے	" "
۶۳۔ ۶ نہ منہ دکھانے کی ہرگز جگہ رہی اس کو ص ۶۳	۶۳۔ رہے	" "
۶۴۔ ۶ گر آرسی سی تری چشم پہ حجاب پھرے ص ۶۳	۶۴۔ سے	" "
۶۵۔ ۶ کھلا کسیموں پہ تردد معاش کا اپنے ص ۶۴	۶۵۔ اپنی	" "
۶۶۔ ۶ ہماری سوز جنوں میں بھی ہووے کچھ تخفیف ص ۶۴	۶۶۔ ہمارے	" "
۶۷۔ سچ تو ہے تنگے لگا کرے اب اپنا حوصلہ	۶۷۔ تنگی	" "
کب تک جاویں جفائیں چرخ کے جھیلے ہوئے ص ۶۴	کی	" "
۶۸۔ ۶ تمہاری آرسی ہی دوست ٹھہرے ص ۶۶	۶۸۔ تمھاری ۔ ٹھہری	" "
۶۹۔ یہ چاہتا ہے سوار سمند ناز مرا ص ۶۷	۶۹۔ ______	
اڑا دی گھوڑے کی ٹاپوں میں خاک تربت کی ص ۶۷	اڑا دے	" "
۷۰۔ ۶ چاہنے سے رخ نیکو کے نہ کچھ کام رکھے ص ۶۸	۷۰۔ نیکو کے	" "
۷۱۔ ۶ جو دل پہ گذرتی ہے مرے ہجر میں اس کی ص ۶۹	۷۱۔ اس کے	" "
۷۲۔ آرام کہاں گنبدِ افلاک کے نیچے	۷۲۔ ______	
ہاں پاوے تو پاوے تو اسی خاک کے نیچا ص ۷۰	اسے	" "
۷۳۔ زخم اس پہ نہ آوے کہ جو کھا تیغ کو تیرے	۷۳۔ تیری	" "
اک دم بھی نہ تڑپا تری فتراک کے نیچے ص ۷۰	تسے	" "
۷۴۔ ۶ کیوں ہو گئے شراب سے غفلت کے مست یار ص ۷۱	۷۴۔ کی	" "
۷۵۔ ۶ عاشق تلے نہ چشم کہ ہولی کے بزم میں ص ۷۲	۷۵۔ کی	" "
۷۶۔ ۶ جز داغ جگر مجھ میں نہ گل ہی نہ ثمر ہے ص ۷۴	۷۶۔ ہے	" "
۷۷۔ ہم تو مرتے ہیں تمنا ہی میں باراں کے ہوا	۷۷۔ کی	" "
ابر کو لاوے کہیں، برق کو چمکاوے بھی ص ۷۵		

۷۸۔ ۶ ہٹ پہ آجاتے ہیں جب اپنے وہی کرتے ہیں ص ۷۵ — ۷۸۔ اپنی — ہونا چاہیے

۷۹۔ ۶ پاؤں پھیلانے کی خاطر نہ لحد ہاتھ آئے ص ۷۵ — ۷۹۔ آئی — " "

۸۰۔ دھیان میں جلد جو آتی نہیں رکھ چھوڑی ہے
لکھ کے تصویر تری ـــــ تھوڑی سی } ص ۷۵ — ۸۰۔ چھوڑے ہے — " "

۸۱۔ ۶ شاید کہ رُت گلاب کی آپہنچے عنقریب ص ۷۷ — ۸۱۔ آپہنچی — " "

۸۲۔ ۶ کیا جانیے یہ تیغ کی کس کے کشیدہ ہے ص ۷۷ — ۸۲۔ کی — " "

۸۳۔ ۶ نگاہ جاتی ہوئی ڈرتی تھی بدن کی طرف ص ۷۹ — ۸۳۔ جاتے ہوئے — " "

(ب) ک/گ :- قدیم طرزِ نگارش میں کاف اور گاف دونوں کے لیے ایک مرکز رائج تھا، یعنی "گ" پر دو مرکز لگاکر اسے "ک" سے الگ نہیں کیا جاتا تھا۔ متن کی صحیح صورت کا انحصار قاری کی علمی صلاحیت اور صوابدید پر ہوتا تھا، چنانچہ ذرا سی بے توجہی یا سہو کے نتیجے میں گُل کا کُل، گام کا کام اور گنج کا کنج ہو جانا ایک معمولی بات تھی۔ آج کے مرتب کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ ان دونوں حروف کو ان کے مابہ الامتیاز فرق کے ساتھ ضبطِ تحریر میں لائے یعنی گاف پر دو مرکز لگاکر اسے کاف سے ممیز کرے۔ پیشِ نظر دیوان میں ایسے متعدد مقامات موجود ہیں۔ جہاں مرتب سے ان دو حروف کے درمیان امتیاز میں سہو ہوا ہے۔ سطورِ ذیل میں بہ طورِ ثبوت اس کی ۱۷۵ مثالیں پیش کی جاتی ہیں :-

۱۔ آبادی ہے اس کی مصحفی کم
عالم کے تئیں خراب دیکھا } ص ۲۰ — ۱۔ گُم — ہونا چاہیے

۲۔ کوئی بیگانہ ہی بولا نہ بکارا اپنا ص ۲۴ — ۲۔ پکارا — " "

۳۔ سب طرح کے پھول کرڑوں میں کیے ہیں مجتمع ص ۲۶ — ۳۔ گرڑوں — " "

۴۔ گرے جو بحرِ تماشا خرام کا تیرے ص ۳۱ — ۴۔ کرے جو — " "

۵۔ جس وقت کہ دانگ اس نے رکھا زیر نگیں بسر ص ۳۴ — ۵۔ ڈانک — " "

۶۔ ان کے شیون جو گرنا اس کو یاد آجائے ہے ص ۳۴ — ۶۔ جو کرنا — " "

۷۔ زخمی ہوا ہوں کس کے میں ناوک کی مانگ کا ص ۳۵ — ۷۔ کس کے ـــ بانک کا — " "

۸۔ غم نہیں ہے جو گیا کود کے مرزوق کا نال ص ۴۸	۸۔ جو کٹا	ہونا چاہیے
۹۔ فن اتنا کم گیا ہے کہ ان روزوں مصحفی ص ۴۹	۹۔ گم گیا ہے	" "
۱۰۔ نیز نگی ہر اک نوک مرے حق میں سناں ہو ص ۵۰	۱۰۔ نیزے کی ہر اک	" "
۱۱۔ اپنی تو دہی کام میں طاقت گئی ہے بیٹھ ص ۵۵	۱۱۔ گام میں	" "
۱۲۔ گنجشک دل عاشق مسکیں کو مسلنا ص ۵۸	۱۲۔ گنجشک[1]	" "
۱۳۔ سوال بوسۂ عاشق سے ٹک حذر ہے ضرور	۱۳۔ ــــــــــــ	
گرڑی یہ تیغ بہت اے نگار منہ پر ہے } ص ۶۲	کرڑی یہ	" "
۱۴۔ سچ تو ہے تنکے لگا کرنے اب اپنا حوصلہ ص ۶۴	۱۴۔ تنگی	" "
۱۵۔ خوش قدانِ نازک ابرو کی محبت ساتھ تھی	۱۵۔ ــــــــــــ	
خاک مرقد سے ہماری جو پڑے گیلے ہوئے } ص ۶۴	جو بڑے کیلے ہوئے	" "
۱۶۔ جس کے سفلئے سینہ میں ہے برق کا سا دھنک ص ۶۷	۱۶۔ ڈھنگ	" "
۱۷۔ خال اک اور بھی رکھ گنج دہن پہ کہ صنم	۱۷۔ کنج دہن	" "

(ج) ہم شکل حروف پر امتیازی علامات کی عدم موجودگی :۔ قدیم اِملا میں امتیازی علامات کے التزام سے بے اعتنائی کی بنا پر ہم شکل حروف مثلاً ب پ ج چ ح خ د ڈ ر ڑ ز ژ س ش ن ی ہ وغیرہ کے درمیان تمیز کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ بعض اوقات ایک ہی لفظ میں دو ہم شکل حروف جمع ہو جاتے ہیں یا دو لفظ ملا کر لکھ دیئے جاتے ہیں اور ان میں ایک سے زائد حروف غیر واضح شکل میں موجود ہوتے ہیں۔ ان دونوں صورتوں میں اصل لفظ تک رسائی دشوار ہو جاتی ہے۔ قاری الجھنوں کا شکار ہو جاتا ہے۔ نتیجتاً قرأت کی بوالعجبیاں وجود میں آتی ہیں۔ سطورِ ذیل میں اس کی مثالیں پیش کی جاتی ہیں:۔

مطبوعہ صورت	صحیح صورت	
۱۔ کہاں جائے وہ بیچارہ مصیبت تو بڑی یہ ہے ص ۶	۱۔ بڑی یہ ہے	ہونا چاہیے

---

[1] ص ۴۵ پر صحیح اِملا 'گنجشک' موجود ہے۔

مطبوعہ صورت	صحیح صورت	
۲۔ کیا کیا صفِ نعال میں میٹی ہیں صورتیں / اک اہلِ بزم کو یہ نہیں ہوش نقشِ پا } ص ۸	۲۔ نے[1]	ہونا چاہیے
	پہ	" "
۳۔ یہ بھی حرکت ہے بری اس نے نہ فرمایا بھیجا ص ۱۵	۳۔ یہ	" "
۴۔ بنایا بھیجے کو گلدستہ میں نے داغوں کا ص ۱۹	۴۔ پہنچے	" "
۵۔ نام جس کا ہے دل پہ پہلوی چیپ ص ۲۶	۵۔ پہلوے چپ	" "
۶۔ رکھے ہے حور ہی ایسی تو یہ پری صورت / نہ پیاری پیاری لگے کیونکہ سانولی صورت } ص ۲۷	۶۔ تو نے	" "
۷۔ چمن کے بیچ جو گل مہندی پہ گلابی ہے / ہوئے تھے روزِ ازل کیا گلاب سے پیوند } ص ۳۰	۷۔ یہ گلابی ہے	" "
	ہوئی تھی	" "
۸۔ ہستی بسر پہ تو نور ازلی ہے ص ۳۲	۸۔ ہستیِ بشر پہ تو نورِ ازلی ہے	"
۹۔ لبوں پہ اس کے دلھڑی جو جمی ہے مسّی کی ص ۳۲	۹۔ دھڑی	" "
۱۰۔ گھر سے میرے دوست نہ گھبرائیں تو بہتر / یہ زمزمہ ہے بانفس بازپسیں اور } ص ۳۱	۱۰۔ مرے	" "
	تانفس	" "
۱۱۔ اس پہ بھی ابھی تشنۂ خوں ہے نہ زمیں اور ص ۳۲	۱۱۔ یہ زمیں	" "
۱۲۔ سخت جانوں پہ لگا سخت سرے کا ہے جو شوق ص ۳۳	۱۲۔ سخت بری	" "
۱۳۔ ٹکڑے نہ زمرد کے مگر ٹانکے ہیں اس نے ص ۳۴	۱۳۔ یہ	" "
۱۴۔ عشق سادہ کو جلاتا ہے ولیکن بدرنگ ص ۳۴	۱۴۔ بے درنگ	" "
۱۵۔ دل سے ہے نفرت اور وہی احتراز دل ص ۳۷	۱۵۔ ویسی ہی نفرت	" "
۱۶۔ اپنی قاتل جو ترے رخ کے بنائیں آنکھیں / چوڑیوں نے ترے تلووں سے لگائیں آنکھیں } ص ۴۲	۱۶۔ نہ پائیں	" "
	عیدیوں	" "

---

[1] اصلاً "میں" ہوگا۔

مطبوعہ صورت	صحیح صورت	
۱۷۔ نقش جب چال سے نکلے ہے مری اس خاطر ص ۴۴	۱۷۔ نقشِ جُب	ہونا چاہیے
۱۸۔ مزے اٹھائے ہیں جو جو ملے ہوئے دل میں ص ۴۵	۱۸۔ ملے ہوئے	" "
۱۹۔ غرور نفس اول پیش کیا جائے میں کار نقشِ ثانی کر رہا ہوں } ص ۴۹	۱۹۔ نقشِ اوّل	" "
۲۰۔ میں بار تعلق کے نہیں خاک اٹھاؤں ص ۵۰	۲۰۔ تیئں	" "
۲۱۔ آنکھوں کی نہیں سوج کا باندھوں ہوں تصور ص ۵۰	۲۱۔ تیئں	" "
۲۲۔ اے مصحفی جینے میں ئیں تھا ہادی یاراں ص ۵۰	۲۲۔ جیتے میں / میں	" "
۲۳۔ پہچو یہ مختصر لب ساحل ستادہ ہو ص ۵۱	۲۳۔ بے چوبہ ستادہ ہو "	"
۲۴۔ پیٹ کا بھاڑ ہی بلا ٹھہرے	۲۴۔ پیٹ کا بھاڑ ہے بلا نہ ٹھہرے "	"
۲۵۔ زندہ مت جان تو اے گرد خراماں مجھکو ص ۵۴	۲۵۔ سروِ خراماں	" "
۲۶۔ نگوہی آنکھ کی تیری لگاوٹیں نہ گئیں ص ۶۵	۲۶۔ لگوہی آنکھ	" "
۲۷۔ قلم نے ہاتھ میں سوخی نہ مانی ص ۶۵	۲۷۔ قلم لے ہاتھ میں سوچے یہ مانی "	"
۲۸۔ سمجھتا ہے یہ از بر دیمانی ص ۶۶	۲۸۔ بہ از	" "
۲۹۔ جلے گل تکیہ پہ چاہے ہے مری غیرت کب ص ۶۸	۲۹۔ یہ	" "
سو باغ میں شب	مت	" "
۳۰۔ شبنم کا ہے ور سایۂ افلاک کے نیچے } ص ۷۰	۳۰۔ ڈر	" "
۳۱۔ زخم اس پہ نہ آوے کہ جو کھا تیغ کو ترے ص ۷۰	۳۱۔ رحم	" "
۳۲۔ چین والوں کے صنائع پہ جو عبرت آئے	۳۲۔ غیرت	" "
ناقہ بیچیں گے بنا اہلِ ختن پتھر کے } ص ۷۲	نافے	" "
۳۳۔ خورشید کے دن رات جو ہتواں سے سپر ہے ص ۷۴	۳۳۔ ہتوانسی	" "
۳۴۔ گرگئی آب دم خنجر کیں تھوڑی سی ص ۷۵	۳۴۔ گرگئی	" "
۳۵۔ نکھ کے تصویر تری مانکل چیں تھوڑی سی ص ۷۵	۳۵۔ مانی چیں	" "

مطبوعہ صورت	صحیح صورت
۳۹۔ فلک پر وسے ہے فریاد مردوزن کی طرف ص ۸۰	۳۹۔ فلک پہ دن سے ہی ہونا چاہیے

اصل متن سے انحراف :۔ قراءت اور املا کی غلطیوں کے علاوہ اصل متن میں بالارادہ ترمیم و تنسیخ کی روایت اردو کتابوں کی کتابت، طباعت اور اشاعت کی تاریخ کا ایک المناک سانحہ ہے۔ قدما اور متوسطین کے کلام میں تصرفات بے جا کی مثالیں کثرت سے موجود ہیں۔ پیش نظر مطبوعہ دیوان بھی اس سے خالی نہیں۔ سطور ذیل میں ایسے بیشتر مقامات کی نشان دہی کی جاتی ہے جہاں اصل متن سے غیر ضروری طور پر انحراف کیا گیا ہے۔

متن مخطوطہ	تحریف شدہ متن
۱۔ بی خبر تو نے نہ پھر در پہ بٹھا کر مجھ کو ص ۳	۱۔ بٹھا کے
۲۔ کہاں جاوے وہ بیچارہ مصیبت تو پڑی یہ ہے ص ۵	۲۔ کہاں جائے
۳۔ مدفون ہے جو کنارہ پہ رستے سے ان کی خاک ص ۷	۳۔ مدفوں ہے
۴۔ اس تازہ گل کے ابرۂ فرغل کے واسطے ص ۸	۴۔ ــــــــ
استر شفق کا شب کو پڑا ڈھیر میں رہا ص ۸	دہر میں
۵۔ تسازو ہو رہا ہے بوجھ ان کولوں پہ ہیکل کا ص ۹	۵۔ کولھوں
۶۔ بھاگے وہ ہیں جو غیر سے خالی مکاں ہوا ص ۱۱	۶۔ بھاگے وہیں
۷۔ رخ تلک جاوے نظر زلف سے بچ کر کیوں کر ص ۲۰	۷۔ جائے
۸۔ جاوے کچھ فکر کرے دیدۂ روزن اپنا ص ۲۰	۸۔ جائے
۹۔ ڈھ جانے کا کچھ گھر کے مجھے غم نہیں اتنا ص ۲۱	۹۔ ڈھ جائے گا کچھ گھر کہ
۱۰۔ اک خط نہ پڑھا ناز کی دست سے، اس نے ص ۲۱	۱۰۔ پڑھا
خنجر کو گلے پر مرے سو بار تو رکھا ص ۲۱	ــــــــ
۱۱۔ ہو گئے تارے گریباں کے سوت ص ۲۷	۱۱۔ تارے غریباں

ؔ "بڑی یہ ہے" ہونا چاہیے ؔ تارے گریباں = تار گریباں۔

متنِ مخطوطہ	تحریف شدہ متن
۱۱۔ اشک جو چشم سے گرتا ہے سوئے[1] رنگ ہے آج ص ۴۲	۱۲۔ سوے رنگ
۱۳۔ صبح ہوتے کہ جو دی چھوڑنے کونبل اے دل ص ۴۵	۱۳۔ کونپل
۱۴۔ تجھ سا پری میاں تو نہ کوئی نظر پڑا ص ۴۸	۱۴۔ یہاں
۱۵۔ کنج قفس میں دیر سہا اس قدر کہ ہائے ص ۴۹	۱۵۔ قدر کے
۱۶۔ یہ روز ڈھونڈھ لائے ہیں اک خوبرو نیا ص ۵۲	۱۶۔ لاوے
۱۷۔ نخل خرماں[2] ہی کوئی اس پہ لگالے باغباں ص ۵۶	۱۷۔ اے مہرباں
تربتِ مجنوں پہ ہووے کچھ تو سایا دھوپ میں ص ۵۶	سایہ
۱۸۔ ہمرہ صبا کے آتے ہیں بکجے شمیم کے ص ۵۷	۱۸۔ بکچے
۱۹۔ دشمنی کے روز تا شب گور ہے در پئے رقیب ص ۵۹	۱۹۔ در پہ رقیب
۲۰۔ آوے کچھ اس کا ذکر تو خود سرنگوں کروں ص ۶۶	۲۰۔ تو سر کو نگوں کروں
۲۱۔ آئینہ ساں جو صاف دروں و بروں کروں ص ۶۷	۲۱۔ دروں اور بروں کروں
۲۲۔ عبث دعوائے ثانی کر رہا ہوں ص ۶۹	۲۲۔ دعویٰ
۲۳۔ دام بردوش ہی مخلوق کیا خالق نے ص ۷۴	۲۳۔ دام پر دوش
۲۴۔ زندہ مت جان تو اے سروِ خراماں مجھ کو ص ۷۶	۲۴۔ گرد خراماں
۲۵۔ خوشہ کتر کتر کے سر دار بست کھائے ص ۸۰	۲۵۔ دار پست
۲۶۔ کیوں کر نہ ہو شکار یہ قسمت کا بیچ ہے ص ۸۰	۲۶۔ پیچ
۲۷۔ مشاطہ کوئی جاوے گر اک تو شکست کھائے ص ۸۱	۲۷۔ کوئی
۲۸۔ خوشے تمام ہو دیں تو پھر دار بست (کھائے) ص ۸۱	۲۸۔ دار پست
۲۹۔ مت پنجۂ عاشق سے چھڑا کاکل مشکیں ص ۸۲	۲۹۔ مسکیں

[1] قرینہ شب رنگ "کا ہے۔

[2] جدید املا "خرما" ہے۔

متنِ مخطوطہ	تحریف شدہ متن
ایک علاج کا شانہ ہے تو اک شانہ ہے یہ بھی ص ۸۲	اک
۳۰۔ چمنٹ جاوے بھیڑ خلق گر ازدحام کی ص ۸۵	۳۰۔ جلے
۳۱۔ مہ دیکھے جو جھائیں تیرے رُخ کی دوکھ اس کے نہ کیوں کلف میں ٹھہرے ص ۸۸	۳۱۔ ——— دُکھ
۳۲۔ خوب سمجھے دے گسائیں گُر کے جو چیلے ہوئے ص ۹۱	۳۲۔ وہ
۳۳۔ سینہ تختی ہے سرمہ اصفہانی ص ۹۳	۳۳۔ سرمہ اصفہانی
۳۴۔ زاہد کے مسوڑوں کا کوئی رنگ نہ پوچھو ص ۱۰۰	۳۴۔ مسوڑھوں
۳۵۔ توسیح پہ پھولوں کی منم سووے صد افسوس ص ۱۰۰	۳۵۔ سوے
۳۶۔ صرفِ افشاں میں تہرے وہ بھی کھرل ہوجاوے[1] ص ۱۰۱ لاوے ترے جو بنا چرخ کہن پتھر کے	۳۶۔ ہوجلے ———
۳۷۔ سخت باتیں تری کیوں کر نہ لگیں دل کو مرے ص ۱۰۴	۳۷۔ لگے
۳۸۔ ہیں پھوڑا کے جہاں قیصر کہن پتھر کے ص ۱۰۴	۳۸۔ پھوڑتا

یھاں، دھاں/یہاں، وہاں :۔ انیسویں صدی عیسوی تک کہنی دار (ﮨ) اور دو چشمی (ھ) کے استعمال کا کوئی اصول مقرر نہیں تھا چنانچہ تحریروں میں "کھا" کو "کہا"، "کہا" کو "کھا"، "گہر" کو "گھر" اور "گھر" کو "گہر" لکھنے کا چلن عام تھا۔ البتہ ہائے مخلوط (ھ) کی نسبت ہائے ملفوظ (ہ/ﮨ) زیادہ مروج تھی۔ اسی روش کی پیروی میں "یھاں" "دھاں" بروزن "تاں"، کو "یہاں" "وہاں" لکھا جاتا تھا۔ واضح ہو کہ میر، سودا اور درد کے بعد کے شاعروں مثلاً میر حسن، جراَت، محبت خاں محبت وغیرہ نے ضرورتِ شعری کی بنا پر کہیں کہیں ان دونوں لفظوں کو بروزنِ "دہاں" بھی استعمال کیا ہے۔ مصحفی کے پیشِ نظر دیوان میں بھی مندرجہ ذیل پانچ اشعار میں یہی صورت پائی جاتی ہے۔ یہ اشعار حسبِ ذیل ہیں:۔

۱۔ پاسِ ادب ہے اس کو یہاں تک کہ داغ شمع ٭ دیتا نہیں ہے دود تری انجمن کے بیچ ص ۲۹

---

[1] قرینہ "ہوجاویں" کا ہے۔

۲۔ جاتی ہے لیلیٰ نجد کی وادی میں جب سوار | پاس ادب کہے ہے یہاں سے پیادہ ہو ص ۵۰

۳۔ مصحفیؔ جا کے وہاں بھول گئے کیا ہم کو | کبھی یاران عدم نے جو نہ پُرسا بھیجا ص ۱۵

۴۔ مذکور میرے گریہ کا ہو جس جگہ وہاں | اہلِ نماز جائے تیمم وضو کریں ص ۴۷

۵۔ دل سے نہیں جاتی ہوسِ کوچۂ قاتل | جاتا ہوں وہاں میں کہ جہاں جی کا خطر ہے[1] ص ۴۷

مندرجہ بالا پانچ اشعار کے علاوہ اس دیوان میں یہ دونوں لفظ ہر جگہ ہائے مخلوط کے ساتھ یعنی "ناں" کے وزن پر نظم ہوئے ہیں لیکن مطبوعہ ایڈیشن کے مرتب نے ان کی اصل مکتوبی صورت "یہاں" اور "وہاں" کو بدل کر انھیں "یاں" اور "واں" بنا دیا ہے۔ نمونتاً چند شعر پیش کیے جاتے ہیں:

۱۔ واں رشکِ میکشی نے خبر محتسب کو کی | یاں نشۂ سرور نے غافل کیا مجھے ص ۷۶

۲۔ واں روز چلتی ہیں خرد دیبا پہ قینچیاں | یاں جامۂ حیات کی قطع و برید ہے ص ۷۷

۳۔ قاصد نہ آوے واں سے تو کچھ غم نہیں کیا | ——————— ص ۷۷

۴۔ جب گیا یار کی محفل میں تو واں جم بیٹھا | ——————— ص ۷۸

۵۔ کوئی جیتا نہیں یاں اٹھ کے پھرا بس قاتل | ——————— ص ۷۸

سطور بالا میں پیش کردہ تفصیلات زیر تبصرہ ایڈیشن کی کُل اغلاط کا احاطہ نہیں کرتیں مزید طوالت سے عمداً احتراز کیا گیا ہے کہ اس کے لیے ایک پوری کتاب کا حجم درکار ہے۔ یہ سطور صرف اس امر کو پیش نظر رکھ کر قلمبند کی گئی ہیں کہ مناسب وضاحتوں اور ضروری تصحیحات کے ساتھ بیشتر نمائندہ غلطیوں کی نشاندہی کر دی جائے کہ آئندہ ایڈیشن کی ترتیب کے وقت مرتب کے کام آئے اور اس کی روشنی میں وہ دوسری غلطیوں اور تسامحات کی اصلاح کر لے۔

***

دیوان مصحفیؔ جلد ہشتم، شائع کردہ خدا بخش لائبریری پٹنہ سے متعلق دو تحریریں خدا بخش جرنل کے شمارہ نمبر ۱۰۵ میں نظر سے گذریں۔ پہلی تحریر پروفیسر نور الحسن نقوی کے قلم سے بطورِ استدراک ہے اور دوسری تحریر میں جناب حبیب الرحمٰن چغانی ڈائرکٹر خدا بخش لائبریری نے استدراکِ مذکور کا جائزہ

---

[1] "جی کا خطر" ہونا چاہیے۔

لیاہے۔ سطور ذیل میں ان دونوں تحریروں کے حوالے سے چند معروضات پیش کیے جاتے ہیں۔

پہلی تحریر

پروفیسر نورالحسن نقوی نے اپنے اس مضمون میں دیوانِ ہشتم (مطبوعہ خدا بخش) میں موجود ساٹھ غلطیوں کی نشاندہی مع تصحیح اس امید کے ساتھ کی ہے کہ اگلی اشاعت میں ان کے علاوہ دوسری غلطیاں بھی دور کی جا سکیں۔ پروفیسر موصوف کی اصلاحیں اس لحاظ سے اور بھی وقیع اور اہم ہیں کہ انھوں نے مصحفی کے دواوینِ اوّل تا ہشتم کو مرتّب کیا ہے جنھیں مجلس ترقی ادب لاہور، علاحدہ علاحدہ جلدوں میں مختلف سنین میں شائع کر چکی ہے۔

پیشِ نظر تحریر میں تصحیح اشعار کے تعلق سے نقوی صاحب کا طریقِ استدلال بڑا محتاط ہے اور تمام یا اکثر غلطیوں کی نشاندہی اور اصلاح کرنے کی بجائے صرف ساٹھ اشعار کا صحت کے ساتھ پیش کرنا اسی احتیاط کا نتیجہ ہے۔ یہ تصحیحات مجموعی طور پر خاصی اہم ہیں اور مضمون نگار کی دقّتِ نظر کا پتا دیتی ہیں۔ تاہم بعض اشعار کی قیاسی تصحیح اور اس سلسلے میں ان کا استدلال قابلِ قبول نہیں۔ سطورِ ذیل میں ایسے تمام مقامات کی نشاندہی کی جاتی ہے۔

(۱) شعر نمبر ۳۔ کیا جام تہی سے تو ڈھلکائے ہے اے ساقی
گو مست ہوں میں لیکن ہے مجھکو شعور اتنا

نقوی صاحب نے بہ اعتبارِ معنی "ڈھلکائے" کو غلط اور "ڈہکائے" کو صحیح قرار دیا ہے۔ الا نکہ لغت میں "ڈہکانا" کے علاوہ "ڈھلکانا" بھی ایک علاحدہ لفظ ہے جس کے معنی اُکسانا، ترغیب دلانا، چھیڑنا، للچانا اور خواہش پیدا کرنے کے ہیں (ملاحظہ ہو پلیٹس، ڈنکن اور فیروز اللغات وغیرہ)

(۲) شعر نمبر ۷۔ اونچی بن کے وہ شب بام پر آیا اپنے
غالباً تک فلک کو اُسے ڈہکانا تھا

استدراک میں "اونچی" کو "اونچی" بتانا یقیناً درست ہے لیکن ڈہکانا کی جگہ "دھکانا" لکھنا صحیح نہیں۔ ہمارے شعرا کے معشوق بانکے سپاہی بھی ہوا کرتے تھے اور معشوق للچانے اور ستانے کا کام کرتا ہے۔ لغت میں "ڈہکانا" کے معنی للچانے اور ستانے دونوں کے ہیں۔ یوں بھی اصولاً قیاسی تصحیح از حد احتیاط کی متقاضی ہوتی ہے۔ بے ضرورت یا اپنی پسند کے حوالے سے لفظوں کی تبدیلی تحریف کہلاتی ہے۔

(۳) شعر نمبر ۹۔ نل ہے یوں زخمہار داسِ فلک
جیسے ہوتا ہے مچھلی کا کھنڈا

نقوی صاحب نے "داس" کو غلط اور "ڈاس"[1] (بمعنی ڈنک) کو صحیح بتایا ہے جو قطعاً نادرست ہے۔ صحیح متن "داس" ہی ہے۔ لغت میں "داس" کے معنی درانتی کے ہیں۔

(۴) شعر نمبر ۱۲۔ عشق کا آکر چڑھا جو مجھ کو بھوت
ہوگئے تارِ غریباں کچے سوت

نقوی صاحب نے استدراک میں "تارِ غریباں" کو غلط اور "تار گریباں" کو صحیح قرار دیا ہے۔ ان کے الفاظ یہ ہیں:۔ "تارِ غریباں، بے معنی ہے یہ تار گریباں" ہے۔ اصل میں بھی اسی طرح ہے۔" صاحبِ استدراک کی اصل سے مراد عکسی ایڈیشن / مخطوطہ ہے۔ اس اجمال کی تفصیل یوں بیان کی جاسکتی ہے۔ اصل میں "تارے گریباں" تھا۔ پیش نظر ایڈیشن میں کاتب کی کرشمہ سازی سے "تارے غریباں" ہوگیا۔ دونوں جگہ "یائے مشترک زائد ہے۔ صحیح صورت "تار گریباں" ہے۔

۵۔ شعر نمبر ۱۵۔ کل تو کھیلے تھا وہ گلی ڈنڈا
ڈنڈ پیل آج ہوا کیا سنڈا

نقوی صاحب نے دوسرے مصرعے میں "ہوا کیا" کو پڑھنے کی غلطی بتاکر مصرع یوں درست کیا ہے۔" ع ڈنڈ پیل آج ہوگیا سنڈا" اور یہی صحیح بھی ہے لیکن عکسی ایڈیشن / مخطوطہ میں "ہوا کیا" ہی ملتا ہے۔ لہذا اسے پڑھنے کی نہیں کتابت کی غلطی کہا جائے گا۔

مصرعِ اول میں "گلی" کو بہ تشدید لام پڑھنے کی صورت میں "ہوا کیا" سے شعر موزوں ہو سکتا ہے مگر قباحت یہ آن پڑتی ہے کہ زیرِ نظر شعر کا وزن غزل کے دوسرے اشعار سے مختلف ہوجاتا ہے۔ مصحفی نے "گلی" کو بغیر تشدید لام اسی دیوان میں ایک جگہ اور استعمال کیا ہے۔ شعر نقل کیا جاتا ہے:۔ کھیلتا پھرتا ہے لڑکوں میں گلی ڈنڈا وہ شوخ
بیٹھے ہیں یاں جاں بکف ہم جان پر کھیلے ہوئے (ص ۶۴)

---

[1] "ڈانس" کے معنی ڈنک کے ہیں۔

(۶) شعر نمبر ۱۸۔ بہلاتے دل اپنا میں اگر باغ میں جاؤں
نیرنگی ہر اک نوک مرے حق میں سناں ہو

دوسرے مصرعے میں "نیرنگی ہر اک نوک" کو "نیزے کی ہر اک نوک" بالکل درست پڑھا گیا ہے لیکن نیزے کا جو مفہوم یہاں مراد ہے وہ عام فہم نہیں ہے۔ دوسرے مشکل اشعار اور الفاظ کے سلسلے میں اپنے اختیار کردہ اصول کے مطابق مصحح کو اس لفظ کے بھی معنی بتانا چاہیے تھا۔ لغت میں "نیزہ" کے معنی کلک، نرکٹ وغیرہ کے ہیں جس سے قلم اور بانسری بنائی جاتی ہے۔

(۷) (الف) شعر نمبر ۲۷۔ مجھ بادہ کش کی روح جو طوطا بنے کبھی
خوشے کتر کتر کے سرِ دار پست کھائے

(ب) شعر نمبر ۲۸۔ بھوکا نہ ایسا باغ میں آوے کوئی کہ وہ
خوشے تمام ہوویں تو پھر دار پست کھائے

نقوی صاحب نے ان دونوں شعروں میں "دار پست" کی جگہ "دار بست" کو صحیح بتایا ہے جو درست ہے۔ عکسی ایڈیشن / مخطوطہ میں "دار بست" ہی ہے اس کی نشاندہی بھی ضروری تھی۔

(۸) شعر نمبر ۲۹۔ مت پنجۂ عاشق سے چھڑا کاکل سکیں
اک علاج کا شانہ ہے تو اک شانہ ہے یہ بھی

نقوی صاحب نے "کاکل سکیں" کو غلط اور "کاکل مشکیں" کو درست قرار دیا ہے اور لکھا ہے۔ "ہزاروں کو پابہ زنجیر کرنے والی محبوب کی کاکل سکیں ہو بھی کس طرح سکتی ہے"۔ دراصل عکسی ایڈیشن / مخطوطہ میں "مشکیں" ہی ہے۔ پیش نظر مطبوعہ ایڈیشن میں نقطوں کا چھوٹ جانا محض سہو کتابت ہے اسے تدوین یا صاحبِ تدوین کی غلطی نہیں قرار دیا جا سکتا۔

(۹) شعر نمبر ۳۳۔ ہماری چشم دل کرنے کو روشن
سیہ بختی ہے سرپر اصفہانی

استدراک میں "سرپر اصفہانی" کی اصلاح "سرمہ اصفہانی" سے کی گئی ہے جو بالکل صحیح ہے۔ یہاں مصحح کو یہ بتا دینا بھی ضروری تھا کہ عکسی ایڈیشن / مخطوطہ میں "سرمہ اصفہانی" ہی ہے اور مطبوعہ ایڈیشن میں یہ غلطی کاتب کی کم سوادی اور مرتب کی بے پروائی سے در آئی ہے۔

(۱۰) شعر نمبر ۳۴۔ چھپا نہ گریہ کی چادر میں کیونکہ حالِ زبوں
کہ آنسوؤں کی مرے آبشار منہ پہ ہے

عکسی ایڈیشن / مخطوطہ میں مصرع اوّل کی شکل یہ ہے " ع چھپاں گریہ کی چادر میں کیونکہ حالِ زبوں " پیش نظر مطبوعہ ایڈیشن میں اس کی صورت یہ ہوگئی۔ " ع چھپا نہ گریہ کی چادر میں کیونکہ حالِ زبوں " دونوں متن غلط ہیں۔ استدراک میں اس کی اصلاح یوں کی گئی ہے:

" ع چھپاؤں گریہ کی چادر میں کیونکہ حالِ زبوں "

یہاں قاعدے کی رُو سے "گریہ" کی جگہ "گریے" اور "کیونکہ" کی جگہ "کیوں کے" ہونا چاہیے۔ ثانی الذکر کے سلسلے میں یہ وضاحت ضروری معلوم ہوتی ہے کہ یہ لفظ "کیوں کے" سے معنوی اور صوری دونوں اعتبار سے مختلف ہے۔ یہ غلط نگاری اردو میں اتنی عام ہے کہ لوگوں نے قدما مثلاً سودا کورد اور میر وغیرہ کے دواوین میں کیونکے / کیوں کے کی جگہ کیونکہ / کیوں کہ بنا دیا اور بہ گمانِ خود اصلاح فرمائی حالانکہ اسے تحریف کہا جائے گا۔

(۱۱) شعر نمبر ۳۵۔ بے قید عشق صلح کرے میش گرگ سے
کھائے گڑھا اور زخم خار بست کھائے

نقوی صاحب نے مصرع اوّل میں " میش گرگ سے " کو بغیر توجیہ کے " گرگ میش سے " بنا دیا ہے جو اصولی طور پہ درست نہیں اور مصرع ثانی کی اصلاح یوں کی ہے:

" ع کھائی گڑھا اور نہ زخم خار پشت کھائے "

"خار پشت" کے معنی استدراک میں بتائے گئے ہیں۔ "خار پشت ایک جانور ہے جس کی پیٹھ کانٹوں سے بھری ہوتی ہے"۔

چوں کہ غزل کی ردیف "کھائے" اور قوافی جست، پست، بست، پرست وغیرہ ہیں لہٰذا پیش نظر شعر کا خار بست ہی ہونا چاہیے۔ "خار بست" کے معنی لغت میں کانٹوں کی باڑھ کے ہیں اور کھائی، گڑھا کی رعایت سے یہی لفظ موزوں اور صحیح ہے۔ صاحبِ استدراک کا خار بست کو خار پشت میں تبدیل کرنا صوری اور معنوی دونوں اعتبار سے غلط ہے۔ خدا معلوم نقوی صاحب کا ذہن ان امور کی طرف کیوں منتقل نہیں ہوا۔

(١٢) شعر نمبر ٣٧۔ دام پر دوش ہے مخلوق کیا خالق نے
طاقت اڑنے کی نہ دی جوں پہ ماہی ہکو

مصرع اوّل میں "دام پر دوش ہے" کو "دام بردوش ہی" کر دیا گیا ہے۔ عکسی ایڈیشن/مخطوطہ میں "دام بر دوش" ہی ہے۔ مصحح کو اس کی اطلاع بھی دینی تھی۔

(١٣) شعر نمبر ٣٨۔ نہ سمجھے گا کوئی مجھ کو پیمبر
عبث دعویِ ثانی کر رہا ہوں

نقوی صاحب کا ارشاد ہے : "دوسرا مصرع ساقط الوزن ہے۔ اس طرح ہونا چاہیے :
ع عبث دعوائے ثانی کر رہا ہوں"۔ دعوا عربی لفظ ہے۔ درست املا الف کے ساتھ ہی ہے۔ ملاحظہ ہو مصحفی کی غزل صہبائے شاعری، دعوائے شاعری" صہبا" کو یقیناً الف سے لکھتے ہیں لیکن دعویٰ کو موسیٰ، عیسیٰ کی طرح لکھنے کا چلن اب بھی ہے۔ اور جہاں تک نسخۂ مطبوعہ کے املا کا تعلق ہے۔ وہ دراصل کتابت کا سقم ہے۔ عکسی ایڈیشن/مخطوطہ میں "دعوای" صحیح صورت میں موجود ہے۔

(١٤) شعر نمبر ٥٢۔ صبح ہوتے کہ جو دی چور نے کونپل اے دل
یار ہمسایہ کی اک رات تو دیوار کو توڑ

ظاہر ہے "کونپل" بے معنی ہے اور چور کی مناسبت سے "کونبل" (بمعنی نقب) ہی درست ہے جس کی اصلاح نقوی صاحب نے کر دی ہے لیکن صحیح لفظ "کونبل" عکسی ایڈیشن/مخطوطہ میں موجود ہے۔ اس کا حوالہ دینا چاہیے تھا۔

(١٥) شعر نمبر ٥٤۔ خانہ سوزی کا مرے پوچھ نہ باعث کوئی
ہے یہ مشہور کہ لگ اٹھے ہے خود زاغ میں آگ

استدراک میں "مرے" کو "مری" اور "زاغ" کو "راغ" بنایا گیا ہے جو بالکل درست ہے لیکن لفظ "پوچھ" کی صورت میں ایک نئی غلطی داخل متن کر دی گئی ہے۔ حالانکہ عکسی ایڈیشن/مخطوطہ اور پیش نظر مطبوعہ ایڈیشن میں "پوچھو" موجود ہے۔ اور یہی صحیح بھی ہے۔

(١٦) شعر نمبر ٥٩۔ کتنا ہے یار شرمگیں نمونہاں
جس کو آتی نہیں ہے کرنی بات

نقوی صاحب نے "نمونہاں" کو غلط اور "مونہاں" (بمعنی جس کا منہ دکھ رہا ہو) کو صحیح بتایا ہے جو درست نہیں۔ دراصل یہ لفظ "نمونہا" ہے جس کے لفظی معنی ہیں "بغیر منہ کا" یعنی وہ شخص جسکے منہ ہی نہیں ہو مجازاً جسے بولنا ہی نہ آتا ہو۔

دوسری تحریر

جناب حبیب الرحمٰن چغانی، ڈائرکٹر خدا بخش لائبریری، پٹنہ نے دیوان مصحفی جلد ہشتم کے مذکورہ بالا استدراک کا مختصر جائزہ لیا ہے۔ وہ استدراک کی اکثر تصحیحات سے متفق ہیں سوائے چند کے، جن کی صحت میں انھیں شبہ ہے۔ چنانچہ نقوی صاحب کی پیش کردہ ساٹھ اشعار میں سے تیرہ کے بارے میں انھوں نے اپنی اصلاحات پیش کی ہیں یا ان کی رائے سے اختلاف کیا ہے۔ یہاں چغانی صاحب کی اصلاحات سے کلی طور پر اتفاق نہیں کیا جا سکتا۔ معروضات حسب ذیل ہیں:۔

(۱) شعر نمبر ۱۵۔ کل تو کھیلے تھا وہ گلی ڈنڈا
ڈنڈ پیل آج ہوا کیا سنڈا

پروفیسر نقوی صاحب نے استدراک میں زیر بحث شعر کے مصرع اوّل میں گِلی کو بغیر تشدید لام پڑھ کر دوسرے مصرع میں "ہوا کیا" کی بجائے "ہو گیا" بتایا ہے جو بالکل درست ہے۔ یوں شعر موزوں بھی ہے اور غزل کے دوسرے اشعار کے وزن کے مطابق بھی۔

چغانی صاحب نے اپنے جائزے میں شعر مذکور کے مصرع دوم کی پہلی صورت کو صحیح بتایا ہے اور مصرعوں کے ظاہری اور باطنی سقم پر توجہ مرکوز کرنے کی بجائے محض شعر کے مفہوم سے بحث کر کے انھوں نے نسخۂ خدا بخش کے متن کی وکالت کی ہے۔ وہ رقمطراز ہیں:۔ "... جدید قرارت کا مطلب یہ تو نہیں کہ بلا وجہ الفاظ کو بدل دیا جائے... کیا بمعنی کس قدر، کتنا، کیسا۔ مطلب یہ ہوا کہ ڈنڈ پیل کر کیا گبرو جوان ہو گیا۔ لفظ "کیا" سے لطافت پیدا ہو گئی ہے۔ اگر "ہو گیا" کو صحیح مان لیا جائے تو مفہوم ہو گا کہ ڈنڈ پیل، پیل کر گبرو جوان ہو گیا۔ "کیا" میں جو حسن تھا وہ جاتا رہا۔" دراصل گِلی کو بہ تشدید لام پڑھنے اور "ہوا کیا" کو صحیح مان لینے کی صورت میں شعر باعتبار وزن غزل کے دوسرے اشعار سے علاحدہ ہو جائے گا۔ اس طرف چغانی صاحب کا ذہن منتقل نہیں ہوا۔

(۲) شعر نمبر ۲۱۔ پیٹ کا بھاڑ ہی بلا ٹھہرے
خوب تا اس میں جھوک جھاک نہ ہو

پروفیسر موصوف نے "بلا" کو "بھلا" نقل کیا ہے۔ چغتائی صاحب نے اس پر اعتراض کیا ہے کہ "معلوم نہیں 'بھلا' کہاں سے در آیا"۔ یہ غلطی لغزشِ قلم یا سہوِ کتابت کا نتیجہ ہو سکتی ہے۔ استدراک میں مصرعِ اوّل کی تصحیح اس طرح کی گئی ہے "ع پیٹ کا بھاڑ ہے بلا' نہ بھرے" جو بالکل درست ہے۔ مخطوطے/عکسی ایڈیشن میں بھی "نہ بھرے" (نبھرے) ہی ہے "ٹھہرے" نہیں ہے لیکن چغتائی صاحب "ٹھہرے" ہی کو صحیح مانتے ہیں جو معنوی اعتبار سے کسی طرح بھی قابلِ قبول نہیں۔ دوسرے مصرعے میں پروفیسر صاحب نے "جھوکا" کو "جھونکا" لکھا ہے۔ یہ ترمیم اگر دانستہ کی گئی ہے تو اسے اصل متن سے انحراف سمجھا جائے گا۔

(۳) شعر نمبر ۲۲۔ تھوڑا ہی میں عاشق نہ ہوا اور کسی پر
ہجراں میں بھی اس سے ہی سروکار تو رکھا

پروفیسر صاحب نے "تھوڑا ہی" کو "تھوڑا ہے" لکھا ہے اور معنی یہ بتاتے ہیں کہ "کیا یہ کم ہے کہ کسی اور پہ نہ مرے" لیکن چغتائی صاحب "ہی" کو صحیح اور اصلاح کو غلط مانتے ہیں حالانکہ پروفیسر صاحب کی بات لگتی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔

(۴) شعر نمبر ۲۵۔ بے قید عشق صلح کرے میش گرگ سے
کھائے گڑھا اور زغم خار بست کھائے

استدراک میں دوسرے مصرع کی اصلاح اس طرح کی گئی ہے۔

"ع کھائی گڑھا اور نہ غم خار پشت کھائے"

اور پہلے مصرع میں بغیر کسی توجیہ کے "میش گرگ" کی جگہ "گرگ میش" کر دیا ہے۔ چغتائی صاحب کا اعتراض اس اصلاح پر یہ ہے۔ "یہ شعر غلط نقل ہوا ہے۔ اصلاح کے بعد بھی بات پوری طرح واضح نہیں ہوتی۔ کاش کہ اس کا مطلب بھی بیان کر دیتے۔"

"یہ شعر غلط نقل ہوا ہے" سے چغتائی صاحب کی مراد مصرعِ اوّل میں جزوی ترمیم سے معلوم ہوتی ہے۔ ممکن ہے یہ سہوِ کتابت ہو۔ ان کا یہ کہنا کہ "اصلاح کے بعد بھی بات پوری طرح واضح نہیں

ہوتی" بالکل درست ہے۔ لیکن ان کا ذہن "خار پشت" کی طرف منتقل نہیں ہوا کہ یہ تبدیلی کسی طرح جائز نہیں۔ اور یہ کہ جائزے میں شعر زیر بحث کا نمبر ۵۱ ہے جبکہ استدراک میں اس کا نمبر شمار ۳۵ ہے۔

(۵) شعر نمبر ۳۹۔ لطف کیا جینے کا اس کے رہ گیا پھر اے مسیح
منہ میں جس بیمار کے اڑ مکھیاں سب سٹ گئیں

استدراک میں "سب سٹ گئیں" کی جگہ "سٹ سٹ گئیں" کو زیادہ موزوں بتایا گیا ہے کہ اس سے ایک صوتی کیفیت بھی پیدا ہوتی ہے۔ اس کے برخلاف چغانی صاحب پہلی صورت یعنی نسخۂ مطبوعہ کے متن کو درست بتاتے ہیں اُن کا کہنا ہے کہ "سٹ سٹ گئیں" میں سرعت کا مفہوم مضمر ہے جب کہ یہاں تقاضا کثرت کا ہے وہ "سب" سے ظاہر ہوتی ہے۔ راقم الحروف کے خیال میں صوتی کیفیت کے علاوہ معنوی اعتبار سے بھی اصلاح شدہ صورت ہی زیادہ مناسب ہے۔

(۶) شعر نمبر ۴۲۔ اس کا کیا جرم مرے ہوش گئے ہیں کب سے
جو علم غیر پہ شمشیر کیے جاتا ہوں

نقوی صاحب نے استدراک میں "کب سے" کی اصلاح "کیسے" کی ہے جو بالکل درست ہے۔ لیکن بغیر کسی توجیہ کے "گئے ہیں" کی جگہ "اڑے ہیں" کر دیا ہے۔ ظاہر ہے یہ تبدیلی اصل متن سے انحراف ہے اور کسی طرح مناسب نہیں۔

چغانی صاحب نے استدراک کے جائزے میں اپنے اختیار کردہ طریق کار کے مطابق صحیح کی پہلی اصلاح سے اپنا اتفاق یا اختلاف ظاہر کیے بغیر دوسری ترمیم کے بارے میں یہ لکھا ہے "ہمارے نسخے میں "گئے" ہے "اڑے" نہیں۔ یہ صحیح ہے کہ ہوش کے لیے "اڑے" کا لفظ زیادہ مستعمل ہے "جانے" کا کم"۔

چغانی صاحب کے منقولہ بالا بیان سے گمان گزرتا ہے کہ وہ استدراک کی اس "نظری غلطی" کو ایک حد تک صحیح سمجھتے ہیں اور "اصلاح" کی صحت میں انھیں شبہ ہے۔

(۷) شعر نمبر ۴۵۔ آفتاب حشر نے کھائیں ہیں از بس سبلیاں
منہ نہیں کرتا کبھی میرے شبستاں کی طرف

نقوی صاحب نے استدراک میں "سبلیاں" کو "سیلیاں" (سیلی کی جمع بمعنی تھپڑ) بناکر مرتب متن کی غلطی کی اصلاح کر دی ہے اور مثال میں غالب کا درج ذیل شعر بطور حوالہ پیش کیا ہے۔ ؎ اہل بینش کو ہے طوفان حوادث مکتب — لطمۂ موج کم از سیلی استاد نہیں

یوں بات واضح ہوگئی اور متن بھی درست ہوگیا۔ علاوہ ازیں بغیرت ان رہی کے "کھائیں ہیں" کو آج کی کتابت میں "کھائی ہیں" بنا دیا ہے۔ چغتائی صاحب نے اس شعر کو اپنے جائزے میں شامل کیا ہے اور سبلیاں اور سیلیاں کی غیر ضروری بحث چھیڑ کر الجھاؤ اور پیچیدگی پیدا کر دی ہے۔

(۸) شعر نمبر ۴۶۔ کوتاہی بخت اپنے سے معشوق نہ آیا
گر ہاتھ لگے ہم کو فراغ شب مہتاب

استدراک میں "لپنے" کو "اپنی" اور "لگے" کو "لگی" بنایا گیا ہے جو باعتبار معنی درست ہے لیکن غلطی سے "معشوق" کو "محبوب" لکھ دیا گیا ہے۔ یہاں چغتائی صاحب کا اعتراض بالکل درست ہے کہ متن میں کسی طرح کی تبدیلی جائز نہیں۔ اُن کے الفاظ ہیں۔ "معلوم نہیں کیوں مصرع اولیٰ میں نقوی صاحب نے "معشوق" کی جگہ "محبوب" لکھ دیا ہے۔۔۔" لیکن دوسری طرف خود چغتائی صاحب نے "فراغ" کی بجائے "فراق" لکھا ہے۔

(۹) شعر نمبر ۴۷۔ لیے آدم نے اپنے بیٹے جانچ
جدی ہوتی ہے پولی پولی آنچ

استدراک میں "جانچ" کی بجائے "پانچ" لکھا گیا ہے چوں کہ مصحح نے اس تبدیلی کی کوئی وجہ بیان نہیں کی ہے لہٰذا گمان غالب ہے کہ یہ سہو کتابت ہو۔ چغتائی صاحب نے اپنے جائزے میں اس تبدیلی پر بڑی شدت سے اعتراض کیا ہے اور ایسی تبدیلی کو بہت خطرناک بتایا ہے۔ لیکن جہاں نقوی صاحب نے مصرع دوم کے محاورے کی اصلاح کر کے متن کو درست کر دیا ہے اور معنی بھی بیان کیے ہیں وہاں چغتائی صاحب کی خاموشی مقام استعجاب ہے۔ اعتراض کے ساتھ اعتراف تنقید کا لازمہ متصور ہوتا ہے۔

(۱۰) شعر نمبر ۵۴۔ خانہ سوزی کا مرے پوچھ نہ باعث کوئی
ہے یہ مشہور کہ لگ اٹھے ہے خود زاغ میں آگ

استدراک کے مطابق "مرے" کی جگہ "مری" اور "نلاغ" کی جگہ "لاغ" ہونا چاہیے جو صحیح ہے۔ چغتائی صاحب بھی اس سے متفق ہیں لیکن بغیر کسی توجیہ کے "پوچھو" کو "پوچھ" بنا دیا گیا ہے (امکان غالب ہے کہ یہ کتابت کی غلطی ہو اور مصحح سے اس ترمیم کا کوئی تعلق ہی نہ ہو) اس سلسلے میں چغتائی صاحب کا ارشاد ہے: "ہمارے نسخے میں "پوچھو" استعمال ہوا ہے۔ صحیح "پوچھ" ہی ہے ..." راقم الحروف کو ان کی اس رائے سے اتفاق نہیں۔ مخطوطہ اور مطبوعہ دونوں میں "پوچھو" ہے اور یہی صحیح بھی ہے۔

(۱۱) شعر نمبر ۵۹۔ کتنا ہے یار شر مگیں نمونہاں

جس کو آتی نہیں ہے کرنی بات

استدراک میں "نمونہاں" کی اصلاح "مونہاں" سے کی گئی ہے جو غلط ہے۔ چغتائی صاحب نے اپنے جائزے میں اس پر گرفت کی ہے اور فیروز اللغات کے حوالے سے پہلی صورت کو صحیح بتایا ہے۔ یہاں صرف اس لفظ کے املا کی وضاحت مطلوب ہے۔ "مُنہ" کا پرانا املا "مونہہ" ہے۔ اس اعتبار سے "نمونہا" صحیح ہوا اور جدید املا کے مطابق "نمنہا" ہونا چاہیے۔

بہر حال یہ دونوں تحریریں اپنی اپنی جگہ اہمیت کی حامل ہیں لیکن اصل کتاب میں سیکڑوں اشعار ایسے ہیں جن کی صحیح قرات از بس ضروری ہے۔

●●

پروفیسر سید حسن عسکری

میرے دوست

سہیل عظیم آبادی جو مجھ سے پہلے بلا لیے گئے

یہ مضمون معروف مورخ پروفیسر سید حسن عسکری نے ماہنامہ "سہیل" گیا کے لیے سہیل عظیم آبادی کی وفات پر ۱۹۷۹ء میں لکھا تھا لیکن شائع نہ ہو سکا۔ ڈاکٹر عبید محمد انصاری جنہوں نے عسکری صاحب سے اس مضمون کا املا لیا تھا اور جن کے پاس یہ مضمون محفوظ تھا، کی عنایت سے یہ مضمون یہیں طلبے جواب قارئین کی خدمت میں پیش ہے۔ ——— ادارہ

مجیب الرحمٰن عرف سہیل عظیم آبادی مرحوم میرے دوست اور بہی خواہ۔ بہار کے ایک ممتاز خاندان اور اچھے خوش حال گھرانے کے چشم و چراغ تھے۔ مشہور لیگی لیڈر سید جعفر امام صاحب مرحوم کو ماموں اور مولوی نورالحسن صاحب بہدادی ایڈووکیٹ کو جن کا شاندار دو منزلہ اسپتال کچھ رہائشی مکانوں میں ان کے مرنے کے بعد ضم ہو گیا' نانا کہتے تھے۔ اور اوائل میں اسی مکان کے دو مختلف حصوں میں جعفر صاحب اور سہیل صاحب رہتے تھے۔ مولوی نورالحسن صاحب بہدادی بڑے وجیہ قد آور اور بھاری بھرکم آدمی تھے۔ سر فخرالدین کے بڑے دوست اور کسی حد تک ہم شبیہ تھے۔ کبھی کبھی پروفیسر قاسم مرحوم کے یہاں وضع داری سنبھالنے کے لیے تشریف لایا کرتے تھے۔ چونکہ وہ ان کے دولت خانہ کے ہی قریب ایک مکان میں رہتے تھے وہیں ان سے میرا تعارف ہوا۔ خاموش اللسان تھے۔ کچھ دیر بیٹھ کر دو ایک باتیں کر کے چلے جاتے تھے۔ مجھے علیک سلیک کے علاوہ ان سے کچھ باتیں کرنے کا شرف حاصل نہیں ہو سکا۔ البتہ جعفر امام صاحب سے آگے چل کر اکثر ملنے جلنے کے مواقع ملے۔ باہمی گفتگو کی بھی نوبت آتی تھی۔ کبھی کبھی ان کے ساتھ کشتی پر سوار ہو کر شکار کے لیے دیارے میں بھی چلا جاتا تھا۔ مذہب و مسلک کے اختلافات پر کبھی کبھی نوک جھونک ہو جاتی تھی جس میں بجائے تلخی کے خوش دلی اور مزاح کا زیادہ دخل رہتا تھا۔ سید جعفر امام صاحب جسمانی اعتبار سے بڑے

شاندار اور جذبات کے لحاظ سے بڑے پرجوش تھے۔ ان کی لیڈری کا آغاز بی۔ این کالج کے ایک ڈرامہ سے ہوا، جسے ایک متعصب قسم کے لکچرار نے ترتیب دلوایا تھا۔ مغلوں کے شاہی وقار اور شہنشاہ اورنگ زیب کی شان کے خلاف۔ اس میں شاید کچھ باتیں تھیں جو سید صاحب کے لیے ناقابل برداشت تھیں۔ میں تو اس موقعہ پر موجود نہ تھا۔ مگر جو بات مشہور تھی اور سننے میں آئی وہ یہ تھی کہ جعفر صاحب اپنی جگہ سے یکایک اچھل کر ڈائس پر جا پہونچے اور جو شخص شہنشاہ اورنگ زیب کا روپ بھرے ہوا تھا۔ اسے دبوچنے کی کوشش کی۔ شاید کچھ زد و کوب کی نوبت بھی آئی۔ دھیرے دھیرے بات آئی گئی ہو گئی۔ لیکن جعفر صاحب کا مسلمانوں پر اور مسلمان طلبہ پر سکّہ جم گیا۔ قومی لیڈر کی حیثیت سے منظر عام پر آئے۔ مسلم لیگ کا زور تھا۔ قائداعظم محمد علی جناح کا طوطی بول رہا تھا۔ یہ بھی ان کے پرستاروں میں تھے۔ اور یہی وجہ ہے کہ قیوم انصاری صاحب مشہور کانگریسی کے مقابلہ میں مسلمانوں کا ووٹ برابر انہیں کو ملتا رہا۔ لیکن آگے چل کر جب مشہور کانگریسی لیڈر کے۔ بی۔ سہائے سے دوستی بڑی گہری ہو گئی تو شاید انہیں کی وساطت یا کوششوں سے جعفر صاحب کانگریسی سرکار کی حکومت میں وزارت کی کرسی پر جلوہ گر نظر آئے۔ اس کے برعکس سہیل صاحب مرحوم شروع سے اخیر تک ایک ہی راہ پر چلتے رہے۔ ماموں بھانجے سے محض گاہے گاہے دشاذ و نادر خوشی یا غم کے موقعہ ہی ملاقات اور بات چیت کی نوبت آتی تھی۔ جعفر صاحب مجیب صاحب کو ان کی اصلی نام سے ہی یاد کرتے تھے۔ لیکن اس قسم کے تخاطب کا موقع بہت کم آتا تھا۔ چونکہ دونوں کا سیاسی عقیدہ یا مسلک بالکل ایک دوسرے سے مختلف تھا۔ سہیل صاحب کانگریس پر چارک اور کانگریسیوں کے ہم نوا تھے۔ انہیں سے ان کا خلا ملا بہت تھا۔ روابط بہت گہرے اور وابستگی بڑی مستحکم تھی۔ انصاری صاحب سے دوستی تھی۔ کبھی کبھی مجھ سے جے پرکاش اور ان کی اہلیہ پربھاوتی دیوی جو ایک مشہور کانگریسی رہنما کی دختر نیک اختر تھیں کا ذکر کیا کرتے تھے۔ ان کے یہاں اکثر و بیشتر ان کی آمد و رفت تھی۔ میل ملاپ، چائے پانی، الائچی اور مسالے سے ضیافت کا چرچا کیا کرتے تھے۔ ان کے ہندو دوستوں کی تعداد بہ نسبت مسلمان احباب کے شاید زیادہ تھی۔ جب کبھی میری زبان سے کچھ تعریفی جملے نکل آتے تھے تو برا انہیں مانتے تھے۔ ہنس کر میری غلط فہمیوں کو دور کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ ان کے خیالات اور سیاسی مسلک کے معاملے میں کبھی ادل بدل کی نوبت

نہیں آئی۔ جب انڈپنڈینٹ پارٹی ۱۹۳۷ء کے لگ بھگ قائم ہوئی اور ابوالمحاسن مولانا محمد سجاد نائب امیر شریعت بہار اس پارٹی کے روح رواں ہوئے تو جعفر صاحب اس پارٹی کے سرگرم ممبر بن گئے اور بڑے زور و شور کے ساتھ اسمبلی کے انتخاب میں شامل ہو گئے اور کامیابی بھی حاصل کی۔ سہیل صاحب نے نہ کبھی اپنا چولا بدلا نہ اسمبلی کی ممبری کی خواہش دکھائی اور نہ وہ بڑوں کے ذریعہ سے کوئی بڑا عہدہ پانے کے لیے دوڑ دھوپ کی۔ یوں بھی کمزور جسم کے آدمی اور اپنے بالوں کی بہ نسبت منحنی شخصیت کے حامل تھے۔ کانگریس کی حمایت کے لیے جب کشمیر تشریف لے گئے۔ ملازمت کا سلسلہ تھا اور خاص خدمت جوان کے ذمہ کی گئی تھی وہ آزاد کشمیر کے منہ توڑ جواب نشر کرنے کی تھی۔ رخصت پر جب وہ پٹنہ تشریف لائے تو مجھ سے ملاقات ہوئی میں نے انہیں کچھ ٹوکا۔ کہنے لگے جھوٹ کا جواب جھوٹ ہی سے ہو سکتا ہے۔

سہیل صاحب ایک اچھے کھاتے پیتے گھرانہ کے فرد تھے۔ علمی ماحول کا بھی ان کے خاندان میں فقدان نہ تھا۔ لیکن ان کی تعلیم بہت محدود اور ادھوری ہی رہی۔ ایک زمانہ تھا جب بہار میں یہ بات زبان زد تھی کہ کلکتہ یونیورسٹی میں بہت آسانی کے ساتھ میٹرکولیشن کی سرٹیفکٹ مل جاتی ہے۔ سہیل مرحوم بھی کلکتہ جا پہونچے اور یہ سرٹیفکٹ حاصل کر کے رہے۔ لیکن پھر تعلیم کا سلسلہ منقطع ہو گیا۔ بہار کے چند فارغ البال، خوشحال و خوش دل حضرات ایک جگہ جمع ہوا کرتے تھے۔ شعر و شاعری کا چرچا، گپ شپ، چائے پانی کا دور چلتا تھا۔ شاید میر مجلس جمیل مظہری صاحب تھے۔ مجیب مرحوم کو بھی شاعری کا چسکہ تھا۔ جمیل مظہری صاحب سے مشورہ لینے لگے۔ گویا شاعری میں ان کے شاگرد بن بیٹھے اور اسی وجہ سے خود کو سہیل جمیلی کہنے یا کہلوانے لگے۔ طبع آزمائی تو کی لیکن بہت جلد اس کا احساس ہو گیا کہ شاعری ان کے بس کی بات نہ تھی۔ چھوٹے چھوٹے مضامین، کہانیاں اور افسانے لکھنے لگے۔ کلکتہ سے جب پٹنہ واپس آئے تو شاعری چھوٹی نہیں تھی۔ کبھی کبھی کچھ شعر غزل کے ہوں یا نظم کے کاغذ پر لکھ لیا کرتے تھے۔ لیکن جلد ہی شاعری چھوڑ دی۔ فسانہ نویسی کو اپنایا۔ اور اسی شغل کو آخر تک برتتے رہے۔ سہیل جمیلی سے سہیل عظیم آبادی ہو گئے اور اسی نام سے سارے شمالی ہندستان میں مشہور ہوئے۔ بہت سے لوگ تو ان کے اصل نام سے ہمیشہ ناواقف ہی رہے۔

صحیح طور پر یاد نہیں کہ کب کس موقع پر کن حالات کے تحت ہم ایک دوسرے سے ملاقاتی ہوئے۔ ماہ و سال کا اندازہ صرف اس سے کیا جا سکتا ہے کہ جب پٹنہ کالج میں میری ملازمت کا ابتدائی زمانہ تھا۔ نیو کالج میں میرا تقرر ہوا تھا اور ۱۹۲۷ء میں جب نیو کالج کے آئی۔ اے کے درجے پٹنہ کالج میں ضم کر دئے گئے تو ہم میں بہت سے لوگ وہاں منتقل کر دئے گئے۔ پروفیسر عنان، پروفیسر قاسم اور دوسرے ہندو اور بنگالی دوست پٹنہ کالج میں آ گئے۔ شاید یہی وہ زمانہ تھا جب مجیب الرحمٰن عرف سہیل صاحب مرحوم کلکتہ سے پٹنہ واپس لوٹے۔ پہلی ملاقات کی بات تو کچھ بھی میرے حافظہ میں اس وقت محفوظ نہیں لیکن اتنا یاد آتا ہے کہ بازدید کے لیے میں مولوی نورالحسن صاحب ایڈوکیٹ صاحب بہدادی کے عالیشان مکان میں جا پہونچا۔ اور ایک اوپر کے کمرے میں سہیل صاحب کو کچھ لکھتے ہوئے دیکھ کر ان کے پاس جا بیٹھا۔ باتیں شروع ہو گئیں۔ شاید کانگریس اور لیگ کی باتیں ہوں گی۔ ماموں بھانجے کے اختلافات، مسلک اور سیاسی عقیدے کا بھی ذکر درمیان میں آیا۔ کچھ دیر بیٹھ کر میں واپس آیا۔ لیکن کچھ تاثرات لیکر آیا۔ خود بینی، خود پسندی انسان کی فطرت میں داخل ہے۔ کچھ ایسے بھی آدمی ہیں جو نام و نمود کے لیے تگ و دو آگا پیچھا نہیں کرتے۔ اپنی ہیچ مدانی کے احساس کا ان پر غلبہ رہتا۔ کچھ کچھ دبے دبے سے رہتے۔ منکسر المزاج ہوتے اور دکھائی دیتے لیکن تا آنکہ ہر انسان کی فطرت میں دوسروں کی اپنے متعلق خوش خیالی کا صحیح غلط اندازہ بڑا بھلا لگتا ہے۔ خواہ اس کا انکشاف زبان و قلم سے کبھی ہو یا نہ ہو۔ دل ہی دل میں خوشی محسوس کرتے ہیں۔ کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جو کسی بے تکلف دوست کے منہ پر بھی اس کی تعریف نہیں کرتے۔ کوئی خوشامدانہ انداز اختیار نہیں کرتے بلکہ غائبانہ دوستوں کی تعریف کرنے میں کوئی اغماض یا احتراز نہیں کرتے۔ سہیل صاحب مرحوم کو میں نے کبھی کسی کے سامنے اس کی تعریف میں کچھ بھی کہتے ہوئے نہیں سنا۔ لیکن غائبانہ وہ اپنے دوستوں اور بالخصوص ہند و قدر دانوں کی بڑی بڑی تعریفیں کرتے تھے۔ مثال کے طور پر رینو صاحب کا ذکر دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ جب انہوں نے اپنی مشہور کتاب یعنی ہندی ناول "میلا آنچل" کے نام سے شائع کی تو اس کا ایک نسخہ انہوں نے اپنے دیرینہ دوست سہیل مرحوم کو بھی تحفۃً پیش کیا۔ مجھ سے سہیل صاحب نے اس کا ذکر کیا۔ اور اس کتاب کی تعریف میں بجا طور پر رطب اللسان نظر آئے۔ میرا بھی اشتیاق بڑھا۔ میں نے کہا مجھے یہ کتاب

مستعار دے سکتے ہیں؟ بہتر۔ جس مکان میں رہتے تھے گئے اور کتاب لے آئے اور مجھے دیدیا۔ یہ ناول میرے پاس عرصہ تک رہی اور جب سہیل صاحب مرحوم کشمیر سے واپس آئے تو اسے میں نے لوٹایا۔ اسی طرح متحدہ پنجاب کے ایک ہندو دوست اہل قلم قلم ساز جو بعد کو "انسان دوست" نام کی کتاب کے مصنف ہوئے ان کی بڑی مدح سرائی کی۔ سہیل صاحب مرحوم کو کسی صورت سے خوشامدی کے زمرہ میں نہیں لایا جاسکتا۔ کم از کم میرے سامنے کبھی انہوں نے کسی کی آمنے سامنے کبھی تعریف نہیں کی۔ کبھی کبھی وہ کچھ لوگوں کے متعلق کھری کھری باتیں بھی مجھے سنادیا کرتے۔ لیکن تہذیب کا دامن کبھی انہوں نے دوران گفتگو میں نہیں چھوڑا۔ جو کچھ کہتے تھے چاہے وہ بات کتنی ہی سخت کیوں نہ ہو شائستہ طور پر کہتے تھے اور یہ بات مجھے بہت پسند تھی۔ میں ان کے بہت خیالات سے متفق نہ تھا۔ میرا تو کوئی خاص عقیدہ یا مسلک سیاسی اعتبار سے کبھی نہیں تھا۔ ہوا کے ساتھ بہتا تھا۔ اور شاید اسی وجہ سے کسی کو مجھ سے شکایت کے مواقع بھی بہت کم ملتے تھے۔ میں نے نہ کبھی شاعری کی نہ فسانہ نگاری، ادبی میدان میں بھی کودنے کی کوشش نہ کی پھر بھی مجھ میں اور سہیل صاحب میں کچھ باتیں مشترک تھیں۔ سہیل صاحب ایک جہاں گرد آدمی تھے اور میں باوجود حضرت جہانیاں جہاں گشت سے نسبت اور ان کا نام لیوا ہونے کے ہمیشہ ہی تقریباً گوشہ نشینی کی زندگی گذاری۔ حلقۂ احباب میرا بہت محدود تھا۔ ہاں مخطوطات اور قدیم آثار کی تلاش و جستجو میں اکثر جگہوں میں مارا پھرتا تھا۔ سہیل صاحب میری اس کمزوری سے واقف تھے۔ میری ان کی طرف جھکاؤ اور کھینچاؤ کی ایک وجہ اور بھی تھی کہ وہ نہ صرف پنڈت دیا نرائن نگم ایڈیٹر زمانہ کانپور، مولانا عبدالحق بابائے اردو، نیاز فتح پوری مدیر نگار اور دوسرے ممتاز اردو ادیبوں سے اپنے تعلقات کا ذکر کرتے تھے بلکہ یہ بھی بتاتے کہ جن بزرگوں اور صوفی خانوادوں کے صاحبان سجادہ سے ان کی رشتہ داریاں اور تعلقات تھے ان کے پاس قلمی کتابوں، مخطوطات اور مطبوعات کا اچھا ذخیرہ تھا۔ ان کے ذریعہ کچھ کتابیں بطور مستعار ملتیں۔ میں نے خود تو اس پر قلم فرسائی کی اپنے شفیق کرم قاضی عبدالودود صاحب تک چند کتابوں کو پہونچایا اور معاصرین میں ان پر کچھ لکھا گیا۔ دو ایک کتابیں جو میرے نقطہ نظر سے بہت اہم نہیں ہیں ان کے ذریعہ سے خریدیں لیکن قبل اس کے کہ میں ان پر کچھ لکھتا میرے گھر کے نوکروں نے چرا کر انہیں بیچ ڈالا۔ ان کی طرف میرا جھکاؤ اور کھینچاؤ کے کئی اسباب تھے۔ سب سے

پہلے تو ان کا حسن اخلاق تھا۔ جب کبھی مجھے سڑک پر حسب معمول پیدل چلتے ہوئے دیکھ لیتے تو ضد کرکے اپنی سواری پر بٹھلا لیتے۔ سیاسی اور ادبی شخصیتوں کی بہت سی باتیں مجھے بتلاتے اور ان کی صحبت اور گفتگو سے مجھے بڑا لطف حاصل ہوتا۔ اور کچھ خاص معلومات میں بھی اضافہ ہی ہوتا۔

خیر یہ تو معمولی باتیں تھیں ایک روز سہیل صاحب بہت خوش نظر آئے۔ کہنے لگے آج آپ کو اپنے ایک عزیز کے یہاں فتوحہ خانقاہ میں لیجانا چاہتا ہوں۔ جہاں حکیم تقی حسن صاحب بلخی کے خاندانی کتابوں کا ذخیرہ ہے۔ ملفوظات اور مکاتیب کے علاوہ کچھ مطبوعات بھی ہیں جو بہت زمانہ قدیم میں شائع ہوئے۔ میں بڑی خوشی سے ان کے ساتھ روانہ ہوگیا۔ دوپہر کو خانقاہ میں کھانا کھایا۔ پھر جناب حکیم صاحب مرحوم جو سہیل صاحب کے قریبی عزیز تھے بڑی شفقت اور مہربانی سے کچھ میرے متعلق پوچھ تاچھ کی اور چند کتابیں لاکر سامنے رکھ دی بجز اس کے ایک سرسری نظر اور چھیلتی نگاہ اوپر ڈالی جائے کچھ مفید مطلب بات ان سے نکالنے کی نوبت نہیں آئی۔ شام ہونے کے قبل ہی ہم دونوں کو واپس آنا پڑا۔ اس وقت خانقاہ میں سہیل صاحب کے اپنے بھانجے شمیم الرحمٰن صاحب بغرض تحصیل علم حیات پذیر تھے۔ جب جناب حکیم تقی بلخی مرحوم بوجوہ فتوحہ سے عالم گنج کے ایک مکان میں منتقل ہوگئے تو کتابوں کا ذخیرہ بھی ساتھ لیتے آئے۔ ہر جمعہ کو فتوحہ جاکر نماز پڑھانے کا البتہ سلسلہ قائم رکھا۔ سہیل صاحب کے ذریعہ سے تو میرا تعارف ہو ہی چکا تھا اور حکیم صاحب مرحوم کی نظر عاطفت مجھ پر مبذول ہو چکی تھی اس لیے بلا واسطت جب کبھی فرصت ہوتی میں عالم گنج پہونچ جاتا تھا۔ حکیم صاحب بڑی فراخ دلی اور کرم و شفقت سے کچھ اپنے مخطوطات میرے سامنے رکھ دیتے تھے۔ چائے پانی سے بھی کچھ خاطر ہوتی تھی۔ کتابوں پر کچھ تبصرہ بھی فرمادیا کرتے تھے۔ اللہ کا فضل ہمیشہ میرے شامل حال رہا۔ بزرگوں کی عنایت مجھ پر ہوتی رہی اور میں انکے نوادر مخطوطات سے متمتع ہوتا رہا جن سے میں نے بہت کچھ پایا اور سیکھا۔ اس میں سب سے پہلا درجہ تو جناب علامہ حکیم شعیب صاحب مرحوم پھلواروی کا تھا۔ حکیم تقی صاحب مرحوم سے بھی میں نے بہت کچھ استفادہ کیا اور سیکھا۔ پھلواری شریف تو میں تقریباً ہر اتوار اور چھٹی کے دنوں میں بذریعہ سائیکل پہونچ جاتا تھا اور بعد نماز واپس ہوکر گھر پر کھانا کھاتا تھا۔ علامہ حکیم شعیب صاحب کے ذریعہ سے خانقاہوں کے کتاب پڑھنے سے ان کے متعلق مزید معلومات حاصل کرنے میں بڑی

مدد ملی۔ ایسے مواقع حکیم صاحب موصوف کی وفات سے کے تین چار روز قبل تک مجھے ملتے رہے۔ لیکن جناب حکیم تقی صاحب مرحوم تو بلا تکلف اپنی کتابیں مجھے مستعار دے دیا کرتے تھے۔ گھر پر انہیں لاتا تھا اور اپنی حیثیت اور صلاحیت کے مطابق ان سے فائدہ حاصل کرتا تھا۔ پٹنہ میں جب نوادر مخطوطات کی نمائش ہوتی، تو میری ذمہ داری پر بہت سے بزرگ اپنی قیمتی کتابیں اس میں رکھنے کے لیے بطور مستعار بھیج دیتے۔ فتوحہ خانقاہ کے جو نوادر میرے لیے خاص کر جاذب نظر تھے، ان میں سے چند کے نام یہ ہیں: مونس المریدین، گنج لا یخفی، بحر المعانی یا تحفۂ غیبی (ملفوظ مخدوم جہاں) مکتوبات حضرت شمس بلخی، مکتوبات اور گنج لا یخفی از حضرت حسین معز بلخی، شرح آداب المریدین۔ لیکن جناب حکیم صاحب کا خاندانی مکتوبات صدی کا نسخہ جسے میں نے محض سرسری نظر سے فتوحہ میں دیکھا تھا ۶سو برس کا نسخہ نظر آیا اس میں خود حضرت مظفر بلخی کے حواشی تھے اور ایک شعر حضرت حسین معز بلخی کا بھی حاشیہ پر درج تھا۔ وہ شعر یہ ہے: ؎

قلندری و خراباتی ازپئی تو شدم	حدیث عشق تو دیدم کہ از بیانی نیست
حسین از در ہمت گدائی کوی تو شد	کہ ہیچ سلطنت خوشتر از گدائی نیست

سہیل صاحب مرحوم کی کئی باتیں آہستہ آہستہ جاتی رہی ہیں۔ ایک روز میں حسب معمول کچھ کاغذات ہاتھوں میں لیے ہوئے لائبریری آرہا تھا۔ دفعتہً ایک رکشہ رکا۔ سہیل صاحب میرے سامنے آپہونچے۔ کہا! آپ نے حضرت مولانا رشید گنگوہی کے متعلق بھی کہیں کچھ لکھا ہے۔ اتفاق سے ایک نامکمل ریپرنٹ اس مقالہ کا جو پٹنہ یونیورسٹی جنرل میں شایع ہوگیا تھا میرے ہاتھ میں تھا۔ اسے انہوں نے لے لیا۔ میں یقین سے نہیں کہہ سکتا کہ کبھی کبھی کچھ میرے لکھے ہوئے مضمون جو مجھ سے مانگ لیتے تھے اسے پڑھتے بھی تھے یا نہیں۔ ان کے اپنے مشاغل ایسے تھے کہ شاید ہی اس کے لیے انہیں فرصت ملتی ہو۔ عبدالقیوم انصاری صاحب کے بڑے دوستوں میں سے تھے اور انہیں کی ہمت افزائی یا حمایت میں انہوں نے "ساتھی" ہفتہ وار اور "تہذیب" ماہوار کا رسالہ کچھ دنوں تک نکالا۔ بعد میں پٹنہ ریڈیو میں ملازم ہوگئے۔ یہ ضرور ہے کہ انہیں میرے متعلق حسن ظن تھا۔ چاہے اس کی گنجائش ہو یا نہ ہو۔ انہوں نے بہت چاہا کہ مجھے نوازیں۔ ایک مرتبہ تو اپنے ڈائرکٹر کو بھی لیکر میرے غریب خانہ پر آدھمکے لیکن ریڈیو کی طرف رخ نہیں کیا اور اس کا مجھے افسوس نہیں۔ ایک روز غیر متوقع طور پر مجھے ایک کارڈ

بذریعہ ڈاک ملا۔ نیاز فتح پوری مدیر"نگار" نے لکھا تھا کہ سہیل عظیم آبادی صاحب نے آپ کے متعلق بہت کچھ کہا ہے۔ آپ کوئی مضمون "نگار" میں اشاعت کے لیے بھیج سکتے ہیں۔ اس وقت میرے پاس "سادھن" "میناست" کے کچھ نوٹ تھے۔ مینا لورک کی بیاہی بیوی تھی لیکن لورک رانی چندہ نامی کی طرف ملتفت ہو گیا تھا۔ لورک چندہ کی پریم کہانی ملّا داؤد نے "چندائن" کے نام سے لکھی تھی جس کے چند شعر یہ ہیں: ؎

برس سات سے ہوئے اناسی — ہتیا سو کسی سرے بھاسی

شاہ پھیروز دلی سُرتا سا — جونا ساہ او جیر بکھانا

دلمؤ نگر سے نورنگا — اوپر کوٹ تھے طبلے گنگا

اسی چندائن کی حکایت پر مبنی سادھن کی میناست کی کہانی تھی۔ یہ کتاب مجھے منیر شریف میں ملی تھی۔ میں نے اس پر کچھ لکھ کر "نگار" صاحب کو بذریعہ ڈاک بھیج دیا۔ انہوں نے لکھا کہ آپ کی تحریر مالیقرا نہیں ہے۔ میں نے انہیں لکھا کہ واپس کر دیجئے۔ میناست کی کہانی سادھن کی جو اودھی زبان میں تھی اور فارسی رسم الخط میں اس پر جو مضمون میں نے لکھا تھا معاصر میں شائع کر دیا گیا۔ نیاز صاحب مرحوم حق بجانب تھے۔ بدخطی تو میرا پرانا مرض ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس مختصر مضمون کو میں اپنے ایک عزیز عبید محمد انصاری کے ہاتھ سے لکھوا کر بھیج رہا ہوں۔

●●

نقی احمد ارشاد

شاد عظیم آبادی۔ چند مطالعہ۔ انتخاب رسالہ ندیم ۱۹۳۱۔۱۹۴۵ء

۱۹۳۲ء کی بات ہے کہ مرحوم انجم مان پوری مالک ندیم میرے والد مرحوم سے ملنے شاد منزل آتے تھے۔ انھوں نے ۱۹۳۱ء میں گیا سے رسالہ ندیم جاری کیا تھا اور طباعت کے سلسلے میں پٹنہ آنا ہوتا تھا۔ پہلے وہ سرکاری عمارتوں اور سڑکوں کی ٹھیکہ داری کرتے تھے۔ اس سے کافی روپے حاصل کر کے پھلگو ندی کے کنارے انھوں نے خوبصورت سی چھوٹی عمارت بنوالی تھی۔ چنانچہ جب ندیم کی اشاعت ہوئی تو ایک قطعہ کہہ کے سرورق چھاپا۔

عشرت کدہ نہ قصر معلّٰی بنایئے　　　اک گنج عافیت، لب دریا بنایئے
گھبرائے دل تو مونس تنہائی ہو ندیم　　　چھوٹی سی اک سکون کی دنیا بنایئے

انجم مان پوری مرحوم نے کئی پرچے والد مرحوم کو دیے اور کلام شاد نثر و نظم کی نقلیں لیتے گئے۔ اس کے بعد کلام شاد نظم و نثر برابر ندیم میں شائع ہوا کرتا تھا۔ میں پٹنہ سیٹی اسکول کے آٹھویں درجہ میں پڑھتا تھا۔ یہاں تک کہ ۱۹۳۵ء میں جناب وصی احمد بلگرامی کا وہ مضمون س۔ ش۔ ص چھپا، جس کا نقش ثانی کتب خانہ خدابخش نے شائع کیا ہے۔ از ص ۸۵ تا ۱۶۳۔ ندیم، کے بعد یہ مضمون نگار لکھنؤ میں بھی شائع ہوا تھا۔ جس زمانے میں یہ مضامین شائع ہوئے میری طالب علمی کا زمانہ تھا۔ ۱۹۴۳ء سے سرکاری ملازمت، ۱۹۴۷ء میں تقسیم ہند۔ اور ہندوستان میں اردو کا خاتمہ۔ تاہم ۱۹۵۲ء سے لغایت ۱۹۷۴ء میں نے کمر ہمت باندھ کے شاد کی چودہ تصانیف کو شائع کرا دیا۔ ۱۹۵۲ء سے شاد کی تصانیف کو جمع کرتا رہا اور جب ۱۹۷۴ء میں مرحوم کلیم الدین نے کل کلام شاد کے شائع کرا دینے کی خواہش ظاہر کی تو مرحوم مسلم عظیم آبادی کے حکم سے میں نے شاد کا کل سرمایہ کلیم صاحب کے حوالے کر دیا تھا۔ مسلم صاحب جب تک ہندوستان، ڈھاکہ اور کراچی میں رہے، میں شاد کی مطبوعہ تصانیف ان کی خدمت میں

بھیجتا رہا۔ یہاں تک کہ ان کی تحریک سے کلیم صاحب شاد کی کل تصانیف کو شائع کرانے پر آمادہ ہوگئے۔ ٹھیک اسی زمانے میں شاد کے دو وارثوں نے شاد منزل کا وارانیارا کردیا۔ صرف اپنی دنیوی بھلائی پر نظر رہی اور کلام شاد سے کبھی کوئی مطلب نہیں رہا۔ میں نے جس طرح کلام شاد حاصل کیا تھا کئی جگہ لکھ چکا ہوں۔

الغرض! ۱۹۷۸ء میں ملازمت سے سبکدوش ہونے کے بعد میں نے جب اس طرف توجہ کی تو ندیم کے رسالے میرے پاس نہ تھے اور نہ میں کبھی اس پرچہ کا خریدار تھا۔ میں نے شاد کے عہد و فن پر تین کتابیں لکھی ہیں جن میں دو چھپ گئی ہیں۔ اس لئے اپنی تحقیق کی روشنی میں ان مضامین پر تبصرہ کروں گا۔

۱۔ پہلا سلسلہ تو مضمون وصی احمد بلگرامی کا ہے اور وہ مضمون جو 'حق گو' کے فرضی نام سے میر عنایت حسین امداد نے وصی احمد صاحب کی حمایت میں شائع کرایا تھا۔ ان دونوں مضامین کا جواب سید صادق حسین نہال (شاد کے بھانجے) اور حمید عظیم آبادی نے دیا تھا۔ یہ سب مضامین کتب خانہ خدا بخش نے شایع کرا دیے ہیں۔

۲۔ دوسرا سلسلہ۔ ۱۹۳۶ء میں حمید عظیم آبادی مرحوم نے شہر کے لوگوں کے چندے سے 'میخانۂ الہام' شائع کیا تھا۔ جب شاہ ولی الرحمان مرحوم کی اس پر نظر پڑی تو اڈیٹر 'ندیم' مولانا ریاست علی ندوی سے مانگ کر وہ اسے لے گئے اور اس پر پانچ مضامین سلسلہ وار لکھے۔ تین مضامین میں انھوں نے سو سے زیادہ ایسے اشعار کی نشاندہی کی ہے جو حمید مرحوم کے انتخاب میں نہ آسکے اور وہ میخانہ الہام میں شامل نہیں کئے گئے اور دو مضامین میں انہوں نے شاد کی اصلاحوں سے بحث کی ہے جو وقتاً فوقتاً وہ اپنے کلام پر دیا کرتے تھے۔

۳۔ تیسرا سلسلہ جناب تمنا عمادی مجیبی کا مختصر سا مضمون 'تصحیح' ہے جو ص ۲۵۹ میں شائع ہوا ہے۔ شاد کا مشہور مطلع تھا۔

جب اہل ہوش کہتے ہیں افسانہ آپ کا ہنستا ہے دیکھ دیکھ کے دیوانہ آپ کا

شاد پر سرقہ کا جھوٹا الزام وارد کرنے کے لئے انہوں نے پوری غزل حضرت مولانا شاہ نورالحق تپاںؔ رحمۃ اللہ علیہ کے نام نامی سے تصنیف کی تھی۔ اور شاد کے مطلع کے جواب میں ایک مطلع تصنیف کیا تھا۔

ہوش والوں سے جو سنتا ہے فسانہ تیرا　　　بیٹھا منھ پھیر کے ہنستا ہے دوانہ تیرا

اس کا جواب نہ حمید نے دیا نہ شاہ ولی الرحمٰن نے، مگر خلاف قیاس جناب قاضی عبدالودود صاحب نے دیا ہے۔ ملاحظہ ہو "مقالاتِ قاضی عبدالودود مرتبہ کلیم الدین احمد ص ۴۲۔ ۴۳۔ قاضی عبدالودود صاحب نے تپاںؔ کے مراثی کا نمونہ دے کے لکھا ہے کہ جس شاعر کی زبان ایسی ہو۔

کوئی کی مگر چالی ہے ہے یہ کیا بلا ہے　　　روباہی یا شغالی، ہے ہے یہ کیا بلا ہے

وہ ایسے صاف اشعار کیسے کہتا۔ چنانچہ ص ۴۳ کی قاضی صاحب کی عبارت۔" لیکن اس کا کیا جواب ہے کہ جناب تمنا نے جو مثنوی تپاںؔ کے نام سے لکھی ہے، وہ ان کی ہو ہی نہیں سکتی۔ اگر مثنوی جعلی ہے تو غزلیں بھی جعلی ہو سکتی ہیں۔"

اس مطلع کے متعلق۔

ہوش والوں سے جو سنتا ہے فسانہ تیرا۔الخ

قاضی صاحب تحریر فرماتے ہیں: "پہلا شعر دراصل شاد عظیم آبادی کا ہے۔ ان کے یہاں اس طرح ہے۔

جب اہل ہوش کہتے ہیں افسانہ آپ کا　　　ہنستا ہے دیکھ دیکھ کے دیوانہ آپ کا

گویا شاد پر سرقے کا جھوٹا الزام وارد کرنے کے لئے تمنا صاحب نے ۷ اشعار تپاںؔ کے نام سے تصنیف کئے۔ تصحیح ص ۲۵۹

اس کے پہلے بھی جب امارت شرعیہ سے ۱۹۲۳ء میں جھگڑا ہوا تھا اور جناب تمنا اور قیسؔ عظیم آبادی میں منظوم رسالہ بازیاں ہوئی تھیں۔ "اپنے منھ میاں مٹھو" "میاں مٹھو کی ٹیں ٹیں" تو تمنا صاحب شاد کے خلاف لکھا کرتے تھے جس کا ذکر میں

نے مضمون مطبوعہ 'معیار و تحقیق' جرنل کتب خانہ خدابخش میں کردیا ہے۔ اس پر آگے بھی کچھ لکھوں گا۔ ابتدا وصی احمد صاحب کے مضمون سے کرتا ہوں۔

ا۔ پہلا سلسلہ س۔ ش۔ ص۔

یہ مضمون میری طالب علمی کے زمانہ میں چھپا تھا جب میں دسویں کلاس کا طالب علم تھا۔ اس لیے سرسری طور سے دیکھ گیا تھا۔ پھر کبھی پڑھنے کا موقع نہ ملا۔ اب اس پر جو تبصرہ کروں گا، وہ کسی نے نہیں کیا ہے اور ثابت کردوں گا کہ یہ مقالہ سراسر فسانہ ہے۔

ا۔ ابتدا ڈرامائی طریقہ سے کی ہے۔ یعنی ایک متوسط عمر کا شاعر جو چھٹی کی تقریب میں مدعو کیا گیا تھا اور دو نوعمر بچے عمر ۱۱سال یعنی شاد عظیم آبادی اور دوسرا لڑکا عمر ۸سال یعنی سلطان میرزا مرحوم خلف نواب بہادر ولایت علی خاں۔ اسٹیج۔ نواب بہادر مرحوم کی کوٹھی کا پھاٹک۔

تبصرہ ارشاد۔ شاؔد کی عمر ۱۱سال دکھائی گئی ہے۔ ان کا سال پیدائش ۱۸۴۶ء ہے۔ اس سے ظاہر ہوا کہ یہ واقعہ ۱۸۵۷ کا ہے۔ مگر وصی احمد صاحب کو اس بات کی خبر نہ تھی کہ ۱۸۵۷ء میں نواب بہادر، کی کوٹھی محلہ گذری بنی ہی نہیں تھی۔ میر انیؔس پٹنہ پہلی بار ۱۸۵۹ء میں تشریف لائے۔ شاد فکر بلیغ جلد دوم مطبوعہ پاکستان ص ۲۰۵ میں تحریر کرتے ہیں:

"نواب بہادر کی کوٹھی کے سب کمرہ تو مرتب ہو چکے تھے، مگر ہال کمرہ اور برآمدہ بغیر چھت کے تھا جلدی جلدی پھونس کے چھپر ڈالے گئے اور یہیں مجلس قرار پائی"۔

میر انیؔس کی آمد سے پہلے دو سالوں تک ان کے چھوٹے بھائی میر مونس برابر آیا کئے یعنی ۱۸۵۷ اور ۱۸۵۸ء۔ شاد لکھتے ہیں۔ "نواب بہادر کی کوٹھی بالکل ناتیار تھی۔ ولندیز کے پشتے(۱) پر میر مونس کے مجالس کا جلد از جلد انتظام ہوا۔ بڑا چنگیرہ اور چند خیمے

ا۔ ولندیز کا پشتہ سے مراد دولی گھاٹ۔

بھی ایستادہ کیئے گئے۔ میں دو دفعہ اس مجلس میں شریک ہوا۔" جب مکان ہی نہیں تیار ہوا تو پھاٹک کہاں سے آگیا جہاں صفیر بلگرامی دو نو عمر بچوں کو شعر سناتے۔ ۱۸۵۷ء میں نواب بہادر جو اس وقت نواب بہادر نہیں ہوئے تھے "پان دریبہ" کی گلی والے مکان میں رہتے تھے جیسا وارث اسمٰعیل مرحوم نے مجکو بذریعہ خط مطلع کیا تھا اور قاسم علی خاں ان کے چچا اور خسر اپنے سسرالی مکان حاجی گنج حویلی ہدایت علی خاں اسد جنگ میں رہتے تھے (پیر علی بزبان شاد) گویا وصی احمد بلگرامی نے اپنے مضمون کی ابتداء ہی افسانہ اور جھوٹی کہانی سے کی ہے۔

۲۔ ڈپٹی وارث علی خاں برادر بزرگ جسٹس امیر علی کی صاحبزادی۔

س۔ ش۔ ص۔ ص۸۶ "سید وارث علی خان، ان کی شادی نواب بہادر سید ولایت علی خان بہادر رئیس عظیم آباد کی خالہ زاد بہن شاہ بیگم سے ہوئی"۔

تبصرہ ارشاد۔ نسب نامہ ملاحظہ ہو بہ حوالہ تذکرۃ الاسلاف از ص۹ تا ۱۴۔

اس طرح شاہ بیگم نواب بہادر کی ماموں زاد بہن ہوئیں نہ کہ خالہ زاد بہن۔

تعجب ہے کہ صادق حسین نہالؔ نے اس پر اعتراض وارد نہیں کیا۔ اس لئے وصی احمد صاحب نے نسب نامہ ہی غلط لکھا ہے۔ وہ ۱۸۵۷ء میں شاہ بیگم کی بچی کی چھٹی دکھاتے ہیں جس میں بقول ان کے صفیر بلگرامی کو نواب بہادر نے نوید بھیجا تھا۔

ڈپٹی وارث علی مرحوم باڑھ کے رہنے والے تھے نہ کہ آرہ کے۔ دوم وہ لاولد مرے۔ ۱۸۸۴ء میں شاد نے تذکرۃ الاسلاف شائع کرائی جس کا نادر نسخہ کتب خانہ خدابخش میں ہے۔ اس کے ص ۱۴ میں لکھتے ہیں "پسر نیک اختر منیرالنساء بیگم سید سلطان خادم حسین خاں دو دختر اخلاف گذاشتند کہ یکے از ایشاں شاہ بیگم صاحبہ با مولوی وارث علی مرحوم ڈپٹی کلکٹر بزرگ برادر مسٹر امیر علی صاحب بہادر سی۔ آئی۔ ای بیرسٹر ایٹ لا کدخدا شد"۔ اس میں ڈپٹی وارث مرحوم یا شاہ بیگم کی کسی اولاد کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ حالانکہ نواب بہادر کی اولادوں یہاں تک کہ خورشید نواب ان کے نواسے تک کا ذکر ہے۔ اس کے علاوہ ۱۸۵۷ء میں حویلی اسد جنگ قائم تھی جہاں قاسم علی خاں نواب بہادر کے چچا اور خالو رہتے تھے۔ سلطان خادم حسین خاں کے والد ہادی علی خاں اور علی اکبر خاں خلف غالب علی خاں خلف اسد جنگ کے مکانات وہاں تھے جہاں اب جارج۔ ایم۔ ای اسکول ہے۔ جارج۔ ایم۔ ای اسکول کے بہت پہلے گوہر علی خاں نے اس مکان اور احاطے کو علی اکبر خاں کے وارثوں سے مول لیا تھا۔ تب اگر شاہ بیگم کو پیدا ہوئی تھی تو چھٹی ان کے باپ کے گھر حاجی گنج میں ہوتی نہ کہ پھوپھیرے بھائی ولایت علی خاں کے گذری والے گھر میں جس کا ۱۸۵۷ء میں کوئی وجود نہ تھا۔

محمد شریف صاحب نے حالات حسین آباد شائع کئے تھے۔ اس میں تفصیلی نسب نامہ دیا گیا ہے۔ اس میں بھی شاہ بیگم کی کوئی اولاد نہیں دکھائی گئی ہے۔ وارث اسمٰعیل کا بھی قول تھا کہ ڈپٹی وارث مرحوم لاولد مرے۔

نواب بہادر کا سال ولادت ۱۲۳۳ھ / ۱۸۱۷ء اور سال رحلت ۱۳۱۷ھ / ۱۹۰۱ء تب ۱۸۵۷ء میں وہ ۴۰ سال کے ہوں گے۔ اس وقت تک نواب بہادر کا خطاب نہیں ملا تھا۔ نواب بہادر کے چچا قاسم علی، افضل النساء نواب بہادر کی سگی خالہ سے منسوب تھے اور افضل النساء سلطان خادم حسین کی سگی بڑی بہن۔ تب اگر شاہ بیگم دختر سلطان خادم حسین کے یہاں ولادت ہوتی تو ان کے میکے حاجی گنج میں نہ کہ گذری

میں جہاں ولایت علی خاں کا مکان بھی نہیں بنا تھا بلکہ زیر تعمیر جیسا کہ شاد کی عبارت سے واضح ہوا۔ اس کے علاوہ ولایت علی خاں، خطاب یافتہ بھی نہ تھے کہ ان کے رعب جاہ و جلال سے مرعوب ہو کر ان کے چچا اور خالو اور ماموں چپ رہتے۔ ولایت علی خاں خود انگریزوں کی خوشامد برامد میں مشغول تھے اور کمشنر پٹنہ ولیم ٹیلر کی ہر طرح کی مدد کر رہے تھے جیسا کہ ولیم ٹیلر نے اپنی کتاب Thirtyeight Years in India میں لکھا ہے۔ یہ کتاب بھی کتب خانہ خدا بخش میں ہے۔

اصل بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ وصی احمد بلگرامی پست ذہنی (infiriority Complex) میں مبتلا ہیں۔ صفیر بلگرامی نہایت غریب آدمی تھے، ان کے والد داروغہ آب کاری تھے۔ جن کی تنخواہ اس زمانے میں ۲۰۔۲۵ روپے ماہانہ سے زیادہ نہ ہوگی کیوں کہ سب ڈپٹی کلکٹر کی تنخواہ اس زمانے میں پچاس روپیہ ماہانہ تھی۔ صفیر بلگرامی کاتب کا پیشہ کرتے تھے جیسا صادق حسین نہال نے اپنے مضمون ص ۲۰۷ میں لکھا ہے: "محنت و ریاضت، نقل نویسی و من مثلہ" سے حاصل کئے ہوئے اکل حلال پر اکتفا فرماتے تھے"۔ انکے ایک ہی بیٹے نور احمد بلگرامی۔ جن کے دو بیٹے عنایت احمد اور وصی احمد۔ میرے قیام آرہ کے زمانہ میں عباس بلگرامی مرحوم نے بتایا تھا کہ دونوں بھائیوں کو شیر علی مرحوم ڈپٹی کلکٹر مہادیوا نے اپنے خرچ سے پڑھوایا تھا۔ اس لئے بعد حصول ملازمت، صرف اپنا پس منظر اونچا دکھانے کے لئے وصی احمد صاحب نے ابتدائے مضمون میں ہی یہ من گڑھت کی ہے۔ جن کا کسی نے عدم واقفیت سے جواب نہیں دیا۔

یہی نہیں ۱۹۶۰ء میں 'فکر بلیغ' جلد دوم کے مضامین میں نے صحیفہ لاہور اور دیگر پرچوں میں شائع کرائے تھے۔ یعنی حالات میر زاد لگیر میرزا فصیح، میر ضمیر، میرزا دبیر، میر انیس وغیرہ۔

ان مضامین کو پڑھ کے وصی احمد بلگرامی نہایت برہم ہوئے اور کراچی میں

ایک نوجواں مشفق خواجہ کشمیری کو رم پٹی جھوٹ سچ بتا کے مرثیہ شاد مع اصلاح صفیر بلگرامی و میر زادبیر 'رسالہ اردو' میں شائع کرایا، اور پھر وہی کاغذات پیش کئے جو ندیم گیا میں پیش کر چکے تھے پروفیسر محمد مسلم مرحوم پاکستان جاچکے تھے اور کراچی میں مقیم تھے۔ انکی اطلاع پا کے مختصر جواب میں نے بھیج دیا جو رسالہ نگار اڈیٹر فرمان فتح پوری کراچی میں شائع ہوا۔ میں سمجھ گیا کہ وصی احمد مرحوم پست ذہنی کے شکار ہو کے مرض مالخولیا میں مبتلا ہیں۔ ایسے مریض کا کون سمجھدار آدمی جواب دے گا۔ یہ ان کے مضمون سے ظاہر ہو گیا جو بہار کے کسی صاحب نے اپنی کتاب سوانح صفیر بلگرامی میں درج کیا۔ مجھے "ایمان در بغل" وغیرہ کے خطابات سے نوازا ہے۔ مطلب یہ کہ میں اس بات کی سرٹی فیکٹ لکھدوں کہ شاد، صفیر کے شاگرد تھے۔

حیدر جان کی توصیف۔ ص ۸۷۔ "تھی تو لکھنوی مگر مکھڑا دیکھو تو ملیح آبادی، اور آنکھیں دیکھو تو جامی"۔ وغیرہ وغیرہ یعنی حیدر جان کے حسن کی بے حد تعریفیں کیں ہیں، مگر خاص پٹنہ کے دو اہل قلم نے لکھا ہے کہ وہ نہایت بدصورت عورت تھی۔ بدرالدین احمد مرحوم کی کتاب "کچھ حقیقت اور کچھ کہانی" کو بہار اردو اکیڈمی نے شائع کرایا ہے۔ ان کے مطابق حیدر جان بدصورت تھی۔ اس کو مونچھیں تھیں جو عورت کے لئے بدترین عیب ہے۔ یہاں تک کہ عبدالغفور شہباز مرحوم نے اس کی مونچھوں کی مذمت نظم کی ہے جس کو بدرالدین احمد مرحوم نے شائع کرایا ہے۔

مولوی بدرالحسن مرحوم لودی کٹرہ نے بی حیدر جان کو دیکھا تھا۔ وہ اپنی کتاب "یادگار روزگار" خواجہ کلاں وارڈ ص ۲۹۸ میں لکھتے ہیں۔

> "بی حیدر جان لکھنؤ والی طائفہ شہر میں نام، مار گئیں۔ ٹھمری ان پر ختم ہو گئی، لکھنؤاں مرکیاں ان کے دم کے ساتھ گئیں...... صورت تو بدنما تھی مگر سیرت لاجواب تھی"۔

خود شاد عظیم آبادی نے ۱۲۸۹ھ جشن محفل (باقیات شاد ص ۱۱۵) میں جو حیدر

جان کے متعلق نظم کیا ہے۔ وہ یہ ہے ۔

رنگ دے دے کے عجب رنگ سے گاتی ہے کھڑی

پٹے ٹھمری میں جو مشہور جہاں ہے حیدر

اور حاشیہ میں ہے: "حیدر جان ساکن لکھنؤ محبوبۂ خاص سلطان میرزا مرحوم"
قاری فیصلہ کرلیں کہ دو دیکھنے والوں شاد عظیم آبادی اور مولوی بدرالحسن کی شہادت کو قبول کیا جائے کہ وصی احمد کی جھوٹی لفاظیوں کو صرف جوش ملیح آبادی اور نیاز فتحپوری سے داد تحسین حاصل کرنے کے لئے حیدر جان کا سراپا یوں رقم کرتے ہیں۔ "مکھڑا دیکھو تو ملیح آبادی ...... بے نیازی دیکھو تو فتح پوری" اور اس کا اثر یہ ہوا کہ نیاز فتح پوری نے اس مضمون کو اپنے رسالہ نگار لکھنؤ میں جگہ دی تھی۔ اس وقت کوئی تحقیق کرنے والا نہ تھا۔ مولوی بدرالحسن صاحب کی کتاب "یادگار روزگار" ۱۹۳۱ء میں شائع ہوئی، مگر پٹنہ سیٹی کے صرف چند احباب کی نظروں سے گذری۔ جب خدا بخش خاں کے ایک صاحبزادے کے متعلق تحقیق بیدار صاحب نے کی تب میں نے ان کو "یادگار روزگار" کا حوالہ دیا اور دوبارہ یہ کتاب بیدار صاحب نے شائع کرائی۔ اسی سے وصی احمد صاحب کی لفاظیوں اور غلط بیانیوں کا اندازہ ہوتا ہے۔ وہ حیدر جان کی گائی ہوئی ٹھمری کا حوالہ دے کر ص ۹۳ میں شاد کی غزل ۔ اف ری جوانی۔ الخ اور مستزاد ۔ کالی کالی۔ الخ کے متعلق تحریر کرتے ہیں کہ یہ حیدر جان کے خیالات کی ترجمانی کرتے ہیں۔ شاد خود اپنی شاعری کے متعلق کہتے ہیں:

آب دوں نخل فکر تلسی میں　　　منجلی چشم سورداس کروں

گویا انہوں نے تلسی داس اور سورداس سے استفادہ کیا ہے۔ تلسی داس نے اودھی اور سورداس نے برج بھاشا استعمال کی ہے۔

مکتوبات شاد میں شاد نے اپنی ہندی شاعری کی طرف اشارہ کیا تھا اور مثنوی ثمرۃ الفواد میں نظم کیا تھا۔

زہے کالی چرن استاد نامی میانِ ہندیاں ذاتش گرامی
از و آموختم یک چند پنگل نمودم وقت گیتا ازوحل

۱۸۸۴ء میں شاد نے "نوائے وطن" شائع کرائی اور اس میں انہوں نے پٹنہ سے بیدلؔ کی روانگی کے وقت ان کی گفتگو ایک ہندو عورت سے بطور ہندی (مگھی) مکالمہ لکھی تھی۔ بعد اشاعت مکتوبات ۱۹۳۹ء قاضی عبدالودود شاد کے خلاف اپنی برہمی کا اظہار کرنے لگے۔ انھوں نے ملک کے مختلف پرچوں میں چھپوایا کہ "نوائے وطن" میں جو ہندی اشعار ہیں وہ شاد کے کہے ہوئے نہیں۔ قاضی صاحب ہندی کے کا، کھا، گا، تک سے نابلد تھے اور اسی طرح وصی احمد بلگرامی۔ چنانچہ اہل محلّہ سے حاصل کرکے میں نے شاد کا ہندی کلام "شاد کا عہد و فن" جلد اول اور باقیات شاد میں شائع کرادیا۔

"نوائے وطن" میں جو مکالمہ شائع ہوا ہے وہ مگھی زبان میں ہے، جو اس زمانے میں پٹنہ اور گیا میں بولی جاتی تھی .ور شاد کا جتنا ہندی میں کلام ملاوہ برج بھاشا میں ہے اور مثل سورداس اور میرابائی موسیقی کے اوزان میں ہے۔ جیسے بارہ ماسہ، بسنت بہار، بھجن، بھیرویں، ہولی۔ نمونہ کلام — ہولی

مور مکٹ اور کانن کنڈل ہاتھ میں مرلی، روپ نرائین
نین مورکھ موہ بھگت نہ جانت روکو نہ موری شیام ڈگریا

اب اس کلام سے اور حیدر جان کی ٹھمری سے موازنہ کرکے دیکھیے ۔

توری صورت مورا من بھائے مدھ بھری اکھیاں کجرا سہائے
چال البیلی، نپٹ نویلی دیکھ حیدر مورا جیا ترپائے

دونوں کی زبانوں میں آسمان زمین کا فرق ملے گا۔ شاد نے نوائے وطن میں وہی لکھا تھا جو انہوں نے اپنے بزرگوں سے میرزا بیدلؔ کے متعلق سنا تھا۔ میرزا بیدلؔ کے متعلق سب سے پہلے حسین قلی خاں مرحوم نے "نشترِ عشق" میں لکھا تھا جس کا

لمی نسخہ کتب خانہ خدابخش میں ہے اور شاد کی جوانی تک حسین قلی خاں مرحوم کے
ماحبزادے آغا محمد حسین خاں زندہ تھے جن کا ذکر خیر مکتوبات شاد ص ۱۸۶ میں آیا
ہے۔ ممکن ہے کہ شاد نے اس مکالمہ کو حسین قلی خاں مرحوم کے صاحب زادے آغا
محمد حسین خاں سے سنا ہو یا اپنے بزرگوں سے کیوں کہ بیدل کا قیام چھوٹی پٹن دیوی میں
تھا۔ وہ محلہ جو شاد کے حاجی گنج سے سٹا تھا اور جہاں شاد کے استاد کالی چرن آنجہانی رہتے
تھے یا انہوں نے اس مکالمے کو خود کالی چرن آنجہانی سے سنا ہو۔ الغرض، شاد کے ہندی
یا اردو کلام پر حیدر جان کی ٹھمری کا پرتو تک نہیں ہے۔ ان کا ہندی کلام بھی متین ہے،
رچہ دیومالا سے متاثر ہے۔ صرف شاد کو ذلیل کرنے کے لئے وصی احمد نے یہ ڈھونگ
رچا ہے کیوں کہ اس زمانے میں ہر سال شاد کے مزار پر عرس ہوتا تھا اور چادر چڑھائی
جاتی تھی۔ لوگوں کو شاد سے برگشتہ کرنے کے لئے، حیدر جان کا قصہ داخل مقالہ کیا
گیا ہے۔ صرف سلطان مرزا ہی نہیں اس زمانے کے دوسرے دوسرے رؤسا بھی اس
یب میں مبتلا تھے۔ جن کا ذکر تفصیل سے مولوی بدرالحسن مرحوم نے "یادگار
وزگار" میں کیا ہے مگر وصی احمد بلگرامی نے دوسرے دوسرے حضرات کو چھوڑ کے
رف شاد کو نشانۂ ملامت بنایا ہے۔ حد ہے کہ سلطان مرزا کے نام سے جعلی غزل، شاد
ا نکالی ہوئی زمین — اف ری جوانی۔ الخ میں شائع کی ہے۔ میں نے لکھا ہے کہ زمانۂ
سکول میں میں نے وصی احمد صاحب کا مضمون سرسری طور سے پڑھا تھا۔ سلطان میرزا
کے نام کی جعلی غزل کو سچ سمجھ کر میں نے کسی مضمون میں اس کا حوالہ دیا تھا۔ پروفیسر
کی الحق مرحوم نے مجھ کو ٹوکا اور کہا کہ 'اف ری جوانی' والی غزل سلطان میرزا کے
کلیات میں نہیں ہے۔ ان کے پاس کلیات سلطان میرزا تھا۔ جس پر شاد کے دست
خاص کی چند رباعیاں تھیں۔ ذکی الحق صاحب کے دادا کے بھائی مولوی عزیز الحق
(جن کا نام مکتوبات شاد میں آیا ہے) شاد کے چہیتے شاگردوں میں تھے۔ ممکن ہے شاد
نے ان کو کلیات سلطان میرزا دیا ہو۔ بہر کیف اس کلیات میں کسی جگہ سلطان میرزا کی

یہ غزل نہیں ہے جو وصی احمد صاحب کے مضمون میں چھپی ہے۔ اس لئے صرف شاؔد کو نیچا دکھانے کے لئے وصی احمد بلگرامی نے سلطان میرزا کے نام کی جعلی غزل تصنیف کی ہے۔

جعلی مرثیہ۔ یہی حال جعلی مرثیہ کا ہے جس کا حوالہ وصی احمد بلگرامی کے مضمون میں ہے اور جو پاکستان میں بعد اشاعت حالات میرزا دبیؔر از قلم شاد 'رسالہ ارشاد' کراچی میں شائع ہوئے تھے۔ یہ ۹۱ بند کا جعلی مرثیہ مشفق خواجہ کے ذریعہ رسالہ 'اردو' کراچی پاکستان میں شائع کرایا گیا تھا زمانہ ۱۹۶۵ء۔

شاد کے اس مرثیہ کے متعلق جو ان کے چچا میر محسن مرحوم کے ذریعہ میرزا دبیر مرحوم کی خدمت میں پٹنہ میں پیش کیا گیا تھا، میر محسن مرحوم کے پوتے، صادق حسین نہال تحریر کرتے ہیں۔ مطالعہ شاد ص۲۰۹ "معلوم ہوتا ہے کہ اصل مرثیہ جو جناب شاؔد نے صاف کرانے کی غرض سے ان کو دیا، وہ انہوں نے دبار کھا اور اپنے ہاتھوں کا صاف کیا ہوا مرثیہ (یعنی جو کسی وقت بھی اپنے دست قدرت سے باہر نہ ہو سکے) میرزا صاحب کی خدمت میں گزرا یہاں تک کہ مزین بہ اصلاح ہو کر واپس آیا اور جناب شاد کی سادہ لوحی سے، پھر آپ کے ہاتھ لگا۔ جس کی زیارت کی دعوت دی گئی ہے۔ غرض بعد کو ان اوراق تاریخی اور وثیقہ جات مکتوبی پر نقاشی اور قلم کاری کی گئی"۔

صفیر بلگرامی نے یہی خواجہ فخرالدین سخن کے ساتھ کیا تھا۔ صفیر کاتب تھے اور اجرت پر لوگوں کی تحریروں کو خوش خط لکھا کرتے تھے۔ چنانچہ خواجہ صاحب نے جب ایک افسانے کو محض صاف کرنے کے لئے صفیر بلگرامی کے حوالے کیا تو اس پر ان کے استاد ہونے کا جھوٹا دعویٰ کر بیٹھے۔ وہ اس مالخولیا میں مبتلا تھے کہ دنیا بھر کو اپنا شاگرد لکھیں۔ چنانچہ نہاؔل مرحوم کے والد میر جعفر حسین مرحوم کو بھی فرہاؔد کا تخلص دے کر اپنا شاگرد قرار دیا تھا حالانکہ وہ شاعر نہ تھے اور بقول نہاؔل ان کے والد نے کبھی ایک مصرعہ بھی نظم نہیں کیا تھا۔

دادا صاحب کو یہ مالخولیا اور پوتے صاحب کو مرتے دم تک یہ مالخولیا کہ شاد کو اپنے دادا کا شاگرد ثابت کریں۔ یہ مالخولیا تقسیم ہند کے بعد بھی نہ چھوٹا اور آرہ سے جون کا توں کراچی گیا۔

شاد کی پنشن کا معاملہ۔ جناب وصی احمد بلگرامی اپنے مضمون ص ۱۶۳ میں لکھتے ہیں "اس خط میں (بہ حوالہ مکتوب شاد) سر فخرالدین کی زبانی جس موریل کا حوالہ ہے اسے ہم نے حضرت شاد کی طرف سے لکھا تھا...... یہ موریل پہونچا تو گورنمنٹ آف انڈیا نے ایک ہزار روپیہ سالانہ وظیفہ حضرت شاد کے لئے عطا فرمایا"

تبصرہ ارشاد۔ اے سبحان اللہ! اے سبحان اللہ! میں نے تفصیل سے شاد کی پنشن کا قصہ کاروانِ رفتہ، مطبوعہ کتب خانہ خدا بخش ص ۲۷ تا ۳۳ لکھدیا ہے۔

شاد کو پچاس روپیہ ماہانہ پولٹیکل پنشن ۱۹۱۲ء میں ملی جب لارڈ ہارڈنگ وائسرائے تھے اور دارالحکومت کلکتہ سے منتقل ہو کر دہلی گیا تھا۔ سر علی امام مرحوم لا ممبر تھے۔ کل کاغذات اس وقت تک سرکاری نیشنل آرکائیوز پٹنہ میں محفوظ ہیں۔ جس کا جی چاہے وہاں جاکر دیکھ لے۔ جناب وصی احمد بلگرامی ۱۹۱۲ء میں ڈپٹی کلکٹر نہیں ہوئے تھے بلکہ بعد کو غالباً ۱۹۱۳ء یا ۱۹۱۴ء میں اس میں اضافہ اولڈھم صاحب کمشنر کی سفارش سے ۲۰۔۱۹۲۱ء میں ہوا 'کاروانِ رفتہ' ص ۳۱۔ وصی احمد بلگرامی کی تحریر میں اولڈھم صاحب کا ذکر تک نہیں ہے حالانکہ مکتوبات شاد میں تمام تر اولڈھم صاحب کے احسانوں کا ذکر ہے۔ 'مکتوبات شاد' میں کسی جگہ وصی احمد بلگرامی کا ذکر نہیں ہے۔

رہا مکتوب شاد مورخہ ۲۳ر اپریل ۱۹۲۶ء جس کی نقل س۔ ش۔ ص۔ ص ۱۶۳ میں ہے، وہ سلطان احمد اور نقی احمد کے تعلیمی وظیفہ کے متعلق ہے اور ان دونوں کے نام مکتوب شاد میں موجود ہیں۔ اس موریل پر سر فخرالدین مرحوم نے ۱۹۲۶ء میں سلطان احمد اور نقی احمد کا دس دس روپیہ ماہانہ تعلیمی وظیفہ مقرر کر دیا تھا۔ مجھ کو یہ وظیفہ ۱۹۲۷ء سے ۱۹۳۱ء تک ملا کیا۔ ۱۹۳۲ء میں فوکس صاحب ڈائرکٹر آف ایجوکیشن نے چار سالوں

۱۹۳۲ء تا ۱۹۳۵ء جاری کردیا تھا۔ شاؔد نے اس تعلیمی وظیفہ کا موریل تیار کرنے کی زحمت جناب وصی احمد بلگرامی کو دی ہوگی نہ کہ اپنی ذاتی پنشن کے متعلق۔ ان کی ذاتی پنشن کا معاملہ حکومت ہند مرکزی حکومت کا تھا اور یہ پولیٹکل پنشن تھی جو ۱۹۱۲ء میں جاری ہوئی تھی اور سلطان احمد اور نقی احمد کو جو تعلیمی وظیفہ ملا کیا، وہ صوبائی حکومت بہار کا معاملہ تھا۔ وصی احمد بلگرامی نے غلط گوئی سے کام لے کر دونوں معاملوں کو پھینٹ دیا ہے۔ انہوں نے صرف تعلیمی وظیفہ کے متعلق موریل تیار کیا ہوگا۔ بس اس سے زیادہ ان کی حکومت میں رسائی نہ تھی اور نہ کسی ڈپٹی کلکٹر کی انگریزوں کی حکومت میں ہوسکتی تھی۔ ابتدا سر فخرالدین مرحوم نے کی جو ۱۹۲۲ء کے بعد صاحب اقتدار ہوئے۔ شاد کی پولیٹیکل پنشن سے بھی ان کو کوئی مطلب نہ تھا۔ ان کے اختیار میں صرف تعلیمی وظیفہ تھا یعنی مختصر سی رقم۔ صرف اپنی اہمیت کا اظہار وصی احمد صاحب نے کیا ہے۔

میر محبوب شیر مرحوم۔ ان کا ذکر خیر مکتوبات شاد میں کئی جگہ بہ سلسلۂ طباعت کلام شاد آیا ہے۔ یعنی قاضی عبدالودود صاحب کے نام کے ساتھ محمود شیر مرحوم کا نام۔ محمود شیر مرحوم، محبوب شیر مرحوم کے پرپوتے تھے اور وہ شاد کے بے حد قدرداں تھے ۲۳۔۱۹۲۲ء میں وہ کوشاں تھے کہ کلامِ شاد کسی صورت سے چھپ جائے۔ شاد کے مرنے کے بعد بھی وہ تقریبوں میں برابر آتے تھے۔ صرف ان کو اور احسن شیر مرحوم کو بھڑکانے کے لئے ایک جھوٹا قصہ ص ۱۳۰ میں درج کیا گیا ہے اور ایک جعلی غزل شاد کے نام سے شائع کی گئی ہے یعنی "گونج" کی ردیف والی غزل۔

کیا اسے بالا کسی محبوب کا سمجھا ہے شاؔد۔ الخ

اور لکھا گیا ہے کہ محبوب سے مراد میر محبوب شیر مرحوم ہیں۔ مطلب یہ تھا کہ محمود شیر اور احسن شیر برہم ہوں مگر وہ دونوں نہایت شریف اور سمجھدار تھے۔ یہاں تک کہ ۱۹۳۸ء میں جب کنور سکھراج بہادر کے گھر پر ہم لوگوں نے قلمی کتابوں کی نمائش کرائی تو بابائے اردو مولوی عبدالحق، پنڈت دتا تاریہ کیفی کشمیری، قاضی

عبدالودود اور پروفیسر حسن عسکری کے ساتھ محمود شیر مرحوم وکیل بھی اس صحبت میں شریک تھے۔اس کی تصویر کتب خانہ خدا بخش میں ہے۔

جناب حق گو کی حمایت۔ جناب حق گو کون تھے؟ یہ خود شاؔد کی زبانی مکتوبات ص ۲۶۸ میں ملاحظہ ہو۔ مورخہ ۲۴ر اگست ۱۹۲۶ء کا ہے۔

"سید سلمہ (خلف شاد) نے بعد مرنے بی بی (حسن آرا) کے میر عنایت حسین (حق گو) کے گھر جانا شروع کیا۔ ان کی ساس، سالیاں، میاں علی حیدر شیدا (جن کا ذکر س۔ ش۔ ص میں ہے اور عنایت حسین کے سالے تھے) وغیرہ ابتدا ہی سے عنایت حسین کے گھر پالے گئے۔ یہاں تک کہ ان کے باپ یعنی میرے قدیم معلّم میر فرحت حسین مرحوم نے نواب بہادر (ولایت علی) کے گھر سے جو کچھ کمایا تھا سب یہ لوگ کھا گئے۔ سید غریب پر ڈورا ڈالا کہ شیدا کی بہن سے عقد کرلو۔ اس قدر روغن قاض ملا کہ بے وقوف راضی ہوگیا۔ میں نے سن کر سر پیٹ لیا۔ دو برس تک انواع تدبیر سے روکے رہا۔ آخر مجبور کر دیا گیا۔ اور تماشا یہ ہے کہ ایک تو گنوارنی جاہل محض۔ دوسرے کے ٹکڑوں پر ماں، بھائی، بہن عمر بھر بے حیا بن کر پلا کئے۔ اس پر سل و دق کا عارضہ، منحنی، دائم المرض۔ بعد عقد کے عنایت حسین الگ ہوگئے۔ وہ سب کے سب اس گھر میں نازل ہیں شیدا کو کئی جگہ نوکر بھی رکھوا دیا مگر بھیک کی عادت۔ نوکری ہو ہی نہ سکی"۔

یہ خط ۲۴ر اگست ۱۹۲۶ء کا ہے۔ ۷ر جنوری ۱۹۲۷ء کو شاد کا انتقال ہوا اور جس غرض سے عنایت حسین نے شاد کے اکلوتے صاحبزادے کو ان کی ضعف الدماغی سے ناجائز فائدہ اٹھا کے پھنسایا تھا وہ غرض پوری ہو گئی۔ عنایت حسین، سید حسین کے خود ساختہ گارجین بن بیٹھے اور جو جو انہوں نے بچی کھچی جائیداد کے ساتھ کیا وہ آپ بدرالدین مرحوم کی کتاب "کچھ حقیقت اور کچھ کہانی" میں عنایت حسین امداد کے حال

میں پڑھیں۔ ۴جون ۱۹۳۳ء سید حسین کا انتقال ہوا۔ علی حیدر شیدا وغیرہ، شاد منزل سے نکالے گئے۔ اس لئے جناب حق گو ہر اس آواز پر لبیک کہتے تھے، جو شاد کے خلاف اٹھائی جاتی تھی۔ ۷ر جنوری کو ہر سال شاد کے مزار پر چادر چڑھائی جاتی تھی، مگر کبھی اس میں میر عنایت حسین شریک نہیں ہوئے اور جب تک والد زندہ رہے ان پر وہ اور ان کے اخلاف طنز کیا کرتے تھے۔

۲۔ دوسرا سلسلہ۔ معرکہ حمید عظیم آبادی اور ڈپٹی شاہ ولی الرحمٰن تلمیذ شاد

۱۹۳۶ء میں حمید مرحوم نے 'میخانہ الہام' شائع کرایا تھا۔ جب اس پر شاہ ولی الرحمٰن مرحوم کی نظر پڑی تو وہ تبصرہ کے لئے کتاب مرحوم ریاست علی ندوی سے مانگ کر موتیہاری لے گئے۔ جہاں اس وقت وہ ڈپٹی کلکٹر تھے۔ انہوں نے میخانہ الہام پر ۵ تبصرے سپرد قلم کئے جو نہایت مفید اور کار آمد ہیں۔ تین تبصروں میں ولی مرحوم نے ایسے اشعار درج کئے ہیں جن کا شمار شاد کے بہترین شعروں میں کیا جاسکتا ہے، مگر وہ میخانہ الہام میں نہ تھے۔ ایسے اشعار کی تعداد تقریباً ۱۲۵ ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ ولی مرحوم کے پاس بھی دیوان شاد کی کوئی نقل تھی، ورنہ کوئی شخص صرف حافظہ کی مدد سے اتنے زیادہ اشعار نہیں لکھ سکتا۔

میں نے عرض کیا کہ بعد انتقال والد مرحوم ۴ر جون ۱۹۳۳ء، شاد منزل میں دور ابتلاء شروع ہوا۔ جن صاحب کو شاد کے کلام کو محفوظ رکھنا تھا وہ اس سے بیزار تھے۔ ان کی نیت صرف بچی کھچی جائیداد (شاد منزل) پر تھی۔ میونسپلٹی کے عملوں کو رشوت دے کر اور ملا کر انہوں نے سارے مکان پر اپنا نام چڑھوالیا تھا اور ادھر ادھر بکتے پھرتے تھے "سب میرا۔ سب میرا" ان کے معین و مددگار ان کے خسر صاحب ہوگئے۔

بہر کیف، شاد کے کلیات و مراثی کو یوں ناپرسان حال میں دیکھ کر مجھے افسوس ہوا اور غیرت آئی۔ جیسا کہ کئی جگہ لکھ چکا ہوں۔ ۱۹۵۲ء قیام چھپرا کے زمانے میں، میں نے تمام مطبوعہ اور غیر مطبوعہ کلام شاد کو جمع کرنا شروع کیا۔۔۔ یہاں تک کہ باوجود

عدیم الفرصتی ۱۴ تصانیف لاہور، دہلی، لکھنؤ اور پٹنہ سے شائع ہو گئے۔ ۱۹۷۴ء میں بہار اردو اکیڈمی قائم ہوئی اور اس کے پہلے سکریٹری فضاؔ شمسی پرنسپل پٹنہ کالج ہوئے۔ میری پوسٹنگ آرہ سروے اور چک بندی میں تھی۔ فضا صاحب کا خط آیا کہ آپ تمام کلام شاد جناب کلیم الدین احمد کے حوالہ کر دیجئے۔ اس کے پہلے مسلم مرحوم کا خط کراچی سے آچکا تھا۔ چنانچہ میں کلیم مرحوم سے ملا۔ اور عرض کیا کہ شاد کا کل کلام دھجی پرزے کی حالت میں ہے جن کو صاف کر رہا ہوں۔ غزلوں کا مجموعہ "دیوانِ کامل" کے نام سے صاف کر چکا تھا کلیم صاحب نے شاہ عطاء الرحمٰن صاحب کے سامنے فرمایا کہ میں چاہتا ہوں کہ شاؔد کی کل اصلاحیں بھی شائع ہو جائیں۔ مجھ سے جو باتیں ان مرحوم جنت نصیب سے ہوئی تھیں، وہ انہوں نے اپنے مقدمہ کلیات شاد ص ۵۷ میں تحریر کر دیا ہے۔

میں راضی ہو گیا کیوں کہ ۱۴ کتابوں کی اشاعت کے بعد بے گھری اور ریٹائرڈ ہونے کے بعد مزید اشاعت کی مجھ میں صلاحیت نہ تھی۔ شاد کے دو وارث، ایک غیر صوبہ کے شخص سے سازباز کر کے شاد منزل کا وارانیارہ کر چکے تھے، اپنے متعلقین کے لئے نئے مکان کی بھی فکر تھی۔ میں نے شاد کا کل کلام مطبوعہ و غیر مطبوعہ اور اپنا صاف کیا ہوا، کلیم صاحب کے حوالہ کر دیا۔

کلیم مرحوم بہت ضعیف ہو چکے تھے۔ مگر ملازمت کی تلاش کرنے والے چار پانچ اردو کے ایم۔ اے ان کو گھیرے رہتے تھے۔ ان لوگوں نے اس کام کو اپنے ذمہ لیا اور اس طرح کلیات شاد تین جلدیں مرتب ہو گئیں، جن پر کلیم صاحب نے ۱۴۰ صفحات کا مقدمہ لکھا میں نے جو کلام دیا، اس کے علاوہ انھوں نے پروفیسر ذکی الحق مرحوم سے بھی شاد کے دست خاص کے لکھے اوراق حاصل کئے۔ ذکی الحق مرحوم سے حاصل کئے ہوئے مجموعہ میں سات ایسی غزلیں تھیں جن کی کوئی دوسری نقل میرے پاس نہ تھی۔

۱۔ دل کو از بسکہ خوشی رہتی ہے بیماری کی

۲۔ ہر روز لگا رہتا ہے میلا ترے در پر

۳۔ رخ کو ترے کہتا ہوں کہ قرآن یہی ہے

۴۔ تو دل آرا ہے نہ ہو پاس مرے دل نہ سہی

۵۔ نالوں میں جذب آہ میں پیدا اثر کریں

۶۔ فقیر بس گئے آ آ کے شہ نشینوں میں

۷۔ دعا سے بڑھ کے ہے دشنام افراطِ محبت میں

بعد کو جب پروفیسر اکبر حیدری کشمیری کا مضمون زبان و ادب پٹنہ میں شائع ہوا تو پتہ چلا کہ انہوں نے دیوان شاد مملوکہ کتب خانہ راجہ صاحب محمود آباد کو چھانا ہے۔ اس طرح مضمون میں ایک مطبوعہ غزل کے چند غیر مطبوعہ اشعار ملے۔

غیر مطبوعہ اشعار اس غزل کے یہ ہیں جو ص ۳۹۷ کلیات جلد اول میں چھپی۔

کون ظالم باغباں تھا اے چمن جائے گل جو تجھ میں کانٹے بو گیا

خاک کا ذرّہ تھا، دل کی کیا بساط گرتے ہی ان کی نظر سے کھو گیا

شادؔ کیا دل کش تھی اس کی بھی بہار پھر نہ وہ پلٹا عدم کو جو گیا

یہ غیر مطبوعہ اشعار، نسخہ محمود آباد میں ہیں۔ کسی نے محمود آباد سے نسخہ کو حاصل کرنے کی کوشش نہیں کی اور جس طرح کمار صاحب ۱۹۳۴ء میں اس مجموعہ کو نواب زادہ مہدی مرحوم سے حاصل کر کے لے گئے تھے، اسی طرح سے محمود آباد کے کتب خانہ میں پڑا ہے۔ ایک کپڑے کی گٹھری میں بندھا ہوا (بقول اکبر حیدری)۔ آمدم بر سر مطلب۔

شاہ ولی الرحمٰن مرحوم مطالعہ شاد کتب خانہ خدا بخش ص ۲۴۲ میں تحریر فرماتے ہیں:

"اساتذہ کی اصلاحوں کے نمونے بہت مشکل سے دستیاب ہو سکتے ہیں۔ میرؔ و سوداؔ، دردؔ و حسنؔ، مصحفیؔ و انشاؔ، ناسخؔ و آتشؔ، ذوقؔ و نصیرؔ، مومنؔ و غالبؔ.... ان تمام اساتذہ میں سے کسی کے کلام کے متعلق ہمیں خبر نہیں کہ ان کے اشعار تکرارِ نظر اور اصلاح و ترمیم کے کن کن مرحلوں سے گذرے ہیں .... مولانا شادؔ مرحوم کی ذات گرامی اس

حیثیت سے مستثنیٰ ہے کیوں کہ ہمیں ان اصلاحوں سے ہی واقفیت نہیں ہے
جو انہوں نے اپنے شاگردوں کے کلام پر دیں، بلکہ ہمیں ان اصلاحوں کا بھی
پورا علم ہے جو انہوں نے خود اپنے کلام پر مختلف اوقات میں دیں"

معلوم ہوتا ہے کہ کلیم صاحب نے اس مضمون کو دیکھا تھا۔ بہر کیف، جو دوسرے حضرات نہ کر سکے وہ کلیم مرحوم نے کیا اور شاد کی تمام تر اصلاحیں کلیات جلد اول و دوم میں آگئیں۔ ایسا کسی اردو شاعر کے کلام کے ساتھ نہیں ہوا اور نہ کسی فارسی کے شاعر کے ساتھ ہوا۔ اس کا موازنہ انگریز شعرا کی اصلاحوں سے بھی ہوا۔ کتب خانہ خدابخش نے جو ولی الرحمٰن مرحوم کے مضامین شائع کر دیئے ان کے دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ سو، سوا سو اشعار، انتخاب حمید عظیم آبادی میں نہ آسکے تھے اور یہ سب عالی درجہ کے اشعار تھے۔ میں نے ان اشعار کو کلیات جلد اول و دوم مرتبہ کلیم الدین احمد سے ملا کے دیکھا۔ ان سوا سو اشعار میں صرف چھ اشعار کلیات جلد اول و دوم مرتبہ کلیم الدین احمد میں نہیں ہیں۔ وہ اشعار ہیں۔

۱۔ چند مطالعہ کتب خانہ خدابخش ص ۲۳۷۔

مجھی سے پوچھنا ناصح مرے مشفق کی عادت ہے
معیبت میں معیبت کا بیاں، دوہری معیبت ہے

اس مطلع میں جو نفسیات بشری کو ادا کیا گیا ہے، قابل غور ہے۔ جہاں تک نفسیاتی بصیرت کے شواہد کا تعلق ہے اردو یا فارسی کے کم شاعر شاد کے ہم پلہ نظر آتے ہیں الا سعدی علیہ الرحمۃ یا عمر خیام۔ بہت سے ایسے اشعار ہیں جو شرح طلب ہیں۔

۲۔ ص ۲۳۶۔

وضو کے بعد اونڈیلوں شراب ساغر میں — پڑھوں درود کئی بار تب اٹھا کے پیوں

۳۔ ص ۲۳۴۔

بہار باغ پر خوش ہو رہیں آنکھیں، نہیں جن کو
قدم گل نے نہ ٹیکے تھے کہ اتنے میں خزاں پہونچی

۴۔ ص ۲۳۴۔

پڑا بسمل کے روح و تن کا جھگڑا کس تذبذب میں
رکا کب دست قاتل، جب چھری تا استخواں پہونچی

اس غزل کے آٹھ اشعار کلیات جلد دوم ص ۲۱۲ میں شائع ہوئے ہیں۔ یہی دو اشعار مجھ کو نہ مل سکے تھے۔ ایک قدیم پرچے میں پوری غزل چھپی تھی۔ اس پرچہ کا نام تک یاد نہیں رہا۔

۵۔ ص ۲۳۲۔

مٹ جائیں گے نگاہوں سے گرتے ہی اے زمین
دامن میں تیرے قطرۂ اشکِ چکیدہ ہیں

۶۔ ص ۲۲۷۔

رک گئے کیوں درِ جنت پہ بہشتی سارے   کھل گیا ہو نہ مہکتا ہوا گیسو تیرا

اس مرصع غزل کے ۲۴ اشعار کلیات جلد اول میں ص ۲۷۳۔ ۲۷۴ میں شائع ہوئے ہیں مگر یہی شعر نہیں ہے۔ ان اشعار کے دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ مرحوم شاہ ولی الرحمٰن صاحب کے پاس بھی کلام شادؔ قلمی کی کوئی نقل ہوگی، ورنہ صرف اپنی یاد سے کوئی ۱۲۵ اشعار نہیں لکھ سکتا۔ اس طرح ۳ غیر مطبوعہ اشعار نسخہ، محمود آباد میں ملے اور ۶ اشعار ولی الرحمٰن صاحب کے مضامین میں۔ میری استدعا ہے کہ اگر کوئی صاحب یا ادارہ دوبارہ کلیات کو شائع کرے تو ان ۹ اشعار کو اس میں شامل کردے۔

حمید عظیم آبادی اور شاہ ولی الرحمٰن صاحب کا اختلافِ مذاق

حمید عظیم آبادی گو شاد کے شاگرد تھے۔ ان کی خدمت استاد لائق صد ستائش ہے، مگر مرحوم کا مذاق شاعری سراسر ناسخ کے رنگ میں رنگا تھا۔ یہی حال تمنا عمادی، عین الہدیٰ ثمر اور صفیر بلگرامی کے سلسلے کے شاعروں کا تھا۔ وہ صرف حشو و زوائد پر نظر رکھتے تھے اور یہ بات حمید عظیم آبادی کے مضمون ۲۶۰ تا ۲۶۹ سے ظاہر ہے جو بہ جواب فصیح الدین بلخی اور ظفر الملک مضمون الناظر لکھنؤ ۱۹۲۴ء دیا گیا ہے۔ ظفر الملک نے کلام شاد شائع کردہ جناب قاضی عبدالودود پر چند اعتراضات کئے تھے۔ حمید مرحوم نے جواب میں یہی بہانہ تراشا ہے کہ وہ اشعار ان کے انتخاب میں نہ آئے۔ مطلب یہ کہ شاد نے غلطیاں کی ہیں مگر چونکہ وہ عروض داں ہیں، انہوں نے شاد کے ایسے اشعار کو چھانٹ دیا جو کلامِ شاد میں چھپے ہیں۔ ان کی شاعری کا یہی معیار تھا۔ اس کے برخلاف جو شاہ ولی الرحمٰن صاحب نے چھانٹے ہوئے اشعار کو پیش کیا ہے، ان میں سے چھ درج کئے گئے۔ ان چھ اشعار کی نفاست اور معنویت پر غور فرمایا جائے کہ کتنے بلیغ ہیں اور ان میں کتنی دل گرفتگی ہے۔

شاعری صرف عروض کا نام نہیں ہے بلکہ موسیقی، مصوری، شاعری اور معنویت کا نام ہے۔ اگر کسی شاعر کے کلام میں فنونِ لطیفہ کے سب اجزا ایک جانہ ہوں تو اس کا کلام اوچھا سمجھا جائے گا اور بے نمک کی پھیکی دال۔ جیسا کہ دیوان ناسخ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کسی کو ناسخ کا ایک شعر بھی یاد نہیں ہے۔ یہاں دو مثالیں درج کرتا ہوں۔

۱۔ بیدل و شاد۔ بقول نیاز فتح پوری مرحوم (نگار معلومات نمبر ۱۹۵۸)

بیدل نے سراسر فلسفہء تکوین سے بحث کی ہے جس کا تعلق گوشت پوست کی دنیا سے نہیں ہے بلکہ روحانیت سے۔ غالب نے اس رنگ کو مجاز یعنی گوشت پوست کی دنیا میں اتارنا چاہا۔ اس لئے ناکامیاب رہا اور مجبور ہو کے اس نے بیدل کے رنگ کو ترک کیا۔

بیدلؔ کی ایک مرصع غزل کے دو اشعار ملاحظہ ہوں۔

تمام شوقیم، لیک غافل، کہ دل بہ راہ کہ می خرامد
جگر بہ داغ کہ می نشیند، نفس بہ آہِ کہ می خرامد

اگر نہ رنگ از گل تو دارد بہار موہوم ہستی ما
بہ پردۂ چاک این کتانہا فروغ ماہ کہ می خرامد

بیدلؔ نے فلسفہ تکوین میں وحدت الوجود کے مسائل پیش کئے ہیں، جیسا میں اپنے مقالہ "میرزا غالب ایک تنقیدی جائزہ" میں لکھ چکا ہوں۔ حال ہی میں اس کو جناب جابر حسین صاحب نے شائع کر دیا ہے۔

شاد نے جو تکوین کا فلسفہ پیش کیا ہے، اس میں سراسر واجب الوجود کے مضامین ہیں۔ پھر بھی شاد کے اردو کے اشعار، بیدلؔ کے فارسی اشعار سے کم دل کش نہیں ہیں۔ لفظوں کا انتخاب، موسیقی کی رعایت اور خیالات کی بلندی۔ اس غزل کے چھ اشعار کلام شاد ص ۳۴ میں چھپے پھر یہی اشعار میخانہ الہام اور کلیات شاد جلد اول ص ۲۳۹ میں چھپے۔

ہر طرف ہے وہی ہر شے میں ہے جلوہ اس کا
ترک نعمت جو کروں ترک ہے گویا اس کا

چشم بینا میں کہاں کھپتی ہے، دو دن کی بہار
گل جو کھلتے ہیں تو ہنس دیتا ہے شیدا اس کا

نہ ملے گا وہ کبھی یوں نہ کہو نامہ برو
ڈھونڈھ لے گا کسی ترکیب سے جویا اس کا

مسلک عشق جدا، جادۂ ادراک جدا
اس دوراہے سے کدھر جائے شناسا اس کا

اپنی ناکامی کی پروا نہیں، لیکن اک دن
کیا قیامت ہے کہ منہ دیکھے گی دنیا اس کا

ہو خفا اس سے تو جائے کدھر اس کا عاشق
باغ اس کا ہے جو اے شآد توصحرا اس کا

غزل کے اشعار کس قدر دست و گریبان ہیں اور ہر شعر میں فلسفہ تکوین سے بحث ہے۔ مولانا مناظر احسن گیلانی مرحوم نے اپنے مضمون "شاد متکلم اسلام" ص ۳۸ میں اس غزل کے مطلع کی تعریفیں اور شرح لکھی ہیں۔

حمید عظیم آبادی مرحوم کے انتخاب میں صرف عروض میں نظر تھی اور معنویت، ترنم اور موسیقی یہاں تک کہ محاکات تک کو اپنی عروض دانی کے زعم میں ترک کر دیتے تھے۔ شآد کا یہ شعر محاکات میں مصوری کا کتنا اچھا نمونہ ہے مگر میخانۂ الہام میں نہیں ہے ۔

چاند سے منھ پہ خال دو، ایک ذقن پہ رخ پہ ایک
اس سے خرابیٔ عرب، اس سے تباہیٔ عجم

مگر کلیم صاحب نے اس کو کلیات جلد اول ص ۵۴۹ میں جگہ دی ہے۔ دوسری غزل ہے۔ اے ازلی الوجود اے ابدی البقا۔ الخ

اس بحر میں غالبؔ کی فارسی میں اور مولانا حالی کی اردو میں غزلیں ہیں۔

غالب ۔

تاب نہ بخشی بہ زورِ خون سکندر ہدر — جاں نہ پزیری بہ ہیچ عمر خضر ناروا
بزم ترا شمع و گل خستگی بوتراب — ساز ترا زیر و بم واقعہ کربلا

اور مولانا حالی ۔

یا ملک الصفات یا بشر القریٰ — لیک دلیل علی انک خیر الوریٰ

شاد نے اس بحر میں ۴۰ اشعار کہے ہیں اور ابتدائے آفرینش سے تا واقعہ کربلا، اسلامی نقطہ نظر کو نظم کردیا ہے۔ اس غزل کا ہر شعر شرح طلب ہے۔ کلیم صاحب نے پوری غزل کو شائع کردیا مگر میخانۂ الہام، ردیف الف میں یہ آخری غزل ہے اور اس کا نمبر ۱۴۲ ہے۔ اور کل ۱۷ اشعار حمید صاحب کے انتخاب میں آئے۔ نتیجہ

یہ کہ جو تاریخی تسلسل اور خیالاتِ اسلامی کا تانا بانا تھا، وہ ٹوٹ گیا۔

جس زمانہ میں میخانۂ الہام چھپا، شاد کو دیکھنے والے اور ان کو اشعار پڑھتے دیکھنے والے سیکڑوں حضرات زندہ تھے۔ اس لئے حمید صاحب کا انتخاب مقبول نہ ہو سکا۔ اسی کو دیکھتے ہوئے میں نے 'زیور عرفان' دہلی اور "شرح وکلام شرح" لکھنو سے شائع کرادیا اور اخیر میں کلیم الدین مرحوم نے نہایت دیانت داری سے شاد کی غزلوں کو مع اصلاحات شائع کرادیا۔ ظاہر ہے کہ میں ڈپٹی کلکٹر تھا۔ سرکاری کاموں سے کب فرصت ملتی تھی جو ادب کی طرف توجہ کرتا۔ اس لئے مکمل شرح لکھنا ناممکن تھا۔ یہ بھی خیال تھا کہ جہاں تک شاد کے غیر مطبوعہ اشعار ہیں سب چھپ جائیں۔ حشو و زوائد نکالنے والے اغلاط ڈھونڈھتے رہیں۔ اس لئے شاد کے کلام میں موسیقی سے بحث کا میں نے طبعیات (Physics) کے باب 'حوت' کو پڑھ کے آغاز کیا جو میرے مضامین مطبوعہ شاد نمبر زبان وادب ۱۹۷۹ء اور شاد کا عہد و فن دونوں جلدوں میں موجود ہے۔ رسالہ موسیقی سے کافی مدد ملی۔

۳۔ مضمون تصحیح۔ از جناب تمنا عمادی۔ اوپر لکھ چکا ہوں کہ قاضی عبدالودود صاحب نے تمنا عمادی کے پیش کردہ مطلع کو جعلی قرار دیا تھا۔ میں نے سنا ہے کہ وہ مشائخ میں شمار کئے جاتے تھے۔ اس لئے میرا ان کے حق میں کچھ لکھنا مناسب نہ ہوگا۔ انھوں نے تپاں مرحوم کی روح کو جعل سازی سے خوش نہیں کیا ہوگا۔ شاد تو ان کے تختۂ مشق تھے ہی۔

●●

محمد رضی الاسلام ندوی
ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی، علی گڑھ

سہ ماہی "تحقیقاتِ اسلامی" کے سولہ سال

(اشاریہ ۱۹۸۲ء تا ۱۹۹۷ء)

آج کے دور میں جہاں ایک طرف اسلام کے بارے میں اس کے دشمنوں کی جانب سے اعتراضات اور شکوک و شبہات پیدا کیے جا رہے ہیں اور اسلامی شریعت کے فرسودہ اور عصری تقاضوں سے غیر ہم آہنگ ہونے کی باتیں کہی جا رہی ہیں وہیں دوسری طرف اس کو سمجھنے اور مختلف مسائل میں اس کا نقطۂ نظر معلوم کرنے کی سنجیدہ کوششیں بھی ہو رہی ہیں۔ یہ حالات تقاضا کرتے ہیں کہ اسلام کے بارے میں وسیع علمی لٹریچر تیار کیا جائے۔ اس کے مختلف پہلوؤں پر ہونے والے اعتراضات کا جواب دیا جائے اور اس کو صحیح اور نکھری ہوئی شکل میں پیش کیا جائے تاکہ اس کے بارے میں پائی جانے والی غلط فہمیاں دور ہوں اور سلیم الفطرت دل اس کی جانب مائل ہو سکیں۔

ان تقاضوں کی انجام دہی کے لیے ۱۹۸۱ء میں اپنی نئی تشکیل شدہ صورت میں ایک آزاد رجسٹرڈ سوسائٹی کے تحت ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی علی گڑھ کا قیام عمل میں آیا۔ اس مختصر عرصہ میں ادارہ نے مختلف میدانوں میں قابل قدر خدمات انجام دی ہیں۔ اس کا امتیاز یہ ہے کہ یہاں منصوبہ بند طریقے پر ایسے موضوعات پر کام کیا جاتا ہے جن سے عصری مسائل میں اسلامی نقطۂ نظر کی وضاحت ہوتی ہے۔ ادارہ کے کارکنان جن موضوعات کا انتخاب کرتے ہیں وہ محض علمی نہیں ہوتے کہ ان پر بس دادِ تحقیق دینا مقصود ہو، بلکہ وہ جدید معاشرتی اور تہذیبی مسائل سے گہرا ربط

رکھتے ہیں اور ان کے ذریعے مسلمانوں کی فکری رہنمائی مقصود ہوتی ہے۔ ادارے نے اردو زبان کی اہم کتابوں کے ترجمے کی جانب بھی توجہ دی ہے اور چھوٹی بڑی تقریباً ایک درجن کتابوں کے انگریزی تراجم شائع کیے ہیں۔ یہاں نوخیز اہل قلم کی تصنیفی تربیت کا بھی نظم ہے۔ اس کے تحت دینی درس گاہوں، کالجوں اور یونی ورسٹیوں سے فارغ طلبہ کو تصنیف و تالیف اور ترجمہ کی تربیت دی جاتی ہے۔

ادارۂ تحقیق کی سرگرمیوں کا ایک اہم حصہ سہ ماہی مجلّہ "تحقیقات اسلامی" کا اجراء بھی ہے۔ ادارہ کے قیام کے چند ماہ بعد جنوری ۱۹۸۲ء سے اس کی اشاعت عمل میں آئی اور اس وقت سے اب تک پوری پابندی اور تسلسل کے ساتھ نکل رہا ہے۔ شروع سے اس کے مدیر برصغیر کے مشہور عالم دین اور متعدد وقیع کتابوں کے مصنف مولانا سید جلال الدین عمری ہیں۔ مجلّہ کے پہلے شمارے میں اس رسالے کے اجراء کا یہ مقصد بیان کیا گیا تھا:

> "ایک ایسے رسالے کی شدید ضرورت محسوس ہوتی ہے جس کا واحد مقصد یہ ہو کہ اسلام کو دور جدید کے علمی معیار کے مطابق پیش کیا جائے۔ جس کے مقالات اور مضامین سے اسلام کے کسی نہ کسی پہلو کی وضاحت یا اس کے بارے میں کسی غلط فہمی کا ازالہ ہو اور اس کی علمی سطح بھی ایسی ہو کہ اس کے مباحث کو نظر انداز نہ کیا جا سکے۔ ہماری پوری کوشش ہوگی کہ تحقیقاتِ اسلامی کو اسی معیار کا مجلّہ بنایا جائے اور اس کے مقالات اور مضامین کا انداز زیادہ سے زیادہ علمی اور تحقیقی ہو" (ص ۶)۔

ایک دوسرے موقع پر مدیر مجلّہ نے رسالہ کے مقصد اور کارکردگی پر یوں روشنی ڈالی ہے:

> "اس مجلّہ کے ذریعے کوشش یہ رہی ہے کہ اسلام کی تعلیمات اپنی صحیح شکل میں اور بہترین علمی اسلوب میں پیش کی جائیں۔ ان پر جو بیرونی اثرات پڑے ہیں انہیں دور کیا جائے۔ اختلافی مسائل کو بحث و تمحیص کے ذریعے حل کیا جائے، دورِ جدید میں اسلام کے بارے میں جو غلط فہمیاں پائی جاتی ہیں ان کا علمی انداز میں ازالہ ہو اور اسے ایک ایسے زندہ اور انقلابی فکر کی حیثیت سے

پیش کیا جائے جو آج کے انسان کے پیچیدہ ترین مسائل کو بھی حل کرتا اور اسے
دنیا اور آخرت کی کامیابی سے ہم کنار کر سکتا ہے۔"

(تحقیقاتِ اسلامی، جلد ۸، شمارہ ۲، اپریل تا جون ۱۹۸۹ء، ص: ۵ (حرفِ آغاز)

حقیقت یہ ہے کہ مجلّہ تحقیقاتِ اسلامی کو اپنے مقصد میں بڑی حد تک کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ برصغیر ہند و پاک کے علمی رسائل میں اسے امتیازی مقام حاصل ہے۔ اس کے مضامین مختلف جرائد میں نقل ہوتے رہتے ہیں۔ متعدد مقالات کے انگریزی اور عربی میں ترجمے شائع ہو چکے ہیں۔ بعض مضامین الگ سے رسالوں اور کتابوں کی شکل میں بھی آ چکے ہیں۔ اہل علم نے اسے قدر و اعتبار کی نظر سے دیکھا ہے اور اس کا شمار اسلامیات کے چند گنے چنے معیاری، علمی و تحقیقی مجلات میں کیا ہے۔

تحقیقاتِ اسلامی میں درج ذیل کالم مقرر کیے گئے ہیں:

۱۔ حرفِ آغاز (اداریہ)	۲۔ قرآن و حدیث	۳۔ تحقیق و تنقید
۴۔ بحث و نظر	۵۔ سیر و سوانح	۶۔ سیاسیاتِ عالم
۷۔ ترجمہ و تلخیص	۸۔ نقد و استدراک	۹۔ تعارف و تبصرہ

ہر شمارہ میں شائع ہونے والے مقالات ان میں سے بعض کالموں کے تحت ہوتے ہیں۔ کبھی کبھی اداریہ کے تحت ضمناً "کچھ ادارہ کے بارے میں" ذیلی عنوان کے تحت اور کبھی "خبرنامہ ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی" کے عنوان سے مجلہ کے آخر میں ادارہ کی علمی سرگرمیوں کا تعارف کرایا جاتا ہے۔ ان کالموں کے تحت مجلّہ میں تفسیر، حدیث، فقہ، سیر و سوانح، تاریخ، تصوف، معاشیات، سماجیات، مذاہب، طب و صحت اور سیاسیات وغیرہ سے متعلق مقالات شائع ہوتے ہیں۔

اس مجلّہ کا ہر شمارہ ایک سو بیس صفحات پر مشتمل ہوتا ہے۔ صفحات کے نمبر دو طرح سے ڈالے جاتے ہیں۔ ہر شمارے کا الگ نمبر جو اوپر ڈالا جاتا ہے اور ایک جلد (چار شماروں) کے نمبر جو ہر صفحہ کے نیچے ڈالے جاتے ہیں۔

گزشتہ سولہ سالوں میں یہ مجلّہ پورے تسلسل اور وقت کی پابندی کے ساتھ شائع ہوتا رہا ہے۔ اس عرصے میں تقریباً ۴۰۰ مقالے شائع ہوئے ہیں۔ یہ مقالے دستاویزی اہمیت کے حامل ہیں۔ مگر قدیم شمارے دستیاب نہ ہونے کے باعث ان مقالات کے بارے میں معلومات کی

فراہمی اور ان کی ان شماروں میں تلاش بہت دشوار اور پیچیدہ کام ہوگیا ہے۔ اس لیے ضرورت محسوس ہوئی کہ ان کے مندرجات کا ایک توضیحی اشاریہ مرتب کر دیا جائے تاکہ تحقیقی کام کرنے والے اور علم کے شائقین ان کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں اور وقت ضرورت ان سے استفادہ کر سکیں۔

نوٹ :۔ • ہر جلد کے شماروں کی تفصیل :

شمارہ ۱ : جنوری تا مارچ　　شمارہ ۲ : اپریل تا جون

شمارہ ۳ : جولائی تا ستمبر　　شمارہ ۴ : اکتوبر تا دسمبر

• اشاریہ میں صفحات کے وہ نمبر ذکر کیے گئے ہیں جو مجلہ میں ہر صفحہ کے نیچے درج ہیں۔

فہرست

۱۔ قرآنیات
۲۔ قرآن۔ تراجم و تفاسیر
۳۔ سیرتِ نبوی
۴۔ حدیث و سُنّت
۵۔ فقہ و اجتہاد
۶۔ تصوف
۷۔ مذاہب و نظریات
۸۔ اسلام۔ عقائد
۹۔ اسلام۔ عبادات
۱۰۔ اسلام۔ تاریخ
۱۱۔ اسلام۔ تہذیب
۱۲۔ اسلام۔ تعلیمات
۱۳۔ اسلامی علوم
۱۴۔ اسلامی تحریکیں
۱۵۔ اسلام دشمن تحریکیں
۱۶۔ اسلام اور مستشرقین
۱۷۔ ادب
۱۸۔ اردو زبان
۱۹۔ عربی زبان و ادب
۲۰۔ سماجیات
۲۱۔ سیاسیات
۲۲۔ معاشیات
۲۳۔ ہندستان
۲۴۔ طب و صحت
۲۵۔ متفرقات
۲۶۔ مشاہیر
۲۷۔ تبصرے (اردو کتب)
۲۸۔ تبصرے (عربی کتب)
۲۹۔ تبصرے (انگریزی کتب)
۳۰۔ ادارۂ تحقیق و مجلہ تحقیقاتِ اسلامی

۱۔ قرآنیات

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد نمبر	شمارہ نمبر	سال	صفحات
۱	آیت "لیطمئن قلبی" کی ایک تاویل	محمد ادریس فلاحی	۱۱	۲	۱۹۹۲ء	۱۴۲ – ۱۶۰
۲	" " " " (نقد واستدراک)	محمد رضی الاسلام ندوی	۱۱	۴	"	۴۷۲ – ۴۷۷
۳	ایمان اور عمل صالح سے مرد اور عورت کامیاب ہوسکتے ہیں۔	سید جلال الدین عمری	۱	۳	۱۹۸۲ء	۲۵۱ – ۲۵۶
۴	تاریخ اسلام میں فن شان نزول کی اہمیت۔ایک تنقیدی نظر۔۱	محمد یٰسین مظہر صدیقی	۱	۱	"	۱۴ – ۲۹
	" " " ۲۔	" "	۱	۲	"	۱۷۰ – ۱۸۲
۵	تاریخ تہذیب۔قرآن کے نقطۂ نظر کا مطالعہ	محمد سعود عالم قاسمی	۶	۱	۱۹۸۷ء	۱۱۱ – ۱۱۸
۶	تخلیق انسانی کی غرض وغایت ـــ سورۂ ہود کی دو آیات کا صحیح مفہوم	محمد یٰسین مظہر صدیقی	۱۲	۱	۱۹۹۳ء	۱۳ – ۴۰
۷	تخلیق انسانی کے مراحل ـ قرآن، حدیث اور سائنس کی روشنی میں	محمد معین فاروقی / محمد رضی الاسلام ندوی	۷	۲	۱۹۸۸ء	۱۷۹ – ۲۱۳

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد نمبر	شمارہ نمبر	سال	صفحات
۸	تکرار ـــ قرآن کا ایک اہم اسلوب (افکار فراہی کا مطالعہ)	عبید اللہ فہد فلاحی	۳	۴	۱۹۸۴ء	۳۱۸ - ۳۴۲
۹	تکرار ـــ قرآن کا ایک اہم اسلوب (نقد و استدراک)	محمد اجمل اصلاحی	۴	۳	۱۹۸۵ء	۳۲۰ - ۳۲۸
۱۰	تفسیر قرآن میں بعض لغزشیں	حسن البنا شہید/ترجمہ محمد رضی الاسلام ندوی	۹	۱	۱۹۹۰ء	۹۰ - ۱۰۲
۱۱	دو قرآنی الفاظ ـــ ان کا صحیح مفہوم	محمد عنایت اللہ سبحانی	۱۶	۲	۱۹۷۷ء	۲۱۷ - ۲۳۶
۱۲	راہِ حق میں عورتوں کی استقامت	سید جلال الدین عمری	۳	۱	۱۹۸۴ء	۱۳ - ۱۷
۱۳	سائنسی تحقیقات کا قرآنی محرک	سید مسعود احمد	۳	۳	"	۲۴۴ - ۲۵۵
۱۴	صالح اہل کتاب کے اوصاف	محمد رضی الاسلام ندوی	۱۴	۴	۱۹۹۵ء	۴۰۲ - ۴۲۰
۱۵	عہدِ عثمانی میں جمع قرآن ـــ چند اعتراضات کا جائزہ	حافظ محمود اختر	۱۳	۲	۱۹۹۴ء	۱۷۲ - ۱۹۶
۱۶	فلسفۂ نظم قرآن	محمد عنایت اللہ سبحانی	۱۵	۳	۱۹۹۶ء	۳۴۹ - ۳۵۸
۱۷	فلسفۂ نظم قرآن ـــ ایک تنقیدی جائزہ	" "	۱۴	۳	۱۹۹۵ء	۲۷۸ - ۳۰۶
۱۸	" " " "	طلحہ ایوب اصلاحی	"	۳	"	۳۰۶ - ۳۱۱
۱۹	فلسفۂ نظم قرآن ـــ متوازن نقطۂ نظر	سلطان احمد اصلاحی	"	۱	"	۶۷ - ۹۰
۲۰	فلسفۂ نظم قرآن ـــ نظر بر نظر	" "	"	۴	"	۴۶۲ - ۴۷۳
۲۱	قرآن اور سائنس	سید مسعود احمد	۳	۱	۱۹۸۴ء	۴۳ - ۶۰
۲۲	قرآن پاک میں قصوں کی تکرار	عبید اللہ فہد فلاحی	۴	۱	۱۹۸۵ء	۵۰ - ۶۷

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد نمبر	شمارہ نمبر	سال	صفحات
۲۳	قرآن کا تصور جنس	عبدالمغنی	۶	۳	۱۹۸۷ء	۳۱۱-۳۴۲
۲۴	قرآن کا تصور علم	سید مسعود احمد	۵	۴	۱۹۸۶ء	۴۲۹-۴۵۹
۲۵	قرآن کا نظریۂ کائنات	عبدالمغنی	۱۲	۱	۱۹۹۳ء	۹۳-۱۱۸
۲۶	قرآن کا نظم۔ اس کا ایک معجزہ	عبیداللہ فہد فلاحی	۱۵	۲	۱۹۹۶ء	۱۹۶-۲۱۴
۲۷	قرآن مبین کے بعض اسالیب (مولانا فراہی کے افکار کا مطالعہ)	" "	۳	۲	۱۹۸۴ء	۱۷۹-۱۹۵
۲۸	قرآن مجید کا اہل کتاب سے خطاب	سید جلال الدین عمری	۱۶	۲	۱۹۹۷ء	۱۳۵-۱۳۸
۲۹	قرآن مجید کا تصور حکمت	" "	۲	۳	۱۹۸۳ء	۲۹۱-۳۱۰
۳۰	قرآن مجید کی مکی سورتوں کے مضامین	سلطان احمد اصلاحی	۵	۱	۱۹۸۶ء	۵۳-۷۶
۳۱	قرآن مجید کی ادبیت	عبدالمغنی	۷	۴	۱۹۸۸	۴۴۴-۴۶۴
۳۲	قرآن مجید کے املا و قواعد سے متعلق بعض مسائل	نذیر احمد	۵	۴	۱۹۸۶ء	۳۸۳-۳۹۶
۳۳	قرآن مجید کے املا و قواعد سے متعلق بعض مسائل کی توضیح	ف۔ عبدالرحیم	۶	۲	۱۹۸۷ء	۲۳۱-۲۳۵
۳۴	قرآن مجید کے ماہر صحابۂ کرام	سید جلال الدین عمری	۹	۲	۱۹۹۰ء	۱۲۵-۱۴۰
۳۵	قرآن مجید میں سورتوں کی ترتیب	اشہد رفیق ندوی	۷	۳	۱۹۸۸ء	۲۷۸-۲۹۵
۳۶	قرآنی سورتوں کی ترتیب اور اجتہاد صحابہ	" "	۸	۲	۱۹۸۹ء	۱۵۷-۱۷۴
۳۷	قرآنی علم و فہم کا درجۂ حکمت	محمد تقی امینی	۱	۲	۱۹۸۲ء	۱۸۳-۱۹۶

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد نمبر	شمارہ نمبر	سال	صفحات
۳۸	قصۂ آدم و حوا قرآن میں	سید جلال الدین عمری	۱	۱	۱۹۸۲ء	۸ - ۱۳
۳۹	قصۂ غرانیق علا پر ایک نظر	ناصر الدین البانی / ترجمہ ثناء اللہ ندوی	۸	۲	۱۹۸۹ء	۲۲۴-۲۳۶
۴۰	کیا بنی اسرائیل مصر واپس چلے گئے تھے ؟	صدر الدین اصلاحی	۱	۲	۱۹۸۲ء	۱۳۲- ۱۳۹
۴۱	مخالفین سے عدم تعلق کے قرآنی احکام کا پس منظر۔ بعض آیات کی تشریح و توضیح	سید جلال الدین عمری	۱۳	۳	۱۹۹۴ء	۲۴۵-۲۶۱
۴۲	مرد اور عورت کے لیے مطلوبہ صفات	" "	۲	۴	۱۹۸۳ء	۳۷۳- ۳۸۰
۴۳	معروضات (مولانا محمد عنایت اللہ سبحانی کے مضمون "دو قرآنی الفاظ۔ ان کا صحیح مفہوم" پر نقد و استدراک)	محمد رضی الاسلام ندوی	۱۶	۲	۱۹۹۷ء	۲۲۷-۲۳۹
۴۴	منسوخ آیات سے متعلق مزید توضیح	ابراہیم عادل	۱۲	۲	۱۹۹۳ء	۲۳۱-۲۳۴
۴۵	میثاق الٰہی	محمد رضی الاسلام ندوی	۱۴	۲	۱۹۹۵ء	۱۹۴-۲۱۵
۴۶	نسخ فی القرآن کا مسئلہ	ابراہیم عادل	۱۱	۳	۱۹۹۲ء	۳۱۸-۳۴۷
۴۷	نسخ فی القرآن کا مسئلہ (نقد و استدراک)	ظفیر الدین مفتاحی	۱۱	۴	۱۹۹۲ء	۴۶۸-۴۶۹

۲۔ قرآن: تراجم وتفاسیر

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	جلد نمبر	شمارہ نمبر	سال	صفحات
۴۸	امام بغوی اور ان کی تفسیر معالم التنزیل	عبدالرؤف ظفر ترجمہ: محمد جرجیس کریمی	۱۲	۴	۱۹۹۳ء	۴۳۳-۴۵۵
۴۹	ترجمہ وتفسیر غرائب القرآن از ڈپٹی نذیر احمد دہلوی	محمود حسن	۹	۲	۱۹۹۰ء	۱۷۳-۲۰۸
۵۰	تفسیر خازن اور اسرائیلی روایات	عیادہ بن ایوب الکبیسی ترجمہ: الطاف احمد الاعظمی	۱۶	۱	۱۹۹۷ء	۸۹-۱۱۲
۵۱	تفسیر نسفی ۔ ایک تحقیقی مطالعہ -۱	کبیر احمد جائسی	۱۶	۲	۱۹۹۷ء	۱۳۹-۱۵۳
	" " " -۲	" "	۱۶	۳	۱۹۹۷ء	۲۸۱-۳۰۱
۵۲	سرسید کی تفسیر کا بنیادی اصول، نیچر اور لاء آف نیچر	فضل الرحمن گنوری	۹	۳	۱۹۹۰ء	۲۹۷-۳۱۰
۵۳	عبداللہ یوسف علی کا انگریزی ترجمۂ قرآن ۔ چند اصلاح طلب مقامات	سید امین الحسن بھتوی	۱۱	۴	۱۹۹۲ء	۴۱۷-۴۳۳
۵۴	عبداللہ یوسف علی کا ترجمۂ قرآن، چند اصلاح طلب مقامات کا ایک تنقیدی جائزہ	عبداللطیف اعظمی	۱۲	۴	۱۹۹۳ء	۴۵۶-۴۷۶
۵۵	فارسی کی قدیم ترین تفسیر یعنی ترجمہ تفسیر طبری	نذیر احمد	۲	۳	۱۹۸۳ء	۲۴۸-۲۷۱

نمبر شمار	عنوان	مضمون	جلد نمبر	شمارہ نمبر	سال	صفحات
۵۶	قرآن مجید اور بائبل کے تراجم۔ ایک مختصر تقابلی مطالعہ	محمود حسن	۹	۳	۱۹۹۰ء	۳۲۶-۳۱۱
۵۷	قرآن مجید کے انگریزی تراجم وتفاسیر	عبدالرحیم قدوائی	۴	۴	۱۹۸۵ء	۴۴۸-۴۳۴
۵۸	مولانا عبدالماجد دریابادی کی اردو اور انگریزی کی تفسیری خدمات	مظفر حسین غزالی	۱۰	۲	۱۹۹۱ء	۲۰۲-۱۹۰
۵۹	مولانا فراہی کی تفسیر سورۂ فیل پر اعتراضات کا ایک جائزہ	تسیم ظہیر اصلاحی	۶	۲	۱۹۸۷ء	۱۹۲-۱۶۸

۳۔ سیرتِ نبوی

کتب اندوزی اور تنظیم: مخطوطات کے لیے ایرکنڈیشنڈ جگہ فراہم کی جایے اور رطوبت کو حسب ضرورت متعین کرنے کی سہولت بھی موجود ہو۔ دراصل رطوبت حرارت کے مقابلے میں زیادہ نقصان دہ ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ حفاظت کا معقول انتظام ہو۔ حفاظت صرف ماحولیاتی اثر، چوہے اور جراثیم ہی سے ضروری نہیں بلکہ انسانوں کی بے جادست درازی سے بھی انہیں محفوظ رکھاجایے۔ آگ اور پانی سے بھی ان کی حفاظت کی جایے۔ کیوں کہ یہ وہ نایاب اثاثہ ہے کہ اگر اسے نقصان پہنچاتو اس کی بازیافت ممکن نہیں۔

جہاں کتابیں رکھی جائیں Fire Alarm کا ہونا ضروری ہے تاکہ خبر ملتے ہی آگ پر قابوپایاجاسکے۔ کتابخانوں کو دیمک، پھپھوند اور سیلن سے بالکل پاک ہونا چاہیے۔ اگر وہاں قلمی کتابیں بھی رکھی ہیں تو مزید احتیاط کی ضرورت ہے۔ مسلح سنتری بھی ان کے حفاظت پر مامور ہونا چاہیے۔ مخطوطات کو لوہے کی بند الماریوں میں ترتیب سے رکھا جایے۔ بہتر تو یہ ہے کہ ہر مخطوطہ گتّے کے ڈبّے (Case) میں رکھاجائے لیکن یہ بہت مشکل ہے۔ اس کے لئے جگہ کے علاوہ زرکثیر بھی درکار ہوگا۔ بہر حال جو مخطوطات نادرو نایاب ہوں ان کے لیے اگر ممکن ہو تو اس کا اہتمام کرلیناچاہیے۔ البمس کو کیس ہی میں رکھا جایے۔ جو مصوری کے شاہکار جدا جدا دستیاب ہیں انھیں ماؤنٹ کرالیاجایے۔ جو عملہ ان کی نگرانی پر مامور ہے اسے تھوڑے تھوڑے وقفے سے الماریاں کھول کر ان کے مندرجات کو دیکھنا اور حسب ضرورت ان کے تحفظ پر فوری توجہ دینا چاہیے۔ کتابخانوں کو دیمک سے بچانے کے لیے Pest Control بھی ہر سال کراتے رہناچاہیے۔ جو تصاویر کے بحال کنندہ (Art Restorers) اور ماہرین فن تحفظ (Conservator and Preserver) ہیں ان کی خدمات بھی گاہ بگاہ حاصل کرتے رہنا چاہیے تاکہ یہ اطمینان رہے کہ نایاب ذخیرے کو کوئی خطرہ لاحق نہیں۔ ہمیں احساس ہے کہ حفاظت کی جو تدابیر ہم نے بتائی ہیں ہر لائبریری ان کے مصارف کی متحمل نہیں ہوسکتی۔ لیکن یہ ناگزیر ہے۔ اگر اس کی حفاظت مقصود ہے تو یہ کرنا ہی

ہوگا۔ یکدم ممکن نہیں تو تھوڑا تھوڑا ہی سہی۔ جو سرکاری اور نیم سرکاری ادارے ہیں وہ متعلقہ محکموں کو اس کی اہمیت کا احساس دلائیں اور قایل کریں تاکہ وہ مطلوبہ رقم فراہم کرسکیں۔ ہاں نجی ذخائر کے لیے یہ تقریباً ناممکن ہوگا۔ ان کے مالکوں کو چاہیے کہ وہ انھیں فروخت کردیں یا پھر کسی بڑی لائبریری کو ہدیتاً دیدیں جہاں ان کے تحفظ کا معقول انتظام ہوسکے۔

جدیدکاری: بنیادی طور پر لائبریری کا مقصد کتب یا دیگر علمی و تحقیقی مواد کو جمع کرنا نہیں۔ اصل غرض تو علم کی ترویج ہے۔ اس لیے منبع علم کا جمع کرنا ضروری ہے۔ کمپیوٹرس اور مواصلات کے جدید آلات کے وجود میں آتے ہی کتابخانے کا تصور ہی بدل گیا ہے۔ زمانہ عالم کاری (Globalization) کی طرف مایل ہے۔ انقلاب تو آنا ہی ہے ۔ سیاراتی مواصلات (Satillite Communication) نے جغرافیائی حدود کے تصور ہی کو قصہء پارینہ قرار دیدیا ہے۔ دنیا بہت مختصر ہوکر رہ گئی ہے۔ آفرینش سے ہی وہ ایک کرہ (Globe) تھی اور اپنی اسی ہیئت کی طرف گامزن ہے۔ ترسیل علم میں ناقابل یقین سرعت آگئی ہے۔ اس سے فائدہ اٹھاناچاہیے۔ ابھی ہمارے کتابخانے جدید آلات سے پوری طرح استفادہ نہیں کرپایے ہیں۔ اور مشرقی کتابخانے تو کسی شمار و قطار میں نہیں۔ وہاں علاوہ مالی مشکلات دیگر پیچیدگیاں بھی ہیں جو اس راہ میں حایل ہیں۔ اگر کوشش کی جایے تو ان مشکلات پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ ہمارا قلمی سرمایہ جو انحطاط پذیر ہے اس کی C.Ds بنائی جاسکتی ہیں اور اس کی توضیحی فہرستوں کو بھی C.Ds میں منتقل کرکے Internet سے جوڑا جاسکتا ہے۔ اس طرح چاردانگ عالم میں چشم زدن میں تشہیر ہوجایے گی کہ علمی گہر کہاں کہاں پوشیدہ ہیں۔ پھر شائقین علم اور جویان فن ان کا مطالعہ کرسکیں گے۔ اس طرح دور ہوتے ہویے بھی ان کی ضرورت طے شدہ معاوضہ کے عوض پوری ہوسکے گی۔ اس کا دوسرا اہم فائدہ یہ ہوگا کہ اصل مخطوطات سے رجوع کرنے کی نوبت کم آیے گی اور غیر ضروری لمس سے وہ محفوظ ہوجائیں گے۔

کمپیوٹرس نے بلاشبہ ہماری زندگی میں انقلاب برپا کردیا ہے۔ کمپیوٹر ہارڈویر کی

ایک باڑ آئی ہوئی ہے۔ البتہ ایسے لائبریری سوفٹ ویر وضع کرنا ہیں جو مشرقی زبانوں خاص کر اردو کی جملہ ضرورتوں کو پورا کرسکیں۔ جسٹ کارڈ (Gist Card) مشرقی زبانوں میں معاون ہے۔ لیکن جہاں تک ہماری معلومات ہیں اردو اس کے دائرۂ عمل سے خارج ہے۔ بہر حال یہ کوئی تشویش کی بات نہیں۔ Programmers مصروف ہیں اور جلد ہی اس کا حل ہمارے سامنے آجائیگا۔

خدابخش لائبریری اپنے نایاب قلمی ذخیرے، خدمات اور مطبوعات کے لیے نہ صرف ہندوستان بلکہ بیرون ملک میں بھی معروف ہے۔ یہاں تقریباً اٹھارہ ہزار مخطوطات عربی و فارسی اور اردو میں موجود ہیں جو مختلف مضامین کا احاطہ کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں یہاں مختلف دبستان فن کے تصویری شاہکار بھی دستیاب ہیں۔ مشاہیر کے خطوط مشاہیر کے نام ہزاروں پر مشتمل یہاں کے ذخائر کے وقار میں اضافہ کیے ہوئے ہیں۔ دولاکھ سے زائد مطبوعات ہیں جن میں اکثر اردو رسایل کی مکمل جلدیں شامل ہیں۔ ہم یقین سے کہہ سکتے ہیں کہ ہندوستان کے نمبر ایک کتابخانوں میں اسے آسانی سے شمار کیا جاسکتا ہے۔ یہ اپنے ذخائر اور خدمات کے پیش نظر ایک ایسے مرکز میں منتقل کی جاسکتی ہے جو ہندوستان کے دیگر کتابخانوں میں محفوظ مخطوطات اور نادر علمی مواد کی مائکروفلمیں اور C.Ds (Compact Discs) بنا سکتی ہے۔ اس طرح قومی سرمایہ ایک جگہ جمع کیاجائیگا اور دنیا بھر میں اس کو آسانی سے جدید ٹکنولوجی کے ذریعے پھیلایا جاسکے گا۔ Local Area Network اور Internet سے متعلق سازوسامان کا حصول اس نے شروع کردیا ہے۔ بلاشبہ ملک کا یہ پہلا مشرقی کتابخانہ ہوگا جہاں جدید کاری کے تمام آلات دستیاب ہوں گے۔

اس لائبریری نے محکمہ ثقافت کو ایک منصوبہ (Project) پیش کیا ہے جس کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ صوبہ بہار میں جہاں کہیں بھی مخطوطات موجود ہیں ان کی مائکروفلمیں تیار کی جائیں۔ اگر اس کے نتائج حوصلہ افزا ہویے تو سرحدوں کے پار دیگر کتابخانوں کو بھی وہ اپنے دائرۂ کار میں لاسکتی ہے مثلاً مرشد آباد (مغربی بنگال) اور ٹونک

(راجستھان) وغیرہ کے کتابخانے۔ یہ ذمے داری ہم سمجھتے ہیں خدابخش لائبریری بہتر طریقے پر انجام دے سکتی ہے۔

محکمۂ ثقافت کو چاہیے کہ وہ مشرقی کتابخانوں اور ایسے کتابخانوں کی جہاں مشرقی علوم کا وافر سرمایہ موجود ہے ایک کانفرنس منعقد کرے تاکہ ان کے مختلف مسایل پر سیر حاصل گفتگو کی جایے اور ایک ایسا لائحہ عمل تیار ہو جو ملک میں منتشر قلمی ذخائر کے تحفظ و بقا کا سامان فراہم کر سکے۔ ابتداءً خدابخش لائبریری کے ڈائرکٹر، رامپور رضا لائبریری کے افسر بکار خاص، سالار جنگ میوزیم کے ڈائرکٹر اور مخطوطات کے نگراں، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے لائبریرین اورینٹل ڈویژن، مولانا آزاد لائبریری کے ڈپٹی لائبریرین اور شعبۂ مخطوطات کے کیوریٹر، لائبریرین ذاکر حسین لائبریری، جامعہ ملیہ اسلامیہ، جامعہ ہمدرد بشمول امریٹس پروفیسر نذیر احمد، پروفیسر نثار احمد فاروقی، جناب شہاب الدین انصاری اور ان کے علاوہ ہند کے معروف مستشرقین کو دعوت دی جا سکتی ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ مشرقی کتابخانوں کی فلاح و بہبود اور جدید کاری کے لیے اتفاق رایے سے کوئی قابل عمل منصوبہ تیار ہو سکتا ہے۔ علاوہ ازیں خدابخش لائبریری، رام پور رضا لائبریری اور سالار جنگ میوزیم پر مشتمل ایک انجمن بھی تشکیل دی جا سکتی ہے۔ یہ تینوں ادارے محکمۂ ثقافت کے تحت آتے ہیں اس لیے فیصلوں کے نفاذ میں آسانی ہوگی۔ یہ انجمن یکساں مسایل پر غور کر کے ترقی و ترویج کی تجاویز پیش کر سکتی ہے اور کوئی ایسا فیصلہ کر سکتی ہے جو وسایل اور کارگذاروں کے تعاون باہمی کی سمت ایک اہم قدم ثابت ہو۔

ہم اہل علم کو جملہ مسایل پر غور و فکر کی دعوت دیتے ہیں اور یہ امید کرتے ہیں کہ وہ ہمیں اپنی قیمتی آراء سے نوازیں گے تاکہ ان کتابخانوں کی بقا و بہبود کے لیے کوئی جامع منصوبہ مرتب کیا جا سکے۔

حبیب الرحمٰن چغانی

مولانا سید شاہ محمد اسمٰعیل

کسی نے ۲۵/اپریل کی صبح کو فون پر اطلاع دی کہ مولانا شاہ اسمٰعیل صاحب کا انتقال ہو گیا، خبر اتنی اچانک اور غیر متوقع تھی کہ دل دھک سے ہو کر رہ گیا۔ دیر تک ان کا سراپا آنکھوں میں گھومتا رہا۔ مجھے یہاں آئے ہوئے ابھی دن ہی کتنے ہوئے ہیں۔ دو سال اوپر کچھ مہینے۔ اس دوران ان سے ملاقات ہوتی رہتی تھی۔ ان کی شخصیت میں ایک عجیب کشش اور جاذبیت تھی۔ چہرہ پر نور اور زندگی تقوی سے بھرپور۔ سادگی و سنجیدگی کی تصویر، خلوص و محبت کا پیکر، وضع قطع روایتی، انداز فکر درایتی، اسلامی علوم و فنون میں گہری نظر، عربی و فارسی پر عبور، نرم گفتار، صاحب دستار، خطیب و واعظ، معلم و محقق، مرتب و مدون، ادیب و شاعر۔ یہ تھے مولانا سید شاہ محمد اسمٰعیل روحؔ۔ جن کا تاریخی نام نصیر الدین تھا۔

کل ہی کی تو بات ہے۔ وہ سب سے مل رہے تھے، گناہ بخشوار ہے تھے، عازم حج تھے۔ تیاریوں میں مصروف تھے۔ عجیب وارفتگی کا عالم تھا۔ برسوں کی آرزو پوری ہو رہی تھی۔ وہ اپنی بیگم کے ہمراہ سفر حجاز پر روانہ ہوئے۔ پورے ارکان کے ساتھ دونوں نے حج ادا کیا اور پھر مدینہ منورہ کا رخ کیا۔ یہ ان کا عشق رسول تھا کہ روضۂ اطہر کے دیدار کا موقع ملا۔ یہ ان کی خوش نصیبی تھی کہ یثرب کی گلی کوچوں سے گزرے۔ زیادہ تر وقت ذکر و عبادت اور اوراد و وظائف میں گزرتا۔ واپسی کا وقت جب بالکل قریب آگیا تو اچانک ان کی طبیعت خراب ہو گئی۔ وہ کچھ کہنا چاہتے تھے، لب ہلے مگر آواز نہ نکل سکی۔ بیگم نے محسوس کیا کہ شاید یہ آخری سفر ہو۔ وہ آبدیدہ ہو گئیں۔ بیساختہ ان کے ہونٹوں پر ایک مصرع آگیا۔ اپنے مجازی خدا کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اپنے بیٹے جمال الدین سے کہا۔ ع ڈھونڈو گے ہمیں ملکوں ملکوں ملنے کے نہیں نایاب ہیں ہم۔ شوہر کو ایسی حالت میں چھوڑ کر انھیں مجبوراً ہوائی اڈے جانا پڑا۔ قاعدے کے مطابق ان کی واپسی اسی پرواز سے ہونا لازمی تھی۔ انھوں نے اشکبار

اٹھارہ

آنکھوں سے شوہر کو الوداع کہا اور اُدھر بیٹا باپ کو لے کر فہد اسپتال چلا گیا۔ یہ اللہ کے رسول سے ان کی محبت تھی جو پاؤں کی زنجیر بن گئی اور ہمیشہ کے لیے رفیقۂ حیات کا ساتھ چھوٹ گیا۔ ۲۲ر اپریل کو بدھ کے دن دو پہر کے وقت انھیں اسپتال میں داخل کرایا گیا۔ ۲۳ر اپریل ۱۹۹۸ء مطابق ۱۹ر ذی الحجہ ۱۴۱۸ھ جمعرات کی رات کو ۹ر بجے (ہندستانی وقت کے مطابق ۳۰۔۱۱ بجے رات) وہ خالق مطلق سے جا ملے۔ ۲۴ر ذی الحجہ بروز جمعہ بعد نماز فجر انھیں جنت البقیع میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ پسماندگان کو موت کا غم اور ساتھ ہی یہ خوشی کہ مرحوم کو جگہ ملی حضور کے جوار میں۔ کتنے ہیں جو مدینۃ النبی میں ابدی نیند کی آرزو کرتے ہیں لیکن ایسے خوش نصیب بہت کم ہوتے ہیں جنھیں یہ سعادت ملتی ہے۔ مرحوم واقعی نیک بخت تھے جو یہ آرزو پوری ہو گئی۔

بہار کی چند نامور ہستیاں کچھ ہی عرصے میں ایک ایک کر کے اٹھ گئیں۔ سب سے پہلے قیوم خضر ہم سے رخصت ہوئے۔ مجھے خدا بخش لائبریری میں ڈائرکٹر کے عہدے پر فائز ہوئے کچھ ماہ ہوئے تھے کہ ایک دن قیوم خضر صاحب دفتر میں تشریف لائے۔ مجھ سے کہا کھڑے ہو جائیے، پھر میرے سراپے کا بھرپور جائزہ لیا، زیر لب مسکرائے اور فرمایا، ٹھیک ہے۔ گویا انھوں نے سند قبولیت عطا فرمادی۔ اس کے بعد وہ بیحد خصوصیت اور محبت سے ملتے رہے۔

ابھی ان کا زخم بھی نہیں بھر پایا تھا کہ ہمارے ایک اور مہربان و کرم فرما عطا کاکوی صاحب نے ہمیں الوداع کہا اور یادوں کا ایک طویل سلسلہ چھوڑ گئے۔ مشکل سے بارہ دن ہی گزرے تھے کہ ایک اور عظیم ہستی چل بسی۔ سید شہاب الدین دسنوی نے داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ ابھی سنبھل بھی نہ پائے تھے کہ شاہ صاحب نے بھی رخت سفر باندھ لیا۔ پے در پے ان اموات نے علمی و ادبی دنیا میں ایک زبردست خلا پیدا کر دیا۔ یہ تو نظام قدرت ہے۔ ؎

موت سے کس کو رستگاری ہے　　　آج وہ کل ہماری باری ہے

انیس

شاہ صاحب کا شمار بہار کے جید علماء و فضلاء میں ہوتا تھا۔ ان سے ایک زمانہ فیضیاب ہوا۔ تقریباً تیس سال انھوں نے مدرسہ اسلامیہ شمس الہدیٰ میں گزارے۔ اس دوران صرف درس و تدریس میں ہی مصروف نہیں رہے بلکہ طلبہ کی تربیت اور کردار سازی پر بھی زور دیا۔ جن کو ان کی شاگردی کا شرف حاصل ہے وہ ان کی اس صفت کے معترف ہیں۔ وہ نباض وقت تھے اور موقع شناس۔ خود میں نے مشاہدہ کیا کہ کس طرح حالات کو قابو میں کر لیتے تھے۔ ایک مخلوط اجتماع میں ایک مولانا تقریر فرمارہے تھے۔ ہدف خاص بچاری خواتین تھیں۔ ان کا انداز تخاطب و تکلم سب کے لیے باعث دل آزاری تھا۔ عجیب ناخوشگوار فضا پیدا ہو گئی۔ منتظمین کو شرمندگی کا احساس ہونے لگا کہ مولانا نظام الدین صاحب، ناظم امارت شرعیہ بہار و اڑیسہ اور شاہ اسمٰعیل صاحب نے دلوں کو موہ لینے والی تقریروں سے مکدر فضا کو دور کر دیا۔ حق بات ضرور کہی جایے مگر اس میں تلخی نہ ہو ورنہ وہ بے اثر ہو جایے گی اور اس کا بنیادی مقصد ہی فوت ہو جایے گا۔ اگر حق بات اس انداز میں کہی گئی کہ سننے والا اس سے منکر ہو جایے تو کہنے والا بھی گنہ گار ہو گا۔

اب سے تقریباً ۷۸ سال پہلے یکم اگست ۱۹۲۰ء میں شاہ صاحب کی ولادت پٹنہ میں ہوئی۔ آپ مدرسہ اسلامیہ شمس الہدیٰ کے طالب علم رہے اور بہار مدرسہ اکزامینیشن بورڈ سے حدیث میں سند فضیلت حاصل کی۔ پٹنہ یونی ورسٹی سے بی۔اے کیا اور محکمۂ تعلیمات حکومت بہار سے آرٹ آف ٹیچنگ میں ڈپلوما لیا۔ گویا ان کی تعلیم اسلامی و عصری خطوط پر ہوئی۔ تعلیم سے فارغ ہونے کے بعد عملی زندگی میں قدم رکھا۔ خسرو پور ہائی اسکول، پٹنہ میں چھ سال تک ہیڈ مولوی کے فرائض انجام دیئے۔ تقریباً دو سال بنگال کی ایشیائی سوسائٹی، کلکتہ سے منسلک رہے۔ ۱۹۴۸ء میں مدرسہ اسلامیہ شمس الہدیٰ میں بحیثیت استاد مقرر ہوئے۔ تیس سال تک وہ اس ادارے سے وابستہ رہے اور ۱۹۷۸ء میں وائس پرنسپل کے عہدے سے سبکدوش ہوئے۔ اس طرح تعلیم و تعلم اور انتظامی امور کا ایک دور ختم ہوا۔ اس کے بعد ان کی تحقیقی اور تدوینی سرگرمیاں شروع ہوئیں۔ مدرسہ شمس الہدیٰ کے بعد خدا بخش لائبریری ہی ان کی جولاں گاہ ثابت ہوئی۔ وہ اسی کے ہو کر رہ گئے۔ وہی ان کا مستقر تھی۔ اس دوران ترتیب و تدوین کے مختلف

کام کیے۔ کئی سال عربی مخطوطات کی توضیحی فہرست سازی میں مصروف رہے۔ مخدوم شرف الدین یحییٰ منیری کی "مکتوبات صدی" کی تدوین کی۔ لائبریری نے طب سمینار منعقد کیا تو انھوں نے لائبریری کے طبی مخطوطات کا تفصیلی تعارف پیش کیا جو بعد میں خدا بخش لائبریری جرنل میں اشاعت پذیر ہوا۔ طبی مخطوطات سے متعلق لائبریری کی توضیحی فہرست کی جلد چہارم میں تصحیح و اضافہ کیا۔ اس کے علاوہ تصوف، قرآنیات اور اردو مخطوطات کی جامع فہرستوں کی ترتیب کا کام کیا۔ ابھی مخدوم شرف الدین احمد یحییٰ منیری کی "شرح آداب المریدین" کی تدوین میں مصروف ہی تھے کہ پیغام اجل آگیا۔

وہ لائبریری کی Academic Committee اور Book Purchase Committee کے ممبر آخری دم تک رہے۔ ریسرچ فیلوز کے انتخاب میں ان کے مشورے شامل ہوتے۔ مخطوطات اور عربی، فارسی اور اردو کتابوں کی خرید میں بھی ان کا تعاون مسلسل ملتا رہا۔ علاوہ مذکورہ امور کے دیگر معاملات میں بھی اپنی آراء سے نوازتے رہتے۔ ایک طرح سے لائبریری اور اسٹاف کو ان کی سرپرستی حاصل تھی۔ ان کا زیادہ تر وقت لائبریری میں ہی گزرتا تھا۔ ایسا محسوس ہوتا کہ وہ اس کے ایک سرگرم کارکن ہیں۔

"الدراسۃ الحمیدہ" اور "القصص والحکم" آپ کی مشہور تصانیف ہیں۔ ان کے مضامین علمی و ادبی جرائد میں شائع ہوتے رہے ہیں۔ خدا بخش لائبریری جرنل بھی ان کی نگارشات کو چھاپتا رہا ہے۔

ان کے ماشاء اللہ دس اولادیں ہوئیں۔ دو لڑکیاں فوت ہو گئیں۔ پانچ لڑکیاں اور تین لڑکے بقید حیات ہیں۔ ایک لڑکا جمال الدین سعودی عرب میں اور دو لڑکیاں پاکستان میں ہیں۔ باقی بچے یہیں بہار میں ہیں۔

لائبریری کے وہ ایک مربی و محسن تھے۔ ان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ ان کی وفات سے جو نقصان لائبریری کو ہوا ہے اس کی تلافی بظاہر ممکن نہیں معلوم ہوتی۔ اللہ مرحوم کو جنت الفردوس میں مقام عطا فرمایے اور لائبریری کو ایسے معاونین فراہم کر دے جو اس کی ترویج و ترقی میں گرانقدر خدمات انجام دے سکیں۔

حبیب الرحمٰن چغانی

بیاضِ رنجوؔر

رنجور عظیم آبادی کے تین قلمی نسخے خدا بخش لائبریری میں ملتے ہیں سرسری موازنے سے معلوم ہوا کہ مرتب کے کلام و بیاض رنجور میں کئی غزلیں شامل ہیں۔ اس لئے باقاعدہ تحقیق و تدوین کا کام شروع کرادیا گیا ہے۔

ایڈیٹر

مرتبہ

پروفیسر معین الدین عقیل

جامعہ ٹوکیو برائے مطالعات خارجی جاپان

معروضات

راقم نے اپنے ذخیرۂ کتب میں موجود مولوی محمد یوسف جعفری رنجورؔ عظیم آبادی کی دو بیاضیں بعنوان: "کلام رنجور عظیم آبادی" (آئندہ: کلام) پیش کرتے ہوئے[1] ان کی ایک ممکنہ تیسری بیاض کے بارے میں گمان کیا تھا کہ شاید ڈاکٹر محمد ایوب قادری مرحوم (کراچی) کے ذخیرۂ کتب میں موجود ہو[2]۔ 'کلام' کی اشاعت کے بعد جب مرحوم کے فرزند سعید حسن قادری[3] سے اس ممکنہ بیاض کی تلاش کے لیے میں نے مزید اصرار کیا تو نہ صرف وہ اس کو تلاش کرنے میں کامیاب ہو گئے بلکہ یہ انتہائی خوش کن انکشاف ہوا کہ وہ بیاض بھی رنجورؔ ہی کے کلام پر مشتمل ہے۔ اور اس میں تمام تر کلام رنجورؔ ہی کا ہے۔

اپنے وقت کی اہم عملی و تہذیبی شخصیت، جس کے اسلاف کا سلسلہ۔ سید احمد شہید اور ان کے رفقاء سے ملتا ہو، اور جس سے اثر قبول کرنے والوں میں مولانا ابوالکلام

۱۔ مشمولہ: "خدا بخش لائبریری جرنل" شمارہ: ۱۰۵، ۱۹۹۶ء ؛ و نیز بصورت کتاب، خدا بخش لائبریری پٹنہ، ۱۹۹۶ء

۲۔ اس ضمن میں — میں نے لکھا تھا:

> چند برس قبل راقم نے کراچی کے ایک کمیاب کتاب فروش سے دو ایسی بیاضیں خریدی ہیں، جن میں سے ایک (بیاض = ا) تمام تر رنجورؔ کے کلام پر مشتمل ہے اور دوسری بیاض (بیاض=ب) میں دیگر شعراء کے متنوع کلام کے ساتھ ایک گوشہ رنجور کے کلام کے لیے مخصوص ہے۔ اس کتاب فروش نے مجھے بتایا کہ ان دو بیاضوں کے ساتھ ایک بیاض اور تھی لیکن وہ انہی کے ساتھ کی تھی یا کوئی اور، وہ وضاحت نہ کر سکا۔ وہ یہ بھی نہ بتا سکا کہ اس تیسری بیاض کو اس نے کسے فروخت کیا۔ کچھ عرصہ کے بعد ڈاکٹر محمد ایوب قادری مرحوم نے دوران گفتگو ذکر کیا کہ اس کتاب فروش سے انھوں نے بھی ایک بیاض خریدی تھی لیکن اس وقت تک انھوں نے اس کا جائزہ نہیں لیا تھا۔ چنانچہ وہ یہ نہ بتا سکے کہ اس میں کس شاعر یا کن شعراء کا کلام شامل ہے۔ پھر چند ہی دنوں بعد (نومبر ۱۹۸۳ء) وہ ایک حادثہ میں ہلاک ہو گئے۔ اب کچھ اندازہ نہیں کہ وہ بیاض ان کے ذخیرۂ کتب میں موجود ہے بھی یا نہیں۔ ایک ملاقات میں مرحوم کے فرزند سعید حسن قادری اس بیاض کی بابت دریافت کرنے پر اس کے بارے میں کچھ نہ بتا سکے۔

۳۔ استاد شعبۂ اردو، اردو کالج، بابائے اردو روڈ، کراچی ۱۔

آزاد جیسی شخصیت نمایاں ہو، اور جو اپنے وقت کا ایک نمائندہ شاعر بھی ہو لیکن جس نے اپنے قابل رشک مذہبی وسیاسی پس منظر کے باعث خود اپنے کلام کو نذر آتش کر دیا ہو[۴] اس کے نادر و نایاب کلام پر مشتمل بیاضوں کی دریافت یقیناً ایک اہم ادبی انکشاف سے کم نہیں۔ چنانچہ اس مناسبت سے سعید حسن قادری صاحب اپنے والد مرحوم کے ذخیرہ میں اس بیاض کو تلاش کرنے پر بجاطور پر شکریے کے مستحق ہیں۔ انہوں نے ازراہ ادب دوستی وہ بیاض مجھے مرحمت فرمادی تاکہ میں اسے بھی مرتب کر سکوں۔ لہذا اب میں اسے پیش کرتے ہوئے مسرت محسوس کر رہا ہوں۔

یہ بیاض 'کلام' کے صفحہ ۵۸ پر درج غزل:

وارفتہ تھے کچھ ایسے تلاش صنم میں ہم

کے نویں شعر سے شروع ہوتی ہے، جس کے بعد 'کلام' کے صفحہ ۵۵ پر درج غزل:

عرش خدائے پاک ہے دولت سرائے دل

تحریر ہے، اور اس پر غزل کا نمبر شمار ۱۴۸ درج ہے۔ یہ صفحہ ہر چہار جانب سے مجروح ہے، چنانچہ اس صفحہ پر سوائے ایک دو شعروں کے کوئی شعر نہیں رہا، لیکن غزل کے بقیہ شعر مطابق 'کلام' صفحہ ۵۵ کے چھٹے شعر سے آخر تک صحیح وسالم ہیں۔ چوں کہ بیاض پر صفحات نمبر درج نہیں، اس لئے خصوصاً آخر کے بارے میں نہیں کہا جاسکتا کہ یہ مکمل ہے یا نہیں۔ ویسے آخری غزل اپنے مقطع تک مکمل ہے اور اس پر نمبر شمار ۲۴۴ درج ہے۔ آغاز کے بارے میں بھی یہ نہیں کہا جاسکتا کہ شروع کے کتنے اوراق ضائع ہوئے ہیں، اور یہ کہ یہ بیاض ابتدائی اوراق کے ضیاع کے علاوہ اپنی جگہ اتنی ہی ضخامت کی تھی یا اول الذکر بیاض (=الف) کا حصہ یا اس سے مربوط ہے۔

موجودہ حالت میں پہلے ورق سے قطع نظر ساری بیاض صاف ستھری حالت میں ہے۔ صرف درمیان میں، غزلوں پر درج نمبر شمار کے مطابق غزل نمبر ۲۱۹ کے تیسرے شعر کے بعد سے غزل ۲۲۳ تک کے تمام اشعار اور ان سے متعلقہ اوراق بیاض میں شامل

۴۔ یہ تفصیلات اور رنجور کے حالات اور علمی خدمات کا کچھ ذکر 'کلام' کے پیش لفظ میں دیکھا جاسکتا ہے۔

نہیں ہیں۔ موجودہ حالت میں کل متن ۱۵۶ اپر محیط ہے اور غزلوں پر درج نمبروں کے مطابق غزل ۱۴۷ کے چوتھے شعر سے شروع ہو کر ۲۴۴ کے بعد ختم ہو جاتی ہے۔

اس بیاض میں ہر غزل کی پیشانی پر سلسلہ شمار کا اہتمام نظر آتا ہے، جب کہ پہلی بیاض میں یہ اہتمام ۱ تا ۸۲ (چند درمیانی اوراق یا غزلوں کے ضیاع کے ساتھ) موجود ہے اور یہ اوراق پختہ قلم سے لکھے گئے ہیں۔ اس سے قطع نظر دوسری بیاض (=ب) متنوع شعراء کے کلام پر مشتمل ہونے کے باعث اس اہتمام سے یکسر بے نیاز ہے۔ سلسلہ نمبر کے لحاظ سے اگرچہ یہ نمبر مربوط نہیں، لیکن یہ بیاضیں خصوصاً پہلی اور یہ تیسری بظاہر باہم مسلسل معلوم ہوتی ہیں۔

یہ تیسری بیاض بھی اپنی ظاہری حالت، جسامت اور کاغذ کے لحاظ سے پہلی اور دوسری بیاض کے عین مطابق ہے اور اس میں بھی قلم کہیں پختہ ہے اور کہیں ناپختہ۔ اور خط یا تحریر کی وہ تمام خصوصیات جو پہلی اور دوسری بیاض میں موجود ہیں، اس تیسری بیاض میں بھی ملتی ہیں۔ چنانچہ ان تینوں کو دیکھ کر یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ تینوں بیاضیں کسی ایک ہی گھرانے میں نقل ہوئی ہیں۔ یہ تیسری بیاض اس اعتبار سے اہم ہے کہ اس میں دو مقامات پر بیاض نویس نے اپنا نام اور پتہ ایک جگہ اردو میں اور ایک جگہ انگریزی میں تحریر کیا ہے۔ جو یہ ہے:

سید وزیر حسن شاگرد محمد یوسف جعفری رنجورؔ
موضع شاہو بیگھہ ڈاک خانہ ہولاس گنج ضلع گیا
حال مقام تالتلا۔ گارڈنرس لین نمبر ۱۴ کلکتہ۔

تاریخ ۹ ستمبر روز چہار شنبہ ۱۹۱۵ء مطابق ۲۸ شوال ۱۳۳۳ھ

پھر انگریزی میں دستخط کیے ہیں اور نیچے یہی تاریخ انگریزی میں درج کی ہے۔ یہی دستخط بعض اور مقامات پر بھی نظر آتی ہے۔ کئی مقامات پر انگریزی حروف تہجی میں نام کے مخفف حروف S.W.H بھی لکھ دیے گئے ہیں۔ ایک مقام پر انگریزی میں اپنے نام کے ساتھ اس شخص نے انگریزی میں 'سپہ سالار' بھی تحریر کیا ہے۔

بیاض چونکہ خاصے شکستہ اور رواں خط میں ہے اس لیے چند الفاظ ٹھیک سے پڑھے نہ جا سکے۔ اس بیاض میں بھی "میجر" تخلص کے تحت غزلوں کے بین المتن شامل

رہنے سے، اور اس کے شاگرد رنجور کے قلم سے نقل ہونے — اور پھر "میجر" تخلص کی غزلوں کے اسلوب کا بھی رنجور کے عمومی اسلوب سے عین مطابقت رکھنے کے سبب یہ یقین کیا جانا چاہیے کہ رنجور ہی نے کسی مصلحت کے ذیل میں اپنے لیے رنجور کے ساتھ "میجر" تخلص بھی اختیار کر رکھا تھا۔

اس بیاض میں، پہلی بیاض کی طرح، بعض غزلیں پختہ قلم سے بھی ملتی ہیں، جو یقیناً کسی اور شخص کے خط کو ظاہر کرتی ہیں۔ متعدد مقامات پر غالباً اسی پختہ قلم سے لفظی اصلاحیں بھی کی گئی ہیں — یا بعض الفاظ کو صاف اور نمایاں لکھا گیا ہے۔

رنجور کا کلام یکجا کبھی شائع نہیں ہوا۔ نثر میں ان کی نصابی تالیفات و تراجم کے علاوہ، جن کا ذکر راقم نے 'کلام' کے تعارف میں سرسری طور پر کیا ہے، ان کے مضامین کا بھی کوئی مجموعہ شائع نہیں ہوا۔ محض ایک مجموعہ "گلہائے رنگ رنگ" ان کے متفرق نثری مضامین اور نظموں و غزلوں پر مشتمل ہے جب کہ "آنسو اور آہیں" اور "گل صد برگ" علی الترتیب ان کی غزلوں اور رباعیات کے مجموعے ہیں — اور ایک غیر مطبوعہ بیاض ان کے علاوہ ہے، جو خدا بخش لائبریری (پٹنہ) میں محفوظ ہے[۵] ان کی متعدد غزلیں اور نظمیں اس وقت کے معروف جرائد و رسائل: "مخزن"، "الناظر"، "شمس" (کلکتہ)، "العلم" (اعظم گڑھ)، و نیز "العلم" (حیدر آباد) وغیرہ میں راقم کی نظر سے گذری ہیں۔ "اپنچ" (پٹنہ) میں بھی، جس کے وہ مہتمم بھی رہے ہیں، ان کے مضامین، غزلیں، رباعیات اور قطعات وغیرہ بکثرت چھپتے رہے ہیں۔

اب یہ وقت ہے کہ رنجور کے بیشتر کلام کے نذر آتش یا ضائع ہو جانے کے باوجود ان کے کل دستیاب کلام اور مضامین کو مرتب کر کے نظم و نثر کے کلیات مرتب ہوں، تاکہ ان کی شخصیت اپنی فی الواقعی حیثیت کے ساتھ ہماری تاریخ علم و ادب میں اپنی جگہ پا سکے — اور یوں اس زیادتی کا کچھ ازالہ بھی ہو سکے جو اتنے عرصے انہیں فراموش اور نظر انداز کر کے ہم ان کے ساتھ کرتے رہے ہیں۔

معین الدین عقیل

ٹوکیو۔ ۸ فروری ۱۹۹۸ء

۵۔ بحوالہ مکتوب ابو مظفر عالم، اسسٹنٹ لائبریرین، خدا بخش لائبریری پٹنہ، مورخہ ۱۴ر مارچ ۱۹۹۵ء۔

ے

بیاض ۳

بھڑکا رکھی ہے لالوں نے ہر سو چمن میں آگ
نظارگی، لگے نہ ترے پیرہن میں آگ

جلتا ہے کیوں رقیب کی باتوں سے میرا دل
شاید ہمیشہ رہتی ہے اس کے دہن میں آگ

اے شعلہ رو، اٹھا نہ ہمارا جنازہ تو
ڈرتے ہیں ہم لگے نہ ہمارے کفن میں آگ

مجھ دل جلے کو یار نہ کر تو شریکِ بزم
ڈرتا ہوں لگ نہ جائے تری انجمن میں آگ

پہلو رقیب سے تجھے گرماتے دیکھ کر
کیوں کر لگے نہ یار مرے تن بدن میں آگ

سونگھے تمہاری زلف معنبر کی بو اگر
لگ جائے رشک سے دل مشک ختن میں آگ

ہرگز نہ چین لے گی مری آہ آتشیں
جب تک نہ یہ لگائے گی چرخ کہن میں آگ

اس شعلہ رو سے عشق نباہوں میں کس طرح
لگتی ہے مجھ کو دیکھ کے اس کے بدن میں آگ

رنجور کی غزل جو سنی جل کے بول اٹھے
لگ جائے کاش آپ کے شعر و سخن میں آگ

☆

وہ اگر میری گلی سے ہو کر ٹہلتے جائیں گے
دل سے شوق دید میں ارماں نکلتے جائیں گے

کچھ بھی ثمرہ زندگانی کا نہ ہاتھ آیا ہمیں
باغ دنیا سے کف افسوس ملتے جائیں گے

ہو اگر عزم سفر بھی اس دل ناداں کے ساتھ[1]
راہ میں آپ اس کی باتوں میں بہلتے جائیں گے
حشر کے دن حکم اگر تنہا ہی جانے کا ملا
آتش ہجراں سے ہم جنت میں جلتے جائیں گے
کوئے قاتل میں نہ جائیں گے یہ ہم کیوں کر کہیں
دل کے ہاتھوں جائیں گے لیکن دہلتے جائیں گے
کیا ہوا، ہے راہ الفت کی اگر پست وبلند
ناصحو، ہر اک قدم پر ہم سنبھلتے جائیں گے
(ساتھ؟) چھوڑیں گے مرے ارماں نہ ہرگز آپ کا
آپ جائیں گے جہاں یہ ساتھ چلتے جائیں گے
ہے گلہ رنجورؔ دنیا کی دو رنگی کا فضول
رنگ تو اس کے قیامت تک بدلتے جائیں گے

☆

اگلی غزل مطابق 'کلام' صفحہ ۲۸: آج مقتل میں بوقت امتحاں کوئی نہ تھا

☆

بلا سے گالیوں سے گر تجھے وہ یاد کرتے ہیں
یہ کیا کم ہے کہ اس صورت سے دل کو شاد کرتے ہیں
کسی سے شکوہ کرتے ہیں نہ ہم فریاد کرتے ہیں
کریں وہ شوق سے بیداد، اگر بیداد کرتے ہیں
مجھے ملتی ہے بزم عشق میں کرسی صدارت کی
مری تعظیم قیس و وامق وفرہاد کرتے ہیں
انھیں چن کر نکالا خوب تم نے اے مری آنکھو
تمہارے انتخاب حسن پر ہم صاد کرتے ہیں

۱۔ یہ مصرعہ پہلے یوں لکھا گیا تھا: ہو اگر عزم سفر بھی میرے طفل دل کے ساتھ

کسی کا کیا بگڑتا ہے کہ بد ان کو کہے کوئی
اگر کرتے ہیں اپنے بندے پر بیداد کرتے ہیں

اگر میں نے خطا کی ہے سزا دیں جس طرح چاہیں
مجھے اپنی غلامی سے وہ کیوں آزاد کرتے ہیں

عبث پیر فلک نازاں ہے اپنے چند ظلموں پر
نیا طرز ستم ہر روز وہ ایجاد کرتے ہیں

ہمارے بعد اب ہے کون جس کا سر اڑائیں گے
جفا کاری سے توبہ اس لیے جلاّد کرتے ہیں

مری تربت پہ جب آتے ہیں ساتھ آتے ہیں دشمن کے
مرے مرنے پہ وہ مٹی مری برباد کرتے ہیں

وہ کب آزاد ہیں دام رگ گل کی اسیری سے
عبث تدبیر صید بلبلاں صیاد کرتے ہیں

تری فرقت میں بھی ہر دم تصور ہے ترا دل میں
ہم اس صورت سے تسکین دل ناشاد کرتے ہیں

انھوں نے کل یہ فرمایا تھا 'کل وعدہ وفا ہوگا'
دل مشتاق دیکھیں آج کیا ارشاد کرتے ہیں

کبھی وہ معصیت کے گرد اگر اے دل نہیں پھٹکے
تو کیوں ہر وقت توبہ توبہ یہ زہاد کرتے ہیں

وہ ویراں کر کے ملک دل ہمارا ہم سے برہم ہیں
کہ ان کی یاد سے ہم کیوں اسے آباد کرتے ہیں

نیا انداز اے رنجور خوبان جہاں کا ہے
عدو کو شاد کرتے دوست کو ناشاد کرتے ہیں

☆

دم نہ دے اے نامہ بر مجھ کو وہ کیوں آنے لگے
میرے حال زار پر کیوں رحم فرمانے لگے

حضرت واعظ تو آتے ہی ستم ڈھانے لگے
اپنے وعظ و پند کا مینہہ مجھ پہ برسانے لگے

چہچہے کیا کر رہی ہے، باغ میں اے عندلیب
آئی وہ باد خزاں گل دیکھ مرجھانے لگے

اتنی مدت بعد آئے ہو تو کوئی دن رہو
ایسا کیا آنا کہ بس آتے ہی تم جانے لگے

یہ تو بتلائیں مجھے میں دیو ہوں یا بھوت ہوں
میری صورت دیکھ کر کیوں آپ گھبرانے لگے

خارہائے دشت کی اب خوب ہی بن آئے گی
بیٹھے بٹھلائے ہمارے تلوے کھجلانے لگے

ہو نہ ہو گرما کے آئے تھے وہ پہلوئے رقیب
ورنہ کیوں آتے ہی مجھ پر آج گرمانے لگے

میں نے نرگس سے جو ان کی آنکھ کو تشبیہ دی
غصہ میں آکر وہ مجھ کو آنکھیں دکھلانے لگے

داستان غم تو باقی ہے سنانے کو ابھی
اس کی بسم اللہ ہی سن کر آپ گھبرانے لگے

شیخ جی میں جانتا ہوں آتے ہیں مسجد سے آپ
مجھ کو آتے دیکھ کر کیوں راہ کترانے لگے

وائے ناکامی کہ لاکھوں ہی تمناؤں کے بعد
وصل کی شب آئے بھی تو آپ شرمانے لگے

ان کا غم ہر چند اے رنجور کھا جائے تجھے
ان کو کیا پروا ہے کیوں وہ تیرا غم کھانے لگے

☆

جب نگاہ برق وش وہ پھیر کر جانے لگے
دیدۂ تر میرے مینہہ اشکوں کا برسانے لگے

ہمدمو کیوں اب نہ میرے دم میں دم آنے لگے
میرے حال زار پر اب وہ ترس کھانے لگے

کیا فغاں کا ہے اثر میرے لب خاموش میں
دم بخود پا کر مجھے کیوں آپ گھبرانے لگے

اور خوبان جہاں کا تیرے آگے کیا شمار
ماہ کنعاں بھی تجھے دیکھے تو شرمانے لگے

بزدلوں کو قتل کی دھمکی سے اے قاتل ڈرا
سر بکف میں ہوں مرے اوسان کیوں جانے لگے

پھر صدا آنے لگی پیہم شکست توبہ کی
پھر صبا کے ہاتھ پیغام بہار آنے لگے

لن ترانی کی یہ باتیں ان میں تھیں پہلے کہاں
اپنا عاشق دیکھ کر مجھ کو وہ اترانے لگے

چار آنکھیں وہ کسی سے بھی کریں ممکن نہیں
دیکھ کر آئینہ میں شکل اپنی شرمانے لگے

کیا کریں گے کہیے جب نام خدا ہوں گے جواں آپ تو اس کم سنی ہی میں غضب ڈھانے لگے
جب سائی سے خط تقدیر میرا لے گیا میرے نام اب اس بت کافر کے خط آنے لگے
گر مرا دل نذر کر کے میں تو پچھتاتا نہیں آپ کیوں مجھ پر عنایت کر کے پچھتانے لگے
شیخ صاحب شوق سے ساغر پہ ساغر پیجیے
دیکھ کر رنجورؔ کو کیوں آپ گھبرانے لگے

☆

ہیں زخم دل کے واسطے ساماں نئے نئے نشتر نئے نئے ہیں نمک داں نئے نئے
ہیں رنگ ہائے گنبد گرداں نئے نئے کیوں کر نہ گل کھلائیں گلستاں نئے نئے
دنیا میں پائے جاتے ہیں انساں نئے نئے کیوں ہوں معاشرت کے نہ ساماں نئے نئے
کیوں ہو نہ نغمہ ہائے عنادل کی لے نئی اب گل نئے نئے ہیں گلستاں نئے نئے
اب قیس کو ہے اک نئی لیلیٰ کی جستجو کیوں طے کرے نہ دشت و بیاباں نئے نئے
پریو تمھارا قاف ہے اب کس شمار میں یورپ میں ہر طرف ہیں پرستاں نئے نئے
کس کو غرض دھرم سے کسے کام دین سے ہندو نئے نئے ہیں مسلماں نئے نئے
پڑھتے ہیں اب بجائے غزل کے 'بلینک ورس' اب ہیں مشاعروں میں غزل خواں نئے نئے
اب آرہا ہے گلشن عالم میں انقلاب گاتی ہے نغمے بلبل بستاں نئے نئے
ماں باپ کا ادب ہے نہ استاد کا لحاظ پڑھتے سبق ہیں طفل دبستاں نئے نئے
کیوں بیخ و بن سے اکھڑے نہ وضع قدیم شرق آتے ہیں سمت غرب سے طوفاں نئے نئے
معشوق طرز نو کی نہ کیوں مجھ کو ہو تلاش ہیں ولولے نئے نئے ارماں نئے نئے
افشاں و سرمہ و مسی و پان کا کام کیا آرائشوں کے اب تو ہیں عنواں نئے نئے
مطرب نیا ہے، یار نیا، مئے بھی ہے نئی عیش و طرب کے ہیں سبھی ساماں نئے نئے
اب چشم و زلف و بلبل و گل سے ہو بحث کیا جولاں نئی قلم کے ہیں میداں نئے نئے
اب تم سے کہنہ مشق کی رنجورؔ قدر کیا
ہیں مرجع انام سخن داں نئے نئے

☆

کیوں چھپائے رہتے ہو تم روئے تاباں ان دنوں
جزوداں میں سینتے (کذا) کیوں رہتے ہو قرآں ان دنوں

کیوں نہ میں کہتا رہوں حرمان و غم کو دور باش
خانۂ دل میں مرے وہ بت ہے مہماں ان دنوں

خیر کیجو یا الٰہی مدعی کی جان کی
ان کی زلف عنبریں کیوں ہے پریشاں ان دنوں

کیا عجب دنیا میں آئے نوح کا طوفان پھر
جوش پر بے حد (کذا) ہے میری چشم گریاں ان دنوں

ہمدمو، کیا میرے جانے کی اجازت ہو گئی
کیوں نہیں رہتا در جاناں پہ درباں ان دنوں

پھر مرے سر میں سمائی ہے ہوائے سیر دشت
پھر مجھے یاد آتے ہیں خار مغیلاں ان دنوں

شوق اب کس کو ہے وصل حور و سیر خلد کا
سیرگاہ زاہداں ہے کوئے جاناں ان دنوں

ہر جگہ جاجاکے عشق و عقل میں ڈالے نزاع
ہے اسی دھن میں کسی کی چشم فتاں ان دنوں

کیوں نہ میں کھایا کروں ہر وقت دل میں پیچ و تاب
ہے مرے سر میں خیال زلف پیچاں ان دنوں

یا خدا دکھلادے اس بت کا مجھے روئے ملیح
زخم ہائے دل ہیں مشتاق نمک داں ان دنوں

ناخدائے کشتیٔ دل جلد لے اس کی خبر
بحر زخار محبت میں ہے طوفاں ان دنوں

اب وہ بت ہے مہرباں مجھ پر خدا کا شکر ہے
کیوں نہ ہو میرے لیے ہر مشکل آساں ان دنوں
ہے کسی کے لعل لب کا آج کل بازار گرم
کوڑیوں کے مول ہے لعل بدخشاں ان دنوں
کیا کسی زلف پریشاں پر دل اپنا آئے گا
ہم جو دیکھا کرتے ہیں خواب پریشاں ان دنوں
تھا کبھی جس خانۂ دل میں امیدوں کا ہجوم
آہ اسی میں رہتے ہیں اندوہ وحرماں ان دنوں
المدد اے ہمت مردانۂ عشق المدد
حملہ آور ہم پہ ہیں اندوہ وحرماں ان دنوں
سیر کوہ قاف کی رنجور ہم کو کیا ہوس
خانۂ دل میں ہمارے ہے پرستاں ان دنوں

☆

فرض ہے ہر قول پہ یورپ کے ایماں ان دنوں
اور پس پشت مسلماناں ہے قرآں ان دنوں
ہیں کہاں شیر و شکر ہندو مسلماں ان دنوں
رہتے ہیں آپس میں وہ دست وگریباں ان دنوں
میہماں بٹھلائے جاتے تھے سر آنکھوں پر کبھی
میزباں پر بار ہوجاتے ہیں مہماں ان دنوں
جو ہیں دانا وہ تو دانے دانے کو محتاج ہیں
ہیں مگر شاکی سوئے ہضم ناداں ان دنوں
لد گئے وہ دن کہ جب رہتی تھیں پریاں قاف میں
کہہ دو اندر سے کہ یورپ ہے پرستاں ان دنوں

کاٹتے ہیں اب تو آپ اے شیخ جی شیطاں کے کان
کیوں نہ بھیجے آپ پر لاحول شیطاں ان دنوں

کس کو مکے سے غرض کس کو مدینے کی ہوس
ہے زیارت گاہ عالم انگلستاں ان دنوں

اور ہی گل کھل رہے ہیں گلشن عالم میں اب
اور ہی دھن میں عنادل ہیں غزل خواں ان دنوں

تجھ سے بہتر ہیں کہیں بیلون اور ایروپلین
کون پوچھے تجھ کو اے تخت سلیماں ان دنوں

عورتوں سے دور ہوگی اب جہالت کی بلا
زیر بحث قوم ہے تعلیم نسواں ان دنوں

میں تو اے مس کہہ رہا ہوں تھینک یو ھل من مزید
ظلم کر کے مجھ پہ تو کیوں ہے پشیماں ان دنوں

ہورہا ہے تو تو دو ملاؤں میں مرغی حرام
رحم کے قابل ہے تیری حالت ایراں ان دنوں

ہے بہت ٹھیک الاقارب کالعقارب کی مثل
کیوں کہ میں ہوں تختۂ مشق عزیزاں ان دنوں

ایشیائی اور افریقی سبھی حیران ہیں
ہیں فقط یوروپین دنیا میں انساں ان دنوں

کیا خبر ان کو کہ دنیا چل رہی ہے کس طرح
سو رہے ہیں خواب غفلت میں مسلماں ان دنوں

ایک مس کی زلف زریں کی جگر میں پھانس ہے
اس لیے مجھ کو ہے اے رنجور یرقاں ان دنوں

☆

اگر گھر سے کبھی گل گشت کو تیرا قدم نکلے
ترے ہر ہر قدم پر تیرے شیداؤں کا دم نکلے

ترے قربان جاؤں جلد اب تیغ دودم نکلے
کہ ارمان شہادت میرے دل سے اے صنم نکلے

نکل جائے گی قالب سے ہماری جان بھی فوراً
اگر اس مرتبہ محروم تیرے در سے ہم نکلے

جوان اعدائے افعی طبع پر تو لطف کرتا ہے
کہیں یہ لطف تیرا خود ترے حق میں نہ سم نکلے

جو تیرے دست نازک کا لکھا خط مجھ کو مل جائے
گلہ خط حسیں کا میرے دل سے یک قلم نکلے

نہ ہرگز حضرت آدم بھی یوں جنت سے نکلے تھے
ترے دربار سے جس طرح رسوا ہو کے ہم نکلے

نگہباں میرے ملک دل کا جب وہ شاہ خوباں ہو
نہ کیوں کر اس سے فوج باغیٔ یاس والم نکلے

کبھی ممکن نہیں نکلے کجی اس بت کی طینت سے
نہ جب تک اس کی زلف خم بہ خم سے پیچ وخم نکلے

یقین تھا حضرت دل جھیل لیں گے سختیٔ ہجراں
مگر افسوس وہ پروردۂ ناز و نعم نکلے

یقین کیوں کر کروں اس پر کہ یہ وعدہ ترا سچ ہے
کہیں اے یار اس میں بھی نہ پھر لا و نعم نکلے

ملے یوں تو ہزاروں دوستی کے مدعی ہم کو
مگر اخلاص والے دوست ان لوگوں میں کم نکلے

جو چشم لطف سے وہ دیکھتے ہیں ان دنوں ہم کو
کہیں رنجورؔ اس میں بھی نہ پہلوئے ستم نکلے

☆

اگلی غزلیں مطابق 'کلام' صفحہ ۵۸: یہی اب دل میں ٹھانی ہے رہیں کوئے صنم میں ہم اور صفحہ ۲۹: زلفیں کھولے ہوئے وہ زلف پری زاد آیا۔

☆

طریق عشق میں رہبر بناؤں کیوں نہ میں دل کو
کرے گا حل وہی دشوارئ قطع منازل کو

چلے ہیں آج دل دینے ہم اک زہرہ شمائل کو
کوئی جا کر سنا آئے یہ مژدہ چاہ بابل کو

سر تسلیم خود ہی خم کرو شوق شہادت میں
اگر اے ناصحو تم دیکھ پاؤ میرے قاتل کو

نہ لایا پھر وہ بت اپنی زباں پر لاف یکتائی
جب آئینہ میں دیکھا اس نے اک مد مقابل کو

خدا نے جب تجھے بخشی ہے اے بت حسن کی دولت
نہیں در سے مناسب پھیرنا محروم سائل کو

ہمارے قتل پر کیوں ہاتھ قاتل کا نہیں اٹھتا
نظر شاید کسی کی لگ گئی بازوئے قاتل کو

خفا ہونے کی ہے کیا بات ہم محفل سے جاتے ہیں
گراں گذرا اگر آنا ہمارا اہل محفل کو

نہیں معلوم کیا مقصد ہے یاس ورنج وحرماں کا
یہ ہیں کیوں ڈھونڈھتے پھرتے ہمارے خانۂ دل کو

نگاہ برق وش اس کی تڑپنا بھول جاتی ہے
تڑپتے دیکھتا ہے خاک وخوں میں جب وہ بسمل کو

چمن میں خاک اڑانے کے سوا آتا اسے کیا ہے
کھلائے گی صبا کیا خاک میرے غنچۂ دل کو

تمہاری اس کے آگے مہ جبینوں کیا حقیقت ہے
دیا ہے داغ اس رشک قمر نے ماہ کامل کو

ملے گا پھر نہ ایسا عاشق بے نفس دنیا میں
ستالے تو جہاں تک ہو سکے رنجور بیدل کو

☆

.. .. ..جام بادۂ گل رنگ.. .. ..

خدا آباد رکھے .. .. .. ساقی تیری محفل کو

ڈبویا تو نے اے طوفان غم سب کشتیِ دل کو
کہ جب میں دیکھتا تھا سامنے آغوش ساحل کو

جلائیں سوز غم میں شمع کی مانند گھل گھل کر
نہ پگھلا اس پہ بھی شاباش کہیے آپ کے دل کو

کسی صورت جدائی کی یہ شب کاٹے نہیں کٹتی
گلے کیوں کر لگائیں ہم نہ اب شمشیر قاتل کو

مزاحمہ اگر لیلیٰ (کذا) نہ ہو محمل کے پردے میں
نگاہ شوق سے اے قیس گر تو دیکھے محمل کو

یہ مانا کھولتا ہے عقدہ ہائے زلف کو شانہ
مگر کھولے تو وہ آکر ہمارے عقدہ دل کو

سواری ہے نہ رہبر ہے نہ ہے توشہ ہی ساتھ اپنے
پہنچتے کس طرح ہیں دیکھیے ہم اپنی منزل کو

چمن میں سیر کو کس گل بدن کی آمد آمد ہے
یہ ہے آج .. .. .. اے باغباں کس کا عنادل کو

سمجھتا ہوں میں خوب ان کی نگاہ ناز کی باتیں
نہ بولیں وہ اشارہ ہی فقط کافی ہے عاقل کو

لیے جاتے تو ہو خوش خوش مگر بے احتیاطی سے
کہیں بے آب کر دینا نہ میرے گوہر دل کو

وہ ان کا طیش سے کہنا کہ 'میرے آپ عاشق ہیں؟'
کریں جلد اپنے سر سے دور آپ اس زعم باطل کو

میں اپنی مشکلوں کو مشکلیں رنجور کیوں سمجھوں
اسے آساں ہے حل کرنا مرے نزدیک مشکل کو

☆

گذشتہ عظمت اسلام کا اے دل بیاں کب تک
زمانے میں خزاں کے عہد گل کی داستاں کب تک
نہ وہ جلوے گلوں کے ہیں نہ نغمے بلبلوں کے ہیں
رہے گا اس طرح اجڑا ہوا یہ بوستاں کب تک
بہار جاں فزا کی دید کو آنکھیں ترستی ہیں
چلے گی گلشن اسلام میں باد خزاں کب تک
اکھڑتے جاتے ہیں ایک ایک کرکے نخل اسلامی
الٰہی غرب سے آتی رہیں گی آندھیاں کب تک
سوائے سرمۂ چشم بصیرت مسلم اب کیا ہیں
انھیں پیسے گی تو اے آسیائے آسماں کب تک
ہوا جل جل کے سارا ...... اسلام خاکستر
اڑائے گا تو اے گردونِ دوں اس کا دھواں کب تک
ہمیں اب یاد تک آتا نہیں رہنا بلندی پر
رکھے گا ہم کو پست اوروں سے اے دور زماں کب تک
سوا روح و ...... اب ہمارے قبضہ میں کیا ہے
ہمارا راہزن لوٹا کریں گے کارواں کب تک
کہاں تک جور یورپ دم بخودرہ کرسہے ٹرکی
خدا نے جب زباں دی ہے رہے وہ بے زباں کب تک
کوئی حد بھی ہے روز اک ظلم نو ایجاد کرنے کی
وہ لے گا اس کی تسلیم ورضا کا امتحاں کب تک
زباں ہو جن کے منہ میں اور دل ہو جن کے پہلو میں
وہ کھائیں چوٹ پر چوٹ اور رکھیں ضبط فغاں کب تک

ملے گر ہفت اقلیم ان کو سیری ہو نہیں سکتی
رہے گی کوشش خوشنودیٔ بلقانیاں کب تک
عجب کیا گر لفافہ کھل گیا تہذیب یورپ کا
کہ آخر آڑ میں پتوں کی چھپتیں کیریاں کب تک
اٹھیں دنیا سے جب دیگر حکومت ہائے اسلامی
رہیں گے ترک و ایرانی و افغاں حکمراں کب تک
تلا ہے جب یہ چرخ نیلگوں اس کے مٹانے پر
رہے گا شوکت اسلام کا نام و نشاں کب تک
ہوئے ہوں جس کے دیوار و ستون و سقف بوسیدہ
رہے گا گرنے سے محفوظ اے دل وہ دہاں کب تک
جب اے دل آیۂ لاتیأ سوا آیا ہے قرآں میں
خدا کی رحمتوں سے تیری یہ مایوسیاں کب تک
یہ مانا ہو گیا ہے مسلموں سے بخت برگشتہ
رہے گا ان کے اعدا پر وہ آخر مہرباں کب تک
یہ ظالم کیفر کردار کو اک روز پہنچیں گے
یہ مظلوموں کی آہیں جائیں گی یوں رائیگاں کب تک
نہیں اب اے دل مضطر کسی میں تاب سننے کی
رہے گا امت مرحومہ کا تو نوحہ خواں کب تک
ترے نالوں سے مخلوق خدا کا ناک میں دم ہے
رہے گا آخر اے رنجور سرگرم فغاں کب تک

☆

شب مجھ سے ترے ہجر کی کاٹی نہیں جاتی — یہ ہے وہ مصیبت جو اٹھائی نہیں جاتی
احباب مجھے دل سے بھلائیں تو بھلائیں — یاد ان کی مرے دل سے بھلائی نہیں جاتی

گو چاہتے ہیں دل سے تری یاد چلی جائے
لیکن نہیں جاتی نہیں جاتی نہیں جاتی
مدت ہوئی رخصت ہوا جاڑوں کا زمانہ
لیکن شب ہجراں کی درازی نہیں جاتی
الفت تری اے جاں ہے مری جان کی ہمدم
جب تک یہ نہیں جاتی ہے وہ بھی نہیں جاتی
گو ہوش و حواس و خرد و عقل نے لی راہ
اس دل سے مگر چاہ تمھاری نہیں جاتی
اک دل تھا سو وہ لے چکی کس تاک میں ہے اب
کیوں اب تری آنکھوں سے یہ شوخی نہیں جاتی
گو سیکڑوں ہی مرحلے طے ہوتے ہیں دن رات
پر منزل مقصود کی دوری نہیں جاتی
یہ کہہ کے سرہانے سے وہ رنجور کے اٹھے
یہ حالت نزع اس کی تو دیکھی نہیں جاتی

☆

دل میں امنگ ہے نہ خوشی ہے نہ آس ہے
اب ان کے بدلے رنج ہے حرماں ہے یاس ہے
اپنے برے وطیروں سے یہ باز آچکا
مجھ کو تو طفل دل کے سنورنے سے یاس ہے
کیا بات ہے کہ اس نے بلایا ہے مجھ کو آج
وہ اور مہرباں! یہ بعید از قیاس ہے
کرتا نہیں مذمت مئے میرے سامنے
کچھ شک نہیں کہ شیخ بھی مردم شناس ہے
مارا مرے مسیح نے خود بے اجل مجھے
بولا کہ تیری زیست سے ہم کو تو یاس ہے
فرمائش عدو پہ ہیں سہلاً وطاعۃً
نا قابل قبول مرا التماس ہے
حیراں ہوں مرغ دل کو کیا کس طرح شکار
تیر ان کے پاس ہے نہ کماں ان کے پاس ہے
بزم شب گذشتہ کی وہ رونق اب کہاں
اک شمع جل رہی ہے سو وہ بھی اداس ہے
ان گل رخوں کے حسن پہ اے دل نہ بھول تو
ان میں ذرا بھی انس نہ بو ہے نہ باس ہے
کب تک شراب وصل سے ترسائے گا مجھے
للہ رحم کر مجھے شدت کی پیاس ہے
رنجور تیرے کوچ کا اب وقت آگیا
لیکن بتا کہ توشہ بھی کچھ تیرے پاس ہے

اگلی غزل مطابق 'کلام' صفحہ ۵۹: اس بت سفاک کے کوچے میں اب جاتے ہیں ہم۔

☆

اگر اس محفل رنداں میں شیخ باصفا ہوتا
مزا ہوتا مزا ہوتا مزا ہوتا مزا ہوتا

الٰہی نشۂ تقوائے زاہد کرکرا ہوتا
کسی دن اس بت کافر کا اس کا سامنا ہوتا

پہنچتے تیری بزم وعظ میں ہم سر کے بل واعظ
بجائے حور اگر اس میں بتوں کا تذکرا ہوتا

ہماری رہبری کیا خاک لے دل خضر سے ہوگی
طریق عشق میں تو ہی ہمارا رہنما ہوتا

عدو کو بزم میں جب دیکھتے تھے ٹکٹکی باندھے
کن انکھیوں سے مجھے بھی دیکھ لیتے تم تو کیا ہوتا

اگر مجھ کو رلانا تھا تو اس کے سو طریقے تھے
مجھے اعدا سے اے ظالم نہ ہنسواتا تو کیا ہوتا

بتان سنگ دل کا عشق اگر قسمت میں لکھا تھا
مرے پہلو میں بھی پتھر کا یارب دل دیا ہوتا

اگر اس گل کے پہلو کو ہے خار مدعی لازم
تو یارب میرے پہلو میں دل بے مدعا ہوتا

یقیناً جنت الفردوس میں کافر پہنچ جاتے
اگر اشتر ہماری طرح غم میں مبتلا ہوتا

مرا پیغام اس گل کو اگر پہنچا دیا کرتی
بڑا احسان تیرا مجھ پہ اے باد صبا ہوتا

فضیلت میں اسے اے شیخ دیتا تخت شاہی پر
اگر بوئے ریا سے پاک تیرا بوریا ہوتا

مرے آنے پہ غل ہے 'دور ہو جا، دفع ہو جا' کا
رقیب آتا تمہارے گھر تو شور 'مرحبا' ہوتا

گر اے رنجور اپنی شامت اعمال پر روتا
تو ہر اک قطرۂ اشک ایک در بے بہا ہوتا

☆

ہے ذکر عارض و زلف بتاں سے کام مجھے
یہی وظیفہ ہے دن رات صبح و شام مجھے

بہار آئی پلا ساقی ایک جام مجھے
نہ رکھ خدا کے لیے اب تو تشنہ کام مجھے

وہ جانتا ہی نہیں کیا ہے داد کیا بیداد
پڑا ہے کیسے ستم گر سے ہائے کام مجھے

اشارے چشم فسوں گر کے میں سمجھتا ہوں
قضا کا دیتی ہے بے شبہ وہ پیام مجھے

سلام کیوں نہ کروں دور ہی سے میں جھک کر
جناب شیخ کا لازم ہے احترام مجھے

کہا جو میں نے کہ ہیں آپ یوسف ثانی
وہ بولے آپ سمجھتے ہیں کیا غلام مجھے

اگر یہ سینے سے نکلا تو پھر نہ آئے گا ہاتھ
ابھی سے چاہیے اس دل کی روک تھام مجھے

خدا کی شان وہ کرتے ہیں غیر کی دعوت
مگر بلاتے ہیں کرنے کو انتظام مجھے

بتوں کے عشق میں گر ہو رہا ہوں میں بدنام
ہوا کروں نہیں پرواہ ننگ و نام مجھے

مری مراد یہ ہے لادوا مرض ہے عشق
کمال طب میں تو ہرگز نہیں کلام مجھے

بہار آئی ہے ایام فاقہ مستی میں
شراب پینے کو لینا پڑے گا دام مجھے

جو مجھ سے گوہر دل لے کے دیتے ہیں دشنام
یہ آپ دیتے ہیں اس دل کا گویا دام مجھے

تمہاری تیغ نگہ کے وہ زخم ہیں دل پر
کہ حشر تک نہیں امید التیام مجھے

سوائے اس کے تمھیں اپنا حال کیا لکھوں
تمھارے ہجر میں ہے خواب و خور حرام مجھے

بہت ہوئیں تری سرگوشیاں گلوں سے نسیم
سنا دے اس گل رعنا کا اب پیام مجھے

شکار تیر نظر میں تو ہو چکا رنجور
وہ کیوں دکھلاتے ہیں اب گیسوؤں کا دام مجھے

☆

میں نے مانا کہ ہے معشوقی میں یکتا کوئی
مجھ سا عاشق بھی جہاں میں نہ ملے گا کوئی

کیا غرض اس سے کہ ہے رشک مسیحا کوئی
میرے دکھ کا تو کرے آ کے مداوا کوئی

درمیاں سے کب اٹھائے گا یہ پردا کوئی
ہے بہت دیر سے مشتاق تماشا کوئی

نخل مژگاں کے تلے اشک کی نہریں ہیں رواں
آ کے دیکھے میری آنکھوں کا تماشا کوئی

کیا زمانے کا مذاق اب ہے یہی اے قاتل
جان سے جائے کوئی دیکھے تماشا کوئی

ہائے وہ وصل کی شب مجھ سے کسی کا کہنا
آپ کے دل میں نہیں اب تو تمنا کوئی

کیا مرے ساتھ ہی دنیا سے اٹھی رسم نیاز
کیوں اٹھاتا نہیں اب ناز کسی کا کوئی

جس پہ صادق لقب مشفق صادق آئے
اس زمانے میں نہیں ایک بھی ایسا کوئی

منتظر رہنے سے تنگ آ کے تجسس کے لیے
روح تھی جسم سے جانے کو کہ آیا کوئی

بات کیا ہے کہ مرے گھر وہ گل اندام آیا
کیا کھلائے گا نیا آج شگوفا کوئی

داد و بیداد میں مطلق نہ ہو تمیز جسے
کیا کرے ایسے ستمگار سے شکوا کوئی

چشم مشتاق میں اب صبر کی طاقت ہے نہ طاق　　جلد دکھلادے جمال رخ زیبا کوئی
لطف جب ہو کہ رکاوٹ ہو مری جانب سے　　اور مجھ سے کرے ملنے کی تمنا کوئی
بے وفائی کو جو دیں مہر و وفا پر ترجیح　　چاہیے ایسوں سے بھلا داد وفا کیا کوئی
ہو کی تیری روانی میں نہ اے جوئے سرشک　　کیوں کہ اس وقت ہے مصروف تماشا کوئی
آ کے وہ لاشۂ رنجور پہ رو کر بولے
ہائے پوری نہ ہوئی تیری تمنا کوئی

☆

مجھ سے غبار شیشۂ دل میں ہے یار کے　　اسرار یہ ہیں نامے کے خطِ غبار کے
جاتے ہو شوق سیر میں کیا لالہ زار کے　　دیکھو تماشے میرے دل داغ دار کے
جا کر کوئی چمن میں یہ کہہ دے پکار کے　　آیا خزاں کا دور گئے دن بہار کے
مصروف سیر گلشن عالم ہوں صبح و شام　　کاندھے پہ ہوں سوار نسیم بہار کے
کیوں کر کٹے گی صبر کی منزل خبر نہیں　　یاں تک تو آ کے پہنچے ہیں کاندھے پہ چار کے
مستان جام عشق کو کیوں چھیڑتا ہے تو　　اے شیخ یہ وطیرے نہیں ہوشیار کے
شمع مزار میری ہوا سے بجھے . . . . .　　اک شمع رو کھڑا ہے سرہانے مزار کے
ہوں میں تو مستحق ترے قہر و عتاب کا　　کر ان کو پیار اہل جو ہیں تیرے پیار کے
کیوں ہو مرے لیے نہ وہ مہوش ہلال عید　　ملتا بھی ہے تو بعد بہت انتظار کے
ہے سیر لالہ زار کی ان کو پڑی ہوئی　　لالے پڑے ہوئے ہیں یہاں جان زار کے
بدنام کر کے مجھ کو رہے گا یہ خلق میں　　اچھے نہیں ہیں ڈھنگ دل نابکار کے
عاشق تو اہل ہو تری بیداد و جور کا　　ہوں مستحق رقیب مگر تیرے پیار کے
ڈر ہے ہمیں کہ فرط خوشی سے یہ شق نہ ہو　　پرسان حال ہیں وہ دل سوگوار کے
کیا کام ان کو صید سے مرغان دشت کے　　شائق ہیں وہ تو طائر دل کے شکار کے
لپٹا ہوا ہے تیرے گلے سے زہے نصیب　　قربان جایئے مری جاں تیرے ہار کے
کہنے لگے جنازۂ عاشق کو دیکھ کر　　جاتے کہاں ہیں لد کے یہ کاندھے پہ چار کے

ردّبلائے حسن کا اس درجہ ہے خیال
وہ خط بھی بھیجتے ہیں مجھے سر سے وار کے
کیوں بگڑے کس نے عہد شکن آپ کو کہا؟
پابند ہیں جناب تو قول و قرار کے
قائل ہے اب فضیلت پیر مغاں کا شیخ
دستار اپنی پھینک دی سر سے اتار کے
کیوں سرو قد کھڑے ہوئے تعظیم کے لیے
یہ زحمت اور واسطے مجھ خاکسار کے
جب صحبت رقیب پہ میں معترض ہوا
بولے جگہ گلوں کی ہے پہلو میں خار کے
دو پھول میری قبر پہ زائر چڑھا کے جا
میں مر گیا ہوں عشق میں اک گلعذار کے
رنجور زندگی تو کٹی ساری ہجر میں
اب مر کے کاش دفن ہوں کوچے میں یار کے

☆

کیا جانیں کیا لکھا تھا انھیں اضطراب میں
وہ آپ دوڑے آئے ہیں خط کے جواب میں
ہے یہ کسی کا عارض تاباں نقاب میں
یا مہر نیم روز چھپا ہے سحاب میں
بولے چھپا کے وہ رخ انور نقاب میں
دیکھو لگا ہوا ہے گہن آفتاب میں
سیکھے ہیں اس نے طرز ستم آپ سے ضرور
تھا ورنہ پہلے چرخ کہن کس حساب میں
ہم کس بھروسے پر کریں منصوبہ بازیاں
فرق نقط ہے صرف حیات اور حباب میں
پاتے نہیں وہ اوروں کے لطف و کرم میں بھی
جو لطف پا رہے ہیں ہم ان کے عتاب میں
رشکِ رقیب، طعنِ اقارب، فراقِ یار
ہم عشق کر کے ہائے پھنسے کس عذاب میں

دل میں ہے مئے پلاؤں کسی طرح شیخ کو
ہوں اس کا کفر توڑ کے داخل ثواب میں

بریاں ہے سینہ آنکھوں سے جاری ہے خون ناب
کٹتی ہے عمر اپنی شراب وکباب میں

کہنے کو یوں تو ہم بھی اسے کہتے ہیں حسیں
لیکن کہاں وہ بو وہ نزاکت گلاب میں

قطعہ

حوریں جو بھیجی جائیں گی جنت میں میرے پاس
یہ عرض میں کروں گا خدا کی جناب میں

لوں گا کسی حسیں کو نہ اس شوخ کے سوا
جو کھب چکا مری نظرِ انتخاب میں

رنجور وقت نزع اور اس پر بتوں کی یاد
کراب بھی اس سے توبہ خدا کی جناب میں

☆

سچ مچ مزے اٹھائے تھے عہد شباب میں
یادہ سماں مجھے نظر آیا تھا خواب میں

یارب یہ میری عرضی ہے تیری جناب میں
ہوں مبتلا نہ عشق بتاں کے عذاب میں

عاشق مجھے وہ لکھتے ہیں خط کے جواب میں
میں کیا کہوں کہ کیا ہے مزا اس خطاب میں

لیتے ہیں مجھ سے گوہر دل لیجیے مگر
فرق آنہ جائے اس کے کہیں آب و تاب میں

بے چین ہوگئے وہ مجھے روتے دیکھ کر
جادو کا ہے اثر مری چشم پر آب میں

سوئے ہیں زلف چاند سے منہ پر بکھیر کر
چھایا ہوا ہے ابر شب ماہتاب میں

میری نگاہ شوق سے کب تک چھپیں گے وہ
یہ رخنہ کرکے چھوڑے گی اک دن حجاب میں

کیا دل کسی کے گیسوئے مشکیں پہ آئے گا
دیکھا ہے ایک مار سیہ آج خواب میں

امید مخلصی نہیں اب دام زلف سے
یارب ہماری جان پھنسی کس عذاب میں

اے شیخ رند ناطقہ تیرا کریں گے بند — ان سے الجھ نہ بحثِ عذاب و ثواب میں
وہ شان دل بری میں ہے یکتائے روزگار — اے میری آنکھو فرد ہو تم انتخاب میں
تیور پہ بل ہے چہرہ ہے سرخ آنکھیں پر غضب — کیا حکم دیکھیں، آج ہو عاشق کے باب میں
رنجورؔ جب میں جانوں کہ ہے عشق میں کشش
جب آپ دوڑے آئیں وہ خط کے جواب میں

☆

اگر چلمن کے باہر وہ بت کافر ادا نکلے
زبان شیخ سے 'صلِّ علیٰ صلِّ علیٰ' نکلے
جو گھونگھٹ سے ترا روئے ملیح اے دل ربا نکلے
دہانِ زخم خنداں سے صدائے مرحبا نکلے
سفر کے واسطے گھر سے جو وہ یوسف لقا نکلے
جلو میں ساتھ چلنے کو دلوں کا قافلا نکلے
جو سودائی تمہارا عالم وحشت میں جا نکلے
زبان خار صحرا سے صدائے مرحبا نکلے
اگر منصور کی مانند مجھ کو دار پر کھینچیں
اناالمحبوب کی ہر قطرۂ خوں سے صدا نکلے
بہت ارمان نکلے غیر کے اے بت تری دولت
کسی دن میرے دل کا بھی تو کوئی حوصلا نکلے
ملا ہے وصل کا موقع مگر ہو تخلیہ کیوں کر
نہ جب تک تیری ان آنکھوں سے میری جاں حیا نکلے
نہ نکلے پر نہ نکلے گھر سے تم میری عیادت کو
خبر میت کی سننے پر اگر نکلے تو کیا نکلے

دھویں اس چرخ زنگاری کے دم کے دم میں اڑ جائیں
ہمارے سینۂ سوزاں سے گر آہ رسا نکلے
فسوں سازی ہے شوخی ہے حیا ہے دل ربائی ہے
مگر ممکن نہیں تل بھران آنکھوں میں وفا نکلے
کجی اس بت کی طینت سے نہ نکلے گی نہ نکلے گی
ترا ایک ایک بَل جب تک نہ اے زلف دوتا نکلے
یقیں جب ہو مجھے زاہد کہ تو ہے تارک الدنیا
کہ جب بوئے ریا سے پاک تیرا بوریا نکلے
لفافہ کس طرح کھولوں کہ میرا دل دھڑکتا ہے
نہیں معلوم ان کے نامے کا مضمون کیا نکلے
یہ میرا واہمہ ہے یا حقیقت میں کھڑے ہو تم
مری جاں بھول کر رستہ تو میرے گھر نہ آ نکلے
کھلا اب یہ کہ میری چپ کی خو سے ان کی خو بگڑی
ستم ان کے دل ناشاد کے صبر آزما نکلے
یہ کیا ہے جو مجھے وہ خط پہ خط لکھ کر بلاتے ہیں
مرے حق میں گلی ان کی نہ اے دل کربلا نکلے
کسی کی مست آنکھیں دیکھ کر تو شاد ہے لیکن
نہ رنجور ان دریچوں سے کہیں تیری قضا نکلے

☆

جنازہ دھوم سے اس عاشق جانباز کا نکلے
تماشے کو عجب کیا وہ بت دمباز آ نکلے
اگر دیوانہ تیرا جانب کہسار جا نکلے
قبور وامق و مجنوں سے شور مرحبا نکلے
کہا جب میں نے آنچل سے تری زلف رسا نکلے
تو بولے چیں بہ ابرو ہو کے وہ اس کی بلا نکلے
ابھی طفلی ہی میں وہ بت نمونہ ہے قیامت کا
جوانی میں نہیں معلوم کیا نام خدا نکلے

اگر بنت العنب خلوت میں تیرے روبرو آئے
یہ ممکن ہے کہ شیخ اس وقت بھی توپار سا نکلے

بتوں میں کس بلا کی ہے کشش زاہد ہی یہ جانے
چلے تھے شوق کعبہ میں صنم خانے میں جا نکلے

کہاں وہ سرد مہری تھی کہاں یہ گرم جوشی ہے
عجب کیا اس کرم میں بھی کوئی طرز جفا نکلے

میرا افسانہ ہے مجذوب کی بڑ گر کوئی ڈھونڈھے
نہ ظاہر ہو خبر اس کی نہ اس کا مبتدا نکلے

وہ تشریح تنی عشاق اس مطلب سے کرتے ہیں
کسی کے سینے میں شاید دل بے مدعا نکلے

وہ میرے لاشے پر بولے نظریوں پھیر کر ہم سے
چلے حوروں سے تم ملنے نہایت بے وفا نکلے

ہمارا دل ہماری آنکھ دونوں ان کے مسکن ہیں
کبھی اس گھر میں جا دھمکے کبھی اس گھر میں آ نکلے

پڑا کس کشمکش میں یار کے گھر رات میں جا کر
نہ اٹھ کر مدعی جائے نہ میرا مدعا نکلے

کہاں تو وہ ملاوٹ تھی کہاں اب یہ رکاوٹ ہے
تمہارا واہ کیا کہنا بڑے تم باوفا نکلے

مری قسمت کہ ان کے در سے میں محروم پھر آیا
جو اوروں کے لیے ابر کرم بحر سخا نکلے

جفا تیری نکالے لاکھ میرے خانۂ دل سے
مگر ممکن نہیں الفت تری اے بے وفا نکلے

تڑپتا ہوں بجھا دے پیاس میری آب خنجر سے
کہ میرے دل سے اے غافل ترے حق میں دعا نکلے

دکھا کر زہر کی شیشی کہا رنجور سے اس نے
عجب کیا تیری بیماری کی یہ مخفی دوا نکلے

☆

اگلی غزلیں مطابق 'کلام' صفحہ ۶۷: یہاں تک یار گھبراتا ہے میرے گھر میں آنے سے؛
صفحہ ۶۶: غرض سرمہ لگانے سے نہ مطلب پان کھانے سے؛
صفحہ ۶۰: آگئے تھے اس طرف اصرار طفل دل سے ہم؛
صفحہ ۴۶: دے گیا درد جگر مجھ کو مداوا ہو کر؛
لیکن یہ دوسرا شعر 'کلام' میں موجود نہیں:

یا رہو محملِ دل میں مرے لیلیٰ ہو کر
یا سما جائے ان آنکھوں میں سویدا ہو کر

☆

تو نشان دل بری میں اگر لاجواب ہے — بے مثل میری بھی نظر انتخاب ہے
کیوں روئے ماہ زیر نقاب سحاب ہے؟ — کیا بام پر وہ رشک قمر بے نقاب ہے؟
کیا آسماں پہ رات کو یہ آفتاب ہے؟ — یا بام پر وہ رشک قمر بے نقاب ہے؟
آیا ہے جب سے مجھ کو نظر اک غزال چشم — صحرا ہے اور یہ دل خانہ خراب ہے
جس سینے میں کل آرزوؤں کی تھی انجمن — آج اس میں تربت دل غفراں مآب ہے
ہے صبح وشام نسخہ عشق اپنے ہاتھ میں — بالائے طاق عقل وخرد کی کتاب ہے
آب حیات حضرت خضر آپ پیجیے — دو دن کی زندگی بھی تو مجھ پر عذاب ہے
دوں بندہ پرور آپ کی باتوں کا کیا جواب — جو بات ہے جناب کی وہ لاجواب ہے
بولے وہ سن کے مجھ سے مری داستان ہجر — حافظ ہیں بر زباں انھیں غم کی کتاب ہے
کیوں عرش پر نہ اس بت کافر کا ہو دماغ — نام خدا عروج پر ان کا شباب ہے
جلد آیئے لگی مرے دل کی بجھایئے — بھن بھن کے سوز ہجر سے سینہ کباب ہے
جاتے نہیں وہ آئینے کے سامنے کبھی — خود اپنے عکس سے انھیں آتا حجاب ہے
دیکھا ہے کیا ترے گل عارض کا جلوہ آج — کیوں مارے شرم کے گل تر آب آب ہے
ہرگز مرے چھپائے چھپے گا نہ راز عشق — غماز خود یہ میری ہی چشم پر آب ہے
ہوتا ہے صاف روئے کتابی سے یہ عیاں — کافر ہے گو وہ بت مگر اہل کتاب ہے
سایے کی طرح رہتے ہیں دشمن کے ساتھ ساتھ — لیکن ہمارے سایے سے بھی اجتناب ہے

میرے سوال وصل پہ ہے آج تک 'نہیں'
رنجور ان کی ضد کا بھی کوئی جواب ہے؟

☆

اگلی غزل مطابق 'کلام' صفحہ ۷۲: نہ جب تک میرے گھر سے یہ متاعی جیسوا نکلے
لیکن نواں اور دسواں شعر 'کلام' میں موجود نہیں:

کہاں قصے زبانی اور کہاں یہ گالیاں توبہ
بڑے شرمیلے کہلاتے تھے لیکن بے حیا نکلے
نہ بھیجا کوئی خط لندن سے دولہا بھائی نے اب تک
وہ میموں میں مجھے بھولے نہایت بے وفا نکلے

☆

ایسی جگہ بتائے کوئی وہ جہاں نہیں
اس کا ظہور کون ومکاں میں کہاں نہیں

دنیا میں جور چرخ کے شاکی کہاں نہیں
وہ کونسی زمیں ہے جہاں آسماں نہیں

کب تک خموش رہ کے تری گالیاں سنیں
اے یار کیا ہمارے دہن میں زباں نہیں؟

کیوں کر ہمارے طائر دل کو کیا شکار
اس ترک کے تو ہاتھ میں تیر وکمان نہیں

میرے سوال وصل پہ کب تک یہ خامشی
اے بت خدا کے واسطے کچھ کہیے 'ہاں' 'نہیں'

پھولے ہوئے بہار جوانی پہ ہیں جو آپ
کیا ہرگز اس بہار کو خوف خزاں نہیں؟

نرگس سے تیری آنکھوں کی تشبیہ ہے غلط
اس میں تو وہ ادا نہیں وہ شوخیاں نہیں

سجدوں کا ہے جبیں پہ بڑا سا نشاں مگر
ایماں کا دل میں شیخ کے نام ونشاں نہیں

گاہک جو دل کی ہے مرے دل بر کی ہر ادا
کچھ میرے سینہ میں تو دلوں کی دکاں نہیں

کیوں کر نہ آہ سرد میں ہر دم بھرا کروں
اب تم میں میری چاہ کی وہ گرمیاں نہیں

فرماتے ہیں وہ خنجر ابرو کو کھینچ کر
کیا میرے عشق میں تجھے کچھ خوف جاں نہیں

کیا پوچھتے ہیں حال دل زار مجھ سے آپ
کیفیت اس کی آپ سے ہرگز نہاں نہیں

گر آپ کو غرض نہیں مجھ سے نہیں سہی
پروا ہمیں بھی آپ کی اے مہرباں نہیں

کیا خوب میرے شکووں کا اس نے دیا جواب
سمجھے تھے ہم کہ آپ کے منہ میں زباں نہیں

کیجے سوال وصل پہ اک بار بھی تو 'ہاں'
کب تک سنیں گے آپ سے اے مہربان 'نہیں'

اک دن دھوئیں اڑائے گی چرخ کہن کے یہ
جائے گی میری آہ کبھی رائیگاں نہیں

رنجور کس کی نذر کروں یہ متاع دل
اس جنس بے بہا کا کوئی قدرداں نہیں

☆

اگلی غزل مطابق 'کلام' صفحہ ۵۶: ہوئی جو بات مجھ کو دل سے حاصل
یہاں اس غزل کا چھٹا، آٹھواں، گیارہواں شعر علی الترتیب یوں ہے:

انھیں گھر لائے سوسو منتوں سے
مراد اپنی ہوئی مشکل سے حاصل
ہے تسبیح ریا اے شیخ بے کار
نہ ہوگا حق کبھی باطل سے حاصل
مجھے ناکامیوں سے آگیا صبر
ہوا یہ سعیٔ لاحاصل سے حاصل

☆

بحرالفت کے کنارے کا پتا کچھ بھی نہیں
ابتدا ہی ابتدا ہے انتہا کچھ بھی نہیں
چارہ گر دردمحبت کی دوا کچھ بھی نہیں
اس کے بیماروں کو امید شفا کچھ بھی نہیں
سیم وزر اہل وعیال اقبال وحشمت تخت وتاج
زندگی کے کھیل ہیں بعد از فنا کچھ بھی نہیں
چاردن کی چاندنی ہے پھراندھیری رات ہے
مہوشوں کی چشم الفت کو بقا کچھ بھی نہیں
کیا نزاکت کیا صباحت کیا ملاحت کیا جمال
سب کچھ اس گل میں ہے پر بوئے وفا کچھ بھی نہیں
دل تو میری طرح تیرے سینے میں اے شیخ ہے
لیکن اس میں دردالفت کا مزا کچھ بھی نہیں

عاشقوں کو محو حیرت مہر برلب دیکھ کر
وہ سمجھتے ہیں کہ دل میں مدعا کچھ بھی نہیں

بت کرے اس بات کا دعویٰ خدا کی شان ہے
میری ہی ساری خدائی ہے خدا کچھ بھی نہیں

تادم مرگ اپنا سر ہو اور تیرا آستاں
میرے دل میں آرزو اس کے سوا کچھ بھی نہیں

مالکان کاروبار عشق سے کہدے کوئی
اس میں نقصاں ہے سراسر فائدا کچھ بھی نہیں

صدقۂ ہجراں سے مانا جان میری جائے گی
لیکن اس سے تجھ کو کیا ہاتھ آئے گا کچھ بھی نہیں

موت سے پہلے ہی موت آئے نہ کیوں رنجور کی
جب مسیحا خود کہے تیری دوا کچھ بھی نہیں

☆

چارہ گر درد محبت کی دوا کچھ بھی نہیں
اس کے بیمار کی امید شفا کچھ بھی نہیں

یہ تو ہم کہہ نہیں سکتے کہ قضا کچھ بھی نہیں
ہاں قضا چشم فسوں گر کے سوا کچھ بھی نہیں

نظر لطف کو اس بت کی بقا کچھ بھی نہیں
گو وہ گلرو ہے مگر بوئے وفا کچھ بھی نہیں

دلرباؤں سے کس امید پہ الفت کیجے
ان کے نزدیک محبت کا صلا کچھ بھی نہیں

دیکھیے کب یہ مری کشتی دل پار لگے
ساحل بحر محبت کا پتا کچھ بھی نہیں

درد الفت سے مری جان گئی خیر گئی
لیکن اس بات سے کیا تجھ کو ملا کچھ بھی نہیں

شب ہجراں کی شکایت پہ مسیحا بولا
اس مرض کی تو مرے پاس دوا کچھ بھی نہیں

تیرے بیمار محبت کا خدا ہی حافظ
اب مؤثر نہ دوا ہے نہ دعا کچھ بھی نہیں

کاش اب جان بھی اس خانۂ تن سے جائے
کہ ترے جانے پہ جینے کا مزا کچھ بھی نہیں

پھر کے بازار میں کرتا ہے جو یوں قتل عام
بت سفاک تجھے خوف خدا کچھ بھی نہیں

ہے اگر شکوہ تو احباب سے غداری کا
ہم کو اعدائے فلک سے تو گلا کچھ بھی نہیں

دار فانی کے تماشوں میں ہم اس درجہ ہیں محو
کہ خیال سفر ملک بقا کچھ بھی نہیں

سیم و زر لعل و گہر جاہ و جلال اہل و عیال
زندگی تک ہیں یہ سب بعد فنا کچھ بھی نہیں

یوں تو کہنے کے لیے لاکھوں حسیں ہیں لیکن
ان میں وہ ناز وہ عشوہ وہ ادا کچھ بھی نہیں

بت سفاک کا دعویٰ ہے عیاذاً باللّٰہ
موت تابع ہے مرے حکم قضا کچھ بھی نہیں

جب کہا میں نے عدو سے یہ اشارے کیسے
بن کے انجان وہ کہنے لگے 'کیا کچھ بھی نہیں'

جادو و مستی و شوخی و حیا سب کچھ ہے
ان نگاہوں میں مگر مہر و وفا کچھ بھی نہیں

چوٹ پر چوٹ لگے یہ نہیں اف کرنے کا
دل مرا ہے وہ جرس جس میں صدا کچھ بھی نہیں
خبر اس گل کی سنادے کہ کھلے غنچۂ دل
ورنہ سمجھوں گا کہ تو بادِ صبا کچھ بھی نہیں
نہیں معلوم کہ رنجور ہے زندہ کیوں کر
غم فرقت کے سوا اس کی غذا کچھ بھی نہیں

اس غزل کے مطلع اولیٰ اور پندرھویں شعر کو لکھنے کے بعد قلم زد کر دیا گیا ہے۔

☆

مجرم عشق کی وہ طرفہ سزا کرتے ہیں
کہ اسے قید غلامی سے رہا کرتے ہیں
کلمہ تیرا (تو) مسلماں بھی پڑھا کرتے ہیں
اور ہندو بھی ترا نام جپا کرتے ہیں
اپنی تقدیر پہ ہم آہ و بکا کرتے ہیں
دوست کا شکوہ نہ دشمن کا گلا کرتے ہیں
حضرت دل میں نثار آپ کے بھولے پن کے
اس دغاباز سے امید وفا کرتے ہیں!
چپکے سے شیخ کے حجرے میں رکھ آتا ہوں شراب
دیکھتا ہوں کہ وہ کچھ خوف خدا کرتے ہیں؟
ہندو و سکھ و مسلمان و نصاریٰ و یہود
کلمہ اس بت بے دیں کا پڑھا کرتے ہیں
مل گئی داد مجھے رنج و غم فرقت کی
میرا افسانہ وہ پڑھوا کے سنا کرتے ہیں

غیر کے سامنے بے پردہ کہاں تک ہوں گے؟
اپنی پرچھائیں سے بھی وہ (توحیا) کرتے ہیں
اپنے قدموں سے وہ ٹھکراتے ہیں ہر مرقد کو
یعنی تعظیم مزار شہدا کرتے ہیں
اس قدر پہنچے ہیں آزار رفیقوں سے ہمیں
کہ ہم اب سائے سے بھی اپنے ڈرا کرتے ہیں
کس لیے دیکھتے ہیں ترچھی نگاہوں سے ادھر
کیوں ہمیں وہ ہدف تیر قضا کرتے ہیں
مہرباں مجھ پہ جو ہے آج کل اک شعلہ عذار
آتش رشک سے اغیار جلا کرتے ہیں
خون دل پینے کو کہتے ہیں تپ فرقت میں
خوب بیمار محبت کی دوا کرتے ہیں
ان کے قدموں سے لگے رہتے ہیں فتنے شاید
کہ جدھر جاتے ہیں وہ حشر بپا کرتے ہیں
دور کیوں بستر رنجور سے بیٹھے ہیں آپ
کیا عیادت کی فقط رسم ادا کرتے ہیں

☆

آپ کے واسطے ہر وقت دعا کرتے ہیں
آپ کا حق نمک زخم ادا کرتے ہیں
مجھ کو نظروں سے گراتے ہیں بجا کرتے ہیں
سر جو اعدا کو چڑھاتے ہیں یہ کیا کرتے ہیں؟
ہائے اے حضرت رنجور یہ کیا کرتے ہیں
دین وایماں بت کافر پہ فدا کرتے ہیں
جان ہی لینے کی ٹھانی ہے تو لو بسم اللہ
خم ہم اپنا سر تسلیم ورضا کرتے ہیں
واہ کیا عدل ہے کیا داد ہے سبحان اللہ
ہم وفا کرتے ہیں اور آپ جفا کرتے ہیں
ایک دل دے کے تجھے نفع ہوا یہ مجھ کو
کوسنے وہ مجھے ہر وقت دیا کرتے ہیں

میں نے پوچھا جو پتا ان سے تو بولے ہنس کر
عاشقوں کے دل ویراں میں رہا کرتے ہیں

دیکھ کر حسن بتاں کہتے ہیں سبحان اللہ
ہم صنم خانے میں بھی ذکر خدا کرتے ہیں

نالوں میں کاٹتے ہیں رات توزاری میں دن
تیرے بیمار یو نہیں صبح [ومسا] کرتے ہیں

دیکھیے کب وہ جمال رخ و گیسو دکھلائیں
ایک مدت سے تو وہ ...... کرتے ہیں

صدقہ حسن ہمیں راہ خدا میں مل جائے
ایک مدت سے کھڑے در پہ دعا کرتے ہیں

آپ کے وعدۂ فردا سے ہو کیوں کر تسکیں
ہم تو فردائے قیامت بھی سنا کرتے ہیں

غیر پیتے ہیں تری بزم میں جام مئے ناب
خون دل ہم تری فرقت میں پیا کرتے ہیں

مجھ سے سن کر وہ رقیبوں کی شکایت بولے
آنکھ کے آگے عبث بھوں کا گلا کرتے ہیں

ان پہ جاں اپنی فدا کر کے دکھا دو رنجور
اس طرح عاشق جاں باز مرا کرتے ہیں

☆

دل وحشی نہ بہلے گا کبھی سیر گلستاں سے
اسے تو انس ہے اے ہم دمو دشت وبیاباں سے

صفائی سے کیا جب وار اس نے تیغ براں سے
صدائے مرحبا نکلی دہان زخم خنداں سے

نظر اپنی پھرے کیوں کر کسی دم چشم جاناں سے
نہیں ہوتی کبھی یہ سیر سیر نرگستاں سے

اگر الٹا نقاب اس حوروش نے روئے تاباں سے
بپا ہوگی قیامت میں قیامت چشم فتاں سے

رفیقوں نے تو دامن بھر لیے گلہائے ارماں سے
مگر میں خار حرماں لے چلا ایسے گلستاں سے

اتاری اپنی گردن آپ ہی شمشیر براں سے
سبکدوش اس جہاں سے میں گیا قاتل کے احساں سے

نہیں ذرہ برابر اجنبیت ان کے آپس میں
رہا ہے کام برسوں دست وحشت کو گریباں سے
کہاں ممکن کہ دم بھر کے لیے ہو یہ جدا اس سے
عجب الفت مرے دست جنوں کو ہے گریباں سے
نہ جب تک جان میرے تن سے نکلے میں نہ نکلوں گا
جنازہ ہی مرا نکلے تو نکلے کوئے جاناں سے
نکالا خانۂ دل سے قرار و صبر و تسکیں کو
بڑی تکلیف پہنچی مجھ کو اک ناخواندہ مہماں سے
مرا پیغام اے بادصبا اس گل کو پہنچانا
اگر فرصت ملے تجھ کو کبھی سیر گلستاں سے
کتاب عشق کا مجھ سے سبق لیں وامق و مجنوں
نہیں وہ میرے آگے بڑھ کے اطفال دبستاں سے
سپر جوشن زرہ بکتر سبھی بیکار ہیں یکسر
بچاؤں کس طرح دل کو کسی کے تیر مژگاں سے
جو تیرے روئے زیبا کی ملاحت سے نکلتا ہے
نہ نکلے گا کبھی وہ کام اے قاتل نمک داں سے
نہ کیوں عقل و خرد کے ہوش گم ہوں دیکھ کر اس کو
قیامت تک لرزتی ہے تمھاری چشم فتّاں سے
اگر وہ قبضہ کرتے ہیں ہمارے کشور دل پر
سمجھ لیں کیا خراج ان کو ملے گا ملک ویراں سے
بتا سچ سچ کہاں تورات تھا کیا واقعہ گذرا
پریشانی ٹپکتی ہے تری زلف پریشاں سے
صبا کاش اس بت پردہ نشیں کو یہ خبر کر دے
کہ تیرے ہجر میں جلتا ہے کوئی سوز پنہاں سے

بس اتنی بات پر غصے سے چہرہ تمتما اٹھا

کہ کیوں تشبیہ دی میں نے اسے مہر درخشاں سے

دعائے مغفرت تربت پہ اس عاصی کی کرتا جا

نہ جا اے راہرو منہہ پھیر کر گور غریباں سے

غشی سے موت کی رنجور کو فوراً افاقہ ہو

اگر اس کو وہ عیسیٰ دم ہوا دے اپنے داماں سے

اس غزل کے پانچویں شعر کو لکھ کر قلم زد کر دیا گیا ہے۔

☆

اگلی غزلیں مطابق 'کلام' صفحہ ۳۰: سنا کر میں جوان کو اپنے غم کی داستاں آیا، لیکن یہ چودھواں شعر، جسے یہاں قلم زد بھی کر دیا گیا ہے، 'کلام' میں موجود نہیں:

یہاں تک پاس ناموس اس بت پردہ نشیں کا تھا

کہ میرے سینے سے لب تک نہ ہجراں میں فغاں آیا

صفحہ ۴۶: بت بنے ہیں آئینے میں اپنی صورت دیکھ کر

لیکن یہ شعر 'کلام' کی غزل میں شامل نہیں، جو یہاں تیسرا شعر ہے:

ان کو حیرت آئینے میں اپنی صورت دیکھ کر

اور میں حیرت میں ان کو محو حیرت دیکھ کر

اور صفحہ ۳۱: ان بے وفا حسینوں کا قول و قرار کیا؟

☆

راز تیرے عشق کا سب پر عیاں کیوں کر کریں

اے بت پردہ نشیں آہ و فغاں کیوں کر کریں

دل ہے سینے میں تپاں ضبط فغاں کیوں کر کریں

ہے جگر میں ٹیس بند اپنی زباں کیوں کر کریں

ہم تجھے بے چین اے آرام جاں کیوں کر کریں
تجھ سے اپنی داستان غم بیاں کیوں کر کریں

ہے کوئی عامل جو بتلائے ہمیں اس کا عمل
اس بت نامہرباں کو مہرباں کیوں کر کریں

دل میں اپنے آرزوئیں ہیں نہ ہیں ارمان اب
خانۂ ویراں میں اس کو میہماں کیوں کر کریں

ہم صفیرو ہیں ہمارے بال و پر بالکل نُچے
ہم تمھارے ساتھ سیر بوستاں کیوں کر کریں

ڈر یہ ہے واعظ نہیں جائے کہیں اپنا رقیب
خوبیاں اس حور کی اس سے بیاں کیوں کر کریں

اس تغافل میں ضرور اے دل ہے کوئی مصلحت
بارے ہم . . . بے وفائی کا گماں کیوں کر کریں

مے کشی کا حکم ہے ہم کیوں کر اس سے باز آئیں
شیخ نافرمانی پیرمغاں کیوں کر کریں

دست قدرت نے بنایا ہے ہمیں بلبل سرشت
ناصحو ہم ترک عشق گل رخاں کیوں کر کریں

گرمئی ہجراں سے خشک ایک ایک قطرہ ہوگیا
چشمہ ہائے اشک آنکھوں سے رواں کیوں کر کریں

مثل ایوب اور ایذا ہو تو ہم سہ لیں مگر
صبر تیرے ہجر میں اے جان جاں کیوں کر کریں

اس قدر طاقت کہاں اپنی زبان گنگ میں
وصف تیرے لعل لب کا ہم بیاں کیوں کر کریں

عشق کا دعوئی ہے ان کا ادّعا ہی ادّعا
مدعی ہمت بہ وقت امتحاں کیوں کر کریں

کس ادا سے کہتے ہیں معیار پاس اپنے نہیں
ہم تمھارے نقد دل کا امتحاں کیوں کرکریں

جب میں کہتا ہوں نکالو میرے دل کی حسرتیں
کہتے ہیں بے جرم انھیں بے خانماں کیوں کرکریں

روکے میرے لاشے پر کہنے لگے وقت دفن
خاک میں مدفوں یہ گنج شائیگاں کیوں کرکریں

ڈر یہ ہے ہردم کہ کب جانا پڑے زیرزمیں
عیش اک لحہ بھی زیرآسماں کیوں کرکریں

ہرنشاط انگیز شئے کرتی ہے تیرا غم فزوں
اے دل ناشاد تجھ کو شادماں کیوں کرکریں

ہم غلامی آپ کی کرنے کو حاضر ہیں مگر
چاپلوسی غیر کی اے مہرباں کیوں کرکریں

شوخیاں تم سے کریں اعداؑ ہمارے سامنے
ایسی باتوں کا تحمل مہرباں کیوں کرکریں

وصل پربارے دل ان کا ہوگیا راضی مگر
آن کہتی ہے کہ اب 'ناں' کرکے 'ہاں' کیوں کرکریں

باراحساں آپ کا اے چارہ گر کیوں کر اٹھائیں
ہمت اس برداشت کی ہم ناتواں کیوں کرکریں

ناتوانی سے تپ ہجراں میں جنبش ہے محال
اے اجل اس حال میں نقل مکاں کیوں کرکریں

یہ ہمارا دل نہیں دولت سرائے یار ہے
رنج وغم ہم تم کو اس میں میہماں کیوں کرکریں

ضبط خاموشی سے دم گھٹ جائے گھٹ جائے مگر
شکوہ غیروں سے ترا اے جانِ جاں کیوں کر کریں
جب رکاوٹ ان کے دل میں مجھ سے اے رنجور ہو
پھر چھری میرے گلے پر وہ رواں کیوں کر کریں

☆

سرور بخشے نہ کیوں سیر لالہ زار مجھے
دیا ہے دل بھی خدا نے تو داغ دار مجھے
پلائے ہاتھ سے اپنے وہ گل عذار مجھے
تو کیوں نہ زہر ہلاہل ہو خوش گوار مجھے
پلائے گر مئے گل گوں وہ گل عذار مجھے
خزاں کا دور بھی ہو موسم بہار مجھے
ستا رہا ہے ابھی تک خیال یار مجھے
ملی نہ مر کے بھی راحت تہہ مزار مجھے
وہ دیکھتے ہیں کن انکھیوں سے بار بار مجھے
کریں نہ تیر نظر سے کہیں شکار مجھے
خیال یار مزے لوٹنے کو کافی ہے
فراق یار میں بھی ہے وصال یار مجھے
ہوا ہوں میں جو خط سبزیار پر مفتوں
کہیں گھسیٹے نہ کانٹوں میں سبزہ زار مجھے
نوید (یسر) ہر اک (عسر) آکے دیتا ہے
پتا بتاتا ہے گل کا ہر ایک خار مجھے
فضول ہے یہ شکایت کہ بس میں یار نہیں
خود اپنے دل پہ نہیں ہے جب اختیار مجھے
عدو کے ساتھ ہی رہنا ہے تو ہمیشہ رہو
ہے شرکت غم دوری بھی ناگوار مجھے
الٰہی موت ہی آئے جو وہ نہیں آتے
کہ موت سے بھی ہے بدتر یہ انتظار مجھے
وفور شوق وصال رقیب سے بے تاب
گئے وہ چھوڑ کے فرقت میں بے قرار مجھے
عدو کو شوق سے پھر پیچھے گھورتے رہنا
ادا سے دیکھ لو تم پہلے ایک بار مجھے
تھمے کبھی نہ جھڑی اشک ابر باراں کی
اگر وہ دیکھ لے فرقت میں اشک بار مجھے
اجل نے یار سے سیکھی ہے کج ادائی کیا
کہ مارے ڈالتا ہے اس کا انتظار مجھے
پیا تھا میں نے ازل میں جو جام بادۂ عشق
ہے بعد مرگ بھی اس نشے کا خمار مجھے
بتوں کا کوئی کل لے دل ہوا ہے آج تک آج
پھر ان کے وعدوں کا کیوں کر ہو اعتبار مجھے
جو چاہیں مجھ کو سزا دیں مگر نکال نہ دیں
رکھیں وہ اپنی غلامی میں بے قرار مجھے

تمام عمر کٹی سوز ہجر میں اے دل
ہوا نہ عشق حسینوں کا سازگار مجھے

میں خانقاہ میں جا کر بچھاؤں دام فریب
جو شیخ دے کوئی تسبیح مستعار مجھے

کمی ہے گلشن عالم میں گل رخوں کی کچھ
نہ پھولیں آپ سمجھ کر امیدوار مجھے

کیا جب اپنی نم آنکھوں نے فاش پردۂ عشق
کہاں ملے گا کوئی اور پردہ دار مجھے

خدا ہی جانے کہ کیا بات ان بتوں میں ہے
نگاہ پڑتے ہی آتا ہے ان پہ پیار مجھے

مجھی سے پوچھتے ہیں وصل غیر کی تدبیر
غضب ہے کاش سمجھتے نہ راز دار مجھے

تمھاری کاکل پیچاں ہے کیوں پریشاں آج
بتاؤ جلد کہ ہے سخت انتشار مجھے

خود اپنے اس دل خودسر پہ کاش قابو ہو
اگر نہیں بت کافر پہ اختیار مجھے

مری مدد کو پہنچ جلد اے گل رعنا
ستا رہی ہے ترے ہجر میں بہار مجھے

ہوا سبق یہ ترے انتظار سے حاصل
کہ موت کا بھی نہیں ہے اب انتظار مجھے

فراق یار میں جب میں مرا تو اے رنجور
کیا لحد نے ترس کھا کے ہم کنار مجھے

☆

ہوئی پہلو سے جانے کی نہ دل کے بھی خبر ہم کو
کچھ ایسا کر گئی بے خود وہ جادو کی نظر ہم کو

بتان سنگ دل کا عشق دینا تھا اگر ہم کو
تو اے خالق عطا کرنا تھا پتھر کا جگر ہم کو

دکھایا سرمے نے اس خاک پا کے یہ اثر ہم کو
کہ آتا ہی نہیں اس کے سوا کوئی نظر ہم کو

رفیقوں سے یہاں تک آہ پہنچا ہے ضرر ہم کو
کہ اپنے سائے سے رنجور اب لگتا ہے ڈر ہم کو

طریق عشق میں کس کی رفاقت کون کرتا ہے
ہماری ہے خبر دل کو نہ دل کی ہے خبر ہم کو
حرم ہو بتکدہ ہو شہر ہو صحرا ہو گلشن ہو
جدھر جاتے ہیں ہم آتا ہے توہی تو نظر ہم کو
رہیں ہم دور تو لوٹے مزے دیدار جاناں کے
نہ کیوں کر رشک آئے تجھ سے بھی اے نامہ بر ہم کو
خدا کے واسطے دم بھر کو اب بھی ہم سے مل جاؤ
کہ ہے اے جان جاں درپیش عقبیٰ کا سفر ہم کو
برا ہو بدگمانی کا دم نزع آکے کہتے ہیں
چلے شوق لقائے حور میں تم چھوڑ کر ہم کو؟
بتائیں کیا کہ پہلو سے کہاں غائب ہے دل اپنا
وہ ایک آوارہ اے ہمدم ہے اس کی کیا خبر ہم کو
شب دیجور ہجراں کے ستم سے جان لب پر ہے
چھڑائے اس کے پنجے سے تو اے رشک قمر ہم کو
یہاں تک بھاگئی دنیا کہ بالکل بھول بیٹھے ہم
کہ آخر ایک دن کرنا ہے عقبیٰ کا سفر ہم کو
ہماری اس بت عیسیٰ نفس کو جب نہیں پروا
تو بس تو بھی خدا پر چھوڑ دے اے چارہ گر ہم کو
وہ آہیں اور ہوں گی سنگ کو جو موم کرتی ہیں
ملی ہے آہ قسمت سے تو آہ بے اثر ہم کو
اڑائے خاک اے رنجور کیوں اعدا کی گلیوں کی
تلاش یار نے لیکن پھرایا در بدر ہم کو

☆

اگلی غزلیں مطابق 'کلام' علی الترتیب صفحہ ۳۲: آرزو نکلی کسی کی نہ کچھ ارماں نکلا؛
لیکن سترھویں شعر کے بعد اس بیاض کا یہ شعر 'کلام' میں موجود نہیں:

لب پہ جاں آئی ترے ہجر میں اے پردہ نشیں
منہ سے لیکن نہ کبھی نالہ و فغاں نکلا

اور صفحہ ۳۳: دکھاتا ہے فلک نیرنگیاں شام و سحر کیا کیا؛

اور صفحہ ۷۷: اوئی لڑکی یہ تو نے نوج کیا صورت بنائی ہے

لیکن علی الترتیب چھٹے، گیارھویں، بارھویں، تیرھویں کے بعد درج ذیل اشعار
'کلام' میں موجود نہیں:

بہو بیگم اور ان کی ساس میں دم بھر نہیں بنتی
جب ان کے گھر میں جاکر دیکھو دنگا ہے لڑائی ہے

پرائے مردوے دن رات گھر میں بیٹھے رہتے ہیں
گئے ہیں میرزا پردیس ننھی کی بن آئی ہے

یہ کیا معنی کہ وہ پھیرے کرے نوّاب کے گھر کے
مگر جب میں بلا بھیجوں کہے مہندی لگائی ہے

بڑی بی صاحبہ اب اپنے گھر تشریف لے چلیے
کہیں سے ایک مشاطہ کوئی پیغام لائی ہے

بلاتے ہیں مجھے ہر دم کبھی خود کیوں نہیں آتے
قسم کیا آپ نے بندی کے گھر آنے کی کھائی ہے

☆

جب اشک کا مینہ چشم دلآرام سے برسے — کیا شاد ہو دل رحلت دشمن کی خبر سے؟
یوں ابر کرم کشت دل غیر پہ برسے — پر نخل مراد اپنا اک اک بوند کو ترسے
کیا کام مرے ترک کو تیغ اور تبر سے — جب قتل کرے لاکھوں کو اک تیر نظر سے

کیوں کر کہوں کرڈالتی ہے سنگ کو موم آہ — واقف ہی نہیں آہ مری نام اثر سے
مانا ترا درباں ہے قوی اور میں کم زور — جب جانوں کہ مجھ کو وہ اٹھائے ترے در سے
رم کرنے میں مشاق ہے گو یہ دل وحشی — ممکن نہیں بچ نکلے ترے تیر نظر سے
اے بت ترے آتے ہی تن مردہ میں جاں آئی — حق یہ ہے کہ لوٹ آئے ہم اللہ کے گھر سے
میرے تن لاغر سے انھیں ڈر یہ لگا ہے — سبقت نہ یہ لے جائے کہیں میری کمر سے
اس خانۂ دل میں تو نہ در ہے نہ دریچہ — حیرت ہے مجھے سخت کہ آپ آئے کدھر سے
خالی نہ کجی کب ہے کوئی بات بتوں کی — جب دیکھتے ہیں مجھ کو تو ترچھی ہی نظر سے
کیا ہے گہر دل کو چرانے کی انھیں فکر؟ — کیوں دیکھتے ہیں مجھ کو وہ دزدیدہ نظر سے
سودا جو ہوا ہے مجھے گیسوئے سیہ کا — ٹلتی یہ بلا اب نظر آتی نہیں سر سے

رنجور ترے کوچ کا وقت آ گیا لیکن
غافل تجھے پاتے ہیں ہم سامان سفر سے

☆

کیوں لوگ اکڑتے ہیں فراوانی زر سے — خم ہوتی ہے ہر شاخ شجر بار ثمر سے
کیا کام مجھے سیم و زر و لعل و گہر سے — مطلب ہے فقط تیری عنایت کی نظر سے
وہ ہم کو نشانہ تو کریں تیر نظر سے — ہم بڑھ کے اسے روکیں گے سینہ کی سپر سے
ان کا دل نازک کہیں بے تاب نہ ہو جائے — باز آئے ہم اے آہ رسا تیرے اثر سے
گو غیر کے پہلو میں بھی دل اور جگر ہے — واقف نہیں وہ درد دل و سوز جگر سے
جب وعدہ کیا ہے تو وفا کر کے دکھا دو — نکلا ہے کہیں کام 'اگر' اور 'مگر' سے؟
جاتا ہوں گلستاں میں اس امید میں ہر صبح — شاید ملے اس گل کی خبر باد سحر سے
یہ پردہ مرے راز محبت کا رکھے گا؟ — مجھ کو تو توقع نہیں اس دیدۂ تر سے
کیوں ہم نہ چھری پھیرتے صبح اس کے گلے پر — دم ناک میں تھا وصل کی شب مرغ سحر سے
جس طرح سے جاتے ہوا بھی پیٹھ دکھا کر — تم منہ بھی دکھاؤ مجھے جلد آ کے سفر سے
کیا بات ہے؟ نیت تو کہیں ان کی نہ بگڑی؟ — کیوں دیکھتے ہیں مجھ کو وہ الفت کی نظر سے

کیا اس پہ بھی ہے کچھ ترے درباں کا اجارہ — کیوں مجھ کو اٹھاتا ہے تری راہ گزر سے
مامور ہے پہرے پہ دورو... صف مژگاں — اس بت کی نگاہوں میں سماؤں میں کدھر سے
سن کر یہ غزل کہنے لگے کیوں نہ ہو شاباش — اللہ بچائے تمھیں حسّاد کے شر سے
داروئے اجل ہو گئی رنجور کو اکسیر
یعنی کہ شفا اس کو ہوئی درد جگر سے

☆

ہیں اشک فشاں مژگاں برپا صف ماتم ہے
ایّام ہیں فرقت کے یا ماہ محرم ہے؟
کیا شب تھے عدو کے گھر؟ اس نے اسے چھیڑا کیا؟
کیوں جان جہاں اب تک زلف آپ کی برہم ہے؟
آئینہ میں کیا دیکھا؟ کچھ بہر خدا بولو
کیوں بن گئے بت سے تم کیوں سکتے کا عالم ہے؟
اے یار مدد کو آ نرغے میں پھنسا ہوں میں
گھیرے مجھ اکیلے کو فوج الم وغم ہے
دشمن ہے زمانہ، ہو، پروا نہیں کچھ ہم کو
حامی و معین اپنا جب تو ہے تو کیا غم ہے؟
دن فرقت جاناں کے تھوڑے بھی زیادہ ہیں
دیدے کی اذیت کو اک بال بھی کیا کم ہے؟
سربستہ یہ راز عشق اے دل نہیں رہنے کا
غمّاز ہمارا خود یہ دیدۂ پرنم ہے
شمشیر ادا کی مشق اب ہوتی ہے پھر کس پر؟
پھر کوچہ قاتل میں کیوں شور ترحّم ہے؟

جو اس پہ نظر ڈالے مسموم اسے کرڈالے
وہ مار سیہ تیرا یہ گیسوئے پرخم ہے
بے شک مری جانب سے ہے یار کے دل میں بل
اس امر پہ دال اس کے بالوں کا اک اک خم ہے
احباب رفیق اپنے ہیں قبر کی منزل تک
بعد اس کے کوئی اپنا مونس ہے نہ ہمدم ہے
کیوں میری اجل آئی کاش اب بھی میں جی جاؤں
وہ راحت جان ودل محنت کش ماتم ہے
خوبان جواں کی طرح اب بھی ہے جفاپیشہ
گوشدت پیری سے اب پشت فلک خم ہے
زاہد کی تو نذرانوں پر رال ٹپکتی ہے
کب بندۂ حق اے دل یہ بندۂ درہم ہے
دنیا سے گیا رنجور اچھا ہوا جانے دو
بے فائدہ جانِ من یہ سوگ یہ ماتم ہے

☆

ہم گیسوئے شب رنگ کا سودا نہیں کرتے
مجنوں کی طرح الفت لیلیٰ نہیں کرتے
دیتے ہیں ثبوت عملی جان گنوا کر
ہم منہ سے فقط عشق کا دعویٰ نہیں کرتے
وہ بزم میں اعدا کی نظر جانب عاشق
اس طرح سے کرتے ہیں کہ گویا نہیں کرتے
اعدا کی خوشامد ہو کہ دربان کی منت
اے یار ترے عشق میں ہم کیا نہیں کرتے
کی میں نے رقیبوں کی شکایت تو وہ بولے
عشاق تو ان باتوں کی پروا نہیں کرتے
عشاق کا مرنا ہی حیات ابدی ہے
ہم آپ پہ مرتے ہیں تو بے جا نہیں کرتے
اے عہد شکن تجھ کو اگر مجھ سے ہے نفرت
تو ہم بھی ترے ملنے کی پروا نہیں کرتے

اغیار سے اخلاص ہے احباب سے اعراض اے جان جہاں آپ یہ اچھا نہیں کرتے
دعویٰ ہے اگر ان کو مسیحا نفسی کا
رنجورؔ کا پھر کیوں وہ مداوا نہیں کرتے؟

☆

اے دل اس عاشق ناچیز میں کیا رکھا ہے
ان بتوں نے تو خدا کو بھی بھلا رکھا ہے

ملک دل پر مرے گو سکہ بٹھا رکھا ہے
سر اصلاح مگر دل سے بھلا رکھا ہے

غیر کے واسطے ہے وقف گھر ان کا لیکن
پاسباں میرے لیے در پہ بٹھا رکھا ہے

آمد آمد کی خبر جب سے سنی ہے ان کی
راہ میں فرش نظر میں نے بچھا رکھا ہے

جب کبھی آتے ہو لاتے ہو حیا کو ہم راہ
بات کیا ہے جو اسے ساتھ لگا رکھا ہے؟

آنکھیں کیوں مجھ کو دکھاتے ہو بتاؤ تو سہی
مال چوٹی کا تو آنچل سے چھپا رکھا ہے

چوں کہ ڈر تھا کہ بجھا دے نہ کہیں سیل سرشک
آتش عشق کو سینے میں چھپا رکھا ہے

جس کا جی چاہے پڑھے قدرت حق کی آیات
یار نے مصحف رخسار کھلا رکھا ہے

المدد المدد اے وعدۂ دیدار کی شب
مجھ کو ظالم شب ہجراں نے ستا رکھا ہے

باندھنے والے ہو کیا گاوِ زمیں کو اس میں[1]
اس قدر زلف کو کیوں تم نے بڑھا رکھا ہے

کر بھی دے نذر کسی بت (کو) دل اپنا اے شیخ
کیا تری حور میں اے مرد خدا رکھا ہے؟

خط میں لکھتے ہیں مجھے طنز سے اللہ رے شک
سنگ صبر آپ نے چھاتی سے لگا رکھا ہے!

کہیں ملتا نہیں میرے گہر دل کا پتا
بے شک اے دزد حیا تو نے چھپا رکھا ہے

خیر کا کام جب امید بر آری ٹھہری
کیوں اسے آپ نے پھر کل پہ اٹھا رکھا ہے؟

رات رہتے ہی ہوئی وصل میں کیا حشر کی صبح؟
شور کیوں مرغ سحر تو نے مچا رکھا ہے؟

اشک کے قطرے نہ کیوں آنکھ سے ٹپکیں رنجورؔ
اپنی نظروں سے مجھے اس نے گرا رکھا ہے

۱۔ یہ مصرع پہلے یوں تھا: کیا منگائی ہیں تمھیں گاوِ زمیں کی خبریں

☆

مرے گھر مرادل بر آئے تو جانوں | لگی میرے دل کی بجھائے تو جانوں
صبا غنچۂ دل کھلائے تو جانوں | خبر میرے گل رو کی لائے تو جانوں
بہت ناز برداریاں میں نے کی ہیں | کوئی ناز میرے اٹھائے تو جانوں
کوئی خوش گلو ہے تو میری بلا سے | مجھے اپنا گانا سنائے تو جانوں
سنے ہیں بہت جذب دل کے فسانے | کسی کو یہاں کھینچ لائے تو جانوں
ہوا کہنہ افسانۂ طور و موسیٰ | کوئی جلوہ مجھ کو دکھائے تو جانوں
صبا کوئے قاتل میں جاتی تو ہے تو | سلامت وہاں سے پھر آئے تو جانوں
سنا ہے کہ ہے کوئی رشک مسیحا | میں مرتا ہوں مجھ کو جلائے تو جانوں
مجھے کیا جو بیٹھے ہیں وہ بن سنور کر | کوئی میری بگڑی بنائے تو جانوں
یہ مانا کہ درباں قوی ناتواں میں | مجھے تیرے در سے اٹھائے تو جانوں
مقدر مرا مجھ سے روٹھا ہوا ہے | کوئی آکے اس کو منائے تو جانوں
یقیں اس کے وعدے پہ کیوں کر مجھے ہو | قسم غیر کے سر کی کھائے تو جانون
مرا بخت ہے کب سے خواب گراں میں | کوئی آکے اس کو جگائے تو جانوں

کٹی عمر رنجورؔ جب رنج و غم میں
وہ مر کر بھی آرام پائے تو جانوں

☆

ہوں گے فدا یہ آپ پہ؟ حاشا! کبھی نہیں | اس دل کے اس جگر کے تو یہ مدعی نہیں
یہ بوالہوس بھی آپ پہ مرتے ہیں؟ جی نہیں | مرنا کسی حسیں پہ کوئی دل لگی نہیں
بے فائدہ یہ سرکہ و ترشی کی ہے تلاش | کچھ تھوڑی سی تو چارہ[گرو] ہم نے پی نہیں
تم سے عدوئے جاں سے میں کیوں دوستی کروں؟ | کچھ اپنی جان سے تو مجھے دشمنی نہیں
یہ گھر ڈراونا نظر آتا ہے مثل دیو | جس دن سے [آیا] آہ وہ رشک پری نہیں

مجھ کو رلاتے ہیں وہ رلائیں مگر رقیب
میری ہنسی اڑاتے ہیں اس کی سہی نہیں

کیوں وہ معانقے کے لیے دوڑے آتے ہیں
خالوئے فرس کی سی تو یہ آشتی نہیں

سکتے میں مجھ کو پا کے وہ بت بلبلا اٹھا
کم نالۂ رسا سے مری خامشی نہیں

گر قبر پر ہماری چراغاں ہوا تو کیا
کنج لحد میں نام کو بھی روشنی نہیں

سچ سچ بتا عدو نے تو چھیڑا نہیں انھیں؟
بے وجہ تیری زلفوں کی یہ برہمی نہیں

بے وجہ مجھ پہ آج یہ کیوں چشم قہر ہے؟
سچ کہہ کسی سے آنکھ تو تیری لڑی نہیں؟

اوروں کے آگے جا کے یہ ہو حق کے نعرے مار
اے شیخ مجھ سے تیری حقیقت چھپی نہیں

تنگ آ کے انتظار سے آئی لبوں پہ جاں
کب تک کہا کروگے مری جاں 'ابھی نہیں؟'

بہتر یہ ہو 'ابھی' کی جگہ تم 'کبھی' کہو
کیا فائدہ جو کہتے ہو ہر بار 'ابھی نہیں'

کیا کچھ نہ عرض حال کے منصوبے دل میں تھے
لیکن جب آئے وہ تو زباں ہی کھلی نہیں

کوتاہی اب جفا سے وہ کرتا ہے ہائے کیوں
میں نے کمی وفا میں تو رنجور کی نہیں

☆

مرگ عدو پہ رشک ہمیں ہے خوشی نہیں
کیوں جان دینے میں سبقت ہم نے کی نہیں

بننے سنورنے سے انھیں فرصت ملی نہیں
بگڑی ہماری وصل کی شب بھی بنی نہیں

پوچھا جو ان سے ہو گہر دل کے قدرداں؟
وہ مسکرا کے بولے کہ میں جوہری نہیں

کیوں کر بجھے گی خنجر قاتل کی پیاس آہ
میرے بدن میں خون کی اک بوند بھی نہیں

جا اس پہ ناز کر جو خریدار ہو ترا
اے رشک زہرہ میں تو ترا مشتری نہیں

گو گل میں حسن بھی ہے نزاکت بھی ہے مگر
وہ ناز وہ ادا نہیں وہ دلبری نہیں

ہے بت ہی پوجنا تو تمھاری خصوصیت
اس ملک ہند میں تو بتوں کی کمی نہیں

کیا فائدہ جو ان سے کرے کوئی عرض حال
جب کہتے ہیں 'سنا'؟ تو وہ کہتے ہیں 'جی نہیں'

اس دل کی داستاں کو جگر تھام کر سنو
نوحہ ہے یہ فسانۂ جنّ و پری نہیں

اے گل تو اس کو اپنے دوپٹے کی دے ہوا
بادِ صبا سے کھلنے کی دل کی کلی نہیں

رندوں سے بحث کرنے کا تھا شیخ جی کو شوق
پیرِ مغاں کے آگے مگر کچھ چلی نہیں

وہ مجھ سے ملنے آئے تو لیکن حیا کے ساتھ
خلوت کی صحبت ان سے میسر ہوئی نہیں

کیا کیا کڑی سناتے ہیں پھر اس پہ لطف یہ
وہ پوچھتے ہیں 'چوٹ تو دل [پر] لگی نہیں'؟

اشعار مدح سن کے یہ کہنے لگا وہ شوخ
'قسمت بری ہے تیری طبیعت بری نہیں'

رنجورؔ کہنے ہی کو مرے منہ میں ہے زباں
مطلب کی بات آج تک ان سے کہی نہیں

☆

مبارک عید اعدا کو ہمیں ہے کام ماتم سے
زمانہ ہجر کا کچھ کم نہیں ماہ محرم سے

الگ تم سے رہا جائے گا کب جنت میں بھی ہم سے
ہمارے حق میں کم ہوگی نہ ہرگز وہ جہنم سے

تماشا تھا کسی کے واسطے کیا واسطہ غم سے
کوئی ہنستا ہوا نکلا کسی کی بزم ماتم سے

پریشاں زلف شب گوں روتے روتے لال لال آنکھیں
عجب حالت سے وہ نکلے ہماری بزم ماتم سے

رلایا ہے اگر تم نے تو آنسو بھی تمھیں پونچھو
چبھویا دل میں نشتر ہے تو لو اب کام مرہم سے

دل عشاق کو مار سیہ بن کر وہ ڈستی ہے
ہوا شانے کو کیوں کر ربط اس کی زلف برہم سے

خبر بھی ہے تجھے اس کی کہ مشکیں تیری کس لے گی؟
الجھتا ہے عبث اے شانہ اس کی زلف برہم سے

توقع کس سے راز عشق کی ہو پردہ داری کی
ہوئی پردہ دری اس کی جب اپنی چشم پرنم سے

کہا اس شعلہ رو نے "جلنے دیجے" جب کہا میں نے
عدو جلتے ہیں میرے آپ کے اس ربط باہم سے

خزاں کے دن گئے ہے فصل گل کی آمد اے رندو
یہ ظاہر ہے شکست توبہ کی آواز پیہم سے

کسی کے عشق میں سر دینے کی ٹھانی تو بس ٹھانی
کہیں رکتے ہیں ارباب ہمم عزم مصمم سے؟

عنایت سے تری خالی ہے کب سینے کا گنجینہ؟
بھرا رہتا ہے وہ اندوہ ویاس وغصہ وغم سے

نہ مانی بات میری تو نے اے دل جا پھنسا آخر
نکلنا اب ترا معلوم دام زلف پرخم سے

ہمارے سامنے تم سے کرے گا شوخیاں دشمن
کہے دیتے ہیں ہم نچلا نہ بیٹھا جائے گا ہم سے

سنا کرتے ہیں ہم اے دل درازی روز محشر کی
درازی اس کی کم ہوگی مگر طول شب غم سے

تمھیں پروا نہیں میری نہ ہو دل بر ہیں بہتیرے
تمھیں کیا اک انوکھے دل ربا ہو سارے عالم سے؟

خدا محفوظ اس کی چوٹ سے رکھے ہر انساں کو
کوئی جانبر ہوا اب تک نہ مار زلف کے سم سے

یہاں تک ہے خیال افشائے راز عشق کا ہم کو
کہ اس میں مشورہ لیتے نہیں ہم دل سے محرم سے

بتا یہ کیسی بوتل اپنے خرقہ میں چھپائی ہے
بھرا ہے کیا اسے اے شیخ تو نے آب زمزم سے؟

گناہوں سے نہ ہوگا پاک دل شیخ ریائی کا
وضو سوبار بھی گر وہ کرے گا آب زم زم سے

علاج درد فرقت شربت دیدار جاناں ہے
ہماری چارہ سازی ہوچکی عیسیٰ ابن مریم سے

چلے مجھ تشنۂ دیدار کو اک جھلکی دکھلاکر
بجھی ہے پیاس پیاسے کی کہیں اے یار شبنم سے ؟

بھرے گا دم کسی سے عشق کا کوئی نہ بعد اس کے
وجود عاشقی دنیا میں ہے رنجور کے دم سے

☆

اگلی غزل، مہجر تخلص کے تحت، مطابق 'کلام' صفحہ ۷۶:

تہ وبالا جہاں کو کر رکھا ہے اپنی اودھم سے

لیکن ساتویں شعر کے بعد 'بیاض' میں یہ شعر اضافہ ہے:

رہا ان کے سروں میں گر یہی سودا رقابت کا
ہلاک اک دن نہ کر ڈالیں کہیں اعدا مجھے بم سے

☆

بار سر سے ہوگئی قاتل سبکدوشی مری
میں نہ ہوں ممنوں تو ہے احساں فراموشی مری

اب کہاں ہے بار غم سے وہ سبکدوشی مری
چارہ گر اس ہوش سے اچھی تھی بے ہوشی مری

واعظ مغرور مانا یہ کہ میں مخمور ہوں
تیری خودبینی بھلی یا خود فراموشی مری؟

بادۂ الفت کے اے دل خم پہ خم پیتا تو ہوں
رنگ لائے گی کسی دن یہ بلانوشی مری

وہ گڑا مردہ مرا آخر اکھڑوا کر رہے
خوش نہ آئی ان کو تربت سے ہم آغوشی مری

توبہ کیا کی میں نے سمجھا شرع پر احساں کیا
ایسے تقویٰ سے کہیں بہتر تھی مے نوشی مری

شیشۂ دل پر مرے پندار کا داغ آگیا
شیخ ترک مے سے تو اچھی تھی مے نوشی مری

پوچھتے ہیں کررہے ہیں کیا ہمارا شکوہ آپ؟
کرتی ہے بدظن انھیں دل سے بھی سرگوشی مری

دم بخود پاکر مجھے وہ سنگ دل بھی رودیا
کم نہیں تاثیر میں نالوں سے خاموشی مری

یاسرہانے بیٹھے تھے یا دور وہ جابیٹھے اب
ہوش میں آنے سے تو اچھی تھی بے ہوشی مری

حال دل کیوں کرچھپے؟ چہرہ ہے دل کا آئینہ
کررہی ہے شوق کا اظہار خاموشی مری

ہے لباس عاریت سے عار مجھ دیوانے کو
کررہی ہے میری عریانی ہی تن پوشی مری

چارہ سازو بادۂ الفت سے ہے میرا خمیر
جانہیں سکتی کبھی ترشی سے مدہوشی مری

ہوشیارو ہومبارک آپ کو ہوش وحواس
اور ہو مسعود مجھ میکش کو مدہوشی مری

کہنے کو مرتا ہے قاتل کی ادا پر غیر بھی
کرنہیں سکتا مگر مقتل میں ہم دوشی مری

حشر کے میداں میں رسوا ہونے سے میں بچ گیا
اس کی رحمت کی ردانے کی خطا پوشی مری

مجرم الفت ہوں بہتر ہے لحد میں جاچھپوں
ہے مناسب حضرت رنجورہ روپوشی مری

☆

عروج سرفرازی کا عدو حق دار ہوتا ہے
مگر عاشق تمہارا مستحق دار ہوتا ہے

مسیحا کا نظارہ باعث آزار ہوتا ہے
دل شیدا دوا کو دیکھ کر بیمار ہوتا ہے

شفایاب اس سے مرجانے پہ [ہی] بیمار ہوتا ہے
غرض یہ ہے کہ مہلک عشق کا آزار ہوتا ہے

خدا کی شان مجھ سے عشق کا اظہار ہوتا ہے
اور اس پر لطف یہ ہے شکوۂ اغیار ہوتا ہے

مشیرکار جس کا عشق ناہنجار ہوتا ہے
وہ اے دل ایک دن رسوا سربازار ہوتا ہے

غضب دیکھو کہ کب ناوک جگر کے پار ہوتا ہے
کہ زہ میں تیر مژگاں کا ابھی سوفار ہوتا ہے

تمہارا نام کیا ہے؟ تم کہاں سے آئے؟ کیوں آئے؟
یہی مجھ سے سوال اس بزم میں ہربار ہوتا ہے

نظارہ جس کے چہرے کا ہمیں ہے مایۂ فرحت
وہی صورت ہماری دیکھ کر بیزار ہوتا ہے

کرواقرار پورا یا جواب صاف دو یہ کیا؟
کبھی اقرار ہوتا ہے کبھی انکار ہوتا ہے

لبوں پر جان ہے بیداریٔ شب ہائے ہجراں سے
ہمارا بخت خفتہ دیکھیں کب بیدار ہوتا ہے

نہیں وہ تیغ فولادی کہ جوشن دے پناہ اس سے
وہ شمشیر اور ہے جس کا دلوں پر وار ہوتا ہے
اڑا دو تن سے سر میرا کہ حاصل ہو سبکدوشی
اگر آنا مرا تم پر مری جاں بار ہوتا ہے
یہ میرا درد دل جائے گا میرے ساتھ تربت میں
علاج اس درد کا اے چارہ گر بے کار ہوتا ہے
کبھی جوش جنوں میں جب پتے کی بات وہ بولے
کہ دیوانہ بھی اپنے کام میں ہشیار ہوتا ہے
دل جاں بازنے میرے جہاں کوئی حسیں دیکھا
وہ اس پر جان دینے کے لئے تیار ہوتا ہے
مجھے ہے شوق دید اور ان کو لاف لن ترانی ہے
ادھر اصرار ہوتا ہے ادھر انکار ہوتا ہے
ادائے یار پر مرنا تو اے دل سہل ہے لیکن
فراق یار میں جینا بہت دشوار ہوتا ہے
سراپا آرزوئے وصل ہوں ہر چند ساکت ہوں
مرے شوق دروں کا چہرے سے اظہار ہوتا ہے
عجب کیا ہے اگر نار جہنم سرد ہوتی ہے
نفس میرا شب فرقت جب آتش بار ہوتا ہے
سر تسلیم خم کرتا ہے یہ چرخ ستم گر بھی
ہمارا ترک جس دم برسر پیکار ہوتا ہے
نہ یاد آتی ہے اب دل میں کسی کی چشم آہو کی
نہ دل میں شوق سیر وادی و کہسار ہوتا ہے
وفور انتظار دید سے پتھرا گئیں آنکھیں
میسر دیکھیں کب اے بت ترا دیدار ہوتا ہے

حقارت سے نہ دیکھو زاہدو رنجور عاصی کو
کہ عاصی مستحق رحمت و غفار ہوتا ہے

☆

میں مریض عشق ہوں کیسی دوا میرے لیے
ہاں اجل رکھتی ہے حکم اکسیر کا میرے لیے
کی دوا اس نے تو کی اس نے دعا میرے لیے
چارہ سازوں نے غرض سب کچھ کیا میرے لیے
دوست کیا دشمن کے بھی الوان نعمت ہاتھ آئے
خوان یغما میں مگر کچھ بھی نہ تھا میرے لیے
کیوں نہ میں مرنے پہ بھی تیغ دودم کا دم بھروں
قاتل اس کا آب تھا آب بقا میرے لیے
مجرم الفت ہوں جو چاہو کرو مختار ہو
پر روا رکھو نہ فرقت کی سزا میرے لیے
میں نے گویا ساری دنیا سے عداوت مول لی
یہ نتیجہ تیری الفت کا ہوا میرے لیے
بو اڑا لائی اگر اس زلف مشکیں کی تو خیر
ورنہ تو ہے ہیچ اے باد صبا میرے لیے
میں ہوں خواہان محبت مال کا طالب نہیں
ہیں برابر ہمدمو شاہ و گدا میرے لیے
تیری شوخی تیرا عشوہ تیرا غمزہ تیرا ناز
سحر ہے جادو ہے تیری ہر ادا میرے لیے
کیا رقیبوں کو پلا کر تو تہی کردے گا خم
میرے ساقی کچھ تو رکھ بہر خدا میرے لیے

کیوں طریق عشق میں ہو خضر کی مجھ کو تلاش
حضرت دل جب ہو تم سا رہنما میرے لیے
یہ جدھر مائل ہوا میں بھی ادھر ہی جھک گیا
دل ہے میرے سینے میں قبلہ نما میرے لیے
عاشقی کا قیس موجد تھا مکمل میں ہوا
ابتداً کس کے لیے تھی انتہا میرے لیے
لطف سے وہ شاہ خوباں گر مرے سر پر رکھے
تاج شاہی سے ہو بڑھ کر کفش پا میرے لیے
فکر جاہ و حرص مال وزر سے مستغنی ہے دل
تخت شاہی سے ہے بڑھ کر بوریا میرے لیے
میں مریض عشق کیوں لوٹوں نہ کوئے یار میں
اس گلی کی خاک ہے خاک شفا میرے لیے
کوبہ کو پھر کر کروں میں کیوں مسیحا کی تلاش
آستان یار ہے دار الشفا میرے لیے
اس ادا سے آپ دیکھیں گے تو بس میں جی چکا
یہ نگاہ ناز ہے تیر قضا میرے لیے
ان طبیبوں کی دواؤں کا نہ ہوگا کچھ اثر
موت ہی رنجور ہے بس اک دوا میرے لیے

☆

خاک پا ہو آپ کی جب کیمیا میرے لیے
بندہ پرور پھر کمی دولت کی کیا میرے لیے
وہ اگر رشک مسیحا ہے تو کیا میرے لیے
کیا وہ رکھتا ہے تپ غم کی دوا میرے لیے؟

غنچوں سے کیا کہہ رہی ہے؟ کیوں کھلے جاتے ہیں وہ؟
کیا نہیں ہے کوئی مژدہ اے صبا میرے لیے؟
گر قدم اس غیرت گلشن کے میرے گھر میں آئیں
ہوں گل و گل زار اس کے نقش پا میرے لیے
بار تھا اہل جہاں پر مرگیا اچھا ہوا
کیوں ہے وہ جان جہاں صرف عزا میرے لیے
منتظر ہوں دیکھیے آتا ہے کب پیک اجل
کب وہ لاتا ہے نوید جاں فزا میرے لیے
واسطے اعدا کے ہے لطف وکرم مہرووفا
ہے مگر ظلم وستم جور و جفا میرے لیے
کیا تری چشم فسوں گر کیا تری زلف سیاہ
ان میں سے ہر اک ہے میری خاں بلا میرے لیے
مئے بھی ہے ساقی بھی ہے مطرب بھی ہے سب ہیں مگر
بے ترے ہے ساری صحبت بے مزا میرے لیے
جتنے ہیں اغیار سب سے ملتے ہوتم بے حجاب
کیا ہے ساری شرم اور ساری حیا میرے لیے
پھیر کر منہ میری تربت سے نہ جائیں راہ رو
کرتے جائیں مغفرت کی وہ دعا میرے لیے
وصل جاناں جب ہے اے دل غیر ممکن بے وصال
کیوں نہ پھر رکھے فنا حکم بقا میرے لیے
میں اسے کیوں کر چھوؤں ڈر ہے مجھے یہ ڈس نہ لے
حکم افعی رکھتی ہے زلف دوتا میرے لیے
شیخ کے کہنے سے میں کیوں ترک مے نوشی کروں
فرض ہے پیر مغاں کی اقتدا میرے لیے

بعد مردن بھی مجھے دشنام سے کرتے ہیں یاد
کیا یہی ہے جاں نثاری کا صلہ میرے لیے
خضر کو شاید حیات جاوداں ہوگی عزیز
یہ دوروزہ زندگی تو ہے بلا میرے لیے
شاد مجھ ناشاد کو کرنے کی کوشش ہے فضول
ہمدمو عشرت کدہ ہے غم کدہ میرے لیے
تشنۂ آب دم شمشیر کب سے ہوں یہاں
کوچۂ قاتل ہے گویا کربلا میرے لیے
کیوں نہ میں مثل پرکاہ اڑکے پہنچوں اس کے پاس
وہ ہے اے رنجور مثل کہربا میرے لیے

☆

ہمدمو موزوں ہے بس آہ و فغاں میرے لیے
زیب وہ نعرے مسرت کے کہاں میرے لیے
گو مہیا ہے جہاں میں چارسو سامان عشق
بے تمہارے ہیچ ہے سارا جہاں میرے لیے
ہیں ستانے پر مجھے دونوں ہی تلے
اس میں یکساں ہیں زمین و آسماں میرے لیے
سارے گل سارے ثمر اوروں کو تونے دے دیے
کیا تھے سارے خار و خس اے باغباں میرے لیے
عاشقی کی سب کو دیتے ہیں سند بے امتحاں
بندہ پرور کیوں ہے شرط امتحاں میرے لیے؟
کیا خدا کے واسطے اے بت یہی انصاف ہے؟
اذن عام اغیار کو ہو پاسباں میرے لیے

میرے دل کے غم کدے کو کردے جو عشرت کدہ
مغتنم ہو کیوں نہ ایسا میہماں میرے لیے
آب حیواں کی ہو کیوں اے خضر مجھ کو جستجو
موت میری ہے حیات جاوداں میرے لیے
دیر کی کیوں جستجو ہو کعبے کی کیوں ہو تلاش؟
دیروکعبہ سب ہیں تیرا آستاں میرے لیے
کیوں نہ لوں بوسے پہ بوسے اس کے دن رات اے صنم
سنگ اسود ہے یہ سنگ آستاں میرے لیے
کشتہ اس گل کا ہوں تربت ہو مری گل زار میں
عندلیب خوش نوا ہو نوحہ خواں میرے لیے
ہوں مبارک آپ کو اے واعظو حوروقصور
کوچہ دل دار ہے باغ جناں میرے لیے
ہجر میں اس گل کے جب لے چٹکیاں دل میں بہار
کیوں نہ ہو اس سے کہیں بہتر خزاں میرے لیے
کیا قیامت ہے کہ آئی ہجر جاناں کی گھڑی
صور محشر تھی مؤذن کی اذاں میرے لیے
وقف کرنے تھے اگر اغیار پر خم ہائے مئے
رکھتے جام زہر ہیں اے مہرباں میرے لیے
وہ گل گلزار خوبی جب یہاں تشریف لائے
کلبہ احزاں نہ کیوں ہو گلستاں میرے لیے
اور کچھ اے عندلیب خوش نوا مجھ کو سنا
جاں گسل ہے عہد گل کی داستاں میرے لیے
تو جہاں ہو ڈھونڈھ کر تجھ کو نکالوں گا ضرور
یار یکساں ہے مکان و لامکاں میرے لیے

جب ہوا رنجور رخصت مجھ سے میرا لالہ رو
داغ دل دیتا گیا بہرنشاں میرے لیے

☆

خیر جب بنتے نہیں تم میزباں میرے لیے
کاش بن جاؤ کسی دن میہماں میرے لیے
ہے عدو سے باتیں کرنے میں تو تیز ان کی زباں
ہائے کیوں ہوجاتے ہیں وہ بے زباں میرے لیے
کچھ مجھے دنیا سے مطلب ہے نہ عقبیٰ سے غرض
تو ہے میری جاں متاع دو جہاں میرے لیے
سامنے اس بت کے رعب حسن سے کھلتی نہیں
ہمدمو بے کار ہے میری زباں میرے لیے
خوش بیانی سے مجھے ڈر ہے نہ بلبل کی طرح
ہو اسیری کا نہ باعث یہ زباں میرے لیے
سن نہیں سکتا ترے اوصاف بھی اغیار سے
رشک کا باعث ہیں تیری خوبیاں میرے لیے
کیا ہوا گر ہے عدو کے واسطے لطف وعطا
ہے تمہاری یاد تو اے جان جاں میرے لیے
دور میں جب لازم وملزوم ہیں اوج و (کمال)
کیوں نہیں اب اوج اے دورزماں میرے لیے
حسن صورت ہو اگر تیرے لیے اے بت تو میں
ہوں ترا مداح ہے حسن بیاں میرے لیے
پنجۂ صیاد سے چھٹنے کی کوشش ہے فضول
جب نہیں گلشن میں کوئی آشیاں میرے لیے

روز پڑھوا کر وہ سنتے ہیں نہایت شوق سے
مایۂ نازش ہے میری داستاں میرے لیے

چھوڑ اے ہمدم مجھے جانے دے صحرا کی طرف
باعث وحشت ہے سیر بوستاں میرے لیے

میں اور ایسے ضعف میں منت کش تیماردار؟
بار احساں بھی ہے اک بار گراں میرے لیے

اس کی گردش سے بلندی پھر مجھے ہوتی نصیب
ہوگیا ساکن مگر اب آسماں میرے لیے

پردہ اس پردہ نشیں کے عشق پر کیوں کر رکھوں
آہ اب دشوار ہے ضبط فغاں میرے لیے

نقد جاں دے کر خریدوں گا ترا سودائے زلف
گو بجائے سود ہے اس میں زیاں میرے لیے

کیا گزند آسیب ہائے دہر سے پہنچے مجھے
جب تری یاد اے صنم ہو حرز جاں میرے لیے

درد دل سے جب کلیجہ منہ کو اے رنجور آئے
کیوں نہ پھر دشوار ہو ضبط فغاں میرے لیے

☆

نہ رشک خور کی نہ ہے غیرت قمر کی تلاش
کسی کی ہے تو ہے معشوق خوش سیر کی تلاش

بگڑ نہ مجھ سے نہ تھی مجھ کو تیرے در کی تلاش
یہاں تلک مجھے لے آئی نامہ بر کی تلاش

یہ سینہ خود ترے تیر نظر کو روکے گا
بچاؤ کے لیے کیوں ہو مجھے سپر کی تلاش

ہمیں ہے مایۂ صد ناز اپنی بے کاری
نہ علم کا ہے تجسس نہ ہے ہنر کی تلاش

وہ کب کے ہو گئے قرباں تری اداؤں پر
تجھے عبث ہے ہمارے دل و جگر کی تلاش

دیاہے وادیٔ غربت کی سیر نے وہ مزا
کہ جستجو ہے وطن کی مجھے نہ گھر کی تلاش

نہ جستجو ہے ہمیں دیر کی نہ کعبے کی
ہمیں ہے رات دن اے یار تیرے در کی تلاش

یہ دل تو خنجر ابرو سے ہوچکا مجروح
وہ کر رہے ہیں عبث تیغ اور تبر کی تلاش

مجھے تو ہے تری شیرینیٔ کلام سے کام
نہ قند کی ہے ضرورت نہ ہے شکر کی تلاش

خود اپنے دل کو ہے معلوم منزل مقصود
طریق عشق میں پھر کیوں ہو راہ بر کی تلاش؟

جو سر ہی پھوڑنا ٹھہرا تو سنگ بہتر ہے
کروں میں کس لیے اس بت کے سنگ در کی تلاش

مہمّ عشق میں لذت کش مصائب ہوں
اسی لیے ہے مجھے راہ پر خطر کی تلاش

ہماری کشتیٔ دل ڈوبنے کو ہے تیار
نہ بحر عشق میں کیوں ہو اسے بھنور کی تلاش

مرے خرابۂ دل میں تو ہو کا عالم ہے
فضول ہے تجھے اے یار اس کھنڈر کی تلاش

کسی کو دھن ہو نہ سودائے زلف مشکیں کی
کسی بشر کو ہو یارب نہ دردسر کی تلاش

وہ ... سخن میں ہے مجھ پریشاں کے
کہ مبتدا کو بھی ہوتی ہے خود خبر کی تلاش

جب آسماں سے بلا کوئی ہوتی ہے نازل
تو سب سے پہلے وہ کرتی ہے میرے گھر کی تلاش

وہ رنج وغم کے لیے، رنج وغم ہیں اس کے لیے
فضول ان سے ہے رنجور کو مفر کی تلاش

☆

نہ جاہ ورتبہ کی خواہش نہ سیم وزر کی تلاش
مجھے تو ہے کسی معشوق سیم بر کی تلاش

ہمارے دل کو ہے اک چشم فتنہ گر کی تلاش
بجائے نفع ہے افسوس اسے ضرر کی تلاش

خود اپنے طول سے گھبراتی ہے یہاں تک وہ
کہ ہوتی ہے شب فرقت کو بھی سحر کی تلاش

جب ایک چیز ہو موہوم وہ ملے کیوں کر
مری نظر کو عبث ہے تری کمر کی تلاش

چرا چرا کے نظر مجھ کو دیکھتا ہے کوئی
کروں نہ سینے میں کیوں میں دل وجگر کی تلاش

یہ شوق کیوں ہے کسی شعلہ روپہ مرنے کا
ہمارے خرمن دل کو ہے کیوں شرر کی تلاش

کسی کی برق نظر کوند کر جو گرتی ہے
تو اس کو ہوتی ہے میرے دل وجگر کی تلاش

مرے دہن سے دعا جب کوئی نکلتی ہے
ادھر ادھر وہ کیا کرتی ہے اثر کی تلاش

میں ہوں وہ بلبل بے بال و پر چمن میں کہ ہے
بجائے گل مجھے خود اپنے بال و پر کی تلاش

ازل میں جب ہوئی سودائے زلف کی تخلیق
جبھی سے تھی اسے اے دل ہمارے سر کی تلاش

جنوں ہے عشق تمہارے لب اور دنداں کا
کہاں ہم اور کہاں لعل اور گہر کی تلاش

نہال دل پہ تو برق نگاہ ناز گری
عبث ہے آپ کو اس میں گل و ثمر کی تلاش

کسی طرح نہیں جاتی یہ ظلمت شب ہجر
نہ کیوں مجھے ہو کسی غیرت قمر کی تلاش

نہ پاؤں صورت راحت جو ربع مسکوں میں
مجھے نہ کیوں ہو کسی اور بحر و بر کی تلاش

کہیں وہ ٹانگیں تو اس کی نہ توڑ ڈالیں گے؟
نہ جانوں کیوں ہے انہیں میرے نامہ بر کی تلاش

مرے جنازے پہ سر پیٹتی ہیں آرزوئیں
تجھے عبث مرے ہمدم ہے نوحہ گر کی تلاش

نہیں یہ بے سبب اے ماہ تیری شب گردی
بتا کہ ہے تجھے کس غیرت قمر کی تلاش

مجھے تو ملتی ہے آزار عشق میں لذت
کروں میں کس لیے رنجورؔ چارہ گر کی تلاش

☆

ہزار جان سے قاتل پہ اپنے مرتے ہیں
ہم اپنی موت کا سامان آپ کرتے ہیں

رقیب سے تو وہ دم عاشقی کا بھرتے ہیں
مجھے سمجھ کے خریدار ناز کرتے ہیں

وہ بے پڑھے مرا خط پہلے چاک کرتے ہیں
پھر اس کے بعد کبوتر کے پر کترتے ہیں

قرار انہیں نہیں دو دن بھی قول پر اپنے
گر آج کرتے ہیں وعدہ تو کل مکرتے ہیں

کبھی چمن تھا کبھی جلوہ گاہ بلبل وگل
اسی میں آج بزوگاؤ گھاس چرتے ہیں
کسی کی زلفیں تو بگڑیں بھی اور بن بھی گئیں
ہمارے بگڑے ہوئے کام کب سدھرتے ہیں
ہماری خاک سے بھی کیا غبار دل میں ہے
کہ قبر سے بھی وہ منہ پھیر کر گذرتے ہیں
نگاہ لطف ہو اس کی کہ قہر کی ہو نظر
ہر ایک حال میں ہم اس کا شکر کرتے ہیں
عجیب حال ہے عشاق کا زمانے میں
کہ اس کو دیکھ کے جیتے ہیں جس پہ مرتے ہیں
ادب تو شیخ کا ہم کرتے ہیں مگر اس طرح
کہ ان کو دور سے جھک کر سلام کرتے ہیں
کہیں عدو تو نہ پیش آیا سردمہری سے؟
وہ کچھ دنوں سے جو یوں آہ سرد بھرتے ہیں
فضول بھرتی ہے دم گل کے عشق کا بلبل
کہ کوئی دم میں اب اوراق گل بکھرتے ہیں
جنھیں ہے بارغم خویش سے سبکدوشی
وہ مثل بوچمن دہر سے گذرتے ہیں
شناوری نہیں آسان بحرالفت میں
کروڑوں میں کہیں دوچار پار اترتے ہیں
پٹیں گے رندوں کے ہاتھوں سے اک نہ اک دن شیخ
یہ ان سے حرمت مئے پر جو بحث کرتے ہیں
بتائیں حضرت رنجور راست ہے کہ دروغ
سنا ہے اک بت کافر پہ آپ مرتے ہیں

☆

خطا کسی کی ہو الزام ہم پہ دھرتے ہیں
بتوں کے سامنے مجرم ہمیں ٹھہرتے ہیں

اداؤں پر بت سفاک کی جو مرتے ہیں
ہم اپنا کاسۂ عمر آہ آپ بھرتے ہیں

وہ شاہراہ سے بن ٹھن کے اب گذرتے ہیں
خدا ہی جانے کہ کس کس کو قتل کرتے ہیں

سنی جو نزع کی حالت مری تو وہ بولے
وہ مرتے ہیں تو ہماری بلا سے مرتے ہیں

عدو کے آگے تو بنتے ہیں گربہ مسکین
وہ ہم پہ شیر کی مانند کیوں بپھرتے ہیں

نکالتے ہیں وہ ہم پر رقیب کا بھی بخار
خطا تو وہ کرے الزام ہم پہ دھرتے ہیں

وہ آج کیا ہوئی اعداء سے گرمئ صحبت
اکیلے بیٹھے وہ کیوں آہ سرد بھرتے ہیں

ہے بحر عشق محیط اور ناخدا غافل
خدا ہی جانے کہ کب پار ہم اترتے ہیں

ہمارے کام سنور جائیں ان سے تو جانیں
نہیں تو ہم کو غرض کیا اگر سنورتے ہیں

نہیں خوش آتی انھیں کیا کسی کی دل جمعی
تمھارے شانوں پہ گیسو جو یوں بکھرتے ہیں

عدو کے پاس تو جانے میں ہیں بہت بیباک
مگر ہمارے گھر آتے ہوئے وہ ڈرتے ہیں

وہ مجھ کو دیکھ کے طنزیہ غیر سے بولے
کہ دم حضور مری عاشقی کا بھرتے ہیں

نہ جانیں کس پہ ستم توڑیں کس پہ آفت ڈھائیں
وہ آج کچھ عجب انداز سے نکھرتے ہیں

جو دوست سمجھے ہو اعداء کو پہلے دیکھ تو لو
کہ امتحان میں پورے بھی وہ اترتے ہیں

خدا کا شکر ہے دن آئے سینہ کوبی کے
کہ جوبن اس بت کافر کے اب ابھرتے ہیں

نہ پوچھو دوستو کچھ ہم سے حالت رنجور
تپ فراق میں جیتے ہیں وہ نہ مرتے ہیں

☆

اگلی غزل مطابق 'کلام' صفحہ ۶۵: خدا ہی جانے کتنے عاشق اب تک مار ڈالے ہیں،
لیکن 'بیاض' میں یہ اشعار زائد ہیں:

ترا تیر نظر کافی ہے عاشق کی ہلاکت کو
جراحت کے لیے کیوں اس قدر مژگاں کے بھالے ہیں

تری متوالی آنکھیں عاشقوں کو مست کرتی ہیں
یہ آنکھیں کاہے کو اے یار مئے کے دوپیالے ہیں
کہاں کے رشتے ناتے اورکیسے رابطے اے دل
نہیں مطلق ثبات ان میں یہ سب مکڑی کے جالے ہیں
خدا کا خوف کر کیوں تو انھیں پامال کرتا ہے
دل عشاق اے ظالم بڑے نازوں کے پالے ہیں
جو ہردم رکھتے ہو اعدائے بدباطن کو پہلو میں
سمجھ رکھو کہ تم نے آستیں میں سانپ پالے ہیں
حذر ہے تجھ کو لازم سائے سے بھی لالہ رویوں کے
کہ ان کے عشق میں اے دل بڑے جانوں کے لالے ہیں
ذرا انگور بندھ جائیں تو کرنا وار دل پر بھی
ابھی زخم جگر اے قاتل بے رحم آلے ہیں

☆

جی میں ہے لوں انتقام اس چرخ کج رفتار سے
خاک اسے کر دوں جلا کر آہ آتشبار سے
کام لے گا شیخ کیا اس وقت بھی انکار سے
خود وہ بت جب مئے پلائے گا اسے اصرار سے
کیا غرض ہے شیخ مجھ کو جبہ ودستار سے
بندہ ہوں اس بت کا مجھ کو کام ہے زنار سے
دل ہمارا شاد کیا ہو وعدۂ دیدار سے
آتی ہے انکار کی بو آپ کے اقرار سے
ڈر یہ ہے اے طفل دل مجھ کو ترے اطوار سے
میں نکالا جاؤں گا اک روز اس دربار سے
کیوں نہ دل بہلاؤں سیر وادی کہسار سے
سخت الجھن ہوتی ہے مشکل در و دیوار سے
ہم نہ جاتے کوچۂ قاتل میں لیکن کیا کریں
آئے ہیں تنگ اس دل جاں باز کے اصرار سے
وہ گل رعنا کھلائے گا نیا گل کوئی اب
کھل گیا یہ مجھ پہ نامے کے خط گلزار سے
ان کے زانو پر عدو کا سر ہے ان کو کیا غرض
اپنے سر کو کوئی ٹکرا لیا کرے دیوار سے
چاہ جس کی میرے دل میں ہے وہ یوسف اور ہے
مجھ کو کیا کام اے عزیز و مصر کے بازار سے

مئے پہ جب اے شیخ تیری رال ٹپکی پڑتی ہے
پی بھی لے کیا فائدہ اس ظاہری انکار سے

گر عیادت کرنے آئے ہو تو چپ کیوں بیٹھے ہو
کچھ تو باتیں تم تسلی کی کرو بیمار سے

یہ دلاسہ ہی دلاسہ ہے ترا اے غمگسار
کب کوئی جانبر ہوا ہے عشق کے آزار سے

لیں گے اب بوسے نہ ہم جو لے چکے وہ لے چکے
جانے دو اس قصے کو کیا فائدہ تکرار سے

جب کہا میں نے عدو کو ساتھ کیوں رکھتے ہیں آپ
بولے ہنس کر انس سا ہوتا ہے گل کو خار سے

حاجیو سعی و صفا و مروہ...... آپ کو
کام ہے دن رات مجھ کو گشت کوئے یار سے

وہ بھی کیا محو تماشائے رخ زیبا ہوئی
واپس آئی کیوں صبا اب تک نہ کوئے یار سے

ہے کسی رشک قمر کی ہم کو ہم خوابی نصیب
غیر جلتا ہے ہمارے طالع بیدار سے

تیر مژگاں کا ہدف بننے کی کیوں کر تاب لائے
دل تو چھلنی ہو رہا ہے طعنۂ اغیار سے

نرگسی آنکھوں سے کیوں کر دیکھیں وہ رنجور کو
کیا عیادت ہو سکے بیمار کی بیمار سے

☆

اگلی غزل 'متبحر' تخلص کے تحت 'مطابق کلام' صفحہ ۶۷:
شیخ صاحب کام میں کس طرح لوں انکار سے
لیکن اس کا درج ذیل مطلع 'کلام' کی غزل میں موجود نہیں:

حال عالی خاندانی کا نہ پوچھو یار سے
رشتہ اس کا ہے جو قیصر سے تو ناطہ زار سے

یہاں بیاض میں درج بالا مطلع کے بعد محض دو شعر موجود ہیں، جب کہ ان کے بعد اس غزل کے بقیہ شعر اور پھر اگلی چار غزلیں 'بیاض' میں موجود نہیں، غالباً متعلقہ اوراق ضائع ہو گئے ہیں۔ 'بیاض' میں اس غزل پر نمبر شمار ۲۱۹ درج ہے، جب کہ ان تین اشعار کے بعد غزل نمبر ۲۱۴ شروع ہوتی ہے۔ جو 'کلام' صفحہ ۳۶ پر موجود ہے: مرا بخت یہ اے ہم نشیں روشن کہاں ہوگا؛ پھر اس کے بعد 'کلام' صفحہ ۶۲ کی یہ غزل تحریر ہے: اسی انداز سے اے دل اگر دور زماں ہوگا؛ لیکن یہاں یہ مطلع ثانی تحریر ہے، جو 'کلام' میں

شامل نہیں:

کہوں میں تم سے کیا آیندہ کیا ہندوستاں ہوگا
نئی تہذیب کے صدقے میں یہ رشک جناں ہوگا

☆

مدد اے ناخدا خطرے میں میری کشتیِ دل ہے
ہوا ہے تند دریا پر تلاطم دور ساحل ہے
تری ہر اک ادا اے یار مجھ سے طالب دل ہے
کروں اس دل کو کیوں کر ٹکڑے ٹکڑے سخت مشکل ہے
وفا کی اس سے ہے امید کس دھوکے میں اے دل ہے
ترا نقش اصل یہ یاد رکھ اک نقش باطل ہے
ترے پائے حنائی کا جو دل دادہ مرا دل ہے
کر اس کو شوق سے پامال تو یہ اس کے قابل ہے
نہ کیوں کر اس کے غم میں روتے روتے کو رہوں آنکھیں
کہ مدت گذری جب سے گم مرا یوسف شمائل ہے
اسیر حلقۂ گیسو اسے اے شاہ خوباں رکھ
مرا آوارہ دل مستوجب قید سلاسل ہے
نہ کیوں کاشانہ تاریک میرا آج روشن ہو
کہ اس میں رونق افروز ایک رشک ماہ کامل ہے
اگر کعبہ بغل میں ہو تو جج سے دل ہو مستغنی
کہ منزل پر پہنچنے کا محرک بعد منزل ہے
ہماری کشتیٔ دل ڈوبتی ہے کس جگہ آکر
کہ اس کے آگے پھیلائے ہوئے آغوش ساحل ہے

جو ہر دم یاد نذارنے کی رہتی ہے ترے دل میں
یہ تیری زر پرستی شرک میں اے شیخ داخل ہے
مراقصہ سنو میں زندہ ہوں جانے دو افسانے
نہ اب مجنوں و لیلیٰ ہیں نہ ناقہ ہے نہ محمل ہے
کسی صورت نہیں کٹتی رگ جاں اپنی کیا کیجے
برا ہو سخت جانی کا کہ شل بازوئے قاتل ہے
لکھا جب میں نے یا خود آؤ یا مجھ کو بلا بھیجو
جواب اس نے یہ بھیجا یہ بھی مشکل وہ بھی مشکل ہے
جو دیکھا آئینہ اس بت نے چھوڑی لاف یکتائی
وہ سمجھا یہ کہ میرا بھی کوئی مد مقابل ہے
الٰہی اس کی دو آنکھوں سے کس کس پر گری بجلی
کوئی مردہ ہے کوئی نیم جاں ہے کوئی بسمل ہے
چمن میں بہر گلگشت آج کس گل کے قدم آئے
یہ کس کے خیر مقدم کے لیے شور عنادل ہے
مجھے اے شیخ جی تم کوچہ جاناں میں رہنے دو[1]
نہ میں جنت کے قابل ہوں نہ جنت میرے قابل ہے
تصدق ہو گیا اس شمع رو پر میں تو وہ بولا
کہ افسوس آج پروانے سے خالی میری محفل ہے
گر اس کو دیکھ لو سر اس کے آگے خود کرو تم خم
کچھ ایسی شان والا ناصحو میرا وہ قاتل ہے
عبث اے قیس تو ہے نجد کی وادی میں سرگرداں
یہ تیرا خانۂ دل خود تری لیلیٰ کا محمل ہے

۱۔ یہ مصرعہ اولاً یوں لکھا گیا تھا: اگر دے دے وہ مجھ عاصی کو ہے اس کا کرم ورنہ

جوانی میں گیا ناشاداں رنجورؔ دنیا سے
جوانو تم نے دیکھا دل لگانے کا یہ حاصل ہے
قیام چند روزہ ہو چکا وقت رحیل آیا
مگر رنجورؔ سامان سفر سے آہ غافل ہے

☆

ملا ثمرہ یہ تم سے دل لگا کے — ملے مٹی میں جاں اپنی گنوا کے
اڑا لائی ہے بوئے زلف مشکیں — نہ کیوں ممنون ہوں بادصبا کے
سبکدوش آئے تھے دنیا میں لیکن — چلے بار گنہ سر پر اٹھا کے
کسی کو مشفق صادق نہ پایا — اک اک کو میں نے دیکھا آزما کے
کیا کیوں میں نے دل بے سوچے سمجھے — حوالے اک بت ناآشنا کے
جھکا دیتے ہیں مہروماہ وانجم — سر اپنا آگے اس یوسف لقا کے
عدو کرتا ہے ان سے سرد مہری — وہ پچھتاتے ہیں میرا دل جلا کے
گر اس رشک پری کو دیکھ لے گا — اڑیں گے ہوش شیخ پارسا کے
ہمیشہ رکھتے ہیں شوخی کو ہمراہ — یہاں کیوں ساتھ آتے ہو حیا کے؟
تری یہ مست خواب آلودہ آنکھیں — رہیں گی خاک میں ہم کو سلا کے
شبیہ ان کی میں کیوں کر ان سے مانگوں — وہ اے دل بدگماں ہیں انتہا کے
جو عقل و عشق میں جھگڑے پڑے ہیں — کرشمے ہیں یہ چشم فتنہ زا کے

بتوں کی نذر کی جاں تم نے رنجورؔ
چلے کیا لے کے اب آگے خدا کے؟

☆

اگلی غزلیں مطابق 'کلام' علی الترتیب صفحہ ۶۸: ہرگز نہ ہو کسی کو بھی رغبت شراب سے؛ لیکن 'کلام' میں سولہویں شعر کے بعد یہ دو شعر موجود نہیں:

اہل جہاں کے خوف ملامت کاذکر کیا
عقبیٰ کی جاتی رہتی ہے ہیبت شراب سے
ام الخبائث اس لیے رکھا ہے اس کانام
پڑتی ہے ہر طرح کی بری لت شراب سے

صفحہ ۳۷: مرے کاشانے میں جب وہ شہ اصنام آیا
صفحہ ۳۸: مدح لکھ بھیجنے پر تحفۂ دشنام آیا

☆

یہ دام زلف میں پھنسنے کا ولولا کیا ہے
نہ جانوں طائر دل کو مرے ہوا کیا ہے
تو اپنے دشمن جانی پہ مبتلا کیا ہے
بتا تو اے دل ناداں تجھے ہوا کیا ہے
نہ پوچھ مجھ سے تو اے یار مدعا کیا ہے
مراد میری ترے وصل کے سوا کیا ہے
اگر وہ وعدہ فراموش ہے گلہ کیا ہے
وہ جانتا ہی نہیں وعدے کی وفا کیا ہے
طبیبو میرے مداوا سے فائدہ کیا ہے
سوائے موت تپ عشق کی دوا کیا ہے
درشت ہوتے ہیں دل نرم گال والوں کے
سمجھ میں کچھ نہیں آتا یہ ماجرا کیا ہے
سنی مرے دل مجذوب کی جو بڑ تم نے
بتاؤ اس میں خبر کیا ہے مبتدا کیا ہے
کسی کے افعی گیسو کا کیوں کیا سودا
ہمارے اس دل دیوانے کو ہوا کیا ہے
وہ میرے شیشۂ دل کو کریں گے چکنا چور
کہ کم سنی کا سوا اس کے مقتضا کیا ہے
ترے گدا کو میسر جو خاک پا ہو تری
نظر میں اس کی پھر اے یار کیمیا کیا ہے
ذرا تو سوچو مری جاں مرا متاع دل
جو ایک بوسے پہ مل جائے تو برا کیا ہے
یہی ہے کج نظری گر تو جی چکے عاشق
یہ ان کے حق میں قضا ہے تری ادا کیا ہے
جناب شیخ یہ مانا کہ مے کشی ہے حرام
مگر جو مفت ملے مئے تو ناروا کیا ہے
عدو سے کیا ہوئی ان بن کہ میرے گھر آئے
بتائیے مجھے سچ سچ کہ ماجرا کیا ہے

کچھ ایسا صابر و شاکر ہے دل مرا رنجور
کہ جانتا ہی نہیں شکوہ کیا گلہ کیا ہے

☆

نہیں معلوم کیا سوجھی ہے میری چشم گریاں کو
تلی ہے فاش کرنے پر یہ راز عشق پنہاں کو

نہ دیکھیں گے اٹھاکر آنکھ ہرگز حور وغلماں کو
خدا سے مانگیں گے فردوس میں اس راحت جاں کو

اگر تم دیکھ پاؤ میرے رشک ماہ کنعاں کو
تواس کی چاہ میں اے ناصحوتم بھی کنویں جھانکو

مناسب کیا نہ تھا اے ہمدمو اس شاہ خوباں کو
کہ آباد آکے کرتا میرے دل کے ملک ویراں کو

وہ کیوں کر آکے تیرے لعل لب کے سامنے ہوتا
بدخشاں میں چھپایا شرم نے لعل بدخشاں کو

کہیں گے آج جاکر تجھ کو دشمن نے بلایا ہے
اٹھادیں گے ہم اس حیلے سے اس کے در سے درباں کو

ہوئیں یہ چشمہائے ترسبب میری رہائی کا
گرایا میری سیل اشک نے دیوار زنداں کو

کبھی سر میں نہ سودا ہندوئے زلف صنم کا ہو
خدا محفوظ رکھے اس بلا سے ہر مسلماں کو

جنون کا بول بالا ہو مرے پھر بڑھ گئے ناخن
سلامت اب نہ رہنے دیں گے یہ جیب وگریباں کو

کوئی پکڑے نہ اے قاتل تجھے بہر قصاص آکر
ہمارے داغ خوں سے پاک کر جلد اپنے داماں کو

مرے دست جنوں کو چین کب آئے گا اے ہمدم
اڑادیں گے نہ جب تک وہ اک اک تار گریباں کو

جنون و وحشت و دیوانگی نے ساتھ کب چھوڑا
اگر میں بہو تنہائی گیا سیر بیاباں کو
جگہ جس دل میں دی اس بت کو دوں حوروں کو میں کیوں کر
حذر ہے شرک سے اے شیخ لازم ہر مسلماں کو
جنوں پھر زور پر ہے پھر مرے تلوے کھجاتے ہیں
سنادے جاکے یہ مژدہ کوئی خار بیاباں کو
مرادم گھونٹے دیتی ہے شب ہجراں کی تاریکی
الٰہی بھیج دے گھر میرے اس شمع شبستاں کو
رہے دل میں زلیخا کے نہ ہرگز چاہ یوسف کی
اگر وہ دیکھے آکر میرے رشک ماہ کنعاں کو
بپا کیوں خانہ جنگی میری عقل و عشق میں کردی
یہ کیا سوجھی شرارت آپ کی اس چشم فتاں کو
ہمارے دل کا شیرازہ بکھرنے پر ہیں آمادہ
خدا کے واسطے سلجھاؤ تم زلف پریشاں کو
وہ بت اے شیخ یکتائے زماں غارت گری میں ہے
چھپائے اس سے کیوں کر کوئی اپنے دین وایماں کو
تمہاری ہائے درد دل سے یہ کیا ہو گئی حالت
دیا دل تم نے اے رنجور کیوں اس دشمن جاں کو

☆

اگلی دو غزلیں 'کلام' صفحہ ۶۹ پر درج غزل: دغا سے کب جبلت اس بت پر فن کی خالی ہے، کے مخلوط اور مزید اشعار پر مشتمل ہیں:

تجلی یار کی اغیار کے حق میں جمالی ہے
مگر میرے لیے ہر وقت شان اس کی جلالی ہے

دغا سے کب جبلت اس بت پر فن کی خالی ہے
نہ جانا اس پہ تو اے دل کہ صورت بھولی بھالی ہے
ضرورت کیا مجھے اے [فضل] تیری رہنمائی کی
کہ راہ عشق تو خود میرے دل کی دیکھی بھالی ہے
ہرا ہے تیرے باران کرم سے مزرع دشمن
مری قسمت کہ میرے ملک دل میں خشک سالی ہے
ضرورت عرض مطلب کے لئے کیا لب کشائی کی
مری جان آپ کے عاشق کی صورت ہی سوالی ہے
یہ ویراں بھی نہیں گو شادی و بہجت نہیں اس میں
تمہاری یاد سے کب خانۂ دل میرا خالی ہے
یقیں کیوں کر ہو وہ رشک قمر گھر میرے آئے گا
مری قسمت کہاں اے نامہ بر ایسی اجالی ہے
ترا نخل تمنا پا چکا نشو و نما اے دل
مثال سبزہ قسمت میں تو اس کی پائمالی ہے
مزا میں وصل کا ایام ہجراں میں بھی پاتا ہوں
نظر کے آگے ہر دم تیری تصویر خیالی ہے
جفائیں اس کی گو کوشش کریں اس کی کہ پھر جائے
طبیعت اس پہ جب آئی پھر اس سے پھرنے والی ہے
تری شیریں کلامی کے مزے کا پوچھنا ہی کیا
کہ شیریں تر نبات و قند سے بھی تیری گالی ہے
تمہاری مانگ مانگا کرتی ہے عاشق سے جان اس کی
رہ ملک عدم اس کے لیے گویا نکالی ہے
ستالے خوب مجھ کو اے بت بے پیر دنیا میں
مگر یہ یاد رکھ عقبیٰ میں پرسش ہونے والی ہے

کہاں یہ ناز یہ عشوے یہ غمزے ماہرویوں کے
تری جو جو ادا لے رشک مہ ہے وہ نرالی ہے
کہاں اے بت کوئی تجھ سا حسیں ساری خدائی میں
نہ جانیں تیری صورت اس نے کس سانچے میں ڈھالی ہے
سفر کیوں کر کرے گا اے اجل رنجور عقبیٰ کا
کہ وہ توذی فراش اب مثل تصویر نہالی ہے

☆

سخن سنجان نام آور سے دہلی آہ خالی ہے
نہ ذوق و داغ و مومن ہیں نہ غالب ہے نہ حالی ہے
صلہ کیا اے شہہ خوباں ثنا خوانی کا گالی ہے
ترے دربار کی یہ رسم دنیا سے نرالی ہے
امید و آرزوؤ جاکے ڈھونڈھو دوسرا مسکن
کہ اب اس عاشق بے دل کا سینہ دل سے خالی ہے
عدو کا دل لیے رہتے ہیں وہ ہر وقت ہاتھوں میں
مگر اک دل ہمارا ہے کہ وقف پائمالی ہے
کبھی آئینے میں تو نے شبیہہ اپنی نہیں دیکھی
کہ تجھ کو آج تک اے بت غرور بے مثالی ہے
بجائے وصل کیوں کرتے نہیں تم وعدۂ فرقت
اگر تم نے قسم وعدہ وفا کرنے کی کھالی ہے
کہاں تک دم بخود رہ کر سنوں لاف و گزاف ان کی
جناب شیخ ہیں اب اور یہ رندلا ابالی ہے
ہمارے دل کو مٹھی میں وہ لے کر ہم سے کہتے ہیں
کہ ہم نے ایک اچھی سی تمہاری چیز پالی ہے

خبر ہے او دل سرشار جام وصل کچھ اس کی
کہ فرقت کی گھڑی اب کوئی دم میں آنے والی ہے
قتیل خنجر ابرو تو پہلے ہی کیا ہم کو
اب آخر کس لیے شمشیر قاتل نے نکالی ہے
گرائے دل "ہر کمالے را زوالے" کی مثل سچ ہے
تو جائے شکر ہے یہ بھی کہ مجھ میں بے کمالی ہے
سمجھ مجھ کو نہ بیکس اے عدو میں تجھ سے بہتر ہوں
وہ بت ہے گر ترا حامی مرا اللہ والی ہے
مرے دل کو وہ چٹکی سے مسل کر مجھ سے کہتے ہیں
یہ کیوں مائل ہوا مجھ پر یہ اس کی گوشمالی ہے
مجھے جب دیکھتا ہے پوچھتا ہے مجھ پہ عاشق ہو؟
نئی ترکیب میرے چھیڑنے کی یہ نکالی ہے
عبث اس بے وفا سے شکوہ ہے ناقدردانی کا
کہ نزدیک اس کے اے دل خیر خواہی بدسگالی ہے
غزل جب ان کی پڑھتا ہوں زباں چٹخارے بھرتی ہے
غضب کی حضرت رنجور میں شیریں مقالی ہے

☆

اگلی غزلیں مطابق کلام، علی الترتیب۔

صفحہ ۵۱: نام لے اللہ کا اس بے وفا کی یاد چھوڑ
صفحہ ۳۸: میری آہ نارسا دکھلائے گی تاثیر کیا
صفحہ ۳۹: ہے سوا اخلاق کے اے دوستو تسخیر کیا
صفحہ ۶۵: اف رے نیرنگ زماں شادی کہیں ہے غم کہیں

لیکن یہ دو شعر 'کلام' میں علی الترتیب آٹھویں اور گیارہویں شعر کے بعد موجود نہیں:

وہ قسم کھاتا تو ہے اب مجھ سے ملنے کی مگو
کھانہ جائے اس سے پہلے مجھ کو اس کا غم کہیں

ہے جوافزونی ہماری لذت آزار میں
ڈر یہ ہے اس کی جفائیں ہو نہ جائیں کم کہیں

صفحہ ۶۱: جانبر گراب کے ہو گئے زخم جگر سے ہم
صفحہ ۴۰: کسی کے حسن کا رعب اپنے دل سے جا نہ سکا

☆

پڑے ہیں دور ابھی تک ہم ادھر پہلے ہی منزل سے
فراغت پاچکے اغیار ادھر قطع مراحل سے

اگر چھٹ بھی گیا دامان قاتل دست بسمل سے
نہ داغ خون بسمل چھٹ سکا دامان قاتل سے

بہت آساں ہے ملنا ایک دل کا دوسرے دل سے
مگر دنیا میں رنجور اہل دل ملتے ہیں مشکل سے

حیات اپنی گھٹاتا ہے بڑھانا ربط قاتل سے
یہ سچ ہے ناصحو پر کیا کروں مجبور ہوں دل سے

کہاں اے بخت یہ امید اپنی کشتیِ دل سے
کہ جاکر یہ بھی ہوگی ہم کنار اک روز ساحل سے

بھرے آتے ہیں زخم دل یہ پھر آلے نہ ہو جائیں
نہ کرنا منفعل اے ناخن غم تیغ قاتل سے[1]

۱۔ اس شعر کو لکھ کر قطع کر دیا گیا ہے۔

ملائیں مجھ سے آنکھیں اس سے کیا ہوتا ہے اے ہمدم
کسی صورت سے ان کا دل نہیں ملتا مرے دل سے

مرے ہی قتل میں کیا ساری قوت صرف کرڈالی
اٹھا پھر کیوں نہ میرے بعد خنجر دست قاتل سے

نگاہ شوق مجنوں رخنہ کرڈالے گی پردے میں
نکلتی گر نہیں لیلیٰ نہ نکلے اپنے محمل سے

نہ ہو منظور اگر جلنا تجھے مانند پروانہ
لگانا لو نہ تو اے دل کبھی اس شمع محفل سے

جہاں زلف سیہ دیکھی یہ اس پر ٹوٹ کر آیا
نہیں ڈرتا دل سودا زدہ قید سلاسل سے

تری اک یاد نے میری رفاقت کی قیامت تک
گئے سب یار واپس قبر کی پہلی ہی منزل سے

خدا ہی جانے کب اس کعبۂ مقصود تک پہنچوں
کہ ہوں بے مرکب و رہبر اور اس پر دور منزل سے

رواں ہے اب تک اسپ عمر یکساں تیز گامی سے
نہ تھکتا ہے نہ ہمت ہارتا ہے بعد منزل سے

تعجب ہے کہ عاشق کیوں دلآرام اس کو کہتے ہیں
کہ دل تھامے نکلتا ہے ہر اک شخص اس کی محفل سے

شریک دور کیا ہوں میں بغیر اس گل کے اے ساقی
مئے جاں بخش ہرگز کم نہیں زہر ہلاہل سے

اگر اے قیس تیرے دل میں جذب شوق صادق ہے
ابھی لیلیٰ تجھے دکھلائے جلوہ اپنے محمل سے

فراق یار میں بھی کیوں نہ وصل یار حاصل ہو
وہ گو ہے دور آنکھوں سے مگر نزدیک ہے دل سے

اگر خاطر مئے جاں بخش سے کرنی تھی اعداء کی
تواضع کاش وہ کرتے مری زہر ہلاہل سے
جناب شیخ بے شبہہ جہنم کے ہیں داروغہ
معاذاللہ کسے انکار ہے ان کے فضائل سے
مرے اس سنگ دل کے ہجر میں خوں تھوک کر جو ہم
تواب آکر وہ لپٹا ہے ہماری قبر کی سل سے
وہ بولے میرے چہرے پر کہاں ہے داغ بتلاؤ
جو تشبیہ اس کو دی رنجور میں نے ماہ کامل سے
رہے گا در پہ وہ کب تک کھڑا امیدواری میں
زکوٰۃ حسن دیجے اور دعائیں لیجے سائل سے
مرا چرچا تو اب تک ہے وہاں اے دل یہ کیا کم ہے
بلا سے میں نکلوایا گیا اس بت کی محفل سے
کہیں کیوں کر کہ انساں اس زمانے کے بھی انساں ہیں
کہ پائی جاتی ہے اب انس کی بو ان میں مشکل سے
کمی کس بات کی ہے اس ترقی کے زمانے میں
مگر اخلاص والے دوست اب ملتے ہیں مشکل سے
بظاہر بزم میں بازو بہ بازو بیٹھتے ہیں ہم
مگر ملتا نہیں ہے ایک دل بھی دوسرے دل سے
اگر آنکھوں میں اپنی نور اخلاص وصداقت ہو
دکھائے لیلیٰ مقصود جلوہ اپنے محمل سے
جب آتے ہیں تو آتے ہیں ہمیں تخفیف کی مد میں
ہمیں اس دفتر عالم میں ہیں اک مدّ فاضل سے
طلسم دہر کو سیل فنا نابود کردے گی
امیدیں اپنی کیا وابستہ ہوں اس نقش باطل سے

ازل ہی سے پڑا ہے دردِ الفت اس کے حصے میں
مزا اس درد کا پوچھے کوئی رنجور کے دل سے

☆

اگلی غزلیں مطابق کلام 'علی الترتیب ——

صفحہ ۴۰ : کیا کہوں اے یار تیرے ہجر میں کیوں کر رہا
صفحہ ۴۱ : بھلا کیا پوچھتا ہے تیرے شانے کی رسائی کا
صفحہ ۴۲ : گلہ کیا کر رہا ہے بے رخی کا کج ادائی کا

یہاں ساتویں شعر کے مصرعہ اولیٰ کو یوں ہونا چاہیے:

نکالا میں گیا جس بزم سے سو بار ذلت سے

***

ڈاکٹر زرینہ خان

شرفنامہ احمد منیری

نسخۂ حبیب گنج مولانا آزاد لائبریری علیگڑھ *

فارسی ادب میں لغت نویسی کا فن قدیم ترین ہے۔ ہندستان میں آٹھویں صدی ہجری کے اوائل میں اس فن کی ابتدا ہوئی اور فرہنگ قواس مصنفہ فخر الدین مبارک قواس لکھی گئی۔ یہ زمانہ علاؤالدین خلجی کا (متوفی۔ ۷۱۵ھ) تھا۔ اس کے علاوہ ادات الفضلا جس کا مصنف قاضی خان بدر محمد دھاروال، دہلی کا رہنے والا تھا۔ زفان گویا مصنفہ بدر ابراہیم فاروقی ۔ نصیب اخوان۔ دستورالاخوان بحر الفضائل، تحفۃ السعادہ وغیرہ لغات لکھی گئیں اور موجودہ دور میں دستیاب ہیں۔ گیارہویں صدی ہجری میں 'فرہنگ جہانگیری' جیسی عظیم لغت تحریر ہوئی جو تقریباً تمام لغات کے لئے ایک اہم ماخذ ہے۔ اس کے بعد اس ذخیرے میں برہان رشیدی۔ خان آرزو۔ ٹیک چند بہادر۔ محمد شاہ وغیرہ نویسندگان نے اپنی لغات کا بیش بہا اضافہ کیا۔ ہندستان میں تحریر کردہ لغات میں شرفنامہ احمد منیری خصوصی اہمیت وافادیت کی حامل ہے۔ اس کے مصنف ابراہیم قوام فاروقی ہیں جو نویں صدی ہجری کے عالم و فاضل لغت نویس تھے۔ زیر نظر مقالہ "شرف نامہ" سے متعلق ہے جس میں راقم الحروف نے شرف نامہ کے علیگڑھ یونیورسٹی کے کتب خانہ مولانا آزاد میں موجود واحد قلمی نسخہ کا تفصیلی تعارف پیش کیا ہے۔ ابراہیم قوام فاروقی کا زمانہ باربک شاہ حاکم بنگال کا عہد ہے یعنی ۸۶۲ھ اور یہی اس لغت کی تصنیف کا زمانہ بھی ہے

---

* خدابخش لائبریری میں شرفنامہ احمد منیری کے دو نسخے موجود ہیں، جن کی تفصیل یوں ہے: H.L. 777 ۱۷۰۰ء ۴۵۱ اوراق: H.L. 778 ۱۲۱۸ھ، ۲۷۸ اوراق، نسخہ ثانی ناقص الاول ہے۔ مدیر

یعنی ۷۹ھ۸۔ ۸۶۲ھ۔ ابراہیم قوام کو بہار کے مشہور صوفی بزرگ شرف الدین احمد یحییٰ منیری سے انتہائی عقیدت اور روحانی لگاؤ تھا یہی سبب ہے کہ انھوں نے اپنی لغت کا نام انھیں صوفی بزرگ کے نام پر "شرف نامہ احمد منیری" رکھا۔ابراہیم قوام عالم و فاضل تھے انھیں عربی فارسی اور ترکی پر مکمل عبور تھا۔یہی سبب ہے کہ اپنی لغت میں فارسی الفاظ کے ساتھ عربی اور ترکی الفاظ بھی تحریر کئے ہیں۔اس مقالہ میں راقم الحروف نے شرف نامہ کی ادبی لسانی اہمیت اور اس کا تنقیدی جائزہ پیش نہیں کیا ہے۔ پروفیسر طارق حسن صاحب صدر شعبۂ فارسی اے۔ ایم۔ یو نے اس کا تنقیدی مطالعہ کیا ہے اور ان کی تھیس اس موضوع پر آچکی ہے جس کا مقدمہ چھپ چکا ہے۔اس لئے یہاں تنقیدی مطالعہ سے گریز کیا جارہا ہے ذیل میں قلمی نسخہ علیگڑھ کا تفصیلی تعارف پیش کیا جارہا ہے۔

مولانا آزاد لائبریری علیگڑھ کے شعبۂ مخطوطات میں "شرف نامہ احمد منیری" کا واحد قلمی نسخہ حبیب گنج کلکشن میں نمبر ف ۵۳ / ۲۲ پر موجود ہے سائز "۵ x "۹۔ اوراق ۳۶۲۔ سطر ۱۷۔

اس نسخے پر کتب خانہ حبیب گنج کی مہر ۱۳۱۴ھ ثبت ہے۔ یہ نسخہ انتہائی کرم خوردہ ہے۔ اوراق Lamination کئے ہوئے ہیں۔ یہ نسخہ معمولی طور پر ناقص الاول اور معمولی طور پر ناقص الآخر ہے یعنی آخر میں باب "یا" میں فصل فی الغین تک ہے۔ ابتدا۔ قصیدہ حمد و نعت میں ہے جس میں ۲۹ ابیات ہیں۔

بیت اول۔

ہمش نام محمود احمد نہاد — خدایش دگر ہر چہ میخواست داد

بیت آخر۔

کرا مہر سادات افزوں بود — ز آیات در حفظ بیچون بود

حمد کے قصیدے کے بعد مدح قطب اقطاب عالم مخدوم جہان شیخ شرف الدین احمد بن یحییٰ منیری کے زیرعنوان ان صوفی بزرگ کی مدح میں قصیدہ ہے جس میں تقریباً ۳۱ اشعار ہیں۔

بیت اول۔

مغیث جہاں سرور منبر است   کہ خاک در روضہ اش عنبرست

اس قصیدے کے بعد مقدمہ شروع ہوتا ہے۔ مقدمہ میں ابراہیم قوام نے حضرت مخدوم جہاں شرف الدین احمد منیری سے اپنی بے پناہ عقیدت روحانی تعلق کا ذکر کیا ہے اور خود کو ان کا خادم بتایا ہے۔ اس فرہنگ کی وجہ تسمیہ کے متعلق یہ شعر نقل کیا ہے۔

سراپا کہ مملوز دڑ دری است   شرف نامہ احمد منیری است

مقدمہ میں مصنف نے اعتراف کیا ہے کہ اس نے دوسری متعدد لغات سے استفادہ کیا ہے اور ان لغات کے نام بھی لکھے ہیں۔ فارسی لغات کے علاوہ عربی اور ترکی لغات کا حوالہ بھی دیا ہے۔ لفظ کی تشریح کے ضمن میں سینکڑوں اشعار نقل کئے ہیں۔ ان اشعار میں بہت سے خود اپنے کہے ہوئے نقل کئے ہیں اور بہت سے دوسرے استادان سخن کے کلام کے نمونے ہیں۔ اس کے متعلق خود ابراہیم قوام رقم طراز ہیں "در تحت ابواب بیش از وصول لغات اشعار خویش آوردہ و بعضی از غزلیات منشیات خود درج کردہ باعث و موجب آن غرض عرض ہنر است نہ تائید واستشہاد واختصار پیشہ مصطلحات شعرا بہ لفظ معنی معین گردانیدہ"۔ اس کے بعد مصنف استادان سخن خداوندان معنی سے درخواست کرتا ہے کہ جب یہ فرہنگ ان کے زیر مطالعہ ہو تو وہ اسے قبول فرمائیں اور کوتاہیوں کو در گزر کریں اور اغلاط کی اصلاح کریں اور اپنے قیمتی آراء سے نوازیں۔ اس کے بعد مقدمے میں باب حروف المعانی والفواید کے عنوان کے تحت تمام حروف الف تا ی کے معنی نقل کئے ہیں۔

فصل فی الالف

الف۔   ساکن بمعنی ملازمت آید۔ الف کے معانی واس کی متعدد امثال درج کی ہیں بہت سے شعراء مثلاً نظامی گنجوی۔ سعدی شیرازی۔ خاقانی۔ فردوسی۔ قطران۔ کمال

الدین سپاہانی وغیرہم کے اشعار نقل کئے ہیں۔ "فصل فی الہمزات" کے زیر عنوان "ہمزہ" کے عربی معنی مع امثال کے نقل کئے ہیں۔ اسی طرح فصل فی البای۔ فصل فی التای۔ فصل فی الشین۔ فصل فی الکاف والجیم الفارسی مع الہای" فصل فی المیم۔ فصل فی الالف والنون۔ فصل فی الباء والنون۔ فصل فی الواو فصل فی الہااور فصل فی الیای وغیرہا کے عنوان کے ذیل میں ان الفاظ کے معنی اور مکمل شرح لکھی ہیں اور اپنے بیان کی تصدیق کے لئے استادان سخن کے اشعار نقل کئے ہیں۔ مقدمہ میں ہی "فصل الحروف الجمع" کے زیر عنوان لفظ کی جمع بنانے کا طریقہ مع امثال کے نقل کیا ہے مثلاً لبان وچشمان وابروان وغیرہا اسی طرح فصل فی اللام مع الراء۔ فصل فی الجیم مع الیاء فصل فی اللام مع الغین۔ فصل فی السین مع الراء۔ فصل فی النون مع الکاف۔ فصل فی القاف مع الہاء والکاف مع الہاء۔ فصل فی النون الساکن مع الکاف والمیم وغیرہا کے متعلق مکمل معنی وتفصیل دی ہے۔ مقدمے میں مصنف نے "شرف نامہ" کے طرز تحریر کے متعلق مزید اطلاعات مہیا کرتے ہوئے بتایا ہے کہ اس نے فارسی الفاظ کے ہم معنی عربی الفاظ بکثرت نقل کیے ہیں گو کہ عربی الفاظ کی علیحدہ سے فصول قائم نہیں کی ہیں۔ اسی طرح ترکی الفاظ بھی بکثرت ہیں اور ترکی الفاظ کی علیحدہ سے فصول قائم کی ہیں۔ "الترکی" کے زیر عنوان ترکی الفاظ کے معنی فارسی میں نقل کئے ہیں۔

شرف نامہ کی ایک اور اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس میں نیا باب شروع کرتے وقت ابراہیم قوام نے خود اپنے کہے ہوئے قصائد نقل کئے ہیں۔ یہ قصائد عموماً منصور شیرازی کے قصائد کے جواب میں کہے ہیں اسی لئے تقریباً ہر باب کی ابتداء لجامعہ فی جواب المنصور سے ہوتی ہے جس کے ذیل میں قصائد نقل ہیں۔ شرف نامہ میں لفظ کے معنی کی تشریح میں بطور سند مصنف نے اپنے کہے ہوئے اشعار کثیر تعداد میں نقل کئے ہیں۔

(الف)۔ مقدمے کے اختتام پر "باب فی الالف" کی ابتدا حرف الف کی ردیف میں کہے ہوئے قصیدے سے ہوتی ہے۔ ابیات کی تعداد ۱۴ ہے۔

مطلع۔

زہی در حوضۂ جاہب حبابی گنبد و مینا خطاب مستطاب بابت الحق جنتہ الماوٰی

فصل فی الالف حرف ''آرا'' سے شروع ہوتی ہے۔ فصل فی الیا ترکی حرف ''اینکی'' پر ختم ہوتی ہے۔ درمیان میں ترکی الفاظ کی علیحدہ سے فصول ہیں جن میں ترکی الفاظ و معنی حروف تہجی کی ترتیب سے دیئے ہیں۔

(ب)۔ باب الباالتازی کی ابتداء ''ب'' کی ردیف میں کہے ہوئے قصیدے سے کی ہے۔ قصیدے کی ابیات کی تعداد ۷۱ ہے۔

بیت اول۔

اگر نہ خست لب لعل تو درون رطب　　　میان سینہ او خستہ است از چہ سبب

باب الباکی ابتدا فصل فی الالف حرف ''با'' سے ہوتی ہے۔ فصل فی الیاحرف ''بید طبری'' پر ختم ہوتی ہے۔ درمیان میں تقریباً ہر فصل کے خاتمہ پر فصل الترکی کے زیر عنوان ترکی الفاظ کے معنی درج کیے ہیں۔

(پ)۔ باب الباء الفارسی کا علیحدہ باب اور فصول قائم کی ہیں۔ ابتداء مصنف کے اپنے کہے ہوئے قصیدے سے ہوتی ہے۔ ابیات کی تعداد ۴۵ ہے۔

بیت اول۔

ابوالمظفر والاجہان لطف کہ ہست　　　کمینہ بخشش علمت بکاہ احسان است

فصل فی الالف حرف ''پا'' سے شروع ہوتی ہے۔ فصل فی الیاحرف ''پیوی'' پر ختم ہوتی ہے۔ حرف ''پ'' میں ترکی الفاظ کی فصول نہیں ہیں۔

(ت)۔ باب التاء کی ابتداء لجامعہ فی جواب المنصور کے زیر عنوان قصیدے سے ہوتی ہے۔ ابیات کی تعداد ۵۰ ہے۔

بیت اول۔

زہی نمودہ دہان تو بس نکات لطیف　　　دریں کہ ہست لبت خوبتر ز آبحیات

فصل فی الالف حرف ''تا'' سے شروع ہوتی ہے۔ فصل فی الیاحرف ''توی'' پر ختم ہوتی ہے۔ ان فصول کے درمیان ترکی الفاظ کی فصول بھی علیحدہ سے نقل کی ہیں۔

(ث)۔ باب الثاء کی ابتداء لجامعہ فی جواب المنصور کے عنوان کے تحت

قصیدے سے ہوتی ہے۔ ابیات کی تعداد ۳۰ ہے۔

بیت اول۔

نخاست مثل تو یک خوب شاہدی زاحداث کہ ہیچ نبود اندیشہ بس از احداث

باب الثاء میں محض ان اشعار کے علاوہ الفاظ و معنی کی کوئی فصل قائم نہیں کی ہیں۔

(ج)۔ باب الجیم التازی کی ابتداء لجامعہ فی جواب المنصور کے زیر عنوان قصیدے سے ہوتی ہے جس میں ۴۴ ابیات درج ہیں جو حرف "ج" کی ردیف میں ہیں۔

بیت اول۔

نبود ہیچو من از عاشقانت یک محتاج بو سۂ تو کہ از بہر بادشاہی و تاج

فصل فی الالف کی ابتداء حرف "جان افزا" سے ہوتی ہے۔ فصل فی الیاحرف "جہانجوی" پر ختم ہوتی ہے۔ درمیان میں الترکی کے زیر عنوان ترکی الفاظ کی علیحدہ فصوا ہیں۔

(چ)۔ باب الجیم الفارسی کی ابتداء خود مصنف کے کہے ہوئے قصیدے۔ ہوتی ہے جو چ کی ردیف میں ہے۔ ابیات کی تعداد ۹ ہے۔

بیت اول۔

ہیچ ہیچ است میان توای دلبر ہیچ تنہم جز کہ بر وبر بنہم دل بر ہیچ

فصل فی الالف حرف "چا" سے شروع ہوتی ہے۔ فصل فی الیاحرف "چیر کی" ختم ہوتی ہے۔ ترکی الفاظ کی علیحدہ فصول قائم کی ہیں۔

(ح)۔ باب الحاء لجامعہ فی جواب المنصور شیرازی کے زیر عنوان قصید۔ سے شروع ہوتی ہے۔ ابیات کی تعداد ۱۵ ہے۔

بیت اول۔

لبا بچاہ ذقن مہر خان زہرہ و شاخ بکشتہ اند بہ پیش تو آبی و تفاح

درمیان میں ترکی الفاظ کی فصول نہیں ہیں۔ فصل فی الالف حرف "حسبتہ الخضرا

ہوتی ہے۔ فصل فی الیا حرف "حوض ماہی" پر ختم ہوتی ہے۔

(خ)۔ باب الخاء لجامعہ فی جواب المنصور کے عنوان سے قصیدہ ہے اس میں ابیات درج ہیں۔

ت اول۔

زہی خد تو بس خوبتر ز گل بر شاخ　　　　بیار بادۂ گل رنگ پیش من بر شاخ

فصل فی الالف حرف "خاتم کویا" سے شروع ہوتی ہے۔ فصل فی الیاء کا اختتام ف "خیری" پر ہوتا ہے۔ باب الخاء میں ترکی الفاظ کی فصول قائم نہیں کی ہیں۔

(د)۔ باب الدال لجامعہ فی جواب الانوری کے زیر عنوان مصنف نے مشہور یدہ گو شاعر انوری کے جواب میں قصیدہ کہا ہے جس میں ۳۹ ابیات نقل کی ہیں۔ یہ یدہ "د" کی ردیف میں ہے۔

ت اول۔

ایا لعہد تو آباد شہر و کشور جود　　　　دو دست تست یگان و دو کان گوہر جود

فصل فی الالف کی ابتداء حرف "دا" سے ہوتی ہے۔ فصل فی الیاء کا اختتام حرف یلدلی" پر ہوتا ہے۔ درمیان میں ترکی الفاظ کی علیحدہ فصول ہیں۔

(ذ)۔ باب الذال لجامعہ فی جواب المنصور کے زیر عنوان قصیدے سے روع ہوتا ہے جن میں ۲۹ ابیات نقل کئے ہیں جو "ذ" کی ردیف میں ہیں۔

یت اول۔

کی بجز تو نباشد بعلم حسن استاذ　　　　ز شاہدان خراسان و بصرہ و بغداد

فصول کی ابتداء حرف "ذ" میں فصل فی الیاء التازی کے حرف "ذب" سے ہوتی ہے۔ اختتام فصل فی الہاء کے حرف "ذوذوابہ" پر ہوتا ہے۔ ترکی الفاظ کی فصول نہیں ہیں۔

(ر)۔ باب الراء کی ابتداء لجامعہ فی جواب المنصور کے زیر عنوان "ر" کی ردیف میں قصیدے سے ہوتی ہے۔ ابیات کی تعداد ۵۰ ہے۔

یت اول۔

بہار ساقی رعنا در آبگون ساغر　　　شراب ناب کہ آتش زند در آب جگر

فصل فی الالف حرف "راہ فنا" سے شروع ہوتی ہے۔ فصل فی الیاء حرف "ریش خندی" پر ختم ہوتی ہے۔ ان فصول کے درمیان ترکی الفاظ کی علیحدہ فصول ہیں۔

(ز)۔ باب الزای التازی کی ابتداء لجامعہ فی جواب المنصور کے زیر عنوان قصیدے سے ہوتی ہے۔ ابیات کی تعداد ۹۷ ہے جو "ز" کی ردیف میں ہے۔

بیت اول۔

اگر بگوید دلدار من مرا جانباز　　　چرا نبازم چو ہستم از ہمہ جا نباز

فصل فی الالف کی ابتداء حرف "زبا" سے ہوتی ہے۔ فصل فی الیاء کا اختتام حرف "زنہاری" پر ہوتا ہے۔ حرف "ز" میں ترکی الفاظ کی فصول درج نہیں ہیں۔

(ژ)۔ باب الژا الفارسی کی ابتداء مصنف نے اپنے کہے ہوئے قصیدے سے کی ہے جو "ژ" کی ردیف میں ہیں۔ اس میں ٦ ابیات نقل کی ہیں۔

بیت اول۔

ایا خدیوی کا ندر تمام عالم کاژ　　　عدیل تو نہ بہ بیندو گر بہ پند کاژ

فصل فی الخاء کی ابتداء حرف "ژخ" سے ہوتی ہے۔ فصل فی الیاء حرف "ژی" پر ختم ہوتی ہے۔ ان فصول کے درمیان ترکی الفاظ کی فصول نہیں ہیں۔

(س)۔ باب السین میں لجامعہ فی جواب المنصور کے زیر عنوان قصیدہ ہے۔ ابیات کی تعداد ۵۰ ہے جو "س" کی ردیف میں ہیں۔

بیت اول۔

اگرچہ بندۂ محمود بودہ است ایاس　　　ولیک ساخت مکین بندہ اش باستیناس

فصل فی الالف کی ابتداء حرف "سا" سے ہوتی ہے۔ فصل فی الیاء کا اختتام ترکی حرف "سوشغری" پر ہوتا ہے۔ درمیان میں الترکی کے زیر عنوان ترکی الفاظ کی علیحدہ فصول ہیں۔

(ش)۔ باب الشین میں لجامعہ فی جواب المنصور کے زیر عنوان قصیدہ ہے۔

جس میں ۵۴ ابیات درج ہیں جو ش کی ردیف میں ہیں۔

بیت اول۔

دگر چناں نبود ہیچ یک چو تو جمالش　　　　که ہست اورا چو من ہزار عاشق عاش

فصل فی الالف کی ابتداء حرف "شا" سے ہوتی ہے۔ فصل فی الیاء حرف "شیر ماہی" پر ختم ہوتی ہے۔

(ص)۔ باب الصاد میں لجامعہ فی جواب المنصور کے زیر عنوان قصیدہ ہے۔ ابیات کی تعداد ۳۹ ہے جو ص کی ردیف میں ہیں۔

بیت اول۔

چہ غم کہ غمزۂ تو می کشد عوام و خواص　　　　چو مردہ زندہ کند ہم لبت بحکم خواص

فصل فی الالف حرف "صاحب جوزا" سے شروع ہوتی ہے۔ فصل فی الیای حرف "صیرفی" پر ختم ہوتی ہے۔ درمیان میں ترکی الفاظ کی فصول نہیں ہیں۔

(ض)۔ باب الضاد میں لجامعہ فی جواب المنصور کے زیر عنوان قصیدہ ہے ابیات کی تعداد ۳۷ ہے جو "ض" کی ردیف میں ہیں۔

بیت اول۔

نبود مثل من عاشقانت خون حراض　　　　چراز صحبت من بس ہمی کن اعراض

فصل فی الالف حرف "ضحا" سے شروع ہوتی ہے۔ فصل فی الیاء حرف "ضحیٰ" پر ختم ہوتی ہے۔ درمیان میں ترکی الفاظ کی فصول نہیں ہیں۔

(ط)۔ باب الطاء کی ابتداء لجامعہ فی جواب المنصور کے زیر عنوان قصیدے سے ہوتی ہے۔ ابیات کی تعداد ۳۹ ہے جو "ط" کی ردیف میں ہے۔

بیت اول۔

نمود فرق دو زلفت چو مستقیم صراط　　　　نمی سزد کہ عمارت کنند کہنہ رباط

فصل فی الالف کی ابتداء حرف "طرفا" سے ہوئی ہے۔ باب الطاء نامکمل ہے اور فصل فی الہا کے حرف "طرہ" پر ختم ہوئی ہے۔ اس کے بعد صفحات بریدہ ہیں۔ اس باب

میں درمیان میں ترکی الفاظ کی فصول قائم کی ہیں۔

(ع)۔ باب الطاء کے بعد باب العین شروع ہوتا ہے۔ ابتداء میں جو قصیدہ نقل کیا ہے اس پر لجامعہ تحریر نہیں ہے۔ بہر حال قیاس یہی ہے کہ ابراہیم قوام کا ہی کلام ہے۔ اشعار کی تعداد ۸۵ ہے جو "ع" کی ردیف میں ہے۔

بیت اول۔

جان و مال دشمن تو در ہلاکی و زیان　　　جان و مال حاسد تو در تباہی و ضیاع

فصل فی الالف حرف "عاشقا" سے شروع ہوتی ہے۔ فصل فی الیاء حرف "عیدالاضحیٰ" پر ختم ہوتی ہے۔ درمیان میں ترکی الفاظ کی فصول نہیں ہیں۔

(غ)۔ باب الغین کی ابتداء لجامعہ فی جواب المنصور کے زیر عنوان قصیدے سے ہوتی ہے۔ ابیات کی تعداد ۳۹ ہے جو غ کی ردیف میں کہی گئی ہیں۔

بیت اول۔

چو نور رویت تابد بشب بسان چراغ　　　شود چو روز منور چہ بوستان و چراغ

باب الغین میں ترکی الفاظ کی فصول نہیں ہیں۔ باب فی الالف کی ابتداء حرف "غبرا" سے ہوتی ہے۔ باب فی الیاء حرف ""غیلاقی" پر ختم ہوتا ہے۔

(ف)۔ باب الفاء لجامعہ فی جواب المنصور کے زیر عنوان قصیدہ سے ابتداء ہوتی ہے۔ اشعار کی مجموعی تعداد ۶۳ ہے جو ف کی ردیف میں کہے گئے ہیں۔

بیت اول۔

کسی کہ دارد مانند بندہ طبع لطیف　　　چرا نو شد بادہ بیاد چو نتو حریف

فصل فی الالف کی ابتداء حرف "فارا" سے ہوتی ہے۔ فصل فی الیاء حرف "فیروزی" پر ختم ہوتی ہے۔ ترکی الفاظ کی فصول نہیں ہیں۔

(ق)۔ باب القاف سے باب الیاء تک تمام ابواب میں باب کے شروع میں مصنف کے کہے ہوئے قصائد درج نہیں ہیں۔ فصل الالف کی ابتدا حرف "قرا" سے ہوتی ہے۔ فصل فی الیاء حرف "قینی" پر ختم ہوتی ہے۔ درمیان میں ترکی الفاظ کی فصول علیحدہ

دی ہیں۔

(ک)۔ باب الکاف التازی۔ فصل الالف حرف "کانا" سے شروع ہوتی ہے۔ فصل فی الیاء ترکی حرف "کندنی" پر ختم ہوتی ہے۔ درمیان میں ترکی الفاظ کی فصول ہیں۔

(گ)۔ باب الکاف الفارسی۔ فصل فی الالف حرف "گدا" سے شروع ہوتی ہے۔ درمیان میں ترکی الفاظ کی فصول نہیں ہیں۔ فصل فی الیاء حرف "گیتی" پر ختم ہوتی ہے۔

(ل)۔ باب اللام۔ فصل فی الالف حرف "لا" سے شروع ہوتی ہے۔ درمیان میں ترکی الفاظ کی فصل نہیں ہے۔ فصل فی الیاء حرف "لیلی" پر ختم ہوتی ہے۔

(م)۔ باب المیم۔ فصل فی الالف حرف "ماخولیا" سے شروع ہوتی ہے۔ درمیان میں ترکی الفاظ کی علیحدہ فصول ہیں۔ فصل فی الیاء حرف "مہری" پر ختم ہوتی ہے۔

(ن)۔ باب النون کے ابتدائی صفحات بریدہ ہیں۔ اس باب کی ابتداء حرف "ناب" سے ہوتی ہے۔ درمیان میں ترکی الفاظ کی فصول ہیں۔ فصل فی الیاء حرف "نیوباردی" پر ختم ہوتی ہے۔

(و)۔ باب الواو۔ فصل فی الالف حرف "وا" سے شروع ہوتی ہے۔ درمیان میں ترکی الفاظ کی فصل نہیں ہے۔ فصل فی الیاء حرف "ولوای" پر ختم ہوتی ہے۔

(ہ)۔ باب الہاء فصل فی الالف حرف "ہا" سے شروع ہوتی ہے۔ فصل فی الیاء حرف "ہمسیوی" پر ختم ہوتی ہے۔ درمیانمیں ترکی الفاظ کی فصول قائم نہیں کی گئی ہیں۔

(ی)۔ باب الیاء۔ فصل فی الالف حرف "یارا" سے شروع ہوتی ہے۔ باب الیاء فصل فی الغین ترکی حرف "یرلغ" پر ختم ہوجاتی ہے۔ اس کے بعد صفحات بریدہ ہیں۔

یہ قلمی نسخہ ناقص الآخر ہے معمولی طور پر۔ کاتب کا نام بھی درج نہیں ہے۔ نسخہ علیگڑھ میں حاشیہ میں بکثرت حوالے درج ہیں۔ جو انتہائی باریک تحریر میں ہیں جو بدقت تمام پڑھے جاتے ہیں۔ حاشیہ میں کہیں چھوٹی ہوئی عبارت نشانی ڈال کر درج کی ہے حاشیہ میں دوسری مختلف لغات کے بکثرت حوالے ہیں۔ ان لغات سے لفظ کے معنی اور

اس کی شرح درج ہے۔ حاشیہ میں جن لغات سے حوالے درج ہیں ان میں فرہنگ مؤید الفضلا۔ منتخب اللغات رشیدی۔ ادات الفضلا۔ لسان الشعرا۔ لطایف اللغات۔ مدار الافاضل۔ فرہنگ رحیمی۔ زفان گویا۔ کشف اللغات۔ فرہنگ نظام۔ فرہنگ قواس۔ لطایف الظرایف۔ جامع اللغات۔ فرہنگ شیخ محمد لاد۔ فرہنگ گلستان۔ فرہنگ شیر خان۔ فرہنگ منہ۔ فرہنگ جہانگیری۔ فرہنگ صراح۔ وغیرہا قابل ذکر ہیں۔ ان کے علاوہ چند حوالے مختلف کتابیات سے لئے ہیں مثلاً سکندر نامہ۔ روضۃ الصفا۔ مخزن الاسرار۔ منطق الطیر عطار وغیرہا کتابیات اور مثنویات سے حوالے درج ہیں۔

•••

ڈاکٹر ارشد حسین

"غایۃ جہد الحساب"
عملی حساب کی ایک اہم کتاب

مسلم اسکالروں نے جہاں مختلف علوم وفنون پر گراں قدر کتابیں تصنیف کیں وہیں ان کی افادیت میں وسعت کے لئے ان کی شرحیں بھی لکھی ہیں۔ غایۃ جہد الحساب بھی اسی قسم کی ایک شرح ہے جو بہاء الدین عاملی کی کتاب خلاصۃ الحساب پر لکھی گئی ہے۔ شارح کا نام محمد زمان فیاض ہے جنکا شمار ہندوستان کے مشہور و معروف علماء میں ہوتا ہے۔ اے۔ رحمٰن[1] کے مطابق یہ انبالہ کے رہنے والے تھے لیکن دہلی میں آکر سکونت پذیر ہو گئے تھے۔ ان کی زندگی کے مزید حالات دستیاب نہیں ہیں۔ موصوف کو علم ریاضی اور علم ہیئت و نجوم میں کافی مہارت حاصل تھی۔ چنانچہ ان موضوعات پر ان کی کئی اہم کتابیں موجود ہیں مثلاً ارتفاع الجبل، حکم الریاضی اور رسالہ درہیئت وغیرہ[2]

بہاء الدین عاملی کی خلاصۃ الحساب علم ریاضی کی دنیا میں محتاج تعارف نہیں ہے۔ دنیا کی مختلف زبانوں میں اس کے ترجمے، خلاصے اور شرحیں موجود ہیں۔ ایک عرصۂ دراز تک اس کتاب کا مسلم تعلیمی اداروں میں داخل نصاب رہنا ساباتا کا ثبوت ہے کہ یہ پڑھے لکھے طبقے میں کافی مقبول تھی۔ لیکن چونکہ یہ کتاب عربی زبان میں تھی اور اس کے بعض مسئلے مزید وضاحت طلب تھے۔ اس لئے علم ریاضی سے دلچسپی رکھنے والے وہ لوگ جو محض فارسی زبان جانتے تھے، اس کتاب سے پوری طرح مستفید نہیں

۱۔۲۔ A Bibliography of Source Materials, by A. Rahman, p.408, New Delhi (1982)

ہو پاتے تھے۔ لہٰذا شارح موصوف کے بعض دوستوں نے اس سے یہ درخواست کی کہ وہ خلاصۃ الحساب پر فارسی زبان میں ایک مفصل شرح لکھے۔ چنانچہ شارح موصوف نے مقدمہ میں اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے۔

> "درین اثنا بعضی از آشنایان طالب کمال بر بحد گفتند کہ شرحی بہ تفصیل ہر چہ تمامتر بر خلاصۃ الحساب باید نوشت کہ مفصل باشد مجملات آنرا و امتع باشد مفصلات آنرا گفتم در فن حساب فیاض المحاسبین نوشتہ ام کہ کفایت میکند خواص و عوام را واز حساب متعارفہ حسابی نیست کہ در و نباشد، گفتند فیاض المحاسبین نسخۂ علیحدہ ایست در حساب، ما شرح خلاصۃ الحساب می خواہیم گفتم خوب ہچو باشد السعی منی والا تمام من اللہ اطاعۃ لامر الاحباب قصد شروع کردم .... چوں تحریر ایں نسخہ در ہزار و یک صدو سی اتفاق افتادہ وغایۃ جہد حساب صرف گشتہ لہٰذا بغایۃ جہد الحساب مسمی گشتہ۔"

درج بالا اقتباس سے یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ کتاب ۱۱۳۰ھ مطابق ۱۷۱۸ء میں لکھی گئی اور شارح کو اس میں کافی محنت صرف کرنی پڑی تھی جس کی وجہ سے اس کا نام ہی غایۃ جہد الحساب رکھ دیا گیا۔

اس مخطوط کا ایک نسخہ خدابخش لائبریری، پٹنہ میں موجود ہے جس کا نمبر H.L.۱۰۲۴ ہے اور یہ ۲۰۹ اوراق پر مشتمل ہے۔ فی صفحہ ۱۷ سطریں ہیں اور سائز ۲۵×۱۱ سنٹی میٹر ہے۔ اس کی کتابت غالباً ۱۹ویں صدی میں ہوئی ہے۔ اس نسخے کو میں نے دیکھا ہے۔ اچھی حالت میں ہے، قابل استفادہ ہے۔ اس کا دوسرا نسخہ جامعہ ہمدرد، ہمدرد نگر، نئی دہلی کے کتب خانہ میں ہے۔ اس وقت یہ نسخہ میرے پیش نظر ہے۔ اس کا نمبر ۵ (نذیریہ کلکشن) ہے، سائز ۶۴×۱۶ سنٹی میٹر، ۲۳۷ اوراق اور فی صفحہ ۱۵ سطریں ہیں۔ اس پر سال کتابت ۱۲۲۴ھ درج ہے۔ رضا لائبریری، رام پور میں بھی اس کا ایک نسخہ

۳۔ کذا۔

دستیاب ہے۔[۴]

غایتہ جہدالحساب کے علاوہ بھی خلاصتہ الحساب پر تقریباً پانچ شرحیں فارسی زبان میں لکھی گئی ہیں[۵] جو مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ تحفہ خانی ۔ شرح خلاصتہ الحساب از حاجی ابراہیم حسین، سالار جنگ میوزیم، حیدر آباد

۲۔ شرح خلاصتہ الحساب از خواجہ محمد ماہ، حیدر آباد[۶]

۳۔ شرح خلاصتہ الحساب از مرزا محمد بیگ، حیدر آباد[۷]

۴۔ فیض الوہاب فی شرح خلاصتہ الحساب از نظام الدین احمد، انڈیا آفس، لندن

۵۔ شرح خلاصتہ الحساب (نامعلوم)، انڈیا آفس، لندن

غایتہ جہدالحساب میں عطاء اللہ خانقاہی کی کتاب خزینتہ الاعداد[۸] کی طرح ابتدائی عملی حساب مثلاً جمع و تفریق اور ضرب و تقسیم کے علاوہ ایسے مسائل اور ان کے حل سے بحث کی گئی ہے جن کی عام طور سے روز مرہ کی زندگی میں ضرورت پڑتی ہے مثلاً زمین کی پیمائش، تعمیراتی تخمینے اور اشیاء خوردنی کے معاملات وغیرہ۔ اسی طرح اس میں پہاڑ اور عمارات کی اونچائی، کنویں اور تالاب کی گہرائی اور ندیوں و نہروں کی چوڑائی معلوم کرنے کے آسان طریقے بھی بتائے گئے ہیں۔ یہ کتاب شعبۂ مالیات میں کام کرنے والے کارکنوں اور زمین کی پیمائش کرنے والوں کے لئے مفید ہے۔

یہ کتاب ایک مقدمہ اور دس ابواب پر مشتمل ہے۔ مقدمہ میں اللہ اور رسول کی تعریف و توصیف کے بعد اس کے دس ابواب میں جو کچھ بیان ہوا ہے اس کا مختصر تعارف پیش کیا گیا ہے اور حساب میں مستعمل مختلف اصطلاحات کی وضاحت کی گئی ہے۔

۴۔۵۔ A Bibliography of Source Materials, by A.Rahman, p.408, New Delhi (1982)

۶۔ A.P.Govt.Oriental Library and Research Institute

۷۔ ایضاً۔

۸۔ دیکھیں میرا مضمون "خزینتہ الاعداد — علم ریاضی پر ایک اہم مخطوطہ" ماہنامہ تہذیب الاخلاق علی گڑھ جلد ۹ شمارہ ۶ جون (۱۹۹۰)

اس کے بعد باب اول کا آغاز ہوتا ہے۔ اس باب میں کل چھ فصلیں ہیں جن میں جمع، تنصیف، تفریق، ضرب، قسمت اور جذر(Square root) کا بیان ہے۔

باب دوم:- میں اعمال کسور (Fractions) کا بیان ہے۔ اس میں پہلے چند اصطلاحات مثلاً مخرج اور مخرج مشترک وغیرہ کی تعریف ہے اور پھر اس کی چھ فصلوں میں جمع کسور، تنصیف کسور تفریق کسور، ضرب کسور اور قسمت کسور وغیرہ کا بیان ہے۔

باب سوم:- طریقہ اربعہ متناسبہ (Rule of 3) کی مدد سے نامعلوم اعداد کو معلوم کرنا۔ اربعہ متناسبہ کے طریقہ سے حل کئے جانے والا سوالات چار چیزوں سے متعلق ہوتے ہیں۔ جن میں تین چیزیں معلوم ہوتی ہیں اور ایک نامعلوم (مجہول)۔ یہ باب خرید و فروخت اور معرفت حقوق جیسے امور میں بہت نافع ہے۔

باب چہارم:- عمل خطائین(Successive approximation) کے ذریعہ نامعلوم اعداد کو معلوم کرنا۔ اس باب کو حساب کے ہر فن کا جامع کہا جاسکتا ہے کیونکہ اکثر دشوار اور سخت سوالات اس عمل کے ذریعہ آسانی سے حل ہو جاتے ہیں۔ اس باب سے ایک مسئلہ یہاں نقل کیا جاتا ہے:

ایک شخص کہتا ہے کہ زید کے میرے اوپر کچھ روپئے (درم) ہیں، جب انکے دو تہائی اور ایک روپیہ کو ان پر جمع کیا جاتا ہے تو وہ دس ہو جاتے ہیں، تو اصل روپئے کتنے ہیں؟

اس سوال کو جدید علامات میں درج ذیل طریقے سے لکھا جائگا جس میں x نامعلوم عدد ہے جو مساوات کو حل کرنے سے حاصل ہوتا ہے:

$$x + \frac{2x}{3} + 1 = 10$$

کتاب میں دیئے گئے عمل کو جدید علامتوں میں اس طرح لکھ سکتے ہیں:

1. مفروض اول $x=9$

تب $9 + (\frac{2}{3} \times 9)+1=16$

خطاء اول = $16-10=6$ = خطاء کثیر

1. مفروض دوم $x=6$

تب $6 + (\frac{2}{3} \times 6)+1=11$

خطاء دوم $= 16 - 11 = 5$

3.	مفروض	خطاء	حاصل ضرف
اول	9	6	36
دوم	6	1	9

مقسوم علیہ = 5 = فرق

جواب $x = 27/5$

باب پنجم: عمل بالعکس کے ذریعہ نامعلوم اعداد کو معلوم کرنا (Extraction of an unknown through making inverse) اس میں اگر سوال دو چند ہو تو اسے نصف، ضرب ہو تو اسے قسمت اور جذر ہو تو مربع کردیا جاتا ہے۔ مثلاً اگر کوئی یہ سوال کرے کہ وہ کون سا عدد ہے کہ جب اسے خود اسی میں ضرب کریں، حاصل ضرب میں ۲ اضافہ کریں، حاصل جمع کو دو چند کریں، حاصل میں ۳ زیادہ کریں پھر مجموع کو ۵ پر قسمت کریں، خارج قسمت کو ۱۰ میں ضرب دین تو حاصل ۵۰ آئے۔ جدید علامات میں اس سوال کو یوں لکھیں گے:

سوال: $\frac{1}{5}[\,2(x^2+2)+3\,] \times 10 = 50$

کتاب میں دیا ہوا عمل جدید علامتوں میں:

$$x = \sqrt{\frac{1}{2}\left(\frac{50}{10} \times 5 - 3\right) - 2}$$

باب ششم:- مساحت (Mensuration) اس باب میں پہلے مساحت میں مستعمل اصطلاحات مثلاً خط (Line)، مرکز (Centre)، دائرہ (Circle) اور وتر

(Chord) وغیرہ کی تعریف لکھی ہے اس کے بعد مختلف اضلاع، مثلث، دائرہ اور قطاع وغیرہ کی مساحت کے طریقے بہت تفصیل سے بیان کئے گئے ہیں۔

باب ہفتم :- یہ باب ایسے مسائل کے بیان میں ہے جو ایک طرح سے مساحت ہی کے تابع ہیں۔ مثلاً اونچی چیزوں کی اونچائی، نہر و ندی کی چوڑائی اور بغرض اجرائے آب زمین کے نشیب و فراز معلوم کرنا وغیرہ۔ اس باب سے ایک مثال نمونے کے طور پر پیش کی جاتی ہے:

اگر شعاع بصر سے کسی قلعہ کی اونچائی معلوم کرنی ہو تو اس کے سامنے ایک ستون نصب کریں اور اس کی سیدھ میں اتنی دوری پر کھڑے ہو جائیں کہ ستون کا سر اور قلعہ کا اوپری حصہ دونوں برابر دکھائی دینے لگیں۔ اب قلعہ کی اصل یعنی اس کی بنیاد اور اپنے کھڑے ہونے تک کے بیچ کی دوری کو ناپ لیں، مان لیا کہ یہ دوری ۲۰ گز ہے، اب اسے آدمی کی قامت اور ستون کی دوری (فصل) میں جو کہ ۲/۲۱ گز ہے، (یعنی ستون کی لمبائی ۵ گز ہے جس میں $\frac{1}{2}$۲ گز فصل ہوئی اور $\frac{1}{2}$۲ گز قامت) ضرب دیں تو یہ ۵۰ ہو جائیگا پھر موقف (یعنی جہاں کھڑا ہے) اور ستون کی جڑ کی دوری جو کہ ۳ گز ہے، اسے قسمت کریں تو $\frac{2}{3}$۱۶ گز ہوگا، اب اس پر قامت کو جو کہ $\frac{1}{2}$۲ گز ہے جمع کریں تو $\frac{1}{6}$۱۹ گز ہوگا اور یہی جواب ہے۔ مخطوطہ میں اس کی وضاحت کے لئے درج ذیل شکل بنائی گئی ہے:

کتاب میں دیئے گئے عمل کو جدید علامتوں میں درج ذیل طریقے سے لکھا جائیگا:

$$x = \frac{1}{3}\cdot(20 \times \frac{5}{2}) + 2\frac{1}{2}$$

باب ہشتم:- جبر ومقابلہ (Algebra) کے ذریعہ نا معلوم اعداد کو معلوم کرنا۔ اس میں جبر ومقابلہ سے متعلق اصطلاحات کی تعریف لکھی ہے اور پھر کچھ مسئلوں کو جبر ومقابلہ کی مدد سے حل کیا گیا ہے۔

باب نہم:- بقول شارح اس میں کچھ ایسے نفیس ولطیف قواعد ہیں جن کا جاننا ہر محاسب کے لئے ضروری ہے۔ ان قواعد میں سے ایک قاعدہ نمونہ کے طور پر پیش کیا جاتا ہے:

اگر ہم یہ چاہتے ہیں کہ ۹ اور اس کے تحت جتنے اعداد ہیں ان سب کے حاصل ضرب کی جمع معلوم کریں تو اس کا قاعدہ یہ ہے:

مخطوط میں دیا ہوا عمل جدید علامتوں میں

$$9 + 1 = 10$$

9 کا مربع : $81 \times 10 = 810$

$\frac{810}{2} = 405$ جواب

باب دہم:- اس میں کچھ متفرق مسائل ہیں جنہیں مختلف طریقوں سے حل کیا گیا ہے۔

اوپر کی تفصیل سے اس بات کا بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے کہ غایۃ جہد الحساب محاسبوں کے لئے ایک مفید کتاب ہے۔ چونکہ یہ کتاب خلاصۃ الحساب کی شرح ہے اس لئے اس میں جابجا خلاصۃ الحساب کی عربی عبارتیں بھی نظر آتی ہیں لیکن ان سے اس کی

زبان کی سادگی متاثر نہیں ہوتی ہے۔ اس کی زبان ہر طرح کی پیچیدگی اور اغلاق سے پاک ہے تھوڑی بہت فارسی جاننے والا آدمی بھی اس سے مستفید ہو سکتا ہے۔

پروفیسر معین الدین عقیل

ہندستان میں فارسی و اردو کے مسیحی کتبات

ہندوستان میں مسیحی قبرستانوں کی تعمیر یوروپی مبلغوں اور تاجروں کے ہندوستان آنے اور یہاں قیام کرنے کے ساتھ ساتھ شروع ہو چکی تھی۔ جب ان کے قیام کی ضرورتوں کے تحت انھیں اپنے لیے یہاں بستی بسانے کی اجازت و سہولت میسر آئی تو انہوں نے جہاں اپنے لیے ترجیحاً مکان اور گرجا تعمیر کیے، وہیں اپنی چار دیواریوں اور آبادیوں میں قبرستانوں کے لیے بھی جگہ مخصوص رکھنی شروع کر دی تھی۔ اولاً جس مسیحی قبرستان کی تعمیر کا ذکر ملتا ہے، وہ جیسیوٹس (Jesuits) مبلغوں نے اپنے St.John of God کے نام پر ۱۶۰۱ء میں دیو نامی جزیرے میں، جو آبنائے کاٹھیاواڑ کے انتہائی جنوب میں واقع ہے، تعمیر کیا تھا۔[1] اس کے چند ہی سال بعد، ۱۶۰۹ء میں ولندیزی مبلغوں کے تعمیر کردہ قبرستان کا ذکر ملتا ہے، جسے انھوں نے جیلڈریا (Geldria) کے نام سے پولی کاٹ نامی قصبے میں، جو واردھا (مدھیہ پردیش) میں انھوں نے اپنی بسائی ہوئی آبادی میں تعمیر کیا تھا۔[2] پھر اٹھارویں صدی کے اختتام تک تو ہندوستان میں جگہ جگہ قبرستان تعمیر ہو چکے تھے۔[3]

ان کے لیے یہ فطری یا ضروری بھی تھا کہ وہ اپنی تعمیر کے اپنے روایتی حسن و فن کا جہاں اپنی رہائشی عمارتوں میں اہتمام کریں، اس سے کہیں زیادہ اہتمام وہ اپنی

۱۔ "The Imperial Gazetteer of India" مرتبہ: ہنٹر ڈبلیو ڈبلیو (Hunter, W.W) (آکسفورڈ، ۱۹۰۸ء) جلد ۱۱، ص ۳۶۳

۲۔ ایضاً، جلد ۲۰، ص ۲۴۲

۳۔ مثلاً ایسے چند مقامات کا حوالہ، ایضاً، جلد ۶، ص ۴، جلد ۷، ص ۱۵، جلد ۱۲، ص ۳۲۸، جلد ۱۵، ص ۱۹۶، جلد ۱۸، ص ۳۹۷، وغیرہ موجود ہے۔

عبادت گاہوں۔اور قبرستانوں کی حد تک، ان میں تعمیر کردہ باب داخلہ، میناروں، گنبدوں، قبر کی کرسیوں اور ان پر ایستادہ کتبوں، ستونوں اور روشوں کی تعمیر و آرائش میں کریں۔ اور انھوں نے ایسا کیا۔ چنانچہ سارے برطانوی ہند کی تعمیرات میں، جہاں سنگ تراشی کا حسن بالعموم ہر جگہ نمایاں ہے، وہیں یادگاری تعمیرات اور مقابر میں تو ان کا یہ فن جذبات و احساسات سے بھی آمیز نظر آتا ہے اور اسی لیے ان کی زیادہ حسن کارانہ توجہ بھی ظاہر کرتا ہے اور اس ضمن میں جہاں ایسی تخلیق کاری کے شہ کار ہندوستان کی سرزمین میں بھی تیار کیے گئے۔ وہیں بڑی تعداد میں یورپ سے بھی تیار کروا کے منگائے گئے[۴]۔ لیکن ظاہر ہے کہ مقابر کی تعمیر اور ان پر ایستادہ کتبات کی حد تک بھی یہ ہر ایک کے لیے ممکن نہ رہا ہوگا کہ وہ ایسے کتبات اپنے ملک سے تیار کروا کے منگائے، جب کہ مسیحی قبرستانوں میں اب دفن ہونے والوں میں ایک بڑی تعداد خود یہیں کے مقامی باشندوں کی تھی، جنھوں نے اپنے آبائی مذہب کو تبدیل کر کے عیسائیت قبول کر لی تھی یا ان میں وہ بھی تھے، جن کا تعلق یوریشین نسل سے تھا، اور اب جن کا ربط و رشتہ اپنے سابقہ ملک و معاشرے سے کم سے کم ہو کر رہ گیا تھا۔ زیر نظر کتبات اس امر کے مظہر ہیں۔

ان کتبات پر کندہ یا منقش عبارتیں تو اس عمومی رجحان کا پتہ دیتی ہیں، جو اپنے وقت میں معاشرے کا رہا ہے۔ چنانچہ مسیحی کتبات پر یہ عبارتیں، جہاں بالعموم انگریزی زبان میں ہیں یا کہیں کہیں دیگر یوروپی زبانوں میں نظر آتی ہیں وہیں عام معاشرتی رواج کے تحت اور عام استعمال کی زبان بن جانے کے باعث اپنی اپنی مقبولیت کے ادوار کے لحاظ سے فارسی اور اردو زبانوں میں بھی ملتی ہیں۔ ذیل میں مسیحی کتبات پر کندہ یا منقش فارسی و اردو زبانوں کی ایسی عبارتوں کی مثالیں دیکھی جا سکتی ہیں:

۴۔ جان موریس (Jan Morris) "Stones of Empire: The Buildings of British India" (لندن، ۱۹۸۴ء) ص ۱۳۸۔۱۳۹۔

(۱)[۵]

در سنہ حضرت مسیح یک ہزار ہفتصد و پنجاہ و چہار مار گریٹا[۶] دختر حکیم دلولتون[۷] درعمر ہشت سال فوت شد۔

(۲)[۸]

برائے یادگار یست کہ بتاریخ سیوم ماہ جون سنہ ۱۷۷۰ عیسوی کپتان جیمس کرافورڈ[۹] صاحب سنہ بست دو سال در پنجاہ وفات۔

(۳)[۱۰]

ولیم ہملٹن[۱۱] حکیم نوکر کمپنی انگریز کہ ہمراہ ایلچی انگریز حضور پرنور رفتہ

۵۔ "List of Inscriptions on Tombs or Monuments in Rajputana and Central India" مرتبہ: کرافٹون، او۔ایس۔(Crofton,O.S.)(دہلی، ۱۹۳۴ء) ص ۱۷۲۔

۶۔ Margretta

۷۔ Dululton

۸۔ اس کتبے کے بالائی حصے پر اردو عبارت کندہ تھی، جو مجروح ہو گئی، بلنٹ، ای۔اے۔ایچ "List of inscriptions on Christian (Blunt, E .A. H.) Tombs and Tablets of Historical Interest in the U.P. Agra and Oudh."(الہ آباد، ۱۹۱۱ء) ص ۸۸

۹۔ JAMES CRAWFORD ،زیادہ معلومات نہیں ملتیں۔ غالباً ۱۷۶۴ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی میں ملازم ہوا۔ ۱۷۶۵ء میں لفٹیننٹ کے عہدے پر فائز ہوا۔ ۱۷۶۶ء میں کسی بغاوت کے مقدمے میں ایک عدالت میں کمپنی کے حق میں گواہی دی۔ بحوالہ، ایضاً، ص ۱۶۲

۱۰۔ THE COMPLETE MONUMENTAL REGISTER Containing all the epitaphs inscriprions, etc...in the different Churches and Burial-grounds in and about Calcutta... together with Several Inscriptions from the Presidencies of Madras, Bombay... مرتبہ: ڈیروزاریو' ایم (M.Derozariu)'(کلکتہ، ۱۸۱۵ء) ص ۷؛ دیگر "List of inscriptions on Tombs or Monuments in Bengal" مرتبہ: ولسن، سی آر (C.R. Wilson)، (کلکتہ، ۱۸۹۶ء) ص ۱۶

۱۱۔ ایسٹ انڈیا کمپنی میں سرجن کی حیثیت میں ملازم تھا۔ ۱۷۱۵ء میں ایک سفارتی وفد کے ساتھ ہندوستان آیا اور مغل دربار میں حاضر ہوا۔ مغل حکمراں فرخ سیر (۱۷۱۳ء۔ ۱۷۱۹ء) کی دختر کا کامیاب علاج کرنے پر فرخ سیر نے اسے ایک فرمان سے نوازا، جس کی رو سے کمپنی کو تجارتی مراعات حاصل ہوئیں۔ بحوالہ: گوریان، جی۔ ٹی (Gurian,G.T.)، "Historical and cultural dictionary of india."(نیو جرسی، ۱۹۷۶ء) ص ۱۰۰

بود۔ واسم خود در چہار دانگ بسبب علاج شاہنشاہ عالم پناہ محمد فرخ سیر غازی
بلند کردہ۔ بہزار تصدیعہ از درگاہ جہاں پناہ رخصت وطن حاصل نمودہ۔
بقضائے الٰہی چہارم دسمبر یک ہزار و ہفصد و ہفدہ در کلکتہ فوت شد۔ درینجا
مدفون است۔

یہ کتبہ چرنوک(Charnok)خاندان کے مقبرے میں موجود ہے' جسے ایک
عیسائی مبلغ جوب چرنوک(Job Charnok)کے لواحقین نے تعمیر کرلیا تھا۔[۱۳]

(۴)[۱۳]

فوت شمرو صاحب[۱۴] آں سرکردہ نیکو سرشت
سینہ آفاق را در آتش حسرت برشت

۱۲۔ اسٹیفن نیل(Stephen Nil)"A history of christianity in India"جلد دوم (کیمبرج،۱۹۸۵ء) ص۷۱؛ یہ مبلغ ۱۶۸۶ء میں ہندوستان آیا تھا۔ایضا۔

۱۳۔ 'List of Christian Tombs and Monuments of arChaelogical and Historical Interest and their Inscriptions....''

مرتبہ: فوہرر، آر.اے(Rev. A. Fuhrer)'(الہ آباد،۱۸۹۶ء)ص۳۶

۱۴۔ اصل نام والٹر رینہارڈ(Walter Reinhard)'لیکن سمرو کی عرفیت سے زیادہ موسوم ہوا۔ اسٹرابرگ میں ۱۷۲۰ء میں پیدا ہوا۔ سیاحت کی غرض سے ہندوستان پہنچا۔ کچھ عرصہ فرانسیسی فوج میں ملازمت کی پھر اودھ میں نواب صفدر جنگ (۱۷۹۷ء۔ ۱۷۹۸ء) کی فوج سے منسلک ہو گیا۔ وہاں سے نکل کر سراج الدولہ (۱۷۳۱ء۔۱۷۵۷ء) کی ملازمت میں چلا گیا اور پھر میر قاسم (متوفی ۱۷۷۷ء) کی فوج میں منتقل ہو گیا۔ ۱۷۶۳ء میں نواب وزیر اودھ (۱۷۸۱ء۔۱۸۱۷ء) کے پاس چلا گیا۔ بھرت پور، جے پور اور نجف خاں (متوفی ۱۷۸۲ء) کی ملازمتوں میں بھی رہا۔ ۱۷۷۴ء میں شاہ عالم (۱۷۲۸ء۔ ۱۸۰۶ء) سے ساردھنا میں ایک خاصی بڑی جاگیر حاصل کی اور ایک قلعہ تعمیر کر کے اس میں رہنے لگا۔ ۴ مئی ۱۷۷۸ء کو فوت ہوا۔ کسی صلاحیت اور لیاقت کے بغیر اس نے ہندوستانی سیاست میں خاصہ دخل حاصل کر لیا تھا اور یہی کچھ اس کی بیوی نے، جو بیگم سمرو (۱۷۴۶ء۔۱۸۳۶ء) ہی کے نام سے شہرت رکھتی ہے، اودھ اور شمالی ہند کی سیاست میں حاصل کیا۔ (مزید حوالہ: ص ۱۴، ۵۷)شمالی ہند کی اس عہد کی سیاست کے موضوع پر بالخصوص مغربی مصنفین کی متعدد تصانیف میں اس جوڑے کا ذکر مل جاتا ہے۔ایک فوری حوالے کے لیے: بک لینڈ، سی ای (Buckland, C.E) "A Dictionary of Indian Biography"(لندن، ۱۹۰۶ء) ص ۳۷۲۔

سال تاریخش ز تشریف مسیحا برفلک
باد صبح گفت از بوئے گل باغ بہشت
۱۷۷۸عیسوی

(۵)[۱۵]

یا مسیح اللہ

در یاد مسیح چوں بین یار رحلت فرمود زیں جہان جانکاہ
یکشنبہ بتاریخ دہم ز جنوری نمود در خلد بریں اللہ
۱۰ جنوری ۱۷۸۲عیسوی، ۱۱۹۶ہجری (دہلی)

(۶)[۱۶]

ایں روضۂ مزار چہار پسر جنرل پرون صاحب بہادر[۱۷] مقرب راجہ سندھیہ[۱۸] بہادر سنہ ۱۷۹۳عیسوی۔
(آگرہ، رومن کیتھولک قبرستان)

۱۵۔ "A list of inscriptions in christian tombs and Molnuments in the Punjab,N.W.F.P,Kashmir and Afghanistan." مرتبہ: ارونگ، مائیلز (Irwing,Miles) (لاہور، ۱۹۱۰ء) ص۵۔
۱۶۔ فوہرر، ص۳۶
۱۷۔ General Perron اصل نام: Pierre Cuillier، ۱۷۵۵ء۔۱۸۳۴ء، فرانس میں پیدا ہوا۔ ۱۷۸۰ء میں ایک معمولی ملازم کی حیثیت میں ہندوستان پہنچا۔ ۱۷۹۰ء میں مہاراجہ سندھیا کے فرانسیسی سپہ سالار دی بوئے (De Boigne)، (۱۷۵۱ء۔۱۸۳۰ء) نے اسے اپنے ساتھ لے لیا، جہاں وہ اپنی بہادری سے ترقی کرتے ہوئے جنرل کے عہدے تک پہنچ گیا اور ۱۸۰۳ء میں برطانوی افواج سے شکست کھانے تک اس عہدے پر فائز رہا۔ ۱۸۰۵ء میں واپس فرانس چلا گیا۔ بک لینڈ، ص۳۳۴۔
۱۸۔ مہادجی سندھیا، ۱۷۲۷ء۔۱۷۹۴ء، اپنے وقت کا سب سے طاقتور مرہٹہ حکمراں۔

(۷)[۱۹]

ایں مقبرہ مسٹر آگسٹس کلولینڈ صاحب[۲۰] کلکٹر ضلع بھاگلپور[۲۱] وراج محل[۲۲] که بروز شنبه سیوم ماه جنوری و سنبت دوم ماه پوس و نهم شهر صفر ۱۱۹۱ فصلی متوجه مرهون احسانش بقا گردید۔ بنا کردۂ عمله کچهری و زمین داراں مرهون احسانش۔ بمحض خوشی خود ہا باظهار حسن اخلاقش بنا بر یادگاری اوست۔ بماه پهاگن سنه ۱۱۹۳ فصلی حسن انجام یافت:

قطعه

دام باد ایں مقبرہ مسٹر اگسٹس کلو لینڈ
گفت ہاتف سال سنبت شد ز مصرع آشکار
گرزمی را کم کنی از سال سنبت در عدد
می تواں فہمید سال عیسوی ہم راشمار[۲۳]

للعی سالعه عــ
۴عــ

۱۹۔ دیروزاریو، ص۲۳۹

۲۰۔ Augustus Cleveland، ۱۷۵۵ء۔ ۱۷۸۴ء، بنگال سول سروس سے منسلک رہا۔ بھاگلپور، مونگیر اور راج محل میں کلکٹر اور دیوانی عدالت کا جج رہا، راس امید کی جانب ایک سفر کے دوران سمندر میں ۱۲ یا ۱۳ جنوری ۱۷۸۴ء کو فوت ہو گیا۔ اس کا جسد خاکی کلکتہ لا کر ساؤتھ پارک اسٹریٹ کے قبرستان میں دفنایا گیا۔ وارن ہیسٹنگز (Warren Hastings) اس کا مداح تھا، چنانچہ اس نے اس کی یادگار میں ایک مینار تعمیر کرایا تھا۔ ایک دوسری یادگار اس کے ماتحت افسران نے بھاگلپور میں تعمیر کرائی تھی، جس پر یہ کتبہ نصب تھا۔ اسٹیفن نیل، ص۲۰، و نیز بک لینڈ، ص ۸۴۔۸۵۔

۲۱۔ صوبۂ بہار میں دریائے گنگا کے داہنی کنارے پر کلکتہ سے تقریباً دو سو میل کے فاصلے پر واقع ایک ضلعی شہر۔

۲۲۔ صوبۂ بہار میں دریائے گنگا کے جنوب مغرب میں واقع شہر۔

۲۳۔ "دام باد ایں مقبرہ آگسٹس کلو لینڈ" سے کل ۱۸۴۱ عدد حاصل ہوتے ہیں، جب کہ سنبت سال ۱۷۸۴ء ہے اور زمی کے عدد ۵۷ ہیں۔

(۸)[۲۴]

دریں جالاش ہائے کپتان نار من میکلوڈ[۲۵] لیفٹننٹ ولیم ہنکس مین[۲۶] ولیم اوڈیل[۲۷] جوزف رچرڈسن[۲۸] سرداران در پلٹن سپاہیان سیزدہم عیسوی یک ہزار و ہفتصد نود و چہار عیسوی کشتہ شدند، دفن است۔

(فوجی قبرستان، بریلی)

(۹)[۲۹]

عفو

اصفہانی دوالفای آنا خاتون اہلیہ میکائیل بتاریخ بست و ہفتم ربیع الاول ۱۲۰۹ ہجری روز سہ شنبہ جاں بحق تسلیم نمود۔

(۱۰)[۳۰]

شہ نظرخاں آں کہ ناش شہرۂ آفاق بود
جنبش از توپ ریزی عزت لقمان فرود
چوں کہ اورا یا مسیحا بود ..... اعتقاد
مدحت از بہر سحودش جانب چرخ کبود

۲۴۔ فوہرر، آر۔اے (Fuhrer, Rev.A) "List of Inscription on Christian Tombs and Tablets...." (الہ آباد، ۱۸۹۶ء) ص ۴۳ (آیندہ: فوہرر، تصنیف ثانی)، یہ اس جنگ میں ہلاک ہوئے تھے، جو انگریزوں اور روہیلوں کے درمیان لڑی گئی تھی۔ روہیلے غلام محمد روہیلہ کی سرکردگی میں لڑ رہے تھے۔ روہیلوں کے دو اہم سردار نجیب خاں اور بلند خاں اس جنگ میں ہلاک ہوئے۔ ایضاً۔

۲۵۔ Norman Mcleod

۲۶۔ William Hinksman

۲۷۔ William Odell

۲۸۔ Joseph Richardson

۲۹۔ دیروزاریو، ص ۲۴۲

۳۰۔ فوہرر، ص ۱۶

ہا نوشت از سر حسرت پئے تاریخ او
گفت پا بوس جناب حضرت عیسا نمود[۳۱]

(۱۱)[۳۲]

ہوالیعنی

بتاریخ بست وششم شہر شوال روز شنبہ ۱۲۱۵ ہجری ولایت بی بی عیسوی...
از دار دنیا دار البقاء رحلت نمود۔

(۱۲)[۳۳]

سیز دہم ماہ شوال یکپاس گزشتہ شب چہار شنبہ سنہ عیسوی ۱۸۰۲ء جوانا
خانم وفات یافت۔

(۱۳)[۳۴]

ایں باولی جدید کندہ و تعمیر کردہ میجر جیمس آکلس کرک پاٹریک[۳۵] بہادر
حشمت جنگ وکیل سرکار آنربل کمپنی انگریز بہادر است۔ ۱۸۰۲ء حیدر آباد

(۱۴)[۳۶]

ایں باولی کندہ و تعمیر کردہ میجر جیمس آکلس کرک پاٹریک حشمت جنگ
وکیل سرکار عظمت مدار آنربل کمپنی انگریز بہادر جہت سیرابی متردین و شادابی
ایں باغ پر ثمر و آبیاری ایں آہو خانہ۔

۳۱۔ مطابق ۱۷۹۶ء

۳۲۔ فوہرر، ص ۹

۳۳۔ ایضاً، ص ۱۸

۳۴۔ یہی مرتب، "List of Inscriptions on Tombs or Monuments in the He.H the Nizam's Dominions." (حیدر آباد، ۱۹۴۱ء) ص ۱۲ (آئندہ: تصنیف ثانی)، لیفٹیننٹ کرنل، ۱۷۷۹ء میں کمپنی کی مدراس فوج میں داخل ہوا۔ مختلف معرکوں میں حصہ لیا۔ ۱۷۹۷ء سے آخر عمر تک ریاست حیدر آباد میں ریزیڈنٹ نامزد رہا۔ بک لینڈ، ص ۲۳۸۔

۳۵۔ James Achilles Kirkpatrick، ۱۷۶۴ء-۱۸۰۵ء؛

۳۶۔ کرافٹون تصنیف ثانی، ص ۱۲

حیدر آباد۔ ۱۸۰۴ عیسوی، ۱۲۱۹ ہجری۔

(۱۵)

پادری گریکور (Grecour) متوفی ۲۹ ستمبر ۱۸۰۷ء کی قبر کے کتبے پر جو دریاؤ قبرستان، دہلی میں واقع ہے، انگریزی عبارت کے ساتھ اردو میں یہ سطر کندہ ہے:

وفات پادری گریکور بست و پنجم ماہ رجب سنہ ۱۲۲۲ [۳۷]۔

(۱۶) [۳۸]

ایں قبر انا دریدون [۳۹] بنت (؟) میجر لوئس دریدون [۴۰] کہ بعمر نہ ماہ دو یوم بود بتاریخ بست و ہشتم ماہ جولائی ۱۸۰۹ عیسوی روز جمعہ مطابق چہار دہم شہر جمادی الثانی ۱۲۲۴ ہجری وفات یافت۔

(۱۷) [۴۱]

بنای ہذا الطریق یادگار فضائل حلیہ و خصائل جمیلہ کپتان گرانٹ [۴۲]، یکے از

۳۷۔ "A List of Inscriptions in Christian Tombs and Monuments in the Punjab,N.W. F.P.,Kashmir and Afghanistan." مرتبہ: اروِنگ، مائیلز (Irving,Miles) (لاہور، ۱۹۱۰ء) ص ۶۔

۳۸۔ فوہرر، ص ۲۸

۳۹۔ Ana Derridon

۴۰۔ Lewis Derridon

۴۱۔ دیروزاریو، ص ۱۶۴، وینز ولسن، ص ۱۶۵

۴۲۔ اینڈریو گرانٹ (Andrew Grant) ۱۸۰۳ء۔ ۱۸۴۷ء؛ برطانوی فوج سے ۱۸۲۳ء میں منسلک ہوا اور ۱۸۲۴ء میں ہندوستان آیا۔ دیناپور، کلکتہ، بارکپور، علیگڑھ، سلطانپور، کراچی اور سکھر وغیرہ میں تعینات رہا۔ اس کی قبر شملہ میں ہے۔ جورج ولیم ڈی رے فلپ (George William De Rhe Phillipe) "Biographical Notices of Military Officers and Others" (لاہور، ۱۹۱۲ء) ص ۱۳۶

سواران رجمنٹ پانزدہم متعلقہ فوج بنگلہ کہ جہت انصرام گاؤ سرکار و دولت مدار انگریز بہادر سفر ملک ایران اختیار نمودہ۔

دراثنائی راہ متصل شہر کریم آباد[۴۳] درسنہ ۱۸۱۰عیسوی مطابق سنہ ۱۲۲۵ہجری از دست رہزنان قطاع الطریق ہلاک شدند، صورت تعمیر یافت۔ فقط تمام شد۔

یہ کتبہ ایک یادگاری ستون سے ملا ہے، جو بارکپور میں دریا کے کنارے پر ایستادہ تھا۔

(۱۸)[۴۴]

بجناب حضرت مسیح صاحب امید واثق است کہ خاکسار بندگان جوان ابوتیس فرانسس وارشو(؟) بگوز یر قدم برکت اسم باشد۔ بتاریخ ہفدہم ماہ مئی ۱۸۱۲عیسوی مطابق پانزدہم ماہ جمادی الثانی ۱۲۲۷ بعمر مشقت سال از جہان فانی مملکت جاودانی رحلت نمود۔ (رومن کیتھولک قبرستان، آگرہ)

(۱۹)[۴۵]

ایں جا مدفونست خواجہ مرٹینپس[۴۶] ارمنی مقدسی کہ خود را غلام گریستیس می گفت۔ چوں صاحب خیر بود ہرچہ باخود داشت بنذر آں حضرت بفقرا ایثار کرد۔ درسنہ یک ہزار وہشتصد ویازدہ از تولد حضرت عیسیٰ۔

(آگرہ)

۴۳۔ورنگل (آندھرا پردیش کے نواح کا ایک قصبہ، بحوالہ: بارتھلومیو، جے۔جی (Barthlomew,J.G.) ’ ”Hand Gazetteer of India“ (عکسی اشاعت، لاہور، ۱۹۷۷ء) ص۱۷۹؛ لیکن اگر یہ شخص ایران پہنچ چکا تھا، تو وہاں اس نام کے کم از کم ۳۳ شہر یا قصبات آباد رہے ہیں۔ ملاحظہ فرمایئے: ”فرہنگ جغرافیائی ایران“ جلد۱، ۳،۴، ۵،۶، ۹، بحوالہ: علی اکبر دہخدا، ”لغت نامہ“ شمارہ ۳۴(تہران، ۱۳۳۶ش)، بذیل کریم آباد۔

۴۴۔ فوہرر، ص۱۵

۴۵۔ بلنٹ، ص۳۲

۴۶۔ Mortenpus

(۲۰)[۴۷]

مزار متبرک یادگاری کپتان رومال[۴۸] صاحب آں کہ ازیں جہاں فانی بہ ملک جاودانی بتاریخ بست و سوم محرم سنہ ۱۲۳۱ہجری وصال نمود۔

(ضلع میرٹھ)

(۲۱)[۴۹]

مرقد طامس اسمتھ صاحب کہ بتاریخ بست و دوم ذی الحجہ ۱۲۳۱ہجری نبوی مطابق سیزدہم نومبر سنہ ۱۸۱۶ء بعمر بست و پنج دولت حیات سپرد.....

اس قبر کے ساتھ مزید تین قبریں نامعلوم افراد کی ہیں' جن میں سے ایک کی قبر کے کتبہ پر محض قمری تاریخ قابل مطالعہ ہے' جو یہ ہے:

بتاریخ ۹ ربیع الثانی ۱۲۱۵ ہجری

(ٹپال فورث، تحصیل خیبر)

(۲۲)[۵۰]

فرانسو فرسی صاحب[۵۱] ازیں جہاں رحلت کردند۔ بتاریخ سیزدہم شہر ذوالحجہ سنہ ۱۲۳۱ہجری۔

(ضلع گوڑ گاؤں) ۴ نومبر ۱۸۱۶ء

(۲۳)

کیپٹن مائیکل لسٹر (cap. michal lister) متوفی ۱۵ اپریل ۱۸۱۸ء بعمر ۵۵ سال کی قبر پر حیدر آباد کے نواب شمس الامرا (۱۷۸۱ء۔۱۸۶۳ء)

۴۷۔ بلنٹ،، ص ۱۸؛ و نیز فوہرر، تصنیف ثانی، ص ۱۵۔

۴۸۔ Cap Rommel۔

۴۹۔ بلنٹ، ص ۲۳

۵۰۔ اروِنگ، ص ۴

۵۱۔ Franswa Fercy

نے، جن کی ملازمت میں یہ کیپٹن ۱۵ سال رہا، ایک کتبہ نصب کرلیا تھا، جو اگرچہ انگریزی زبان میں تھا، لیکن اس کے آخر میں ایک فارسی قطعہ اور اس کا اردو ترجمہ بھی کندہ تھے:

محفل گلزار جنت گشت محمل گاہ او
وقت فرقت گفت بستر آیت انجیل گو
شد فنا از گیتیٔ لستر بمذہب عیسوی
عالمے تیرہ نمود صد حیف دولت خواہ ہو

ترجمہ

"ان کا ٹھکانا جنت کی محفل ہے"
جدائی کے وقت یہ انجیل کی آیت سے پادری نے کہا
دنیا سے لسٹر نے عیسوی مذہب میں رہ کر کوچ کیا
دنیا تاریک ہو گئی صد افسوس اس دولت خواہ کے مرنے سے[۵۲]

(۴۴)[۵۳]

بیت

بجز گیاہ نہ پوشد کسی مزار مرا
کہ قبر پوس غریباں ہمیں بس است

ایں مرقد مطہر آرام گاہ عصمت قباب تقدس احتجاب صاحب بیگم نبیرۂ شمرو صاحب بہادر زوجۂ ظفرالدولہ جارج اکساندر داود ڈیس بہادر[۵۴]

۵۲۔ کرافتون، تصنیف ثانی، ص ۳۲۔ ۳۳

۵۳۔ فوہرر، ص ۱۵؛ ونیز بلنٹ، ص ۱۹

۵۴۔ Col. George Alexander David Dyce، بیگم سمرو کی ذاتی فوج کا سالار کرسٹوفر ہاویس (Christopher Hawes)، "Poor Relations:the Making of a Eurasian Community in British India" (سرے، ۱۹۹۶ء) ص ۱۰۹

مظفر جنگ بنت نواب ظفریاب خاں بہادر از بطن جلیانہ[۵۵] عرف بہو بیگم کہ بتاریخ دوم شہر ربیع الاول سنہ ۱۲۰۳ ہجری ولادت یافتہ و غرۂ رمضان سنہ ۱۲۳۵ ہجری مطابق ۱۸۲۰ عیسوی شب سہ شنبہ ازیں دار فنا بدار البقا شتافتہ۔ عیسیٰ علیہ السلام فرمودند کہ تا روز قیامت ہر کسی بر من ایمان آرد اگر میرد زندہ باشد۔

(ضلع میرٹھ)

(۲۵)[۵۶]

میجر جان ایتون صاحب[۵۷] بتاریخ دوم شہر رمضان سنہ ۱۲۳۶ ہجری ازیں جہان فانی بدار الملک جاودانی رحلت فرمود۔

۵۵۔ Juliana، بیگم سمرو (حوالہ بذیل ۱۴، ۵۷) کی سوتیلی پوتی، بحوالہ: ہاولیس، ص ۱۰۹؛ یہاں یہ نام مرتب نے خلط ملط کر دیئے ہیں، جب کہ ظفریاب خاں کا ہی خطاب ظفر الدولہ تھا‘ جو اسے شاہ عالم سے حاصل ہوا تھا۔ یہ بیگم سمرو کے شوہر کی پہلی بیوی کے بطن سے تھا اور اپنے باپ کے مرنے کے بعد اس نے بزور طاقت بیگم سمرو سے اس کی جاگیر چھین کر اپنے قبضہ میں لے لی تھی۔ لیکن بیگم سمرو نے انگریزوں کی مدد سے اس کا قبضہ ختم کرلیا اور اسے گرفتار کرا کے دہلی بھجوا دیا جہاں وہ ۱۸۰۳ء میں بعارضۂ ہیضہ فوت ہوا۔

اس کی ایک دختر ۱۸۰۶ء میں ڈیوڈ ڈائس سے منسوب ہوئی۔ اس سے جو ایک لڑکا ڈیوڈ آکٹرلونی ڈائس سمبرے میں پیدا ہوا، وہ بیگم سمرو کے مرنے کے بعد ۱۸۳۶ء میں اس کی ساری جائیداد کا وارث بنا، جس کی مالیت پانچ لاکھ پونڈ تھی۔ ہاولیس ص ۱۶۸

اس قبر میں مدفون خاتون غالباً اسی شخص کی ماں اور ظفریاب خاں کی بیٹی ہے۔

تفصیلات کے لیے: بک لینڈ، ص ۱۲۹، ۳۷۲، ونیز پیارے لال شاکر ”بیگم شمرو“، مشمولہ: ”زمانہ“ (کانپور) دسمبر ۱۹۳۷ء؛ وغیرہ

۵۶۔ اروِنگ، ص ۴

۵۷۔ Jean Etienne

(۲٦)

بیگم سمرو[58] نے ۱۸۲۲ء میں اپنی جاگیر سردھنا میں روم کے سینٹ پیٹرس نامی مشہور گرجا کے نمونے پر ایک خوبصورت گرجا تعمیر کیا تو اس کے دروازے پر لاطینی عبارت کے ساتھ یہ فارسی قطعۂ تاریخ بھی کندہ کرلیا:

بامدادِ خدا فضلِ مسیحا بسال ہژدہ صد عشریں اثنا
۱۸۲۲

بدل زیب النساء عمدہ اراکین بنا فرمود عالیشاں کلیسا[59]

(۲۷)[60]

بنام پدر پسر روح القدس سرکار اسم عزیز ترین شفیع عیسی مسیحہ مسمی بی بی پہلو زن اند۔ بنت اسمت زوجہ جانوانسی مدت چہار سال منقضی یافتہ شادی کردید۔ چنانچہ بعد چہار سال مذکور بعمر بست و دو سال رسیدہ بود۔ از مرضی خدا بتاریخ یازدہم ماہ فروری ۱۸۲۲ء بدار الفنا بدار البقا رخصت نمود۔

خدایا بفضل کرم تو بنام
کہ ایں جناں بہ آرام باشد مدام

۵۸۔ بیگم سمرو کشمیر کے ایک مسلمان گھرانے میں پیدا ہوئی تھی۔ اس کا نام زیب النساء اور والد کا نام لطف علی تھا۔ سمرو سے ۱۷٦۵ء میں شادی کے بعد وہ سیاست میں بہت زیادہ دخیل ہو گئی اور انگریزوں اور عیسائی مبلغین سے اس کے قریبی روابط استوار ہو گئے۔ شوہر کے انتقال کے بعد ۱۷۸۲ء میں اس نے عیسائیت قبول کرلی اور عیسائیت کے فروغ کے لیے بے پناہ رقم صرف کرنے لگی۔ عیسائیت قبول کرنے کے بعد اس نے اپنا نام جوانا رکھ لیا تھا اور بیگم زیب النساء جوانا سمرو کہلانے لگی تھی۔ عیسائیت کے لیے اس کی خدمات کا ذکر اسٹیفن نیل، ص ۲۸۴۔۲۸۵ میں ہے۔

۵۹۔ پیرے لال شاکر، "بیگم شمرو" مشمولہ: انتخاب "زمانہ" بعنوان "تاریخ ہند" مطبوعہ پٹنہ، ۱۹۹۳ء، ص ۱۳۷

٦۰۔ کرافتون، ص ۱۷۴

(۲۸)[61]

دون جزے ڈیسلوا[62] پرتگیز در سنہ ۱۸۲۶ء یک ہزار و ہشت صد و بست و شش عیسوی تاریخ... ماہ نومبر وفات یافت۔

(آگرہ)

(۲۹)[63]

لہولعز

بحکم شوالیئر جنرل الارڈ[64] صاحب بہادر

مکان مرقد صاحبزادی میری شارلوٹ[65] برائے یاد کہ الٰہی

جانش در بہشت نمرین باد و بیامرزاد۔ در سنہ ۱۸۲۷عیسوی موافق سنہ ۱۲۴۲ ہجری مطابق سنبت ۱۸۸۴ بکرمی تعمیر یافت۔ بالخیر

(کپورتھلہ ہاؤس۔ لاہور)

(۳۰)[66]

کپتان مینویل ڈریمون بہادر ہشتاد و شش سال ایام حیات مستعار را بخوش کلامی و نیک فرجامی بہرہ گستری و غربا پروری بسر نمودہ۔ بتاریخ دوئم ماہ ذی الحجہ سنہ ۱۲۴۴ہجری مطابق پنجم شہر جون سنہ ۱۸۲۹ء روز جمعہ چہار گھڑی شب گزشتہ رخت ہستی از سہ پنجی سرائے فنا بربستہ شرائط دین متین عیسوی را کاربند بودہ' بکمال استقلال طرح اقامت در جنت ابا و بقا انداختند۔ پس ماندگان و بیکسان را ازیں واقعہ جان فرسا خار غم در دل ماند و کوہ الم بر دل

۶۱۔ بلنٹ، ص۴۸۔

۶۲۔ Don Jose Desilva

۶۳۔ اروِنگ، ص۸۹

۶۴۔ Cavalerie Allard

۶۵۔ Mary Charlette

۶۶۔ اروِنگ، ص۶

فساد۔ این خلیق و شفیق و سخی و حاتم دہر بہ ناگہاں راہ عقبیٰ گرفت۔ ہائے دریغ۔

شمار سال وصالش چو خواستم از دل
زغیب گفت بمن این سخن کہ وائے دریغ

ڈومینگو ڈریمون خلف آن بزرگوار این مقبرہ را برائے یادگار بنیاد نہاد۔

(۳۱)[۶۷]

بی بی جلیسا[۶۸] بنت حدی مس دوما[۶۹] مرحوم زوجہ طامس ولسن[۷۰] بعمر سی و پنج سال و چہار ماہ و شش روز بتاریخ سوم ماہ جون سنہ ۱۸۳۰ عیسوی مطابق یازدہم ماہ ذی الحجہ سنہ ۱۲۴۵ ہجری روز پنج شنبہ بوقت دو گھڑی شب گزشتہ دار البقار حلت نمود۔

(۳۲)[۷۱]

صوفی خانم قوم خورجی[۷۲] کریستان بعمر بست سال بتاریخ چہارم بماہ پاس بنو ماری سنہ ۱۸۲۳ء مطابق سیوم شہر رمضان سنہ ۱۲۳۸ ہجری ازیں جہان فانی رحلت نمود۔ سنہ ۱۲۳۸ ہجری

۶۷۔ ایضاً، ص ۷

۶۸۔ Bibi Jalisa

۶۹۔ Miss Duma

۷۰۔ Thomas Wilson

۷۱۔ ایضاً، ص ۲۹

۷۲۔ ایک پٹھان قبیلہ، جو خورجہ ضلع بلند شہر (شمالی ہند) کی ایک تحصیل میں واقع شہر میں آباد رہنے کی وجہ سے خورجی کہلاتا ہے۔ تحصیل کا کل رقبہ ۴۶۰ مربع میل، اور شہر ریلوے اسٹیشن کے آس پاس اس صدی کے اوائل میں صرف ساڑھے تین میل کے احاطے میں پھیلا ہوا تھا۔ بحوالہ: بار تھولومیو، ص ۱۹۴

(۳۳)[۷۳]

ایں روضہ اہل خانہ پیڈرو بربون[۷۴] مسمی بی بی[۷۵] آنا دختر حکیم عنایت مسیح
در سنہ ۱۸۳۲ عیسوی مطابق سنہ ۱۲۴۳ فصلی و مطابق بھادوں سمبت ۱۸۸۹
از جہان فانی بہ عالم جاودانی...

(۳۴)[۷۶]

ایں روضۂ پیڈرو بربون عرف امداد مسیح ولد کپتان خیرات مسیح صاحب
است کہ در سال یک ہزار شست صدوسی وسہ عیسوی در شہر بوپال انتقال
نمودہ ازیں عالم فانی بر جہان جاودانی... سنہ ۱۸۳۳ عیسوی۔

(آگرہ)

(۳۵)[۷۷]

ہذا مرقد بالی البیلا[۷۸] صاحبہ بنت لفٹن درمنکویل ڈریمو[۷۹] بہادر بتاریخ بست
و چہارم ماہ جولائی سنہ ۱۸۳۴ عیسوی مطابق چہادہم ماہ ربیع الاول سنہ ۱۲۵۰
ہجری نبوی وقت یکپاس روز بر آمدہ بعمر ہفتدہ سال و ہشت ماہ و دہ روز
وفات یافت۔

(۳۶[۸۰])

ہذا مرقد بی بی سوجاناخانم ہمشیرہ خورد شیخ یار خاں بہادر دلاور جنگ
عرف ہاردطول صاحب بتاریخ پانزدہم شہر صفر سنہ ۱۲۵۲۔
ویم (مریم؟) خانم زوجہ لول (طول؟) صاحب بہادر مرحومہ اللّٰہم اغفرہا۔

۷۳۔ بلنٹ، ص۴۹
۷۴۔ Pedro Bourbon
۷۵۔ Mrs. S.Anna Bourbon
۷۶۔ ایضاً، ص۵۰
۷۷۔ اردنگ، ص۷
۷۸۔ Bali Albelela
۷۹۔ Dermankuel Deremad
۸۰۔ یہ ۸ر ستمبر ۱۸۳۷ء کو فوت ہوئی، ایضاً، ص۶۔

(۳۷)[81]

ہذا مرقد خواجان زوجہ میور موادیم[82] صاحب مرحوم بتاریخ چہاردہم نومبر سنہ ۱۸۳۷ء یوم یکشنبہ مطابق تاریخ پنجم شہر ذی الحجہ سنہ ۱۲۵۳ ہجری رحلت نمود۔ اللہم اغفرلہ۔

(دریماؤ سمٹری، دہلی)

(۳۸)[83]

الٰہی عاقبت بخیر باد

اللہ رب ہے میرا مسیح روح القدس ہے۔ میرا دین کریستان ہے۔ میرا ایمان انجیل مبارک ہے۔ میرا قبلہ بیت المقدس ہے۔ میرا حین جہان زندگانی و زیں جہان فانی۔ بی بی مریم صاحبہ بنت آغارار صاحب بہادر ارمنی البخانہ مرزا (؟) عیوض ملمیجان (؟) بہادر عقت امانت مطال (؟)۔ یکماہ و حرہ (؟) در عدم نقال کشید۔ تاریخ ہفت دہم ماہ رجب ۱۲۵۵ ہجری شب یکپاس روز جمعہ مطابق بست و ہفتم ماہ ستمبر ۱۸۳۹ء عیسوی۔

(۳۹)[84]

بتاریخ پانزدہم ماہ بھادو سنہ ۱۱۸۵ بنگلہ ڈاکٹر فلور[85] صاحب از جہان فانی عالم جاویدانی رحلت نمود۔

(۴۰)[86]

اللہ باقی من کل فانی

۸۱۔ ایضاً، ص ۹

۸۲۔ Muir Muadem

۸۳۔ فورہر، ص ۲۲؛ یہ کتبہ مریم خانم کی قبر کا ہے۔ متعدد مقامات اور آخر میں اس کی عبارت پڑھی نہ جا سکی۔ اس میں درج ہجری و عیسوی سنین میں مطابقت بھی نہ تھی۔

۸۴۔ ویروزاریو، ص ۲۴۲

۸۵۔ Dr. Flor

۸۶۔ اروِنگ، ص ۷

پیر کامرائی[87] صاحب بعمر سی سال بتاریخ بستم ماہ فروری سنہ ۱۸۴۲ عیسوی مطابق ہشتم ماہ محرم سنہ ۱۲۵۸ ہجری روز یکشنبہ ازیں جہان فانی بعالم جاودانی رحلت نمود۔

(۴۱)[88]

یا اللہ

دختر لیوالو[89] صاحب مذہب عیسوی زوجۂ دانش (؟) نظر مسچل لکھوار[90] بتاریخ ہشت دہم جولائی یوم شنبہ سنہ ۱۸۴۳ عیسوی وفات یافتہ۔ غفور الرحیم گناہش معاف سازد۔

(۴۲)[91]

اللہ باقی من کل فانی

فراسوادیم[92] صاحب در عمر چہل و پنج سال بتاریخ پانزدہم (۱۵) ماہ جنوری سنہ ۱۸۴۴ عیسوی ازیں جہان فانی بعالم جاودانی رحلت نمود۔ اللہم اغفر وارحم

مترادیم مورلیس[93] دہم پسر صاحب مرحوم

(۴۳)[94]

دون الیش ڈیسلوا... دون جزے ڈیسلوا بتاریخ بست و دوم ماہ دسمبر سنہ ۱۸۴۵ عیسوی وفات یافت۔ سال عمر ۶۳۔

(آگرہ)

۸۷۔ Pir Kamrai

۸۸۔ ایضاً ص ۸

۸۹۔ Levalu,Laville

۹۰۔ Mischil Lakhwar

۹۱۔ ایضاً۔

۹۲۔ ?Francis Adam, Frasu Adim

۹۳۔ Mitter Adam Morris

۹۴۔ بلنٹ، ص ۵۰

(۴۴[95])

مقبرہ آغا جان یعنی جمن ہارلن[96] متولد رستم خان کرجی شاگرد ... خان تولد شد در کابل عیسوی سنہ ... ۱۸ء نوزدہ سال عمر سنہ ... ۱۸ء متبنی مسٹر ہارلن[97] صاحب بہادر مقیمی بہ کلکتہ ہندوستان۔

(نورپور)

(۴۵[98])

اللہ باقی من کل فانی

از بسے نظر مہر و دانش دارد

بتاریخ دہم ماہ جون سنہ ۱۸۴۷ عیسوی یوم پنج شنبہ مطابق بست و پنجم شہر جمادی الثانی سنہ ۱۲۶۳ ہجری ازیں جہان فانی بعالم جاودانی رحلت نمود۔

(۴۶[99])

یادگاری ستون

سمت مغرب:

از آنجا کہ بتاریخ سیزدہم (۱۳) جنوری سنہ ۱۸۴۹ء دریں معرکہ کہ متعلقہ

۹۵۔ ارونگ، ص ۷۸

۹۶۔ John Harlen

۹۷۔ Josiah Harlen، ۱۸۲۴ء میں ہندوستان آیا اور بنگال فوج میں ملازم ہوا۔ رنگون، کانپور، دیناپور، الہ آباد وغیرہ میں تعینات رہا۔ پھر رنجیت سنگھ (۱۷۸۰ء۔۱۸۳۹ء) کے دربار سے منسلک ہو کر اس کے لیے جاسوسی کی غرض سے افغانستان اور وہاں رنجیت سنگھ کا سفیر مقرر ہو گیا۔ امیر افغانستان دوست محمد خاں (۱۸۲۶ء۔ ۱۸۶۳ء) کے معتمدین میں شامل رہا۔ ۱۸۴۲ء میں لندن واپس چلا گیا اور اپنی یادداشتیں بعنوان "Memdirs of India and Afghanistan" ۱۸۴۲ء میں تحریر کیں۔ بعد کے حالات کا علم نہیں ہوتا۔ بک لینڈ، ص ۱۵۲

۹۸۔ اس کتبے پر کوئی نام باقی نہ رہا، ارونگ، ص ۸

۹۹۔ ایضاً، ص ۱۱۷، اس ستون پر شمالی سمت میں انگریزی میں اور مشرقی سمت میں ہندی میں یہی عبارتیں کندہ ہیں۔

چیلیانوالہ محاربہ[100] شدیدہ فیما بین افواج انگریزی کہ رئیس ایشاں لارڈ گاف[101] صاحب بود و اقوام سکھاں کہ سپہ سالار ایشاں راجہ شیر سنگھ[102] بود۔ واقعہ شدہ۔ در ہر دو جانب عساکر بے شمار جنگ کناں از دار فنا بدار بقا شتافتند۔ بر ارواح ایشاں رحمت و بر قبور ایشاں عزت باد۔ بنا علی ہذا بنائے ہذا یادگار دلاوران کہ در صفوف انگریزاں جان باختند ساختہ شد و اہتمام ایں بنیاد از اعانت رفیقان ایشاں کہ در مقاتلہ مرقوم شریک بودند و جان بسلامت بردند و نام آوری ایشاں را باعث عزت خود ہا می پندارند و فوات ایشاں را سبب اندوہ خود ہا می شمارند۔

۱۰۰۔ چلیانوالہ معرکہ ۱۳؍ جنوری ۱۸۴۹ء کو سکھوں اور انگریزوں کے درمیان دوسری بڑی جنگ کے دوران پیش آیا، جس میں سکھوں کو شکست ہوئی لیکن انھوں نے انگریزی فوج کو بھی خاصہ نقصان پہنچایا۔ ۸۰ تا ۹۰ انگریز فوجی افسر اور چھ سو سپاہی ہلاک ہوئے، جب کہ زخمیوں کی تعداد ہزاروں میں تھی۔ تفصیلات کے لیے: خوشونت سنگھ "A History of the sikhs" جلد دوم (پرنسٹن، ۱۹۶۶ء) ص ۷۹۔۸۰

۱۰۱۔ Hugh Gough، ۱۷۷۹ء۔ ۱۸۶۹ء؛ ساری زندگی معرکہ آرائی میں گزاری ۱۸۱۵ء میں "سر" کا خطاب پایا۔ ۱۸۴۳ء میں ہندوستانی فوج کا کمانڈر ان چیف مقرر ہوا اور سکھوں کے ساتھ پہلی (۱۸۴۵ء) اور دوسری (۱۸۴۹ء) جنگوں میں انگریزی افواج کی قیادت کی۔ ۱۸۶۲ء میں فیلڈ مارشل کا اعزاز حاصل کیا۔ کہا جاتا ہے کہ ڈیوک آف ویلنگٹن کے علاوہ کسی اور برطانوی فوجی افسر نے اتنے معرکے سر نہیں کیے۔ بک لینڈ، ص ۱۷۲۔۱۷۳

۱۰۲۔ رنجیت سنگھ (۱۷۸۰ء۔ ۱۸۳۹ء) سکھوں کی فوج کا سپہ سالار تھا۔ ۱۸۴۹ء میں راولپنڈی کے مقام پر انگریز فوج کے مقابل ہتھیار ڈالنے پر مجبور ہو گیا۔ اس کا باپ چھتر سنگھ اٹاری والا اور خود شیر سنگھ سکھ دربار میں بڑی قدر و منزلت رکھتے تھے۔ شیر سنگھ نے کئی مقامات پر مختلف وقتوں میں انگریز افواج کا مقابلہ کیا اور انھیں ہزیمت پہنچائی۔ چلیانوالہ معرکہ میں بالآخر اسے شکست اٹھانی پڑی۔ اس نے اپنے باپ کے ساتھ انگریزوں کے سامنے ہتھیار ڈال دیے اور دونوں قیدی بنا لیے گئے۔ تفصیلات کے لیے: دیوان کرپارام "گلاب نامہ" انگریزی ترجمہ: سکھ دیو سنگھ چارک (دہلی، ۱۹۷۷ء) ص ۲۶۰، ۲۷۳، ۳۷۹

سمت جنوب:

جنوری کی تیرویں تاریخ سنہ ۱۸۴۹ء میں اس معرکہ میں انگریزی فوج سے جن کا سردار لارڈ گاف صاحب تھا اور سکھوں کی فوج سے جن کا سردار راجہ شیر سنگھ تھا بڑی بھاری لڑائی پڑی۔ دونوں لشکر آپس میں خوب ڈٹ کر بے دھڑک لڑے اور ایسی جم کر لڑائی لڑے کہ ان گنت مارے گئے۔ راہ کیا بہادری پر گئے (؟) اللہ ان کی قبروں کو نورانی کرے اور جگ میں ان کا نام روشن رکھے۔

اس رن میں جو کہ انگریزی فوج کے کھیت رہی اور اپنی جانوں پر کھیل گئے۔ ان کی یادگار کے لیے یہ عمارت ان لوگوں نے مل کر طیار کروائی ہے جو کہ اس معرکہ میں اجل کے پنجہ سے بچ رہے تھے۔ اگرچہ ان کے نہ ہونے سے بے چین ہیں مگر ان کی نام آوری کو اپنی آبرو جانتے ہیں۔

(۴۷[۱۰۳])

ہذا مرقد حسینہ جان۔ صبیہ۔ دلاری جان بعمر پنج سال و یازدہ یوم۔ بتاریخ پانزدہم ماہ اگست ۱۸۵۵ عیسوی روز چہار شنبہ مطابق شہر ذی الحجہ سنہ ۱۲۷۱ ہجری ازیں جہان فانی بعالم جاودانی رحلت نمود۔

(۴۸[۱۰۴])

دہلی ــ غدر کی یادگار

دہلی کی جنگی فوج نے انگریزی اور ہندوستانی افسر اور سپاہی جو ۳۰ رمئی اور ۲۰ ر ستمبر سنہ ۱۸۵۷ء کے درمیان لڑائی مین مارے گئے یا زخمی ہوئے یا بیمار ہو کر مر گئے، ان کی یادگاری کے واسطے اون کے ساتھیوں نے جن کو اون کی موت کا رنج ہے، اور سرکار نے جس کی خدمت میں وہ اس طرح

۱۰۳۔ اروِنگ، ص ۹

۱۰۴۔ ایضاً، ص ۲۶

کام آئے، یہ یادگار بنوالیا۔

فقط:

O.C. Walter[105] | Cap. W.G.Law[106]

Lieu E.J. Travers[107] | J.H. Brown[108]

E.C.Wheatley | Lieu J.Yorke

(۴۹[109])

زوجہ حکیم جرے ڈیسلوا تاریخ بستم ماہ دسمبر سنہ ۱۸۵۹ عیسوی بعمر ہشتاد و پنج سال صورت وفات یافت۔

(آگرہ)

(۵۰)

روجر ایڈمنڈکلارک (Roger Edmund Clark) متوفی ۱۴ر جنوری ۱۸۶۳ء کے کتبہ پر اردو میں انجیل کی یہ عبارت کندہ تھی:

"جب تک گیہوں کا دانہ زمین میں گر کر نہ مرجاوے اکیلا رہتا ہے۔

۱۰۵۔ Odiarne Coalos Walters، ۱۸۳۸ء-۱۸۵۷ء: ۱۸۵۶ء میں ہندوستان آیا اور بنگال فوج میں ملازم ہوا۔ فیروز پور میں تعینات تھا کہ ۱۸۵۷ء میں مجاہدین کے ہاتھوں ہلاک ہوا۔ ایضاً، ص ۳۶۴

۱۰۶۔ ۱۸۲۳ء۔۱۸۵۷ء: ۱۸۴۱ء میں ہندوستان پہنچا، اور کمپنی کی بنگال فوج میں تعینات ہوا۔ دہلی، کرنال، فیروزپور، حیدر آباد، کلکتہ، امبالہ میں خدمات انجام دیں۔ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں مجاہدین کے ہاتھوں ہلاک ہوا۔ بحوالہ: قلب، ص ۲۰۱

۱۰۷۔ Eaton Joseph Travers، ۱۸۲۸ء۔۱۸۵۷ء: ۱۸۴۵ء میں ہندوستان پہنچا اور بنگال فوج میں داخل ہوا۔ دیناپور، میرٹھ، وزیر آباد، ڈیرہ اسمٰعیل خاں میں تعینات رہا۔ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں ہلاک ہوا۔ ایضاً، ص ۳۴۷

۱۰۸۔ John Hugh Brown، ۱۸۲۸ء۔۱۸۵۷ء: ۱۸۴۶ء میں برطانوی فوج میں ملازم ہوا اور ۱۸۴۷ء میں ہندوستان بھیجا گیا۔ دیناپور، بنارس، بارکپور، دہلی اور ہوشیار پور میں خدمات انجام دیں۔ ۱۸۵۷ء میں مجاہدین کے ہاتھوں ہلاک ہوا۔ ایضاً، ص ۴۱

۱۰۹۔ بلنٹ، ص ۵۰

پر اگر مرے تو بہت سا پھل لاتا ہے۔" یوحنا ۱۲ باب۔ ۲۴ آیت[110]۔

(۵۱)[111]

این بہ یادگاری نیک خصال پادری اسیڈور لونتھال[112] کہ متعلق مشن پریسبٹیریان امریکہ و ترجمۂ انجیل در زبان افغانی نمودہ بود بقضائے کردگار از دست چوکی دار بضرب تفنگچہ بتاریخ ۲۷ ماہ اپریل سنہ ۱۸۶۶ عیسوی انتقال نمود بطریقۂ چندہ بنا شد۔

من مطلقاً شرمندہ نیستم از مژدۂ مسیح' زیرا کہ آن قوت نجات بخش خداست ہر کس کہ ایمان آرد۔

خط رومیان۔ باب ا۔ آیت ۱۶

(۵۲)

الیگزنڈر چارلس میٹ لینڈ (Alexander charles maitland) کی قبر کے کتبے پر' جو ۱۳ سال تک تبلیغی سرگرمیوں میں مصروف رہ کر دہلی میں ۲۲ر جولائی ۱۸۹۴ء کو فوت ہوا' اور اجمیری گیٹ کے قبرستان میں دفن ہوا' اردو میں یہ قول کندہ تھا:

"تو مرنے تک ایمان دار رہ، تو میں زندگی کا تاج تجھے دوں گا[113]"

(۵۳)[114]

بتاریخ یازدہم شہر شوال المعظم ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۴ سنہ جلوس والا روز جمعہ وقت نصف شب گذشتہ بی بی مریادلماد[115] صاحبہ والدہ کپتان ہارطون

۱۱۰۔ اروِنگ، ص ۱۵۰

۱۱۱۔ ایضاً، ص ۱۵۱

۱۱۲۔ Isodore Loewenthal، اس کا تعلق امریکی عیسائی تبلیغی جماعت : Presbyterian سے تھا اس نے عہدنامہ جدید کا پشتو زبان میں ترجمہ بھی کیا تھا۔ ایضاً۔

۱۱۳۔ ایضاً، ص ۱۹

۱۱۴۔ فوہرر، ص ۱۷

۱۱۵۔ Mirya Dalmad

صاحب رحلت نمود۔

(۵۴)[۱۱۶]

تھیوڈور بیک[۱۱۷] پرنسپل مدرسۃ العلوم علی گڑھ بعمر چہل سال بتاریخ دویم ستمبر ۱۸۹۹ء از دار فانی بعالم جاویدانی رحلت کرد۔

(شملہ)

(۵۵)

ایک انگریز خاتون مسز ایف فرانس، جو مغربی اتر پردیش کے شہر سکندر آباد میں ۹ر فروری ۱۹۰۰ء کو فوت اور میرٹھ میں مدفون ہوئیں' ان کا کتبہ انگریزی زبان میں کندہ ہے' لیکن عبارت کے آخر میں یہ اردو شعر درج ہے:

آپ سے میں اتنی ہمدردی کی ہوں امیدوار
رحمت حق ہو مرے حق میں یہی کیجے دعا[۱۱۸]

(۵۶)

سر سموئیل جیمز براؤن[۱۱۹] (Sir Samuel James Brown)، (۱۸۲۴ء۔۱۹۰۱) کی قبر کے کتبہ پر، جو لاہور کیتھیڈرل میں ہے' کل عبارت انگریزی میں تھی' لیکن صرف

۱۱۶۔ ارونگ، ص ۲۶

۱۱۷۔ theodore Beck، ۱۸۵۹ء میں لندن میں پیدا ہوا، لندن اور کیمبرج میں تعلیم حاصل کی۔ محض ۲۴ سال کی عمر میں محمڈن اینگلو اورینٹل کالج علی گڑھ میں پرنسپل بنا دیا گیا، لیکن کالج کی ترقی اور نظم و نسق میں قابل قدر کارنامے انجام دیئے۔ ۲ر ستمبر ۱۸۹۹ء کو شملہ میں انتقال کیا۔ بک لینڈ، ص ۳۳۔

۱۱۸۔ فوہرر، ص ۹

۱۱۹۔ ۱۸۴۰ء میں بنگال فوج میں ملازم ہوا اور ۱۸۴۱ء میں ہندوستان آیا۔ متعدد مقامات پر تعینات رہا اور ۱۸۵۷ء میں اپنی بہادری کے سبب "وکٹوریہ کراس" حاصل کیا اور لیفٹیننٹ جنرل کے عہدے تک ترقی کی۔ بک لینڈ، ص ۴۱۔۴۲

اس کا نام اردو جلی حروف میں بھی اس طرح کندہ تھا:

"جنرل سر شام برون صاحب بہادر"[۱۲۰]

(۵۷)[۱۲۱]

"یہ قبر مس روستی گو[۱۲۲] کی ہے۔"

۱۲۰۔ اروِنگ، ص۹۶

۱۲۱۔ فوہرر، ص۱۹

۱۲۲۔ Seraphina Rustigo

پروفیسر ڈاکٹر عابدہ سمیع الدین

قومی جہد آزادی میں مسلم خواتین کی شرکت:*
بی بی امت السلام ایک تفصیلی جائزہ

تاریخ جنوں یہ ہے کہ ہر دور خرد میں
اک سلسلۂ دارورسن ہم نے بنایا

مہاتما گاندھی نے کہا تھا جب ہندوستان کی آزادی کی تاریخ لکھی جائے گی تو ہندوستانی خواتین کی قربانیاں سر فہرست دینا ہوں گی۔ قومی جنگ آزادی میں خواتین کی شرکت کی داستان ۱۸۵۷ء سے شروع ہوتی ہے جسے ہماری قومی جہد آزادی کا پہلا دور کہا جاتا ہے۔

اس جہد آزادی میں خواتین کی خاصی بڑی تعداد اپنے انقلابی بھائیوں کے دوش بدوش شریک محاذ آرائی رہی۔ جنگ آزادی کے مورخ نے جن چند ناموں کو اپنے اوراق میں محفوظ کرلیا ہے ان میں اودھ کی بیگم حضرت محل، بجنور کی رقاصہ عزیزن، دہلی کی سبز پوش خاتون، جھانسی کی گمنام شہید، اور تھانہ بھون کے مجاہد قاضی عبدالرحیم خاں کی والدہ 'اصغری بیگم' آزادی وطن کی خاطر نہ صرف ایک جابر وغاصب حکمراں سے برسرپیکار رہیں بلکہ اول الذکر کو چھوڑ کر بقیہ سبھی نے جام شہادت نوش کیا، نیز ان سبھی کا تعلق طبقہ عوام سے تھا اس بات کی دلالت ہے کہ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی صحیح معنی میں ایک عوامی تحریک تھی۔

برطانوی سامراجیت کے مکمل قبضۂ غاصبانہ کے بعد ہندوستانی مسلمان جس طور ان کے قہر وغضب کا نشانہ بنے وہ انہیں عرصے تک خاموش رکھنے کے لئے کافی تھا۔

---

* یہ مقالہ دہلی کے ایک سیمینار میں پڑھا گیا۔

سر سید مرحوم نے اس جمود کو توڑنے اور مسلمانوں کو مایوسی کے اندھیروں سے نکالنے کے نئے جو نسخہ کیمیا پیش کیا اس میں سیاست شجر ممنوعہ کی حیثیت رکھتی تھی۔

دوسرا دور:

مٹی کی محبت میں ہم آشفتہ سروں نے
وہ قرض اتارے ہیں جو واجب بھی نہیں تھے

۱۹۱۱ء کی شروعات ہندوستانی مسلمانوں میں ایک نئی بیداری کا پیش خیمہ تھی۔ سیاسی اعتبار سے یہ وہ زمانہ تھا جب ہندوستان کے ہندو مسلمانوں نے ایک نئی کروٹ بدلی تھی۔ قوم پرستی کی ایک نئی روح پیدا ہو رہی تھی۔ برطانی سامراج سلطنت عثمانیہ کو ختم کرنے کی سازش کر چکا تھا جو خصوصاً مسلمانان ہند میں زیادہ بے چینی کا باعث تھا۔ اندرون ملک بہت سے سیاسی واسلامی معاملات جیسے ہندو مسلم یونیورسٹیوں کا قیام، استرداد، تقسیم بنگال، ہندو مسلم اتحاد، شہادت مسجد کانپور، جنگ طرابلس، جنگ بلقان اور پھر جنگ عظیم جیسے مسائل نے اہل ملک اور عالم اسلام کو اپنی طرف متوجہ کرر کھا تھا۔ مسلم رہنماؤں نے تحریک خلافت کے ذریعہ مسلمانوں کو جن کا عالمی سطح پر ظالمانہ ڈھنگ سے استحصال کیا جارہا تھا ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے کی کوشش کی۔ اسکا ایک عظیم مقصد یہ بھی تھا کہ انگریز جو کمند غلامی پھینکتے چل رہے ہیں اس میں رکاوٹ پیدا ہو اور غلام ممالک آزادی حاصل کر سکیں۔ نتیجہ خاطر خواہ نکلا بالخصوص ہندو مسلم اتحاد کے سبب قومی تحریک آزادی کو اس سے بڑی تقویت ملی۔ دوران تحریک مسلم خواتین نے انتہائی مثبت واہم کردار ادا کیا ان کے اثر کا تذکرہ کرتے ہوئے اس زمانے کے مشہور برطانوی منتظم سر ہارٹ کورٹ بٹلر نے ۱۹۱۶ء میں کہا تھا:

> "علماء وخواتین ہندوستان میں سب سے زیادہ اثر رکھتے ہیں۔ میں اس وقت تک سیاست دانوں سے کوئی خطرہ محسوس نہیں کرتا جب تک وہ ان دونوں اثرات سے کام لینا شروع نہ کریں۔"

(Studies in South Asia. Edited by Hanna Papanek, Separate World, Gail Minault, p.248)

اس دور کی خواتین اور جنگ آزادی میں ان کی شرکت و قربانیوں کی ایک طویل داستان ہے جس میں 'بی اماں' والدہ مولانا محمد علی و شوکت علی کا نام سر فہرست آتا ہے۔ ان کے علاوہ چند اور اہم نام جیسے نشاط النساء بیگم حسرت موہانی، امجدی بیگم مولانا محمد علی جوہر سعادت بانو بیگم سیف الدین کچلو، بیگم مولوی ظفر علی خان اڈیٹر زمیندار، بیگم مولوی ظفر الملک اڈیٹر الناظر، زاہدہ خاتون شروانیہ علی گڈھ، احمدی بیگم نجیب آبادی، زبیدہ بیگم شفیع داؤدی مظفر پور، کنیز سیدہ بیگم ریاست حسین چھپرہ، بیگم حاجی یوسف ثابانی بمبئی، بیگم ڈاکٹر محمد عالم لاہور اور خدیجہ بیگم سرحد خصوصیت سے لئے جاسکتے ہیں۔ ان کی قربانیاں کسی بھی قوم کے لئے باعث فخر ہوسکتی ہیں۔ ساتھ ہی اگر اس فہرست میں ان ناموں کا بھی شمار کر لیا جائے، جنہوں نے بہ کمال فراخدلی اپنے شوہروں کو لیلائے حریت کے سپرد کردیا اور خود غم جاناں و غم روزگار دونوں کو سینہ سے لگائے مانند شمع مادر وطن پر نثار ہوگئیں تو سر فہرست زلیخا بیگم آزاد ہوں گی جن کی قبر پر رہائی کے بعد فاتحہ پڑھتے ہوئے مولانا کو ورڈس ورتھ کا یہ شعر تڑپا گیا تھا۔

"مگر اب وہ اپنی قبر میں ہے اور ہائے میری دنیا کیسی بدل گئی ہے۔"

اس دور کی بیشتر خواتین پردہ نشین تھیں اور چند ایک کے علاوہ ان کی کارکردگی اور دائرہ عمل خواتین کے اجلاس چرخے اور سودیشی تحریک تک ہی محدود تھا، تاہم پردے کی سخت قیود اور بحیثیت مجموعی مسلم معاشرے کے تناظر میں مسلم خواتین کا میدان سیاست میں دخل اور فعال ہونا ہی بڑی ہمت و جرأت کا مظہر ہے اور یقیناً قابل ستائش ہے۔

تیسرا دور:

شورش عندلیب نے روح چمن میں پھونک دی
ورنہ کلی کلی یہاں مست تھی خواب ناز میں

انیسویں صدی کی دوسری دہائی کے خاتمے پر قوم پرست خواتین کی ایک نئی شخصیت ابھر رہی تھی جس کے خدوخال تیسری دہائی کے وسط تک خاصے نمایاں ہوچکے

تھے۔ یہ خواتین بحیثیت مجموعی خاصی تعلیم یافتہ تھیں اور وسیع پیمانے پر ملک گیر تحریکات میں حصہ لے رہی تھیں۔ ان تحریکات میں دستور ہند کی حدود میں رہ کر قومی آزادی کی جدوجہد سے لے کر دہشت پسندی تک کی تحریکات شامل کی جاسکتی ہیں۔

جنگ آزادی میں شریک اس دور کی ان تمام خواتین میں جو مہاتما گاندھی کی سحر انگیز شخصیت کے زیر اثر قومی تحریک میں شامل ہوئیں تناسب کے اعتبار سے طیب جی خاندان کی خواتین کے متعلق بہ آسانی کہا جاسکتا ہے۔

ایں خانہ تمام آفتاب است

اس خاندان کی آمنہ طیب جی، ریحانہ طیب جی، حمیدہ طیب جی اور بیگم سکینہ لقمانی کی خدمات خصوصیت سے قابل ذکر ہیں۔ ان کے علاوہ "گجرات کی بیگم آمنہ قریشی، پنجاب کانگریس کی ورکر فاطمہ بیگم، پٹیالہ کی بی بی امت السلام، بریلی کی بیگم صفیہ عبدالواجد، میرٹھ کی بیگم سلطانہ حیات انصاری، لکھنؤ کی بیگم ماجدہ بانو اور ہاجرہ بیگم زیڈ احمد، امرتسر کی شفاعت النساء بی بی، علی گڈھ کی بیگم خورشید خواجہ۔ بمبئی کی صوفیہ سوم جی و بیگم کلثوم سایانی، سرحد کی خورشید بہن اور کلکتہ کی ماجدہ حسینہ بیگم نے بھی قومی تحریک آزادی میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔ زیر نظر مضمون میں ان ہی خواتین میں سے ایک بی بی امت السلام کے کارناموں کا ایک تفصیلی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

بی بی امت السلام پٹیالہ کے ایک رئیس، محبّ وطن خاندان سے تعلق رکھتی تھیں ان کے والد کرنل عبدالمجید خان ریاست پٹیالہ کے میر منشی تھے۔ ان کی پیدائش غالبًا ۱۹۰۷ء میں موتی باغ محل پٹیالہ میں ہوئی۔ بی بی امت السلام نے بچپن سے ہی آزاد طبیعت پائی تھی۔ ایک بیمار ولاغر جسم، بنی نوع انسان کی خدمت کا بے پناہ جذبہ، ملکی حریت کی تڑپ، شک وشبہ سے پر دماغ اور روایت سے بغاوت کا آہنی عزم ان کی شخصیت کے متضاد پہلو تھے۔

۱۹۳۰ء کی ستیہ گرہ کے دوران ۲۵ سال کی عمر میں وہ گاندھی جی کی شخصیت کے

سحر کے زیر اثر سابر متی آشرم پہونچیں۔ اس سحر کے متعلق اتنا ہی کہا جا سکتا ہے۔

اور ہی کچھ ہے گرفتاریٔ دل کی ترکیب
سختیٔ طوق و گرانباریٔ زنجیر نہیں

ایک جاگیر دار گھرانے کی مسلمان لڑکی، معاشرے کی سخت قیود کو توڑ کر جنگ آزادی میں خود کو ہر قربانی کے لئے تیار کرنے کی خاطر کس طرح آشرم پہونچی یہ ایک ناقابل یقین کہانی ہے سنئے ان کی اپنی زبانی:

"باپو کے پاس: میرے والد مرحوم محمد عبدالمجید خاں مجھے تیرہ سال کی عمر میں چھوڑ کر چل بسے۔ میں اپنی والدہ امتہ الرحمان کی اکلوتی بیٹی اور چھ بھائیوں کی ایک بہن تھی والد کا اس دنیائے فانی سے گذر جانا میری زندگی کا پہلا حادثہ تھا جسکی چوٹ سے آجتک نہ سنبھل سکی۔ میں تیرہ سال کی عمر میں قرآن شریف مع ترجمہ اور چند مذہبی کتابیں ہی ختم کر سکی تھی۔ ہمارے خاندان میں پردے کی اتنی سخت پابندی تھی کہ صرف حقیقی بھائیوں کے سامنے ہی آنے کی اجازت تھی۔ اس لئے اسکول جانے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ والد کے انتقال کے بعد والدہ کو جلد ہی میری شادی کی فکر ہوئی۔ میرے بڑے بھائی عبدالرشید خاں جنہوں نے قومی خدمت کے لئے میرا راستہ ہموار کرنے میں رہنمائی کی ۱۹۲۱ء میں بیرسٹری چھوڑ کر قومی جنگ آزادی میں شامل ہو گئے تھے، انہوں نے والدہ کو سمجھایا کہ اتنی کم عمر میں شادی کو میں گناہ سمجھتا ہوں آپ نے ایسا کیا تو میں شادی میں شرکت ہی نہیں کرونگا۔ مجھے بچپن ہی سے دنیاوی عیش و آرام، زیورات اور کپڑوں سے دلی نفرت تھی۔ ماں اکلوتی بیٹی کے لئے ہمیشہ ریشم و زردوز کپڑے اور زیورات تیار کراتیں جو مجھے ناگوار گذرتا تھا۔ صحت ابتدا سے ہی خراب تھی اور سابر متی آشرم پہونچنے سے پہلے ہی میں ٹی۔ بی کا شکار ہو چکی تھی ۱۹۲۲ء میں بڑے بھائی عبدالرشید خاں ضلع کانگریس کمیٹی کے صدر کی حیثیت سے چھ ماہ کے لئے جیل بھیج دیئے گئے۔ قوم پرستی کا

جوش بڑھنے پر تھا، میں نے برقعہ پہن کر انبالہ میں گلی گلی کھادی کی تبلیغ اور کھادی فروخت کرنا شروع کی۔ میں اب مختلف جلسوں میں بھی شرکت کرنے لگی تھی۔ بیگم محمد علی جوہر اور ان کی والدہ بی اماں کے اکثر پنجاب کے دورے ہوا کرتے تھے انکا بھی میرے اوپر گہرا اثر تھا۔ بھائی رشید چھ ماہ جیل رہے اس دوران گھر میں بچوں کے جسم پر کھادی ہی کھادی تھی، والدہ نازک مزاج تھیں۔ موٹی کھادی پہننے سے ان کے جسم پر زخم ہوگئے تھے۔ تحریک خلافت کے دوران ہندو مسلم اتحاد کے جو روح پرور نظارے دیکھنے میں آئے انھیں فراموش کردینا ممکن نہیں۔ باپو کے اکیس دن کے برت کا بھی میرے دل پر گہرا نقش تھا۔

میرے سامنے اب مستقبل کا بھی سوال تھا، شادی نہ کرنے کا فیصلہ کرچکی تھی گرچہ بھائیوں کو خواہش کے ساتھ ساتھ دنیا کے کہنے کا بھی ڈر تھا کہ والد کی عدم موجودگی میں چھ بھائی ایک بہن کی شادی بھی نہ کرسکے۔ بہرحال زندگی کا کوئی مقصد تو ہونا ضروری تھا۔ اخبارات میں باپو کی مختلف تحریکات کے بارے میں تو پڑھتی ہی رہتی تھی۔ ڈانڈی کوچ میں حصہ لینے کو بے اختیار دل مچلا، لیکن آزادی کی کسی تحریک میں عملاً شریک ہونے کی اس کے لئے گنجائش ہی کہاں تھی جو خود آزاد نہ تھی۔ بھائی کی لائبریری میں باپو کی خود نوشت سوانح عمری تھی، میں نے ایک بار شروع کی تو ختم کرکے ہی دم لیا۔ مجھے مستقبل کے لئے ایک نئی روشنی، نیا نصب العین مل گیا تھا۔ جب بھائیوں سے ذکر ہوا کہ میں سابرمتی آشرم جانا چاہتی ہوں تو وہ ہنس کر ٹال گئے۔ میری مشکل تھی کہ کسی کو جانتی ہی نہیں تھی، باپو سے بھی کبھی ملاقات نہ ہوئی تھی، میرا بہن کا نام اخبار میں پڑھا تھا۔ انہیں کو خط لکھا۔ کافی انتظار کے بعد جواب آشرم کے منتظم نارن داس گاندھی نے دیا۔ لکھا تھا "تمہارے یہاں آنے کا مقصد کیا ہے؟" "کچھ گھر کی حالت پوچھی تھی"، "گھر میں کوئی دکھ تو نہیں؟"

تندرستی کا سرٹیفیکٹ بھی مانگا تھا جسے لینے میں نارنول سے بمبئی اپنے معالج ڈاکٹر بلوریا کے پاس گئی۔ انہوں نے سن کر ہلکی پھلکی ڈانٹ لگائی، "کیا بات کرتی ہے۔ تیری ایسی طبیعت کہاں کہ آشرم کی سخت زندگی گذار سکے۔" سچائی کی پرستار میں ہمیشہ سے رہتی ہوں نہیں تو نارنول سے دلی زیادہ دور نہیں وہاں سے بہ آسانی میں کسی بھی ڈاکٹر سے سارٹی فیکٹ لیکر بھیج سکتی تھی۔ میں نے ڈاکٹر بلوریا سے کہا "میں سچا سرٹی فیکٹ ہی بھیجنا چاہتی ہوں۔ چار سال سے آپ کے زیر علاج ہوں، آپ میری جسمانی کمزوریوں سے بخوبی واقف ہیں۔ آپ جو لکھنا چاہیں وہ لکھ دیجیے، میں جاؤں گی نہیں بھیج دوں گی۔ آگے میری قسمت"۔ مرحوم ڈاکٹر بلوریا نے لکھا کہ "میں چار سال سے اسکا علاج کر رہا ہوں۔ ٹی۔ بی تھی لیکن اب ٹھیک ہے۔ مجھے ڈر ہے یہ آشرم کی سخت زندگی نہیں گذار سکے گی۔" میں نے وہی آشرم کو بھیج دیا اور لکھا کہ آنے کے لئے اجازت کی منتظر ہوں۔ جواب آیا "ہمیں افسوس ہے کہ ہم آپ کو داخل نہیں کر سکتے۔ ہاں آشرم کی زندگی دیکھنے آپ بطور مہمان یہاں آسکتی ہیں۔" میری خوشی کا ٹھکانہ نہ تھا۔ خیال آیا جانے کے لئے بھائیوں پر بوجھ کیوں بنوں، ماں کے مجبور کرنے پر ہاتھ، کان اور گلے میں زیور تو رہتے ہی تھے، انہیں کو فروخت کرنے بمبئی کے بازار جھوہری گئی، کچھ دلال پیچھے لگ گئے، جو کچھ ہاتھ آیا وہ بس اتنا تھا کہ آشرم پہونچ کر دودھ و گھی کے کوپن لینے کے بعد صرف پانچ روپے ہی باقی بچے۔ انہیں میں نے وہاں جمع کر دیا۔ دو چار دن میں ہی باپو احمد آباد آئے۔ وہ شام کو سابرمتی کے کنارے ٹہلنے آتے تھے، آشرم والے ان سے یہیں ملتے تھے، میں نے بھی اپنی رام کہانی ٹوٹی پھوٹی انگریزی میں لکھ لی تھی کیونکہ میں نہ ہندی جانتی تھی اور نہ گجراتی۔ باپو نے جس محبت سے استقبال کیا یوں محسوس ہوا جیسے برسوں پرانے تعلقات ہوں۔ میری جو کیفیت تھی اسے الفاظ کا جامہ دینا ممکن نہیں۔ باپو نے دوسرے دن دوپہر کو شری امبالال سارہ بھائی کے گھر ملنے کا

وقت دیا۔ میں نے خط میں لکھا تھا کہ آشرم میں رہ کر آپ کی شفقت کے سائے تلے ملک کی خدمت کے لئے تیار ہونا چاہتی ہوں لیکن جسمانی طاقت نہ ہونے کے سبب مجھے داخلے کی اجازت نہیں ملی ہے، آپ کی رہنمائی چاہتی ہوں۔" باپو نے کہا "اگر حقیقت میں یہ تمہاری دلی خواہش ہے تو جسم آشرم کی سخت زندگی کو بھی برداشت کرے گا۔ جب چاہو مجھ سے مل سکتی ہو، داخلے کی فکر مت کرو، جسم جتنی اجازت دے اتنا ہی کام کرو۔" بس پھر کیا تھا گئی تھی مہمان بن کر بن گئی غلام۔

میں نے بھائیوں کو لکھ دیا کہ اب آپ میری فکر نہ کریں۔ میں کتائی، بنائی، دھنائی کے کورس سیکھنے میں لگ گئی۔ آشرم کے بہن بھائیوں سے مجھے غیر معمولی محبت ملی۔ آشرم کے سبھی اصول میں مجبوراً نہیں شوق سے مانتی تھی۔ کچھ ہی دنوں میں پھر پرانی پلوریسی غالب آگئی، بخار بھی رہنے لگا تھا لیکن پھر بھی سلائی والے حصے میں جاکر ۱۲ آنے ایک روپیہ کی سلائی ضرور کر لیتی تھی۔ مختصراً آنے والی زندگی میں جو بھی مشکلات درپیش آئیں باپو کی روحانی طاقت کے بھروسے ہی میں ان سب پر قابو پا سکی۔

دوسری گول میز کانفرنس کے زمانے میں باپو کی غیر موجوگی میں اپنی زندگی کے نصب العین کے بارے میں بہت غور کیا اور ان کے ذریعے شروع کئے گئے بہت سے کاموں میں سے ایک کام "ہندو مسلم اتحاد" کو اپنے لئے چن لیا۔ باپو نے کانفرنس سے واپسی پر اس کی بھرپور تائید کی، وہی ان کی اپنی زندگی کا مشن بھی تھا۔[۱]

باپو نے انہیں سمجھایا!

"میں چاہتا ہوں آشرم میں تمہاری ذہنی و جسمانی ترقی ہو اور روحانی

۱۔ باپو کے خطوط بی بی امت السلام کے نام (ہندی) مرتبہ کاکا صاحب کالیلکر، نوجیون پرکاش مندر، احمد آباد ص ۱۹۔۲۶

طاقت بڑھے۔ امت السلام شرمندہ تھیں۔ آئی تھیں دوسروں کی خدمت کے لئے لیکن نازک مزاج ہونے کے سبب دوسروں کی خدمت کا سہارا لینا پڑا۔ باپو نے ہمت بندھائی "صبر سے کام لو۔ خدا تمہیں خدمت کی طاقت بھی دے گا۔ جسمانی خدمت ہی تو سب کچھ نہیں، وقت پر ایک میٹھا بول، دل میں کسی اچھے خیال کا آجانا بھی بڑی خدمت ہے۔"

ایک خط میں انھوں نے لکھا:

"تمہارے دوسروں کی سیوا کے لئے جلد باجی (بازی) نہیں کرنا چاہئے۔ پہلے تو تمہاری صحت اچھی کر لو۔ پیچھے سب کچھ اچھا ہو جاوے گا۔

۲۸/۲/۳۳ء

باپو کی دعا[۲]

آشرم میں رہتے ہوئے انہوں نے ہندی و گجراتی سیکھی۔ باپو انہیں اردو میں خط لکھتے تھے۔ کبھی کبھی اردو خط پڑھنے میں انہیں ایک گھنٹہ بھی لگ جاتا مگر وہ ختم کر کے ہی چھوڑتے تھے۔ بی بی امت السلام کے ہندی و گجراتی سیکھ لینے کے بعد کبھی کبھی ہندی وگجراتی میں بھی لکھتے اگر بہت عجلت میں کسی اور سے گجراتی میں لکھاتے تو آخر میں "باپو کا آشرواد" اپنے ہاتھ سے ہی لکھتے تھے۔

دھن کی پکی امت السلام اکثر سر پر مٹی کی پٹی لئے اپنے کام میں ہمہ تن مشغول رہتی تھیں۔ خرابی صحت کی بنا پر انہیں ہمیشہ فکر رہتی کہ شاید وہ جیل نہ جا سکیں۔ باپو انھیں پرسکون رہنے کی تلقین کرتے مندرجہ ذیل خط اسی سے متعلق بہت سے خطوط میں سے ایک ہے:

"پیاری بیٹی امت السلام۔ تمہارا خط کل ملا۔ سارا پڑھ لیا۔ مجھے رنج ہوا۔ جیل جانے کی کوئی جلدی نہیں ہے۔ تم نے قبول کیا ہے جب تک بالکل اچھی

۲۔ باپو کے خط بی بی امت السلام کے نام نہرو میوزیم لائبریری فائل نمبر ۱۲۵ جلد اول
۳۔ ایضاً جلد نمبر ۳

نہیں ہوتی ہے تب تک جیل جانے کی بات نہیں کرے گی۔ یہ بھی سمجھو کہ
راجہ جی کا سنگ جتنا ملے اتنا ہی اچھا ہے۔ وہاں رہ کر جو سیوا بن سکے کیا کرو۔ اب
پاگل مت بنو، خش (خوش) رہو مجھے بھی لکھا کرو۔ ۲/۳/۳۳ء

باپو کی دعا[۴]

۱۹۳۳ء میں جب باپو نے سابرمتی آشرم کو ختم کر کے جن دوسرے آشرم والوں کے ساتھ اس گاؤں کی طرف کوچ کیا تو بی بی امت السلام بھی ساتھ تھیں۔ آشرم کی دوسری خواتین کے ساتھ انہیں بھی جیل بھیج دیا گیا۔ ۱۹۳۴ء میں ستیہ گرہ بند ہونے پر ہی وہ رہا ہوئیں تو جیسے ان کی زندگی کا ایک نیا باب شروع ہوا۔ باپو کی شفقت نے انہیں مستقبل کی ایک نئی جہت عطا کی تھی۔ سیواگرام آشرم میں باپو کی ذاتی خدمت کی خوش قسمتی انہیں کے حصے میں آئی۔ باپو کے ملک گیر دوروں میں بھی وہ اکثر وبیشتر ان کے ساتھ رہیں سیگاؤں سے اپنے ۱۱ جولائی ۱۹۳۸ء کے خط میں انہوں نے راجکماری امرت کور کو لکھا تھا "امت السلام میرے نزدیک ہی سوتی ہے، مجھے پنکھا کرتی ہے اور جب ضرورت ہو مجھے ڈھانکتی بھی ہے۔ وہی مجھے کھانا بھی کھلاتی ہے[۴]۔" باپو سے ان کا پیار بیٹی سے بڑھ کر تھا اور خود باپو بھی انہیں کتنا چاہتے تھے اسکا اندازہ یکم مئی ۱۹۳۷ء کے اس خط سے ہو سکتا ہے جس میں انہوں نے "بی بی جان پیاری بیٹی امت السلام[۵]" کہہ کر انہیں مخاطب کیا ہے۔

بی بی امت السلام ہریجنوں کی خدمت جس انداز سے کرتی تھیں باپو کے دل میں اس کے لئے بڑی وقعت تھی اس کا تذکرہ انہوں نے اپنے ایک خط میں بھی کیا ہے۔ "میرا چاہنا کیا چیز ہے۔ آج میں کتنا پیار کر رہا ہوں اس کا تجھے پتہ نہیں۔ جتنا میں تیرے لئے کر رہا ہوں اتنا میں نے کسی لڑکی کے لئے نہیں کیا۔ یہ کوئی مہربانی کی بات نہیں ہے۔ میں دوسرا کر ہی نہیں سکتا۔ تیرا غصہ ہر کوئی محسوس کرتا ہے مگر تیری خدمت کی لگن کے

۴۔ Collected works of Mahatma Gandhi, Ministry of Information Vol.LXVII, p.165

۵۔ Vol.LXV. p.162 Ibid.

آگے ہر کسی کا سر جھک جاتا ہے اور تیرے غصے کو برداشت کر لیتے ہیں[۲]" سردار پٹیل کے نام ایک خط میں انہوں نے لکھا تھا "امت السلام پھر بستر پر لیٹ گئی ہے اسکا دل سونا ہے مگر جسم پیتل"۔

ایک بار بی بی امت السلام نے کاکا صاحب کالیلکر سے اپنے خاندان کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے انہیں بتایا تھا کہ "جب بھائیوں نے دیکھا کہ میں اپنے مستقبل کا فیصلہ کر چکی ہوں تو انہوں نے جائداد میں سے نصف جائداد مجھے دینے کے لئے طے کیا۔ ہمارے اوپر ان دنوں ہندو قانون (سوریہ ونشی راجپوت) کا اطلاق ہوتا تھا۔ بھائیوں سے پوچھا گیا آپ کس قانون کے تحت ایسا کر رہے ہیں تو انہوں نے جواب دیا ہم اسے عطیہ دے رہے ہیں۔ ایک مرتبہ ماں کی بیماری کے سبب میں پٹیالہ کی طرف آئی ہوئی تھی۔ گاؤں پہونچی تو دیکھا بسوے داری کے ٹیکس غریبوں کے لئے آفت جان ہیں۔ میں نے مختار سے کہا سب ٹیکس معاف کردو۔ وہ پریشان ہوا کیونکہ دوسرے بھائیوں کے ٹیکس پر اسکا اثر پڑنا لازمی تھا۔ بھائیوں کے پاس پہونچا انہوں نے کہا امتل جو چاہتی ہے وہی سب کے لئے کردو۔ بھائیوں کی دلی خواہش تھی کہ بہن کسی بھی بہانے گھر لوٹ آئے۔ اس کے لئے وہ ہر ممکن قربانی کے لئے تیار تھے۔"-- ہزاروں ایکڑ کی زمین بٹائی کرانے میں گھوڑے پر جاتی تھی، گھڑسواری کا شوق بھی تھا اور اتنا چلنا بھی مشکل تھا۔ ایک دن شام کو گھومتے گھومتے باہر گئی تو دیکھتی ہوں کہ ہریجن بہنیں لائن سے کنویں پر کھڑی ہیں پوچھا کیا بات ہے کہنے لگیں پانی چاہئے، پوچھا بھرتی کیوں نہیں جواب دیا ہمیں کون بھرنے دے گا۔ میں سنکر آگ بگولہ ہو گئی۔ کنواں میرے نام سے تھا بسوے داری کا نشہ بھی تھا کہا ہریجن میرے ہی کنویں سے پانی بھریں گے خواہ دوسری ذاتیں بھلے ہی اجڑ جائیں۔ سارا گاؤں اکٹھا ہو گیا، برہمن ہاتھ جوڑ کر کہنے لگے ہم فوراً کنواں کھود دیتے ہیں تب تک ہم خود پانی بھر کر انہیں دیں گے۔ رات بھر کام ہوا چوبیس گھنٹے کے اندر پانی نکل آیا۔ اب چنائی کا سوال تھا، والد کا ہی ایک اینٹوں کا بھٹہ پڑا ہوا تھا جس میں سب بھائیوں کا حصہ تھا گھوڑے پر ایک

۶۔ باپو کے خط بی بی امت السلام کے نام (ھندی) متذکرہ ص ۱۵

آدمی ان کے پاس گیا، جواب ملا جتنی اینٹیں چاہئیں لے لو۔ غریبوں کی خدمت سے میرا دل انتہائی خوش ہوتا تھا[۷]"

بنگال میں بورکامتہ کے مرکز میں بی بی امت السلام نے جو کام کیا اسے باپو نے ان کے انتہائی عمدہ کام (Excellent Work) سے یاد کیا ہے۔ ۱۹۴۰ء میں فرقہ وارانہ فساد کے دوران انہوں نے بی بی امت السلام کو سندھ بھیجا۔ گھنے جنگلوں سے گذرتی، گھوڑے پر سوار وہ بے خوف ہوکر فسادیوں میں پہونچیں اور فساد ختم کرانے میں نمایاں کردار ادا کیا[۸]" انہیں سندھ روانہ کرتے وقت باپو نے سیوا گرام سے پیر عبداللہ ہارون رشید کے نام اپنے خط مورخہ ۶ نومبر ۱۹۴۰ء میں لکھا:

"اس میں بچپن سے ہندو مسلم اتحاد کی لگن ہے۔ سندھ میں جو قتل وخون ہورہا ہے اس سے بے شک میں بھی پریشان ہوں اور امت السلام بھی۔ آپ کے پاس میں اسے آپ کے زمانہ خلافت کے پرانے تعلقات کی بنا پر بھیج رہا ہوں۔ میں اسوقت حالات کے سیاسی مضمرات کے بارے میں نہیں سوچ رہا ہوں۔ بی بی امت السلام نہ سیاست سمجھتی ہے نہ ہی اسمیں دلچسپی رکھتی ہے۔ وہ ایک سچی مسلمان ہے، باقاعدگی سے قرآن پڑھتی ہے اور جب بیمار نہ ہو تو رمضان کے روزے بھی پابندی سے رکھتی ہے۔۔۔۔ وہ بہادر ہے اور اس قتل وغارت گری کو روکنے کے لئے اپنی جان بھی دینے کو تیار ہے۔ میں نے اس مقصد کے حصول میں اسکی ہمت افزائی کی ہے۔ میں سمجھتا ہوں آپ مجھے اور اسکو سمجھنے میں کسی غلط فہمی کا شکار نہ ہوں گے۔ میرے پاس اس وقت اس سے زیادہ شریف اور دھن کا پکا کوئی دوسرا مرد یا عورت نہیں ہے۔ جب وہ اسلام کا وقار بڑھانے اور ہندوؤں کی جان بچانے کی خاطر اپنی جان کی بازی لگانے کو تیار ہے تو میں اسے اپنی نیک خواہشات دینا اپنا فرض سمجھتا ہوں[۹]"

۷۔ ایضاً کاکا صاحب کالیلکر ص ۱۴

۸۔ ذاتی انٹرویو محترمہ سروجنی ناناوتی صدر ہندوستانی پرچارنی سبھا سن ندھی راج گھاٹ، نئی دہلی، ۱۸ اکتوبر ۱۹۸۷ء

۹۔ Collected works of Mahatma Gandhi Vol.Lxxii. p.145

خود بی بی امت السلام کو باپو نے لکھا تھا "جیوں جیوں تیرا خیال کرتا ہوں تیری قدر بڑھتی ہے۔ مجھے اچھا لگتا ہے۔ تجھے تیرا کام اپنی ذمہ داری پر کرنا چاہئے۔ سچ ہے تو یہی مشن لے کر میرے پاس آئی تھی اور تیرا ہی مشن لے کر سندھ گئی تھی اور جائے گی۔ سندھ کے مسلمانوں کو تجھے بتانا ہے کہ سیاسی اور دوسرے کاموں میں خون خرابے یا زبردستی یا جھوٹ سے انصاف نہیں ملتا۔ تیرا سندھ میں جانا اور جان تک دے دینا صرف خون خرابے کو روکنے کے لئے ہے، یہ میرا مقصد تجھے بھیجنے میں تھا اور اب بھی ہے۔ خدا تیرا راستہ صاف کرے وہی ایک رہنما ہے اور تو میں سب اس کے بندے ہیں، باقی سب جھوٹ ہے۔ باپو کی کروڑوں دعائیں[۱۰]" ۱۹۴۲ء کی ہندوستان چھوڑو تحریک میں وہ دوسری بار جیل گئیں۔

بی بی امت السلام بہت سے دوروں میں گاندھی جی کے ساتھ رہیں تھیں۔ جب نواکھالی میں آگ و خون کا ہولناک طوفان آیا تب بھی وہاں کے دورے میں وہ اپنے باپو کے ساتھ تھیں۔ وہاں انہوں نے ہندو مسلم اتحاد کے لئے برت رکھا اور حصول مقصد کے بعد اسے باپو ہی کے ہاتھوں سے رس پی کر توڑا۔ نواکھالی میں ان کے تعمیری کاموں سے سبھی مسلم خواتین بہت متاثر تھیں، وہاں جس طرح انہوں نے جان ہتھیلی پر رکھ کر شیطانیت اور بربریت کے بھیانک طوفان میں اپنے کو جھونک دیا وہ باپو کی کروڑوں دعاؤں کے بل پر ہی ممکن ہو سکتا تھا۔

باپو کی محبت پر بی بی امت السلام کو کتنا ناز تھا اس کا اندازہ بھی مشکل ہے ایک مرتبہ جب وہ باپو کو کھانا کھلا رہی تھیں تو نہ جانے کس غلط فہمی کی بنا پر غصے میں ان کے لئے بنائی ہوئی روٹی ہی اٹھا کر پھینک دی تھی، باپو کا وہ خاموشی کا دن تھا انہوں نے لکھا:

> "پاگل بٹی۔ آج تو نے پورا رنگ بتایا۔ ہم ایک دوسرے کو اچھی طرح نہیں سمجھتے ہیں۔ اچھی طرح ثابت کیا۔ میں نے کہا تھا آج روٹی کھاؤں گا، بھاجی کھاؤں گا اگرچہ میرے لئے الگ پکے ہوئے ہیں تو بھی۔ پھر روٹی پھینک دینا۔

۱۰۔ باپو کے خط بی بی امت السلام کے نام (ہندی) متذکرہ ص ۱۷

میں نے جو کہا اسمیں بھی تمہارے ہاتھ کی روٹی بھا جی نہ کھانے کی میرے خوابو
میں بھی بات نہ تھی۔ اتنا غصہ، کیسا گناہ۔ اتنا غصہ مجھ غریب پر کرنے سے بھی
تیرا بھلا نہیں ہو سکتا۔ اچھا ہوا میرا مون ہے۔ کہو اب میں کیا کروں، فاقہ
کروں۔[۱۱]

باپو بھی غصے میں کہاں کم تھے ایک بار سرحد کے سفر میں شام کی پرارتھنا کے وقت بی بی امت السلام نے تھوڑے زیادہ انگوروں کا رس نکال کر انہیں دیا۔ باپو نے خدائی خدمت گاروں کی بھری سبھا میں رس کا گلاس ہی اٹھا کر پھینک دیا تھا۔ پھر وہ آٹھ دن تک معافی مانگتی رہیں اور باپو انہیں سمجھاتے رہے وہ بڑے پیار سے ان کی شخصیت کو سنوار رہے تھے، نکھار رہے تھے۔

باپ بیٹی میں جب محبت کا ایسا اٹوٹ رشتہ ہو تو یہ اندازہ کرنا بھی مشکل ہے کہ باپو کی شہادت چہیتی بیٹی کے لئے کیسا صدمہ جانکاہ رہا ہوگا۔ وہ رات رات بھر ان کی سمادھی پر روتے ہوئے گذار دیتیں لیکن کب تک؟ بی بی امت السلام صحیح معنوں میں ان کے نقش قدم پر چلنے والے سینکڑوں عقیدت مندوں میں سے ایک ممتاز فرد تھیں۔ اپنے دل ودماغ پر قابو پاتے ہی وہ باپو کے مقاصد کو عملی جامہ پہنانے کی کوششوں میں تن، من، دھن سے لگ گئیں۔ مسز سبھدرا جوشی اور مس مردولا سارہ بھائی کے ساتھ انہوں نے مغویہ عورتوں کی بازیابی کے لئے ناقابل فراموش کام کیا۔ اس سلسلے میں وہ کئی مرتبہ پاکستان بھی گئیں۔

کستوربا گاندھی سے بی بی امت السلام کو ماں جیسا پیار ملا تھا۔ تقسیم وطن کے بعد انہوں نے راجپورہ (پنجاب) میں ایک آشرم "کستوربا مندر" کے نام سے قائم کیا اور اپنی تمام جائداد اس کے لئے وقف کردی۔ پنجاب کے مختلف شہروں اور قصبوں میں اسکی شاخیں قائم کیں جس سے سینکڑوں ضرورت مند خواتین کو کام ملا۔ آشرم میں وہ ان خواتین کو مختلف کاموں کی تربیت دیتی تھیں۔ گاندھی جی کے سیوا گرام آشرم میں جو جاپانی

۱۱۔ ایضاً ص ۱۱

بھکشو آتے تھے انہوں نے واپس جاکر جاپان میں سرودے کا کام شروع کیا۔ بی بی امت السلام اپنے منہ بولے بیٹے سشیل کمار جین کو لے کر اسے دیکھنے جاپان گئیں اور وہاں سے واپسی پر ایک جاپانی بدھ مندر بھی بنوایا۔ 'کستوربا مندر' میں بچوں کے لئے اسکول بھی قائم کئے گئے اور خواتین اساتذہ کے بچوں کے لئے نرسری بھی۔ وہاں کھیتی بھی ہوتی تھی، کھادی بنی جاتی تھی اور سلک کی ساڑیوں کا بھی ایک کارخانہ تھا۔ ہریجنوں کی خدمت اس آشرم کا مقصد خصوصی تھا۔ راجپورہ میں ایک ہوائی پٹی بھی ہے۔ یہاں سے وہ ہیلی کوپٹر میں ۱۹۶۱ء میں ہندوستان پر چین کے حملے کے دوران فوجیوں کے لئے کھانا، کمبل اور دوائیں لیکر جاتی تھیں۔ ۱۹۶۵ء کی ہندوپاک جنگ کے دوران بھی وہ بلڈ پریشر کی مریض ہونے کے باوجود اسی مقصد کی خاطر لداخ جاتی تھیں۔ سرحدی گاندھی مرحوم خان عبدالغفار خان جب ۱۹۶۹ء میں ہندوستان آئے تو ان کا کھانا وہ خود بناتی تھیں اور ملک گیر دوروں میں بھی ان کے ساتھ رہی تھیں۔"

"بی بی امت السلام کی اپنی زندگی بہت سادہ تھی وہ بغیر پلے کی کھدر کی ساڑی پہنتی تھیں، چٹائی پر سوتیں اور رات کو صرف ایک گول لکڑی سرہانے رکھ لیا کرتی تھیں۔ اردو تو ان کی مادری زبان تھی ہی، پنجابی اور انگریزی سے بھی بہت اچھی واقفیت رکھتی تھیں۔ آشرم میں رہ کر انہوں نے گجراتی وہندی بھی سیکھ لی تھی۔ پھر چونکہ آشرم کے مقاصد کی خاطر وہ جنوبی ہندوستان اور بنگال میں بھی رہی تھیں اس لئے اڑیہ، تیلگو، تامل اور بنگالی سے بھی واقفیت رکھتی تھیں اور جاپانی زبان بھی اچھی طرح سیکھ گئی تھیں۔ انہوں نے راجپورہ سے "ہندوستان" نام کا ایک اخبار بھی نکالا تھا۔[۱۲]

بی بی امت السلام ایک محاذ پر اپنی بیماریوں اور صحت سے لڑتی اور دوسرے محاذ پر ان گنت تعمیری کاموں کا بوجھ سنبھالتی اب تھک چکی تھیں۔ بالآخر طویل عرصے کی اس مسلسل جدوجہد کے بعد ۲۹ راکتوبر ۱۹۸۵ء کو ان کی شمع حیات ہمیشہ کے لئے گل ہوگئی۔ شام کو جنازہ سن ندھی (قریب راج گھاٹ) کے دعائیہ ہال میں رکھا گیا اور شب بھر کی

۱۲۔ ذاتی انٹرویو بیگم کنور عمار احمد صاحب، علی گڈھ۔ بی بی امت السلام کی بھتیجی ہیں۔

دعاؤں کے بعد اگلے دن جامعہ ملیہ کے قریب انہیں ان کی ابدی آرام گاہ پہونچا دیا گیا اور یوں عمر بھر کی ایک بے قرار زندگی آخر قرار پا گئی۔

سرہانے میر کے آہستہ بولو ابھی تک روتے روتے سو گیا ہے

سیّد شہاب الدین دسنوی مرحوم

تقسیم ہند
(افسانہ اور حقیقت)

جون ۱۹۴۸ء میں لارڈ ماؤنٹ بیٹن آخری وائسرائے ہند کی الوداعی تقریب میں تقریر کرتے ہوئے وزیراعظم جواہر لال نہرو نے کہا:

"ہم لوگوں نے پچھلے سال یا اس کے لگ بھگ جو کچھ کیا ہے' اس کے بارے میں کوئی قطعی فیصلہ صادر کرنا مشکل ہوگا۔ زمانہ کے لحاظ سے ابھی ہم ان واقعات سے جو رونما ہوئے، بہت قریب ہیں اور ان سے ہمارا گہرا تعلق بھی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ ہم نے غلطیاں کی ہوں۔ آپ نے اور ہم نے۔ صحیح فیصلہ شاید اس وقت ہوگا جبکہ ایک دو نسل گزر جانے کے بعد معلوم کیا جاے گا کہ ہم نے صحیح قدم اٹھاے تھے یا غلط کام کیے تھے؟"۔

۴۱ سال گزر جانے کے بعد جواہر لال نہرو کے ان الفاظ کی حقیقت سامنے آرہی ہے۔ ۱۹۴۲ء سے ۱۹۴۷ء تک کے درمیان ہندستان کی آزادی اور تقسیم کی داستان، بیسیوں ہندستانی اور یورپین مصنفین کی زبانی بیان کی ہوئیں بازار میں آچکی ہیں۔ لیکن یہ سب داستانیں نامکمل تھیں۔ سنہ ۱۹۵۹ء میں مولانا ابوالکلام آزاد کی تصنیف "انڈیا ونس فریڈم" (اردو ترجمہ: ہماری آزادی) منظر عام پر آئی تو خیال ہوا کہ چونکہ یہ داستان بیان کرنے والا تحریک آزادی کی صف اول کا مجاہد رہا اس لئے ہر حیثیت سے یہ داستان مستند اور مکمل ہوگی۔ لیکن جب معلوم ہوا کہ اصل کتاب کے

مسودے کے تیس صفحات تیس سال کے لئے سر بہ مہر کر کے رکھ دیئے گئے ہیں تو کافی مایوسی ہوئی اور طرح طرح کی قیاس آرائیاں ہونے لگیں۔ پھر ۱۹۸۸ء میں وہ تیس صفحات بھی شائع کر کے مولانا آزاد کی کتاب مکمل(؟)صورت میں چھپ گئی۔اور یہ اس دور کی داستان کا حرف آخر مانا گیا۔ لیکن کچھ ہی دنوں بعد پتہ چلا کہ یہ بھی پوری داستان نہیں ہے۔ پس پردہ اور بھی کچھ باتیں ہیں جو افشا نہیں ہوئی ہیں۔ چنانچہ نئے نئے مواد کی صورت میں جو کتابیں بازار میں آئیں ان میں عائشہ جلال (پاکستان) کی کتاب (The sole spokesman,Jinnah,the Muslim-league and demand for pakistan)، پروفیسر زیگلر کی "ماؤنٹ بیٹن" (سوانح حیات) پینڈرل مون کی "ویول، وی وائسرائے جرنل" اور مہاتما گاندھی کے پوتے راج موہن گاندھی کی کتاب (Eight lives :A study of Hindu - Muslim Encounter) ہے۔

سنہ ۱۹۸۹ء میں مہاراشٹر کے مشہور ایڈوکیٹ جنرل، ہرمز جی مانک جی سیروائی کی کتاب (Partition of India:) "تقسیم ہند — افسانہ اور حقیقت" بازار میں آئی۔اس کتاب میں سیروائی نے آزادی کی داستان پر جو مشہور کتابیں آچکی تھیں ان کا جائزہ لیا اور بالخصوص یہ دکھانے کی کوشش کی کہ تقسیم کے ذمہ دار فی الحقیقت کون تھے؟ برطانوی حکومت کی یہ روایت رہی ہے کہ ہر تیس سال کے گزرنے پر وہ اپنے یہاں کے وہ سارے کاغذات جن میں اہم مراسلت، تجاویز اور خصوصی جلسوں کی روداد ہوتی ہے، چھاپ دیتی ہے۔چنانچہ ہندستان کی آزادی کے سلسلے میں "ٹرانسفر آف پاور" کے نام سے دس ضخیم جلدوں میں، اس کے متعلق دستاویز شائع کئے گئے۔ پہلے خیال تھا کہ گیارہویں اور بارہویں جلدیں سنہ ۱۹۹۹ء میں شائع ہوں گی۔ چنانچہ جن مصنفین نے آزادی کی داستان لکھی وہ اس کتاب کی

صرف پہلی دس جلدوں سے فائدہ اٹھا سکے۔ لیکن کسی وجہ سے برطانوی حکومت نے گیارہویں اور بارہویں جلدیں بھی شائع کر دیں جن سے سیر وائی نے پورا پورا فائدہ اٹھایا اور بہت سا نیا مواد حاصل کر لیا۔ان بارہ جلدوں میں بعض نہایت راز میں لکھے ہوئے خطوط اور اہم لیڈروں سے ملاقاتوں کے نوٹ موجود ہیں۔

سیر وائی ملک کے نہایت ممتاز قانون داں مانے جاتے ہیں۔انھوں نے بڑی تحقیق اور قانونی پس منظر میں تقسیم کی ساری کاروائیوں کا مطالعہ کیا۔اپنی قانونی فراست اور بصیرت سے وہ جن نتیجوں پر پہنچے ہیں وہ بڑے سنسنی خیز اور اہم ہیں۔ان سے تقسیم کی ذمہ داری کے بارے یں جو عام خیال رائج ہے وہ باطل ہو جاتا ہے ۔ ع

ہم الزام ان کو دیتے تھے، قصور اپنا نکل آیا

سیر وائی کی یہ کتاب منطقی اور آئینی دلائل کے ساتھ حقیقت کی روشنی لئے ہوئے ہے کہ۔اس لئے ان کی لکھی ہوئی داستان نہ صرف دلچسپ ہے، بلکہ سبق آموز بھی ہے جس سے ہم یہ سوچنے پر مجبور ہو جاتے ہیں کہ بدقسمتی سے ہم تدبر اور دوراندیشی کی منزل سے کتنی دور چلے گئے!

سیر وائی کی کتاب اس لائق ہے کہ پوری پڑھی جائے لیکن اس مضمون سے صرف کچھ اہم اقتباسات کی مدد سے مصنف کے نقطہ نظر کی وضاحت مقصود ہے۔ مضمون میں جہاں اقتباسات ہیں ان میں مولانا ابوالکلام آزاد کو صرف آزاد ،مہاتما گاندھی کو صرف گاندھی ،جواہر لال نہرو کو صرف نہرو اور دوسرے نام بھی اسی طرح لکھے گئے ہیں جیسا کہ انگریزی کتاب میں مصنف نے لکھا ہے۔ قوسین میں دیے ہوئے صفحات کے نمبر اصل کتاب کے حوالے ہیں۔

ممتاز صحافی اروان شوری نے "السٹریٹیڈ ویکلی" میں تین مضامین کا سلسلہ لکھا جس کا عنوان تھا "وہ شخص جس نے ہندستان کے ٹکڑے کئے" مضمون نگار نے اس کا ذمہ دار محمد علی جناح کو اس لئے ٹھہرایا کہ انھوں نے سیاست میں مذہب کو داخل کیا جو ہندستان کی تقسیم کا باعث ہوا۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ کل ہند پیانے پر سیاست میں گاندھی جی نے، محمد علی جناح کی سخت مخالفت کے باوجود، مذہب کو داخل کیا(ص ۳)۔یہی بات کنھیا لال منشی نے بھی اپنی کتاب (Pilgrimage of Freedom) میں کہی ہے۔"جناح صاحب سنہ ۱۹۰۶ء میں کانگریس میں شریک ہوئے،اس وقت وہ ہندو مسلم اتحاد کے سفیر تسلیم کئے گئے تھے۔سنہ ۱۹۱۶ء میں کانگریس اور مسلم لیگ کا ساتھ ساتھ جلسہ لکھنو میں ہوا جس میں وہ تاریخی سمجھوتہ ہوا جو "لکھنو پیکٹ" کے نام سے مشہور ہوا ۔اسی سمجھوتے کی رو سے ہندستان کی حکومت کے لئے کانگریس اور لیگ دونوں نے ایک دستور منظور کیا جس میں مسلمانوں کو ان کی تعداد کی نسبت سے کہیں زیادہ جداگانہ انتخاب کے ذریعے نشستیں دی گئی تھیں لیکن بعد کے واقعات نے اس طرح کروٹ لئے کہ وہی جناح ہندو مسلم اتحاد کو توڑنے والے اور پاکستان کی مملکت کے بانی قرار پائے (ص ۱۰)۔سنہ ۱۹۲۸ء میں کانگریس کی نہرو رپورٹ نے جداگانہ انتخاب کی دفعہ کو مجوزہ دستور سے مسترد کر دیا۔ کیونکہ اب کانگریس، برطانوی راج کو ہٹا کر اس کی جگہ خود لینے کے امکان دیکھنے لگی تھی (ص ۱۶)

سنہ ۱۹۳۲ء میں لندن میں گول میز کانفرنس ہوئی جس میں گاندھی جی فرقہ وارانہ مسئلے کو حل کرنے میں ناکام رہے(ص ۱۷)اور جب برطانوی حکومت نے مسلمانوں اور ہریجنوں کے لئے جداگانہ انتخاب اور مخصوص نشستوں کا اعلان کیا تو گاندھی جی نے مرن برت رکھا جو "پونا معاہدے" پر ختم ہوا۔اس معاہدے کی رو سے ہریجنوں کے لئے مخصوص نشستیں قائم رہیں لیکن مخلوط انتخاب کے ذریعے۔

سنہ ۱۹۳۷ء میں گورنمنٹ آف انڈیا کے سنہ ۱۹۳۵ء ایکٹ کے مطابق صوبائی اسمبلیوں کے لئے انتخابات ہوئے جس میں کانگریس کو کئی صوبوں میں اکثریت حاصل

ہوئی۔۴۸۵ مسلم نشستوں میں مسلم لیگ کو صرف ۱۰۸ جگہیں ملیں۔کانگریس کی طرف سے ۵۸ مسلم نشستوں پر ۲۶ امید وار کامیاب ہوئے ۔(ص۱۹) شوا راؤ کی کتاب (Framing of India's constitution,A Study)کے حوالے سے سیر وائی ص۲۱ پر لکھتے ہیں سنہ ۱۹۳۷ء کے انتخاب کے زمانے میں محمد علی جناح نے ایک پبلک بیان میں کہا تھا : "ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان ایک باعزت سمجھوتے کو مجھ سے زیادہ اور کوئی نہیں خوش آمدید کہے گااور نہ اس مہم میں مجھ سے زیادہ اور کوئی مدد دے سکے گا۔"مسئلے کو حل کرنے کی خاطر انھوں نے اپیل کی لیکن اس ضمن میں گاندھی جی کا رد عمل مایوس کن رہا۔گاندھی جی نے فرمایا:"کاش میں کچھ کر سکتا، مجھے دن کا اجالا دکھائی نہیں دے رہا ہے، اندھیرا ہی اندھیرا ہے،اس بے بسی میں خدا سے روشنی حاصل کرنے کی دعا کرتا ہوں۔"سیر وائی کا کہنا ہے "خدا سے روشنی مانگنے کی ان کی دعا قبول نہ ہوئی۔ شوا راؤ کہتے ہیں کہ سوچنے کی بات ہے کہ اگلے تین سال میں صورت حال کیسی بدل گئی جو پاکستان کی تحریک کو تقویت پہنچانے لگی!اس کے جواب میں وہ خود ہی کہتے ہیں کہ یوپی میں مخلوط وزارت بنانے کے پروگرام کی ناکامی نے لیگ کے دل میں کانگریس کی وعدہ خلافی سے تکدر پیدا ہو گیااور اس پر کانگریس کی "مسلم ماس کنٹیکٹ" تحریک نے آگ پر تیل چھڑکنے کا کام دیا۔(ص۲۱)

برطانیہ اور جرمنی کے درمیان جنگ چھڑ جانے کے بعد صوبوں میں کانگریسی وزارتیں مستعفی ہو گئیں۔۸ر اگست ۱۹۴۲ء کو "بھارت چھوڑو" کی تحریک شروع کر دی گئی جو گاندھی جی کے عدم تشدد کے فلسفے کے اصولوں پر چلائی جانے والی تھی مگر بہت جلد اس نے تشدد کی صورت اختیار کر لی۔مولانا آزاد نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ ان کی رائے تھی کہ جب تک کانگریسی لیڈر آزاد رہیں اس وقت تک یہ تحریک عدم تشدد کے اصولوں پر چلتی رہے گی لیکن اگر لیڈر گرفتار کر لئے گئے (اور اس کا پورا امکان تھا) تو اس حالت میں تحریک ہر ممکن طریقے سے چلائی جائے گی، عوام کو آزادی ہو گی کہ حکومت کی مخالفت کے لئے وہ جو طریقہ کار چاہیں اختیار کریں خواہ وہ تشدد پر مبنی کیوں نہ

ہو۔ آزاد کہتے ہیں کہ اس انداز کی ہدایات خفیہ طور پر عوام تک پہنچائی گئیں، عام نہیں کی گئیں۔(ص۲۵)

ہندو مسلم (یعنی کانگریس اور مسلم لیگ) کے درمیان مفاہمت کی ایک صورت لیگ کے جنرل سکریٹری لیاقت علی خاں اور ممتاز کانگریسی لیڈر بھولا بھائی ڈیسائی نے پیش کی۔اس سمجھوتے کے تحت ایک مرکزی ملی جلی کابینہ کے بنائے جانے کی تجویز تھی جس میں سنٹرل اسمبلی کے کانگریسی اور مسلم لیگ کے نامزد کئے ہوئے ارکان برابر برابر تعداد میں ہوں۔ بھولا بھائی کے سوانح نگار ایم۔سی۔سیتلواد کے حوالے سے سیروائی لکھتے ہیں کہ لیاقت، ڈیسائی سمجھوتہ گاندھی جی کی منظوری سے تیار کیا گیا تھا لیکن جب کانگریس ورکنگ کمیٹی کے ارکان جیل سے رہا ہوئے تو ان میں سے بہتوں نے اس سمجھوتے کی سخت مذمت کی۔ گاندھی جی نے بے چارے بھولا بھائی کی مدافعت میں ایک لفظ نہ کہا۔ سیروائی اور سیتلواد، دونوں کی نگاہ میں یہ صریح ناانصافی تھی۔ مولانا آزاد بھی اس خیال سے متفق ہیں۔(ص۳۳)لیاقت،یسائی پیکٹ کی دو فوٹو کاپیاں پبلی کیشن ڈویژن کی شائع کردہ کتاب (Builders of Modern India) میں موجود ہیں۔ان میں ایک وہ معاہدہ بھی ہے جس کی اصل پر لیاقت علی اور بھولا بھائی کے دستخط ثبت ہیں اور دوسری وہ نقل ہے جس پر گاندھی جی نے اپنے قلم سے بعض حصوں کی ترمیم کی تھی۔(۳۳)

اس واقعہ کے بعد سر تیج بہادر سپرو کی صدارت میں ایک کمیٹی بنی جس کے ارکان کانگریس اور لیگ دونوں سے غیر متعلق تھے۔اس کمیٹی نے بھی مفاہمت کی وہی صورت دیکھی یعنی مرکز میں ہندو اور مسلمانوں کی برابر برابر نمائندگی۔(۳۳)

سنہ ۱۹۳۷ء میں یو۔پی کابینہ کی تشکیل کے وقت کانگریس کا اصرار کرنا کہ مسلم لیگ اسی شرط پر شریک کیے جا سکتے ہیں کہ وہ پہلے کانگریس کے منشور پر دستخط کریں ایک ایسا واقعہ ہے جس کے بارے میں سیروائی کا کہنا ہے کہ جیسا کہ عام طور پر خیال کیا جاتا ہے، نظریاتی نقطہ نظر سے صرف نظر کرتے ہوئے عملی مصلحت کے

زاویہ نگاہ سے دیکھا جائے تو کانگریس کے رویے نے اگلے دس سال میں ہندستان کی تقسیم کا سامان پیدا کر دیا (۳۷) سیروائی لکھتے ہیں کہ مولانا آزاد پکے نیشلسٹ ہوتے ہوئے بھی سمجھتے تھے۔ اور انھیں یہ برملا کہنے میں کوئی تامل بھی نہ تھا کہ۔ ان کے ہندو رفقا یہ تسلیم کرنے پر بالکل رضامند نہیں تھے کہ آزاد اور متحدہ ہندستان میں مسلمانوں کو اپنے مستقبل کے بارے میں جو تشویش تھی وہ بیجا نہ تھی۔ (۳۸) اصول کی پابندی یقیناً مستحسن ہے لیکن سیاست میں ایسی بھی صورت پیدا ہو جاتی ہے جب کہ کسی بلند اور برتر مقصد کی خاطر ایک اصول کی تاویل کسی اور ہی طریقے سے کیا جانا زیادہ مناسب ہوتا ہے۔ مصنف لکھتے ہیں کہ خالص نظریاتی اعتبار سے "تین" کبھی "ایک" کے مساوی نہیں ہوگا لیکن یہہ منطق اور علم الحساب کسی ملک کے آئین بنانے میں کام نہیں آتا ہے۔ اصل چیز وہ منزل مقصود تھی جہاں پہنچنے کے لیے دستور بنایا جارہا ہے۔ اگر کانگریس کی منزل مقصود متحدہ ہندستان کے لیے آزادی حاصل کرنا تھا تو پھر ایسا دستور بنانا تھا جس سے اس منزل تک پہنچنا ممکن الحصول ہو جاتا۔ لیاقت۔ ڈیسائی فارمولا یا سپرو کمیٹی کی سفارش (یعنی ملی جلی مرکزی حکومت میں برابر کی تعداد میں کانگریس اور مسلم لیگ کی نمائندگی) مان لی جاتی (جس کی سفارش مولانا آزاد نے گاندھی کے نام خط لکھ کر کی تھی) تو وہ منزل مقصود حاصل ہو جاتی۔ (۴۶) جمہوریت میں تعداد کی بلاشبہ اہمیت ہوتی ہے لیکن یہ بھی صحیح ہے کہ جمہوریت کے اصول خلا میں کارفرما نہیں ہوتے ہیں۔ حالات کے مطابق ان میں ایسی لچک پیدا کی جاسکتی ہے کہ دستور سازی کا کام عملی شکل اختیار کر سکے۔ (۴۷) ہندستان کے معاملے میں حالات اس بات کے متقاضی تھے کہ مقصد کے حصول کے لیے نو کروڑ مسلمانوں کو تیس کروڑ ہندوؤں کے مساوی درجہ نہیں دیا جاتا ہے تو وہ مقصد نا قابل حصول رہے گا۔ (۴۷) مسلمانوں کے ذہن سے "ہندوراج" کے تسلط کا خوف دور کیے بغیر دونوں قومیں صلح و آشتی کے ساتھ زندگی بسر نہیں کر سکیں گی (۴۷) اپنے خیال کی وضاحت کرتے ہوئے مصنف نے دو مثالیں دی ہیں جو قابل غور ہیں۔ امریکا میں حصول آزادی کے بعد ۱۳ ریاستوں نے مل کر ایک دستور تیار کیا۔ یہ

دستور وفاقی طرز کا تھا۔اس کے لیے ایک کنونشن طلب کیا گیا رقبہ اور آبادی کے لحاظ سے بعض راستیں چھوٹی اور بعض بڑی تھیں۔جب کنونشن میں مجوزہ سنیٹ کے لیے ریاستوں کے نمائندوں کی تعداد کا مسئلہ آیا تو اصولاً بڑی ریاستوں سے زیادہ اور چھوٹی سے کم تعداد میں ارکان لیے جانے چاہئے تھے۔لیکن ایسا کہا جاتا تو چھوٹی ریاستیں وفاق میں شامل ہونے سے انکار کر دیتیں۔لہذا تناسب کے اصول سے تعداد کو بالائے طاق رکھ کر طے پایا کہ ہر ریاست سے سنیٹ کے لیے صرف دو نمائندے لیے جائیں۔ مشہور مدبر میڈیسن کے مطابق خارجی حالات کے پیش نظر کنونشن نظریاتی اصول کو قربان کرد ینے پر مجبور ہو گیا۔(ص ۴۸)اس تھوڑی سی لچک سے آج امریکا متحدہ قومیت کا ملک ہے۔

دوسری مثال میں سیر وائی لکھتے ہیں کہ پچھلی عالمی جنگ میں جس دن ہٹلر، روس پر حملہ آور ہوا،اسی رات کو برطانیہ نے روس کو بھرپور مدد کا اعلان کر دیا۔ وزیر اعظم چرچل نے ریڈیو پر تقریر کرتے ہوئے کہا:''گزشتہ پچیس برسوں سے مجھ سے زیادہ کمیونزم کا مخالف کوئی نہ رہا ہو گا اس بارے میں اب تک میری زبان سے جو کچھ نکلا ہے میں اس پر اب بھی قائم ہوں لیکن حالات نے جو کروٹ لی ہے اس کے آگے میری باتیں ماند پڑ جاتی ہیں۔ ہمارا ایک اور صرف ایک غیر متزلزل مقصد ہے اور وہ ہے ہٹلر کی نازی حکومت کا مکمل خاتمہ...اس لیے اب ہم سے جو بھی مدد ممکن ہو گی ہم روسیوں کو دینے میں کوئی دریغ نہیں کریں گے۔(ص۴۹)

بھولا بھائی ڈیسائی نے اپنی ڈائری میں لکھا ہے ''سیاست میں حقیقت شناسی کی یہ بہترین مثال ہے۔(۴۸)

سیر وائی لکھتے ہیں کہ جس طرح کانگریس نے لیاقت۔ڈیسائی پیکٹ اور سپرو کمیٹی کی سفارشوں کو قابل اعتنا نہ سمجھا اسی طرح بعد میں لارڈ ویول (وائسرائے) کی تجویزوں کو بھی ''تعدد''،''منطق''اور'' فلسفہ'' کی بنیادوں پر کوئی توجہ نہ دی۔(ص ۵۰)

سنہ ۴۶-۱۹۴۵ کے انتخابات نے ثابت کر دیا تھا کہ مسلمانوں کی بڑی بھاری اکثریت مسلم لیگ کے ساتھ تھی۔قوم پرور مسلمان کسی بھی نشست پر کامیاب نہیں

ہوئے۔ ۴؍اکتوبر سنہ ۱۹۴۶ء کو محمد علی جناح اور مہاتما گاندھی نے ملکی حالات کا جائزہ لینے کے بعد حسب ذیل بیان پر دستخط کئے:

"کانگریس تسلیم کرتی ہے کہ مسلم لیگ، مسلمانوں کی بڑی بھاری اکثریت کی نمائندگی کرتی ہے۔اس لیے جمہوری اصولوں کے تحت صرف مسلم لیگ ہی کو مسلمانان ہند کی ناقابل تردید نمائندگی کا حق بھی ہوتا ہے۔ لیکن کانگریس یہ ماننے کے لیے تیار نہیں کہ اس کے اپنے نمائندوں کی نامزدگی کے لیے کوئی شرط یا پابندی لگائی جائے۔"

۵؍اکتوبر کو جناح۔نہرو ملاقات ہوئی، اس کے اگلے دن نہرو نے اپنے رفیق کاروں سے مشورے کر کے جناح کو ایک خط لکھا جس میں انھوں نے مذکورہ بیان کو ناقص قرار دیا اور گویا اسے رد کر دیا۔

مولانا آزاد نے کانگریس کے صدر کی حیثیت سے ورکنگ کمیٹی کو ایک خط لکھا جس میں کرپس مشن پلان کو اس پر رضامند کر لیا تھا کہ مغربی ہندستان کے مسلم اکثریت کے صوبوں کا ایک مجموعی گروپ ہوگا۔ آزاد کی تجویز کے بموجب ایک مضبوط مرکز کے بجائے ایک ایسا وفاق ہوگا جس میں کم سے کم معاملات مرکز میں ہوتا اور اس طرح مسلمانان ہند کا اندیشہ بی دور ہو جاتا مگر نہرو نے اسے نہ ہونے دیا اور متحدہ ہندستان کا ایک موقع ہاتھ سے نکل گیا۔ (ص ۶۴)

سیر وائی نے اس ناکام کوشش کے جہاں اور اسباب بیان کئے وہاں انھوں نے اس کے ذمہ دار گاندھی، نہرو، پٹیل، جناح، پیتھک، لارنس اور کرپس کو بھی قرار دیا ہے، اس بات کے دلائل وہ اس طرح دیتے ہیں:

"گاندھی نے ہندو مسلم اتحاد کو بنیادی اصول قرار دیا تھا لیکن انھوں نے اسے عملی شکل دینے کی کوئی کوشش نہیں کی۔ انھوں نے اس مسئلے کا حل اس "آسمانی روشنی" پر چھوڑ دیا جس کی وہ امید لگائے بیٹھے رہے لیکن وہ ان تک نہیں پہنچی۔ یہ مسئلہ مذہبی نہیں بلکہ خالص سیاسی تھا جس کا حل سیاسی

طریقے سے کیا جاتا تھا، مگر گاندھی نے اس کی کوشش نہیں کی (ص ٦٥)...
"آسمانی روشنی" نہیں حاصل ہوئی لیکن ان کے معتبر رفیق کار، آزاد نے جو
روشنی انھیں دکھائی اس سے بھی انھوں نے آنکھیں موند لیں۔ اس میں کوئی
تعجب بھی نہیں کیونکہ ۴٦-۱۹۴۵ء کے انتخاب کے بعد قوم پرور مسلمانوں کی
کوئی حیثیت باقی نہیں رہ گئی تھی۔ ان کے قومی مطمح نظر کو کبھی کبھار سراہنے
کے سوا اور کوئی مصرف نہ تھا۔" (ص ٦٦)

سیاسی فراست کا تقاضہ یہ ہے کہ دو متضاد خیال کی جماعتوں کو ایک ساتھ اس طرح لایا جائے کہ جیسے دونوں اپنی اپنی جگہ صحیح نظر آئیں۔ کانگریس متحدہ ہندستان چاہتی تھی اور مسلم لیگ ملک کی تقسیم۔ مولانا آزاد نے جو حل پیش کیا تھا اس کے پیچھے راز یہ تھا کہ مسلمانوں کو اس بات کا یقین دلایا جائے کہ ملک کی تقسیم خود ان کے مفاد کے خلاف ہے۔ اس لیے تقسیم نہ ہونے پائے (ص ٦٦) مگر گاندھی جی نے ایک انٹرویو میں یہ فرمادیا تھا کہ ایک مشکوک مفاد کی خاطر اصول کو قربان نہیں کیا جا سکتا، دونوں فریقوں میں سے ایک یقیناً غلطی پر ہوگا۔

سنہ ۱۹۳۷ء کے انتخابات میں مسلم لیگ کی ناکامی کے بعد نہرو کا لیگ کے بارے میں یہ خیال کہ رجعت پسندوں کی جماعت ہے جس کے ساتھ کانگریس کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کر سکتی، ہو سکتا ہے کہ اپنی جگہ صحیح ہو مگر دسمبر ۱۹۴۵ء میں بھی جب مسلم لیگ ۳۰ میں سے ۳۰ مرکزی اسمبلی کی نشستیں جیت گئی تھی نہرو اپنی پہلی رائے پر قائم رہے حالانکہ کل مسلم ووٹ میں سے ٦ء ٨٦ فی صد ووٹ لیگ کے حق میں پڑے تھے۔ ان نتیجوں اور آگے چل کر صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات کے نتیجوں نے ثابت کر دیا کہ مسلم لیگ اسی طرح مسلمانان ہند پر حاوی تھی جیسا کہ کانگریس ہندوؤں پر تھی۔ مگر نہرو نے اغماز سے کام لیا اور "مسلم ماس کینٹکٹ" کے ذریعے مسلمانوں کو اپنی طرف کھینچنے کی کوشش کی جو ناکام رہی۔ (ص ٦٨)

سیروائی اور مولانا آزاد دونوں اس پر متفق ہیں کہ ہندستان کی سیاسی گتھی

سلجھانے کی وائسرائے لارڈ ویول نے پورے خلوص اور ایمانداری سے کوشش کی (ص ۹۸)۔ سنہ ۱۹۴۶ء دسمبر میں جب وہ لندن گئے تو کیبنٹ مشن کے پلان پر اپنی رائے کے ساتھ ساتھ کچھ تجویزیں بھی لے گئے۔ وہ مشن کے پلان کے بارے میں وزیر اعظم لارڈ ایٹلی اور مشن کے دو ارکان سے بھی ملے۔ اس کے بعد برطانوی دستاویزوں کی جلد میں ان کے خیالات ان الفاظ میں نظر آتے ہیں:

"موجودہ حالات کے تحت پلان ہر طرح سے اچھا ہے۔ لیکن نہ تو مشن اور نہ برطانوی حکومت اسے اتنی ثابت قدمی کے ساتھ عمل میں لا سکی، جس کا وہ پلان مستحق تھا۔ خاص طور سے مشن، مسلم لیگ سے ۱۶ر مئی کو جو وعدے کیے تھے، ان کو پورا نہ کر سکا۔" (ص ۸۹)

لارڈ ویول کا کہنا تھا:

"صورت حال یہ ہے کہ کانگریس محسوس کرتی ہے کہ برطانوی حکومت ان کو نظر انداز نہیں کر سکتی ہے۔ کانگریس کا مقصد ایسے اختیارات حاصل کرنا ہے کہ جن سے وہ جتنا جلد ممکن ہو، برطانوی حکومت سے نجات پا جائے۔ اس کے بعد اس کا خیال ہے کہ مسلمانوں اور رجواڑوں سے نپٹ لے گی، خواہ رشوت دے کر، یا بلیک میل کر کے یا پروپیگنڈے کے ذریعے — اور ضرورت ہوئی تو عوام کو بھڑکا کر بھی — مقصد اختیارات کا حصول ہے، چاہے اس کا طریقۂ کار کچھ بھی ہو۔" (ص ۸۹)

سیروائی کا کہنا ہے کہ ویول کا مذکورہ خیال کچھ غلط بھی نہ تھا۔ ۱۰ر دسمبر کو لارڈ ایٹلی نے اپنی کابینہ کے کئی ارکان سے دوران گفتگو میں کہا:

"پنڈت نہرو کی پالیسی یہ نظر آتی ہے کہ ہندستان کی حکومت پر ان کا پورے طور سے قبضہ ہو جائے۔ کوئی دستور اس طرح بنایا گیا تو مسلم اکثریت کے صوبوں کی طرف سے اس کے خلاف شدید ردِ عمل ہوگا اور شاید وہ مرکزی حکومت میں شریک ہونا بھی پسند نہ کریں۔ کانگریس کی اس پالیسی کا

نتیجہ پاکستان کا وجود میں آنا ہوگا جسے وہ نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔"

(ص ۹۰)

لارڈ ایٹلی کی نظر میں لارڈ ویول ناکام رہے، اس لئے انھیں واپس بلا کر لارڈ ماؤنٹ بیٹن کو وائسرائے بنا کر ہندستان بھیجا۔ اس کا ویول کو بے حد رنج ہوا۔ مولانا آزاد کی پوری ہمدردی ویول کے ساتھ تھی۔ سیروائی نے اس معاملے پر بڑی تفصیل سے روشنی ڈالی ہے (ص ۹۷۔۱۰۵)۔ اس میں کئی باتیں پہلی بار منظر عام پر آئی ہیں۔

کیبنٹ مشن پلان کے کئی منزلوں سے گزرنے کے بعد سردار پٹیل نے ماؤنٹ بیٹن کو صاف صاف لفظوں میں کہہ دیا کہ کانگریس، مرکزی حکومت میں پلان کی تجویز کے مطابق مساوی تعداد میں نشستیں دینے کے لئے تیار نہیں ہے۔ اب کانگریس ملک کی تقسیم چاہتی ہے (ص ۱۲۳)۔ اس کے بعد ماؤنٹ بیٹن نے بٹوارہ کی تیاری شروع کردی۔ برطانوی حکومت نے لارڈ ماؤنٹ بیٹن کو وائسرائے بنا کر بھیجتے وقت جو ہدایات دی تھیں ان کا ذکر ان کے سوانح نگار زیگلر نے ان لفظوں میں کیا ہے:

"برطانوی حکومت کا کہنا تھا 'اگر ہندستان کو متحد رکھ سکتے ہو تو رکھو ورنہ جو کچھ بھی اس کی تباہی سے بچا سکتے ہو بچالو اور کسی بھی صورت میں برطانیہ (حکومت) کو وہاں سے نکال لاؤ۔" (ص ۱۰۶)

تقسیم کے بعد لارڈ ماؤنٹ بیٹن کو ملک کی آزادی پر عوامی مقبولیت حاصل ہوئی۔ ان کی بیگم اور جواہر لال نہرو کے خوشگوار تعلقات پر بھی بہت کچھ لکھا جا چکا ہے۔ زیگلر نے ماؤنٹ بیٹن کے بارے میں ان خیالات کا اظہار کیا ہے:

"ان کی منجملہ خصوصیات کے ساتھ ان کی کمزوریاں بھی بلند ترین پیمانے پر تھیں۔ بچوں کی طرح نخوت بدترین قسم کی تھی؛ ان کا حب جاہ بے پناہ تھا؛ ان کے نزدیک "صداقت جیسی ہوتی ہے" "بہت جلد" "جیسی ہونی چاہئے" میں بدل جایا کرتی تھی۔ ان کی کوشش رہی کہ تاریخ بلا تامل واقعات سے انحراف کرکے اس طرح لکھی جائے کہ اس میں ان کی کارگزاری بڑھ چڑھ کر

دکھائی دے۔" (ص۱۱۵)

سیر وائی لکھتے ہیں کہ ان الفاظ سے اس حقیقت کا پتہ چلتا ہے کہ ماؤنٹ بیٹن سچائی کے بجائے ایسے جھوٹ کو پسند کرتے تھے کہ جس میں ان کی کارگزاریاں نمایاں ہو جائیں (ص۱۶۶)

تقسیم کی تجویز میں اس کی بھی سفارش کی گئی تھی کہ ہندستان اور پاکستان کے پہلے گورنر جنرل مشترکہ طور پر لارڈ ماؤنٹ بیٹن ہوں گے لیکن محمد علی جناح نے یہ سفارش مسترد کر دی جس سے ماؤنٹ بیٹن کی انا کو زبردست دھکا لگا اور وہ اس چوٹ کو کبھی نہیں بھولے مگر جناح نے اس کی کوئی پرواہ نہیں کی۔ ان کے انکار کے فیصلے پر کافی چہ میگوئیاں بھی ہوئیں اور اسے ان کی انانیت پر محمول کیا گیا مگر سیر وائی ایک ماہر قانون کی حیثیت سے لکھتے ہیں: "یہ بات فہم سے بالاتر ہے کہ ایک شخص دو الگ الگ ریاستوں کا گورنر جنرل ہو۔ دونوں ریاستیں اپنی اپنی جگہ پالیسی کے تعین کے لئے آزاد ہوں تو ایک ہی گورنر جنرل دونوں کو کیسے مشورے دے سکتا ہے؟ بالخصوص جب کہ ان میں تضاد بھی پایا جاتا ہو۔ (ص۱۳۱)

کانگریس تقسیم پر کیوں آمادہ ہو گئی؟ اس پر سیر وائی لکھتے ہیں کہ جب ماؤنٹ بیٹن نے محسوس کیا کہ اگر مسلم لیگ کا مطالبہ پاکستان کسی نہ کسی صورت میں تسلیم نہ کیا گیا تو شاید لیگ ہتھیار بند کاروائی کر بیٹھے تو کانگریس بھی اس احساس میں شریک ہو گئی اور اسے مسلم لیگ کے مطالبے کو منظور کر لینے ہی میں مصلحت نظر آنے لگی۔ ساتھ ساتھ کانگریس کو اس کا بھی یقین تھا کہ وہ علاقے جنھیں پاکستانی کہا جا رہا ہے ایک دن باقی ماندہ ہندستان میں دوبارہ شامل ہو جانے کی کوشش کریں گے۔ ۷ر اگست کو محمد علی جناح پاکستان چلے گئے، جانے سے قبل انھوں نے ہندؤں اور مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ ماضی کی تلخی کو بھول جائیں، انھوں نے ہندستان کی خوشحالی اور کامیابی کے لئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس کے دوسرے روز سردار پٹیل نے دلّی میں کہا "ہندستان کے جسم سے زہر نکل گیا، اب ہم ایک اور غیر منقسم ہندستان میں ہیں، تم سمندر اور دریاؤں

کے پانی کو تقسیم نہیں کر سکتے، رہے مسلمان تو ان کی جڑیں، ان کے مقدس مقامات یہاں ہیں، مجھے نہیں معلوم وہ پاکستان جا کر کیا کریں گے۔ ان کو یہاں لوٹ آنے میں زیادہ مدت درکار نہیں ہوگی۔" سیروائی کا کہنا ہے کہ یہ الفاظ نہ اس وقت کے پڑوسی ملک کی خیر سگالی کے لئے مناسب ہو سکتے تھے اور نہ اس کے بعد بھی ایسا ہوا۔

مشہور مدبر وی۔ پی مینن کے حوالے سے سیروائی لکھتے ہیں کہ اسٹیٹسمین اخبار (۲۱/ اکتوبر سنہ ۱۹۴۷ء) میں کیبنٹ مشن پلان کو سراہتے ہوئے اور تقسیم کے خطرات سے آگاہ کرتے ہوئے مینن نے لکھا ہے کہ ہندستان میں رائے عامہ کا مطالبہ ہوگا کہ ملک میں فوجی تیاریاں روز افزوں ہوتی رہیں اور کوئی ذمہ دار حکومت ایسے مطالبے کو نظرانداز نہیں کر سکے گی۔ اس کے نتیجے میں پاکستان میں بھی برابر کی تیاریاں ہونے لگیں گی۔ عام لوگوں کی زندگی پر اس کا اثر یوں پڑے گا کہ ان کے لیے لفظ "آزادی" بے معنی ہو کر رہ جائیگا۔ گویا پاکستان کا مطالبہ اس لیے کیا گیا کہ وہاں کے مسلمان اپنے خصوصی طرز کی زندگی گزارنے کی صورت پیدا کر سکیں لیکن یہ مقصد بھی پورا نہ ہو سکا۔ (ص ۱۳۴)

تقسیم ہند کا ایک نہایت اہم پہلو پنجاب کا دو حصوں میں بٹوارہ تھا۔ سر خضر حیات کی وزارت کے مستعفی ہو جانے کے بعد پنجاب کے گورنر نے ۵ مارچ سنہ ۱۹۴۷ء کو "گورنر راج" نافذ کر دیا۔ یہی وہ زمانہ تھا جب کہ تقسیم کی بات چل رہی تھی۔ مولانا آزاد نے ۱۴ مئی کو لارڈ ماؤنٹ بیٹن سے ملاقات کی اور انھیں مشورہ دیا کہ کیبنٹ مشن کو مسترد نہ کیا جائے، اس ملک کی سیاسی گتھی سلجھانے کے لیے دو ایک سال کا اور موقعہ ملنا چاہیے۔ اسی گفتگو کے دوران مولانا آزاد نے وائسرائے کو اس بڑے خطرے سے بھی آگاہ کیا جو تقسیم کے نتیجے میں پیش آنے والا تھا، مختلف مقامات سے ہندو مسلم فسادات کی خونی داستانیں سننے میں آرہی تھیں۔ اگر ملک کا واقعی بٹوارہ ہوا تو خون کی ندیاں بہنے لگیں گی جس کی ذمہ داری برطانیہ پر ہوگی۔ ماؤنٹ بیٹن نے اس کے جواب میں بڑے اعتماد کے ساتھ مولانا آزاد کو بہ ظاہر مطمئن کرنے کی خاطر کہا:

"ایک بار تقسیم کا اصول طے ہو جانے پر ... اگر کہیں بھی شورش یا ہنگامے نے سر اٹھایا تو ... میں فوج اور ایر فورس کو حرکت میں لے آؤنگا اور توپ، ٹینک اور ہوائی جہاز کو کام میں لا کر شورش کو کچل دوں گا۔"

سیر وائی لکھتے ہیں کہ ماؤنٹ بیٹن کی یہ یقین دہانی برطانوی حکومت کو تو مطمئن کر گئی مگر جب ملک کا بٹوارہ طے پا گیا تو پنجاب کی تقسیم کے لئے ریڈ کلف کمیشن کے تقرر کا اعلان کیا گیا اور اس اعلان کے ساتھ پنجاب کی سر زمین پر خوف و ہراس کے گہرے بادل چھانے لگے اور انتقال آبادی میں تیزی آگئی۔ پنجاب کی تقسیم کی تفصیلات ریڈ کلف ایوارڈ کے مطابق ۱۶؍اگست کو عام کی گئیں۔ اس علاقے میں (حکومت ہند کے ریکارڈ کے مطابق) چھ لاکھ جانیں گئیں اور ایک کروڑ چالیس لاکھ آدمی ہجرت کرنے پر مجبور ہوگئے۔ (ص ۱۳۸) یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ تقسیم ملک کی تو ۱۵؍اگست کو ہو گئی لیکن ریڈ کلف کے ایوارڈ کے مطابق سرحدوں کا اعلان، ایک روز بعد، یعنی ۱۶؍اگست کو کیوں کیا گیا؟ لارڈ ماؤنٹ بیٹن کی ۱۶؍اگست سنہ ۱۹۴۷ء کو تو متحدہ ہندستان کے سپریم کمانڈر کی حیثیت باقی نہیں رہی تھی، اس لیے وہ بری، فضائی فوج، توپ، ہوائی جہاز اور ٹینک کے استعمال کرنے کے موقف میں بالکل نہ تھے۔ اس لیے وہ اس ہنگامہ اور شورش کو روکنے سے قاصر تھے جو دونوں مملکتوں میں رونما ہو رہے تھے۔ سیر وائی ماہر قانون کی حیثیت سے اس کا جواب برطانوی دستاویزوں کی جلد گیارہ اور بارہ میں تلاش کرتے ہیں جس سے اس بات کا انکشاف ہوتا ہے کہ پہلے تو لارڈ ماؤنٹ بیٹن، ریڈ کلف ایوارڈ کو ۱۰؍اگست تک عام کرنے پر اصرار کرتے رہے تھے۔ (ص ۱۴۶)

تقسیم پنجاب کمیٹی، ماؤنٹ بیٹن اور اس صوبے کے گورنر جینکنس، سب اس خطرے کو محسوس کر رہے تھے کہ پنجاب کے بٹوارہ کے اعلان کی تاخیر کا ایک ایک دن اس علاقے کو شدید شورش اور ہنگامہ کی سمت لے جائے گا۔ تقسیم کی پوری اسکیم اور نقشے ۹؍اگست ہی کو تیار ہو چکے تھے۔ (ص ۱۴۷) اس کے باوجود انھیں کیوں روک رکھا گیا؟ اس کی توجیہ سیر وائی تمام کاغذات اور دستاویزوں کے مطالعہ کے بعد اس طرح کرتے ہیں

کہ ۱۵/ اگست ۱۹۴۷ء ہندستان کی آزادی کا دن مقرر کیا گیا تھا جس کا استقبال نہایت گرم جوشی اور غیر معمولی جشن کے ساتھ کیا جانے والا تھا۔ ماؤنٹ بیٹن اپنی خود سری اور خود پسندی کے نشے میں سرشار ہو کر اپنی شان و شوکت کے مظاہرے کو لاکھوں افراد کے قتل اور کروڑوں کو بے گھر ہوتا ہوا دیکھ کر بھی اپنے لطف کو بد مزہ نہیں کرنا چاہتے تھے۔ (ص ۱۵۹) برطانوی دستاویزوں کی مدد اور حوالے سے سیر وائی نے یہ بھی دکھایا ہے کہ خود جواہر لال بھی (جو ماؤنٹ بیٹن کی خلوص نیتی اور راست اقدام کے بڑے قائل تھے) کتنے غلط نتیجے پر پہنچے تھے (ص ۱۵۹)۔ سیر وائی کے مطابق پنجاب کی تقسیم کے ایوارڈ کو ۱۶/ اگست تک صیغۂ راز میں رکھنا ہندستان سے بے وفائی ہی نہیں بلکہ غداری تھی (ص ۱۶۳)۔

خاتمۂ کلام کے طور پر سیر وائی لکھتے ہیں :

"جناح کی پالیسی کو کانگریس اور اس کے لیڈروں یعنی گاندھی، نہرو اور پٹیل کی پالیسی کا رد عمل سمجھنا چاہئے۔ جناح نے ہوم رول لیگ اور کانگریس سے علاحدگی اس وقت اختیار کی جب کہ گاندھی نے ان اداروں کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں لے لی کیونکہ وہ (جناح) مذہب کو سیاست میں داخل کرنے کے سختی کے ساتھ مخالف رہے اور اتنی ہی شدت کے ساتھ سوراج کے حصول کے لیے غیر آئینی طور طریقے اختیار کرنے کے بھی مخالف تھے۔ کنھیا لال منشی لکھتے ہیں: جناح کو یقین تھا کہ عوام میں جبری دباؤ کا طریقہ پیدا کرنے کا لازمی نتیجہ دو فرقوں کے تصادم میں ظاہر ہو گا۔ اور فی الواقعی ہوا بھی یہی ... ایک بہت بڑے آدمی نے جنگ میں لڑنے والی قوم کے رویے کے بارے میں چار مختصر مگر بڑے پتے کی باتیں کہی ہیں جو یاد رکھنے کے قابل ہیں ... دوران جنگ میں عزم، شکست ہو رہی ہو تو پورا مقابلہ، فتح ہوتی ہو تو فراخدلی اور امن ہو تو خیر سگالی سے کام لینا چاہئے... سنہ ۱۹۳۷ء کے انتخابات میں شاندار کامیابی حاصل کرنے کے بعد نہرو نے لیگ کی جانب کسی طرح کی فراخدلی سے کام نہیں لیا۔ اس کے برعکس انھوں نے تحکمانہ رویہ اختیار کیا اور

لیگ کی پیشکش کو حقارت سے ٹھکرا دیا۔" (ص۱۶۹)

اس کے آگے سیر وائی لکھتے ہیں :

"یہ فیصلہ کرنے سے پہلے کہ جناح اور لیگ پاکستان کا مطالبہ کر کے ہندستان کی تقسیم کے ذمے دار تھے یا نہیں، دو سوالوں کے جواب دینا ضروری ہے :اولاً یہ کہ کیا مسلم فرقے کا یہ خوف کہ وہ (متحدہ ہندستان میں) ہمیشہ "ہندو راج" کے تابع رہیں گے، حقیقت پر مبنی تھا یا نہیں ؟اور دوم اگر تھا تو کیا اپنے تحفظ کی خاطر وہ کوئی مؤثر اور معقول مطالبہ کرنے میں حق بجانب تھے یا نہیں ؟...ڈیسائی ۔لیاقت معاہدہ، سپرو کمیٹی رپورٹ اور گاندھی کے نام آزاد کا خط اور قوم پرست مسلمانوں کا کیبنٹ مشن سے ملاقات، کیا یہ سب اس خوف کی اصلیت کی نشاندہی نہیں کرتے ہیں۔" (ص۱۷۱)

مولانا ابوالکلام آزاد کی مشہور کتاب "انڈیا ونس فریڈم" کے حالیہ ایڈیشن (بہ شمولیت محفوظ شدہ تیس صفحات) کے متعلق سیر وائی نے انکشاف کیا ہے۔کتاب کے ناشر نے دعویٰ کیا ہے کہ یہ تازہ ایڈیشن مکمل طور پر وہ ہے جو مولانا آزاد نے تصنیف فرمائی تھی۔سیر وائی کا کہنا ہے کہ یہ دعویٰ صحیح نہیں ہے، تازہ ایڈیشن اور سنہ ۱۹۵۹ء کے پہلے ایڈیشن میں جا بجا تفاوت ہے پہلے ایڈیشن کی کئی اہم عبارتیں سنہ ۱۹۸۹ء کے ایڈیشن میں حذف کر دی گئی یا مختصر کر دی گئی ہیں اور اس کا کوئی سبب بھی نہیں بتایا گیا ہے۔ایسے چھ مقامات سے نقل کرتے ہوئے سیر وائی نے ان عبارتوں کا تفاوت بتایا ہے۔ (ص۲۰۳)

تقسیم کی داستان اور نئے انکشافات کی روشنی میں، اس کے اسباب بیان کرنے کے بعد سیر وائی اپنی کتاب کی توجیہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"ہندستان کے عظیم لیڈروں کی تمنا ملک کو سالم اور غیر منقسم ہندستان

جو اس سالمیت کی بربادی کی ذمہ داری ایک یا ایک سے زیادہ بڑے ہندستانی لیڈروں پر عائد کر کے، ہمیں بتا سکے گی کہ سالمیت کس طرح برباد ہوئی اور

اس طرح ماضی سے ہمیں سبق حاصل ہوگا تاکہ مستقبل میں ہمارے ملک کی
وحدت ختم نہ ہونے پائے۔" (ص ۲۱۲)

سیر وائی نے اپنی تصنیف میں آزادی کی ہر تجویز اور تحریک کے سلسلے میں مولانا ابوالکلام آزاد کے سیاسی تدبر اور بصیرت پر خراج تحسین پیش کی ہے۔ بیشتر موقعوں پر مولانا آزاد نے کانگریس اور اس کے لیڈروں کو جو مشورے دیے وہ درست تھے، جنھیں قبول نہ کرنے کی بڑی قیمت ادا کرنی پڑی۔ کتاب کے آخر میں سیر وائی لکھتے ہیں:

"یہ آزاد کی عظمت تھی کہ جو کچھ ان کے ساتھ کیا گیا، اس کے باوجود، وہ ہندستان کے مقدر سے کبھی مایوس نہیں ہوئے اور تقسیم ملک کے بعد بھی وہ ایک باعزم کانگریسی کی حیثیت سے یونین کابینہ کے اندر رہ کر اور اس کے باہر ملک کی خدمت کرتے رہے۔ بہ ظاہر ان کی سیاسی زندگی میں ناکامی کے نشان دکھائی دیتے ہیں لیکن وہ خود معاملات کو اس نظر سے نہیں دیکھتے تھے۔ اس کے بجائے انھیں اپنے پر خلوص کاموں کی قدر تھی اور اسی کو وہ زندگی کے اصلی وجدان کا ماحصل مانتے تھے۔"

محمد منیر عامر

میر مہدی داغ

تیرہویں صدی ہجری کا ایک فراموش شدہ شاعر

سید محمد میر سوز (۱۱۳۶ھ/۲۴-۱۷۲۳ء — ۱۲۱۳ھ/۹۹-۱۷۹۸ء) اردو غزل کی روایت کا ایک اہم اور معتبر نام ہے۔ سوز ابتدا میں بعہد احمد شاہ، اٹھارہویں صدی عیسوی کے نصف اول کے اختتام سے چھٹے دہے کے وسط تک شاہی توپ خانے میں ملازم رہے۔ پھر جب دہلی سے ہجرت کا چلن عام ہوا تو سوز بھی اور بہت سے شعرا کی طرح فرخ آباد اٹھ آئے اور نواب مہربان خاں رند کے دربار میں ملازم ہو گئے، یہاں انھیں مرزا رفیع سودا (متوفی ۱۱۹۵ھ/ ۲۷ جون ۱۷۸۱ء) کی ہم نشینی بھی میسر ہوئی، سودا، سوز اور رند کی طبائع کے بعض عناصر کے غایت درجہ اشتراک نے ان تینوں کی صحبت کو "بامزہ" کر دیا لیکن ۱۱۸۵ھ/۱۷۷۱ء میں رند کی دیوانی ختم ہونے پر یہ صحبت برہم ہو گئی، سوز کی طبیعت پر اس برہمی نے گہرا اثر مرتب کیا لیکن وہ زندگی سے مفاہمت کرتے ہوئے براستہ فیض آباد لکھنؤ چلے

آئے۔ یہاں قسمت نے یاوری کی اور انھیں آصف الدولہ (متوفی ۱۲۱۲ھ/ ۱۷۹۷ء) کی استادی میسر آگئی یہاں انھیں میرتقی میر (۱۱۳۷ھ/ ۱۷۲۲ء ۔ ۱۲۲۵ھ/ ۱۸۱۰ء) کی ہم نشینی ملی، اس طرح فرخ آباد کی صحبت برہم ہوجانے کا جو صدمہ تھا، اس کی کسی قدر تلافی ہوئی۔ آصف الدولہ علم دوست اور اہل علم کی قدر افزائی کرنے والے تھے، سوز سے ان کا تعلق خوش گوار رہا وہ بقول یکتا "سچے دل سے ان کی با مزہ صحبت کے عاشق (تھے) اور بہت عزت واحترام سے پیش آتے تھے۔" اگرچہ میر، آصف اور سوز کی یہ صحبت، رند، سوز اور سودا کی صحبت ایسی یادگار اور خوش گوار تو نہ تھی تاہم، اپنے عہد کے اعتبار سے، سوز کے لیے غنیمت تھی لیکن ۱۲۱۲ھ/ ۱۷۹۷ء میں نواب آصف الدولہ کی وفات نے اس محفل کا شیرازہ بھی بکھیر دیا۔ اس حادثے سے، سوز کی طبیعت پر جو اثر پیدا ہوا ہوگا وہ ظاہر ہے، ان کے لیے لکھنؤ میں مزید ٹھہرنا آسان نہ رہا، یوں بھی عمر کی اس منزل میں، از سر نو تلاش معاش کی افتاد کا پڑنا کچھ کم نہ تھا، سوز، ٹانڈہ اور مرشدآباد کی جانب نکلے لیکن کہیں بات بنی نہ دل ٹھکا۔ ناچار لکھنؤ لوٹ آئے لیکن یہاں، زندگی کا سب سے بڑا صدمہ ان کا منتظر تھا۔ سوز کا جواں سال بیٹا، میر مہدی ملک عدم کو سدھار گیا۔ عمر رسیدہ اور غم زدہ باپ کے لیے جوان بیٹے کی یہ المناک موت قیامت سے کم نہ تھی۔ سعادت خاں ناصر نے لکھا ہے کہ سوز، اس کی مفارقت میں یہ شعر پڑھتے تھے اور دیوانہ وار پھرتے تھے۔

اے میرے جھنڈولے بالوں والے
آجا مری منتوں کے پالے

میر مہدی کی وفات سے سوز کی طبیعت پر جو اثرات مرتب ہوئے ان کا اندازہ، ان کے درج ذیل اشعار سے بھی کیا جاسکتا ہے۔

اے خضر پئے خجستہ بتا ذرا مجھے
ہے راہ کونسی مرے مہدی کے گانو کی

کوئی پوچھے تو کیا بتاؤں اس کو
کس منہ سے کہوں کہ میر مہدی مرگئے

ہوئے ایسے ہی تم نظروں سے اب باباکی گم مہدی
مبارک باد کو بھی عید کی آئے نہ تم مہدی

نے میر مہدی کی یاد میں سوز کا جو شعر نقل کیا ہے۔ دیوانِ سوز کے قلمی نسخوں میں اس مطلعے کی حامل
ناغزل ملتی ہے:

آجا مری منتوں کے پالے	او مرے جھنڈولے بالوں والے
تو سامنے میرے اٹھ گیا ہائے	میں مر نہ گیا تیری بلا لے
تاریک ہوا جہاں تجھ بن	اے میرے اندھیرے کے اُجالے
سر سے پاؤں تلک لگی آگ	پھکتا ہوں میں آن کر بچالے
وہ شرم سے ترا مسکرا دینا	اے پتلے ہی پتلے ہونٹوں والے
دل چاہتا ہے پھر بھی دیکھوں	اک آن تو پھر مجھے دکھالے
یا آن کے بیٹھ پاس میرے	یا پاس اپنے مجھے بُلالے
تم تو جنت کو سدھارے اچھا	دوزخ کے کیا ہمیں حوالے

اے میرے مسیح میرے مہدی
میاں مرتا ہے سوز جا جلالے

ایک اور غزل کے اشعار جن سے سوز کے ہاں جواں مرگ بیٹے کے غم کی شدت عیاں ہوتی ہے:-

آہ اپنے دوست پیارے مر گئے	خاک میرے منہ میں اپنے گھر گئے
روز جاتا ہوں کبھی ملتے نہیں	یہ ہی کہتے ہیں ابھی باہر گئے
میر مہدی تم گئے جنت کو آہ	ق پر پدر کے داغ دل پر دھر گئے
بھائی کو اپنے بلایا اپنے پاس	باپ کو پوچھا نہ تم کیدھر گئے
کچھ نہ غم آیا تمہیں میرے میاں	میرے حق میں آہ تم کیا کر گئے

میر سوز کا یہ بیٹا کون تھا؟ اس کی ولادت و وفات کب ہوئی؟ اس کی جواں مرگی کا سبب کیا تھا؟ اس کے آثار شعری کیا ہیں، اس کی شخصیت کے خط و خال کیا تھے؟ وہ میر سوز کی اکلوتی اولاد تھا یا اس کے علاوہ بھی سوز کے ہاں کوئی اولاد تھی؟ آج کی صحبت میں ہم میر مہدی سے متعلق انہی سوالات

کا جواب تلاش کرنے کی سعی کررہے ہیں۔

میر مہدی کی تاریخ ولادت معلوم نہیں ہے لیکن اس کا تعین ان کے والد میر سوز کی تاریخ وفات کی طرح ایک رجعی مطالعے کی مدد سے کیا جاسکتا ہے، وہ یوں کہ میر مہدی کا انتقال، قلندر بخش جرأت کے کہے ہوئے قطعہ تاریخ وفات کے مطابق ۱۲۰۴ھ/۹۰-۱۷۸۹ء میں ہوا۔ اب اگر میر مہدی کی عمر اس سنہ میں سے منہا کر دی جائے تو اس کا سالِ ولادت معلوم ہوجانا چاہیے لیکن ایسا کرنے سے پہلے یہاں ایک اور پہلو قابلِ غور ہے۔

خیراتی لال جگر نے لکھا ہے کہ میر سوز اپنے بیٹے کی وفات کے دو ماہ بعد اس صدمے کو برداشت نہ کرتے ہوئے راہیٔ ملکِ عدم ہوگئے۔ اب ہمیں معلوم ہے کہ سوز کا سنہ وفات ۱۲۱۳ھ/۹۹-۱۷۹۸ء ہے۔ اس سنہ کے مطابق سوز اور میر مہدی کی وفات میں نو برس کا وقفہ حائل ہے، خیراتی لال بےجگر کے بیان کو تسلیم کرنے کے لیے دو امکانات پیش نظر رکھے جاسکتے ہیں اول یہ کہ میر سوز کا سالِ وفات ۱۲۱۳ھ/۹۹-۱۷۹۸ء تسلیم نہ کیا جائے دوم میر مہدی کی وفات ۱۲۱۲ یا ۱۲۱۳ھ میں قرار پائے، ہمیں ان دونوں مفروضوں کو تسلیم کرنے میں تردد ہے اس لیے کہ مذکورہ دونوں سنین وفات، شیخ قلندر بخش جرأت کے قطعات تاریخ وفات سے ثابت ہیں اور قلندر بخش جرأت کی ولادت کم و بیش ۱۱۶۳ھ/۴۹-۱۷۴۸ء میں ہوئی اور ان کا سال وفات ۱۲۲۴ھ/۱۸۰۹ء بتایا جاتا ہے، اور اس کے حق میں غلام ہمدانی مصحفی کا یہ مادہ تاریخ موجود ہے:

گیری از ناش اگر تاریخ او۔
از قلندر بخش شصت و دو فگن

اس طرح واضح ہوتا ہے کہ (جرأت کی تاریخ وفات میں ایک دو برس کا اختلاف بھی کیا جائے تو بھی، اور یوں بھی یہ اختلاف مصحفی کے مادۂ تاریخ کی روشنی میں درخور اعتنا نہیں)۔ میر سوز کا انتقال، یقینی طور پر جرأت کی زندگی میں ہوا، اس لیے جرأت پر سوز کے درست سال وفات سے بےخبری کا الزام عاید نہیں کیا جاسکتا، اب اگر سوز کی وفات جرأت کے سامنے کا واقعہ ہے تو ان کے بیٹے میر مہدی کا انتقال تو بدرجہ اولیٰ جرأت کے عین حیات ہوا تبھی تو جرأت ان کا قطعہ تاریخ وفات لکھ رہے ہیں:

جا بسا جو گلشنِ جنت میں وہ

بد تر از دشت اب جہاں کا باغ ہے

جرأت اس کی ہے یہ تاریخ وفات

سید مہدی کا ہے ہے داغ ہے

۱۲۰۴ھ

جرأت نے سوز کا جو مادہ تاریخ نکالا ہے اس کے حق میں محض معاصرت سے آگے بڑھ کر ناسخ، منولال راوی اور شاہ کمال کے قطعات تاریخ وفات بھی موجود ہیں جن سے سوز کا سالِ وفات ۱۲۱۳ھ ہی معلوم ہوتا ہے۔ اب جب جرأت سوز کا درست سالِ وفات بتاتے ہیں تو وہ میر مہدی کے درست سالِ وفات سے کیونکر بے خبر ہو سکتے ہیں جو کہ بالیقین سوز کی وفات سے پہلے کا واقعہ ہے اور اس وقت تک ان کا حیات ہونا شک و شبہے سے بالاتر ہے۔

ان شواہد کی روشنی میں ہم سوز اور میر مہدی کی وفات کے سنین بالترتیب ۱۲۱۳ھ اور ۱۲۰۴ھ تسلیم کرتے ہیں اور خیراتی لال بے جگر کے اس بیان کو تسلیم نہیں کرتے کہ میر مہدی کی وفات کے دو ماہ بعد سوز بیٹے کے غم سے جاں بحق ہو گئے۔

یہ جان لینے کے بعد بھی کہ میر مہدی کا انتقال ۱۲۰۴ھ میں ہوا۔ اس کے سالِ ولادت تک فی الفور نہیں پہنچا جا سکتا کہ اس سے پہلے میر مہدی کی عمر کا تعین باقی ہے :

مختلف تذکرہ نگاروں نے میر مہدی کا ذکر ایک خوبرو نوجوان کے طور پر کیا ہے۔ مثلاً ناصر نے "نوجوان دل افروز" اور "تقاضائے عشق و جوانی سے گرفتار بلائے ناگہانی" مصحفی نے "جوان ملیح و خوش رو و خوش خو" لکھا ہے لیکن انتقال کے وقت ان کی عمر ــــــ شیفتہ، فیلن و کریم الدین اور لالہ سری رام ــــــ نے بیان کی ہے، ان میں بھی عمر کا بیان درحقیقت صرف شیفتہ کے ہاں ہے، فیلن و کریم الدین اور لالہ سری رام کے بیانات شیفتہ ہی سے مستفاد ہیں۔

شیفتہ نے وفات کے وقت میر مہدی کی عمر بیس سال بتائی ہے کسی معاصر شہادت کی عدم موجودگی میں شیفتہ کی روایت کو ہی تسلیم کیا جانا چاہیے لیکن اس روایت پر گفتگو کا دروازہ فائق رامپوری کے اس اختلافی جملے نے کھول دیا ہے کہ "... بیس سال کی عمر لکھنا قطعاً بے دلیل اور غلط

چھٹے: اس استرداد کے لیے ان کی دلیل یہ ہے کہ مصحفی نے میر مہدی کو "جوان بلیغ" لکھا ہے اور "جوا" کا لفظ دلالت کرتا ہے کہ میر مہدی کی عمر پچیس[۱۵] سال سے ضرور متجاوز تھی[۱۱]۔

اوّل تو محض لفظ جوان کی بنا پر شیفتہ کا بیان نہیں جھٹلایا جاسکتا کہ اردو میں یہ لفظ بہ عمومیت کے ساتھ اور بغیر کسی حد و تعین کے استعمال کیا جاتا ہے اور اس کی حیثیت بالعموم ایک اضا اصطلاح (Relative Term) کی ہوتی ہے جس کے معانی مختلف جگہوں پر مختلف ہوسکتے ہیں۔ اس لیے یہ کہنا کہ لفظ جوان سے میر مہدی کی عمر کا پچیس برس سے زائد ہونا لازم ہے کچھ ایسا قابل قبول سد استدلال نہیں ہے۔

دوم یہ کہ اگر محض لفظی بحث ہی کی جائے تو پھر یہ بھی دیکھنا ہوگا کہ سعادت خاں ناصر نے میر مہدی کے لیے "نوجوان دل افروز[۱۲]" کے الفاظ استعمال کیے ہیں، لفظ نوجوان کے بارے میں ہماری رائے تو یہ ہے کہ اس کا اطلاق بھی مختلف اشخاص کی عمروں کے باب میں مختلف سنین پر ہوسکتا ہے لیکن اگر مذکورہ بالا اعتراض ہی کے اسلوب کو پیش نظر رکھا جائے تو لفظ نوجوان کی یہ معنوی تحدید بھی پیش کی جاسکتی ہے۔

"نوجوان: (صفت مرکب) پسر یا دختری کہ تازہ بہ مرحلۂ جوانی رسیدہ است۔
نوجوانی: مرحلہ ای از رشد و تکامل انسان است کہ معمولاً برای دختر ابین ۱۲ تا ۲۱ سالگی و برای پسر ہا بین ۱۳ تا ۲۲ سالگی است، این مرحلہ با نضج اعضای تناسلی و لطایف آنہا مشخص می شود[۱۳]۔"

یوں لفظ نوجوان کی رعایت سے میر مہدی کی عمر زیادہ سے زیادہ اکیس یا ئیس سال قرار پاتی ہے۔

سوم یہ کہ اس اعتراض کو تسلیم کر لینے سے میر مہدی کی عمر اڑتالیس سال تک کے امکانی دائرے میں پہنچ جاتی ہے، کہ فائق صاحب جوان کے لیے ۲۵ سال سے ۴۸ سال تک کی حد کا تعین بیان کرتے ہیں۔

جبکہ میر مہدی کی وفات کا سبب جس واقعے کو بیان کیا جاتا ہے (جس کی تفصیل آگے آتی ہے اور جس پر قریباً تمام تذکرہ نگاروں کا اتفاق ہے) اگر عام انسانی مشاہدے کو پیش نظر رکھا جائے تو اس واقعے کا امکان عنفوان شباب میں ہی ہوسکتا ہے، اس مرحلے سے گذرنے کے بعد اس نوع کے

شدید جذباتی تجربے کا امکان بتدریج کم اور اس نوع کے حادثے کا امکان خارج از بحث ہوتا جاتا ہے۔

چہارم یہ کہ صاحب گلشن بے خار نواب محمد مصطفیٰ خاں شیفتہ ۱۸۰۹ء میں پیدا ہوئے اور ۱۸۶۹ء/ ۱۲۸۵ھ میں ان کا انتقال ہوا، میر سوز کی وفات (۱۲۱۳ھ/ ۹۹-۱۷۹۸ء) اور شیفتہ کی پیدائش ۱۸۰۹ء/ ۲۴-۱۲۲۳ھ) میں محض گیارہ برس کا زمانی فاصلہ ہے اور اس کم زمانی فاصلے کے باعث سوز کے معاصرین سے شیفتہ کی براہِ راست ملاقات کا امکان رد نہیں کیا جا سکتا اور یہ کہ میر مہدی کی وفات اور اس کے پس منظر کا بیان شیفتہ نے جس اسلوب میں کیا ہے اس سے شیفتہ تک براہ راست روایت پہنچنے کا گمان ہوتا ہے۔

ان دلائل کی روشنی میں ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ وفات کے وقت میر مہدی کی عمر سے متعلق مذکورہ بالا اعتراض اپنے اندر کوئی وزن نہیں رکھتا اور یہ کہ ہمیں اس بارے میں شیفتہ کے بیان کو ہی درست تسلیم کرنا چاہیے تاوقتیکہ کوئی اس سے زیادہ ٹھوس شہادت سامنے آجائے۔ یہ معلوم ہو جانے کے بعد کہ میر مہدی کا انتقال ۱۲۰۴ھ/ ۹۰-۱۷۸۹ء میں ہوا اور اس وقت ان کی عمر بیس برس تھی، ہم بآسانی ان کے سنہ ولادت تک پہنچ سکتے ہیں جو تقریباً ۱۱۸۴ھ/ ۷۱-۱۷۷۰ء بنتا ہے۔

(۱۲۰۴ھ - ۲۰ = ۱۱۸۴ھ)

میر مہدی کی صورت اور سیرت کے باب میں مختلف تذکرہ نگاروں کے ہاں جو ملتے جلتے بیانات پائے جاتے ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ وہ ایک خوبصورت اور خوش طبع نوجوان تھے۔ ان کے سنجیدہ اوضاع اور سعادت اطوار ہونے کا بھی پتہ چلتا ہے۔ تذکرۂ عشقی کے مطابق:

> "جوانی سنجیدہ اوضاع و سعادت اطوار است و قدم بر جادۂ سعادت مندی و نیک نہادی گذاشتہ با طاعت رضا جوی بزرگان اوقات خود بسری برد۔"[۱۳]

میر مہدی ایک نغز گو شاعر تھے، ان کے ہاں شعر گوئی کے لیے تحریک خواہ اس عہد کا مجموعی سماجی ماحول بنا ہو یا ان کے والد کی شعر گوئی۔ اس سے قطع نظر، ان کے دستیاب کلام پر نظر ڈالنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ ان کے ہاں شعر گوئی کا بنیادی جوہر موجود تھا اگرچہ انھوں نے کم کہا اور جو کچھ کہا وہ بھی بہت ہی کم محفوظ رہ سکا، تاہم ان کے اشعار سے ایک کامیاب غزل گو کا رنگ جھلکتا پڑتا ہے۔ میر مہدی اپنے

اشعار میں میر سوز کی اثر پذیری سے آزاد نہیں لیکن کلیتاً گرفتار بھی نہیں ہیں۔ ان کے ہاں مجلسی نوعیت کے اشعار کے ساتھ ایک گہری داخلی رو کے حامل اشعار بھی موجود ہیں۔ (اس تحریر کے آخر میں میر مہدی کا نمونۂ کلام درج کیا جا رہا ہے)۔

انھوں نے شعر گوئی میں اپنے والد کا تلمذ اختیار کیا چنانچہ مرزا علی لطف نے ان کا "شاگردِ والد ماجد خویش"[۱۴] اور ناصر نے "خلف اور شاگرد میر سوز" ہونا ذکر کیا ہے۔[۱۵]

میر مہدی کا پورا نام سید محمد میر مہدی تھا لیکن ان کے تخلص کی بابت تذکرہ نگاروں کے ہاں اختلاف پایا جاتا ہے۔ مثلاً تذکرۂ عشقی اور گلشنِ ہند میں ان کا آہ تخلص سے متخلص ہونا مذکور ہے[۱۶] جبکہ صاحبِ آبِ حیات[۱۷] اور صاحب خم خانۂ جاوید[۱۸] نے ان کا تخلص داغ بتایا ہے۔

اس اختلاف سے یہ تو واضح ہو جاتا ہے کہ میر مہدی نے ایک تخلص اختیار کرنے کے بعد اپنے والد ماجد کی "سنت" کے مطابق زندگی کے کسی مرحلے میں اسے تبدیل کر کے دوسرا تخلص اختیار کیا لیکن اس اختلاف میں تقدیم و تاخیر کے تعین کے لیے ہمیں تذکروں کے زمانہ تحریر سے مدد لینا ہو گی۔

۱۔ گلشنِ ہند کی عبارت سراسر علی ابراہیم خاں کے گلزار ابراہیم پر استوار ہے[۱۹] اور علی ابراہیم خاں نے جب گلزار ابراہیم تالیف کیا اس وقت میر سوز حیات تھے اور انھوں نے علی ابراہیم خاں کی فرمائش پر اپنے منتخب اشعار کے ساتھ، خود سے متعلق ایک تعارفی شذرہ بھی لکھ کر بھیجا، جو گلزار ابراہیم میں خود سوز کے الفاظ میں درج ہے[۲۰] اور گلشن ہند میں بھی نقل ہوا ہے، اس واقعہ سے ہم اس وقت میر مہدی کا حیات ہونا بھی قیاس کرتے ہیں، جس کی تائید ہماری اگلی دلیل کر رہی ہے۔

۲۔ جرأت نے اپنے قطعہ تاریخ وفات میر مہدی میں کہا ہے:

سید مہدی کا ہے ہے داغ ہے

اس رعایتِ لفظی سے پتہ چلتا ہے کہ میر مہدی نے جب انتقال کیا تو ان کا تخلص داغ تھا جب داغ تخلص وقت وفات تھا تو لازم ہے کہ آہ اس سے پہلے رہا ہوگا۔ اس کے بعد کے تذکرہ نگاروں کے ہاں ان کا محض داغ تخلص سے متخلص ہونا ہی مذکور ہے۔ اس منطقی سلسلہ استدلال کے ساتھ محض تسلیم کر لینے کے لیے تو مصحفی کا بیان بھی کافی ہے جس نے واضح طور پر لکھا ہے کہ: "میر مہدی داغ کہ پیش ازیں آہ تخلص می کرد"۔[۲۱]

اب ہم آتے ہیں میر مہدی داغ کی زندگی کے اس اہم ترین واقعے کی طرف جو ان کی موت پر
نتج ہوا، میر مہدی نے جس زمانے میں ہوش سنبھالا، اس عہد میں بازاری عورتوں کے ٹھکانے تہذیب
ے مراکز بن چکے تھے اور معاشرے میں ایسی خواتین سے ربط و تعلق رکھنا موجب عار خیال نہیں کیا جاتا تھا،
عورتیں بالعموم شعر و سخن کا مذاق رکھتی تھیں اور آداب مجلس و ملاقات سے خوب واقف ہوتی تھیں، طبقہ
عرا اور نوخیز نوجوانوں کو بالعموم اپنے دام ہمرنگ زمین میں گرفتار کر لیا کرتی تھی، بیشتر اوقات
ن کے دام میں آنے والے نوجوان تو اپنے تئیں ان کے ساتھ جذباتی تعلق استوار کر لیتے مگر ان کے
ں یہ تعلق محض ان کے کاروبار کا ایک مرحلہ ہوتا تھا نتیجتاً بعض حساس طبائع ، ان خواتین کی پیشہ ورانہ
ے رخی کو بے وفائی پر محمول کرتیں اور اپنے تئیں آتش ہجراں میں جلایا کرتیں، ایک بدقسمت قوم کے
رد کی حیثیت سے میر مہدی داغ بھی ایک ایسے ہی تجربے سے گزرے۔ مختلف تذکرہ نگاروں کے
یانات سے میر مہدی کے اس تجربے کے مختلف پہلو واضح ہوتے ہیں بعض (مثلاً لالہ سری رام) کا کہنا
ہے کہ بیس سال کی عمر میں ایک حسینہ پر عاشق ہوئے مگر وصل کی تدبیر نہ بن پڑی لیکن دوسری
روایت یہ ہے کہ ایک مدت اس کے ساتھ مشغول وصال رہے پھر اس نے تکلف و عنایت سے ہاتھ
اٹھا لیا تو یہ ہجر میں تڑپا کیے، اسیر محبت جب نذر بستر علالت ہو گیا تو اس حسینہ کو ملاقات کا پیغام بھیجا
گیا جسے اس نے وعدۂ فردا پر ٹال دیا اس کے اس جواب پر میر مہدی نے کہا:

از جان رمقی بود کہ مکتوب تو آمد
دیگر چہ نویسم، خبرم خوب گرفتی

اور یہی ان کی زندگی کی آخری ساعت ثابت ہوئی۔ ناصر نے یہ شعر نقل کرتے ہوئے لکھا ہے:

"معشوق بازاری پر عاشق اور ولولہ محبت صادق، ترک شہر و دیار
خوش آیا آخر آخریت فرقت نے بستر موت پر اس کو گرایا۔ رمقے جان باقی تھی کہ
خط اس معشوقۂ بے وفا کا آیا۔ یہ شعر اس کے جواب میں لکھ کر آپ قاصد عدم آباد ہوا۔"

یوں تو یہ واقعہ مختلف جزئی اختلافات کے ساتھ متعدد تذکروں میں ملتا ہے لیکن شیفتہ نے جس تفصیل کے
ساتھ اسے گلشن بے خار میں بیان کیا ہے، اس سے، واقعے کے بہت سے پہلو روشن ہو گئے ہیں:۔

"۱۸۶۔ داغ: تخلص، میر مہدی نام، فرزند میر سوز، جو انیت نیکو روی

وزیبا شمایل و باوجود دل ربائی بہ بی دلی مایل، تشبیہ گل با او بہ ہر دو معنی درست
است کہ ہم سینہ چاک است و ہم سینہ ہا بہ دریدن می دہد و مشابہت لالہ با وی
بہ ہر دو صورت موافق کہ ہم دلش داغ است و ہم داغ بر دلہای نہد۔ بالجملہ
در بیست سالگی عندلیب گل روی شدہ، یک چند بہ صد عشرت چون بلبل بہ فصل
گل بہ وصل آن نوبہار حسن بسر بردہ، آخر بہ دام ہجران آمدہ، بی طاقتی دل کار برو
تنگ کردہ، نزدیک بود کہ رشتۂ حیاتش بگسلد، یاران سعی در آزادی آن نوگرفتار
قفس فراق بجا آوردند و آن سرو ناز را تکلیف رفتار کردند۔ چون ہنگام جلوہ
نیامدہ بود، گل خود را نتوانست عرصہ (عرضہ؟) داد۔ اما پئ تسکین شورش دیوانہ
خویش مفرح مرکب از وعدہ زود آمدن فرستاد، عاشق ناشکیب گو ہمہ وعدۂ فردا
بود، وعدۂ فردای محشر دانستہ تاب انتظار نیاورد و بہ امید این کہ ازین کشمکش
رہائی یابد بند ہستی در گسلائید۔ آیا دانست کہ در گور از رنج ہجران می تواں رست،
حال آں کہ دل شدگان را کمال نہ چنین است و محتمل کہ صادق باشد۔ بہر حال
دم جان دادن این بیت بر عنوان مکتوبش نوشت۔ بیت ۱۱۲؎
فیلن و کریم الدین کے تذکرہ طبقات الشعرائے ہند میں اسی عبارت کو اردو صورت دیدی
گئی ہے ملاحظہ ہو :-

"داغ، یہ تخلص، میر مہدی نام، فرزند میر سوز کا ہے، یہ عجب ایک جوان
تھا، نیکو رو، زیبا شمایل باوجود دل رُبائی کے، بے دلی پر مائل۔ تشبیہ گل کی
اس کے ساتھ دو معنی سے درست ہے، یعنی خود بھی سینہ چاک اور سینہ واسطے
چاک کرنے کے بھی دیتا تھا اور مشابہت لالہ کی بھی اس کے ساتھ دونوں صورت
سے موافق، یعنی دل بھی اس کا داغ اور لوگوں کے دلوں پر بھی داغ رکھتا تھا۔حاصل
کلام بیس برس کی عمر میں ایک گل رو پر داغ کھایا، یعنی عاشق ہوا۔ ایک مدت عیش
وعشرت میں اس نوبہار حسن سے مشغول رہا۔ آخر کو دام ہجراں میں پھنسایا۔ بے
طاقتی نے اس کا کار تمام کیا، قریب تھا کہ مرجائے، یاروں نے بہت سعی کی، اس کی

جان بچانے کی، جہاں تک ہو سکا) کی اور اس کے معشوق کو تکلیف رفتار کی
دی، لیکن اس نے واسطے اپنے دیوانے کی تسلّی کے یہ لکھ بھیجا، کہ کل آؤں گا" یہ
اس عاشق بے چارہ نے جو کہ حالت جان کنی میں گویا تھا، اس نے جانا کہ کل
سے مراد روزِ قیامت ہے" اسی وقت مر گیا، اس کے خط پر یہ مرتے دم لکھ گیا۔ شعر[۵۸]
مصحفی نے بھی معلومات برنگِ دگر بیان کی ہیں:

"باوجود شاہدی قدم در راہ شاہد پرستی گذاشتہ بر زنی اہلِ شوق وافر
بود۔ غافل ازین کہ فراق این قوم فریبندہ اگر آدم بہ کشتن دید سر موی رحم بحالش
نہ کنند۔ قضای کار بعد از انقضای چندی مہاجرت در پیش آمد۔ خو کردۂ وصال
تاب جدائی نیاورده بر بستر بیماری افتاد۔ درین اثنا خطی از مطلوب رسید۔
ایام وفاتش قریب رسیده بودند کہ در خط جواب این شعر حسبِ حال خود نوشتہ
روان کرد و بعد از ان جان شیرین بہ جانان سپرد۔ شعر این است"[۵۹]

اس بحث سے قطع نظر کہ اس حسینہ بازاری کے وعدۂ فردا سے میر مہدی داغ کا فردائے قیامت مراد
لینا، ان کی کس ذہنی حالت کو ظاہر کرتا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ یہاں پہنچ کر میر مہدی کا جامِ زیست لبریز
ہو جاتا ہے۔ اِنّا لِلّٰہِ وَ اِنّا اِلَیہِ رَاجِعُون ۔

اب یہ سوال باقی ہے کہ کیا میر مہدی اپنے والد میر سوز کی اکلوتی اولاد تھے یا ان کے کسی
اور خواہر و برادر کا سراغ بھی ملتا ہے؟ میر مہدی کے علاوہ میر سوز کے ایک اور بیٹے سید قدرت
علی کا علم بھی ہم تک پہنچا ہے اور ان کا نام محفوظ رہ جانے کا باعث ان کا ملکہ شعری ہوا ہے جو فطرت
نے باپ اور بھائی کی طرح انھیں بھی ودیعت کیا تھا، سید قدرت علی کا ذکر طپاں تخلص کے ساتھ صرف
عبدالغفور خاں نساخ نے بدین الفاظ کیا ہے:

"طپاں۔ سید قدرت علی، دہلوی خلفِ میر سوز۔"

اس کے ساتھ نساخ نے طپاں کے دو شعر بھی درج کیے ہیں:

داغِ الفت سے جو فانوس نظر آتا ہے
مرغِ دل سینے میں طاؤس نظر آتا ہے

جان کھوئی ہو کے عاشقِ ابروئے خمدار کے
کشتیٔ عمر کے ڈوبی گھاٹ پر تلوار کے[۱۱]

نساخ نے سید قدرت علی طپاںؔ کے بیٹے سید علی حسن دہلوی متخلص بہ شرر سے بھی کلکتہ میں ۱۲۸۰ھ/۶۴-۱۸۶۳ء میں ملاقات کی تھی[۱۲] لیکن نساخ نے ہمیں اس ملاقات کی کسی تفصیل سے آگاہ نہیں کیا، قیاس کہتا ہے کہ میر مہدی لاولد راہیٔ ملکِ عدم ہوئے، البتہ جیسا کہ بیان ہوا طپاںؔ کے ہاں سلسلۂ نسل چلا نہ صرف سلسلہ نسب بلکہ علی حسن کا تخلص سلسلۂ سخن کے بھی جاری رہنے کا پتا دیتا ہے۔

معلوم ہوتا ہے کہ میر مہدی کی طرح طپاںؔ نے بھی میر سوزؔ کی زندگی میں ہی رحلت کی اور میر سوزؔ نے اخیر عمر کا زمانہ خوفناک تنہائی میں گزارا، ہمارے اس قیاس کی بنیاد میر سوزؔ کے اشعار پر قائم ہے، طپاںؔ کی، میر مہدی کے بعد اور میر سوز سے پہلے وفات کا اشارہ میر سوزؔ کے ان اشعار سے ملتا ہے:

میر مہدی تم گئے جنت کو آہ
پر پدر کے داغ دل پر دھر گئے
بھائی کو اپنے بلایا اپنے پاس
باپ کو پوچھا نہ تم کیدھر گئے

میر مہدی داغ کا کلام

میر مہدی کے اس سوانحی مطالعے کے اختتام پر ہم سید محمد میر مہدی داغؔ کے وہ اشعار درج کر رہے ہیں جو مختلف تذکروں میں موجود ہیں، ان اشعار کی بندش پتہ دیتی ہے کہ میر مہدی نے فن شعر میں اچھی ریاضت کر رکھی تھی لیکن افسوس کہ ان کا کلام آج ہمیں دستیاب نہیں، میر مہدی کے سوانح کی اس تحقیق کے بعد ممکن ہے بیشتر تحقیق کا کوئی فرد اس کی جوئے سخن بھی کھود نکالے۔

اسی کے پاس تھا دل کیا ہوا ہے ہم نشین دیکھو
اِدھر دیکھو اُدھر دیکھو یہیں دیکھو کہیں دیکھو
اسی کے پاس ہے رہ رہ کے یہ جو مسکراتا ہے
اسی کی جیب دیکھو ہاتھ دیکھو آستیں دیکھو

پکڑنا چور کا مشکل نہیں گر کچھ سمجھ ہووے
ہوائی رنگ دیکھو، ماہتابی سی جبیں دیکھو

یہ چاہ نہیں بھلی، بُری ہوتی ہے — جی لیتی ہے دوستی، بری ہوتی ہے
رُباعی: لگتا ہی نہیں ہے جی کہیں اس بن آہ — سچ کہتے ہیں یہ لگی، بری ہوتی ہے

از جان رمقی بود کہ مکتوب تو آمد
دیگر چہ نویسم خبرم خوب گرفتی

بس کر اے نالہ کہ ہمسایہ براماں گئے
جس سے سنتا ہوں یہی ہے کہ مرے کان گئے

آہ نکلے نہ دل سے آہ کہیں
ہو نہ جاوے جہاں سیاہ کہیں

حوالہ جات حواشی

۱۔ احمد علی خاں یکتا — دستورالفصاحت مرتبہ امتیاز علی خاں عرشی رام پور: ہندستان پریس ۱۹۴۳ء، ص ۵۲

۲۔ ناصر، سعادت خاں — خوش معرکۂ زیبا مرتبہ مشفق خواجہ لاہور: مجلس ترقی ادب ۱۹۷۰ء، ج اول، ص ۲۲۱۔

۳۔ بے جگر، خیراتی لال — تذکرہ بے جگر (مائیکرو فلم انڈیا آفس) مخزونہ پنجاب یونی ورسٹی لائبریری لاہور بحوالہ قومی زبان کراچی ج ۳، ش ۲، ص ۴۸

(مارچ ۱۹۶۷ء)۔

۴۔ مشرف علی انصاری	مقالہ "جرأت" در تاریخ ادبیات مسلمانان پاکستان و ہند لاہور: پنجاب یونی ورسٹی ۱۹۷۱ء، ج ہفتم اردو ادب دوم ص ۲۸۷، مدیر خصوصی سید وقار عظیم۔
۵۔ ناصر، سعادت خاں	محولہ بالا۔ جائے مذکور۔
۶۔ مصحفی، غلام ہمدانی	تذکرۃ الشعرا مرتبہ ڈاکٹر اکبر حیدری کاشمیری۔ لکھنو: محمدی پبلشرز ۱۹۸۸ء، ص ۱۲۷
۷۔ شیفتہ، محمد مصطفیٰ خاں	گلشن بے خار، مرتبہ کلب علی خاں فائق رام پوری، لاہور: مجلس ترقی ادب ۱۹۷۳ء۔ ص ۱۶۵
۸۔ فیلن و کریم الدین	تذکرہ طبقات شعرائے ہند۔ تاریخ اردو شاعروں کی۔ ص ۱۶۹، س۔ن۔
۹۔ لالہ سری رام	خم خانۂ جاوید جلد چہارم (لکھنؤ: نول کشور پریس) ۱۳۲۵ھ/ ۱۹۰۷-۸ء، ص ۲۷۷۔
۱۰۔ فائق رام پوری	"میر سوز" مقالہ در اورینٹل کالج میگزین عدد مسلسل ۱۵۰۔ لاہور اورینٹل کالج پنجاب یونی ورسٹی، ج ۳۸۔ اگست ۱۹۶۲ء۔ زیر ادارت ڈاکٹر سید عبداللہ، ص ۷۰۔
۱۱۔ ناصر سعادت خاں	محولہ بالا۔ جائے مذکور۔
۱۲۔ مہشید مشیری ڈاکٹر	فرہنگ زبان فارسی الفبائی قیاسی تہران: انتشارات صدا و سیمای جمہوری اسلامی ایران (سروش) ۱۳۶۹، ص ۱۱۸۔

اس بحث کو طول دیا جائے تو پلیٹس کا حوالہ بھی دیا جاسکتا ہے جس نے جوان کے لیے سولہ سے سترہ سال تک کے سن کا تعین کیا ہے، ملاحظہ ہو:

Plates, J. T : A Dictionary of Urdu Classical Hindi & English

London : Cross by Lockwood & Sons, 1911, p.1252.

۱۳۔ عشقی، محمد وجیہ الدین — تذکرۂ عشقی مشمولہ دو تذکرے
مرتبہ کلیم الدین احمد، ص ۵۳۔
عشقی نے میر مہدی ابن میر محمد متخلص بہ معزز بتایا ہے جو صراحتاً غلط ہے، احوال اور اشعار بتا دیتے ہیں کہ یہ میر مہدی ہی کا ترجمہ ہے لیکن والد کا نام درج کرنے میں مصنف سے سہو ہوا ہے۔ کتاب پر مطبع کا نام اور سنہ اشاعت درج نہیں لیکن ایک دوسرے ماخذ سے اس کا سنہ اشاعت ۱۹۵۱ء اور مطبع کا نام لیتھو پریس رمنہ روڈ پٹنہ معلوم ہوتا ہے۔)

۱۴۔ لطف، مرزا علی — گلشنِ ہند۔ لاہور : رفاہِ عام پریس ۱۹۰۶ء، ص ۶۲

۱۵۔ ناصر، سعادت خاں — محولہ بالا۔ جائے مذکور

۱۶۔ لطف، مرزا علی — گلشنِ ہند۔ محولہ بالا و تذکرۂ عشقی ص ۶۳ محولہ بالا۔

۱۷۔ آزاد، محمد حسین — آبِ حیات۔ لاہور: شیخ غلام علی اینڈ سنز ۱۹۵۷ء، ص ۱۹۴

۱۸۔ لالہ سری رام — محولہ بالا ص ۲۷۶

۱۹۔ گلشن ہند کی صورت گری کا سفر کن کن مرحلوں سے گزرا ہے اس کا اندازہ لگانے کے لیے اس تذکرے کی ۱۹۰۶ء کی اشاعت کے سرورق کی عبارت کو ملاحظہ کر لینا کافی ہے جو خالی از دلچسپی نہیں؛
گلشنِ ہند۔ مشہور شعرائے اردو کا ایک تذکرہ جس کو میرزا علی متخلص بہ لطف نے بعہد مارکوئس آف ویلزلی گورنر جنرل ہند، اردو کے مشہور سرپرست مسٹر جان گل کرسٹ کی فرمائش سے علی ابراہیم خاں کے فارسی تذکرۂ گلزارِ ابراہیم سے مع اضافوں کے اردو زبان میں، جو آج سے ایک سو پانچ برس پیشتر کی سادہ اردو نثر کا ایک عمدہ نمونہ ہے۔ ۱۸۰۱ء میں تصنیف کیا اور ۱۹۰۶ء میں شمس العلماء مولوی شبلی کی تصحیح و تحشیہ اور مولوی عبدالحق صاحب بی۔اے کے ایک عالمانہ مقدمہ کے ساتھ اردو زبان کی خدمت کے لیے عبداللہ خاں نے حیدر آباد دکن سے شائع کیا اور دارالاشاعت پنجاب کے رفاہِ عام اسٹیم پریس لاہور میں چھپا (جملہ حقوق بذریعہ رجسٹری محفوظ ہیں)۔

۲۰۔ میر سوز کی مذکورہ نثر کا نمونہ درج ذیل ہے:
"میر سوز شخصی ست کہ ہیچ کس را از و ملاقاتی جز سکوت و اکراہ حاصل نشود۔

این نیز از قدرت کمال الہی ست کہ ہر یکی بلکہ خار و خسی نیست کہ بکار چند بیاید۔ پس اگر منکری سوال کند کہ ناکارہ محض نیفتادہ است [جواب (اضافہ از رے میم مین)]؟ انیست کہ نامش سوختنی ست ۱۲ سطر۔۔۲ شعر (۱۶۲ ا) گلشن ہند۔ محولہ بالا، ص ۱۵۱)۔

۲۱۔ مصحفی، غلام ہمدانی — محولہ بالا۔ ص ۲۷۔ ۱۲۸

۲۲۔ اس شعر کا مصرعۂ ثانی: شیفتہ، مصحفی اور ناصر نے "دیگر چہ نویسم خبرم خوب گرفتی" لکھا جبکہ لالہ سری رام نے "دیگر کہ نویسم۔۔۔ الخ درج کیا ہے۔

۲۳۔ ناصر، سعادت خاں — محولہ بالا۔ جائے مذکور

۲۴۔ شیفتہ، محمد مصطفیٰ خاں — محولہ بالا۔ ص ۱۶۵۔ ۱۶۶

۲۵۔ فیلن و کریم الدین — محولہ بالا۔ ص ۱۶۹

۲۶۔ مصحفی، غلام ہمدانی — محولہ بالا۔ جائے مذکور

۲۷۔ نساخ، عبدالعزیز خاں — سخن شعرا۔ لکھنؤ: اتر پردیش اردو اکادمی ۱۹۸۲ء، ص ۳۰۲۔

۲۸۔ عبدالودود، قاضی — آنناد اور آب حیات در نیا دور لکھنؤ اگست ۱۹۶۲ء، ص ۳۸۔

●●

ڈاکٹر عبدالمنان

شمس کلکتوی حیات و فن

شمس کلکتوی کا پورا نام ابوالقاسم محمد اور تخلص شمس تھا۔ باپ نے تاریخی نام مظہر الحق رکھا تھا۔ لیکن شمس کلکتوی کے نام سے اردو دنیا میں مشہور ہوئے۔ بنگال کے کئی محققوں نے مذکورہ حقیقت کا اعتراف کیا ہے۔ وفا راشدی "بنگال میں اردو" کے صفحہ نمبر ۱۵۱ پر لکھتے ہیں :

"نام ابوالقاسم محمد۔ تاریخی نام مظہر الحق۔ یہ تاریخی نام حسب ذیل قطعہ تاریخ سے نکلتا ہے جو ان کے والد بزرگوار عبدالغفور خاں بہادر نساخ کی فکر کا ثمرہ ہے ؎

زاد فرزندم و زدیدارش — شد دلم شاد و چشم من روشن
نام تاریخش کہ می جستم — مظہر الحق بگفت عقل بہ من
۱۲۴۴ھ

شمس کلکتوی کے شاگرد رشید طوطی بنگالہ حضرت رضا علی وحشت نے دیوان شمس کے دیباچہ میں لکھا ہے۔" اسم گرامی ابوالقاسم محمد تھا۔ تاریخی نام مظہر الحق تھا جس سے دریافت ہوا کہ ان کی

پیدائش ۱۲۸۴ھ میں ہوئی۔ یہ تاریخی نام تھا جس کا اندازہ مذکورہ بالا قطعہ سے ہوتا ہے۔

شمسؔ کلکتوی بھاگلپور کے بانکے نامی مقام میں پیدا ہوئے جہاں ان کے والد محترم نساخؔ تقریباً پانچ سال تک ڈپٹی مجسٹریٹ کے عہدے پر فائز رہے۔ بقول سید عبدالطیف، شمسؔ کلکتوی کا آبائی وطن فرید پور (بنگلہ دیس) تھا لیکن تمام عمر کلکتہ میں بسر کی اور اسی بنا پر شمسؔ کلکتوی کہلائے۔

شمسؔ کے والد محترم عبدالغفور نساخؔ ڈپٹی کلکٹر بنگال کے مشہور شاعروں میں شمار کیے جاتے تھے ان کے بڑے بھائی نواب عبداللطیف رئیس کلکتہ بھی ڈپٹی کلکٹر کے عہدہ پر فائز تھے۔ ان کی علمی اور ادبی دوستی مشہور تھی Glimpses of Bengal میں نواب موصوف کی علم دوستی کے ساتھ یہ مذکور ہے کہ انھوں نے تالتلہ بازار اسٹریٹ کلکتہ ۱۶ میں ایک انجمن کی بنیاد ڈالی تھی جہاں علماء شعرا اور ادبا کا جمگھٹا رہتا تھا۔ نساخؔ ان کے سگے چھوٹے بھائی تھے جن کے تبحر علمی کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ اس نے اردو دیوان کے علاوہ کئی ایسی کتابیں لکھیں جنکی ادبی افادیت و اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ نساخؔ کی تصانیف کی تعداد ۷ اسے بھی زائد بتائی جاتی ہے جن میں سخن شعرا۔ دفتر بے مثال اشعار نساخؔ، ارمغان، سوانح عمری نساخؔ کو بطور خاص اہمیت حاصل ہے۔

شمسؔ کلکتوی غالباً کوئی بڑی سند نہیں رکھتے تھے۔ تعلیم و تربیت گھر پر ہوئی تھی۔ علمی ماحول ہونے کی وجہ سے مختلف علوم سیکھنے کا موقع ملا بالخصوص شعر و سخن کی طرف خصوصی توجہ صرف کی شاعری کا ملکہ روز ازل سے ودیعت تھا مستزاد یہ کہ گھریلو ماحول نے میلان طبع کو فروغ دینے میں بڑی مدد کی چنانچہ شمسؔ کلکتوی ایک پختہ اور باکمال شاعر ہوئے۔ ان کی پختہ کلامی اور فن پر استادانہ گرفت کا نتیجہ ہے کہ وحشتؔ کی نگاہ نے انھیں اپنی استادی کے لیے انتخاب کیا۔ شمسؔ کلکتوی کی فارسی معلومات اچھی تھیں۔ استادانہ رنگ میں قصیدہ کہتے تھے۔ بقول وحشتؔ انگریزی معلومات اچھی تھی، اور انگریزی بڑی روانی سے بولتے تھے۔

شمسؔ کلکتوی نے اپنے والد بزرگوار کے چہیتے شاگرد عصمت اللہ انسخؔ کے سامنے زانوے تلمذ تہہ کیا۔ لیکن اپنی مخصوص طبیعت کی وجہ سے بہت دنوں تک انسخؔ کی شاگردی کے حلقہ میں نہیں رہ سکے اور داغؔ دہلوی سے شرف تلمذ حاصل کیا۔ وحشتؔ کلکتوی دیوان شمسؔ مرتب کرتے ہوئے رقمطراز ہیں۔

"پہلے مولوی عصمت اللہ انسخ سے جو نساخ مرحوم کے شاگرد رشید تھے اصلاح لی پھر داغ دہلوی سے تلمذ حاصل کیا اور داغ کے رنگ کو طبیعت کے مناسب پایا چنانچہ اسی کو اختیار کیا:
باپ کی کڑی نگرانی کے باعث بیٹے میں اتنی جرأت نہیں ہوئی کہ اپنے شاعر باپ کے سامنے شعر گوئی کا راز ظاہر کرتے۔ لہٰذا شروع میں اپنے والد سے نگاہ بچا بچا کر انسخ سے اصلاح لیا کرتے تھے۔ جب ذہنی شعور بیدار ہوا تو داغ سے شرف تلمذ حاصل کیا۔

'بنگال میں اردو' کے مؤلف کا خیال ہے بغور طلب ہے کہ نساخ کی علم دوستی اور ادب پروری اپنے زمانے میں بہت مشہور تھی ان کا گھر گہوارۂ علم وادب تھا۔ عام شرفا کی طرح نساخ کے یہاں بھی علم وادب کی محفلیں آراستہ ہوتی تھیں۔ ظاہر ہے کہ اسکا اثر شمس نے بچپن ہی سے حاصل کیا ہوگا۔ اور ہزار احترام واحتراز کے بعد بھی ادبی محفلوں سے قریب رہے ہوں گے۔

شمس نے انسخ کی شاگردی اختیار کی تھی۔ عصمت اللہ انسخ اپنے عہد کے مشہور استاد شاعر تھے۔ نساخ کی استادی نے ان کے فن میں پختگی اور فکر میں وسعت پیدا کر دی تھی۔ ظاہر ہے شمس کو اپنے استاد سے وہ جوہر ملا تھا جو دوسرے واسطوں سے نساخ کی استادی سے جا ملتا ہے۔ لیکن اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اس عہد میں داغ دہلوی کی دھوم مچی ہوئی تھی اور ہندستان کے بیشتر شعرا داغ سے اصلاح لینا باعث فخر تصور کرتے تھے۔ چنانچہ شمس کلکتوی نے بھی داغ کی طرف توجہ مبذول کی علاوہ ازیں میلان طبع انسخ کے مقابلے میں داغ سے زیادہ قریب تھا جہاں جلا بخشنے کے زیادہ مواقع تھے۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ شمس داغ کے حلقۂ شاگردی میں زیادہ دنوں تک نہیں رہ سکے کہ داغ نے اس بات کا اعتراف کیا کہ شمس کا کلام اصلاح سے یکسر مستغنی ہے۔ داغ نے ایک خط میں شمس کلکتوی کو لکھا تھا "تم اچھے تمہاری بات اچھی تمہاری زبان اچھی"۔

ایک دفعہ شمس نے داغ دہلوی کے پاس ایک غزل بغرض اصلاح بھیجی تو داغ دہلوی نے بے حد تعریف کی اور کہا کہ داغ اس سے بہتر نہیں کہہ سکتا۔ شمس کو اس سے بڑھ کر شاعری کی سند نہیں مل سکتی تھی۔ شمس کے رنگ تغزل میں پختگی اور بالیدگی جہاں ایک طرف انسخ کی استادی کی دین ہے وہاں داغ دہلوی کی اصلاح کا نتیجہ بھی ہے یہی وجہ ہے کہ ان کے کلام میں کسی قسم کا جھول نظر نہیں آتا۔

شمس کلکتوی طبعاً اپنے والد بزرگوار کے برعکس تھے۔ وہ جدید طرز خیال کے آدمی تھے۔ انگریزی لباس میں اکثر ملبوس رہتے تھے۔ متناسب اعضا اور جامہ زیب آدمی تھے۔ مزاج رندانہ تھا۔ آزاد منش واقع ہوئے تھے لیکن فقرا اور اہل اللہ کی اکثر خدمت کیا کرتے تھے۔ شمس کلکتوی کی شرافت، وضع داری اور فیاضی کا بیشتر محققوں نے اعتراف کیا ہے۔ جب مشاعروں میں شریک ہوتے تھے تو داد دینے میں بخل سے کام نہیں لیتے تھے۔

شمس کلکتوی ایک قادر الکلام شاعر تھے۔ کلکتہ میں ان کی دھوم مچی ہوئی تھی۔ مشاعروں کی رونق تھے ان کی روز افزوں مقبولیت کی وجہ سے ان کے شاگردوں کا حلقہ وسیع ہوتا گیا۔ جن شاعروں نے شمس کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا ان میں حبیب النبی صولت، اکمل حسین اکمل، خان بہادر رضا علی وحشت، محمد یوسف رنجور، منشی عبد الکریم نشتر چھپروی وغیرہ قابل ذکر ہیں۔

شمس نے مجرد زندگی گزاری تھی۔ ان کی شادی اور اولاد کا ذکر کسی تذکرہ نگار نے نہیں کیا الا سریرام جو شمس کے گہرے دوستوں میں تھے اپنی مجرد زندگی کا اعتراف کیا ہے۔ افسوس ہے کہ شمس کی زندگی نے وفا نہ کی اور ۴۴ برس کی عمر میں ۱۹۰۵ء میں اس دار فانی سے کوچ کر گئے۔ رنجور۔ نشتر اور وحشت نے وفات کی تاریخ لکھی۔

شمس کلکتوی ۱۹ویں صدی کے نصف آخر کی یادگار تھے۔ انھوں نے بیشتر زندگی کلکتہ میں بسر کی اس دور میں کلکتہ شعر و سخن کا اہم مرکز تھا۔ فورٹ ولیم کالج کے منشیوں اور دیگر شعرا نے جو روایت قائم کی تھی اس میں روز افزوں اضافہ ہوتا گیا تھا۔ شمس کی شخصیت ادبی معمار کی تھی اور انھوں نے کلکتہ کی ادبی رونق میں اضافہ کیا تھا۔ اگرچہ شمس کی شاعری فکری جہتوں اور وسعتوں کا اعلیٰ نمونہ نہیں ہے تاہم ان کی استادی اور فنکاری سے انحراف نہیں کیا جا سکتا۔

شمس نے ریاضت اور خصوصی دلچسپی کی وجہ سے فن میں ایسی ندرت اور جدت پیدا کی تھی کہ ان کے ہم عصروں نے ان کی عظمت کا اعتراف کیا ہے۔ کلاسیکی شاعری کی جو روایت بنگال میں قائم تھی شمس اس کے روح رواں تھے۔

دیوان شمس ، ان کے رشید شاگرد علامہ وحشت نے اکتوبر ۱۹۲۰ء میں مرتب کی تھی۔ اس میں وہی کلام موجود ہیں جو وحشت کو ہاتھ لگے تھے۔ دیوان کی اشاعت میں آصف بنارسی کا مالی

تعاون رہا ہے۔ دیوان کا ایک نسخہ ایشیاٹک سوسائٹی کلکتہ اور ایک نسخہ نیشنل لائبریری کی ملکیت ہے۔ بادامی کاغذ پر بڑی تقطیع کے ایک سو چار (۱۰۴) صفحات پر یہ دیوان پھیلا ہوا ہے۔ دیوان کے شروع میں وحشت کا لکھا ہوا ساڑھے تین صفحوں پر مشتمل ایک مربوط مقدمہ ہے اس کے علاوہ ۸۰ صفحات میں غزلیات ہیں جن کی تعداد ۱۹۶ ہے۔ تمام غزلوں میں ۱۴۹۲ اشعار ہیں۔ ۲۱ صفحات پر مشتمل رباعیات، مسدس، ساقی نامہ، قطعات، تاریخ اور سہرے ہیں شمس کا ایک نایاب غیر مطبوعہ دیوان ہے جو اتفاق سے ایشیاٹک سوسائٹی کلکتہ کی ملکیت ہے۔ اس دیوان کو فارسی کی فہرست میں شامل کر دیا گیا ہے۔ یہ دیوان غزلوں، سلام، منقبت اور قطعوں پر مشتمل ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ دونوں دواوین ایک ساتھ مرتب کیے جائیں۔

شمس کی غزلوں میں فن کی پختگی فکر کی پروازی علوئے تخیل، زبان کی سادگی اور ادا میں ایک خاص ندرت پائی جاتی ہے۔ انھوں نے رکیک اور مبتذل خیالات سے یکسر پرہیز کیا ہے۔ ہاں فکر کی وہ گہرائی نہیں ہے جو اصغر گونڈوی، یاس یگانہ چنگیزی کی دین ہے۔ وہ تخیل کی جولانیاں مختلف انداز سے دکھاتے ہیں۔ ان کے یہاں محبوب کی ادا پر مٹنے کا جذبہ ملتا ہے۔ وہ جیتی جاگتی ایسی متحرک تصویر کھینچتے ہیں جو مختلف النوع جذبات و کیفیات سے مملو نظر آتی ہے۔ شمس کی شاعری کیف و اثر کا وہ خزانہ ہے جسمیں محبت کی نیرنگیاں بھی ہیں اور گردش فلک کے نقوش بھی دل کی لگی بھی ہے اور دل لگی بھی۔ بے خودی کے ساتھ ہشیاری بھی۔ چند اشعار ملاحظہ ہوں ؎

وہ دل کے خریدار ہیں ہم وصل کے طالب
اس بحث و تکرار میں ہوتا نہیں سودا

ہم نہ کہتے تھے وہ شوخ بگڑ جائے گا
دست گستاخ کو اے شمس بڑھانا نہ تھا

جھینپ جانا ہائے اس کمسن کا ذکر وصل پر
اور پھر منہ پھیر کر کہنا کہ ہاں ہو جائے گا

شمس کے مجرد ہونے کے ذکر کے باوجود ان کے کلام سے یہ مترشح ہوتا ہے کہ انہوں نے کسی پریؑ کو دل دیا تھا۔ کسی کی توبہ شکن اداؤں پر دل نثار کیا تھا۔ یہ اشعار برائے شعر گفتن نہیں بلکہ حقیقت سے پُر ہیں ؎

جھینپ جانا ہائے اس کمسن کا ذکر وصل پر
اور پھر منہ پھیر کر کہنا کہ ہاں ہو جائے گا

آجکل رہتا ہے پہلو میں مرے اک رشک حور
جیتے جی اے شمس مجھ کو ہو گئی جنت نصیب

مرغ دل زلف مسلسل میں پھنسا ہو نہ کہیں ۔۔۔ دیکھ تو کون یہ صیاد تہہ دام آیا
واں سے خط وصل کے مضمون کا میرے نام آیا ۔۔۔ رخصت اے رنج مجھے عیش کا پیغام آیا
تو ہوا اپنا تو بیگانہ جہاں ہو جائے گا ۔۔۔ دوست دشمن مہرباں نا مہرباں ہو جائے گا

مندرجہ ذیل اشعار میں برجستگی اور روانی دیکھئے ؎

ہم تو مضمون رقم کرتے ہیں سیدھا سیدھا ۔۔۔ اور لکھ بھیجتے ہیں خط میں وہ الٹا سیدھا
عرض مطلب کو سنا اس نے تو جھلا کے کہا ۔۔۔ دور ہو دور ہوئے گھر کا تو رستہ سیدھا
نماز کیسی کہاں کا تقویٰ ابھی فرلیں وہ بھول جائیں ۔۔۔ پلا دو دو قطرے انکو، تماشہ پھر دیکھو شیخ جی کا

شمس کی زبان سادہ ہے لیکن سپاٹ نہیں۔ ان کی سادگی میں پرکاری اور ندرت ہے اور شعور زبان کی وہ علامت ہے جو زبان کے تخلیقی استعمال کا پتہ دیتی ہے۔ فن کے اچھے تصور میں صرف زبان کی قدرت ہی نہیں اس کا مناسب استعمال بھی شامل ہوتا ہے۔ شمس کے زمانے میں اُردو شاعری کی روایت اتنی گہری اور مضبوط تھی کہ اس کا رشتہ دھرتی سے گہرا ہو چکا تھا۔ اور حسن و عشق کے اظہار میں فارسی روایت کی تقلید کے علاوہ ایسے تجربے بھی عام ہو گئے تھے جو خالصتاً ہندستانی مزاج سے ہم آہنگ تھے۔ جو الفاظ فارسی سے لیے گئے تھے وہ اردو سے کثرت استعمال کی وجہ سے اتنے قریب ہو چکے تھے کہ ان کا ٹکسال باہر کرنا ممکن نہ تھا۔ علاوہ ازیں مانوس جلووں کا طلسم دکھانا کوئی آسان کام نہیں تھا۔ شمس کو زبان پر گرفت ہی نہیں تھی بلکہ اس کے برمحل اور متناسب استعمال کا ملکہ بھی تھا۔ شمس غزل کے مزاج سے آشنا تھے اور جذبات کے تموج سے بھی۔ اس لیے جذبات کو الفاظ کی ناؤ کے سہارے کشاں کشاں لے جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے خیالات میں تنوع پیدا ہو جاتا ہے۔ وہ کسی ایک مضمون کو کئی طرز سے باندھتے ہیں ؎

کاغذ ہے یہ تو غیر کے خط کی رسید کا ۔۔۔ قاصد ہے ستم کوئی طرز جدید کا
خط لیکے وہ کل سے جو گیا ہے تو گیا ہے ۔۔۔ کیا جانئے غائب ہے کدھر نامہ بر اپنا
واں سے خط وصل کے مضمون کا مرے نام آیا ۔۔۔ رخصت اے رنج مجھے عیش کا پیغام آیا

شمس عشق کے لیے پر درد اور آنکھوں کا پر ارماں ہونا لازمی قرار دیتے ہیں کہ ان کا محبوب جور و جفا کا مالک ہونے کے باوجود بے حد حسین و جمیل ہے جس پر نظر التفات کرنا ضروری سمجھتے ہیں۔

عشق کے واسطے لازم ہے یہ ساماں ہونا — دل کا پر درد تو آنکھوں کا پر اساں ہونا
روز جانا مجھے اور روز خوشامد کرنا — روز درباں کا شرمندۂ احساں ہونا

شمس کی غزلیں سراپا تغزل میں ڈوبی ہوئی ہیں۔ یہاں محبوب کی ادائیں، جور و ستم، التفات و کرم ہے تو عاشق کی نیازمندی، وصل کی تمنا، محبوب سے لو لگانے کے کھیل اور ایسی گرمی ہے جو محبت کی تعمیر میں معاونت کرتی ہے ؎

یہ مزہ وہ ہے جس سے کبھی نیت نہ بھری — ہو اگر روز جزا سے بھی سوا وصل کی شب

غزل میں سوز و گداز اور والہانہ پن و دگی کی جس انداز سے ضرورت ہوتی ہے شمس اس سے پوری طرح واقف نظر آتے ہیں۔ انھوں نے حدیث کو رنگین اور پر فریب بتانے کے لیے اپنا خون جگر صرف کیا ہے۔ شمس کی شاعری خلش عشق کی ترجمان ہے لیکن ان کے یہاں بے زاری نہیں ہے بلکہ زندگی کرنے کا حوصلہ ہے یہی وجہ ہے کہ محبوب کے جور و جفا کے باوجود فرار اختیار نہیں کرتے بلکہ سوز عشق کا لحاظ اور حسن کا احترام کرتے ہیں۔ یہ احترام تقدس سے نہیں ٹکراتا بلکہ وصل کی لذت سے سرشار ہونے کی تمنا پائی جاتی ہے۔ شمس داغ دل کے سہارے اپنی ویران حسرتوں کو سجاتے ہیں۔ یہاں کبھی آہ بھی سنائی دیتی ہے اور کبھی واہ بھی۔ ؎

وصل کی شب بھی مصیبت میں بسر کی ہم نے — ہم کو رہ رہ کے خیال شب ہجراں آیا
آپ گر حکم دیں تو پیش کریں — حشر میں، ہیں بھی معاملہ دل کا
شمس ہیں نزع جو کہاں سے تڑپتا ہوں میں — ہنس کے بولے کہ ابھی اور تڑپنا ہوگا

احساسات و جذبات کی ترجمانی کے لیے لفظوں اور ترکیبوں کے وضع کرنے میں شمس کو خاص ملکہ حاصل ہے۔ ملکۂ سخن نے خیالات کے اظہار کے لیے مناسب اور بر محل الفاظ و تراکیب کا ایسا ملکہ پیدا کر دیا تھا جو بڑے شاعر ہونے کا ثبوت فراہم کرتا تھا۔ ان کا بیشتر کلام حسن معنی اور محاسن لفظی سے عاری نہیں ہے۔ لفظوں کے صوری و معنوی حقایق کا درک بڑی مشکلوں سے پیدا ہوتا ہے۔ وہ ادراک معانی کے لیے نیرنگ صورت سے آشنا نہیں۔ ان کے یہاں انداز بیان میں شوخی بھی ہے اور بے باکی بھی۔

ایسے بھاگے کہاں سے آتے ہو　　دیکھو عالم ذرا پسینوں کا
میں مرگیا تو بولے دکھایا نہ کیوں مجھے　　ایسا تو کچھ اسے مرض لادوا نہ تھا

شمس کی غزلوں میں مرتعش جذبات کا درد و کسک، دل کی لگی، وارفتہ مزاجی، شوخی و بے باکی کی جھلکیاں ملتی ہیں۔

شمس کی شاعری روایتی انداز لیے ہوئے ہے لیکن اس میں پختگی اور استادانہ رنگ ہے جو ان کی قادر الکلامی کا بین ثبوت ہے۔

پیشکش: پروفیسر اکبر رحمانی

لمعہ حیدرآبادی کے دیوان "تقدیر امم" پر سر عبدالقادر کا مقدمہ

لمعۃ حیدرآبادی نے اپنے اردو کلام کا ایک مجموعہ "تقدیر امم" کے نام سے ترتیب دیا تھا. مکاتیب اقبال بنام لمعۃ سے معلوم ہوتا ہے کہ لمعہ اپنا اردو اور فارسی کلام بغرض اصلاح علامہ اقبال کی خدمت میں روانہ کرتے تھے، علامہ لمعۃ کے کلام کو پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور گاھے بہ گاھے اصلاح سے بھی نوازتے تھے. وہ حیدرآباد میں نواب عزیزیار جنگ عزیزؔ سے بھی اصلاح لیا کرتے تھے. لمعۃ اپنے اردو کلام کو چھپوانا چاھتے تھے. جب "مخزن" کے ایڈیٹر سر عبدالقادر حیدرآباد آئے تو لمعۃ نے ان سے ملاقات کی اور 'تقدیرامم' پر مقدمہ لکھنے کی درخواست کی. یہ مقدمہ اردو ٹائپ میں ھے اور مرحوم کے کاغذات میں ملا ھے. (اکبر رحمانی)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ "تقدیر امم"

از

سر عبدالقادر (ممبر انڈیا کونسل لندن)

ڈاکٹر محمد عباس علی خان لمعہ دکن کے ایک پرانے خاندان کے چشم و چراغ ہیں۔ فیض قدرت نے انھیں ایک حسّاس دل عطا کیا ہے اور انھوں نے اس سے خوب کام لیا ہے۔ ڈاکٹر صاحب مشرقی علوم سے بھی بہرہ ور ہیں اور مغربی فنون سے بھی واقف ہیں، روزی کے لیے انھوں نے علم ابدان کو انتخاب کیا اور روحانی غذا کے لیے علم ادیان کو۔ اسلام سے انھیں سچی محبت ہے اور جناب رسالت مآب سے دلی ارادت۔ لمعہ صاحب محض ڈاکٹر یا ملا نہیں، ذوق سخن رکھتے ہیں اور اس میں منہمک رہتے ہیں۔ مناظر قدرت سے انھیں خاص دلچسپی ہے۔ دریا کا کنارہ انھیں بہت پسند ہے۔ انھوں نے بہت سی نظمیں کنار دریا کا نظارہ کرتے ہوئے لکھی ہیں۔

لمعہ صاحب فارسی اور اردو دونوں زبانوں میں شعر کہتے ہیں۔ ان کے فارسی کلام کا ایک مجموعہ زیر طبع ہے۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ مولانا عبداللہ عمادی صاحب جو لمعہ صاحب کے کلام کے قدردان ہیں، اس کا دیباچہ لکھ رہے ہیں۔ ان کے اردو کلام کے

مجموعہ کا تعارف ناظرین کتاب سے کرانا میرے ذمّے ہے۔ کیوں کہ پیامِ اقبال کی مزید اشاعت اس کتاب کا مقصود ہے۔

ڈاکٹر لمعہ صاحب نے کتاب کا نام "تقدیرِ امم" تجویز کیا ہے۔ یہ نام انھیں اقبال مرحوم کے ایک شعر سے سوجھا ہے۔ اور چونکہ وہ اقبال کے تلمیذ معنوی ہیں، جنھوں نے دور بیٹھے بیٹھے اپنے آپ کو ان کے رنگ میں اتنا رنگ دیا کہ وہ مرحوم کی طرز تحریر کا تتبع کرتے ہیں۔ اس لیے انھوں نے یہ سوچا کہ اقبال نے جو ہدایت اپنی قوم کے لیے چھوڑی اسے دہرائیں اور اسے بتائیں کہ جفاکشی اور مردانگی کے سبق نہ بھولے ورنہ اس کا وہی حال ہوگا جو بہت سی قوموں کا ہو چکا ہے جو پہلے قوت بازو سے ابھریں اور بعد ازاں عیش و عشرت میں پڑ گئیں۔ اور سب کچھ کھو بیٹھیں۔

اقبال نے قوموں کی تاریخ کا خلاصہ اس شعر کے دوسرے مصرعے میں لکھ دیا ہے ؎

آ تجھ کو بتاؤں میں تقدیرِ امم کیا ہے[1]
شمشیر و سناں اوّل طاؤس و رباب آخر

جب کوئی قوم ابھرتی ہے تو اس کے سردار کے ہاتھ میں تلوار اور نیزہ ہوتا ہے اور جب اس پر زوال آنے کو ہوتا ہے یا زوال آجاتا ہے تو وہ ہاتھ جو تلوار کی نوک سے دنیا کو فتح کرتے تھے اور سب پر غالب آتے تھے۔ طاؤس و رُباب لے کر گانا بجانا اختیار کر لیتے ہیں اور بزرگوں کی کمائی کھو بیٹھتے ہیں۔

لمعہ صاحب اقبال کے ان مقلدوں میں ہیں جو یہ محسوس کرتے ہیں کہ مسلمان شمشیر وسنان کی بدولت ابھرے تھے۔ اور طاؤس و رُباب میں کھو کر ڈوبے۔ اور اب انھیں پھر ابھارنے کا طریق یہی ہے کہ انھیں صاحب قوت و صاحب عمل بنایا جائے۔ اس لیے انھوں نے اس کتاب کا نام "تقدیرِ امم" رکھ کر مسلمانوں کو اپنی تاریخ کی طرف متوجہ کیا ہے اور انھیں اس راستے پر ڈالنے کی کوشش کی ہے جس پر چل کر وہ دوبارہ ترقی کر سکتے ہیں۔

اقبال کے کلام کو جو غیر معمولی ہر دلعزیزی حاصل ہوئی۔ اس کی مثالیں کم یاب ہیں۔ وہ اپنی ابتدائے عمر میں غالب کے رنگ میں لکھتے تھے۔ غالب نے جو پیشین گوئی اپنے

۱۔ مقدمہ میں 'تقدیر' کے بجائے لفظ 'تاریخ' لکھا ہے۔ یہ ٹائپ کی غلطی ہے۔

کلام کے متعلق کی تھی وہ اقبالؔ پر بھی صادق آئی۔ غالبؔ نے کہا تھا۔ ع

قدر شعر من بہ گیتی بعد من خواہد شدن

مگر دونوں میں ایک فرق رہا کہ اقبالؔ کا کلام اس کے جیتے جی بھی بہت مقبول ہوا اور اس کی وفات کے بعد تو در و دیوار اس کی قبولیت کی گواہی دینے لگے۔

ڈاکٹر عباس علی خاں صاحب لمعہؔ نے دکن میں اپنی شاعری کا چراغ اس چراغ سے جلایا ہے جو اقبالؔ نے شمالی ہند میں روشن کیا تھا۔ اس چراغ کا ذکر "بال جبریل" میں ان الفاظ میں کیا گیا ہے۔

ہوا ہے پر شور و تند لیکن چراغ اپنا جلا رہا ہے

وہ مرد درویش جس کو حق نے دیے ہیں انداز خسروانہ

پر شور و تند ہوا سے وہ پر انقلاب دور مراد ہے جس سے دنیا اس زمانے میں گزر رہی ہے، ایسے دور میں حقیقت کا روشن رکھنا دشوار تھا۔ مگر اقبالؔ نے اسے جلتا رکھا اور وہ اپنا کام سرانجام کر کے اس دنیا سے رخصت ہوا۔ اب اس کے تتبع کرنے والے شاعر چاہتے ہیں کہ وہ چراغ جلتا رہے اور اس سے دنیا میں اجالا رہے۔ جن شعرا نے پیام اقبالؔ کو پڑھا اور سمجھا اور اپنے اندر جذب کیا ان کی فہرست میں لمعہؔ صاحب فنا فی الاقبالؔ کا درجہ رکھتے ہیں۔ معلوم نہیں اپنا تخلص تجویز کرتے وقت ڈاکٹر عباس علی کے ذہن میں اقبالؔ کے دیے سے دیا جلانے کا مضمون تھا یا نہیں۔ اگر تھا تو یہ ایک معقول وجہ اس تخلص کے انتخاب کے حق میں ہو سکتی ہے۔ مگر لفظ 'لمعہ' کے روشن ہونے کے باوجود اس کی آواز میں کچھ ثقالت محسوس ہوتی ہے۔ اگر سوءِ ادب نہ ہو تو میں کہوں گا کہ ڈاکٹر صاحب کوئی آسان تر تخلص چنتے تو بہتر ہوتا۔ ڈاکٹر صاحب اپنے اشعار میں اسے کہیں 'لمعہ' باندھتے ہیں اور کہیں 'ہائے ہوز' کو گرا کر صرف 'لمع' بہ سکون عین۔ تخلص کے دو تلفظ ایک ہی مجموعہ میں ذرا کھٹکتے ہیں۔

اس زمانہ میں ہندوستان کے دو بڑے شاعر کو عالمگیر شہرت حاصل ہوئی، یعنی ٹیگورؔ اور اقبالؔ۔ یہ بیان کرنا خالی از دلچسپی نہ ہوگا کہ لمعہؔ صاحب کو ان دونوں باکمالوں سے

عقیدت اور محبت تھی اور دونوں سے خط و کتابت رہی۔ انھوں نے ایک مرتبہ یہ کوشش کی کہ ٹیگور لاہور جائیں تو اقبال کی اور ان کی ملاقات ہو مگر افسوس کہ یہ کوشش کامیاب نہ ہوئی۔ ٹیگور لاہور پہنچے اور اقبال سے ملنے گئے مگر اقبال موجود نہ تھے۔

لمعہ صاحب کے کلام پر ان دونوں باکمال شاعروں کا اثر نمایاں ہے۔ جن نظموں میں "ہمہ اوست" کے عقیدہ کا اظہار ہے وہ ٹیگور کے زیر اثر لکھی گئی ہیں۔ اور باقی سب میں اقبال کی نظموں کا چربہ اتارا گیا ہے۔ ایک نظم میں جس کا عنوان 'اقبال اور ٹیگور' ہے، لمعہ صاحب نے ملکِ سخن کے ان دونوں تاجداروں کی خدماتِ وطن کا اعتراف کیا ہے ؎

ٹیگور نے بنایا ہندوستاں کے دل کو اقبال نے جلایا ہندوستاں کے دل کو
اقبال دیکھتا ہے آئینہ ساز دل کو ٹیگور پوچھتا ہے پوشیدہ راز دل کو

اک گل ہے، اک ثمر ہے، اک شمس، اک قمر ہے
اک نور ہے مجسم اور اک خدا کا گھر ہے

میری ملاقات ڈاکٹر صاحب سے پہلی مرتبہ ۱۹۳۷ء میں ہوئی۔ جب میں اتفاق سے حیدر آباد گیا وار آٹھ دس دن بلدہ میں مقیم رہا۔ ایک دن لمعہ صاحب مجھ سے ملنے آئے اور انھوں نے سر محمد اقبال سے اپنی عقیدت کا ذکر کیا اور یہ بھی بتایا کہ وہ اپنے اشعار میں طرز اقبال کا تتبع کرتے ہیں۔ انھوں نے اپنے کلام کے کچھ حصے مجھے سنائے۔ چونکہ وہ سائنس کے بھی ماہر ہیں مجھے تعجب ہوا کہ انھوں نے سائنس کے مطالعہ اور ڈاکٹری کے فن کے ساتھ شوق شاعری کو کیسے نباہا، مگر شوق جب خلوص کے ساتھ ہو تو ہر مشکل پر غالب آسکتا ہے۔ لمعہ صاحب نے چلتے وقت کہا کہ وہ چاہتے ہیں کہ جب ان کے اردو کلام کا مجموعہ مرتب ہوگا تو وہ اس کا دیباچہ مجھ سے لکھوائیں گے۔ یہ چند سطور جو میں بطور تعارف لکھ رہا ہوں اس ملاقات کا نتیجہ ہیں۔ اس کے بعد میری اور لمعہ صاحب کی خط و کتابت بھی رہی اور دو مرتبہ پھر ملاقات بھی ہوئی۔

وہ خاندیس میں رہتے ہیں اور وہیں طبابت کرتے ہیں۔ مجھ سے ملنے کے لیے وہ دونوں مرتبہ خاندیس سے حیدر آباد تشریف لائے اور اردو کلام کے علاوہ انھوں نے اپنا فارسی کلام بھی مجھے سنایا۔ مصنف نے اپنی نظموں میں جابجا یہ دکھایا ہے کہ ان کے دل

ہیں اقبؔال کے کلام کی خاص عظمت ہے اور اس کے جذبات سے بے حد متاثر ہیں۔ مندرجہ ذیل اشعار ان کی ابتدائی عمر کے اثرات کا اظہار کرتے ہیں۔

بچپن سے مجھ کو بھایا اقبؔال کا ترانہ — تقدیر میں تھا میری جو ذوق شاعرانہ
اس عمر میں کہ جب تھا اسکول کا زمانہ — پڑھتا تھا کس مزے سے بلبل کا یہ فسانہ

"آتا ہے یاد مجھ کو گزرا ہوا زمانہ"
وہ جھاڑیاں چمن کی وہ میرا آشیانہ

خدا جانے کتنے بچے ہونگے جنھوں نے گزرے ہوئے زمانے کا یہ ترانہ مزے لے لے کر پڑھا ہوگا اور گایا ہوگا مگر عباس علی نے نوعمری میں اس سے اتنا گہرا اثر لیا کہ اقبؔال کی بعد کی فلسفیانہ نظمیں اور حکمت آموز غزلوں کے مطالب بھی اپنے الفاظ میں دہراتے اور پیام اقبؔال کی تبلیغ کے لیے وہ کام کیا جو مسجد میں مکبر کرتے ہیں۔ یعنی جس وقت جماعت بہت بڑی ہوتی ہے اور امام کی آواز آسانی سے آخری صفوں تک نہیں پہنچ سکتی تو درمیانی صفوں کے کچھ لوگ یہ خدمت اپنے ذمہ لیتے ہیں کہ امام جب "اللہ اکبر" کہے اور رکوع یا سجود میں جائے تو وہ بھی "اللہ اکبر" پکاریں تاکہ آخری صفوں والے بھی رکوع و سجود میں شریک ہوں۔ لمعؔہ صاحب اپنے اس فریضے کی طرف اس نظم میں جس کا ایک اقتباس اوپر درج ہے یوں اشارہ کرتے ہیں۔

جو کچھ لکھا ہے میں نے، اقبؔال نے لکھا ہے
جو کچھ کہا ہے میں نے، اقبؔال سے سنا ہے

اقبؔال کے مشہور ترانہ ملی کی طرز پر لمعؔہ صاحب نے بھی ایک ترانہ ملی لکھا ہے۔ جس کے یہ اشعار ان کے دردِ دل کی فریاد ہیں۔

کہنے کے واسطے ہے وردِ زبان یہ مصرع — مسلم ہیں ہم، وطن ہے سارا جہاں ہمارا
لیکن حقیقتاً ہم سب ہیں غلام ان کے — جو مانتے تھے پہلے حکم رواں ہمارا
ہم ہیں مقلد ان کے جو تھے ہمارے پیرو — چھینا جنھوں نے ہم سے ہندوستاں ہمارا
کعبہ بنا ہے لندن، ہوگا طواف اس کا — مسجد کہاں ہماری، مکہ کہاں ہمارا

اس طرح کچھ اور غزلیں انھیں زمینوں میں لکھی گئیں ہیں جن میں اقبؔال نے

طبع آزمائی کی تھی۔ ان میں لمعہ صاحب استاد کی بلندئ خیال اور خوبئ ادا تک نہیں پہنچ سکے، مگر بجائے خود وہ نظمیں پیام اقبال کی تبلیغ کو جاری رکھنے کی خدمت کے لحاظ سے قابل قدر ہیں۔ مجھے بعض اور نظمیں زیادہ پسند ہیں جن کے لیے لمعہ صاحب نے علحدہ زمینیں تلاش کی ہیں۔ مثلاً پیام لمعہ کے یہ شعر ملاحظہ ہوں جو مشرق و مغرب کے لیے ضروری پیام ہیں ۔

ہند کی دیویاں ہوئیں مغربیت میں مبتلا — حسن جو پردہ پوش تھا حیف وہ پردہ در ہوا
نیم برہنہ ہوگیا غرب کے ساتھ شرق بھی — ہو یہ کہیں خدا کرے کشتئ شوق غرق بھی
درس فروش ماسٹر علم فروش جامعات — روح کی موت بالیقیں عقل کی گم ہے کائنات
کھو کے خودی کو اپنی سب بن گئے لات اور منات — شکسپئر کا درس ہے، بٹتی ہے حسن کی زکوٰۃ

مرد کی ہمتیں ہیں پست، مرد کی روح سرد ہے
مغربیت کے رنگ میں زن بہ صفات مرد ہے

کلام لمعہ سے اقتباسات درج کرنے کی ضرورت نہیں۔ امید کہ ناظرین لمعہ صاحب کے گلشن فکر کی گل چینی اپنی اپنی پسند کے مطابق کریں گے۔ اس تعارفی تحریر کو ختم کرنے سے پہلے قارئین کو یہ بتادینا مناسب ہے کہ لمعہ صاحب کی تعلیم و تربیت دکن میں ہوئی ہے۔ اس لیے ان کے کلام میں کہیں کہیں ایسے الفاظ ملیں گے جو شمالی ہند کے محاورے سے مختلف ہیں، مگر مصنف نے اپنے ہاں کے رواج کے مطابق ان کا استعمال جائز سمجھا ہے۔ جن صاحبان کے کان اس طرز استعمال سے آشنا نہ ہوں وہ ان الفاظ کو محل اعتراض نہ بنائیں بلکہ مصنف کے شوق خدمت اور ذوق ادب کی داد دیں اور اس درد قومی اور دلسوزی کی قدر کریں جو ان کے کلام کی صفاتِ خاص ہیں۔

عبدالقادر

۱۶۔۹۔۳۶ء

پیشکش: پروفیسر اکبر رحمانی

لمعہ کے فارسی کلام "مشرق نامہ" پر
علامہ عبداللہ عمادی کا فارسی میں منظوم مقدمہ

علامہ اقبال کے مخلص عقیدت مند، مداح اور شاگرد ڈاکٹر محمد عباس علی خاں لمعہ حیدر آبادی نے اردو، فارسی اور انگریزی تینوں زبانوں میں طبع آزمائی کی ہے۔ وہ اپنا اردو اور فارسی کلام علامہ کی خدمت میں بغرض اصلاح اور بطور عقیدت روانہ کرتے تھے۔ علامہ نے لمعہ کے نام جو خطوط لکھے ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ لمعہ کی شاعرانہ صلاحیتوں کے معترف تھے اور ان کی حوصلہ افزائی کرتے تھے۔ لمعہ نے 'مشرق نامہ' کے عنوان سے اپنی ایک نامکمل فارسی مثنوی علامہ اقبال کی خدمت میں بھیجی تھی۔ علامہ نے اس مثنوی کی تعریف کی تھی اور لمعہ کو ایک خط میں لکھا تھا:

"مثنوی کا آغاز بہت اچھا ہے۔ خدا کرے اس کا اختتام بھی اچھا ہو۔"

(مکتوب اقبال بنام لمعہ مرقوم ۱۱؍مارچ ۱۹۳۴ء)[1]

بعد میں لمعہ نے یہ مثنوی مکمل کی یا نہیں کچھ پتہ نہیں چلتا۔ راقم الحروف کو لمعہ حیدر آبادی کے فارسی کلام کا جو مجموعہ دستیاب ہوا ہے اس میں بھی 'مشرق نامہ' کے عنوان سے کوئی مثنوی نہیں ملتی۔ البتہ انھوں نے اپنے فارسی کلام کے مجموعہ کا نام 'مشرق نامہ' رکھا ہے۔ 'مشرق نامہ' کے دو نسخے میری تحویل میں ہیں۔ ایک چھوٹی تقطیع سائز کی ڈائری ہے جسے لمعہ مرحوم نے وفات سے چند ماہ پہلے مجھے دیا تھا۔ دوسرا قلمی نسخہ بڑی تقطیع پر جلی حرفوں میں کسی خوش نویس کا تحریر کردہ ہے۔ یہ نسخہ لمعہ کے بھانجے اعظم راہی (مدیر ماہنامہ 'پیکر' حیدر آباد) سے دستیاب ہوا ہے۔ اول الذکر کو، نسخہ جلگاؤں اور مؤخر الذکر کو، نسخہ حیدرآباد، کہوں گا۔ 'مشرق نامہ' کا نسخۂ جلگاؤں لمعہ حیدرآبادی کے ہاتھ کا تحریر کردہ ہے۔ دونوں نسخوں میں مثنوی، غزلیں اور نظمیں ہیں۔ نسخہ حیدر آباد میں جگہ جگہ فارسی کلام کی اصلاح بھی کی گئی ہے۔ اصلاح کا کام علامہ عبداللہ عمادی کا نظر آتا ہے۔ نسخہ حیدر آباد بکھرے ہوئے اوراق پر مشتمل ہے۔ ان میں لمعہ کے نام علامہ عبداللہ عمادی کا خط اور منظوم مقدمہ بھی ہے۔ خط اردو میں اور

۱۔ اقبالنامہ حصہ اوّل ص ۲۸۷ پر اس کی تاریخ ۱۱؍مئی ۱۹۳۵ء ہے جو درست نہیں۔

مقدمہ فارسی میں تحریر کیا ہوا ہے۔ نسخہ جلدوں کے ساتھ علحدہ سے جو کاغذات ہیں ان میں ایران کے وزیر تعلیم ایس۔ایم۔ رضوی کا 'مشرق نامہ' کے بارے میں بزبان انگریزی ایک خط اور اس کا اردو ترجمہ بھی ہے۔ ان دونوں کا طرز تحریر لمعہ کا ہے۔ اصل خط ابھی تک نہیں ملا ہے۔

حیدر آباد میں لمعہ کے مشہور عالم و فاضل مولانا مناظر احسن گیلانی سے تعلقات تھے۔ انھوں نے اپنا فارسی مجموعہ کلام 'مشرق نامہ' سب سے پہلے انھیں کو دکھایا۔ مولانا مناظر احسن گیلانی فن شعر گوئی میں مہارت نہیں رکھتے تھے اس لیے انھوں نے اظہار معذرت کیا اور ممتاز ادیب، عالم و فاضل علامہ عبداللہ عمادی سے اصلاح لینے کا مشورہ دیا۔ چنانچہ لمعہ حیدر آبادی، علامہ عبداللہ عمادی سے ملے۔ اپنا تعارف کرایا۔ محمد نورالدین خاں نے انکشاف کیا ہے کہ خود مولانا مناظر احسن گیلانی لمعہ کو عبداللہ عمادی کے گھر لے گئے۔ اور لمعہ کو متعارف کرانے کے بعد 'مشرق نامہ' پر اصلاح کی سفارش کی جسے علامہ عبداللہ عمادی نے قبول کیا[۱]

علامہ موصوف نے لمعہ کے فارسی کلام پر اصلاح دینے کے بعد لمعہ کو اس کی اطلاع دی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مخدومی تسلیم بصد تکریم

الحمد للہ کہ آج پنج شنبہ ۲۰/ ذی الحجہ ۱۳۶۰ ۔ ۸/ اسفندار ماہ ۱۳۵۱ کو 'مشرق نامہ' کے اشراق نے لوامع سخن کی تکمیل کر دی۔ اس تغییر میں جابجا معنوی تقصیر کا گمان ممکن ہے۔ شاید اس لیے کہ زبان ہی تک میری رسائی تھی۔ آپ کا معنی آفریں قلبِ روشن میری دسترس سے بلند تر تھا۔ تاخیر کا عذر گناہ عجب نہیں بدتر از گناہ ہو۔

بود کہ یار نپرسد گنہ ز خُلق کریم   کہ از سوال ملولیم و از جواب خجل

آپ نے مقدمہ کے لیے حکم دیا ہے۔ اس کے لیے جلد سے جلد ایک نظم حاضر ہو جائیگی۔ انشاء اللہ۔ یہ جسارت محض اس بنا پر ہو سکتی ہے کہ بحر زخار میں لبِ ساحل پر خس و خاشاک بھی ہوا کرتے ہیں۔ کسی صاحب کو لکھیے کہ آ کے یہ کتاب مجھ سے لے لیں۔ اگرچہ جی تو یہ چاہتا ہے کہ آپ قدم رنجہ فرماتے اور مواجہہ میں وجوہ تغییر پیش کیے جاتے۔ والسلام بالاکرام

خادم

عمادی[۲]

۱۔ روزنامہ سیاست حیدر آباد ۱۲/ جون ۱۹۸۹ء۔ ۲۔ اصل خط کا عکس دیا جا رہا ہے۔

اس سے پتہ چلتا ہے کہ علامہ عبداللہ عمادؔی نے 'مشرق نامہ' کی اصلاح کی تھی۔ مکتوب عمادؔی بنام لمعہ کی تصدیق محمد نورالدین خاں (سید علی، چبوترہ حیدر آباد) کے ایک مراسلے سے بھی ہوتی ہے جو روزنامہ سیاست حیدر آباد کی ۱۲ر جون ۱۹۸۹ء کی اشاعت میں شائع ہوا تھا، مراسلہ نگار محمد نور خاں لکھتے ہیں:

"یہ حقیقت ہے کہ ڈاکٹر لمعؔہ نے علامہ عبداللہ عمادؔی صاحب سے بھی استفادہ کیا ہے۔ میرے ایک بزرگ دوست جو علامہ عمادؔی کے ایک ارادت مند شاگرد ہیں بیان کرتے ہیں کہ ڈاکٹر لمعؔہ، علامہ عمادؔی کے مکان آیا کرتے تھے اور بعد میں بہت مخلصانہ روابط آپس میں ہوگئے۔ تعارف اور ملاقات کی ابتدا یوں ہوئی کہ جب ڈاکٹر لمعؔہ نے ایک مثنوی 'مشرق نامہ' بزبان فارسی لکھی تو سب سے پہلے مولانا مناظر احسن گیلانی کی خدمت میں بغرض اصلاح پیش کی۔ مولانا بڑے عالم ہونے کے علاوہ شاعر بھی تھے لیکن اصلاح سخن کا فن اور ہی ہے۔ مولانا نے انھیں اپنے ساتھ علامہ عبداللہ عمادؔی صاحب کے گھر لایا اور تعارف کے بعد 'مشرق نامہ' پر اصلاح کی خواہش کی۔ علامہ عمادؔی نے شرف قبولیت بخشا اور مثنوی رکھ لی۔ بعد میں 'مشرق نامہ' پر اصلاح فرما کر ایک خط کے ساتھ ڈاکٹر لمعؔہ کے پاس بھجوادی"۔

بعد ازاں مراسلہ نگار نے مکتوب عمادؔی نقل کرنے کے بعد لکھا ہے:

"مشرق نامہ پر عمادی نے اصلاح دی ہے مگر ان کی بلند حوصلگی اور اعلیٰ ظرفی دیکھئے کہ خط میں انھوں نے 'اصلاح' کی بجائے 'وجوہ تغییر' کے الفاظ تحریر فرمائے۔ بعد میں علامہ عمادؔی نے نثر کی بجائے نظم میں مقدمہ لکھ کر ڈاکٹر لمعؔہ کو روانہ کیا۔ جس کا ذکر متذکرہ خط میں ہے۔ اس نظم کے تیس شعر ہیں۔ علامہ عمادؔی عربی، فارسی اور اردو کے بے مثل صاحب طرز ادیب، نقاد اور شاعر تھے۔ ان کے فضل و کمال کا کیا کہنا۔ نظم پڑھتے جایئے تو محسوس ہوتا ہے کہ علامہ عمادؔی کے پردہ میں اقبالؔ بول رہے ہیں۔"

اس کے بعد مراسلہ نگار نے علامہ عمادؔی کے منظوم مقدمہ کے سات اشعار نقل کرنے کے بعد لکھا ہے کہ:

"خط کی نقل میرے پاس محفوظ ہے، البتہ اصلاح شدہ مثنوی کی نقل ہمارے ہاں نہیں ہے۔"

مراسلہ نگار نے مکتوب عمادی نقل کرنے کے بعد غلطی سے اس کی تاریخ تحریر ۱۲ار محرم ۱۳۶۱ لکھی ہے جب کہ خود مکتوب میں اس کی تاریخ درج ہے پھر یہ دوسری تاریخ کیسی؟ اصل خط میں تو ۱۲ار محرم ۱۳۶۱ھ کی تاریخ تحریر نہیں ہے۔ راقم الحروف کے پاس مذکورہ 'مشرق نامہ' کا جو قلمی نسخہ ہے اس کے ساتھ علامہ عمادی کا منظوم مقدمہ ہے جس پر تاریخ تحریر ۱۲ار محرم ۱۳۶۱ھ درج ہے۔

علامہ عبداللہ عمادی کون تھے؟ ان کے بارے میں نامور ماہر اقبالیات محمد عبداللہ قریشی لکھتے ہیں:

"مولانا عبداللہ عمادی بڑے فاضل اور جامع کمالات بزرگ تھے۔ وہ جونپور کے ایک گاؤں امرتھوا کے رہنے والے تھے، اور اپنے صاحب فضل و کمال مورث اعلیٰ شیخ عمادالدین سے نسبتی تعلق رکھنے کی وجہ سے خود کو 'عمادی' لکھتے تھے۔ .... عمادی صاحب نے قرآن و حدیث اور صرف و نحو کی ابتدائی تعلیم، دادی، دادا اور والد سے حاصل کی۔ درسیات کا دور مولوی ہدایت اللہ خاں رامپوری کے ہاں ختم کیا۔ اور فنون ادب عرب محمد طیب سے رام پور جاکر حاصل کیے۔ پھر 'طب' کی مشہور کتاب 'القانون' دلی جاکر حکیم عبدالمجید خاں سے پڑھی اور لکھنو میں مولوی عبدالحی فرنگی محلی کے ممتاز شاگرد مولوی عبدالعلی آسی کے دامن تربیت میں فکر و نظر کی مزید وسعتیں حاصل کیں۔ آسی صاحب ادب و شعر اور تاریخ گوئی میں مہارت تامہ رکھتے تھے۔ ان کی صحبت میں مولانا عمادی کو شعر و سخن اور ادب و تاریخ کا فیض حاصل ہوا.... مکتبی علماء میں عمادی صاحب پہلے شخص تھے جنھوں نے بیرون ہند کی صحافت سے ناطہ جوڑا اور مصر و بیروت کے رسالوں اور اخباروں میں مضامین لکھے۔ ۱۹۰۶ء میں مولانا شبلی نے 'الندوہ' کی سب ایڈیٹری کا کام مولانا ابوالکلام آزاد کے سپرد کیا، لیکن چند ماہ کے بعد جب وہ اخبار 'وکیل' امرتسر چلے گئے، تو مولانا عمادی صاحب کو اس کا سب ایڈیٹر بنادیا.... ۱۹۱۲ء میں مولانا ابوالکلام آزاد نے

کلکتہ سے 'الہلال' جاری کیا تو مولانا (عمادی) کو بھی وہیں بلالیا۔ کچھ عرصے بعد مولانا اخبار 'زمیندار' میں چلے آئے۔

اقبال کی مثنوی "اسرار خودی" کی اشاعت پر جو قلمی جنگ چھڑی تھی اس میں مولانا عمادی نے کھل کر اقبال کا ساتھ دیا اور مثنوی کے محاسن پر بعض نہایت اچھے مضمون لکھے جو روزنامہ 'زمیندار' میں شائع ہوئے۔ حیدر آباد دکن میں دارالترجمہ قائم ہوا تو مولانا عمادی اس میں لے لیے گئے۔ (علامہ اقبال نے مہاراجہ کشن پرشاد سے ان کے لیے پرزور سفارش کی تھی) انھوں نے وضع اصطلاحات کے علاوہ متعدد عربی کتابوں کے ترجمے کیے۔ دارالترجمہ کی خدمات سے سبکدوشی کے بعد مولانا کو وظیفہ ملا مگر انھوں نے حیدر آباد نہیں چھوڑا۔ یہیں ۱۱ر شوال ۱۳۶۶ھ / ستمبر ۱۹۴۷ء کو رحلت فرمائی۔

(اقبال بنام شاد۔ ص ۱۷۴ تا ۱۸۵)

اب مولانا عمادی کا منظوم مقدمہ بر 'مشرق نامہ' ملاحظہ کیجئے۔ اس میں جو اصلاحیں ہیں وہ مولانا عمادی کی ہیں۔ یہ مقدمہ مولانا کے ہاتھ کا تحریر کردہ ہے۔

(دیکھیے اس منظوم مقدمہ کا عکس):

منظوم مقدمہ کے ساتھ ایک پورے صفحہ پر یہ عبارت لکھی ہوئی ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ 'مشرق نامہ

کہ اشراق طبع انور دکتور عباس علی خاں لمعہ است

از فقیر حقیر عبداللہ العمادی

۱۲ر محرم الحرام ۱۳۶۱ھ

اب منظوم مقدمہ ملاحظہ فرمایئے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

آفریں بر لمعۂ نور ازل

ماہ در جیب، آفتاب اندر بغل

لمعۂ انوار، عباس علی　　حیدر آباد از فروغش منجلی

مشرق از لمعات او رخشندہ باد آفتابش بر دکن تابندہ باد
نامۂ مشرق با سلوب نوی لامع از نور حکیم غزنوی
در جناب معرفت تا باز یافت رائحہ از نحۂ[1] عطار یافت
صدق عشقش داشت برہان قوی سینہ اش پر شد ز روح مولوی[2]
دامن اقبال[3] بگرفت از صفا تا رساند در حریم مصطفیٰ
فیضیاب از دولت جاوید شد خاک راہ خواجۂ توحید شد
طائر فکرش بہ پروازے جدا اوج گیر از بام آیات ھدیٰ
درد نوشاں را رحیق صاف داد آگہی از سرّ استخلاف داد[4]
سرّ استخلاف تمکین حق است ارتقائے دولت ودین حق است
شیر مردی، دام و دد را خوار گیر سلسلہ از حیدر کرار گیر
مسلک مومن صراط مستقیم شیوہ اش اعلائے قرآن حکیم
سربلندی را اسیر دوں مخواہ حکم قرآں بستۂ قانوں مخواہ
از برائے کشور[5] قلبِ سلیم نیست قانوں غیر قرآنِ حکیم
مومناں محروم از اسباب خیر تابود قرآن حق محکوم غیر
خیز تا قانوں غبار راہ باد مصحفِ توحید شاہنشاہ باد
پیکر توحید بے دل تا بکے امر حق محکومِ باطل تا بکے
گیتی از بہر مسلماں ساختند بستۂ زنجیر قرآں ساختند
محرمانِ بارگاہِ ذوالجلال وائے اگر باشند محکوم ضلال
سرنگوں کن پرچم بیداد را بر شکن ایوانِ استبداد را
باز گیر از دستِ دیواں باز گیر خاصۂ اسلام دیہیم و سریر
حضرت اسلام بے تمکین چراست جائے مسلم درصف پائیں چراست
نور تو از شمع یزداں است و بس صدر مسند از مسلماں است و بس

۱۔ عمادی مرحوم نے اس مصرع کو پہلے اس طرح لکھا تھا ع بوئے مشک از نافۂ عطار یافت۔ اصل دستاویز میں 'بوئے مشک از نافہ' کاٹ کر 'رائحہ از نحۂ عطار یافت' لکھا گیا (دیکھئے منظوم مقدمہ کا عکس)
۲۔ مراد مولانا جلال الدین رومی ۳۔ مراد علامہ اقبال ۴۔ وعداللہ الذین آمنوا منکم وعملوا الصالحات لیستخلفنھم الخ ۵۔ اصل دستاویز میں 'صاحب' لکھا ہوا تھا جسے کاٹ کر 'کشور' لکھا گیا ہے۔

باز روشن کن چراغ از نور بدر — سفلگاں را تا بر اندازی زصدر
ذرّہ ساں در بند بے تابی مباش — ہمچو نرگس در گراں خوابی مباش
خیز و تخت از دست دیواں باز جو — باز جو ملکِ سلیماں باز جو
تیغ درکف رایتِ قرآں بہ پیش — تا مسلماں باز یابد جائے خویش
حاصل تعلیم[1] لمعہ ایں بود — جلوہ[2] اش بہر فروغ دیں بود

ملت از روح حیاتش زندہ باد
سطوتِ توحید از و پایندہ باد

عمادی

لمعہ حیدر آبادی کے پاکستان کے سابق گورنر جنرل غلام محمد مرحوم سے بھی تعلقات تھے اور خط و کتابت بھی۔ یہ تعلقات اس وقت سے تھے جب غلام محمد حیدر آباد میں نظام حکومت میں وزیر فنانس کے عہدہ پر فائز تھے۔ لمعہ حیدر آبادی نے اپنی فارسی مثنوی پر کسی ایرانی عالم کی رائے جاننے کے لیے اسے غلام محمد مرحوم کو روانہ کی۔ اُس وقت غلام محمد پاکستان کے گورنر جنرل تھے۔ انھوں نے اس مثنوی کو ایران کے وزیر تعلیم ایس۔ ایم۔ رضوی کو روانہ کردیا۔ ایس۔ ایم۔ رضوی نے مثنوی 'مشرق نامہ' پڑھنے کے بعد اپنی رائے انگریزی زبان میں بھیجی۔ اصل خط تو ہمیں نہ مل سکا لیکن اس انگریزی خط کا نقل کردہ متن (بخط لمعہ) اور اس کا اردو ترجمہ (ٹائپ شدہ) لمعہ کے وارثوں سے دستیاب ہوا ہے۔ جسے یہاں نقل کیا جارہا ہے:

" I went into ecstacy when I was reading the 'Masnavi' you gave to me to peruse. I never imagined that Roomi like versification exists nowadays and indeed with such novelty which is in keeping with the present days.

Atrend of classic mysticism runs through the poems, the theme is modern and the ideas are new. No Muslim poet has so far praised the woman so highly. Your poet is the fresh one who has gone deep into the spirit of the creation of woman in Humanity and is conscious of great part she plays in human life and love.

The poet is the best exponent of Dr.Iqbal's philosophy of "Ego or Selfhood". At least in persian verses. I dare say he has well elaborated the idea of his master. There are more to say especially with regard to his political views, but that is not my line. I being an educationist and a student

---

۱۔ مقدمہ کی اصل میں پہلے 'حاصل لمعات لمعہ' تحریر تھا۔ 'لمعات' کو کاٹ کر 'تعلیم' کیا گیا۔
۲۔ یہ مصرع اس طرح تھا ع 'جلوۂ لمعہ فروغ دیں بود' جسے عمادی مرحوم نے اسطرح بدل دیا۔

of philosophy, the politics do not concern me. I hope to see the works of your great poet published one day.

S.M.Razvay
Minister of Education
Govt. of Iran.

یہ مکتوب کس تاریخ کو تحریر کیا گیا؟ لمعہ کے ہاتھ کی لکھی تحریر میں اس کا ذکر نہیں۔ البتہ اس خط کا جو اردو ترجمہ ہے اس پر تاریخ تحریر ۳۰/اپریل ۱۹۴۷ء درج ہے۔ اردو ترجمہ حسب ذیل ہے:

اقتباس رائے

بر 'مشرق نامہ' (بزبان فارسی) بنام سر غلام محمد گورنر جنرل پاکستان

از: مسٹر ایس۔ یم۔ رضوی وزیر تعلیم (ایران)

اردو ترجمہ

میں جب آپ کی دی ہوئی مثنوی کا مطالعہ کر رہا تھا مجھ پر ایک وجدانی کیفیت طاری تھی۔ یہ بات میرے حاشیۂ خیال میں بھی نہ تھی کہ رومیؔ کی شاعری کا آجکل وجود ہے اور وہ بھی بلاشبہ اس ندرت کے ساتھ جو حالات حاضرہ سے مطابقت رکھتی ہے۔ اشعار میں قدیم تصوف کی ایک لہر دوڑ رہی ہے۔ مضمون جدید اور خیالات اچھوتے۔ کسی مسلم شاعر نے اب تک عورت کی اتنی زیادہ تعریف نہیں کی ہے۔ آپ کا شاعر پہلا شخص ہے جس نے انسانیت میں عورت کے مقصدی تخلیق کا گہرا مطالعہ کیا ہے اور اس شاندار حصہ سے بھی واقف ہے جو عورت انسانی زندگی اور محبت میں لیتی ہے۔ کم از کم فارسی اشعار کی حد تک شاعر ڈاکٹر اقبالؔ کے فلسفۂ خودی کا بہترین شارح ہے۔ میں یہ کہنے کی جرأت کر سکتا ہوں کہ اس نے اپنے استاد (اقبالؔ) کے خیالات کو نہایت ہی اچھی طرح واضح کیا ہے۔ اس کے سیاسی نظریات کے بارے میں بہت کچھ کہا جا سکتا ہے، لیکن وہ میرا کام نہیں ہے۔ ایک ماہر تعلیم اور فلسفہ کے متعلم کی حیثیت سے مجھے سیاست سے تعلق نہیں ہے۔ میں آپ کے بڑے شاعر کے کلام کو ایک دن طبع شدہ دیکھنے کی امید کرتا ہوں۔

آپ کا مخلص
ایس۔ یم رضوی
وزیر تعلیم سلطنت ایران بتوسط قونصل جنرل ایران
۳۰/اپریل ۱۹۴۷ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مخدومی — تسلیم بصد تکریم

الحمد للہ کہ آج پنجشنبہ ۲۰ ذی الحجہ ۱۳۷۰ — ۲-۱۰ اسفندار ماہ — ۱۳۵۱ کو مشرق نامہ کے
[illegible]ن نہ لوامع سخن کی تکمیل کر دی — اس تفسیر میں جابجا معنوی تقصیر کا گمان ممکن ہے — شاید
[illegible]زبان ہی تک میری رسائی تھی — آپ کا معنی آفریں قلب روشن میری دسترس سے بلند تر تھا
[illegible]لور گناہ عجب نہیں بدتر از گناہ ہو

[illegible]بار نہ پرسد گنہ ز خُلقِ کریم — کہ از سوال ملولیم و از جواب خجل

[illegible]قدمہ کے لیے حکم دیا ہے اس کے لیے جلد سے جلد ایک نظم حاضر ہو جائیگی ان شاء اللہ — یہ جسارت
[illegible]اس بنا پر ہو سکتی ہے کہ بحرِ زخار میں لبِ ساحل پر خس و خاشاک بھی ہوا کرتے ہیں
[illegible]کر لکھیے کہ آکے یہ کتاب مجھ سے لے لیں — اگرچہ جی تو یہ چاہتا ہے کہ آپ قدم رنجہ فرماتے اور مسودہ ترجمہ میں
[illegible]فسیر پیش کیے جاتے — والسلام بالاکرام

خادم
[illegible]

(مکتوب عمادی بنام [illegible] کا عکس)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمۂ مشرق نامہ

کہ اشراق طبع انور دکتور عباس علی خان لمعہ است

از فقیر حقیر عبد اللہ العمادی

۱۲ - محرم

۱۳۶۱ھ

(مقدمہ کی تاریخ تحریر کا عکس)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

آفرین بر لمعهٔ نورِ ازل
ماه در جیب آفتاب اندر بغل

لمعهٔ انوار عباسِ علی
حیدرآباد از فروغش منجلی

مشرق از لمعات او رخشنده باد
آفتابش بر دکن تابنده باد

نامهٔ مشرق باسلوبِ نوی
لامع از نورِ حکیمِ غزنوی

در جنابِ معرفت تا بار یافت
رایحه از فقر ~~[illegible]~~ عطار یافت

صدقِ عشقش داشت برهانِ قوی
سینه اش پر شد ز درجِ مولوی

دامنِ اقبال نگرفت از صفا
تا رساند در حریمِ مصطفی

فیضیاب از دولتِ هادی بشد
خاکِ راهِ خواجهٔ توحید شد

طائرِ فکرش به پروازے جدا
اوج گیرِ بامِ آیاتِ قدسی

دُرد نوشان را ز حقِ صاف داد
آگهی از سرِّ استخلاف[1] داد

سرِّ استخلاف تمکینِ حق است
ارتقائے دولت و دینِ حق است

شیر مردی دام و دد را خوار گیر
سلسله از حیدرِ کرار گیر

مسلکِ مومن صراطِ مستقیم
شیوه اش اعلائے قرآنِ حکیم

---

[1] وعد اللہ الذین امنوا منکم وعملوا الصالحات لیستخلفنهم الخ

سربلندی را ز سنبر دون مخواه — حکم قرآن بستهٔ قانون مخواه

از برای [illegible] کشور قلب سلیم — نیست قانون غیر قرآن حکیم

مومنان محروم از اسباب خیر — تا بود قرآن حق محکوم غیر

خیز تا قانون غبار راه باد — مصحف توحید شاهنشاه باد

پیکر توحید بے دل تا بکے — از حق محکوم باطل تا بکے

گیتی از بہر مسلمان ساختند — بستهٔ زنجیر قرآن ساختند

مهربان بارگاه ذوالجلال — وای اگر باشند محکوم ضلال

سرنگون کن پرچم بیداد را — بشکن ایوان استبداد را

باز گیر از دست دیوان باز گیر — خامهٔ اسلام دیہیم و سریر

حضرت اسلام بے تمکین چراست — جای مسلم در صف پایین چراست

نور تو از شمع یزدان است و بس — صدر مسند از مسلمان است و بس

باز روشن کن چراغ از نور بدر — سفلگان را تا براندازی ز صدر

ذره‌سان در بند بے تابی مباش — همچو نرگس در گران خوابی مباش

خیز و تخت از دست دیوان باز جو — باز جو ملک سلیمان باز جو

تیغ در کف رایت قرآن به پیش — تا مسلمان باز یابد جای خویش

حاصل تعلیم لمعه این بود — جلوهٔ [illegible] فروغ دین بود

ملت از روح حیاتش زنده باد
سطوت توحید ازو پاینده باد

([illegible])

[illegible]

سید حامد

اکیسویں صدی کے لئے درکار تیاریاں*

اس تصور کی داد کہ ہم آنے والی صدی کے لئے کمر کس لیں، راجیو گاندھی کو ملنی چاہیے۔ ان کی دیانت کتنی ہی مشتبہ ہو اور ان کی خامکاری کتنی ہی مسلّم، تاہم ذہنوں کو فرسودگی سے چھڑانے اور جدید اندازِ فکر سے آشنا کرانے میں جو پہل انھوں نے کی، وہ ان سے کوئی چھین نہیں سکتا۔ آیئے ایک سرسری سا جائزہ لے لیا جائے کہ ملک اس موڑ کے لئے جسے اب صرف ڈیڑھ سال رہ گئے ہیں، کس عنوان تیاری کر رہا ہے۔ دنیا جانتی ہے اور ہم خود دوہراتے چلے آئے ہیں کہ ہم دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہیں اور ایک عالم سائنس اور ٹکنولوجی میں ہمارے امتیازات کا لوہا مانتا ہے اور ہم نے ان مضامین کے ماہرین کا ایک جم غفیر پیدا کر کے اکناف عالم میں بکھیر دیا ہے۔ بڑی بڑی صنعتوں، انجنیرنگ کے کارناموں، سڑکوں، ریلوے لائینوں اور ٹیلی کمیونیکیشن نے وطن عزیز کے چپے چپے پر جلی حروف سے تحریر کر دیا ہے کہ ہندوستان ایک اہم صنعتی ملک بن گیا ہے۔ ہمارے ڈاکٹروں اور انجنیروں کی پوچھ ہے، قدر ہے، ساکھ ہے۔ سبز انقلاب نے ہمیں غذائی اعتبار سے خود کفیل بنا دیا ہے۔ اگر صلاحیت پر جایئے تو امریکہ میں ہندوستانی سائنس دانوں اور ٹکنولوجی پردازوں کی مانگ ہی ان کی کوالٹی کی تصدیق کرتی ہے؛ تعداد کا جہاں تک تعلق ہے ہم دنیا میں تیسرے نمبر پر ہیں۔

آزادی کے پچاس سالوں کے دوران ہم نے پیش رفت کے بنیادی وسایل (انفرا اسٹرکچر)، فراہم کر لیے ہیں۔ تیز رفتار ترقی سے بظاہر ہمیں اب کوئی روک نہیں

* آزادی کی پچاسویں سالگرہ کی تقریبات کے موقع پر ۲۷ر مئی ۱۹۹۸ء کو خدابخش لائبریری میں یہ خطبہ پیش کیا گیا۔

سکتا۔ جب ضرورت تھی اس وقت ہم نے اپنی صنعت و حرفت کو تحفظ کے سایہ میں پروان چڑھایا۔ جب بین الاقوامی مقابلہ کی کچھ سکت پیدا ہوگئی تو ہم نے اپنے دروازے درآمدات کے لئے کھول دئے۔

ذرائع ابلاغ کے لائے ہوئے جہانگیر انقلاب نے ہمیں تیار پایا۔ کمپیوٹر سافٹ ویر میں ہم نے مہارت بہم کرلی۔ طاقت کے اعلان واشہار کا وقت آیا تو ہم نے پوکھرن کے دھماکوں سے سورماؤں کے دلوں کو دہلا دیا۔ ہم نے زمینی اصلاحات کی شکل میں زرعی مواقع کی منصفانہ تقسیم کا اہتمام کیا اور مظلوموں، محروموں اور حقارت نصیبوں کو اوپر اٹھانے اور عزت کا مقام دینے کا سروسامان کیا۔ زرعی انقلاب کے ذریعہ ہم نے قحط کے خطرے سے وطن عزیز کو نجات دلائی۔ جنوبی ایشائی ممالک میں ایک ہم ہی نے جمہوریت کی لاج رکھی۔ ہمارا جمہوری ڈھانچہ زلزلوں کو جذب کر سکتا ہے۔ الغرض، مثبت اندراجات کی فہرست طویل اور فخر انگیز ہے۔

لیکن منفی اندراجات سے منہ موڑنا حقیقت سے روگردانی کے برابر ہوگا۔ سب سے پہلے آبادی کے بوجھ کو لیجئے جس کے تلے دیس کی دھرتی کراہ رہی ہے۔ پیداوار میں جو بڑھت ہوئی ہے آبادی میں اضافہ اس کو ہضم کرلیتا ہے۔ ہماری جن سنکھیا ارب کے دہانے پر پہنچ رہی ہے۔ کوئی موثر پروگرام فیملی پلاننگ کا ہم عمل میں نہ لاسکے۔ جس ملک میں ۴۸ فی صد ان پڑھ ہوں وہ تعلیمی پیشرفت کا دعویٰ کس منہ سے کرے گا؟ دولت اور محرومی کے درمیان فاصلہ بڑھتا چلا جارہا ہے جس کے نتیجہ میں اہل ہند انصاف اور مساوات اور رحم کے تقاضوں سے بے بہرہ ہوگئے ہیں۔ ریاکاری اور دوہری قدروں اور تاویلوں کا دور دورہ ہے۔ انصاف کی طرح امن وامان بھی جراحت رسیدہ ہے۔ قانون کمزوروں کے تحفظ سے قاصر ہے۔ قانون کو نافذ کرنے والے طاقتوروں کی زیادتیوں سے آنکھیں موند لیتے ہیں۔ سب سے بڑی اقلیت سب سے بڑی ناانصافیوں کی حقدار ہوگئی ہے، سلامتی کے احساس سے محروم اور فسادات کی ہدف، ذات پات کا تانا بانا زیادتیوں اور عدم اعتماد کے کارن مضبوط ہوتا چلا جارہا ہے۔

ناانصافی کے خلاف علاقائی عصبیتوں نے سر اٹھایا ہے اور ملک کی سالمیت کو وقتاً فوقتاً معرض خطر میں ڈال دیا ہے۔ تعلیم، مکان، علاج، پینے کے پانی کی سہولتیں مشکل سے دستیاب ہو پاتی ہیں، جو غذا نشو و نما کے لئے درکار ہوتی ہے اس سے ہمارے بچوں کی ایک بڑی تعداد محروم ہے۔ آبادی کے ایک بڑے حصے کو دو وقت کھانا نہیں ملتا۔ زندگی کا ہر صیغہ عدم مساوات اور امکانات کی نابرابری سے داغدار ہے ابھی تعلیم خوشحال بچوں کو ہی مل پائی ہے۔ باقی کی قسمت میں وہی فرسودہ طرز تعلیم ہے جو تخلیقی اور اقدامی صلاحیتوں کو مسمار کر دیتا ہے۔ استادوں پر ٹریڈ یونین کی چھاپ لگی ہوئی ہے۔ انسانی ہمدردی کا اعلان اس رد عمل کا بدل بن گیا ہے۔ وکیل ڈاکٹر اور اہل کار، مؤکلوں، مریضوں اور اہل معاملہ کے ساتھ انسانی بے دردی کا برتاؤ کرتے ہیں۔ گویا وہ لوٹنے کھسوٹنے کے لئے ہی بنے ہوں۔

ہم اپنی مشرقی اخلاقی قدروں کا اعلان کرتے ہوئے نہیں تھکتے لیکن بے ایمانی اور بھرشٹاچار کا کوئی باب ایسا نہیں ہے جو ہم نے کھول نہ رکھا ہو۔ ووہرا کمیٹی کی رپورٹ نے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچا دی ہے کہ اہل سیاست اور افسروں اور ارباب جرائم کے درمیان سانٹھ گانٹھ اپنی چرم سیما کو پہنچ گئی ہے۔ اہل اقتدار نے مکر و فریب کو شیوہ بنالیا ہے۔

سودیشی تحریک ہماری آزادی کی تحریک کے ساتھ گتھی ہوئی تھی۔ اب ہم اسے صرف زبانی خراج ادا کرتے ہیں۔ یہ بات صرف ہماری چھوٹی صنعت اور کپڑا ادیوگوں کے لئے ہی صحیح نہیں بلکہ اس کا اطلاق تمدن اور ثقافت اور معیشت پر بھی ہوتا ہے۔ بے جھجک فراخ دلی کے ساتھ ہم نے مغرب کی اخلاق سوز عریانیوں اور تہذیب دشمن بے باکیوں کو گلے لگالیا ہے کیوں کہ ہم اسے اپنے مہذب ہونے کے ثبوت میں پیش کر سکتے ہیں۔ ذرا سی دیر میں پراچین سبھیتا کے دعوے مٹی میں مل گئے۔ کیا حسن انتخاب ہے کہ ہم نے مغرب سے برائیاں سیکھ لیں، بے حیائیوں کو اختیار کر لیا لیکن اس کے حسن معاملات، راست گوئی، راست بازی، اور کھرے پن اور پابندی اوقات اور

عام انسانی ہمدردی اور مدنیت کے اصولوں اور غور و فکر کی عادت کو سراسر نظر انداز کردیا۔

ہم نے پہلی بار (خدا کرے یہ صورتِ حالات دیرپا نہ ہو) ملک گیر انداز سے سیکولر نقطۂ نظر کو جو ہمارا سرمایہ افتخار تھا تلانجلی دے دی اور مذہبی تنگ نظری اور عداوت شعاری اور تاریخی اور تخیلی انتقام کو گدی پر بٹھادیا، ستارہ وڑھ کردیا یہ کیسا انتقام ہے کہ پرکھوں کے کردہ اور ناکردہ گناہوں کا بدلہ سنتان سے اور دور کا بدلہ قریب سے لیا جائے اور خدا کی مخلوق پر عرصۂ حیات تنگ کردیا جائے۔ اس طرح تو یہ سلسلہ کبھی ختم نہ ہوگا۔ اکثریت اقلیت کی پہچان کو مٹانے پر تل جائے گی۔ کسی کو نام کی سزا دو گے کسی کو پیدائش کی بنا پر عتاب کا مستحق سمجھو گے یعنی کدورتوں کی بنا پر انصاف کا خون کرو گے۔ اور عقل کو جو تمہارے اشرف المخلوقات ہونے کا وسیلہ اور شناخت ہے، ظلم و جبر، تنگ دلی اور تنگ ظرفی کا آلۂ کار بنادو گے۔ ذہن ہندی کی تخلیق آسمان کی رفعتوں کو چھونے کے لئے ہوئی تھی اس کو عداوت و خباثت کے تحت الثریٰ کا مکین کیوں بناتے ہو؟۔

بہر حال ہم ہندوستانیوں کو اخلاق اور دردمندی کا وہ سبق دوہرانا چاہئے جسے ہم ایک عرصے سے بھولے ہوئے ہیں، اور جوابدہی کا دامن مضبوطی سے پکڑنا چاہئے جسے ہم نے چھوا ہی نہیں۔ فارسی شاعر نے شاید ہمارے لئے ہی کہا تھا:

گہے بر طارم اعلا نشینم   گہے بر پشت پائے خود نہ بینم

(کبھی تو میں انتہائی بلندی پر جا بیٹھتا ہوں اور کبھی یہ حال ہوتا ہے کہ اپنے پاؤں کی پشت بھی نہیں دیکھ پاتا)۔ یہ حال ہمارا اکثر و بیشتر ہوتا ہے۔ ہمیں یہ احساس ہی نہیں کہ کائنات کا یہ خیمہ انصاف، وسعت قلب اور نظر کی کشادگی کے ستونوں پر قایم ہے۔ یہ نہ رہے تو درندگی کے علاوہ کچھ نہ بچے گا۔ انسان انسان کو پھاڑ کھائے گا۔ یاد رکھئے اگر اکیسویں صدی میں عزت اور اعتماد کے ساتھ قدم رکھنا ہے تو موروثی تعصبات اور غیر منصفانہ رجحانات اور نسلی برتری کے مزعومات کو ترک کرنا ہوگا۔

ہندوستان اس وقت تک مضبوط نہیں ہوگا جب تک کہ وہ مذہبی، لسانی، نسلی اور علاقائی جکڑ بندیوں سے خود کو آزاد نہیں کرلیتا۔ ہندوستان کو اپنی ترجیحات کو پلٹنا، ہموار کرنا، سدھارنا اور سنوارنا ہوگا۔ ان ابدی اور بنیادی قدروں کو اختیار کرو، ان کو اپنی رگوں میں دوڑاؤ جو لیل و نہار کی گردش سے محفوظ اور اثر ناپذیر رہتی ہیں۔ آؤ، اس نادوان کو ہم سب مل کر صاف کردیں جس میں ہمارے سیاست کار، ہمارے اہل اقتدار اور ہمارے سرمایہ دار لوٹتے رہتے ہیں۔ بے ایمانی فرد کی طرح معاشرہ کو کھوکھلا کردیتی ہے۔ بے ایمانی کا اجتماعی تحمل انفرادی بے ایمانی سے زیادہ مہلک ہوتا ہے۔

ہمارے اخبارات، ہمارے میڈیا، ہمارے سیاسی طالع آزما فضا میں زہر گھولتے رہتے ہیں۔ وہ عداوت کا بیج بوتے ہیں، عوام اس کی فصل کاٹتے ہیں، ہمارے مقررین ہمارے اخباروں کی طرح ہمیں بھڑکاتے ہیں، لڑاتے ہیں۔ آزادیٔ فکر و اظہار کی دہائی دے کر ہم عداوت کے پرچار پر روک لگانے سے گریز کرتے ہیں۔ قانون کی حفاظت کرنے والے جب اسے توڑنے میں پیش پیش ہوں تو قانون کی حکومت کیوں کر باقی رہے گی۔ بڑے بڑے شہر مافیا کی طاقت کے آگے سرنگوں نظر آتے ہیں۔ جرائم پیشہ لوگ قانون بنانے کے لئے منتخب اور مامور ہوتے ہیں۔ سیاسی پارٹیاں ووٹ حاصل کرنے اور اقتدار پر قابض ہونے کے لئے ساری اخلاقی قدروں اور بھلمنساہتوں کو ٹھوکر لگاکر آگے بڑھ جاتی ہیں۔ اخلاق و اقدار کو توڑنے والے اقدار شکنی کے بہ قدر قدروں کی دہائی دیتے ہیں۔ پاک بازی کا اعلان و اظہار تردامنی کے بہ قدر ہوتا ہے۔ ریاکاری کے اس ملک گیر حمام میں سبھی ننگے نظر آتے ہیں۔ بے ایمانی کا نام دیانت رکھا جاتا ہے۔ خبث باطن کو پاکیزگی قرار دیتے ہیں۔ سیاست کے بازار میں ناقدری اسی کی ہوتی ہے جو قدروں کی نگہبانی کرتا نظر آئے پیشہ ور لوگ خون آشامی پر تلے ہوئے ہیں۔ معلم جن کے شانوں پر نسلوں کی تعلیم و تربیت کا بار ہے وہ خود غرض اور تخریب کار بن گئے ہیں۔ ہمارا وطن عزیز باوجود گوناگوں ترقیوں اور اکتساب علم و ہنر کے دنیا کے غریب ترین ملکوں میں گنا جاتا ہے۔ بے خبری اور بے بسی کا عالم دیکھئے کہ اس حالت میں

بھی ہم مطمئن ہیں اور اپنے آپ کو دنیا کی بڑی طاقتوں میں شمار کرتے ہیں۔ ہم جہالت اور گندگی اور کنگالی اور محرومی میں زندگی گزار رہے ہیں اور انسانیت سوز نابرابری کی بدترین مثالیں پیش کر رہے ہیں لیکن سمجھتے ہیں کہ ہم شاہراہ ترقی پر گامزن ہیں اور تیزگامی ہمیں جلد ہی منزل تک پہنچادے گی۔ ہم نیوکلر طاقت بن گئے اور دھماکوں کے ساتھ ہم نے اس کا اعلان کر دیا۔ ہمارے سیاستدانوں کا یہ کارنامہ ہم سب کے لئے باعث فخر ہے لیکن غوغائے طرب اور زمزمۂ افتخار نے ہمیں یہ سوچنے کا موقع ہی نہیں دیا کہ نیوکلر دوڑ میں دیوانہ وار شریک ہو جانا ہمارے لئے ضروری اور ناگزیر تھا بھی؟۔ کیا اس کے بغیر ہمارا دفاع ٹوٹ جاتا، ہم غیر محفوظ رہ جاتے۔ اس ہوشربا زرخطیر سے جو ہم نے نیوکلر تجربات پر صرف کیا ہزاروں لاکھوں اسکول کھل جاتے۔ نہ معلوم کتنی وباؤں اور بیماریوں کا سد باب ہوتا۔ تندرستی کی کتنی شاہراہیں کھل جاتیں۔ غیرت سوز اور انسانیت کش افلاس کے چنگل سے ہم کب کے نکل چکے ہوتے۔

ہمارا مقصد ہرگز آپ کو بد حظ کرنا نہیں ہے۔ ہم صرف یہ کہنا چاہتے ہیں کہ مادی ترقی کی بنیاد پر کوئی معاشرہ، کوئی ملک استوار نہیں ہوتا۔ حالت اور زار ہو جاتی ہے۔ اگر نابرابری اور ناانصافی مادی ترقیات کے باوجود ہماری دامنگیر رہے۔ ہمیں جی کڑا کر کے یہ فیصلہ کر لینا چاہئے کہ جوابدہی اور انصاف کو ہم اپنا آئین، اپنا شعار بنالینگے اور کسی کو اس کے راستے میں حایل نہ ہونے دیں گے۔ بیروزگاری جہالت اور بیماری کے خلاف ہم اپنی پوری طاقت لگادیں گے۔ مغربی تہذیب کی حریصانہ اور غلامانہ نقالی سے اپنی تہذیب کو بلکہ اس کے ٹوٹے پھوٹے کل پرزوں کو بچالیں گے۔ سائنسی اور تکنولوجیکل امتیازات کی قابل قدر ریل پیل ہم زبان اور ادب، اخلاقیات اور ہمدردیوں، دردمندیوں، پروازوں، اور سکون اور قناعت، اور وقار اور احترامات کو محفوظ رکھیں گے کہ انسانیت انہیں سے عبارت ہے۔ ایسے نظم کو حاصل کرنے کے لئے، اس منزل تک پہنچنے کے لئے ہمیں بڑا جہاد کرنا پڑے گا، انقلاب انگیز اور زہرہ گداز کوششیں درکار ہوں گی۔ صاف گوئی، جوابدہی، بے خوفی اور انصاف سے لولگاؤ۔ عیاری اور ملمع کاری

اور گندم نما جو فروشی اور طمع و ہوس کو ترک کر دو۔ لسان الغیب نے کہا تھا۔

بیا تا گل بیفشانیم و مے در ساغر اندازیم   فلک را سقف بشگافیم و طرح دیگر اندازیم

(آؤ ہم مل کر پھول بکھیریں اور پیمانے کو صہبا سے بھر دیں)۔ اور یہ جبھی ہو سکتا ہے کہ جب (ہم آسماں کی چھت میں درار ڈال دیں اور ایک نئی نیو رکھ دیں، ایک نیا نظام قایم کر دیں۔) یہ نظام نظام عدل ہوگا جس سے بہ تدریج ہم دور تر چلے گئے۔ اتنی دور کہ ہمیں اپنے دور کی ناانصافی اور بے دردی کا احساس بھی باقی نہیں رہا۔

ہم نے بغیر کسی مدافعت کے ایک طرف مشینوں کو دلوں پر حکمراں کر لیا، دوسری طرف مغرب سے شرمناک مرعوبیت کے زیر اثر وہاں کی عریانی اور بے حیائی کو حرز جان بنالیا اور وہاں کے اطوار اور لباس وہاں کی خیرہ سری، شوخ چشمی بے باکی کو شیر مادر سمجھ کر اپنالیا۔ خیریت ہے کہ ہماری پرامن تہذیب نے کتنی آسانی کے ساتھ ہتھیار ڈال دئے۔

اب ہم ملک کی سب سے بڑی اور سب سے زبوں حال اقلیت کی طرف آتے ہیں۔ گلستاں کی سیر آپ کر چکے اب قیاس کر لیجئے کہ اس کی بہار کیسی ہوگی۔ مسلمان یہ کہہ کر نچلے نہیں بیٹھ سکتے کہ باقی اہل وطن کا جو حال ہوگا، سو ہمارا ہوگا، ہم سکھ چین اپنے اوپر حرام کر لیں۔ یہ طرز فکر بالکل بے محل ہے۔ ہم اپنی اکثریت اور دوسری اقلیتوں سے بہت پیچھے ہیں۔ اگر آگے نہیں بڑھنا ہے تو ان کے برابر تو آجائیں تاکہ خدانخواستہ وطن عزیز پر مصیبت آتی ہے تو عضو ضعیف کی طرح ہم سب سے پہلے نہ پس جائیں۔ ذرا سوچئے کہ اہل وطن کے برابر آنے کے لئے، ہرچند کہ دوسرے ملکوں کی تولنا میں وہ خود کوئی ترقی یافتہ نہیں ہیں، ہمیں کتنے سخت اور پتہ پانی کرنے والے جتن کرنے پڑیں گے۔ نئی تعلیمی پالیسی (۱۹۸۹) کے عملی پروگرام کا یہ کربناک اعتراف ہم کو ابتدائے داستاں میں ہی دوہرانا پڑے گا کہ تعلیمی اعتبار سے مسلمانوں اور نوبدھ سب سے زیادہ پسماندہ ہیں۔ سچ ہے کہ گزشتہ پچیس تیس سال میں ادارہ سازی کا قحط خدا خدا کر کے ختم ہوا اور مسلمانوں نے اعلی تعلیم اور پیشہ ورانہ تعلیم کے اچھے ادارے کھولے،

جنوب میں بہ کثرت اور شمال میں نسبتاً کم۔ لیکن بہ حیثیت مجموعی تعلیمی پسماندگی پھر بھی ان کی عنانگیر رہی اور بالعموم مسلمانوں کے تعلیمی اداروں کا معیار خاطر خواہ نہ ہوپایا۔ ہمارے گھروں میں والدین یاماں کی ناخواندگی یا نیم خواندگی او باپ کی بے توجہی اور کبھی کبھی یارباشی نے باخبری کے ماحول کو گھسنے ہی نہ دیا، جس کا اثر بچوں کی ذہنی نشو نما اور ہم جماعتوں کے ساتھ ہم قدمی پر بہت برا پڑا۔ یہی وجہ ہے کہ وہ اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ عام طور پر مقابلہ نہیں کرپاتے اور آگے چل کر زندگی کی دوڑ میں بہت پیچھے رہ جاتے ہیں۔

مذکورہ صورت حال چلاچلا کر کہہ رہی ہے کہ تمہارے بچوں کو تمہارے گھر باخبری بیداری اور علم کا جو ماحول اور تعلیمی امداد نہیں دے پارہے ہیں، تمہارے معاشرے کا فرض ہے کہ سوجتن کر کے اسے مہیا کردے۔ اگر ہم ایسا نہیں کرتے ہیں تو پھر ہمیں کوئی حق نہیں کہ مسلمانوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کریں اور ان کی تعلیمی اور معاشی پسماندگی کو واویلا کا ہدف بنائیں۔ یہ کام اسکول اور کالج کے اوقات کے باہر اصلاحی اور تقویتی کلاس کھول کر کیا جاسکتا ہے۔ پہلے ہم سوچا کرتے تھے، اور کچھ عرصے ایسا ہوا بھی کہ ہمارے اساتذہ اس کام کے لئے مشاہرہ یا اعزازیہ کے مطالبہ اور توقع کے بغیر آگئے آئیں گے، لیکن یہ تصور باطل ثابت ہوا ہمیں چاہئے کہ ہر شہر میں ایک تعلیمی فنڈ قائم کریں جس سے اصلاحی اور تقویتی کلاس چلائے جائیں اور ہونہار لیکن نادار طلبہ کو وظائف دئے جائیں یا ان کی فیس اور کتابوں کا انتظام کیا جائے۔ ہر جگہ لوگ چاہتے ہیں کہ ایسا انصرام ہونا چاہئے۔ کمی صرف پہل کرنے کی ہے جو کوئی بھی صاحب خیر و حوصلہ کرسکتا ہے ایک دفعہ پہل تو کیجئے اور دیکھیے کیا ہوتا ہے۔ جو لوگ یہی درد محسوس کررہے تھے، یہی باتیں سوچ رہے تھے بے محابا آپ کے ساتھ آجائیں گے۔ ساری شروعات ایک آدمی سے ہوتی ہے۔ غور کیجئے اس نیک کام کی شروعات آپ کے ہاتھوں کیوں نہ ہو۔ دلی میں رابعہ گرلس اسکول کی عمارت میں گزشتہ دس سال سے یہ تجربہ نمایاں کامیابی کے ساتھ کیا جارہاہے۔ اس خدمت کو عام کیا جائے تو ہماری تعلیم کا نقشہ ہی بدل

جائے اچھے اداروں اور اچھے مناصب کے دروازے ہم پر کھل جائیں، یاد رکھئے کہ ایک بچہ جو کبھی اچھے اعلا تعلیمی ادارے یا کسی پروفیشنل کالج میں داخلہ حاصل کرلیتا ہے یا کسی اچھی سروس کا رکن بن جاتا ہے وہ اپنے بہت سے ساتھیوں اور عزیزوں کے عزائم اور حوصلے کو بلند کردیتا ہے۔ انگریزی میں اسے Multiplier effect کہتے ہیں۔

کسی مہم کو ڈھنگ یا منصوبہ بند طریقے سے سر کرنے کے لئے ضرورت ہے صورت حالات کے متعلق اطلاعات اور اعداد و شمار کی، حالات کا طرفہ طنز ملاحظہ ہو کہ ہماری حکومت ایک ہی سانس میں ایک طرف، جہالت دور کرنے کی بات کرتی ہے اور دوسری طرف خواندگی کے فرقہ وار اعداد کو شایع کرنے سے انکار کرتی ہے۔ مسلمانوں کی شرح خواندگی کیا ہے، اس کے بارے میں ہم ابھی تک قیاس سے آگے نہیں بڑھ سکے، لیکن ہے یہ قومی شرح سے بہت کم، اس میں کوئی شک نہیں مردم شماری (۱۹۹۱) کی رپورٹ یہ بتاتی ہے کہ عورتیں (۳۹ فی صد) تعلیمی اعتبار سے مردوں (۶۵ فی صد) سے بہت پیچھے ہیں۔ عورتوں کی شرح خواندگی مردو کی شرح خواندگی کا ۶۰ فی صد ہے۔ قراین اور کچھ سروے یہ بتاتے ہیں کہ مسلمانوں میں صنفی تعلیم کا یہ فرق اور زیادہ ہے۔ انتہائی شکلوں میں نسوانی شرح خواندگی ۴ء۲ تک پہنچتی ہے۔ ایسا اندیشہ تھا بھی۔ غلو آمیز پردے کی شدتوں نے مسلمان عورتوں کی صلاحیتوں اور امکانات کے ساتھ بڑا ظلم کیا ہے جس کے بھیانک نتایج خود ان کی خرابیٔ صحت اور اچھی تعلیم و تربیت سے ان کی محرومی دیکھے جاسکتے ہیں۔ اسلام اعتدال، توازن اور میانہ روی سکھاتا ہے۔ انتہا پسندی اور افراط و تفریط اسے ایک آنکھ نہیں بھاتی۔ لیکن ہم ہندوستانی مسلمان اعتدال واحتیاط سے دوری پر ناز کرتے ہیں۔ عورتوں کو ہم نے مقید کردیا ہے۔ ان کا یہ عالم ہے:

مثال یہ مری کوشش کی ہے کہ مرغ اسیر　　　کرے قفس میں فراہم خس آشیاں کے لئے

اس زمانہ میں جو پر آشوب تر ہوتا جارہا ہے یہ اور ضروری ہے کہ ان میں حوادث سے عہدہ برآ ہونے کی صلاحیت ہو اور اس دور میں جب نئی نسل کے کان

گہوارے میں ہی مقابلہ کی آواز سے آشنا ہو جاتے ہیں، یہ واجب ہے کہ مائیں باخبر ہوں، پڑھی لکھی ہوں، ہوشمند ہوں۔ بچوں کو ان سے قدریں بھی ملیں اور خبریں بھی۔ ذرائع ابلاغ کی چیرہ دستی نے دنیا کو گاؤں بنادیا ہے، پھر شہر کو گھر بنتے کیوں دیر لگے گی۔ باخبری کا دور دورہ ہے۔ جو اس سے منہ موڑے گا، اسے پچھتانا اور منہ بسورنا پڑے گا۔ ماں اگر پڑھی لکھی اور باخبر نہ ہوگی تو بچے باخبر اور باشعور کیوں کر اٹھیں گے۔ حوصلہ اور اعتماد اور امیدوں کے ساتھ زندگی میں قدم کیسے رکھیں گے ان بچوں سے مقابلہ کیسے کرپائیں گے جن کی مائیں پڑھی لکھی اور باخبر ہیں۔ زندگی کی دوڑ میں جو پیچھے سے دوڑے گا جو رکاوٹ بوجھ کمزوری یا ہنڈی کیپ ایک کے ساتھ دوڑ میں شریک ہوگا۔ وہ ہمیشہ پیچھے پیچھے گھسٹتا ہوا چلے گا بچوں کو سرافراز کرنا چاہتے ہو تو ہونے والی ماؤں کو تعلیم دو۔ مسلمانوں کی تعلیم کے لئے کلیدی اہمیت تعلیم نسواں کی ہے اور اس کے بعد اصلاحی اور تقویتی تربیت یعنی Enrichment coaching اور Remedial کی۔

تعلیم کی مہم کو تیز کرنے کے لئے ایک قدم اور درکار ہوگا۔ اسے آپ فرض ہمسائیگی کا نام دے سکتے ہیں۔ ان پڑھ ہمارے یہاں اتنے زیادہ اور پڑھے لکھے اتنے کم ہیں کہ پڑھے لکھوں پر ان پڑھوں کی ذمہ داری براہ راست آجاتی ہے۔ تھوڑی سی ترغیب، تھوڑی سی تعلیمی امداد، تھوڑی سی رہنمائی ان پڑھ ہمسایہ کے بچوں کی۔ پڑوسی کیا اتنا بھی نہیں کرسکتا۔ یہ بات دیوار کی تحریر کی طرح ہماری آنکھوں کے سامنے ہے کہ ہمیں اپنے ان ہموطنوں کے برابر آنے کے لئے جو ہم سے آگے نکل گئے ہیں ان سے کہیں زیادہ محنت کرنا پڑے گی۔ انفرادی کوششیں کافی نہیں ہوں گی۔ ہمیں اپنی ذات سے باہر نکلنا ہوگا اور ہم میں سے ہر ایک کو کچھ نہ کچھ کام نئی پیڑھی کی تعلیم و تربیت کے لئے کرنا پڑے گا۔ اگر ہم نے ایسا نہیں کیا تو ہمارے اور ہمارے دوسرے ہم وطنوں کے درمیاں جو فاصلہ بیسویں صدی کے اواخر میں ہے۔ وہ اکیسویں صدی کے اوئل میں اور بڑھ جائے گا! اور سوائے پشیمانی کے کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔ یہ صرف یہ چاہنے اور یہ کہنے سے کہ زوال دور ہو جائے زوال دور نہیں ہوتا، اس کے لئے تھورے سے ایثار

تھوڑی سی بے نفسی تھوڑی سے محنت کی ضرورت پڑتی ہے۔گریباں میں منہ ڈالیے جائزہ لیجئے کہ ایا ہم ایسا کرنے کے لئے تیار ہیں اگر نہیں تو پسماندگی کا شکوہ اور ترقی کی آرزو کیوں؟

تعلیم کی مہم کا ایک اور پہلو تعلیمی ادارے چلانے سے تعلق رکھتا ہے۔ ہمارے بعض ادارے خانہ جنگی کا شکار ہیں، ہمارے بہت سے ادارے تنگ معیاری اور مطمئن ہیں ہمارے یہاں تقرر، داخلے اور پروموشن کے ئے سفارشات کی اور سنی جاتی ہیں، دباؤڈالے اور تسلیم کئے جاتے ہیں۔ یہ تو کوئی جواب نہ ہوا کہ اوروں کے اسکولوں اور کالجوں میں بھی ایسا ہوتا ہے۔ اول تو بالعموم ان کے یہاں اتنی کثرت اور شدت سے نہیں ہوتا؛ دوسرے ان کو وہ مسافتیں بھی تو اب طے نہیں کرنی ہیں جنہیں طے کئے بغیر ہم آگے بڑھ ہی نہیں سکتے۔ اگر ہم جہل اور نااہلی اور کم لیاقتی دور کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں عہد کرنا چاہئے کہ ہم اسکولوں اور کالجوں میں کسی قسم کی مداخلت نہیں کریں گے۔ کالج کے سربراہ کی قلمرو اور اس کے فیصلوں کا احترام کریں گے؛ ہم نے اس کے ہاتھوں کو مضبوط نہیں کیا تو نقصان کس کا ہوگا؟ ہمارے بچوں کا۔

یہ بات ابھی ہوسکے گی یا نہیں ہر چند اس پر سوالیہ نشان لگا ہوا ہے لیکن کوشش یہ کرنی چاہئے کہ ہر ضلع اور ہر ریاست میں ایک چھوٹی سی کمیٹی ایسے افراد کی بنا دی جائے جنھیں عوام کا اعتبار اور اعتماد حاصل ہو جو انتظامیہ اور اساتذہ اور خود اساتذہ کے مابین اختلافات میں ثالثی کرسکے اور جسے ہمارے اسکولوں کے معاینہ کا بھی اختیار دیا جائے۔ اور جس کی نمایندگی سلیکشن کمیٹی میں بھی ہوا کرے۔ ہمیں تسلیم ہے کہ خیمہ زن مفادوں کی موجودگی میں ایسی کمیٹی کی تشکیل اکثر دشوار ہوگی لیکن اگر چند اضلاع میں ہی قایم ہوگئی تو اس کی کرنیں ضلع کی سرحد سے آگے تک پھیلنے لگیں گی، اور جیسے جیسے ہم آگے بڑھتے ہیں اس کام کی مشکلات کم ہوتی چلی جائیں گی۔

جنوب میں زیادہ اور شمال میں کم ہم نے پروفیشنل اور اعلا تعلیم کے ادارے کھولے ہیں، لیکن کہیں بھی ہم نے (سوائے چند مستثنیات کے) شہر سے باہر قدم

شکل رکھا، اپنے علاقے کا نقشہ سامنے رکھ کر یہ دیکھنے کے لیے ہم نہیں بیٹھے کہ مختلف
شعبوں کے تعلیمی ادارے کس کس جگہ ہیں اور کن کن علاقوں میں نہیں ہیں تاکہ
حکومت یا عوام سے رجوع کر کے اداروں کی جغرافیائی اعتبار سے کمی کو پورا کیا جائے۔
نئی صدی کے آغاز سے پہلے یہ ورزش کار آمد ہو گی۔ اس کی بنیادی اہمیت سے کون انکار
کرے گا؛ تنظیم کے اعتبار سے ہر ریاست میں تعلیم کی توسیع اور اصلاح اور اس کی
پیشرفت کو زیر نظر رکھنے کے لئے ایک ریاستی انجمن بنائی جائے۔ ان انجمنوں کا الحاق
ایک مرکزی وفاقی انجمن سے کیا جائے۔ کل ہند انجمن آج سے کوئی آٹھ سال پہلے بنائی
گئی تھی جس کی ذمہ داری ڈاکٹر ممتاز احمد خاں اور مجھ پر ڈالی گئی تھی، لیکن ریاستی انجمنیں
بن نہیں پائیں اور مرکزی یا چوٹی کی انجمن بھی مرجھا گئی۔ دوسری کوشش ابھی تین
سال ہوئے یوپی رابطہ کمیٹی کے ذریعہ انجام پائی۔ ملک بھر کے کاروانی دورے کے بعد
ریاستوں سے مشورہ کر کے ایک کل ہند ادارہ تحریک تعلیم کے نام سے قایم کیا گیا۔ وہ
اب بھی چل رہا ہے، لیکن ایثار اور ولولہ کی کمی سد راہ بنی ہوئی ہے۔ یوپی میں رابطہ کمیٹی
کے علاوہ اقلیت کے زیر انتظام اداروں کی ایسوسی ایشن اسکولوں اور کالجوں کی شیرازہ
بندی کر رہی ہے اور ان کی یا اردو زبان کی حق تلفی یا نصاب میں قابل اعتراض عناصر کی
شمولیت کے خلاف موثر احتجاج اس کے ذریعہ اور اس کے فورم سے کیا جاتا رہا ہے۔
اچھا تو یہ ہوتا کہ تعلیمی حقوق کے تحفظ، تعلیمی معیار کے ارتقاع اور تعلیمی توسیع کے
حصول اور تعلیمی جایزوں کی تکمیل کے لئے کوئی موثر ادارہ وجود میں لایا جاتا۔

ابھی تک تذکرہ عصری تعلیم کا ہوتا رہا۔ اللہ تعالی کے فضل سے ہمارے ملک
میں دینی مدارس و مکاتب کا زریں سلسلہ تعلیم کے وسیلہ سے دین کی حفاظت اور
اشاعت کر رہا ہے۔ ہمدرد ایجوکیشن سوسائٹی کے سروے نے بتایا ہے، بلکہ اس عام تاثر
کی تصدیق کی ہے، کہ ہمارے دینی مدارس میں بالعموم طلبہ ضروری جدید علوم اور
حالات حاضرہ سے بے خبر رہتے ہیں اور ان تغیرات سے ناآشنا جو صنعتی اور ابلاغی
انقلاب کے بازوؤں پر آئے ہیں اور چھا گئے ہیں۔ اس کے علاوہ طرز تدریس میں عرصۂ

دراز سے کوئی تبدیلی نہیں ہوئی، زور سمجھنے سے زیادہ رٹنے اور یاد کرنے پر دیا جاتا ہے۔
لہذا بڑی گنجایش ہے مدارس کے نصاب میں ترمیم اور طرز تدریس میں تبدیلی کی، یہ خیال رکھتے ہوئے کہ نصاب کا دینی جزو جزو غالب کی حیثیت سے قائم رہے اور مدارس کے طلبہ پر عصری تعلیم کے دروازے بند نہ ہوں اور مدارس کے فارغین دین کو موجودہ زندگی اور اس کے صحیح نشیب و فراز کے ساتھ جوڑ سکیں اور بین المذاہب مذاکرات میں موثر طریق سے حصہ لے سکیں اور دعوۃ کے تقاضوں کو پورا کر سکیں۔
مدارس کی کثیر تعداد ان ضروری تبدیلیوں کے لیے ذہنی طور پر تیار ہو گئی ہے۔ انتظار ہے جامعات کی طرف سے ان کی رہنمائی اور نئے نظام کے آغاز کی۔

یہ دوہرانے کی چنداں ضرورت نہیں کہ تعلیم سے بھی زیادہ اہم تربیت ہے۔
اب جب کہ میڈیا کے ذریعہ ہماری تہذیب اور ہماری قدروں پر بلٹز آسا یلغار ہو رہی ہے تربیت سے پسر کا کام بھی لینا پڑیگا۔ والدین کو بچوں پر کڑی نگاہ رکھنی ہو گی اور زیادہ وقت دینا ہو گا۔ زمام ڈھیلی رکھنے کا زمانہ اور یہ نظریہ بھی چاک ہو چکا ہے۔ بچوں کو ایسی تعلیم اور ایسی تربیت دیجئے کہ وہ جدید زمانے کی خوبیوں اور برکتوں سے فائدہ اٹھا سکیں، جیسے تدبر و تفکر معروضیت، روشن دماغی کشادہ دلی، برق رفتاری اور مظاہر قدرت کی تسخیر اور فضولیات اور تکلفات سے احتراز، اور اپنی جڑوں پر قائم رہیں، اپنے ورثہ کو محفوظ رکھیں اپنی صحتمند روایات کی پاسبانی اور نگہداری کریں، ابدی قدروں کو حرز جان بنائیں شرافت، مروت انسان دوستی، حیا، حجاب، حلم اور وقار کو احیاء کریں، دین کی روح کو سمجھیں اور اس کے اوامر کی اطاعت اور اس کے نواہی سے حذر کریں۔

جمعہ کے خطبات کو منظم طور پر معاشرہ کی اصلاح کے لئے استعمال کیا جائے، صحتمند نقطہ نظر کی اشاعت کی جائے اور ابدی قدروں کو رواج دیا جائے۔ یہ کام بھی دشوار نہیں ہے، لیکن کرنا ہو گا چھوٹے پیمانہ پر، چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں، تاکہ شروع میں مخالفت نہ ہو اور بالآخر اجتماعی اثر خاطر خواہ اور ملک گیر ہو سکے۔ احتیاط یہ رکھنی ہو گی کہ سیاست داخل نہ ہونے پائے اور نزاعی مذہبی اور ملکی مسایل کی آہٹ بھی

نہ آئے۔ جس طرح فرد کی فلاح اس میں ہے کہ خود کو اچھی عادتوں کا خوگر کرلے اور بری صحبتوں اور بری عادتوں کو پہلی فرصت میں جھٹک دے اسی طرح جماعت یا قوم یا ملت کی بھلائی اس میں ہے کہ اچھے رسوم و رواج کی اسیر ہو جائے اور ان رسموں کو یکقلم ترک کردے جو توہمات سے جڑی ہوئی ہوں یا جو وقت اور پیسے کے زیاں کا باعث ہوں، یا جو بے جا نمایش یا گھمنڈ سے جراحت رسانی کا کام کرتی ہوں یا جو دولت کو تعمیری اور فلاحی کاموں میں صرف کرنے سے روکتی ہوں۔

ممالک و مذاہب کا ذکر آگیا ہے تو کوشش یہ کیجئے کہ ان کے اتحاد شکن اور پر صدا اختلافات بیسویں صدی میں ہی دفن ہو جائیں۔ کچھ عرصے سے تفرقے کی ایک اور شکل نے سر اٹھایا ہے وہ ہے برادری واد۔ اس کو باہر سے بڑھاوا دینے والوں کی کمی نہیں۔ انصاف کے مطالبات برحق لیکن عداوت کے کاروبار سے کسی کا بھلا نہیں ہوتا۔

جس طرح مسلمانوں کے لئے ضروری ہے کہ اپنی پہچان کو برقرار رکھیں اس طرح یہ بھی لازمی ہے کہ وہ الگاو سے بچیں اور اپنے اہل وطن کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر چلیں ہندوستانیوں کے مشترک مسایل بہت ہیں، جیسا کہ ہم دیکھ چکے ہیں، مسلمانوں کے مخصوص مسائل تعداد اور سنگینی میں ان سے بہت کم ہیں۔ یوں بھی اگر فرقہ وارانہ ہم آہنگی خوش حالی اور گرم جوشی کی فضا ہم سے دور دور رہتی ہے تو ہماری سلامتی بھی خطرے میں پڑ جائے گی، ہمارا ذوق زندگی بھی کمہلا جائے گا، اور ہم عافیت اور یکسوئی کے ساتھ آگے بڑھنے کی نہ تدبیر کرسکیں گے، نہ اس پر عمل پیرا ہو سکیں گے۔ ہمیں ان ساری سہولتوں اور وسایل اور اداروں کا پورا پورا فایدہ اٹھانا چاہئے جو حکومت نے فراہم کئے ہیں یا جن کی بنا ہمارے دوسرے اہل وطن نے ڈالی ہے۔

من مٹاؤ، بھید بھاؤ، نااتفاقی اور بیر کو ایک طرف صحافت نے ہوا دی ہے، دوسری طرف خطابت نے۔ کوئی تدبیر ایسی کیجئے کہ پریس توڑنے کے بجائے جوڑنے کا کام شروع کردے اور ہماری سیاسی رہنما اور ہمارے بعض مذہبی قاید نفاق کی نحوستوں کی مذمت اور اتفاق کی برکتوں کی ستایش ایک آواز ہو کر کریں۔

سیاست میں رائے عامہ کے بنا بات بنتی ہی نہیں۔ ہمیں اشد حاجت ہے بیدار اور باخبر رائے عامہ یا پبلک بولی ٹین کی۔ رائے عامہ آپ کا ساتھ دے تو کوئی جمہوری حکومت آپ کو نظر انداز نہیں کرسکتی۔ باخبر رائے عامہ کی راہ میں رکاوٹیں بہت سی ہیں۔ ان میں سب سے بڑی ہے جلد مشتعل ہو جانے کی عادت، فریب کھانے کی خو، اہم اور نااہم میں تمیز نہ کرپانے کا رجحان، اصول سے گریز، فروع سے پابستگی، جلد ہی بھڑک جانے اور دیر تک پشیماں ہونے کی روش، مسائل کو چھوڑ کر شخصیات سے الجھ جانے کی عادت اور ادارے چلانے کی صلاحیت سے محرومی۔

کہا جاتا ہے کہ انسانی وسایل کے فروغ کے لئے سب سے ضروری چیزیں دو ہیں۔ تعلیم اور صحت۔ صحتیں ہماری گرتی چلی جارہی ہیں۔ ایک وجہ ایسے مکانوں میں رہنا ہے جہاں ہوا اور روشنی کا گزر نہیں اور جن سے باہر نکلنے کا ہمیں یارا نہیں۔ پھر ایسی غذا کی عادت جو زبان کے چٹخارے کا سروسامان کرتی ہے لیکن جسم اور ذہنی نشو و نما اور صحت کے تقاضوں سے اغماض برتتی ہے۔ غالب نے کہا تھا ؎

گویا کہ دشمنی ہے دعا کو اثر کے ساتھ

ہمارے یہاں ایسا لگتا ہے گویا ہمیں دشمنی ہے صحت اور صفائی کے ساتھ ہماری آبادی صفائی سے محروم رہتی ہیں۔ گندگی ہمارا نشان شناخت بن گئی ہے۔

جس طرح پانی کنویں کی تہ میں تاراہوگیا — نام یوں پستی میں بالآخر ہمارا ہو گیا

خود کو اور گردوپیش کو صاف رکھنے میں کچھ نہیں جاتا۔ تھوڑا دھیان، تھوڑی سی محنت البتہ درکار ہوتی ہے۔ ہمارے محنت کشوں اور کاریگروں کے گھر تپ دق کا اڈا بن گئے ہیں۔ اس بیماری کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنا چاہئے۔ اس کے لئے مل کر فریاد اور کام کرنے کی ضرورت ہے۔ صحت کی دیکھ بھال اور علاج ہمارا وہ حق ہے جو اپنی فلاحی سرکار سے ہم اعتماد کے ساتھ مانگ سکتے ہیں۔

اقتصادی پیش رفت کے بغیر مذکورہ تجاویز ناقابل عمل رہ جائیں گی۔ ماہرین کو سرجوڑ کر اس کی سبیل کرنا ہوگی، خود میں اس کوچہ میں اجنبی ہوں۔

جہاں تک سیاست کا تعلق ہے اس پر مہار تھیوں کا اجارہ ہے لیکن موٹی سی ایک بات سمجھ میں آتی ہے۔ مسلمانوں کا قدرتی الحاق کمزور طبقات یعنی دلتوں، قبایلیوں، یا آدی واسیوں اور دوسرے پسماندہ طبقوں اور دوسرے پچھڑے ہوئے لوگوں کے ساتھ ہونا چاہئے۔ ہم نے ان کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھانے میں بہت دیر کردی اب اور دیر مہلک ہوگی۔ ہمارے ملک میں اب مہابھارت لڑی جائے گی، ایک طرف سرمایہ داروں اور غریبوں کے درمیان اور دوسری طرف کٹر پنتھیوں اور تعصب گزینوں کے گٹھ بندھن اور فراخ دلوں اور روشن خیالوں کے درمیان لڑائی کے خطوط کھنچے جاچکے ہیں۔ کوشش ہوگی کہ انھیں دھندلا دیا جائے؟ مٹا دیا جائے۔ ایسا نہ ہونے دیجئے انصاف کا تقاضہ یہی ہے کہ دیرینہ دور استحصال کو سدا کے لئے خیرباد کہہ دیا جائے۔

اردو زبان صرف مسلمانوں کی زبان ہرگز نہیں ہے لیکن اس کے تحفظ کا بار بیشتر مسلمانوں پر پڑگیا ہے۔ حکومت اور اکثریت کے ایک کینہ پرور طبقے نے اس متمول، شیریں اور شگفتہ زباں کو مٹادینے کی ٹھان لی ہے، انہیں استیصال کی اس مہم میں اردو والوں سے پورا تعاون مل رہا ہے۔ زبانی جمع خرچ سے صرف نقصان ہوتا ہے اس کے لائے ہوئے ایک جھوٹے اطمینان کی بدولت۔ حکومت لاکھ نہ سنے ہمیں اپنے پیدائشی اور آئینی حق کے لئے جم کر مطالبہ کرنا ہوگا۔ کیا عجب کہ اس بدنصیب زبان کے بھاگ اکیسویں صدی میں جاگ جائیں۔ لیکن مطالبہ کرنے سے کہیں اہم یہ امر ہے کہ ہم اپنے بچوں کو ہر قیمت پر گھر میں اردو اتنی پڑھادیں کہ وہ اردو لکھ پڑھ سکیں اور اپنے خیالات کا اظہار اپنی مادری زبان میں کرسکیں۔ یہ بات کتنی بار دہرائی جائے اردو ہندوستان کی ملی جلی تہذیب کی علامت اور اس کا سب سے بڑا سرمایہ ہے۔ اس کا مقدمہ ہم جارحیت یا برہمی کے ساتھ پیش نہ کریں بلکہ شارحانہ انداز میں اس کے صفحات اہل وطن کے سامنے کھولیں۔ آستین چڑھانے اور شکنیں ڈالنے سے مسایل حل نہیں ہوتے۔ دلوں کی گرہیں کھولئے تو بات بنے۔ اردو زبان کے ساتھ مسلمانوں نے جو غفلت برتی ہے کسی زبان کی تاریخ اس کی مثال پیش کرنے سے قاصر ہے۔ دیکھتے ہی

دیکھتے پاؤں تلے سے زمین نکل گئی۔ ہمارے بچے وطن میں رہ کر بے گھر ہوگئے۔ اردو سے ناواقف ہونے کی وجہ سے ہمارے دین، ثقافت، ادب اور روایات کا سارا ذخیرہ ان کی دسترس سے باہر ہوگیا۔ سوچئے ایک پوری قوم کو، اس کی دو پیڑھیوں کو اخلاقی، تہذیبی، ثقافتی، انسانی اقدار سے محروم رکھنے کی ذمہ داری کس پر آتی ہے۔ اب بھی کچھ نہیں گیا۔ اردو کی بازیابی کی مہم شروع کر دیجئے اور اس میں لگ جایئے۔

غالب نے کہا تھا۔

لاگ ہو تو اس کو ہم سمجھیں لگاؤ　　جب نہ ہو کچھ بھی تو دھوکا کھائیں کیا

کتنی بڑی بدقسمتی ہے کہ مسلمان اس طلسم میں گرفتار ہوگئے ہیں جو لاگ اور لگاؤ دونوں کو قریب نہیں کرنے دیتا۔ جہاں ہر طرف بے حسی کا دور دورہ ہے۔ گویا ایک انسان کے جسم کے ایک عضو کی طرح ملت کی ملت سن ہو کر رہ گئی ہو۔ کاٹو تو لہو نہیں بدن میں، کوئی چٹکی لے تو پتہ بھی نہ چلے بے حسی، اجتماعی اور ملی بے حسی ہے۔ خود اپنی ذات کے لئے یہی لوگ حساس ہیں، بیدار ہیں، سرگرم عمل ہیں۔ غور کیجئے تو یہ ایک رکیک حرکت ہے۔ خدارا بے حسی کے طلسم کو توڑ کر باہر نکل آیئے اور زندہ ہونے کا ثبوت دیجئے۔ جس دل میں انسانوں کا درد نہ ہو وہ پتھر سے بدتر ہے کیوں کہ پتھر کو پتھر سے ٹکراؤ تو چنگاری نکلتی ہے اور بے حس دل میں تاریکی ہی تاریکی ہر طرف نظر آتی ہے۔ بے حسی کی بہن بے تمنائی اور آرزو فراموشی سے بھی حذر لازم ہے۔ مرجھا کیوں رہے ہو، بجھتے کیوں ہو۔ دل کو آرزو مندی سے گرماؤ اس میں حوصلے کی آگ سلگاؤ۔ اکیسویں صدی میں ہمت اور اعتماد کے ساتھ داخل ہو۔ باوجود راہ کی دشواریوں اور زاد راہ کی کمی کے تم انشاءاللہ منزل کو پالو گے۔ اکیسویں صدی کے آغاز کو سنگ میل بنا کر نئے سفر کی شروعات کرو۔ بیسوی صدی کی آلائشوں اور رکاوٹوں کو کھڑکی سے باہر پھینک دو۔

کسی شاعر نے ٹھیک ہی کہا ہے کہ

جس دل میں آرزو نہ ہو مٹی کا ڈھیر ہے　　گرمی لہو کا وصف ہے سودا ہے سر کے ساتھ

بے حسی، کم تمنائی اور ترک آرزو سے اس طرح بچو جیسے وبا سے بچا جاتا ہے۔ آرزو مندی زندگی کی دلیل ہے۔ بقول غالب ؎

نفس نہ دایرہ آرزو سے باہر کھینچ　　اگر شراب نہیں انتظار ساغر کھینچ

ہم نے مانا کہ ساغر صہبا سے خالی ہے۔ تم اس کی راہ دیکھو کہ آرزو وہ پیانہ ہے جو کبھی خالی نہیں ہوتا۔ اور راہ بھی کیوں دیکھو۔ اسی عظیم آباد کا ایک شاعر تم سے کہہ گیا ہے۔

یہ بزم مے ہے یاں کوتاہ دستی میں ہے محرومی
جو بڑھ کر خود اٹھالے ہاتھ میں مینا اسی کا ہے

کم طلبی اور کم کوشی سے دامن بچاؤ۔ اپنے حقوق کے حصول میں تامل اور تردد کو ایک لمحہ راہ نہ دو۔ تامل ہمیشہ شکست کا پیش خیمہ ہوتا ہے اور پیش قدمی اور دراز دستی ہی ہے جو منزل تک پہونچاتی ہے۔

ڈاکٹر سید حسن عباس

مظفرپور کے دو پریس

مظفرپور، شمالی بہار کا ایک اہم اور قدیم شہر ہے۔ جس نے علمی، ادبی، سیاسی اور سماجی میدانوں میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔ ثقافتی میدان میں بھی اس شہر کی خدمات قابل توجہ رہی ہیں لیکن بدقسمتی سے اس موضوع کو درخوراعتناء نہ سمجھا گیا۔ نتیجے میں اس شہر کی ثقافتی خدمات کے ایک بڑے حصے پر گردش ایام کے دبیز پردے پڑے ہوئے ہیں۔ گذشتہ دنوں مدرسۂ سلیمانیہ، پٹنہ کے کتب خانے میں دوران مطالعہ ایسی کتابوں پر نظر پڑی جو مظفرپور کے مطابع سے شائع ہوئی تھیں۔ ان مطابع کا ذکر مظفرپور کی علمی، ادبی اور ثقافتی خدمات کا احاطہ کرنے والی جناب محمد حامد علی خان کی کتاب "مظفرپور — علمی، ادبی اور ثقافتی مرکز"[ا] میں بھی نہیں ملتا۔ ان کتب اور مطبعوں کے بارے میں جو لازمی اطلاعات میں نے نوٹ کی ہیں۔ انھیں یہاں پیش کیا جارہا ہے تاکہ مظفرپور کے قدیم مطابع کے بارے میں تحقیق و جستجو کی راہ مزید ہموار ہوسکے اور اس ریاست میں مطابع کی تاریخ رقم کرتے وقت مظفرپور کے مطبعوں اور ان کی شائع کردہ کتابوں سے بھرپور استفادہ کیا جاسکے۔

یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ کسی زبان وادب کی ترویج و اشاعت میں مطابع کا رول بہت اہم ہوتا ہے۔ اگر پریس نہ ہوں تو کوئی مسودہ زیور طباعت سے آراستہ نہیں ہوسکتا۔ لہٰذا جہاں ہم کسی رسالے، اخبار، مصنف، شاعر اور ادیب وغیرہ کی خدمات کا مطالعہ کرتے ہیں وہیں ہمیں پریس کی خدمات کو بھی زیر مطالعہ لانا چاہیے۔

ا۔ یہ کتاب ادراک پبلی کیشنز، زاہدہ منزل، سعد پورہ، مظفرپور سے ۱۹۸۸ء میں شائع ہوئی تھی۔

آج منشی نولکشور کے پریس اور وہاں سے شائع ہونے والی اردو، فارسی اور عربی کتب کا شہرہ دنیا بھر میں ہے اور منشی نولکشور کی اہمیت درواقع ان کے پریس کی وجہ سے ہی ہے۔

میں یہاں مظفرپور کے جن دو پریسوں کے بارے میں اشارہ کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہیں۔

۱۔ مطبع شعاع مہر، مظفرپور (بہار)

۲۔ مطبع مشرق نور، مظفرپور (بہار)

مطبع شعاع مہر مظفرپور کا شائع کردہ دو رسالہ میرے مطالع میں آیا۔

صفوۃ المصادر مصنفہ محمد مصطفیٰ خان ولد محمد روشن۔ یہ ایک مختصر سا مشہور رسالہ ہے جو ۱۸۷۱ء میں مولوی عبدالرحیم صاحب ڈپٹی انسپکٹر ضلع ترہت کی فرمائش پر بابو برج بہاری و بابو بھرتہ بلاس (ساکن) قصبہ مظفرپور، محلّہ کلیانی، بنگلہ دلکشا کی تصحیح کے ساتھ مطبع شعاع مہر سے باہتمام منشی سری نراین شایع ہوا۔ کتاب کے صفحات کی تعداد تیں ہے۔ بیک پیپر پر کیولا پرشاد خورشید رقمی، کا یہ قطعہ درج ہے جو اس رسالے کے کاتب تھے اور جن کا لقب خورشید رقمی تھا۔ واضح رہے کہ کیولا پرشاد فقیر مظفرپوری اردو اور فارسی کے صاحب دیوان شاعر تھے اور ان کا دیوان دستیاب ہے۔ قطعہ یہ ہے:

یاد مولا ہے شعرگوئی میری   منکر کرتے ہیں عیب جوئی میری

ماتھے پہ مرے قشقۂ صندل ہے فقیر   ہے صندل سرخ، سرخروئی میری

مدرسۂ سلیمانیہ میں اس کتاب کا نمبر ۵۱۶ ہے۔ اس کے ہمراہ چند اور رسالے تجلید کئے گئے ہیں۔ ان ہی میں اسی مطبع کا شایع کردہ ایک اور رسالہ ہے جو مجموعہ کا تیسرا رسالہ ہے اور جس کا عنوان ہے — مامقیمان (فارسی)

آغاز:

مامقیمان کوئے دلداریم   رخ بدنیا و دین نمی آریم

سال اشاعت ۱۸۷۰ء، تعداد صفحات ۱۴، محشی۔ سرورق کی عبارت یہ ہے:

"در مطبع بشعاع مہر باہتمام بھرت بلاس طبع گردید"

اور آخری صفحہ پر یہ عبارت ملتی ہے:

"در مطبع بہ شعاع مہر، قصبہ مظفرپور، محلہ کلیانی اہتمام سے بابو بھرتہ بلاس کے چھاپا گیا۔"

مظفرپور کا دوسرا پریس، مطبع مشرق نور ہے۔ اس مطبع کی بھی شائع کردہ دو کتابیں میرے علم میں ہیں۔ ایک تو کتب خانۂ مدرسہ سلیمانیہ پٹنہ میں موجود ہے دوسری میرے ذاتی ذخیرۂ کتب میں۔

کتب خانۂ مدرسہ سلیمانیہ میں جو کتاب میرے مطالع میں آئی وہ ہے، "تنقید مذہب المعروف بہ تنقیح مذہب۔" اس کا نمبر ۵۹۹ ہے اور اسکے ہمراہ بھی چند دوسرے رسالے تجلید ہیں۔ سرورق کے بعد کے صفحہ پر یہ عبارت درج ہے۔

"ربنا اھدنا الصراط المستقیم

الحمد للہ یہ تحریر باب اول سوانح عمری خواجہ محمد یوسف صاحب بنی اسرائیل کی جو زبان عربی میں تھی حضرات معززین کربلائے معلی نے اردو میں ترجمہ کیا۔ بہ نام تاریخی سال ترجمہ

تنقید مذہب

۱۳۱۱ھ

المعروف

بہ نام تاریخی سال طبع ـــــ تنقیح مذہب ۱۳۱۵ھ

سرورق پر روضۂ مطہر کربلائے معلی کی تصویر بنائی گئی ہے اور آخری صفحہ پر روضۂ منورۂ کاظمین کی تصویر ہے۔ کتاب کے نام کے بعد یہ عبارت ملتی ہے۔

"از کربلائے معلی آمدہ در مطبع مشرق نور مظفرپور طبع گردید۔"

آخری صفحہ کی عبارت یہ ہے:

"تمت بالخیر حررہ ممتاز حسین، بتاریخ ۲۲ ماہ شعبان المعظم ۱۳۱۰ھ
(؟) ہجری مطابق ۱۲ مارچ ۱۸۹۳ء، تعداد صفحات ۱۴"۔

"التماس منیجر مطبع" کے عنوان سے ایک گذارش شائع ہوئی ہے جس سے مطبع
کی دیگر کارگذاریوں کا علم ہوتا ہے۔ ملاحظہ ہو:

"جویان مذہب حق کو کیا اس کتاب کی جستجو اسکی خریداری کو مجبور
نکرے گی، ضرور کرے گی اور ہم کو دوبارہ چھاپنے کی نوبت آئے گی۔ بوجہ
تاکید شائقین و نیز متواتر خطوط آنے سے حضرات معززین کربلائے معلی
کے اس کے چھاپنے میں جلدی کی گئی۔ باوجود کہ کاتب اور کارپردازان مطبع
کی نایابی سے اس قصبہ میں ہر طرح کی خرابی واقع ہوئی۔ جس سبب سے اس
مرتبہ ٹھیک نہیں ہوئی اسی سبب سے بہت کم جلدیں تیار ہوئیں یعنی کلم
تین سو جلدیں تھیں اس میں سے سو جلدیں تو کربلائے معلی حسب الطلب
گئیں اور سو جلدیں پیشگی قیمت دینے والوں کو پہونچائیں اب فقط سو جلدیں
باقی ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ شائقین اس کو بھی طلب فرما کے فقط کاغذ
واجرت طبع کی امداد فرمائیں۔ انشاء اللہ بار دوم اس کے چھاپنے میں کاغذ
عمدہ ہوگا، کتابت خوشخط، حجم بھی زیادہ ہوگا۔ قیمت کم کی جائے گی۔ جن
حضرات نے اسکی خریداری میں امداد فرما کے ہماری ہمت بڑھائی ہے اون کو
بار دوم کے چھاپنے کی فی جلد (۴؍) کو دی جائے گی انشاء اللہ تعالی۔ ہم
